# آپ کے مسائل اور اُن کا حل



جلد دوم

وضو کے مسائل،
غسل و تیمم،
پاکی سے متعلق
عورتوں کے مسائل،
نماز کے مسائل،
جمعہ و عیدین
کے مسائل

حضرت مولانا
محمد یوسف لدھیانوی
شہید

# آپ کے مسائل

اَور

# اُن کا حل

## جِلد دوم

مَولانا مُحمد یُوسف لُدھیانوی

مکتبہ لدھیانوی

بسم الله الرحمن الرحيم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

روزنامہ جنگ میں "آپ کے مسائل اور ان کا حل" کے زیرِ عنوان دینی مسائل کا جواب دیا جاتا ہے اور یہ سلسلہ مئی 1978ء سے جاری ہے، ان تمام مسائل کو نظرِ ثانی کے بعد کتابی شکل میں پیش کیا جارہا ہے۔ جس کی دوسری جلد آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

حکومت پاکستان کاپی رائٹس رجسٹریشن نمبر ۱۱۷۱۷

قانونی مشیر اعزازی: ___ منظور احمد ایڈووکیٹ ہائیکورٹ

اشاعت اول: ___ اکتوبر ۱۹۹۵ء

ناشر: ___ مکتبہ لدھیانوی

___ 18 سلام کتب مارکیٹ، بنوری ٹاؤن، کراچی

برائے رابطہ: ___ جامع مسجد باب رحمت

___ پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ، کراچی

کراچی کوڈ : 74400 فون : 7780337

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ و کفیٰ وسلامٌ علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ اما بعد

الحمد للہ "آپ کے مسائل اور ان کا حل" کی جلد ثانی پیش کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔ جلد اول ماہ مقدس رمضان المبارک 1409ھ میں جب بفضلہ تعالیٰ منظر عام پر آئی تو علماء کرام مشائخ عظام اور مخلص مسلمانوں کی طرف سے اس کی خوب پذیرائی ہوئی اور پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ ختم ہو گیا۔ اور ہر طرف سے مطالبہ ہونے لگا کہ اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن اور بقایا حصے بھی جلد از جلد تشنگان علم کی پیاس بجھانے کیلئے مکمل ہو جائیں۔ اندازہ بھی یہی تھا کہ پہلی جلد کے بعد دوسری جلد جس کا ایک معتدبہ حصہ تیاری کے مراحل طے کر چکا ہے جلد طباعت کے مراحل سے گزر کر قارئین کے ہاتھوں میں ہوگی لیکن "عرفت ربی بفسخ العزائم" کے مصداق تقدیر تدبیر پر غالب رہی اور عجلت کی تمام کوششوں اور علماء کرام و مشائخ عظام اور مخلصین و محبین کے اصرار کے باوجود جلد ثانی کی تکمیل میں دو سال کا عرصہ لگ گیا۔ یہ بھی خالص اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم و احسان ہے کہ اس کی توفیق و عنایت شامل حال رہی اور علم کا اتنا عظیم ذخیرہ تشنگان علم کے ہاتھوں تک پہنچ گیا۔ فالحمد للہ علیٰ منہٖ واحسانہٖ۔

1978ء میں روزنامہ جنگ نے انقلابی میدان میں قدم رکھا جب میر شکیل الرحمان صاحبزادہ میر خلیل الرحمان نے صحافت کے میدان میں عملی حصہ لیا اور روزنامہ جنگ کراچی کی ذمہ داری سنبھالی اس نوجوان نے صحافتی دنیا میں نت نئے تجربات شروع کئے۔ ان تجربات میں ایک تجربہ اسلامی صفحہ کا آغاز تھا۔ مسئلہ ختم نبوت سے دلچسپی کی بنا قدوۃ الاتقیا شیخ المشائخ رئیس المحدثین شیخنا حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری نور اللہ مرقدہ سے تعلق و محبت تھی اس بنا پر اس صفحہ کی ترتیب و تدوین کیلئے حضرت شیخ محترم کے متعلقین کی طرف نگاہ اٹھی اور اس عظیم خدمت کیلئے ہمارے شیخ و مربی و مولائی مولانا محمد یوسف لدھیانوی سے درخواست کی 'تصنیف و تالیف' درس و تدریس، مجلس تحفظ ختم نبوت' ماہنامہ بینات اور دیگر علمی مشاغل اور اخباری کام سے طبعی میلان نہ ہونے کی بنا پر حضرت شیخ نے اس ذمہ داری سے معذرت کی لیکن جانشین حضرت شیخ بنوری رحمۃ اللہ علیہ بقیۃ السلف حضرت اقدس مولانا مفتی احمد الرحمان کے اصرار پر آپ نے اس ذمہ داری کو قبول فرمایا اور مئی 1978ء سے آپ نے اسلامی صفحہ اقراء میں تحریری کام کا آغاز فرمایا۔ نور بصیرت' آپ کے مسائل اور ان کا حل' افتتاحیہ کے عنوان سے مستقل سلسلے شروع کئے گئے. افتتاحیہ ادارتی کالم پر مشتمل ایک قلمی جہاد تھا جس میں آپ ہر ہفتہ حکمرانوں کے افعال و اعمال کی گرفت اور مختلف لادینی نظریات کے خلاف اپنا نقطۂ نظر مسلمانوں کے سامنے پیش کر کے حالات کا تجزیہ اور امت مسلمہ کی ذمہ داریوں کا احساس دلاتے' یہ کالم بہت ہی مقبول و بے حد پسند کیا گیا۔ خاص طور پر آپ کا ایک اداریہ "کیا اسلام نافذ ہو چکا ہے" بہت ہی پسند کیا گیا لیکن کلمۂ حق حکمرانوں نے کب پسند کیا کہ اس سلسلے کو پسند کیا جاتا۔ اخبار جنگ کے اس اداریہ پر سخت نوٹس لئے گئے۔ بارہا اشتہار بند ہوئے۔ اخبار بند کرنے کی دھمکیاں دی گئیں' بالآخر میر خلیل الرحمان صاحب ان دھمکیوں کی تاب نہ لاسکے اور یہ سلسلہ مجبوراً بند کر دیا گیا۔ نور

بصیرت احادیث نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم اور الفاظ قدسیہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریح و توضیح سے متعلق تھا۔ چونکہ حدیث شریف کے الفاظ کی طباعت اخبار میں مشکل اور بے حرمتی کا باعث ہوتی تھی اور صرف ترجمہ پر اکتفا گوارہ نہ تھا اس لئے یہ سلسلہ بھی بند ہو گیا۔ آپ کے مسائل اور ان کا حل" اخبار جنگ کا سب سے پسندیدہ سنجیدہ کالم ہے جو ہر جمعہ کو سب سے پہلے پڑھا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس سلسلے کو وہ مقبولیت عطا فرمائی کہ لاکھوں افراد ہر جمعہ کو نہ صرف اس کے منتظر بلکہ اپنی اپنی زندگیوں کیلئے لازمی حصہ تصور کرتے ہیں اور بے شمار زندگیوں میں اس سلسلے نے انقلاب پیدا کیا۔ ہزاروں افراد نے اس کالم کی بنا پر اپنی صورتوں کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم والی صورت کے مطابق ڈھال لیا۔ سوال و جواب پر مشتمل یہ فقہی سلسلہ موجودہ دور کا وہ انقلابی سلسلہ ہے جس نے لاکھوں افراد کو "طلب العلم فریضۃ علیٰ کلّ مسلم" پر عمل پیرا کر دیا۔ اللہ تعالیٰ اس سلسلے کو اسی طرح قبولیت عامہ کے ساتھ تادیر جاری و ساری رکھے۔

جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا۔ اس سلسلے کے آغاز ہی سے علماء کرام و مشائخ عظام اور قارئین کا اصرار تھا کہ کتابی شکل میں اس کو محفوظ کر لیا جائے تاکہ آئندہ قیامت تک آنے والی نسلیں اس سے استفادہ کر سکیں۔ قارئین کے اصرار پر پہلی جلد تقریباً دس سال بعد نظر ثانی کے بعد منظر عام پر آسکی اور اس کے ٹھیک دو سال بعد یہ دوسری جلد آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ پہلی جلد عقائد کے احکام سے متعلق تھی۔ دوسری جلد فقہ کی ترتیب کے لحاظ سے کتاب الطہارت اور کتاب الصلوٰۃ کے احکام پر مشتمل ہے۔ اگرچہ دیگر فقہی کتابوں کی طرح اس میں بالترتیب مسائل نہیں لیکن جن جزئیات سے متعلق سوالات کئے گئے ہیں ان کی ترتیب کا خاص خیال اور اہتمام کیا گیا ہے۔

اس کتاب کی تدوین و طباعت کے مراحل میں جناب ڈاکٹر شہیرالدین

صاحب' مولانا محمد جمیل خان (انچارج اسلامی صفحہ اقرا) مولانا محمد نعیم امجد سلیمی' عبداللطیف طاہر' مولانا سعید احمد جلالپوری اور محمد وسیم غزالی نے بہت تعاون کیا۔ اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کو اپنی طرف سے بہترین جزائے خیر عطا فرمائے اور میرے لئے اور میرے ادارہ کیلئے اس کتاب کو صدقہ جاریہ بنائے۔

(وماتوفیقی الا باللہ)

ناشر

# طہارت کے مسائل


وضو
غسل سے پہلے وضو کرنے کی تفصیل ۲۷
نہانے کے بعد وضو غیر ضروری ہے ۲۸
جمعہ کی نماز کیلئے غسل کے بعد وضو کرنا
وضو میں نیت شرط نہیں
بغیر وضو کئے محض نیت سے وضو نہیں ہوتا
اعضائے وضو کا تین بار دھونا کامل سنت ہے
گھنی داڑھی کو اندر سے دھونا ضروری نہیں صرف خلال کافی ہے ۲۹
آب زم زم سے وضو اور غسل کرنا
پہلے وضو سے نماز پڑھے بغیر دوبارہ وضو کرنا گناہ ہے ۳۰
ایک وضو سے کئی عبادات ۳۱
ایک وضو سے کئی نمازیں
کیا نماز جنازہ والے وضو سے دوسری نمازیں پڑھ سکتے ہیں
غسل کے دوران وضو ٹوٹ جانا
جس غسل خانہ میں پیشاب کیا ہو اس میں وضو ۳۲
گرم پانی سے وضو کرنا
وضو سے بچے ہوئے پانی سے وضو جائز ہے
بوجہ عذر کھڑے ہو کر وضو کرنا ۳۳
کھڑے ہو کر بیسن میں وضو کرنا
کپڑے خراب ہونے کا اندیشہ ہو تو کھڑے ہو کر وضو کرنا
قرآن مجید کی جلد سازی کیلئے وضو
وضو کرنے کے بعد ہاتھ منہ پونچھنا ۳۴
وضو سے پہلے اور کھانے کے بعد مسواک کرنا
مسواک کرنا خواتین کیلئے بھی سنت ہے
وضو کے بعد عین نماز سے پہلے مسواک کرنا کیسا ہے؟
کیا ٹوتھ برش مسواک کی سنت کا بدل ہے ۳۵
وگ کا استعمال اور وضو
رات کو سوتے وقت وضو کرنا افضل ہے

**جن چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے**

زخم سے خون پر وضو کی تفصیل ۳۷
دانت سے خون نکلنے پر کب وضو ٹوٹے گا
دانت سے خون نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے
ہوا خارج ہونے پر صرف وضو کرے استنجا نہیں ۳۸
نکسیر سے وضو ٹوٹ جاتا ہے
دکھتی آنکھ سے نجس پانی نکلنے پر وضو ٹوٹ جاتا ہے
لیٹنے یا ٹیک لگانے سے وضو کا حکم

**جن چیزوں سے وضو نہیں ٹوٹتا**

بوسہ لینے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں
کپڑے بدلنے اور اپنا ستر دیکھنے سے وضو نہیں ٹوٹتا ۳۹
برہنہ بچے کو دیکھنے سے وضو نہیں ٹوٹتا
برہنہ تصویر دیکھنے کا وضو پر اثر
پاجامہ ٹخنے سے اوپر کرنا گناہ ہے لیکن وضو نہیں ٹوٹتا
کسی حصہ بدن کے برہنہ ہونے سے وضو نہیں ٹوٹتا
ننگا ہونے سے یا مخصوص جگہ ہاتھ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا ۴۰
جوتے پہننے سے دوبارہ وضو لازم نہیں
شرم گاہ کو ہاتھ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا
کھانا کھانے یا برہنہ ہونے سے وضو نہیں ٹوٹتا
آگ پر پکی ہوئی یا گرم چیز کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا
باوضو حقہ، بیڑی، سگریٹ، پان استعمال کر کے نماز پڑھنا ۴۱
سگریٹ نوشی اور ٹیلیویژن، ریڈیو دیکھنے سننے کا وضو پر اثر
آئینہ یا ٹی وی دیکھنے کا وضو پر اثر
گڑیا دیکھنے سے وضو نہیں ٹوٹتا
ناخنوں میں میل ہونے پر بھی وضو ہو جاتا ہے ۴۲
کان کے میل سے وضو نہیں ٹوٹتا
بال بنوانے ناخن کٹوانے سے وضو نہیں ٹوٹتا
سر یا داڑھی پر مہندی ہو تو وضو کا حکم

بچے کو دودھ پلانے سے وضو نہیں ٹوٹتا
دانت میں چاندی بھری ہونے پر غسل اور وضو ۴۳
مصنوعی دانت کے ساتھ وضو
وضو کے وقت عورت کے سر کا ننگا رہنا
سرخی، پاؤڈر، کریم لگا کر وضو کرنا
سینٹ اور وضو
وضو کے درمیان سلام کا جواب دینا ۴۴
وضو کرنے کے بعد منہ ہاتھ صاف کرنا

**پانی کے احکام**

سمندر کا پانی ناپاک نہیں ہوتا ۴۵
کنویں کے جراثیم آلودہ پانی کا حکم
کنویں میں پیشاب گرنے سے کنواں ناپاک ہو جاتا ہے
کلورائن کی آمیزش اور بدبو والے پانی کا استعمال ۴۶
ناپاک گندا پانی صاف شفاف بنا دینے سے پاک نہیں ہوتا
ٹینکی میں پرندہ گر کر پھول پھٹ جائے تو پانی کتنے دن سے ناپاک سمجھا جائے گا ۴۷

**جسم کا پاک کرنا (غسل)**

غسل کا طریقہ ۴۸
مسنون وضو کے بعد غسل ۴۹
غسل میں کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا پاک ہونے کیلئے شرط ہے
غسل کے آخر میں کلی اور غرارے کرنا یاد آنا
خلاف سنت غسل سے پاکی ۵۰
رمضان میں غرارہ اور ناک میں پانی دیئے بغیر غسل کرنا
غسل کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر، کھلے میدان میں غسل
گہرے اور جاری پانی میں غوطہ لگانے سے پاکی ۵۱
حیض کے بعد پاک ہونے کیلئے کیا کیا جائے
عورت کو تمام بالوں کا دھونا ضروری نہیں
پیتل کے دانت کے ساتھ غسل اور وضو صحیح ہے
چاندی سے ڈاڑھ کی بھرائی کروانے والے کا غسل ۵۲
دانت بھروا لینے سے غسل میں رکاوٹ نہیں
دانتوں پر کسی دھات کا خول ہو تو غسل کا جواز
مہندی کے رنگ کے باوجود غسل ہو جاتا ہے ۵۳

اٹیچ باتھ روم میں غسل سے پاکی
ٹرین میں غسل کیسے کریں
ضرورت سے زیادہ پانی استعمال کرنا مکروہ ہے ۵۴
پانی میں سوئمنگ کرنا نہانا
قضائے حاجت اور غسل کے وقت کس طرف منہ کرے
جنابت کی حالت میں وضو کر کے کھانا بہتر ہے ۵۵
حالت جنابت میں کھانے پینے کی اجازت
غسل کی حاجت میں روزہ رکھنا اور کھانا پینا
غسل جنابت میں تاخیر کرنا
غسل نہ کرنے میں دفتری مشغولیت کا عذر قابل قبول نہیں ۵۶
غسل اور وضو میں شک کی کثرت
غسل جنابت کے بعد پہلے والے کپڑے پہننا
ناپاکی میں ناخن اور بال کاٹنا مکروہ ہے
ناپاکی میں استعمال کئے گئے کپڑوں، برتنوں وغیرہ کا حکم ۵۷
جنابت کی حالت میں ملنا جلنا اور سلام کا جواب
ننگے بدن غسل کرنے والا بات کرے تو غسل جائز ہے
زیر ناف بال کہاں تک مونڈنا چاہئیں
غیر ضروری بال کتنی دیر بعد صاف کریں
ہر ہفتہ صفائی افضل ہے ۵۸
سینے کے بال بلیڈ سے صاف کرنا
پنڈلیوں اور رانوں کے بال خود صاف کرنا یا نائی سے صاف کروانا
کٹے ہوئے بال پاک ہوتے ہیں

**کن چیزوں سے غسل واجب ہو جاتا ہے اور کن سے نہیں**

سونے میں ناپاک ہو جانے کے بعد غسل ۵۹
ہم بستری کے بعد غسل جنابت مرد و عورت دونوں پر واجب ہے
انجکشن کے عمل سے غسل واجب نہیں ۶۰
لاش کی ڈاکٹری چیر پھاڑ کرنے سے غسل لازم نہیں
عورت کو بچہ پیدا ہونے پر غسل فرض نہیں
پیشاب کے ساتھ قطرے خارج ہونے پر غسل واجب نہیں
وضو یا غسل کے بعد پیشاب کا قطرہ آنے پر وضو دوبارہ کریں غسل نہیں
اگر غسل کے بعد منی، پیشاب کا قطرہ آ جائے تو کیا غسل ہو گا یا نہیں؟

## تیمم ۶۲

پانی نہ ملنے پر تیمم کریں

تیمم کرنا کب جائز ہے؟ ۶۳

تیمم کرنے کا طریقہ

پانی ہوتے ہوئے تیمم کرنا جائز نہیں

وضو اور غسل کے تیمم کا ایک ہی طریقہ ہے ۶۴

تیمم کن چیزوں سے جائز ہے

وقت کی تنگی کی وجہ سے بجائے غسل کے تیمم جائز نہیں

تیمم مرض میں صحیح ہے کم ہمتی میں نہیں

غسل کے بجائے تیمم کب جائز ہے ۶۵

طبیب بیماری کی تصدیق کر دے تو تیمم کرے

غسل کیلئے ایک تیمم ہی کافی ہے

پانی لگنے سے مساموں سے خون نکلنے پر تیمم جائز ہے

مستعمل پانی کے ہوتے ہوئے تیمم

## موزوں پر مسح ۶۶

کن موزوں پر مسح جائز ہے؟

مسح کرنے والا موزے میں پاک ہے

## پاکی سے متعلق عورتوں کے مسائل ۶۷

دس دن کے اندر آنے والا خون حیض ہی شمار ہو گا

عورت ناپاکی کے ایام میں نماز کیسے

حیض کے بعد پاک ہونے کی کوئی آیت نہیں ۶۸

خاص ایام میں مقاربت کا گناہ کرنے پر توبہ واستغفار

خاص ایام کے دوران شوہر کا مس کرنا

اسلام میں عورت کیلئے خصوصی ایام میں مراعات

نفاس کے احکام ۶۹

نفاس والی عورت کے ہاتھ سے کھانا پینا

کیا بچے کی پیدائش سے گھر ناپاک ہو جاتا ہے؟

مخصوص ایام میں مہندی لگانا جائز ہے

حیض کے دوران پہنے ہوئے کپڑوں کا حکم ۷۰

عورت کو غیر ضروری بال لوہے کی چیز سے دور کرنا پسندیدہ نہیں

دوران حیض استعمال کئے ہوئے فرنیچر وغیرہ کا حکم

خاص ایام میں عورت کا زبان سے قرآن کریم پڑھنا جائز نہیں

کیا عورت ایام مخصوص میں زبانی الفاظ قرآنی پڑھ سکتی ہے ۷۱

حیض کے دنوں میں حدیث یاد کرنا اور قرآن کا ترجمہ پڑھنا

خاص ایام میں امتحان میں قرآنی سورتوں کا جواب کس طرح لکھیں؟

دوران حفظ ناپاکی کے ایام میں قرآن کریم کس طرح یاد کیا جائے؟ ۷۲

مخصوص ایام میں قرآنی آیات والی کورس کی کتاب

مخصوص ایام میں اسلامی کتب میں درج شدہ آیات کس طرح پڑھیں؟ ۷۳

حیض کی حالت میں قرآن وحدیث کی دعائیں پڑھنا

عورت کا ایام حیض میں ذکر کرنا

مخصوص ایام میں عملیات کرنا

عورت سر سے اکھڑے ہوئے بالوں کو کیا کرے

## ناخن پالش کی بلا ۷۴

ناخن پالش لگانا کفار کی تقلید ہے اس سے نہ وضو ہوتا ہے، نہ غسل، نہ نماز۔

ناخن پالش والی معمولی پالش صاف کر کے غسل دہرایا جائے ۷۵

نیل پالش اور لپ اسٹک کے ساتھ نماز

ناخن پالش کو موزوں پر قیاس کرنا صحیح نہیں

ناخن پالش اور لبوں کی سرخی کا غسل اور وضو پر اثر ۷۶

خوشی سے یا جبراً ناخن پالش لگانے کے مضرات

کیا مصنوعی دانت اور ناخن پالش کے ساتھ غسل صحیح ہے

عورتوں کے لئے کس قسم کا میک اپ جائز ہے۔ ۷۷

## پاکی اور ناپاکی میں تلاوت، دعا واذکار ۷۸

ناپاکی اور بے وضو کی حالت میں قرآن شریف پڑھنا

ناپاکی کی حالت میں قرآنی آیات کا تعویذ استعمال کرنا

غسل لازم ہونے پر کن چیزوں کا پڑھنا جائز ہے

قرآنی آیات اور احادیث والے مضمون کو بے وضو چھونا

چھوٹا بچہ بالا پان کھا کر قرآن شریف پڑھ سکتا ہے ۷۹

غسل فرض ہونے پر اسم اعظم کا ورد

بے وضو قرآن چھونا اور کھاتے ہوئے تلاوت کرنا

بغیر وضو تلاوت قرآن کا ثواب

بغیر وضو کے درود شریف پڑھ سکتے ہیں

بے وضو ذکر الٰہی ۸۰

بیت الخلاء میں کلمہ زبان سے پڑھنا جائز نہیں

بیت الخلاء میں دعا زبان سے نہیں بلکہ دل میں پڑھے
تعوذ اللہ والالا کثرت پس کر بیت الخلاء جانا
میدان میں قضائے حاجت سے پہلے کی دعا کہاں پڑھے
ناپاکی کی حالت میں ناخن کاٹنا ۸۱


## نجاست اور پاکی کے مسائل


۸۲
نجاست غلیظہ اور نجاست خفیفہ کی تعریف
کتنی نجاست لگی رہ گئی تو نماز ہو گئی؟ ۸۳
دیر تک قطرے آنے والے کیلئے طہارت کا طریقہ
ریح کے ساتھ اگر نجاست نکل جائے تو وضو سے پہلے استنجا کرے
سو کر اٹھنے کے بعد ہاتھ دھونا ۸۴
وضو کے پانی کے قطرے ناپاک نہیں ہوتے
وضو کے چھینٹوں سے حوض ناپاک نہیں ہوتا ۸۵
زکام میں ناک سے نکلنے والا پانی پاک ہے
شیرخوار بچے کا پیشاب ناپاک ہے
بچے کے پیشاب سے ناپاک شدہ چیز کا حکم
ایک ہی مشین پر غیر مسلموں کے کپڑوں کے ساتھ دھلائی ۸۶
ڈرائی کلیننگ کے دھلے کپڑوں کا حکم
کیا واشنگ مشین سے دھلے ہوئے کپڑے پاک ہوتے ہیں؟ ۸۷
دھوبی کے دھلے ہوئے کپڑے پاک ہیں۔
پلاسٹک کے برتن بھی دھونے سے پاک ہو جاتے ہیں
کپڑے اور برتن پاک کرنے کا طریقہ
گندگی میں گر جانے والی گھڑی کو پاک کرنے کا طریقہ ۸۸
رومال اور فوم کا گدا پاک کرنے کا طریقہ
ناپاک کپڑے دھوپ میں سکھانے سے پاک نہیں ہوتے
ہاتھ پر ظاہری نجاست نہ ہونے سے برتن ناپاک نہ ہوگا
ناپاک چھینٹوں سے کپڑے ناپاک ہوں گے ۸۹
ناپاک کپڑا دھونے کے چھینٹے ناپاک ہیں
گندے انڈوں سے مس ہونے پر کپڑوں کی پاکی
ناپاک جگہ خشک ہونے کے بعد پاک ہو جاتی ہے
جس جگہ کتا پاک ہو چکی یا طالب نہ ہو پاک سمجھی جائے گی ۹۰
شیطان کے وسوسے کو ختم کرنے کی ترکیب
جن کپڑوں کو کتا چھو جائے ان کا حکم
کتے کا لعاب ناپاک ہے ۹۱
کیا کتا ناپاک ہے
بلی کے جسم سے کپڑے چھو جائیں تو؟
ناپاک چمڑے کا مصلیٰ


## نماز کے مسائل

### نماز کی فرضیت و اہمیت


۹۲
علامت بلوغت نہ ظاہر ہونے پر پندرہ سال کے لڑکے لڑکی پر نماز فرض ہے
سن بلوغت یاد نہ ہونے پر قضا نماز، روزہ کب سے شروع کریں
بے نمازی کو کامل مسلمان نہیں کہہ سکتے ۹۳
تارک نماز کا حکم
نماز کا چھوڑنا کافر کا فعل ہے۔ ۹۴
کیا بے نمازی کے دیگر اعمال غیر قبول ہوں گے
جو فرض نماز کی اجازت نہ دے اس کی ملازمت جائز نہیں ۹۵
اللہ تعالیٰ کو غفور رحیم سمجھ کر نماز نہ پڑھنا شیطان کا مکر ہے
نماز فرض ہے، داڑھی واجب ہے، دونوں پر عمل لازم ہے ۹۶
بے نمازی کے ساتھ کام کرنا
نماز قائم کرنے اور نماز پڑھنے میں کیا فرق ہے؟
نماز کے لئے مصروفیت کا بہانہ لغو ہے ۹۷
کیا پہلے اخلاق کی درستی ہو پھر نماز پڑھنی چاہئے؟
تعلیم کے لئے عصر کی نماز چھوڑنا درست نہیں ۹۸
مطلب براری کے بعد نماز روزہ چھوڑ دینا علامت ہے
کیا کوئی ایسا معیار ہے جس سے نماز مقبول ہونے کا علم ہو جائے
نماز قائم کرانا حکومت اسلامی کا پہلا فرض ہے ۹۹
نماز کے وقت کاروبار میں مشغول رہنا


### اوقات نماز


وقت سے پہلے نماز پڑھنا درست نہیں ۱۰۰
اذان کے فوراً بعد گھر پر نماز پڑھنا

نماز فجر سرخی کے وقت پڑھنا
فجر کی جماعت طلوع سے آدھ گھنٹہ قبل مناسب ہے ۱۰۱
صبح صادق کے بعد وتر اور نوافل پڑھنا
صبح صادق سے طلوع تک نفل نماز ممنوع ہے
فجر کی نماز کے دوران سورج کا طلوع ہونا
طلوع آفتاب سے قبل اور بعد کتنا وقت مکروہ ہے ۱۰۲
رمضان المبارک میں فجر کی نماز ۱۰۳
نماز اشراق کا وقت کب ہوتا ہے؟
زوال کے وقت کی تعریف ۱۰۴
رات کے بارہ بجے زوال کا تصور غلط ہے۔ ۱۰۵
مکہ مکرمہ میں اور جمعہ کے دن بھی زوال کا وقت ہوتا ہے۔
روزانہ ظہر کا وقت ایک جیسا ہی پر کیوں؟ ۱۰۶
سایہ ایک مثل ہونے پر عصر کی نماز پڑھنا
عشاء کی نماز مغرب کے ایک گھنٹے بعد نہیں ہوتی ۱۰۷
مغرب کی نماز کب تک ادا کی جائے؟ ۱۰۸
نماز عشاء سونے کے بعد ادا کرنا
مغرب اور عشاء ایک وقت میں پڑھنا ۱۰۹
دوران سفر دو نمازوں کو اکٹھا کرنا
عشاء کے بعد کی سنتوں اور وتر کا افضل وقت
عصر اور فجر کے بعد دوگانہ طواف کا حکم ۱۱۰
بے وقت نفل پڑھنے کا کفارہ استغفار ہے
دو وقتوں کی نمازیں اکٹھی ادا کرنا صحیح نہیں
کن اوقات میں نفل نماز ممنوع ہے؟
تہجد کی نماز رات دو بجے ادا کرنا ۱۱۱
رمضان میں اذان کے اوقات
جمعہ اور ظہر کی نمازوں کا افضل وقت


## مسجد کے مسائل


۱۱۲
تمام مساجد اللہ کا گھر ہیں۔
غیر مسلم اور تعمیر مسجد ۱۱۳
بلا اجازت غیر مسلم کی جگہ پر مسجد کی تعمیر ناجائز ہے۔ ۱۳۴
غصب شدہ جگہ پر مسجد کی تعمیر
مسجد کے مصارف کیلئے خرچ کرنا بھی صدقہ ہے
سود کی رقم مسجد میں لگانا
مسجد کو بانی کے نام سے موسوم کرنا
مسجد کی حیثیت تبدیل کرنا صحیح نہیں
مسجد کو شہید کرنا ۱۳۶
ایک مسجد کو آباد کرنے کے لئے دوسری مسجد کو منہدم کرنا جائز نہیں
نئی مسجد متصل بنا کر پہلی کو تالا ڈالنا ناجائز ہے
تعمیری نقص سے صف میں ایک طرف نمازی بہت کم ہوں تو بھی نماز مکروہ ہے ۱۳۷
قبروں کے قریب مسجد میں نماز ہو جاتی ہے ۱۳۸
دفاتر کی مسجد میں نماز کا ثواب
دوسری مسجد میں نماز پڑھنے کی رخصت
مسجد میں خشک جوتے لے جانے سے ناپاکی نہیں ہوتی
کیا مسجد میں داخل ہوتے وقت سلام کرنا چاہئے؟ ۱۳۹
نمازیوں کے ذمہ سوال کا جواب نہیں
مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کے وقت درود شریف
مسجد کے کس حصے میں داخل ہوتے وقت دعا پڑھنی چاہئے؟ ۱۴۰
مسجد کو حفاظت کی خاطر تالا لگانا جائز ہے۔
مسجد کے چندہ سے کمیٹی کا دفتر بنانا
استراحت کے لئے مسجد کے پنکھے کا استعمال غیر معتکف کے لئے صحیح نہیں ۱۴۱
معتکف کے علاوہ عام لوگوں کو مسجد میں سونے کی اجازت نہیں
بے نمازی کو مسجد کمیٹی میں لینا
مسجد میں دنیاوی باتیں کرنا مکروہ ہے ۱۴۲
مسجد میں بھیک مانگنا جائز نہیں ضرورت مند کے لئے دوسرا آدمی اپیل کرے تو جائز ہے ۱۴۳
مسجد میں نماز جنازہ کا اعلان صحیح اور گمشدہ چیز کا غلط ہے
مسجد سے گم شدہ بچے کا اعلان انسانی جان کی اہمیت کے پیش نظر جائز ہے ۱۴۴
مختلف اعلانات کے لئے مسجد کا لاؤڈ اسپیکر استعمال کرنا
مسجد کا اسپیکر گناہ کے کام کے لئے استعمال کرنا جائز نہیں
شب برات میں مسجد کے لاؤڈ اسپیکر پر تقاریر اور نعتیں ۱۴۵
مسجد کے وضو خانہ سے عام استعمال کے لئے پانی لینا جائز نہیں
مسجد میں مٹی کا تیل جلانا مکروہ ہے
مسجد کی دیوار پر اشتہار لگانا

مسجد کے قریب فلم شو اور دوسرے لہو ولعب کرنا سخت گناہ ہے ۱۴۶
مسجد کو گزرگاہ بنانا ادب واحترام کے منافی اور گناہ ہے ۱۴۷
مسجد کو تفریح گاہ بنانا اور اس میں فوٹو کھنچوانا جائز نہیں
مسجد کی زائد چیزیں فروخت کر کے رقم مسجد کی ضروریات میں لگائی جائے ۱۴۸
مسجد کا غیر مستعمل سامان موذن کے کمرے میں استعمال کرنا کیسا ہے؟ ۱۴۹
اہل چندہ کی اجازت سے مسجد کے مصارف میں رقم خرچ کی جاسکتی ہے
مسجد میں تصویریں اتارنا اور فلم بنانا ناجائز ہے ۱۵۰
مسجد کی بے حرمتی موجب وبال ہے
علامات مسجد کے لئے ایک مینار بھی کافی ہے ۱۵۱
مسجد سے قرآن مجید اٹھا کر لانا جائز نہیں
مسجد حق تعالیٰ شانہ کا شاہی دربار ہے اس کی بے ادبی گناہ ہے
مسجد میں نجس اور بدبودار چیزیں لانا جائز نہیں
مسجد میں قصداً جوتا تبدیل کرنا سخت گناہ ہے ۱۵۲
نماز پڑھتے وقت موم بتی مین سامنے رکھنا مکروہ ہے
غیر مسلم اگر از خود چندہ دے تو اس کو مسجد میں لگانا درست ہے
ناسمجھ بچوں کو مسجد میں نہیں لانا چاہئے
ننگے سر کے بجائے صاف ستھری چٹائی کی ٹوپی سے نماز پڑھ سکتے ہیں ۱۵۳
مسجد کا زندہ مردہ کا فلسفہ صحیح نہیں
آلات موسیقی کا مسجد میں لگانا درست نہیں
مسجد کی زائد چیزیں خریدنے والا ان کو استعمال کر سکتا ہے ۱۵۴
قلیل آبادی میں بڑی مسجد تعمیر کی گئی تو کیا یہ صدقہ جاریہ ہوگی؟
حرام کی کمائی سے کوئی بھی عبادت قبول نہیں ہوتی ۱۵۵
مسجد کیلئے وقف شدہ پلاٹ پر اگر لوگوں نے نماز شروع نہیں کی تو وہ تبدیل کیا جاسکتا ہے


## اذان اور اقامت


اذان کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا ۱۵۶
محراب میں کھڑے ہو کر اذان دینا
مسجد میں اذان مکروہ ہے
"اذان کس جگہ دی جائے" پر علمی بحث ۱۵۷
بیٹھ کر اذان دینا خلاف سنت ہے ۱۶۱
اذان میں اضافہ
صلوٰۃ وسلام کا مسئلہ
اذان کا صحیح تلفظ ۱۶۲
اذان کا غلط تلفظ
اللہ اکبر کے راء کا تلفظ
الصلوٰۃ خیر من النوم کے بغیر اذان
اذان فجر میں الصلوٰۃ خیر من النوم کا ثبوت ۱۶۳
اذان کے آخر میں محمد رسول اللہ پڑھنا خلاف سنت ہے
کیا اذان میں مد جائز ہے؟ ۱۶۴
اذان کے ادھورے فقرے دوبارہ دہرانا
اذان کے فقرہ میں سانس لینا
اذان کے وقت کانوں میں انگلیاں دینا
مسجد میں موذن نہ ہو تب بھی اذان کا اہتمام کریں ۱۶۵
تہجد کے لئے اذان واقامت
کسی ناگہانی مصیبت کے وقت اذان ۱۶۶
سات اذانیں
بہت سی مساجد کی اذانوں سے راحت یا تکلیف؟
اذان کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا ۱۶۷
موذن کی موجودگی میں دوسرے شخص کی اذان
داڑھی منڈے یا نابالغ ناسمجھ کی اذان ۱۶۸
سولہ سالہ لڑکے کی اذان
اپنے آپ کو گناہگار سمجھنے والے کی اذان
وقت سے پہلے اذان کا اعتبار نہیں
سورج غروب ہونے سے پہلے مغرب کی اذان ونماز صحیح نہیں ۱۶۹
وقت سے قبل عشاء کی اذان
رمضان المبارک میں عشاء کی اذان قبل از وقت کہنا
بھول کر دوبارہ دی جانے والی اذان
ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر اذان کا شرعی حکم ۱۷۰
غلط اذان کا کفارہ
اذان صحیح سمجھ نہ آرہی ہو تو جواب دیں یا نہ دیں
ٹی وی / ریڈیو والی اذان کا جواب
دوران اذان تلاوت کرنا یا نماز پڑھنا ۱۷۱
دوران اذان مسجد میں سلام کہنا
خطبہ کی اذان کا جواب اور دعا

اذان کے وقت پانی پینا
اذان کے دوران تلاوت بند کرنے کا حکم
اذان کے وقت ریڈیو کی تلاوت سننا ۱۷۲
تکبیر کہنے والا شخص کہاں کھڑا ہو
جمعہ کی نماز میں مقتدی اگر بلند آواز سے تکبیر کہے تو؟
اذان کے بعد نماز کے لئے آواز لگانا
اکیلے فرض پڑھنے کے لئے اقامت کہنا مستحب ہے ۱۷۳
نفل نماز کے لئے اقامت
کیا منیٰ میں ہر خیمہ میں اذان دی جائے
عورت اذان کا جواب کب دے

## شرائط نماز ۱۷۴

عام مجلس میں نہ جانے کے لائق کپڑوں میں نماز
میلے کچیلے لباس میں نماز مکروہ ہے
جن کپڑوں پر مکھیاں بیٹھیں ان سے بھی نماز ہو جاتی ہے
ناف سے لے کر گھٹنوں تک کپڑوں میں نماز ۱۷۵
پنڈلی کھلی ہونے والے کی نماز
آدھی آستین والی قمیص یا بنیان پہن کر نماز پڑھنا
کیا فقط نماز کے لئے شلوار ٹخنوں سے اونچی نہ کریں
ٹخنوں سے نیچے پاجامہ، تہ بند وغیرہ لٹکانا گناہ کبیرہ ہے ۱۷۶
پینٹ کے پائنچے موڑ کر نماز پڑھنا
گھاس کی ٹوپی اور تہ بند میں نماز پڑھنا
نماز میں چٹائی کی ٹوپی پہننا ۱۷۷
جانوروں کے ڈیزائن والے کپڑوں میں نماز
جانور کی کھال پہن کر نماز پڑھنا
انڈرویئر کے ساتھ نماز ۱۷۸
جوتے سمیت نماز ادا کرنا
ناپاک کپڑوں سے نماز پڑھنا ۱۷۹
انتہائی مجبوری میں ناپاک کپڑوں میں نماز پڑھنا ۱۸۰
کپڑے ناپاک ہوں مگر نیت صاف ہو تو......
ناپاک کپڑوں میں وضو کر کے پاک کپڑوں میں نماز پڑھنا ۱۸۱
ناپاک کپڑوں میں بھول کر نماز پڑھ لینا
بھنگی کے ہاتھ کے دھلے ہوئے کپڑوں میں نماز
چوری کے کپڑوں میں نماز
وضو نہ ہونے کے باوجود نماز پڑھتا رہے تو کیا کفارہ ہو گا؟
اگر ناپاک آدمی نے نماز پڑھ لی تو...... ۱۸۲
پیشاب پاخانہ کے تقاضے کے ساتھ نماز پڑھنا
بڑھے ہوئے ناخنوں کے ساتھ نماز
طہارت کے معاملہ میں غیر ضروری وہم نہ کیا جائے ۱۸۳
اندھیرے میں نماز پڑھنا
نمازی کے سامنے جوتے ہوں تو نماز کا کیا حکم ہے؟
گھریلو سامان سامنے ہوتے ہوئے نماز پڑھنا
نمازی کے سامنے جلتی آگ ہونا
لہو ولعب کی جگہ نماز ۱۸۴
مورتیوں کے سامنے نماز
تصاویر والے مال کی دوکان میں نماز ادا کرنا
ٹی وی والے کمرہ میں نماز تہجد پڑھنا
غیر مسلم کے گھر میں فرش پر نماز پڑھنا ۱۸۵
غصب شدہ زمین پر مسجد میں نماز پڑھنا
مکان خالی نہ کرنے والے کرایہ دار کی نماز
قبرستان کے اندر بنی ہوئی مسجد میں نماز جائز ہے

## نیت

نماز جمعہ میں فرضوں اور سنتوں کی نیت ۱۸۶
مقتدی نے نیت میں غلط وقت کا نام لیا تو کیا ہو گا۔
فاسد نماز میں فرض کی نیت کی جاتی ہے دوہرانے کی نہیں
نیت کے الفاظ دل کو متوجہ کرنے کیلئے زبان سے ادا کئے جاتے ہیں
نماز با جماعت میں اقتداء وامامت کی نیت دل میں کافی ہے ۱۸۷
نیت کی غلطی سجدہ سہو سے درست نہیں ہوتی
امام کی تکبیر کے بعد نیت باندھنے والے کی نماز صحیح ہے
وتر کی نیت میں وقت عشاء کہنے کی ضرورت نہیں ۱۸۸
نیت کے لئے نماز کا تعین کر لینا کافی ہے، رکعتیں گننا ضروری نہیں
دل میں ارادہ کرنے کے بعد اگر زبان سے غلط نیت نکل گئی تو بھی نماز صحیح ہے
نیت نماز کے الفاظ خواہ کسی زبان میں کہے، جائز ہے۔

## سمت قبلہ

قبلہ سے کتنے درجہ انحراف تک نماز جائز ہے ۱۸۹
اگر مسافر کو قبلہ معلوم نہ ہو تو کیا کرے

اگر مسجد کی محراب سمت قبلہ پر درست نہ ہو تو کیا کیا جائے
قبلہ اول کی طرف منہ کر کے بیٹھنا یا سجدہ کرنا
قبلہ کی طرف ٹانگ کرنا ١٩٠

## جائے نماز

جس جائے نماز پر روضہ رسولؐ کی شبیہ بنی ہو اس پر کھڑا ہونا کیسا ہے؟
قالین پر نماز ادا کرنا کیسا ہے؟
حلال جانور کی دباغت شدہ کھال کی جائے نماز پاک ہے
ڈیکوریشن کی دریوں پر کپڑا بچھا کر نماز پڑھیں ١٩١
حرم شریف میں نماز پڑھتے ہوئے نمازی کا رخ عین بیت اللہ کی طرف ہونا شرط ہے

## نماز ادا کرنے کا طریقہ ١٩٢

دوران نماز نظر کہاں ہونی چاہئے
نماز میں پیروں کے درمیان فاصلہ اور انگوٹھے کا زمین سے لگا رہنا
تکبیر تحریمہ کے علاوہ باقی تکبیریں سنت ہیں ١٩٣
تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھ اٹھانے کا صحیح طریقہ
تکبیر کہتے وقت ہتھیلیوں کا رخ کس طرف ہونا چاہئے
امام تکبیر تحریمہ کب کہے؟
امام اور مقتدی تکبیر تحریمہ کب کہیں؟ ١٩٤
مقتدی کے لئے تکبیر اولیٰ میں شرکت کے درجات
تکبیر تحریمہ دوبارہ کہہ دینے سے نماز فاسد نہیں ہوتی
نماز میں ہاتھ باندھنا سنت ہے۔
رفع یدین کرنا کیسا ہے؟
کیا رفع یدین ضروری ہے؟ ١٩٥
نیت اور رکوع کرنے میں ہاتھ نہ چھوڑیں
کیا رکوع کی حالت میں گھٹنوں میں خم ہونا چاہئے
بیٹھ کر نماز پڑھنے والا رکوع میں کتنا جھکے
سمع اللہ لمن حمدہ کے بجائے اللہ اکبر کہہ دیا تو بھی نماز ہو گئی ١٩٦
رکوع کے بعد کیا کہے؟
سجدہ میں ناک زمین پر لگانا
نماز کا سجدہ زمین پر نہ کر سکے تو کس طرح کرے؟
سجدہ میں کہنیاں پھیلانا اور ران پر رکھنا ١٩٧
عورتیں مردوں کی طرح سجدہ کریں یا دوسرے انداز میں؟
اگر کسی رکعت میں ایک ہی سجدہ کیا تو کیا کیا جائے؟
قومہ اور جلسہ کی شرعی حیثیت
التحیات میں عورت کی نظر کہاں ہونی چاہئے؟
التحیات میں تشہد کے وقت کس ہاتھ کی انگلی اٹھائیں؟
اگر تشہد میں انگلی نہ اٹھائی تو کیا نماز ہو جائے گی؟
تشہد کی انگلی سلام پھیرنے تک اٹھائے رکھنے کا مطلب
نماز میں کلمہ شہادت پر انگلی کب اٹھانی چاہئے؟
مقتدی کے لئے التحیات پوری پڑھنا ضروری ہے
التحیات میں سلام بصیغہ خطاب کا حکم
نماز میں درود شریف کی کیا حیثیت ہے؟
تشہد اور درود کے بعد دعاء ماثورہ سے کیا مراد ہے؟
قعدہ اخیرہ میں درود کے بعد کون سی دعا پڑھنی چاہئے؟
نماز میں کتنی دعائیں پڑھنی چاہئیں؟
غلطی سے سلام بائیں طرف پھیر لیا تو بھی نماز ہو گئی

## نماز میں کیا پڑھتے ہیں ٢٠٥

نماز کے لئے ہر مسلمان کو کم از کم چار سورتیں یاد ہونی چاہئیں
فرض نماز میں مفصلات پڑھنا مسنون ہے۔ ٢٠٦
نماز میں قرات کتنی آواز سے کرنی چاہئے؟
کیا اکیلا آدمی اونچی قرات کر سکتا ہے؟
نماز ظہر و عصر آہستہ، اور باقی نمازیں آواز سے کیوں پڑھتے ہیں؟
با جماعت قضا دن میں جہری ہو سری؟ ٢٠٧
نماز با جماعت میں مقتدی قرات کرے یا خاموش رہے؟
کیا مقتدی دھیان جمانے کیلئے دل میں قرات یا ترجمہ دہراتا رہے؟
مختلف جگہوں سے قرات کرنا
نماز میں تلاوت قرآن کی ترتیب کیا ہو؟
بعد میں آنے والی رکعت میں پہلی رکعت کی سورۃ سے زیادہ لمبی سورۃ پڑھنا
چھوٹی سورتوں کے درمیان کتنی سورتوں کا فاصلہ ہو؟
بالکل چھوٹی سورت سے کونسی سورت مراد ہے؟
نماز میں بسم اللہ کو آہستہ پڑھا جائے یا آواز سے؟
ثنا سے پہلے بسم اللہ نہیں پڑھنی چاہئے ٢١٠
دوسری رکعت شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا

کیانمازی ہر رکعت میں تعوذ و تسمیہ پڑھنی چاہئے؟
کیا ثنا اور تعوذ سنت مو کدہ کی دوسری رکعت میں بھی پڑھیں گے؟
الحمد کی ایک آیت میں سکتہ کرنا
"ض" کا تلفظ باوجود کوشش کے صحیح نہ ہونے پر نماز ہو جائے گی
جان بوجھ کر فرضوں میں صرف فاتحہ پر اکتفا کرنا ۲۱۱
شافعی نماز فجر کے دوسرے رکوع کے بعد قنوت پڑھتے ہیں۔
قیام میں بھول کر التحیات دعا و تسبیح یا رکوع و سجدہ میں قراءت کرنا ۲
ظہر یا عصر کی دوسری رکعت میں شامل ہونے والا بقیہ نماز کس طرح پڑھے؟
تیسری اور چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ واجب نہیں ہے۔
چار رکعت سنت مو کدہ کی پہلی رکعت میں سورہ فلق پڑھ لی تو کیا کرے؟ ۲۱۴
وتر کی نماز میں کون سی سورتیں پڑھنا افضل ہے؟
وتر کی پہلی رکعت میں سورہ فلق پڑھ لی تو آخری رکعت میں کیا پڑھے؟
وتر کی پہلی رکعت میں سورۃ الناس پڑھی تو باقی دو رکعتوں میں کیا پڑھے"

## لاؤڈ اسپیکر کا استعمال ۲۱۵

نماز میں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال جائز ہے
لاؤڈ اسپیکر کے ساتھ مکبر کا انتظام بھی ہونا چاہئے
مساجد کے باہر والے لاؤڈ اسپیکر اذان کے ماسوا کھولنا جائز ہیں
کیا مسجد کا سپیکر گلی میں لگا سکتے ہیں؟ ۲۱۷

## جماعت کی صف بندی ۲۱۸

مسجد میں ناحق جگہ روکنا
صف کی دائیں جانب افضل ہے
پہلی صف میں شمولیت کے لئے پچھلی صفوں کا پھلانگنا ۲۱۹
مقتدی کو امام کے پیچھے کس طرف کھڑا ہونا چاہئے
مین حی علی الصلوٰۃ پر کھڑے ہونے سے مقتدیوں کی نماز میں انتشار
اقامت کے دوران بیٹھے رہنا، انگوٹھے چومنا ۲۲۱
صفوں میں کندھے سے کندھا ملانا ضروری ہے
پندرہ سالہ لڑکے کا پہلی صف میں کھڑا ہونا
نماز میں بچوں کی صف ۲۲۲
نابالغ لڑکوں کو بالغوں کی صف میں کھڑا کرنا
پہلی صف میں جگہ ہونے کے باوجود دوسری صف میں کھڑے ہونا ۲۲۳
پچھلی صف میں اکیلے کھڑے ہونے والے کی نماز ہو گئی
شوہر اور بیوی کا فاصلہ سے نماز پڑھنا

## نماز با جماعت ۲۲۵

مسواک کے ساتھ با جماعت نماز کا ثواب کتنا ملے گا
مسجد میں دوسری جماعت کرنا اور اس میں شرکت
انفرادی نماز پڑھنے والے کی نماز کے دوران کسی کا شامل ہو جانا ۲۲۶
بغیر اذان والی جماعت کے بعد جماعت ثانی کروانا
جماعت کے وقت بیٹھے رہنا اور دوبارہ جماعت کروانا کیسا ہے
ایک با جماعت نماز پڑھنے کے بعد دوسری جگہ جماعت میں شرکت ۲۲۷
امام کے علاوہ دوسرے نے جلدی سے جماعت کرا دی تو جماعت ثانی
محرم عورتوں کے ساتھ جماعت کرنا
میاں بیوی کا الگ الگ نماز پڑھنا یا جماعت کرنا درست ہے۔ ۲۲۸
امام سے آگے ہونے والے مقتدی کی نماز نہیں ہوتی
مسجد نبویؐ یا کسی بھی مسجد میں مقتدی کا امام سے آگے ہونا جائز نہیں
کیا حرم شریف میں مقتدی امام کے آگے کھڑے ہو سکتے ہیں۔
حطیم میں سنت، وتر اور نفل وغیرہ پڑھ سکتے ہیں۔ ۲۲۹
عصر کی نماز ظہر سمجھ کر ادا کی
کیا با جماعت نماز میں ہر مقتدی کے بدلے ایک گنا ثواب بڑھتا ہے
بلا عذر شرعی، مرد کو گھر میں نماز ادا کرنا کیسا ہے؟ ۲۳۰
گھر میں نماز پڑھنے کی عادت ڈالنا
بغیر عذر گھر میں نماز ادا کرنے کی عادت بنانا گناہ کبیرہ ہے
اگر گھر پر عادتاً نماز پڑھنا گناہ کبیرہ ہے تو کیا نماز پڑھنا ہی چھوڑ دیں؟ ۲۳۱

نماز کے بعد امام کو کعبہ کی طرف پیٹھ کر کے بیٹھنا جائز ہے
امام سے اختلاف کی بناء پر مسجد نبوی میں نماز نہ پڑھنا بڑی محرومی ہے
جس امام سے ناراضی ہو اس کی اقتداء
امام کی توہین کرنے والے کی اسی امام کے پیچھے نماز
اگر امام سے کسی مسئلہ میں اختلاف ہو جائے تو اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟ ۲۵۳
ایک مقتدی کی نماز خراب ہو گئی تو اس نے اسی نماز کی دوسری جگہ امامت کی ۲۵۴

## مقتدی

دوبارہ امامت کروانے والے کی اقتداء کرنا ۲۵۵
امام بالائی منزل پر ہو تو نچلی منزل والوں کی نماز
امام سے ساتھ ارکان کی ادائیگی ۲۵۶
مقتدی تمام ارکان امام کی متابعت میں ادا کرے
مقتدی تکبیر کب کہے ۲۵۷
مقتدی کو تکبیریں آہستہ کہنی چاہئیں۔
مقتدی تکبیرات کتنی آواز سے کہے ۲۵۸
امام کی اقتداء میں ثنا کب تک پڑھے
مقتدی کی ثناء کے درمیان اگر امام فاتحہ شروع کر دے تو مقتدی خاموش ہو جائے
شافعی امام جب فجر میں قنوت پڑھے تو حنفی مقتدی خاموش رہے
فجر کی دوسری رکعت میں قنوت پڑھنے والے امام کے پیچھے کیا کیا جائے ۲۵۹
سری نمازوں میں مقتدی ثناء کے بعد کیا کرے
امام کے پیچھے قرات کے معاملہ میں اپنے اپنے مسلک پر عمل کریں۔
مقتدی عصر ظہر کی پہلی دو رکعتوں میں سورۃ سوچ سکتا ہے ۲۶۰
مقتدی رکوع و سجود میں کتنی بار تسبیح پڑھے
ربنالک الحمد کے بجائے سمع اللہ لمن حمدہ کہہ دینے سے کوئی خرابی نہیں آئی
امام سے پہلے سجدہ کرنا
مقتدی نے امام سے پہلے سر اٹھالیا تو نماز کا کیا حکم ہے؟ ۲۶۱
مقتدی آخری قعدہ میں اور دعائیں بھی پڑھ سکتا ہے
امام کی اقتداء میں مقتدی کب سلام پھیرے
امام کے دوسرے سلام سے پہلے مقتدی کا قبلہ سے پھر جانا ۲۶۲
امام سے پہلے سلام پھیرنا
معذور شخص کا گھر بیٹھ کر لاؤڈ اسپیکر پر امام کی اقتداء کرنا
کیا ٹیلیویژن پر اقتداء جائز ہے؟ ۲۶۳

## نماز کے دوران یا بعد میں دعا و ذکر ۲۶۴

دعا کے آداب ۲۷۱
دعا میں کسی بزرگ کا واسطہ دینا
فرض، واجب یا سنت کے سجدوں میں دعا کرنا
فرض نماز کے بعد دعا کی کیفیت کیا ہونی چاہئے ۲۷۲
فرض نمازوں کے بعد دعا کا ثبوت
مقتدی امام سے پہلے دعا مانگ کر جا سکتا ہے۔ ۲۷۳
کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرتے تھے
نماز کے بعد عربی اور اردو میں دعائیں ۲۷۴
سنتوں کے بعد اجتماعی دعا کرنا بدعت ہے
نماز کے بعد دعا اونچی آواز سے مانگنا
دعا کے وقت آسمان کی طرف نظر اٹھانا
دعا مانگتے وقت ہاتھ کہاں تک اٹھائے جائیں ۲۷۵
سجدہ میں گر کر دعا مانگنا جائز ہے
دعا کے بعد سینے پر پھونک مارنا
امام کا نماز کے بعد مقتدیوں کی طرف منہ کر کے دعا مانگنا
نماز کے وقت بلند آواز سے ذکر کرنا نا جائز ہے۔ ۲۷۶
مسجد میں اجتماعی ذکر بالجہر کہاں تک جائز ہے۔
دوران نماز انگلیوں پر تسبیحات شمار کرنا ۲۷۷
آیتیں، سورتیں اور تسبیحات انگلیوں پر شمار کرنا
تسبیحات فاطمی کی فضیلت ۲۷۸
نماز کے بعد کی تسبیحات انگلیوں پر گننا افضل ہے
چلتے پھرتے تسبیح کرنا ۲۷۹
تسبیح بدعت نہیں بلکہ ذکر الٰہی کا ذریعہ ہے
درود شریف کا ثواب زیادہ ہے یا استغفار کا ۲۸۱
بے نمازی کی دعا قبول نہ ہونا ۲۸۴

## مسبوق و لاحق کے مسائل ۲۸۹

مسبوق امام کے پیچھے کتنی رکعات کی نیت باندھے

بعد میں شامل ہونے والا کس طرح رکعتیں پوری کرے
مسبوق کی باقی رکعات اس کی پہلی شمار ہوں گی یا آخری؟ ۲۹۰
رکوع میں شامل ہونے والا ثنا کے بغیر شامل ہو سکتا ہے
بعد میں آنے والا رکوع میں کس طرح شامل ہو ۲۹۱
دوسری رکعت میں شامل ہونے والا اپنی پہلی رکعت میں سورت ملائے گا
مغرب کی تیسری رکعت میں شامل ہونے والا بقیہ نماز کس طرح ادا کرے ۲۹۲
مسبوق 'امام کے آخری قعدہ میں التحیات کتنی پڑھے
مسبوق 'امام کی متابعت میں سجدہ سہو کس طرح کرے ۲۹۳
مسبوق اگر امام کے ساتھ سلام پھیر دے تو باقی نماز کس طرح پڑھے
مسبوق کب کھڑا ہو


## نمازی کے سامنے سے گزرنا ۲۹۴


انجانے میں نمازی کے سامنے سے گزرنا۔
نمازی کے بالکل سامنے سے اٹھ کر جانا
کیا سجدہ کی حالت میں نمازی کے سامنے سے گزرنا جائز ہے؟
ان صورتوں میں گناہگار کون ہو گا نمازی یا سامنے سے گزرنے والا؟
نمازی کے آگے سے گزرنے والے کو روکنا
چھوٹا بچہ اگر سامنے سے گزر جائے تو نماز فاسد نہیں ہوتی
بچوں کا نمازی کے آگے سے گزرنا ۲۹۶
بلی وغیرہ کا نمازی کے سامنے آجانا
طواف کرنے والے کا نمازی کے سامنے سے گزرنا جائز ہے


## عورتوں کی نماز کے چند مسائل ۲۹۷


عورت پر نماز کب فرض ہوتی ہے؟
عورت کو نماز میں کتنا بدن ڈھانپنا ضروری ہے
ایسے باریک کپڑوں میں 'جن سے بدن جھلکے' نماز پڑھنا
عورت کا ننگے سر یا ننگے بازو نماز پڑھنا ۲۹۸
بچہ اگر ماں کا سر' درمیان نماز ننگا کر دے تو کیا نماز ہو جائے گی؟
ساڑھی باندھ کر نماز پڑھنا
کیا ساڑھی پہننے والی عورتیں بیٹھ کر نماز پڑھ سکتی ہیں؟
نماز میں سینے پر دوپٹہ ہونا اور بانہوں کا چھپانا لازمی ہے ۲۹۹
سجدہ میں دوپٹہ نیچے آ جائے تو بھی نماز ہو جاتی ہے
خواتین کے لئے اذان کا انتظار ضروری نہیں
عورتوں کا چھت پر نماز پڑھنا کیسا ہے؟
بیوی 'شوہر کی اقتداء میں نماز پڑھ سکتی ہے ۳۰۰
گھر میں عورت کا نماز تراویح جماعت سے پڑھنا
عورت 'عورتوں کی امامت کر سکتی ہے مگر مکروہ ہے
عورتوں کا کسی گھر میں جمع ہو کر نماز با جماعت کا اہتمام کرنا
عورتوں کو اذان سے کتنی دیر بعد نماز پڑھنی چاہئے؟ ۳۰۱
عورتیں جمعہ کے دن نماز ظہر کس اذان کے بعد پڑھیں
عورت جمعہ کی کتنی رکعتیں پڑھے
عورتوں کی جمعہ اور عیدین میں شرکت
عورت خاص ایام میں نماز کے بجائے ذکر و تسبیح کرے ۳۰۲


## کن چیزوں سے نماز فاسد یا مکروہ ہو جاتی ہے ۳۰۸


غیر اسلامی لباس پہن کر نماز ادا کرنا
ناپاک کپڑوں میں پڑھی ہوئی نماز دوبارہ پڑھی جائے
کھلے گریبان کے ساتھ نماز پڑھنا کیسا ہے؟ ۳۰۹
بغیر رومالی کی شلوار یا پاجامہ میں نماز
چین والی گھڑی پہن کر نماز پڑھنا
سونا پہن کر نماز ادا کرنا
ریشم اور سونا پہن کر اور بغیر داڑھی کے نماز پڑھنا ۳۱۰
ننگے سر مسجد میں آنا
کپڑا نہ ملنے کی صورت میں ننگے سر نماز پڑھنا
کیسی ٹوپی میں نماز پڑھنا چاہئے؟ ۳۱۱
چمڑے کی قراقلی ٹوپ میں نماز جائز ہے
جراب پہن کر نماز ادا کرنا صحیح ہے
چشمہ لگا کر نماز ادا کرنا صحیح ہے اگر سجدہ میں خلل نہ پڑے
نوٹ پر تصویر ناجائز ہے گو جیب میں ہونے سے نماز ہو جائے گی ۳۱۲
مسجد میں لگے ہوئے شیشے کے سامنے نماز ادا کرنا
کسی تحریر پر نظر پڑنے یا آواز سننے سے نماز نہیں ٹوٹتی
دوران نماز گھڑی پر وقت دیکھنا' چشمہ اتارنا' مٹی کو پھونک مار کر اڑانا ۳۱۳
عمل کثیر سے نماز ٹوٹ جاتی ہے
نماز میں جسم کو مختلف انداز سے حرکت دینا صحیح نہیں ۳۱۴

نماز میں مونچھوں پر ہاتھ پھیرنا فعل عبث ہے
نماز میں کپڑے سمیٹنا یا بدن سے کھیلنا مکروہ ہے
رکوع میں جاتے ہوئے تکبیر بھول جائے تو بھی نماز ہو جانے کی دلیل ۳۱۵
رکوع میں سجدہ کی تسبیح پڑھنے سے نماز نہیں ٹوٹتی
نماز میں بہ مجبوری زمین پر ہاتھ ٹیک کر اٹھنے میں کوئی حرج نہیں
کیا نماز میں دائیں پاؤں کا انگوٹھا دبا کر رکھنا ضروری ہے؟
سجدے میں قدم زمین پر لگانا ضروری ہے۔
نماز میں ذکار لینا مکروہ ہے۔ ۳۱۶
نماز میں میٹھی چیز حلق میں جانے سے نماز ٹوٹ گئی۔
کیا نماز میں منصوبے بنانا جائز ہے؟ حضرت عمرؓ کے ارشاد پر اشکال۔
نماز کے دوران "لاحول" پڑھنا۔ ۳۱۷
نماز کے دوران آنکھیں بند نہ کی جائیں۔
خیالات سے بچنے کے لئے آنکھیں بند کرنا۔
اگر دوران نماز دل میں برے برے خیالات آئیں تو کیا نماز پڑھنا چھوڑ دیں؟ ۳۱۸
مسکرانے سے نماز نہیں ٹوٹتی لیکن با آواز ہنسنے سے ٹوٹ جاتی ہے۔ ۳۱۹
نماز میں قصد پیر و مرشد کا تصور جائز نہیں۔ ۳۲۰
نماز میں قہقہہ لگانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔
نماز کے اندر رونا۔
نماز میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر درود پڑھنے سے نماز نہیں ٹوٹتی۔
نماز کے دوران اگر چھینک آجائے تو کیا الحمد للہ کہنا چاہئے؟ ۳۲۱
نماز میں اردو زبان میں دعا کرنا کیسا ہے؟
آخری قعدہ چھوڑنے والے کی نماز باطل ہو گئی۔

## نماز توڑنے کے عذرات ۳۲۲

مالی نقصان پر نماز کو توڑنا جائز ہے۔
ایک درہم مال ضائع ہونے کا اندیشہ ہو تو نماز توڑنا جائز ہے۔
نماز کے دوران گم شدہ چیز یاد آنے پر نماز توڑ سکتے ہیں۔ ۳۲۳
کسی شخص کی جان بچانے کے لئے نماز توڑنا۔
اگر کوئی بے ہوش ہو کر گر جائے تو اس کو اٹھانے کے لئے نماز توڑ سکتے ہیں۔
نماز میں زہریلی چیز کو مارنا۔
نماز کے دوران بھڑ، شہد کی مکھی وغیرہ کو مارنا۔ ۳۲۴
دروازہ پر فقط دستک سن کر نماز توڑنا جائز نہیں۔
والدین کے پکارنے پر کب نماز توڑی جاسکتی ہے؟

## نماز میں وضو کا ٹوٹ جانا (حدث) ۳۲۶

دوران نماز ریاح روکنے والے کی نماز کا کیا حکم ہے؟
دوران نماز وضو ٹوٹ جانے پر بقیہ نماز کی ادائیگی کیسے کی جائے؟
مقتدی یا امام کا وضو ٹوٹ جائے تو جماعت سے کس طرح نکل کر نماز پوری کرے؟
دو رکعات کے بعد وضو ٹوٹ جانے پر کتنی رکعتیں دوبارہ پڑھے؟ ۳۲۷
نماز کے بعد یاد آیا کہ وضو نہیں تھا تو نماز دوبارہ پڑھے۔

## نماز وتر ۳۳۳

تہجد کے وقت وتر پڑھنا افضل ہے۔
بغیر عذر کے وتر بیٹھ کر ادا کرنا صحیح نہیں۔
ایک رکعت وتر پڑھنا صحیح نہیں۔
وتر کی تیسری رکعت میں دعائے قنوت بھول جانا۔ ۳۳۴
وتر میں دعائے قنوت کے بجائے قل ہو اللہ پڑھنا۔
رمضان کے وتروں میں مقتدی کے لئے دعائے قنوت۔
وتر کی تیسری رکعت میں سورہ اخلاص پڑھنا ضروری نہیں۔
وتر کی تیسری رکعت میں الحمد دوبارہ نہ پڑھیں۔ ۳۳۵
غیر رمضان میں نماز وتر کی جماعت کیوں نہیں ہوتی؟
عشاء کی فرض نماز چھوٹنے پر کیا وتر با جماعت پڑھ سکتا ہے؟
کیا وتر کے بعد کوئی بھی نماز نہیں پڑھ سکتے؟
اگر وتر اور تہجد کی نماز رہ جائے تو ۳۳۶

## سنت نمازوں کی ادائیگی

سنت مؤکدہ اور غیر مؤکدہ کسے کہتے ہیں؟ ۳۳۷
سنن و نوافل کیوں اور کس کے لئے پڑھے جاتے ہیں۔
کیا آج کے مشینی دور میں صرف فرض پڑھ لینا کافی ہے؟
سنت مؤکدہ کا ترک کرنا کیسا ہے؟
سنتیں گھر میں پڑھنا افضل ہے یا مسجد میں؟
کیا سنت و نفل میں وقت نماز کی نیت شرط ہے؟

سنت، نفل، وتر کی اکٹھی نیت درست نہیں۔ ۳۳۹
کیا سنت نماز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے پڑھی جاتی ہے؟
فرض سے پہلے وتر اور سنتیں پڑھنا صحیح نہیں۔
کیا فجر کی سنتوں کی بھی قضا ہوتی ہے؟ ۳۴۰
قضا سنت کی نیت کس طرح کریں۔
فجر کی سنتیں رہ جائیں تو بعد طلوع پڑھیں۔
نماز فجر کے بعد فجر کی سنتیں ادا کرنا۔
فجر کی سنتوں کی تقدیم و تاخیر پر علمی بحث۔ ۳۴۱
سنتیں پڑھنے کے دوران اذان یا اقامت کا ہو جانا۔ ۳۴۲
ظہر اور عشاء کی سنتیں اگر رہ جائیں تو کب پڑھیں؟ ۳۴۳
فرض سے پہلے والی چار رکعت سنتوں میں سے صرف دو رکعت پڑھ سکا تو کیا کرے؟
سنت موکدہ کی آخری دو رکعتوں میں الحمد کے ساتھ سورہ پڑھنی ضروری ہے۔
سنتوں کے لئے جگہ بدلنا۔ ۳۴۴
چار رکعت والی غیر موکدہ سنتوں اور نفلوں کا افضل طریقہ۔
نماز جمعہ کی سنتوں کی نیت کس طرح کی جائے؟ ۳۴۵
نماز جمعہ کی کتنی سنتیں موکدہ ہیں؟
عشاء کی چار سنتیں موکدہ ہیں یا غیر موکدہ؟
عشاء کے بعد کی دو سنتیں پہلے پڑھنا صحیح نہیں۔ ۳۴۶


## قضا نمازیں


نماز قضا کرنے کا ثبوت ۳۴۷
کیا قضا نماز پڑھنا گناہ ہے
قضا نماز کی نیت اور طریقہ ۳۴۸
جان بوجھ کر نماز قضا کرنا گناہ کبیرہ ہے
قضا نمازوں کا حساب بلوغت سے ہے اور نماز میں سستی کی مناسب سزا
کب تک قضا نمازیں پڑھی جائیں ۳۴۹
عمر کے نامعلوم حصہ میں نمازیں قضا ہونے کا شبہ ہو تو کیا کرے ۳۵۰
قضا نمازیں پہلے پڑھیں یا وقتی نمازیں
گزشتہ قضا نمازیں پہلے پڑھیں یا حالیہ قضا نمازیں ۳۵۱
دوسری جماعت کے ساتھ قضا عمری کی نیت سے شریک ہونا
کیا سفر کی مجبوری کی وجہ سے روزانہ نماز قضا کی جا سکتی ہے
مہمانوں کے احترام میں نماز قضا کرنا ۳۵۲
تھکاوٹ یا نیند کے غلبے کی وجہ سے نماز قضا کرنا
اگر فرض دوبارہ پڑھے جائیں تو بعد کی سنتیں بھی دوبارہ پڑھی جائیں ۳۵۳
صاحب ترتیب کی نماز
صاحب ترتیب کی نماز قضا ہونے پر جماعت میں شرکت
قضا نماز کس وقت پڑھنی ناجائز ہے
قضا نمازیں گھر میں پڑھی جائیں یا مسجد میں؟ ۳۵۴
قضا نماز کی جماعت ہو سکتی ہے
قضائے عمری کے ادا کرنے کے سستے نسخوں کی تردید ۳۵۵
جاگنے کی راتوں میں نوافل کے بجائے قضا نمازیں پڑھنا ۳۵۶
قضا نمازیں ادا کرنے کے بارے میں ایک غلط روایت
جمعۃ الوداع میں قضائے عمری کے لئے چار رکعت نفل پڑھنا صحیح نہیں ۳۵۷
حرمین میں نوافل ادا کرنے سے قضا نمازیں پوری نہیں ہوتیں۔
قضا نماز کعبہ شریف میں کس طرح پڑھیں
بیت المقدس یا رمضان میں ایک قضا نماز ایک ہی شمار ہوگی ۳۵۸
۲۷ رمضان اور قضائے عمری
قضا شدہ کئی نمازیں ایک ساتھ پڑھنا ۳۵۹
قضا نمازوں کا فدیہ کب اور کتنا ادا کیا جائے
نماز کا فدیہ کس طرح ادا کیا جائے
صبح کی نماز چھوڑنے والا کب نماز ادا کرے ۳۶۰
فجر کی نماز قضا کرنے والے کے لئے توجہ طلب تین باتیں
فجر اور عصر کے بعد قضا نماز پڑھنا ۳۶۱
کیا فجر کی قضا ظہر سے قبل ادا کرنا ضروری ہے
ظہر نماز کی سنتوں میں قضا نماز کی نیت کرنا
سالہا سال کی عشاء اور وتر نمازوں کی قضا کس طرح کریں ۳۶۲
عیدین، وتر اور جمعہ کی قضا


## سجدہ سہو


سجدہ سہو کن چیزوں سے لازم آتا ہے اور کس طرح کرنا چاہئے ۳۶۳
نماز میں ہونے والی غلطی کی تلافی کا طریقہ
سجدہ سہو کے مختلف طریقوں میں افضل طریقہ ۳۶۴
مقتدی سے غلطی ہو جائے تو وہ سجدہ سہو نہ کرے

کیا قضا نمازوں میں بھی سجدہ سہو کرنا ہوگا
سجدہ سہو کے لئے نیت کرنا
سجدہ سہو میں کتنے سجدے کرنے چاہئیں ٣٦٥
نماز میں غلطی ہونے پر کتنی دفعہ سجدہ سہو کرنا ہوگا
اگر ثناء پڑھنا بھول گیا تو نماز ہو گئی سجدہ سہو کی ضرورت نہیں
ایک سورت چھوڑ کر آگے پڑھنے سے سجدہ سہو لازم نہیں ہوگا
آیات بھولنے والے پر سجدہ سہو ٣٦٦
فرض کی آخری دو رکعتوں میں سورہ ملانے سے سجدہ سہو واجب نہیں ہوتا
ایک رکعت رہنے پر الحمد کے ساتھ سورہ نہ ملانے پر سجدہ سہو کرے
قیام میں بھولے سے التحیات پڑھنے پر کب سجدہ سہو واجب ہوگا ٣٦٧
قیام میں التحیات یا تسبیح پڑھنا اور رکوع و سجود میں قرات کرنا
آخری دو رکعات میں الحمد کے بعد بسم اللہ پڑھ لی تو سجدہ سہو واجب نہیں
الحمد یا دوسری سورۃ چھوڑ دینے پر سجدہ سہو واجب ہے
ظہر اور عصر میں بھول کر فاتحہ بلند آواز سے شروع کر دی تو کیا سجدہ سہو کرنا ہوگا ٣٦٨
دعائے قنوت بھول جائے تو سجدہ سہو کرے
التحیات کے بعد غلطی ہو جائے تو کیا سجدہ سہو کرنا ہوگا
چار رکعت سنت موکدہ کے درمیانی قعدہ میں التحیات سے زیادہ پڑھنے پر سجدہ سہو ٣٦٩
وتر کی نماز میں پہلا قعدہ واجب ہے۔
وتروں میں دو رکعت کے بعد غلطی سے سلام پھیرنے پر صحیح
کیا التحیات میں تھوڑی دیر بیٹھنے والا سجدہ سہو کرے گا
التحیات کی جگہ سورت پڑھنے پر سجدہ سہو کرے ٣٧٠
التحیات کی جگہ الحمد پڑھنے والا سجدہ سہو کرے
کیا رکوع کی تکبیر بھول جانے سے سجدہ سہو لازم آتا ہے
تین سجدے کرنے پر سجدہ سہو واجب ہے
تکبیر کی جگہ سمع اللہ کہہ دیا تو سجدہ سہو لازم نہیں ٣٧١
اگر درمیانی قعدہ میں بیٹھنا بھول جائے تو کیا کرے
اگر قعدہ اولیٰ کا اعادہ ہو گیا تو سجدہ سہو کرے
اگر امام آخری قعدہ کے بعد بھول کر کھڑا ہو جائے تو
امام قرات میں درمیان سے کوئی آیت چھوڑ دے تو کیا سجدہ سہو کرے ٣٧٢
لقمہ دینے پر صحیح پڑھ لینے سے سجدہ سہو لازم نہیں
مسبوق' اور لاحق' کے سجدہ سہو کا حکم ٣٧٣
مسبوق امام کے پیچھے اگر بھول کر درود شریف پڑھ لے تو اس پر سجدہ سہو نہیں ٣٧۴
مسبوق اگر امام کے ساتھ سلام پھیر دے تو اب کیا کرے
جماعت سے چھوٹی ہوئی رکعتوں میں غلطی پر سجدہ سہو کا حکم
بھول کر امام کے ساتھ سلام پھیرنے والا اگر فوراً سجدہ سہو کر لے تو کیا حکم ہے ٣٧۵
ایک رکعت زیادہ پڑھ لی تو کیا سجدہ سہو کرنے سے نماز ہو جائے گی
تین رکعت فرض کو بھول کر چار رکعت پڑھنا
چار رکعت کے بجائے پانچ پڑھنے والا سجدہ سہو کس طرح کرے ٣٧٦
جمعہ اور عیدین میں سجدہ سہو نہ کرنے کی گنجائش ہے
فرضوں میں یاد آئے کہ سنتوں میں سجدہ سہو کرنا تھا تو اب کیا کرے ٣٧٧
نفل نماز بیٹھ کر شروع کی اس کے بعد کھڑا ہو گیا تو سجدہ سہو نہیں
سجدہ سہو کب تک کر سکتا ہے
مسافر کی نماز ٣٧٩
کتنے فاصلے کی مسافت پر قصر نماز ہوتی ہے
نماز کو قصر کرنے کی رعایت قیامت تک کے لئے ہے
مسافر شہر کی آبادی سے باہر نکلتے ہی قصر پڑھے گا
قصر نماز کے لئے کس راستہ کا اعتبار ہے ٣٨٠
کیا شہر سے ٧٠ کلو میٹر دور جانے آنے والا ٹرک ڈرائیور مسافر ہوگا
ریلوے ملازم مسافر کی نماز
جہاں انسان کی جائیداد و مکان نہ ہو وہ وطن اصلی نہیں ہے ٣٨١
جس شہر میں مکان کرایہ کا ہو چاہے اپنا، وہاں پہنچتے ہی مسافر مقیم بن جاتا ہے
ایک ہفتہ ٹھہرنے کی نیت سے اپنے گھر سے ساٹھ میل دور رہنے والا شخص نماز قصر کرے ٣٨٢

بیک وقت دو شہروں میں مقیم کس طرح قصر نماز پڑھے
مسافر مختلف قریب قریب جگہوں میں رہے تب بھی قصر کرے ۳۸۲
مرد اور عورت اپنی اپنی سسرال میں مقیم ہوں گے یا مسافر
ھاسٹل میں رہنے والا طالب علم کتنی نماز وہاں پڑھے اور کتنی گھر پر
کیا سفر سے واپسی میں بھی نماز قصر پڑھنی ہوگی ۳۸۴
میدان عرفات میں قصر کیوں پڑھی جاتی ہے
منیٰ میں قصر نماز
امام مسافر کے پیچھے بھی مقیم مقتدی کو جماعت کی فضیلت ملتی ہے ۳۸۵
مقیم امام کی اقتداء میں مسافر مقتدی کتنی رکعات کی نیت کرے ۳۸۶
کیا بس اور جہاز میں نماز ادا کرنی چاہئے۔
ہوائی جہاز میں نماز کا کیا حکم ہے
بحری جہاز کا عملہ مسافر ہے شہری بندرگاہ پر وہ مقیم بن سکتا ہے ۳۸۷
کیا ریل میں سیٹ پر بیٹھ کر کسی طرف بھی منہ کر کے نماز پڑھ سکتے ہیں ۳۸۸
ریل گاڑی میں نماز کس طرح ادا کی جائے
ریل گاڑی میں نماز کس طرح پڑھے جبکہ پانی تک پہنچنے پر قادر نہ ہو ۳۸۹
بس میں بیٹھ کر نماز نہیں ہوتی مناسب جگہ روک کر پڑھیں ۳۹۰
چلتی کار میں نماز پڑھنا درست نہیں مسجد پر روک کر پڑھیں
اگر کسی نے دوران سفر پورے فرائض پڑھے تو کیا نماز ہو جائے گی۔ ۳۹۱
اگر مسافر امام نے چار رکعتیں پڑھائیں تو......
دوران سفر اگر سنتیں رہ جائیں تو کیا گناہ ہوگا
قصر نماز میں التحیات ' درود شریف اور دعا کے بعد سلام پھیرا جائے ۳۹۲
اگر مسافر کہیں قیام کرے تو کیا موکدہ سنتیں پڑھنی چاہئیں

## جمعہ کی نماز ۳۹۳

جمعہ کا دن سب سے افضل ہے
اللہ تعالیٰ نے جمعہ کو سید الایام بنایا ہے
نماز جمعہ کی اہمیت ۳۹۴
جمعہ کی نماز فرض یا واجب ۳۹۵
اور نام کی خاطر جمعہ کی نماز چھوڑنا سخت گناہ ہے ۳۹۶
جمعہ کے لئے شرائط
جمعہ شہر اور قصبہ میں جائز ہے چھوٹے گاؤں میں نہیں
بڑے قصبے کے ملحقہ چھوٹے چھوٹے قصبات میں جمعہ پڑھنا ۳۹۷
بڑے گاؤں میں جمعہ فرض ہے پولیس تھانہ ہو یا نہ ہو
چھوٹے گاؤں میں جمعہ پڑھنا صحیح نہیں ہے ۳۹۸
ڈیڑھ سو گھر بال والے گاؤں میں نماز جمعہ ۳۹۹
جنگل میں جمعہ کی نماز کسی کے نزدیک صحیح نہیں
جیل خانہ میں نماز جمعہ ادا کرنا
فوجی کیمپ میں جمعہ ادا کرنا ۴۰۰
جس مسجد میں پنجگانہ نماز نہ ہوتی ہو اس میں جمعہ ادا کرنا ۴۰۱
جس مسجد میں امام مقرر نہ ہو وہاں بھی نماز جمعہ جائز ہے
جمعہ کی پہلی اذان کے بعد دنیوی کاموں میں مشغولی حرام ہے
اذان اول کے بعد نکاح کرنا اور کھانا کھانا جائز نہیں ۴۰۲
جمعہ کی تیسری اذان صحیح نہیں
رکعات جمعہ کی تعداد و تفصیل اور نیت
بیک وقت جمعہ اور ظہر دونوں کو ادا کرنے کا حکم نہیں ۴۰۳
نماز جمعہ میں تشہد میں ملنے والا نماز جمعہ پڑھے یا نماز ظہر
جمعہ کی نماز نہ ملے تو گھر میں پڑھنا کیسا ہے؟
جس جگہ جمعہ کی نماز نہ ہوتی ہو وہاں آدمی ظہر کی نماز پڑھے
صاحب ترتیب پہلے فجر کی قضا پڑھے پھر جمعہ ادا کرے ۴۰۴
جمعہ کو خطبہ سے پہلے مسجد پہنچنے کا ثواب اور خطبہ سے غیر حاضری سے محرومی
جمعہ کے خطبہ میں لوگوں کو کس طرح بیٹھنا چاہئے ۴۰۵
خطبہ جمعہ کے دوران صفیں پھلانگنا
دوران خطبہ انگلیوں میں انگلیاں ڈال کر بیٹھنا منع ہے
خطبات جمعہ عربی میں کیوں دیئے جاتے ہیں ۴۰۶
اگر خطبہ ظہر سے پہلے شروع ہو تو سنت کب پڑھے
خطبہ جمعہ سنے بغیر نماز جمعہ ادا کرنا
خطبہ جمعہ کے دوران سنتیں پڑھنا
خطبہ جمعہ کے دوران نماز پڑھنا صحیح نہیں ۴۰۷
جمعہ کے خطبہ کے دوران دو رکعت پڑھنا صرف ایک صحابیؓ کے لئے استثنیٰ تھا
خطبہ جمعہ کے دوران نوافل پڑھنا اور گفتگو کرنا
خطبہ کے دوران اذان کے بعد دعا مانگنا ۴۰۸

جمعہ کے خطبہ سے پہلے تسبیہ بلند آواز سے کیوں نہیں پڑھی جاتی

خطبہ جمعہ کو مسنون طریقہ کے خلاف پڑھنا

خطبہ سے پہلے امام کا سلام کہنا ۴۰۹

خطبہ میں خلفائے راشدین کا ذکر کرنا ضروری ہے

خطبہ کے دوران درود شریف پڑھنے کا حکم

خطبہ جمعہ کے دوران بآواز آمین کہنا صحیح نہیں ۴۱۰

دوران خطبہ سلام کرنا جواب دینا حرام ہے

خطبہ کے دوران گفتگو اور اذان کا جواب دینا

خطبہ کے دوران چندہ لینا ناجائز نہیں

جمعہ کا خطبہ ایک نے پڑھا اور نماز دوسرے نے پڑھائی

نماز جمعہ دوبارہ پڑھنا ۴۱۱

نماز جمعہ کی سنتوں کی نیت کس طرح کریں

کیا سنن جمعہ کے لئے تعین جمعہ ضروری ہے

جمعہ سے قبل چار رکعت پڑھنا کیسا ہے ۴۱۲

جمعہ بعد سنتوں میں وقفہ ہونا چاہئے

جمعۃ الوداع کے بارے میں

جمعہ کے دن عید ہو تب بھی نماز جمعہ پڑھی جائے گی ۴۱۳

کیا عورت ۔ پر جمعہ کی نماز پڑھ سکتی ہے ۴۱۴


## عیدین کی نماز ۴۱۵


نماز عیدین کی نیت

بلا عذر نماز عید مسجد میں پڑھنا مکروہ ہے

قبولیت کا دن کس ملک کی عید کا ہوگا

رمضان میں ایک ملک سے دوسرے ملک جانے والا عید کب کرے

پاکستان سے سعودیہ جانے والا آدمی سعودیہ میں کس دن عید کرے ۴۱۶

نماز عید میں اگر مقتدی کی تکبیرات نکل جائیں تو نماز کس طرح پوری کرے

عید کی نماز میں اگر امام سے غلطی ہو جائے تو کیا کرے

اگر عیدین میں تکبیریں بھول جائیں تو؟ ۴۱۷

خطبہ کے بغیر عید کا کیا حکم ہے؟

نماز عید پر خطبہ، دعا اور معانقہ

عیدین کی جماعت سے رہ جانے والا شخص کیا کرے

بقرعید کے دنوں میں تکبیرات تشریق کا حکم ۴۱۸

کیا جمعہ کی عید مسلمانوں پر بھاری ہوتی ہے

عید میں غیر مسلم سے عید ملنا کیسا ہے؟

عیدی کی رسم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# وضو کے مسائل

## غسل سے پہلے وضو کرنے کی تفصیل

س..... ایک قاری کے ایک سوال کے جواب میں آپ نے غسل اور وضو کے متعلق تحریر فرمایا ہے کہ غسل کرنے سے وضو ہو جاتا ہے۔ اس لئے غسل کے بعد وضو کرنے کی ضرورت نہیں۔ نماز پڑھی جا سکتی ہے۔ بلکہ جب تک اس غسل سے کم از کم دو رکعت نہ پڑھ لی جائیں دوبارہ وضو کرنا گناہ ہے۔

میں نے خود بارہا یہ مسئلہ کتابوں میں پڑھا ہے لیکن آپ جیسے اہل علم حضرات سے کبھی استفادہ نہیں کیا اور اب تک شکوک و شبہات میں مبتلا رہا۔ برائے کرم میری تسلی و تشفی کے لئے اور دیگر مجھ جیسے قارئین کی بھلائی کی خاطر ذرا تفصیلاً اس مسئلہ کی وضاحت فرمائیں۔

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ وضو میں ایک مرتبہ چوتھائی سر کا مسح کرنا فرض ہے اب اگر ایک شخص پر غسل کرنا فرض ہے تب تو وہ وضو بھی کریگا لیکن ایک شخص پاکی کی حالت میں غسل کرتا ہے تو ظاہر ہے وہ وضو نہیں کرے گا۔ پھر چوتھائی سر کا مسح چہ معنی؟ اور وہ کس طرح صرف غسل سے نماز پڑھ سکتا ہے۔ ایک حدیث پیش خدمت ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم غسل کے بعد وضو نہیں کرتے تھے اور غسل سے پہلے جو وضو کرتے تھے اسی پر اکتفا فرماتے تھے۔ (ترمذی، ابو داؤد، ابن ماجہ)

مندرجہ بالا حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غسل سے پہلے وضو پر اکتفا فرماتے تھے۔ یعنی وضو ضرور فرماتے تھے۔ لہٰذا مندرجہ بالا حدیث کی روشنی میں تحریر فرمائیں کہ بغیر وضو کے غسل سے نماز پڑھی جا سکتی ہے یا نہیں جبکہ سر کا مسح وضو میں فرض ہے۔

ج..... وضو نام ہے تین اعضاء (منہ، ہاتھ اور پاؤں) کے دھونے اور سر کے مسح کرنے کا۔ اور جب آدمی نے غسل کر لیا تو اس کے ضمن میں وضو بھی ہو گیا۔ غسل سے پہلے وضو کر لینا سنت ہے جیسا کہ

آپ نے حدیث شریف نقل کی ہے۔ لیکن اگر کسی نے غسل سے پہلے وضو نہیں کیا تب بھی غسل ہو جائیگا۔ اور غسل کے ضمن میں وضو بھی ہو جائیگا۔ مسح کے معنی تر ہاتھ سر پر پھیرنے کے ہیں جب سر پر پانی ڈال کر مل لیا تو مسح سے بڑھ کر غسل ہو گیا۔ بہرحال عوام کا یہ طرز عمل کہ وہ غسل کے بعد پھر وضو کرتے ہیں، بالکل غلط ہے۔ وضو غسل سے پہلے کرنا چاہئے تاکہ غسل کی سنت ادا ہو جائے غسل کے بعد وضو کرنے کا کوئی جواز نہیں۔

## نہانے کے بعد وضو غیر ضروری ہے

س...... نہانے کے بعد بعض آدمیوں سے سنا ہے کہ وضو کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں جواب دیں کہ آیا نہانے کے بعد وضو کے نہ کرنے کا طریقہ درست ہے یا نہیں۔

ج...... نہانے سے وضو بھی ہو جاتا ہے بعد میں وضو کی ضرورت نہیں۔

## جمعہ کی نماز کے لئے غسل کے بعد وضو کرنا

س...... جمعہ کی نماز کیلئے غسل کرنے کے بعد وضو کرنا ضروری ہوتا ہے یا نہیں۔

ج...... نہیں، غسل کے بعد جب تک وضو نہ ٹوٹے دوبارہ وضو کرنے کی ضرورت نہیں۔

## وضو میں نیت شرط نہیں

س...... وضو کرنے کے لئے نیت کرنا ضروری ہے۔ ہم نے کتاب میں پڑھا ہے کہ منہ ہاتھ دھونے میں وہی کام کیا جاتا ہے جو وضو کرنے میں کرتے ہیں۔ اگر وضو کی نیت نہیں کی گئی تو وضو نہیں ہوگا بلکہ صرف منہ ہاتھ دھونا ہوا اس کے علاوہ وضو میں جو فرائض ہیں وہی اگر چھوٹ گئے تو پھر وضو کیسے ہوا۔

ج...... نیت کرنا وضو میں فرض نہیں، اگر منہ، ہاتھ، پاؤں دھولئے جائیں اور سر کا مسح کر لیا جائے (کہ یہی چار چیزیں وضو میں فرض ہیں) تو وضو ہو جاتا ہے البتہ وضو کا ثواب تب ملے گا جب وضو کی نیت بھی کی ہو۔

## بغیر وضو کئے محض نیت سے وضو نہیں ہوتا

س...... اکثر مقامات پر مساجد میں پانی کا انتظام نہیں ہوتا اور پھر وضو کے لئے کافی تکلیف ہو جاتی ہے۔ میں نے سنا ہے کہ اگر کہیں پانی دستیاب نہ ہو تو وضو کی نیت کرنے سے وضو ہو جاتا ہے۔ کیا ایسا ہو سکتا ہے! اگر وضو ہو سکتا ہے تو اس کی نیت بھی ایسے ہی کرنی ہوتی ہے جیسے ہم پانی کے ساتھ وضو کرتے وقت کرتے ہیں۔

ج...... محض وضو کی نیت کرنے سے وضو نہیں ہوتا۔ آپ نے غلط سنا ہے. شریعت کا حکم یہ ہے کہ اگر کسی جگہ وضو کے لئے پانی دستیاب نہ ہو تو پاک مٹی سے تیمم کیا جائے۔ اور پانی دستیاب نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ پانی کم سے کم ایک میل دور ہو..... اس لئے شہر میں پانی کے دستیاب نہ ہونے کی کوئی وجہ نہیں۔ جنگل میں ایسی صورت پیش آسکتی ہے۔

## اعضائے وضو کا تین بار دھونا کامل سنت ہے

س...... ہمارے اسلامیات کے استاد نے بتایا ہے کہ وضو کرتے وقت ہاتھ دھونا، کلی کرنا، ناک میں پانی ڈالنا، منہ دھونا وغیرہ جو کہ تین دفعہ دھویا جاتا ہے۔ دو دفعہ بھی دھویا جاسکتا ہے کیا یہ درست ہے؟

ج. کامل سنت تمین تین بار دھونا ہے۔ وضو دو بار دھونے بلکہ ایک ہی بار دھونے سے بھی ہو جائیگا۔ بشرطیکہ ایک بال کی جگہ بھی خشک نہ رہے۔

## گھنی داڑھی کو اندر سے دھونا ضروری نہیں صرف خلال کافی ہے

س... کیا وضو کرتے وقت تین دفعہ منہ دھونے کے بعد داڑھی کو اندر سے باہر سے تر کرنے کیلئے بار بار ہاتھوں میں پانی لے کر دھونا ضروری ہے؟

ج...... داڑھی اگر گھنی ہو کہ اندر کی جلد نظر نہ آئے تو اس کو اوپر سے دھونا فرض ہے اور اس کا خلال کرنا سنت ہے۔ اور اگر ہلکی ہو تو پوری داڑھی کو پانی سے تر کرنا ضروری ہے۔

## آب زمزم سے وضو اور غسل کرنا

س..... مولانا صاحب! میں مکہ مکرمہ میں رہتا ہوں کئی دنوں سے اس مسئلے پر دل میں الجھن رہتی ہے۔ برائے مہربانی اس کا شرعی حل بتائیں۔ آپ کا شکر گزار ہوں گا۔ مولانا صاحب ہم پاکستان میں تھے تو آب زمزم کے لئے اتنی محبت تھی کہ کچھ بتا نہیں سکتے۔ اب بھی وہی ہے۔ ایک قطرے کے لئے ترستے تھے۔ یہاں لوگ وضو کرتے ہیں کیا یہ جائز ہے یا نہیں۔ نماز کے لئے وضو کر لینا جائز ہے یا ادب کے خلاف ہے۔ تفصیل سے جواب لکھیں۔

ج...... جو شخص باوضو اور پاک ہو وہ اگر محض برکت کیلئے آب زمزم سے وضو یا غسل کرے تو جائز ہے۔ اسی طرح کسی پاک کپڑے کو برکت کیلئے زمزم سے بھگونا بھی درست ہے۔ لیکن بے وضو آدمی کا زمزم شریف سے وضو کرنا یا کسی جنبی کا اس سے غسل کرنا مکروہ ہے۔ ضرورت کے وقت (جبکہ دوسرا پانی نہ ملے) زمزم شریف سے وضو کرنا تو جائز ہے مگر غسل جنابت بہرحال مکروہ ہے۔ اسی طرح اگر بدن یا کپڑے پر نجاست لگی ہو اس کو زمزم شریف سے دھونا بھی مکروہ بلکہ بقول بعض حرام ہے۔ یہی حکم زمزم

سے استنجا کرنے کا ہے۔ نقل کیا گیا کہ بعض لوگوں نے آب زمزم سے استنجا کیا تو ان کو بواسیر ہو گئی۔ خلاصہ یہ کہ زمزم نہایت متبرک پانی ہے اس کا ادب ضروری ہے۔ اس کا پینا موجب خیر و برکات ہے۔ اور چہرے پر، سر پر اور بدن پر ڈالنا بھی موجب برکت ہے لیکن نجاست زائل کرنے کے لئے اس کو استعمال کرنا ناروا ہے۔

## پہلے وضو سے نماز پڑھے بغیر دوبارہ وضو کرنا گناہ ہے

س..... اگر کسی شخص کو غسل کی حاجت نہیں ہے۔ یعنی وہ پاک ہے وہ صرف نہاتا ہے ظاہر ہے نہانے میں اس کا جسم سر سے لے کر پیر تک بھیگے گا اس صورت میں وہ شخص بغیر وضو کے نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ یاد رہے کہ وہ شخص صرف نہایا ہے اس نے نہ نہانے سے پہلے اور نہ نہانے کے بعد وضو بنایا ہے لیکن سر سے پیر تک پانی ضرور بہایا ہے؟

ج..... غسل کرنے سے وضو ہو جاتا ہے۔ اس لئے غسل کے بعد وضو کرنے کی ضرورت نہیں۔ نماز پڑھ سکتا ہے۔ بلکہ جب تک اس غسل سے کم سے کم دو رکعت نہ پڑھ لی جائیں یا کوئی دوسری عبادت جس میں وضو شرط ہے ادا نہ کر لی جائے دوبارہ وضو کرنا مکروہ ہے۔

## ایضاً

س..... اخبار جنگ میں آپ کے کالم میں ایک سوال کے جواب میں کہ نہانے سے قبل یا بعد، وضو نہ کرنے کے باوجود نہا لینے سے وضو ہو جاتا ہے اور اس سے نماز پڑھی جا سکتی ہے بلکہ غسل کے بعد اگر دو رکعت نماز نہ پڑھی جائے اور وضو کیا جائے تو گناہ گار ہو گا یہ بات سمجھ میں نہیں آتی مہربانی فرما کر ذرا وضاحت سے سمجھا دیں۔

ج..... دو باتیں سمجھ لیجئے اول یہ کہ غسل میں جب پورے بدن پر پانی بہا لیا تو وضو ہو گیا۔ دوسرے لفظوں میں غسل کے اندر وضو خود بخود داخل ہو جاتا ہے دوسری بات یہ کہ وضو کے بعد جب تک اس وضو کو استعمال نہ کر لیا جائے دوبارہ وضو کرنا مکروہ ہے اور وضو کو استعمال کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس وضو سے کم از کم دو رکعت نماز پڑھ لی جائے۔ یا کوئی ایسی عبادت کر لی جائے جس کے لیے وضو شرط ہے۔ مثلاً نماز جنازہ، سجدۂ تلاوت۔

## ایضاً

س..... جب ہم غسل کرتے ہیں تو ہم صرف انڈر ویئر استعمال کرتے ہیں۔ میں نے کافی حضرات سے دریافت کیا کہ ہم جو پہلے وضو کرتے ہیں وہ ہو جاتا ہے یا نہیں تو ہر ایک نے یہی جواب دیا کہ کپڑے پہننے کے بعد دوبارہ وضو کرنا ضروری ہے ورنہ نماز نہیں ہوتی؟

ج..... خدا جانے آپ نے کس سے پوچھا ہو گا کسی عالم سے دریافت فرمایئے۔ غسل کر لینے کے بعد

دوبارہ وضو کرنے کا جہاں تک مجھے معلوم ہے کوئی عالم دین قائل نہیں۔ اور یہ جو مشہور ہے کہ برہنہ ہونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا کہ برہنہ ہونے کی حالت میں وضو نہیں ہوتا' یہ محض غلط ہے۔

## ایک وضو سے کئی عبادات

س..... اگر وضو قرآن پاک پڑھنے کی نیت سے کیا تو اس وضو سے نماز جائز ہے یا نہیں؟

ج..... وضو خواہ کسی مقصد کیلئے کیا ہو اس سے نماز جائز ہے اور نہ صرف نماز' بلکہ اس وضو سے وہ تمام عبادات جائز ہیں جن کے لئے طہارت شرط ہے۔

## ایک وضو سے کئی نمازیں

س..... میں عصر کے وقت وضو کرلیتی ہوں اور اسی وضو سے مغرب اور عشاء کی نماز پڑھ لیتی ہوں۔ ہماری پڑوسن کہتی ہے کہ ہر نماز کے لئے الگ الگ وضو کرنا چاہئے دونوں میں سے کیا صحیح ہے؟

ج..... اگر وضو نہ ٹوٹے تو ایک وضو سے کئی نمازیں پڑھ سکتے ہیں۔ ہر نماز کے لئے وضو ضروری نہیں۔ کرلے تو اچھا ہے۔

## پاکی کیلئے کئے گئے وضو سے نماز پڑھنا

س..... پاکی کیلئے جو وضو کیا جاتا ہے کیا اس وضو سے نماز بھی پڑھی جاسکتی ہے؟

ج..... وضو خواہ کسی مقصد کیلئے کیا ہو' اس سے نماز جائز ہے۔

## کیا نماز جنازہ والے وضو سے دوسری نمازیں پڑھ سکتے ہیں

س..... جو وضو نماز جنازہ پڑھنے کے لئے کیا گیا تھا اس وضو سے نماز پنجگانہ پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

ج..... پڑھ سکتے ہیں مگر نماز جنازہ کے لئے جو تیمم کیا جائے اس سے دوسری نمازیں نہیں پڑھ سکتے۔

## غسل کے دوران وضو ٹوٹ جانا

س..... غسل کرنے سے پہلے وضو کیا لیکن غسل کے دوران اگر وضو ٹوٹ جائے اور غسل کے بعد کوئی نماز بھی نہ پڑھنی ہو (کسی نماز کا وقت قریب نہ ہو) تو کیا غسل کے بعد وضو دوبارہ کرنا چاہئے؟

ج..... اگر وضو ٹوٹنے کے بعد غسل کیا اور اس سے وضو کے اعضاء دوبارہ دھل گئے اس کے بعد وضو توڑنے والی کوئی چیز پیش نہیں آئی تو اس کا وضو ہوگیا۔ نماز بھی پڑھ سکتا ہے۔

## جس غسل خانہ میں پیشاب کیا ہو اس میں وضو

س..... ہمارے گھر میں ایک غسل خانہ ہے جہاں ہم سب نہاتے ہیں اور رات کو اٹھ کر پیشاب بھی کرتے ہیں اور مجھے نماز پڑھنی ہوتی ہے۔ کیا اس غسل خانہ میں وضو کرنا جائز ہے؟

ج..... غسل خانے میں پیشاب نہیں کرنا چاہئے اس سے وسوسہ کا مرض ہو جاتا ہے اور اگر اس میں کسی نے پیشاب کر دیا ہو تو وضو سے پہلے اس کو دھو کر پاک کر لینا چاہئے۔

## گرم پانی سے وضو کرنا

س..... گرم پانی سے وضو کرنا چاہئے یا نہیں؟

ج..... کوئی حرج نہیں۔

س..... اگر وضو کے دوران کوئی حصہ خشک رہ جائے تو دوبارہ وضو کرنا چاہئے یا اس حصے پر پانی ڈالنا چاہئے۔

ج..... صرف اتنے حصے کا دھو لینا کافی ہے۔ لیکن اس خشک حصہ پر پانی کا بہانا ضروری ہے۔ صرف گیلا ہاتھ پھیر لینا کافی نہیں۔

## وضو کے بچے ہوئے پانی سے وضو جائز ہے

س..... اگر ایک نمازی وضو کرتا ہے اور جس برتن میں پانی لے کر وضو کیا اس برتن میں کچھ پانی بچ جاتا ہے اس بچے ہوئے پانی کو دوسرا آدمی وضو کے لئے استعمال کر سکتا ہے یا نہیں؟

ج..... وضو کا بچا ہوا پانی پاک ہے دوسرا آدمی اس کو استعمال کر سکتا ہے۔

## مستعمل پانی سے وضو

س..... مستعمل پانی اور غیر مستعمل پانی جبکہ یکجا جمع ہوں کوئی اور پانی برائے وضو نہ ملے اور مستعمل اور غیر مستعمل برابر ہوں، مثلاً ایک لوٹا مستعمل اور ایک لوٹا غیر مستعمل ہو۔ اب فرمائیں کہ اس صورت میں کیا کریں وضو یا تیمم؟

ج..... مستعمل اور غیر مستعمل پانی اگر مل جائیں تو غالب کا اعتبار ہے۔ اور اگر دونوں برابر ہوں تو احتیاطاً غیر مستعمل کو مغلوب قرار دیا جائے گا۔ اور اس سے وضو صحیح نہیں۔

نوٹ۔ مستعمل پانی وہ کہلاتا ہے جو وضو اور غسل کرتے وقت اعضاء سے گرے اور جس برتن سے وضو یا غسل کر رہے ہوں وضو اور غسل کے بعد جو پانی بچ جاتا ہے وہ مستعمل پانی نہیں کہلاتا۔

## بوجہ عذر کھڑے ہو کر وضو کرنا

س...... کیا کھڑے ہو کر وضو کیا جاسکتا ہے جبکہ بیٹھ کر وضو کرنے میں تکلیف ہو؟

ج...... کھڑے ہو کر وضو کرنے میں چھینٹے پڑنے کا احتمال ہے۔ اس لئے حتی الوسع وضو بیٹھ کر کرنا چاہئے لیکن اگر مجبوری ہو تو کھڑے ہو کر وضو کرنے میں بھی کوئی مضائقہ نہیں۔

## کھڑے ہو کر بیسن میں وضو کرنا

س...... آج کل گھروں میں بیسن لگے ہوئے ہیں اور لوگ زیادہ تر بیسن سے ہی کھڑے ہو کر وضو کر لیتے ہیں۔ وضو کھڑے ہو کر کرنے سے نماز ہو جاتی ہے؟

ج......وضو تو اس طرح بھی ہو جاتا ہے (اور وضو صحیح ہو تو اس سے نماز پڑھنا بھی صحیح ہے) لیکن افضل یہ ہے کہ قبلہ رخ بیٹھ کر وضو کرے۔

## کپڑے خراب ہونے کا اندیشہ ہو تو کھڑے ہو کر وضو کرنا

س...... کھڑے ہوتے ہوئے آدمی وضو کرلیں۔ بیٹھنے سے کپڑے خراب ہونے کا اندیشہ ہو اور اکثر اوقات آدمی کھڑے ہو کر وضو کرتے ہیں تو کیا نماز ہو جاتی ہے یا کہ نہیں؟ کیونکہ اس جگہ میں صرف شینک سسٹم ہے اور بیٹھنے کی جگہ نہیں ہے۔

ج ...... اگر بیٹھنے کا موقع نہ ہو تو کھڑے ہو کر وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ چھینٹوں سے پرہیز کرنا چاہئے۔

## قرآن مجید کی جلد سازی کیلئے وضو

س ...میں بنیادی طور پر جلد ساز ہوں۔ میری دکان پر ہر قسم کی اسٹیشنری وغیرہ کی جلد سازی ہوتی ہے۔ جس میں سرفہرست قرآن کریم کی جلد سازی ہے۔ میرا طریقہ کار یہ ہے کہ جلد سازی سے قبل صرف ہاتھوں کو دھو کر جلد سازی کرتا ہوں تاہم بحیثیت مسلمان میرے دل و دماغ میں یہ بات ہمیشہ کھٹکتی رہتی ہے کہ قرآن کریم جیسی عظیم المرتبت کتاب کی جلد سازی اگر باوضو کی جائے تو زیادہ بہتر ہے گا مگر کام کی زیادتی کی وجہ سے میرے لئے یہ مشکل ہے۔ اس موقع پر یہ سوچتا ہوں کہ جہاں قرآن کریم کی کتابت' طباعت و دیگر مراحل طے پاتے ہیں تو کیا سارے افراد باوضو ہو کر اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچاتے ہیں۔ اس سلسلہ میں کئی لوگوں سے مشورہ کیا تو انہوں نے کہا کہ میاں! آپ صرف نماز پڑھا کریں یہ کوئی اہم مسئلہ نہیں اور نہ ہی فرض! براہ کرم میری الجھن دور فرمائیں۔

ج...... قرآن کریم کے اوراق کو بغیر وضو کے ہاتھ لگانا جائز نہیں' آپ "کئی لوگوں سے مشورہ"

نہ کریں۔ قرآن کریم کی جلد سازی کے لئے وضو کا اہتمام کریں۔ اگر معذور ہے تو مجبوری ہے تاہم اس کو ہلکی اور معمولی بات نہ سمجھا جائے۔

## وضو کرنے کے بعد ہاتھ مُنہ پونچھنا

س..... وضو کرنے کے بعد ہاتھ مُنہ پونچھنے سے ثواب میں کوئی کمی بیشی تو نہیں ہو جاتی؟

ج..... نہیں۔

## وضو سے پہلے اور کھانے کے بعد مسواک کرنا

س..... مسواک کر کے عصر کا وضو کیا پھر مغرب کی نماز کے لئے وضو کرنے سے پہلے دوبارہ مسواک کرنا ضروری ہے۔ حالانکہ عصر اور مغرب کے درمیان کچھ نہ کھایا اور نہ پیا ہو؟

ج..... وضو کرتے وقت مسواک کرنا سنت ہے، خواہ وضو پر وضو کیا جائے اور کھانے کے بعد مسواک کرنا الگ سنت ہے۔

## مسواک کرنا خواتین کے لئے بھی سنت ہے

س..... کیا نماز سے پہلے وضو میں مسواک کرنا عورتوں کے لئے بھی اسی طرح سنت ہے جیسے مردوں کے لئے۔

ج..... مسواک خواتین کیلئے بھی سنت ہے لیکن اگر ان کے مسوڑھے مسواک کے متحمل نہ ہوں تو ان کیلئے دَنداسہ کا استعمال بھی مسواک کے قائمقام ہے جبکہ مسواک کی نیت سے اس کا استعمال کریں۔

## وضو کے بعد عین نماز سے پہلے مسواک کرنا کیسا ہے؟

س..... میں اپنی پھوپھی کے ہاں ریاض گیا تھا وہاں میں نے مسجد میں دیکھا لوگ صفوں میں بیٹھے مسواک کر رہے ہیں جب مکبر نے تکبیر کہنی شروع کی تو انہوں نے پہلے مسواک کی اور کھڑے ہو کر نماز پڑھنی شروع کر دی۔ جب نماز ختم ہوئی تو میں نے دریافت کیا کہ کیا اس طرح مسواک کرنا جائز ہے تو امام صاحب نے فرمایا یہ حدیث نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے کہ نماز شروع کرنے سے پہلے اور وضو کرنے سے پہلے مسواک کر لیا کرو۔ میرے خیال میں نماز سے پہلے مسواک کرنے کا مفہوم یہ ہے کہ جو لوگ عصر سے مغرب تک باوضو رہتے ہیں اور درمیان میں کچھ کھاتے پیتے رہتے ہیں تو ان کیلئے حکم یہ ہے کہ نماز سے پہلے مسواک کر کے کلی وغیرہ کر لیں۔

ج..... ان امام صاحب نے جس حدیث پاک کا حوالہ دیا ہے وہ یہ ہے۔

"لولا ان اشق علی امتی لامرتھم بالسواک عند کل صلوۃ
یعنی۔ اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ میں اپنی امت کو مشقت میں ڈال دوں گا تو
ان کو ہر نماز کے وقت مسواک کا حکم کرتا۔"

اس حدیث کے راویوں کا الفاظ کے نقل کرنے میں اختلاف ہے۔ بعض حضرات "عند کل صلوۃ۔ کے الفاظ نقل کرتے ہیں اور بعض اس کے بجائے "عند کل وضو" نقل کرتے ہیں۔ (صحیح بخاری ص۲۵۹ '۱۲ ) یعنی ہر وضو کے وقت مسواک کا حکم کرتا۔

ان دونوں الفاظ کے پیش نظر حضرت امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک حدیث کا مطلب یہ نکلتا ہے کہ ہر نماز سے پہلے وضو کرنے اور ہر وضو کی ابتدا مسواک سے کرنے کی ترغیب دی گئی ہے اور ہر نماز کے وقت مسواک کا حکم دینے سے مقصود یہ ہے کہ ہر نماز کے وضو سے پہلے مسواک کی جائے۔ عین نماز کے لئے کھڑے ہونے کے وقت مسواک کی ترغیب مقصود نہیں۔ اگر آدمی نماز کیلئے کھڑے ہوتے وقت مسواک کرے تو اندیشہ ہے کہ دانتوں سے خون نکل آئے جس سے وضو ساقط ہو جائے گا۔ اور جب وضو نہ رہا تو نماز بھی نہ ہوگی۔ اس لئے حضرت امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ ہر نماز کے وضو سے پہلے مسواک کرنا سنت ہے۔ عین نماز کے وقت مسواک نہیں کی جاتی۔

علاوہ ازیں مسواک' منہ کی نظافت اور صفائی کیلئے کی جاتی ہے اور یہ مقصود اسی وقت حاصل ہو سکتا ہے جبکہ وضو کرتے ہوئے مسواک کی جائے اور پانی سے کلی کر کے منہ کو اچھی طرح صاف کر لیا جائے۔ نماز کے لئے کھڑے ہوتے وقت بغیر پانی اور کلی کے مسواک کرنے سے منہ کی نظافت اور صفائی حاصل نہیں ہوتی جو مسواک سے مقصود ہے۔

سعودی حضرات چونکہ امام احمد بن حنبلؒ کے مقلد ہیں اور ان کے نزدیک خون نکل آنے سے وضو نہیں ٹوٹتا اس لئے نماز کے لئے کھڑے ہوتے وقت مسواک کرتے ہیں۔ اور حدیث شریف کا یہی منشا سمجھتے ہیں۔

## کیا ٹوتھ برش مسواک کی سنت کا بدل ہے

س کیا برش اور ٹوتھ پیسٹ کے استعمال سے مسواک کا ثواب مل جاتا ہے جبکہ برش سے دانت اچھی طرح صاف ہو جاتے ہیں' یا پھر مخصوص مسواک ہی سنت نبویؐ کی برکات سے فیض حاصل کرنے کے لیے استعمال کی جائے؟

ج بہتر تو یہی ہے کہ ادائے سنت کے لئے مسواک کا استعمال کیا جائے۔ برش استعمال کرنے سے بعض اہل علم کے نزدیک مسواک کی سنت ادا ہو جاتی ہے بعض کے نزدیک نہیں ہوتی۔

## وگ کا استعمال اور وضو

س..... اگر ایک شخص بوجہ مجبوری سر پر "وگ" کا استعمال کرتا ہے تو وہ شخص وضو کے دوران سر کا مسح وگ پر ہی کر سکتا ہے یا کہ اس کو مسح وگ اتار کر کرنا چاہئے؟

ج..... مصنوعی بالوں کا استعمال جائز نہیں نہ اس کے استعمال میں کوئی مجبوری ہے۔ مسح ان کو اتار کر کرنا چاہئے۔ اگر ان پر مسح کیا تو وضو نہیں ہوگا۔

## رات کو سوتے وقت وضو کرنا افضل ہے

س..... کیا رات کو سوتے وقت وضو کرنا افضل ہے؟

ج..... جی ہاں! افضل ہے۔



# جن چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے

## زخم سے خون نکلنے پر وضو کی تفصیل

س... میرے ہاتھ پر زخم ہو گیا ہے۔ اور اکثر خون کا قطرہ ٹپکتا رہتا ہے اور بسااوقات حالت صلوٰۃ میں بھی خون گرنے کا اندیشہ ہوتا ہے کیا اس کو ترک کئے بغیر مسح کی صورت میں نماز پڑھ لیا کروں۔ یا جب قطرہ نکلے تو وضو تازہ کر لیا کروں محقق جواب دے کر ممنون فرمادیں۔

ج..... یہاں دو مسئلے ہیں۔ ایک یہ کہ اگر زخم کو پانی نقصان دیتا ہے تو آپ زخم کی جگہ کو دھونے کے بجائے اس پر مسح کر سکتے ہیں۔ دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ اگر اس میں سے خون ہر وقت رستا رہتا ہے اور کسی وقت بھی موقوف نہیں ہوتا تو آپ کو ہر نماز کے پورے وقت کے اندر ایک بار وضو کر لینا کافی ہے اور اگر کبھی رستا ہے اور کبھی نہیں تو جب بھی خون نکل کر بہہ جائے آپ کو دوبارہ وضو کرنا ہوگا۔

## دانت سے خون نکلنے پر کب وضو ٹوٹے گا

س۔ اگر دانت میں سے خون نکلتا ہو اور وضو بھی ہو تو کیا وضو ٹوٹ جائیگا؟

ج..... اگر اس سے خون کا ذائقہ آنے لگے یا تھوک کا رنگ سرخی مائل ہو جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا ورنہ نہیں۔

## دانت سے خون نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے

س..... کلی کرتے وقت منہ میں سے خون نکل جاتا ہے۔ خون حلق میں نہیں جاتا۔ بس دانت میں سے نکل جاتا ہے اور میں فوراً تھوک دیتا ہوں' تو آپ سے یہ معلوم کرنا ہے کہ منہ میں خون آنے کی وجہ سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ کیا دوبارہ وضو کرنا چاہئے؟

ج..... خون نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ بشرطیکہ اتنا خون نکلا ہو کہ تھوک کا رنگ سرخی مائل ہو جائے یا منہ میں خون کا ذائقہ آنے لگے۔

## ہوا خارج ہونے پر صرف وضو کرے استنجا نہیں

س..... میرا مسئلہ یہ ہے کہ اگر ایک آدمی نماز نماز پڑھنے کیلئے جائے اور بے خیالی میں اس کی صرف ہوا خارج ہو جائے تو کیا ایسے آدمی کیلئے استنجا کرنا لازمی ہے یا صرف وضو کرے؟

ج..... صرف وضو کر لینا کافی ہے۔ پیشاب پاخانہ کے بغیر استنجا کرنا بدعت ہے۔

## نکسیر سے وضو ٹوٹ جاتا ہے

س..... نماز پڑھتے ہوئے نکسیر اگر نکل آئے تو نماز چھوڑنے کی اجازت ہوتی ہے؟

ج..... نکسیر سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اس لئے وضو کر کے دوبارہ نماز پڑھے۔

## دکھتی آنکھ سے نجس پانی نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے

س..... وہ پانی جو آنکھ میں درد سے نکلے اس کا کیا حکم ہے پاک یا پلید؟

ج..... دکھتی ہوئی آنکھ سے جو پانی نکلتا ہے اُس سے وضو نہیں ٹوٹتا البتہ اگر آنکھ میں کوئی پھنسی وغیرہ ہو اور اس سے پانی نکلتا ہو تو اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اس لیے کہ یہ نجس ہے۔

# جن چیزوں سے وضو نہیں ٹوٹتا

## لیٹنے یا ٹیک لگانے سے وضو کا حکم

س سونے سے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے کیا لیٹنے سے یا ٹیک لگا کر بیٹھنے سے بھی وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

ج..... اگر لیٹنے اور ٹیک لگا کر بیٹھنے سے نیند نہیں آئی تو وضو قائم ہے۔

## بوسہ لینے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں

س... موطا امام مالکؒ میں پڑھا کہ بیوی کا بوسہ لینے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے کیا یہ حنفی مسلک میں بھی ہے کہ بیوی کا بوسہ لینے سے وضو ٹوٹ جائیگا یا بیوی خاوند کا بوسہ لے تو اس کا وضو ٹوٹ جائے گا۔ اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

ج..... حنفیہ کے نزدیک بیوی کا بوسہ لینے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ الاّ یہ کہ مذی خارج ہو جائے۔

حدیث کو استحباب پر محمول کرسکتے ہیں۔

## کپڑے بدلنے اور اپنا سراپا دیکھنے سے وضو نہیں ٹوٹتا

س..... اکثر بزرگ خواتین یہ کہتی ہیں کہ اگر گھر کے کپڑے پہنے وضو کرلیا اور پھر قرآن خوانی میں جانا ہے یا نماز پڑھنی ہے تو ہم وضو کرنے کے بعد دوسرے کپڑے بدلتے وقت.......... اپنے سراپا کو نہ دیکھیں اپنا سراپا دیکھنے سے وضو ٹوٹتا ہے۔ آپ اس سلسلے میں وضاحت فرمائیں۔

ج..... خواتین کا یہ مسئلہ صحیح نہیں۔ کپڑے بدلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا اور نہ اپنا سراپا (ستر) دیکھنے سے وضو ٹوٹتا ہے۔

## برہنہ بچے کو دیکھنے سے وضو نہیں ٹوٹتا

س..... کسی بچے کو برہنہ دیکھنے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟

ج..... نہیں۔

## برہنہ تصویر دیکھنے کا وضو پر اثر

س..... کیا کسی کی برہنہ تصویر دیکھنے سے وضو باطل ہو جاتا ہے؟

ج..... برہنہ تصویر دیکھنا گناہ ہے اس سے وضو ٹوٹتا تو نہیں لیکن دوبارہ کرلینا بہتر ہے۔

## پاجامہ گھٹنے سے اوپر کرنا گناہ ہے لیکن وضو نہیں ٹوٹتا

س..... ہم نے عام طور پر لوگوں سے سنا ہے کہ جب پاجامہ گھٹنے سے اوپر ہو جائے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے کیا یہ صحیح ہے؟

ج..... کسی کے سامنے پاجامہ گھٹنوں سے اوپر کرنا گناہ ہے مگر اس سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

## کسی حصۂ بدن کے برہنہ ہونے سے وضو نہیں ٹوٹتا

س..... میں نے سنا ہے کہ جب پاؤں پنڈلی تک برہنہ ہو جائے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے جبکہ ہم بعض دفعہ غسل کے بعد یا ویسے کپڑے بدلتے ہیں تو ظاہر ہے کہ پنڈلی برہنہ ہو جاتی ہے کیا اس حالت میں بھی وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

ج..... کسی حصۂ بدن کے برہنہ ہونے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

## ننگا ہونے یا مخصوص جگہ ہاتھ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا

س...... غسل خانے میں ننگا ہو گیا مکمل وضو کیا اس کے بعد غسل کیا صابن وغیرہ تمام جسم پر لگایا۔ ہاتھ بھی جگہ جگہ (مخصوص جگہ) لگایا اس کے بعد کپڑے تبدیل کر کے باہر آ گیا۔ کیا نماز ادا کر سکتا ہوں یا کپڑے بدل کر وضو کروں پھر نماز ادا کروں۔

ج...... وضو ہو گیا۔ دوبارہ وضو کرنے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ برہنہ ہونے یا اپنے اعضا کو ہاتھ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

## جوتے پہننے سے دوبارہ وضو لازم نہیں

س...... اکثر نمازی جب نماز پڑھنے کے بعد فارغ ہوتے ہیں تو..................
.................. جوتے پہن کر گھر چلے جاتے ہیں ابھی ان کا وضو برقرار ہوتا ہے کہ دوسری نماز کے لئے آ جاتے ہیں اور بغیر وضو کے نماز پڑھتے ہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ جب وہ اپنے پاؤں جوتے میں ڈالتے ہیں تو جوتے پلید اور غلیظ جگہوں پر پڑتے ہیں کیا یہ ضروری نہیں ہوتا کہ پھر نماز کے لئے وضو کیا کریں؟

ج...... جوتوں کے اندر نجاست نہیں ہوتی۔ اس لئے وضو کے بعد جوتے پہننے سے دوبارہ وضو لازم نہیں ہوتا۔

## شرم گاہ کو ہاتھ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا

س...... حدیث پاک نظروں سے گزری کہ ذکر کو چھونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ یعنی نماز میں یا ویسے۔ قرآن مجید کی تلاوت کرتے وقت چھو لے اس بارے میں ضرور آگاہ کریں؟ (موطا امام مالکؒ)

ج...... شرم گاہ کو ہاتھ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ حدیث میں وضو کا حکم یا تو استحباب کے طور پر ہے یا لغوی وضو یعنی ہاتھ دھونے پر محمول ہے۔

## کھانا کھانے یا برہنہ ہونے سے وضو نہیں ٹوٹتا

س...... اگر کوئی شخص وضو کر کے کھانا کھائے تو کیا وضو ٹوٹ جائیگا؟ وضو کے دوران اگر کوئی شخص برہنہ ہو کر کپڑے تبدیل کرے تو کیا وضو ٹوٹ جائے گا؟

ج...... دونوں صورتوں میں وضو نہیں ٹوٹتا۔

## آگ پر پکی ہوئی یا گرم چیز کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا

س...... میں نماز باقاعدگی کے ساتھ ادا کرتی ہوں اور میرا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ میں چائے

کثرت سے استعمال کرتی ہوں۔ لوگ کہتے ہیں کہ گرم چیز کھانے سے مثلاً چائے کھانا یا ایسی چیزیں جو آگ پر پکی ہوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور دوبارہ وضو کیا جائے۔

ج...... آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

## باوضو حقہ ' بیڑی ' سگریٹ ' پان استعمال کر کے نماز پڑھنا

س...... ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے بہت سے بزرگ ایسا کرتے ہیں کہ نماز کے لئے وضو کیا' نماز ادا کی' اس کے بعد سگریٹ ' بیڑی ' حقہ نوشی کرتے ہیں جب دوسری نماز کا وقت آ جاتا ہے تو صرف دو تین بار کلی کی اور نماز پڑھ لیتے ہیں اور تسبیح و وظائف بھی کرتے رہتے ہیں۔ اب جبکہ رمضان شریف خدا کے فضل و کرم سے شروع ہو چکا ہے اس میں بھی اکثر دیکھتے ہیں کہ ایک شخص تمام دن روزہ رکھتا ہے روزہ افطار کرنے سے قبل وضو کرتا ہے ' روزہ افطار کرتا ہے اور اس کے بعد بیڑی سگریٹ یا حقہ نوش کرتا ہے پھر کلی کرنے کے بعد نماز مغرب میں جماعت میں شامل ہو جاتا ہے اس سے وضو تو خراب نہیں ہوتا؟ وظائف میں خلل تو نہیں آتا؟ برائے مہربانی اس اہم مسئلے سے آگاہ فرمائیں

ج...... حقہ ' بیڑی ' سگریٹ پان سے وضو تو نہیں ٹوٹتا لیکن نماز سے پہلے منہ کی بدبو کا دور کرنا ضروری ہے۔ اگر منہ سے حقہ سگریٹ کی بو آتی ہو تو نماز مکروہ ہو جاتی ہے۔

## سگریٹ نوشی اور ٹیلی ویژن ریڈیو دیکھنے سننے کا وضو پر اثر

س...... سگریٹ نوشی ' ٹیلی ویژن دیکھنے اور ریڈیو پر موسیقی سننے سے کیا وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

ج...... سگریٹ نوشی سے وضو نہیں ٹوٹتا لیکن منہ کی بدبو کا پوری طرح دور کرنا ضروری ہے اور گناہوں کے کاموں سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ لیکن مکروہ ضرور ہوتا ہے۔ اس لئے دوبارہ وضو کر لینا مستحب ہے۔

## آئینہ یا ٹی وی دیکھنے کا وضو پر اثر

س...... کیا آئینہ دیکھنے یا ٹی وی دیکھنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

ج...... آئینہ دیکھنے سے تو وضو نہیں ٹوٹتا۔ البتہ ٹی وی دیکھنا گناہ ہے اور گناہ کے بعد دوبارہ وضو کر لینا مستحب ہے۔

## گڑیا دیکھنے سے وضو نہیں ٹوٹتا

س...... کیا گڑیا دیکھنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟ میں نے سنا ہے کہ وضو سے گڑیا پر نظر پڑ جائے تو وضو

ٹوٹ جاتا ہے۔ کیا یہ صحیح ہے؟

ج..... گڑیا دیکھنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

## ناخنوں میں میل ہونے پر بھی وضو ہو جاتا ہے

س..... کام کرنے کے دوران ناخنوں میں میل چلا جاتا ہے۔ اگر ہم میل صاف کئے بغیر وضو کریں تو وہ ہوگا یا نہیں؟

ج..... وضو ہو جائے گا، مگر ناخن بڑھانا خلاف فطرت ہے۔

## کان کا میل نکالنے سے وضو نہیں ٹوٹتا

س..... باوضو آدمی کان کی کھجلی کی وجہ سے انگلی سے کھجلی کرے اور کان کا موم انگلی پر لگے اور انگلی کو اپنی قمیص سے صاف کرے تو اس صورت میں وضو ٹوٹ جائیگا یا نہیں؟ نیز قمیص پر موم لگنے سے وہ قمیص پاک رہے گی یا نہیں؟

ج..... کان کے میل سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ البتہ کان پکتے ہوں اور کان میں انگلی ڈالنے سے انگلی کو پانی لگ جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ اور وہ پانی بھی نجس ہے۔

## بال بنوانے، ناخن کٹوانے سے وضو نہیں ٹوٹتا

س..... باوضو شخص اگر بال بنوائے یا داڑھی کا خط بنوائے یا ناخن ترشوائے تو کیا اسے دوبارہ وضو کرنا پڑے گا؟ میرا مطلب ہے بال بنوانے، خط بنوانے یا ناخن ترشوانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

ج..... بال بنوانے یا ناخن اتارنے سے وضو نہیں ٹوٹتا اس لئے دوبارہ وضو کرنے کی ضرورت نہیں۔

## سر یا داڑھی پر مہندی ہو تو وضو کا حکم

س..... کوئی شخص سر یا داڑھی پر مہندی کا استعمال کرتا ہے۔ مہندی خشک ہو جانے کے بعد اس کو دھو کر اتارنے سے پہلے کیا صرف وضو کر کے نماز ادا کر سکتا ہے یا پہلے مہندی کو بھی دھو کر صاف کرلے؟

ج..... وضو صحیح ہونے کے لئے مہندی کا اتارنا ضروری ہے۔

## بچے کو دودھ پلانے سے وضو نہیں ٹوٹتا

س..... اگر وضو ہو اور بچہ کو دودھ پلایا جائے تو کیا وضو ٹوٹ جائے گا؟

ج..... نہیں

## دانت میں چاندی بھری ہونے پر غسل اور وضو

س..... زید نے اپنی داڑھ چاندی سے بھروائی ہے کیا اس طرح اس کا غسل اور وضو ہو جاتا ہے جب کہ پانی اندر تک نہیں جاتا؟

ج..... غسل اور وضو ہو جاتا ہے۔

## مصنوعی دانت کے ساتھ وضو

س..... مصنوعی دانت لگا کر وضو ہو جاتا ہے یا ان کا نکالنا ضروری ہے؟

ج..... نکالنے کی ضرورت نہیں ان کے ساتھ وضو درست ہے۔

## وضو کے وقت عورت کے سر کا ننگا رہنا

س..... کیا وضو کرتے وقت عورت کا سر پر دوپٹہ اوڑھنا ضروری ہے؟

ج..... عورت کو حتی الوسع سر ننگا نہیں کرنا چاہئے مگر وضو ہو جائے گا۔

## سرخی، پاؤڈر، کریم لگا کر وضو کرنا

س..... عورت کے لئے ناخن پالش لگانا گناہ ہے کہ یہ لگانے سے وضو نہیں ہوتا اور وضو نہیں تو نماز بھی نہیں۔ مگر مروجہ کریم، پاؤڈر یا سرخی لگانا کیسا ہے کیونکہ اس سے ناخن پالش کی طرح کوئی قباحت نہیں کہ وضو کا پانی اندر نہ جائے۔

ج..... ان میں اگر کوئی ناپاک چیز ملی ہوئی نہ ہو تو کوئی حرج نہیں، مگر ناخن پالش کی طرح سرخی کی تہ جم جاتی ہے۔ اس لئے وضو اور غسل کے لئے اس کا اتارنا ضروری ہے۔

## سینٹ اور وضو

س..... غسل کرنے کے بعد یا وضو کرنے کے بعد ناخن کاٹنے، شیو بنانے اور سینٹ لگانے سے وضو تو نہیں ٹوٹتا اور نماز ہو جاتی ہے یا نہیں؟ سنا ہے کہ سینٹ لگانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور نماز نہیں ہوتی کیونکہ اس میں اسپرٹ ہوتی ہے اور اگر سینٹ لگا بھی لیا جائے تو کیا وضو کر لینا ہی کافی ہے یا کپڑے بھی دوسرے پہنے جائیں اور غسل کیا جائے۔ کیونکہ سینٹ کی خوشبو سارے بدن اور کپڑوں میں بس جاتی ہے۔

ج..... وضو کرنے کے بعد بال کاٹنے یا ناخن تراشنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ اسی طرح سینٹ لگانے

سے بھی وضو نہیں ٹوٹتا۔ البتہ سینٹ میں کوئی ناپاک چیز ہوتی ہے یا نہیں؟ اس کی مجھے تحقیق نہیں۔ میں نے بعض معتبر لوگوں سے سنا ہے کہ اس میں کوئی ناپاک چیز نہیں ہوتی اگر صحیح ہے تو سینٹ لگانا جائز ہے۔

## وضو کے درمیان سلام کا جواب دینا


س...... وضو کرتے ہوئے اور کھانے کے دوران سلام کا جواب دینا ضروری ہے یا نہیں۔ جبکہ سلام کرنے والے کو مسئلہ معلوم نہ ہو تو وضو میں مصروف ہونے کی وجہ سے ناراضی اور غلط فہمی ہو سکتی ہے۔

ج...... وضو کے دوران سلام اور جواب میں کوئی حرج نہیں۔ کھانے کے دوران سلام نہیں کہنا چاہئے اور کھانے والے کے ذمہ سلام کا جواب دینا واجب نہیں۔

## وضو کرنے کے بعد منہ ہاتھ صاف کرنا

س...... کیا وضو کرنے کے بعد منہ ہاتھ وغیرہ پونچھ لینے سے وضو باقی رہتا ہے یا نہیں؟

ج...... وضو کے بعد تولیہ استعمال کرنا جائز ہے اس سے وضو نہیں ٹوٹتا۔



# پانی کے احکام

## سمندر کا پانی ناپاک نہیں ہوتا

س..... کیا سمندر کے پانی سے وضو کرکے نماز پڑھی جاسکتی ہے؟ چونکہ سمندر میں ہر جانور پانی پیتا ہے تو وہ پانی ناپاک ہو جاتا ہے؟

ج..... سمندر کا پانی پاک ہے جانوروں کے پینے یا کسی اور چیز سے وہ ناپاک نہیں ہوتا۔

## کنویں کے جراثیم آلودہ پانی کا حکم

س..... ہمارے محلے کی مسجد میں کنواں کھودا گیا۔ یہ کنواں چالیس فٹ نیچے کھودا گیا ہے۔ اس کنویں کا پانی ہم نے لیبارٹری والوں کو بھیجا تھا تاکہ معلوم ہو جائے کہ آیا پانی ہم استعمال کرسکتے ہیں یا نہیں وہ کہتے ہیں کہ پانی میں جراثیم وغیرہ ہیں جبکہ پانی کا نہ تو رنگ بدلا ہے اور نہ ہی کسی قسم کی بو وغیرہ ہے۔ آیا ہم اس پانی سے وضو کرسکتے ہیں؟ اور پی بھی سکتے ہیں؟

ج... اس پانی کے ساتھ وضو یا غسل کرنا کپڑے دھونا وغیرہ بالکل درست ہے۔ شرعاً اس کے پینے میں بھی کوئی حرج نہیں البتہ اگر صحت کے لئے مضر ہو تو نہ پیا جائے۔

## کنویں میں پیشاب گرنے سے کنواں ناپاک ہو جاتا ہے

س..... اگر لڑکی یا لڑکے کا پیشاب کنویں میں گر جائے تو فقہ اسلامی کی رو سے کیا حکم ہے؟

ج..... کنواں ناپاک ہو جائے گا۔ اور اس کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کا پورا پانی نکال دیا جائے۔ پانی نکال دینے سے ڈول، رسی، کنویں کا گارا اور کنویں کی دیواریں سب پاک ہو جائیں گی۔

## گٹرلائن کی آمیزش اور بدبو والے پانی کا استعمال

س ... بعض مرتبہ ہم کسی مسجد میں جاتے ہیں اور وضو کیلئے نلکا کھولتے ہیں تو شروع میں بدبو دار پانی آتا ہے۔ پانی بظاہر صاف نظر آتا ہے اور کوئی رنگ کی آمیزش نہیں ہوتی لیکن پانی میں بدبو سی محسوس ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں کیا اس پانی سے وضو کیا جاسکتا ہے یا یہ پانی ناپاک تصور ہوگا اور اس پانی سے وضو نہیں ہوگا؟

ج ... نلکوں کے ذریعہ جو بدبو دار پانی آتا ہے اور پھر صاف پانی آنے لگتا ہے اس بارے میں جب تک بدبو دار پانی کی حقیقت معلوم نہ ہو یا رنگ اور بو سے ناپاکی کا پتہ نہ چلتا ہو اس وقت تک اس کے ناپاک ہونے کا حکم نہیں دیا جائیگا کیونکہ پانی کا بدبو دار ہونا اور چیز ہے اور ناپاک ہونا دوسری چیز ہے۔ اور اگر تحقیق ہو جائے کہ یہ پانی گٹر کا ہے تو نل کھول دینے کے بعد وہ "جاری پانی" کے حکم میں ہو جائے گا اور پاک ہو جائیگا۔ بس بدبو دار پانی نکال دیا جائے بعد میں آنیوالے صاف پانی سے وضو اور غسل صحیح ہے۔

## ناپاک گندا پانی صاف شفاف بنادینے سے پاک نہیں ہوتا

س ... آج کل سائنس دانوں نے ایسا آلہ ایجاد کیا ہے کہ گندی نالیوں کے پانی کو صاف و شفاف بنادیتے ہیں۔ بظاہر اس میں کوئی خرابی نظر نہیں آتی۔ اب کیا یہ پانی پلید ہوگا یا نہیں؟

ج ... صاف ہو جائیگا' پاک نہیں ہوگا۔ صاف اور پاک میں بڑا فرق ہے۔

## ناپاک چھینٹے والے لوٹے کو پاک کرنا

س ... اگر لوٹے میں پانی رکھا ہوا ہو اور اس پر کسی نے چھینٹے مار دیئے ہوں تو پاک کرنے کے لئے اگر تین مرتبہ لوٹے کی ٹونٹی سے پانی گرا دیا جائے تو پانی پاک ہو جائے گا یا پانی پھینک دیا جائیگا؟

ج ... محض چھینٹے پڑنے سے تو پانی ناپاک نہیں ہوتا۔ البتہ اگر چھینٹے ناپاک ہوں تو پانی ناپاک ہو جائے گا اور اس کے پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کے اوپر سے اور پانی ڈال دیا جائے یہاں تک کہ ٹونٹی اور کناروں سے پانی بہہ نکلے' بس پاک ہو جائیگا۔

## بارش کے پانی کے چھینٹے

س ... بارش کا وہ پانی جو سڑکوں پر جمع ہو جاتا ہے کیا یہ نجاست غلیظہ ہے یا خفیفہ۔ اگر نمازی کے کپڑوں پر لگ جائے تو کتنی مقدار کے موجود ہوتے ہوئے نمازی نماز پڑھ سکتا ہے؟

ج ... بارش کا پانی جو سڑکوں پر ہوتا ہے اس کے چھینٹے پڑ جائیں تو ان کو دھولینا چاہئے تاہم بضرورت ان کپڑوں میں نماز پڑھنے کو جائز لکھا ہے۔

## ٹینکی میں پرندہ گر کر پھول جائے تو کتنے دن کی نمازیں لوٹائی جائیں

س    پانی کی ٹینکی میں اگر پرندہ گر کر مرجائے اور پھول جائے یا پھٹ جائے اور اس کے گرنے کا وقت بھی معلوم نہ ہو تو کتنے روز کی نمازیں لوٹائی جائیں گی؟

ج ... اس میں دو قول ہیں ایک یہ کہ اگر جانور پھولا پھٹا ہوا پایا جائے تو اس کو تین دن کا سمجھا جائے گا اور تین دن کی نمازیں لوٹائی جائیں گی۔ دوسرا قول یہ ہے کہ جس وقت علم ہوا اسی وقت سے نجاست کا حکم کیا جائے گا۔ پہلے قول میں احتیاط ہے اور دوسرے میں آسانی ہے۔

## ناپاک کنویں کا پانی استعمال کرنا

س    ایک کنویں میں کافی وقت پہلے خنزیر گر کر مرگیا۔ کسی نے بھی پانی اور خنزیر نہیں نکالا۔ لیکن اب کچھ مزدور کچی اینٹیں بناتے ہیں اور قریب ہونے کی وجہ سے اس کنویں کا پانی استعمال کرتے ہیں۔ اب کیا یہ مٹی پاک ہوگی یا نہیں؟ اور اس پانی کی وجہ سے جو جسم اور کپڑوں پر چھینٹے لگ جاتے ہیں کیا بغیر دھوئے اور نہائے نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟

ج ... یہ کنواں جب تک پاک نہیں کیا جاتا اس کا پانی ناپاک ہے! اس سے جو کچی اینٹیں بنائی جاتی ہیں وہ بھی ناپاک ہیں۔ اس کے چھینٹے دھوئے بغیر نماز درست نہیں۔ اسے پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کنویں سے خنزیر کی ہڈیاں وغیرہ نکال دی جائیں اس کے بعد کنویں کا سارا پانی نکال دیا جائے اگر سارا پانی نکالنا مشکل ہے تو دو سو ڈول سے تین سو ڈول تک پانی نکال دینے سے کنواں پاک ہو جائے گا۔

# غسل کے مسائل

## غسل کا طریقہ

س..... مولانا صاحب میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ ہمارے مذہب میں غسل کرنے کا طریقہ کار کیا ہے۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس سے ہر مسلمان عورت کا واقف ہونا ضروری ہے۔ لیکن افسوس کہ بہت ہی کم مسلمان ایسے ہیں جو اس کی اہمیت اور صحیح طریقہ سے واقف ہیں۔ اس لئے میں چاہتی ہوں کہ آپ اپنے کالم میں اس مسئلہ پر روشنی ڈالیں۔ جواب دیتے وقت ان باتوں کی بھی وضاحت کر دیں کیا غسل کرتے وقت پہلے وضو کرنا ضروری ہے؟ دوم یہ کہ غسل کرتے وقت کیا زیر ناف کپڑا باندھنا بھی ضروری ہے اور سوئم یہ کہ غسل کرتے وقت کون سی دعائیں پڑھتے ہیں۔ کیا پانچوں کلمے پڑھنا ضروری ہیں یا صرف درود شریف پڑھ کر مقصد پورا ہو جاتا ہے اور غسل لینے کا صحیح طریقہ اسلام میں کیا ہے؟

ج..... غسل کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے ہاتھ دھوئے اور استنجا کرے۔ پھر بدن پر کسی جگہ نجاست لگی ہو اسے دھوڈالے' پھر وضو کرے' پھر تمام بدن کو تھوڑا سا پانی ڈال کر ملے۔ پھر سارے بدن پر تین مرتبہ پانی بہالے۔

غسل میں تین چیزیں فرض ہیں۔ (۱) کلی کرنا۔ (۲) ناک میں پانی ڈالنا۔ (۳) پورے بدن پر پانی بہانا' بدن کا اگر ایک بال بھی خشک رہ جائے تو غسل نہیں ہو گا اور آدمی بدستور ناپاک رہے گا۔ ناک کان کے سوراخوں میں پانی پہنچانا بھی فرض ہے۔ انگوٹھی چھلّہ اگر تنگ ہو تو اس کو ہلا کر اس کے نیچے پانی پہنچانا بھی لازم ہے۔ ورنہ غسل نہ ہو گا۔ بعض بہنیں ناخن پالش وغیرہ ایسی چیزیں استعمال کرتی ہیں جو بدن تک پانی پہنچنے نہیں دیتیں۔ غسل میں ان چیزوں کو اتار کر پانی پہنچانا ضروری ہے۔ بعض اوقات بے خیالی میں ناخنوں کے اندر آٹا لگا رہ جاتا ہے۔ اس کو نکالنا بھی ضروری ہے۔ الغرض پورے جسم پر پانی بہانا اور جو چیزیں پانی کے بدن تک پہنچنے میں رکاوٹ ہیں ان کو ہٹانا ضروری ہے۔ ورنہ غسل نہیں ہو گا۔ عورتوں کے

سر کے بال اگر گندھے ہوئے ہوں تو بالوں کو کھول کر ان کو تر کرنا ضروری نہیں۔ بلکہ بالوں کی جڑوں تک پانی پہنچالینا کافی ہے۔

لیکن اگر بال گندھے ہوئے نہ ہوں (آج کل عموماً یہی ہوتا ہے) تو سارے بالوں کو اچھی طرح تر کرنا بھی ضروری ہے۔ اب آپ کے سوالات کا جواب لکھتا ہوں۔

☆...... غسل سے پہلے وضو کرنا سنت ہے اگر نہ کیا تب بھی غسل ہو جائے گا۔

☆...... کپڑا باندھنا ضروری نہیں مستحب ہے۔

☆...... غسل کے وقت کوئی دعا، کوئی کلمہ پڑھنا ضروری نہیں، نہ درود شریف ضروری ہے بلکہ اگر جسم پر کوئی کپڑا نہ ہو تو اس حالت میں دعا کلمہ اور درود شریف جائز ہی نہیں۔ برہنگی کی حالت میں خاموش رہنے کا حکم ہے اس وقت کلمہ پڑھنا ناواقف عورتوں کی ایجاد ہے۔

## مسنون وضو کے بعد غسل

س...... جیسا کہ معلوم ہے کہ غسل میں تین چیزیں فرض ہیں۔ (۱) کلی کرنا۔ (۲) ناک میں پانی ڈالنا اور (۳) سارے بدن پر پانی ڈالنا۔ اور غسل سے پہلے وضو سنت ہے۔ مولانا صاحب میرا سوال آپ سے یہ ہے کہ اگر کسی آدمی نے غسل سے پہلے وضو کر لیا اور اس میں کلی بھی کی اور ناک میں پانی بھی ڈالا۔ لیکن وضو کے بعد غسل سے پہلے نہ دوبارہ کلی کی اور نہ ناک میں پانی ڈالا' جو کہ فرض ہے اور اس نے سوچا کہ یہ تو میں نے وضو میں کیا ہے اور سارے بدن پر پانی ڈالا تو کیا اس کا غسل صحیح ہے؟

ج...... جب غسل سے پہلے وضو کیا اور وضو میں کلی بھی کی اور ناک میں پانی بھی ڈالا تو وضو کے بعد دوبارہ کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کی ضرورت نہیں۔ غسل صحیح ہو گیا۔

## غسل میں کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا پاک ہونے کیلئے شرط ہے

س...... جس شخص پر غسل فرض ہو وہ غسل نہیں کرتا صرف نہانے پر اکتفا کرتا ہے کیا وہ نہانے سے پاک ہو جاتا ہے یا نہیں۔

ج...... غسل نہانے ہی کو تو کہتے ہیں۔ البتہ کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا اور پورے بدن پر پانی بہانا پاک ہونے کیلئے شرط ہے۔

## غسل کے آخر میں کلی اور غرارے کرنا یاد آنا

س...... کوئی شخص حالت جنابت میں ہے اور وہ غسل کرتا ہے جب وہ تمام بدن پر پانی ڈالتا ہے تو بعد میں اسے کلی اور غرارے یاد آتے ہیں اور اسی وقت وہ کلی اور غرارے کرتا ہے اس وقت اس شخص کا غسل

مکمل ہو جاتا ہے یا دوبارہ پانی ڈالنا پڑے گا؟

ج..... غسل ہو گیا' دوبارہ غسل کی ضرورت نہیں۔

## خلاف سنت غسل سے پاکی

س..... غسل اگر سنت کے مطابق ادا نہ کیا جائے تو کیا اس سے ناپاکی دور نہیں ہوتی؟

ج..... اگر کلی کرلی' ناک میں پانی ڈالا اور پورے بدن پر پانی بہالیا تو طہارت حاصل ہوگئی کیونکہ غسل میں یہی تین چیزیں فرض ہیں۔

## رمضان میں غرارہ اور ناک میں پانی ڈالے بغیر غسل کرنا

س..... رمضان المبارک کے مہینے میں دن کو کسی کو احتلام ہوا۔ روزہ کی وجہ سے ناک میں اوپر تک پانی نہیں ڈال سکتا اور نہ غرارہ کر سکتا ہے۔ بعد افطاری کے غرارہ کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا فرض ہے' واجب ہے یا مستحب ہے؟ اگر کسی نے افطاری کے بعد غرارہ اور ناک میں پانی نہیں ڈالا تو کیا اس کا غسل جو دن میں کیا ہوا تھا کافی ہے؟

ج..... غسل صحیح ہو گیا۔ افطاری کے بعد غرارہ کرنے یا ناک میں پانی چڑھانے کی ضرورت نہیں۔

## غسل کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر' کھلے میدان میں غسل

س..... مردوں کو غسل کھڑے ہو کر کرنا چاہئے یا بیٹھ کر۔ دوسری بات یہ کہ برہنہ یا کچھ پہن کر کرنا چاہئے۔ مثلاً دھوتی' پاجامہ۔ کیا مردوں کا کھلے میدانوں میں' صحن میں' سڑکوں پر نہانا صحیح یا جائز ہے جبکہ وہاں سے نامحرم عورتیں اور چھوٹے بڑے بچے اور دوسرے لوگ گزرتے ہوں؟

ج..... پردہ کی جگہ کپڑے اتار کر غسل کرنا جائز ہے اور اس صورت میں بیٹھ کر غسل کرنا زیادہ بہتر ہے۔ مرد اگر کھلے میدان میں ناف سے گھٹنوں تک کپڑا باندھ کر غسل کرے تو جائز ہے اور ناف سے گھٹنوں تک ستر کھولنا حرام ہے۔

## جانگیہ پہن کر غسل اور وضو کرنا

س: یہاں پھانسی وارڈ میں بلکہ پورے جیل کے اندر ہم قیدی لوگ غسل کرنے کے لئے انڈرویئر یا چڈی پہنتے ہیں۔ کیا غسل ہو جائے گا اگرچہ جنبی بھی ہو؟ اگر غسل ہوتا ہے تو وضو بھی ہو گیا؟

ج..... اگر نیکر' جانگیہ پہن کر کپڑے کے نیچے پانی پہنچ جائے اور بدن کا پوشیدہ حصہ دھل جائے تو

غسل صحیح ہو گا۔ غسل میں وضو خود ہی ہو جاتا ہے۔ غسل کے بعد جب تک کم از کم دو رکعت نماز نہ پڑھ لی جائے' یا کوئی دوسری ایسی عبادت ادا نہ کر لی جائے جس میں وضو شرط ہے' دوبارہ وضو کرنا مکروہ ہے۔

## گہرے اور جاری پانی میں غوطہ لگانے سے پاکی

س...... میرے ایک دوست نے کہا ہے کہ اگر پانی گہرا ہو اور جاری ہو یعنی بہتا ہو اس میں ایک مرتبہ ڈبکی لگانے سے جسم پاک ہو جاتا ہے کیا یہ صحیح ہے؟

ج...... صحیح ہے۔ مگر کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا بھی فرض ہے۔ اگر یہ دونوں فرض ادا کرلے تو پانی میں ڈبکی لگانے سے غسل ہو جائیگا۔

## حیض کے بعد پاک ہونے کیلئے کیا کرے

س...... حیض کے بعد پاک ہونے کیلئے کیا کیا کرنا چاہئے۔

ج...... بس نجاست سے صفائی حاصل کرنا اور غسل کر لینا۔

## عورت کو تمام بالوں کا دھونا ضروری ہے

س۔ کیا میاں بیوی والے حقوق ادا کرنے کے بعد پاک ہونے کیلئے غسل میں سر کے بال دھونا بھی شامل ہے یا بال گیلے کئے بغیر بھی غسل کرنے سے عورت پاک ہو جاتی ہے؟

ج...... سر کے بال دھونا فرض ہے۔ اس کے بغیر غسل نہیں ہو گا۔ بلکہ اگر ایک بال بھی سوکھا رہ گیا تو غسل ادا نہیں ہوا۔ پرانے زمانے میں عورتیں سر گوندھ لیا کرتی تھیں۔ ایسی عورت جس کے بال گندھے ہوئے ہوں اس کے لئے یہ حکم ہے کہ اگر وہ اپنی مینڈھیاں نہ کھولے اور پانی بالوں کی جڑوں تک پہنچا لے تو غسل ہو جائے گا۔ لیکن اگر سر کے بال کھلے ہوئے ہوں' جیسا کہ آج کل عام طور پر عورتیں رکھتی ہیں تو پورے بالوں کا تر کرنا غسل کا فرض ہے۔ اس کے بغیر عورت پاک نہیں ہوگی۔

## پیتل کے دانت کے ساتھ غسل اور وضو صحیح ہے

س...... مؤدبانہ گزارش ہے کہ چونکہ میرے سامنے ایک مسئلہ پیچیدہ زیر غور ہے وہ یہ ہے کہ میرے سامنے والے دو چوڑے دانتوں میں سے ایک دانت آدھا ٹوٹا ہوا تھا اور آدھا باقی تھا۔ اس آدھے دانت کے اوپر میں نے پیتل کا کور چڑھایا ہوا ہے۔ جو دوسرے دانتوں کی طرح مضبوط ہے اور علیحدہ کرنے سے جدا نہیں ہوتا۔ لیکن بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ تمہارے دانت تک پانی نہیں پہنچتا ہے۔ لہٰذا تمہارا وضو صحیح نہیں ہوتا ہے اور اسی لئے نماز بھی صحیح نہیں ہوتی۔

ج..... آپ کا غسل اور وضو صحیح ہے۔

## چاندی سے داڑھ کی بھروائی کروانے والے کا غسل

س..... زید نے اپنی داڑھ کی چاندی سے بھروائی کرائی ہے کیا اس طرح اس کا غسل اور وضو ہو جاتا ہے جبکہ پانی اندر تک نہیں جاتا۔

ج..... غسل اور وضو ہو جاتا ہے۔

## دانت بھروانے سے صحیح غسل میں رکاوٹ نہیں

س..... میرے ایک دانت میں سوراخ ہے جس کی وجہ سے دانت درد کرتا ہے اور منہ سے بدبو بھی آتی ہے۔ میں اس کو ڈاکٹر سے بھروانا چاہتا ہوں لیکن بعض لوگوں کی رائے ہے کہ ایسا کرنے سے غسل نہیں ہوتا؟

ج..... بعض لوگوں کی یہ رائے صحیح نہیں۔ دانت بھروا لینے کے بعد جب مسالہ دانت کے ساتھ پیوست ہو جائے تو اس کا حکم اجنبی چیز کا نہیں رہتا۔ اس لئے وہ غسل کے صحیح ہونے سے مانع نہیں۔

## دانتوں پر کسی دھات کا خول ہو تو غسل کا جواز

س..... "آپ کے مسائل اور ان کا حل" میں مجھے آپ کے دیئے ہوئے ایک سوال کے جواب پر اعتراض ہے۔ سوال مندرجہ ذیل ہے۔

(س)..... دانتوں کے اوپر سونا یا اس کے ہم شکل دھات سے بنائے ہوئے کور چڑھانا جائز ہے یا نہیں؟ اور ایسی حالت میں اس کا وضو اور غسل ہو جاتا ہے یا نہیں۔

(ج)..... جائز ہے اور غسل ہو جاتا ہے۔

جہاں تک میرا تعلق ہے تو آپ کا جواب غسل جنابت کیلئے غلط ہے ہاں عام غسل ہو سکتا ہے جبکہ غسل جنابت کیلئے حکم یہ ہے کہ ہونٹوں سے حلق تک ہر ذرے پر پانی کا پہنچانا فرض ہے اتنی حد تک کہ دانتوں میں کوئی ایسی سخت چیز پھنسی ہوئی ہے جس کی وجہ سے اس جگہ پانی نہ پہنچ سکا ہو تو غسل جنابت میں ایسی چیز کو دانتوں سے چھڑا کر پانی بہایا جائے ورنہ دیگر صورت میں غسل نہیں ہوتا۔ مگر آپ نے دانتوں کے اوپر تو پورا کور چڑھانے کی اجازت دے دی اور سونے کا کور چڑھنے کی صورت میں پانی اس دانت تک نہیں پہنچ سکتا اور پانی نہ پہنچنے کی صورت میں غسل جنابت ادا نہ ہو گا۔ اور اگر غسل ادا نہ ہوا تو نماز اکارت ہو جاتی ہے۔

ج..... آپ نے تو صحیح لکھا ہے کہ اگر دانتوں کے اندر کوئی چیز ایسی پھنسی ہوئی ہو جو پانی کے پہنچنے میں

رکاوٹ ہو تو غسل جنابت کیلئے اس کا نکالنا ضروری ہے ورنہ غسل نہیں ہو گا۔ مگر یہ حکم اسی وقت ہے جبکہ اس کا نکالنا بغیر مشقت کے ممکن بھی ہو۔ لیکن جو چیز اس طرح پیوست ہو جائے کہ اس کا نکالنا ممکن نہ رہے' مثلاً دانتوں پر سونے چاندی کا خول اس طرح جما دیا جائے کہ وہ اتر نہ سکے تو اس کے ظاہری حصے کو دانت کا حکم دیا جائے گا اور اس کو اتارے بغیر غسل جائز ہو گا۔

## مہندی کے رنگ کے باوجود غسل ہو جاتا ہے

س..... ہماری بزرگ خواتین کا یہ فرمانا ہے کہ اگر ایام کے دوران مہندی لگائی جائے تو جب تک حنا کا رنگ مکمل طور پر اتر نہ جائے پاکی کا غسل نہیں ہو گا؟

ج..... عورتوں کا یہ مسئلہ بالکل غلط ہے' غسل ہو جائیگا۔ غسل کے صحیح ہونے کیلئے مہندی کے رنگ کا اتارنا کوئی شرط نہیں۔

## اٹیچ باتھ روم میں غسل سے پاکی

س..... آج کل ایک فیشن ہو گیا ہے کہ مکانوں میں "اٹیچ باتھ روم" بنائے جاتے ہیں۔ یعنی یہ کہ بیت الخلاء اور غسل خانہ ایک ساتھ ہوتا ہے تو کیا ایسی جگہ غسل کرنے سے انسان پاک ہو جاتا ہے؟

ج..... جس جگہ غسل کر رہا ہے اگر وہ پاک ہے اور ناپاک جگہ سے چھینٹے بھی نہیں آتے تو پاک نہ ہونے کی کیا وجہ ہے؟ اگر وہ جگہ مشکوک ہو تو پانی بہا کر پہلے اس کو پاک کر لیا جائے' پھر غسل کیا جائے۔

## ٹرین میں غسل کیسے کریں؟

س..... گزارش ہے کہ کراچی سے لاہور بذریعہ ٹرین آتے ہوئے رات غسل کی حاجت پیش آ گئی جس سے کپڑے بھی خراب ہو گئے۔ براہ کرام تحریر فرمائیں کہ بقیہ سفر میں فرض نماز کی ادائیگی کی کیا صورت ہو سکتی ہے؟ ٹرین میں پانی وضو کی حد تک تو موجود ہوتا ہے غسل کیلئے نہ تو پانی میسر ہوتا ہے اور نہ غسل کرنا ممکن ہی ہوتا ہے؟

ج..... عموماً ٹرین میں اتنا پانی موجود ہوتا ہے' لیکن بالفرض وضو کیلئے پانی ہو مگر غسل کیلئے بقدر کفایت پانی نہ ہو تو غسل کے لئے تیمم کیا جا سکتا ہے لیکن اس کیلئے مندرجہ ذیل شرائط ہیں۔

۱..... ٹرین کے کسی ڈبے میں بھی اتنا پانی نہ ہو جس سے غسل کے فرائض ادا ہو سکیں۔

۲..... راستہ میں ایک میل شرعی کے اندر اسٹیشن نہ ہو جہاں پانی کا موجود ہونا معلوم ہو۔

۳..... ٹرین کے تختوں پر اتنی مٹی جمی ہوئی ہو جس سے تیمم ہو سکے۔

اگر مندرجہ بالا شرائط میں سے کوئی شرط نہ پائی جائے تو جس طرح بن پڑے اس وقت تو نماز پڑھ لے مگر بعد میں غسل کر کے نماز کا اعادہ ضروری ہے۔

## ضرورت سے زیادہ پانی استعمال کرنا مکروہ ہے

س..... پانی ضرورت سے زیادہ استعمال کرنا غلط ہے چاہے وہ وضو میں کیوں نہ ہو تو جناب آپ یہ بتائیں کہ کیا بڑے سائز کی چار بالٹی پانی سے غسل کرنا قرآن و حدیث کی روشنی میں درست ہے کہ نہیں! جبکہ وہی شخص ایک بالٹی پانی سے اچھی طرح غسل کر سکتا ہے۔

ج..... پاک ہونے کے لئے تو تقریباً چار سیر پانی کافی ہے۔ جسم کی صفائی یا ٹھنڈک حاصل کرنے کی نیت سے زیادہ پانی کے استعمال کا مضائقہ نہیں۔ بلا ضرورت زیادہ پانی استعمال کرنا مکروہ ہے۔

## پانی میں سونا ڈال کر نہانا

س..... میرے بڑے بھائی گھر میں آکر سونے کی انگوٹھی پانی میں ڈال کر نہا لئے وجہ پوچھنے پر معلوم ہوا کہ ان کے اوپر چھپکلی گر گئی تھی ان کو مشورہ دیا گیا کہ آپ جاکر سونے کی کوئی چیز پانی میں ڈال کر نہا لیں، ورنہ آپ پاک نہیں ہوں گے۔ تو میں آپ سے یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ جب مرد کے لئے سونا پہننا حرام ہے تو آپ یہ وضاحت کر دیں کہ سونے کے پانی سے نہانا درست ہے یا نہیں؟

ج..... پانی میں سونے کی چیز ڈال کر نہانے میں تو گناہ نہیں، مگر ان کو کسی نے مسئلہ غلط بتایا کہ جب تک سونے کی چیز پانی میں ڈال کر نہ نہائیں، پاک نہ ہوں گے۔

## قضائے حاجت اور غسل کے وقت کس طرف منہ کرے

س..... غسل کرتے وقت کون سی سمت ہونی چاہئے۔ آج کل غسل خانہ اور بیت الخلاء ایک ساتھ ہی ہوتے ہیں۔ ایسے میں غسل کے لئے کس طرح سمت کا اندازہ لگایا جائے۔ نیز بیت الخلاء کے لئے کون سی سمت مقرر ہے؟

ج..... قضائے حاجت کے وقت نہ تو قبلہ کی طرف منہ ہونا چاہئے اور نہ قبلہ کی طرف پیٹھ ہونی چاہئے۔ قضائے حاجت کے وقت قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ غسل کی حالت میں اگر غسل بالکل برہنہ ہو کر کیا جارہا ہو تو اس صورت میں قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کرنا مکروہ تنزیہی ہے بلکہ رخ شمالاً جنوباً ہونا چاہئے۔ اور اگر ستر ڈھانک کر غسل کیا جارہا ہے تو اس صورت میں کسی بھی طرف رخ کر کے غسل کیا جاسکتا ہے۔

## جنابت کی حالت میں وضو کرکے کھانا بہتر ہے

س..... جنابت کی حالت میں کھانا پینا' حلال جانور ذبح کرنا درست ہے؟

ج..... جنابت کی حالت میں کھانا پینا اور دوسرے ایسے تصرفات' جن میں طہارت شرط نہیں' جائز ہیں۔ مگر کھانے پینے سے پہلے استنجا اور وضو کرلینا اچھا ہے۔ صحیحین میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے۔ کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان جنبا فاراد ان یاکل او ینام توضأ وضوءہ للصلوٰۃ۔ (مشکوٰۃ ص ۴۹)

" آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جنابت کی حالت میں جب کھانے یا سونے کا ارادہ فرماتے تو وضو فرمالیا کرتے تھے"۔

## حالت جنابت میں کھانے پینے کی اجازت

س..... کافی دنوں سے سنتے آئے ہیں کہ احتلام کے بعد یعنی جنابت کی حالت میں غسل کرنے سے پہلے کھانا پینا حرام ہے باقی جب کوئی مجبوری ہو یعنی پانی وغیرہ غسل کیلئے نہ ہو تو اس حالت میں یا زیادہ بھوک یا پیاس لگنے کی حالت میں آدمی وضو کرے جس میں غرارے کرے اور ناک میں پانی پہنچائے پھر کچھ کھا پی سکتا ہے؟

ج..... جنابت کی حالت میں کھانے پینے کی اجازت ہے۔ البتہ بغیر کلی کئے پانی پینا مکروہ تنزیہی ہے اور اس میں صرف پہلا گھونٹ مکروہ ہے کیونکہ یہ پانی منہ کی جنابت زائل کرنے میں استعمال ہوا ہے۔ اسی طرح ہاتھ دھونے سے قبل کچھ کھانا پینا مکروہ تنزیہی ہے۔

## غسل کی حاجت ہو تو روزہ رکھنا اور کھانا پینا

س..... اگر آدمی کو غسل کی حاجت ہو اور اسے روزہ بھی رکھنا ہو تو کیا غسل سے پہلے روزہ رکھنا جائز ہے اور ایسی حالت میں کھانا پینا مکروہ تو نہیں؟

ج..... ہاتھ منہ دھو کر کھا پی لے اور روزہ رکھ لے۔ غسل بعد میں کرلے۔ جنابت کی حالت میں کھانا پینا مکروہ نہیں۔

## غسل جنابت میں تاخیر کرنا

س..... میں نے آپ کے کالم میں پڑھا تھا کہ حالت جنابت میں کھانے پینے کی اجازت ہے معلوم یہ کرنا ہے کہ حالت جنابت میں کتنی دیر تک کھانے پینے کی اجازت ہے اور حالت جنابت میں کتنی دیر تک رہ سکتے ہیں؟

ج..... جنابت کی حالت میں ہاتھ منہ دھو کر کھانا پینا جائز ہے۔ لیکن غسل میں اتنی تاخیر کرنا کہ نماز فوت ہو جائے سخت گناہ ہے۔

## غسل نہ کرنے میں دفتری مشغولیت کا عذر قابل قبول نہیں

س..... ایک شخص پر غسل فرض ہے لیکن دفتر کو بھی دیر ہو رہی ہے' ایسی صورت میں اوقات کار کے دوران تیمم کر کے نمازیں پڑھنا جائز ہے یا اس وقت تک نماز ترک کرتا رہے جب تک غسل نہیں کر لیتا؟

ج..... شہر میں پانی کے موجود ہوتے ہوئے تیمم کیسے کیا جا سکتا ہے؟ اور یہ عذر کہ دفتر جانے میں دیر ہو رہی ہے' لائق سماعت نہیں۔ جب اس شخص پر غسل فرض ہے تو اس کو نماز فجر سے پہلے اٹھ کر غسل کا اہتمام کرنا چاہئے۔ غسل میں اتنی تاخیر کرنا کہ نماز قضا ہو جائے حرام اور سخت گناہ ہے۔

## غسل اور وضو میں شک کی کثرت

س..... غسل اور وضو کرتے ہوئے پانی کافی بہاتا ہوں اور غسل اور وضو سے فراغت کے بعد بے انتہا شک کرتا ہوں کہ کہیں بال برابر جگہ خشک نہ رہ گئی ہو۔ آپ کچھ اس شک کے بارے میں حل بتلا دیں۔

ج..... غسل اور وضو سنت کے مطابق کریں یعنی تین تین بار اعضا پر پانی بہالیں اس کے بعد شک کرنا غلط ہے۔ خواہ کتنے ہی وسوسے آئیں کہ کوئی بال خشک رہ گیا ہو گا۔ مگر اس کو شیطانی خیال سمجھیں اور اس کی کوئی پرواہ نہ کریں۔

## غسل جنابت کے بعد پہلے والے کپڑے پہننا

س یہ بتائیں کہ اگر ایک شخص کو غسل کی حاجت ہو جائے یا اس پر غسل جنابت فرض ہو جائے تو کیا وہ غسل کر کے دوبارہ وہی کپڑے پہن سکتا ہے۔ جبکہ وہ کپڑے مثلاً سویٹر یا قمیص وغیرہ ہوں جن پر کوئی نجاست نہ لگی ہو۔

ج بلاشبہ پہن سکتا ہے۔

## ناپاکی میں ناخن اور بال کاٹنا مکروہ ہے

س یہ بھی وضاحت فرمادیں کہ ناخن اور بال ناپاکی کی حالت میں کاٹ سکتے ہیں یا نہیں یا اس میں

وقت' جگہ کی کوئی قید ہے۔

ج..... ناپاکی کی حالت میں ناخن اور بال کاٹنا مکروہ ہے۔ لیکن اگر ناخن یا بال دھونے کے بعد کاٹے تو مکروہ بھی نہیں۔

## ناپاکی میں استعمال کیئے گئے کپڑوں' برتنوں وغیرہ کا حکم

س..... اگر ایک ناپاک آدمی کسی شے کا استعمال کرے مثلاً بستروں' کپڑوں' برتنوں کا تو یہ اشیاء ناپاک ہو جاتی ہیں یا نہیں؟ کیونکہ رات کو مجھے احتلام ہو گیا میں نے دوسری دوپہر کو غسل کیا مگر رات اسی وقت غلاظت صاف کر لی تھی؟

ج..... ناپاکی کی حالت میں کھانا پینا اور دیگر امور جائز ہیں اور جنبی آدمی کے استعمال کرنے سے یہ چیزیں ناپاک نہیں ہوتیں۔ لیکن غسل میں اتنی تاخیر کرنا کہ نماز کا وقت قضا ہو جائے گناہ اور سخت حرام ہے۔

## جنابت کی حالت میں ملنا جلنا اور سلام کا جواب

س..... آدمی حالت جنابت میں کسی سے مل سکتا ہے اور سلام کا جواب دے سکتا ہے یا سلام کر سکتا ہے؟

ج..... جنابت کی حالت میں کسی سے ملنا' سلام کہنا' سلام کا جواب دینا اور کھانا پینا جائز ہے۔

## ننگے بدن غسل کرنیوالا بات کرلے تو غسل جائز ہے

س..... اگر ننگے بدن غسل کرتے وقت کسی سے بات چیت کر لی جائے تو غسل دوبارہ کرنا ہوگا؟

ج..... برہنگی کی حالت میں بات چیت نہیں کرنی چاہئے لیکن غسل دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں۔

## زیرِ ناف بال کہاں تک مونڈنا چاہئیں

س..... بال زیرِ ناف کہاں تک مونڈنے چاہئیں۔ ان کی حد کہاں سے کہاں تک ہے؟

ج..... ناف سے لے کر رانوں کی جڑوں تک اور پیشاب پاخانہ کی جگہ کے ارد گرد جہاں تک ممکن ہو۔

## غیر ضروری بال کتنی دیر بعد صاف کریں

س..... آپ سے معلوم یہ کرنا ہے کہ غیر ضروری بال کتنے دنوں کے بعد صاف کرنے چاہئیں؟

ج...... غیر ضروری بالوں کا ہر ہفتے صاف کرنا مستحب ہے چالیس دن تک صفائی مؤخر کرنے کی اجازت ہے۔ اس کے بعد گناہ ہے۔ نماز اس حالت میں بھی ہو جاتی ہے۔

## ہر ہفتہ صفائی افضل ہے

س...... زیر ناف بالوں کا حدود اربعہ کہاں سے کہاں تک ہے؟

ج...... ناف سے لے کر رانوں کی جڑ تک اور شرم گاہ (آگے، پیچھے) کے ارد گرد جہاں تک ممکن ہو صفائی کرنا ضروری ہے۔ ہر ہفتہ صفائی افضل ہے۔ چالیس دن تک چھوڑنے کی اجازت ہے اس سے زیادہ وقفہ ممنوع ہے۔

## سینے کے بال بلیڈ سے صاف کرنا

س...... سینے کے بال بلیڈ یا استرے سے صاف کئے جاسکتے ہیں؟

ج...... جی ہاں جائز ہے۔

## پنڈلیوں اور رانوں کے بال خود صاف کرنا یا نائی سے صاف کروانا

س...... ٹانگوں یعنی رانوں اور پنڈلیوں کے بال بلیڈ یا استرے سے بنائے یا نائی سے بنوائے جاسکتے ہیں یا نہیں؟

ج...... صاف کرنے کا تو مضائقہ نہیں مگر رانیں ستر ہیں نائی سے صاف کرانا جائز نہیں۔

## کٹے ہوئے بال پاک ہوتے ہیں

س...... سنا ہے جسم کے بال جب جسم کے اوپر ہوتے ہیں تو پاک ہوتے ہیں لیکن ترشوا یعنی کٹوا دیئے جاتے ہیں تو یہ ناپاک ہو جاتے ہیں۔ اگر یہ صحیح ہے تو پھر بال کٹوا کر بغیر نہائے نماز پڑھ لے کہ جماعت کی نماز جارہی ہے تو کیا ایسی صورت میں نماز ہو جائے گی؟

ج...... بال کٹوانے سے نہ غسل واجب ہوتا ہے نہ وضو ٹوٹتا ہے۔ کٹے ہوئے بال بھی پاک ہوتے ہیں۔ آپ نے غلط سنا ہے۔

# کن چیزوں سے غسل واجب ہو جاتا ہے اور کن سے نہیں

## سونے میں ناپاک ہو جانے کے بعد غسل

س..... اگر کوئی شخص سوتے میں ناپاک ہو جائے تو کیا اس پر غسل ضروری ہے اور کیا وہ اس حالت میں کھا پی سکتا ہے؟ اگر کسی چیز کو ہاتھ لگا دے تو کیا وہ ناپاک ہو جائے گی؟

ج..... سوتے میں آدمی ناپاک ہو جائے تو اس سے غسل فرض ہو جاتا ہے مگر اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ جب غسل فرض ہو تو اس حالت میں کھانا پینا جائز ہے اور ہاتھ صاف کر کے کسی چیز کو ہاتھ لگایا جائے تو وہ ناپاک نہیں ہوتی۔

## ہم بستری کے بعد غسل جنابت مرد' عورت دونوں پر واجب ہے

س..... ہم بستری کے بعد کیا عورت پر بھی غسل جنابت واجب ہو جاتا ہے؟

ج..... مرد اور عورت دونوں پر غسل واجب ہے۔

## خواب میں خود کو ناپاک دیکھنا

س..... خواب میں اگر کوئی اپنے آپ کو ناپاک حالت میں دیکھے مثلاً حیض وغیرہ تو کیا غسل فرض ہو جاتا ہے یا صرف وضو سے نماز ہو جائے گی؟

ج..... محض خواب میں اپنے آپ کو ناپاک دیکھنے سے غسل واجب نہیں ہوتا جب تک جسم پر کوئی نجاست ظاہر نہ ہو۔

## انیما کے عمل سے غسل واجب نہیں

س پیٹ کے ایکسرے کے لئے مریض کا ایکسرے سے قبل انیما کیا جاتا ہے۔ یعنی اجابت کی جانب سے ایک خاص نلکی کے ذریعہ مریض کی آنتوں میں پانی پہنچایا جاتا ہے۔ پانی اتنا پہنچایا جاتا ہے کہ آنتیں خوب بھر جاتی ہیں اور پانی اسی دوران واپس آنے لگتا ہے۔ جس سے مریض کی ٹانگیں، کپڑے وغیرہ بھیگ جاتے ہیں۔ اس حالت میں مریض کو طہارت خانہ پہنچایا جاتا ہے جہاں مریض کو پہنچایا ہوا پانی اجابت کے ذریعے خارج ہو جاتا ہے۔ شاید اس طریقہ کا مقصد آنتوں کی صفائی ہو۔

ا کیا اس صورت میں غسل واجب ہے؟

ب اگر غسل واجب نہیں تو ٹانگیں وغیرہ دھونا اور کپڑے تبدیل کرنا ضروری ہے؟

ج اگر غسل واجب نہیں ہے تو کیا اس حالت میں نماز ہو جائیگی؟

ج انیما کے عمل سے غسل واجب نہیں ہوتا مگر خارج شدہ پانی چونکہ نجس ہے اس لئے بدن اور کپڑوں پر جو نجاست لگ جاتی ہے اس کا دھونا ضروری ہے۔ نجاست سے پاکی حاصل کرنے کے بعد بغیر غسل کئے نماز پڑھی جا سکتی ہے۔

## لاش کی ڈاکٹری چیر پھاڑ کرنے سے غسل لازم نہیں

س میں میڈیکل کالج کا طالب علم ہوں، چونکہ ہمیں تعلیم کے دوران ڈائی سیکشن بھی کرنا ہوتا ہے۔ اس لئے یہ بتائیں کہ انسانی لاش کے گوشت کو ہاتھ لگانے کے بعد کیا غسل لازمی ہو جاتا ہے؟

ج نہیں۔ بلکہ ہاتھ دھو لینا کافی ہے۔

## عورت کو بچہ پیدا ہونے پر غسل فرض نہیں

س عورت کے جب بچہ پیدا ہوتا ہے کیا اسی وقت غسل کرنا واجب ہے؟ چونکہ ہم نے سنا ہے کہ اگر عورت غسل نہ کریگی تو اس کا کھانا پینا سب حرام اور گناہ ہے۔ جبکہ کراچی کے ہسپتالوں میں کوئی نہیں نہاتا؟

ج حیض و نفاس والی عورت کے ہاتھ کا کھانا جائز ہے جب تک وہ پاک نہ ہو جائے اس پر غسل فرض نہیں۔ اور یہ خیال بالکل غلط ہے کہ بچہ پیدا ہونے کے بعد اسی وقت غسل کرنا واجب ہے۔ بلکہ جب خون بند ہو جائے تو اس کے بعد غسل واجب ہو گا۔

## پیشاب کے ساتھ قطرے خارج ہونے پر غسل واجب نہیں

س پیشاب کے دوران اگر چند قطرے بھی خارج ہو جائیں تو کیا ایسی صورت میں غسل واجب ہو گا یا نہیں؟

ج..... پیشاب کے دوران قطرے خارج ہونے سے غسل واجب نہیں ہوتا۔ بعض لوگوں کو یہ بیماری ہوتی ہے کہ پیشاب سے پہلے یا بعد دودھ کی سی شکل کا مادہ خارج ہوتا ہے۔ اس کو "ودی" کہتے ہیں اور اس کے خارج ہونے سے غسل واجب نہیں ہوتا۔

## وضو یا غسل کے بعد پیشاب کا قطرہ آنے پر وضو دوبارہ کریں، غسل نہیں

س..... وضو کے بعد اگر پیشاب کا قطرہ آجائے تو کیا دوبارہ وضو کرنا چاہئے؟ غسل کے بعد اگر کبھی پیشاب کا قطرہ آجائے تو کیا دوبارہ غسل کرنا ضروری ہے؟

ج..... پیشاب کا قطرہ آنے پر وضو ٹوٹ جاتا ہے دوبارہ استنجا اور وضو کرنا چاہئے۔ غسل دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ اور اگر غسل کے بعد منی خارج ہو جائے تو اس میں یہ تفصیل ہے کہ اگر غسل سے پہلے سولیا ہو، یا پیشاب کر لیا ہو یا چل پھر لیا ہو تو دوبارہ غسل کی ضرورت نہیں۔ اور اگر صحبت سے فارغ ہو کر فوراً غسل کر لیا نہ پیشاب کیا، نہ سویا، نہ چلا پھرا، بعد میں منی خارج ہوئی تو دوبارہ غسل لازم ہے۔

## اگر غسل کے بعد منی یا پیشاب کا قطرہ آجائے تو کیا غسل واجب ہوگا؟

س..... اگر غسل کے بعد یا نماز پڑھنے کے بعد منی یا پیشاب وغیرہ کا قطرہ آجائے تو غسل ہوگا یا نہیں؟

ج..... اگر غسل کرنے سے قبل سو گیا تھا یا پیشاب کر لیا تھا، یا چل پھر لیا تھا تو دوبارہ غسل واجب نہیں اور اگر ان امور سے پہلے غسل کیا تھا اور منی کا قطرہ نکل آیا تو غسل دوبارہ کرے۔ لیکن قطرہ نکلنے سے پہلے جو نماز پڑھی وہ ہوگئی۔ اور اگر پیشاب کا قطرہ آیا تو غسل واجب نہیں صرف وضو کر لینا کافی ہے۔ اور کپڑے میں جہاں نجاست لگی ہو اس کا دھونا کافی ہے۔

---

نوٹ: معذور کے احکام صفحہ نمبر ۳۲۸ پر ملاحظہ فرمائیں۔

# تیمم

## پانی نہ ملنے پر تیمم کیوں

س۔ پانی نہ ملنے کی صورت میں تیمم کرایا جاتا ہے۔ اس میں کیا مصلحت ہے؟

ج..... میرے بھائی ہمارے لئے سب سے بڑی مصلحت یہی ہے کہ اللہ پاک کا حکم ہے اور رضائے الٰہی کا ذریعہ ہے۔ ویسے قرآن کریم نے اس کی مصلحتوں کی طرف بھی اشارہ کیا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

"اللہ یہ نہیں چاہتا کہ تم پر کوئی تنگی ڈالے' بلکہ وہ یہ چاہتا ہے کہ تم کو پاک کر دے اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دے تاکہ تم شکر کرو"۔ (سورہ مائدہ ع۲)

اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ شانہ نے پانی نہ ملنے کی صورت میں مٹی کو پاک کرنے والی بنایا ہے۔ جس طرح پانی انسانی بدن کو پاک کرنے والا ہے اسی طرح پانی پر قدرت نہ ہونے کی حالت میں مٹی سے تیمم کرنا بھی پاک کرنے والا ہے۔ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ اپنے ترجمہ کے فوائد میں لکھتے ہیں۔

"مٹی طاہر ہے اور بعض چیزوں کیلئے مثل پانی کے مطہر بھی ہے۔ مثلاً خف (چمڑے کا موزہ) تلوار' آئینہ وغیرہ۔ اور جو نجاست زمین پر گر کر خاک ہو جاتی ہے وہ بھی پاک ہو جاتی ہے۔ اور نیز ہاتھ اور چہرہ پر مٹی ملنے میں عجز بھی پورا ہے۔ جو گناہوں سے معافی مانگنے کی اعلیٰ صورت ہے۔ سو جب مٹی ظاہری اور باطنی دونوں طرح کی نجاست کو زائل کرتی ہے تو اس لئے بوقت معذوری پانی کے قائم مقام کی گئی اس کے سوا مقتضائے آسانی و سہولت جس پر حکم تیمم مبنی ہے' یہی ہے کہ پانی کی قائم مقام ایسی چیز کی جائے جو پانی سے زیادہ سہل الوصول ہو۔ سو زمین کا ایسا ہونا ظاہر ہے' کیونکہ ہر جگہ موجود ہے۔ علیٰ ہٰذا خاک انسان کی اصل ہے اور اپنی اصل کی طرف رجوع کرنے میں گناہوں اور خرابیوں سے بچاؤ ہے۔ کافر بھی آرزو کریں گے کہ کسی طرح خاک میں مل جائیں۔ جیسا کہ پہلی آیت میں مذکور ہوا"۔

(ترجمہ شیخ الہند..... سورہ نسا آیت..... ۴۳)

## تیمم کرنا کب جائز ہے

س...... ہمارے خاندان کی اکثر خواتین تیمم کر کے نماز پڑھتی ہیں۔ جبکہ گھر میں پانی بھی موجود ہوتا ہے۔ اور ان خواتین کو کوئی ایسی بیماری بھی نہیں ہے جس میں پانی سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ کیا ایسی نمازیں قبول ہونگی؟ ایسی نمازوں کے بارے میں کیا حکم ہے؟

ج...... تیمم کی اجازت صرف ایسی صورت میں ہے کہ پانی کے استعمال پر قدرت نہ ہو' جو شخص پانی استعمال کر سکتا ہے اس کا تیمم جائز نہیں نہ اس کی نماز صحیح ہوگی۔ اور پانی کے استعمال پر قدرت نہ ہونے کی دو صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ پانی میسر ہی نہ آئے۔ یہ صورت عموماً سفر میں پیش آسکتی ہے۔ پس اگر پانی ایک میل دور ہو' یا کنواں تو ہے مگر کنویں سے پانی نکالنے کی کوئی صورت نہیں' یا پانی پر کوئی درندہ بیٹھا ہے۔ یا پانی پر دشمن کا قبضہ ہے اور اس کے خوف کی وجہ سے پانی تک پہنچنا ممکن نہیں۔ تو ان تمام صورتوں میں اس شخص کو گویا پانی میسر نہیں اور وہ تیمم کر کے نماز پڑھ سکتا ہے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ پانی تو موجود ہے مگر وہ بیمار ہے اور وضو یا غسل سے جان کی ہلاکت کا یا کسی عضو کے تلف ہو جانے کا یا بیماری میں شدت ہو جانے کا یا بیماری کے طول پکڑ جانے کا اندیشہ ہے یا خود وضو یا غسل کرنے سے معذور ہے اور کوئی دوسرا آدمی وضو اور غسل کرانے والا موجود نہیں تو ایسا شخص تیمم کر سکتا ہے۔ جو خواتین ان معذوریوں کے بغیر تیمم کر لیتی ہیں ان کا تیمم کیسے جائز ہو سکتا ہے اور طہارت کے بغیر نماز کیسے صحیح ہو سکتی ہے۔

## تیمم کرنے کا طریقہ

س...... تیمم کا طریقہ کیا ہے؟

ج...... پاک ہونے کی نیت کر کے دونوں ہاتھ پاک مٹی پر پھیر کر ان کو جھاڑیئے اور اچھی طرح منہ پر مل لیجئے کہ ایک بال کی جگہ بھی خالی نہ رہے۔ پھر دوبارہ مٹی پر ہاتھ مار کر دونوں ہاتھوں پر کہنیوں تک مل لیجئے۔

## پانی ہوتے ہوئے تیمم کرنا جائز نہیں

س...... میرے ایک دوست ہیں' نماز روزے کے بڑے پابند ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ بعض لوگ نماز روزے کی پابندی اس لئے نہیں کر سکتے ہیں کہ اس معاملے میں انتہاپسند ہو جاتے ہیں۔ اور پھر پوری طرح اس پر عمل پیرا نہیں ہو سکنے کی وجہ سے اسے چھوڑ دیتے ہیں۔ اس لئے ہمیں اعتدال سے کام لینا چاہئے۔ اسی لئے وہ اکثر رات کے وقت پانی ہوتے ہوئے بھی تیمم کر کے نماز ادا کرتے ہیں۔ ٹی وی ڈراموں سے فارغ ہو جاتے ہیں تب عشاء کی نماز ادا کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ جبکہ میرا اپنا ذاتی خیال یہ ہے

کہ اگر ہم کوئی فرض ادا کریں تو اسے پورے لوازمات کے ساتھ ادا کریں۔ اس کی تمام شرائط پوری کریں۔ بتایئے آپ اس بارے میں کیا کہتے ہیں؟

ج..... آپ کی بات صحیح ہے۔ پانی ہوتے ہوئے تیمم نہیں ہوسکتا۔ آپ کے دوست کا یہ کہنا تو بجا ہے کہ "ہمیں اعتدال سے کام لینا چاہئے" لیکن ہمیں "اعتدال کا پیمانہ" اپنے پاس سے ایجاد کرنے کی اجازت نہیں کہ جس چیز کو ہماری طبیعت "اعتدال" کہے بس اس کو "اعتدال" سمجھا جائے۔ اعتدال کا پیمانہ خود شریعت مطہرہ ہے۔ چنانچہ قرآن کریم میں ہے "پھر نہ پاؤ تم پانی تو قصد کرو پاک مٹی کا" آپ دیکھ رہے ہیں کہ قرآن کریم نے پانی نہ مل سکنے کو تیمم کی شرط ٹھہرایا۔ پس یہ تو اعتدال ہوا اور جو شخص پانی کے ہوتے ہوئے بغیر کسی عذر کے تیمم سے نماز پڑھا لیتا ہے وہ بے اعتدالی کا مرتکب ہے۔

## وضو اور غسل کے تیمم کا ایک ہی طریقہ ہے

س..... کیا وضو اور غسل کے تیمم میں کچھ فرق ہے جنابت کے غسل کے لئے میں نے پڑھا ہے کہ زمین پر لیٹ کر ایک کروٹ دائیں طرف مکمل کرو دوسری کروٹ بائیں طرف مکمل کرو۔ یہ جنابت کا تیمم ہو گیا۔ یہ کہاں تک درست ہے؟

ج..... وضو اور غسل کے تیمم میں کوئی فرق نہیں۔ دونوں کا ایک طریقہ ہے۔ جنابت کے غسل کے لئے آپ نے زمین پر لیٹنے اور مٹی سے لت پت ہونے کی جو بات سنی ہے، وہ غلط ہے۔

## تیمم کن چیزوں سے جائز ہے

س..... تیمم کن چیزوں سے ہو سکتا ہے؟ مثلاً سیمنٹ والا فرش، صاف کپڑا، مٹی وغیرہ۔

ج..... تیمم پاک مٹی سے ہو سکتا ہے۔ یا جو چیز مٹی کی جنس سے ہو۔ لکڑی، کپڑا، لوہا جیسی چیزوں سے تیمم نہیں ہوگا۔ البتہ اگر کپڑے، لکڑی وغیرہ پر غبار پڑا ہو تو اس سے تیمم جائز ہے۔

## وقت کی تنگی کی وجہ سے بجائے غسل کے تیمم جائز نہیں

س..... زید جماعت سے نماز پڑھتا ہے۔ زید کو فجر کی نماز سے پہلے غسل کی حاجت ہے۔ زید کی آنکھ اس وقت کھلی جب سورج کے طلوع ہونے میں صرف ۱۵، ۲۰ منٹ باقی ہیں۔ زید اتنی دیر میں غسل کرے گا تو نماز کا وقت جاتا رہے گا۔ ایسی صورت میں کیا زید تیمم کر کے نماز پڑھ سکتا ہے؟

ج..... محض وقت کی تنگی کی وجہ سے تیمم کرنا جائز نہیں۔ غسل کر کے نماز پڑھے اور اگر وقت نکل جائے تو قضا پڑھے۔ البتہ بہتر یہ ہے کہ اس وقت تیمم کر کے نماز پڑھ لے بعد میں غسل کر کے قضا کرے۔

## تیمم مرض میں صحیح ہے، کم ہمتی سے نہیں

س..... میں ٹی بی کی دائمی مریض ہوں۔ اگست سے لے کر اپریل مئی تک مجھے مسلسل بخار، نزلہ

زکام اور جسم میں کہیں نہ کہیں درد رہتا ہے۔ اس تکلیف کی وجہ سے میں عصر سے عشا تک تیمم کرتی ہوں۔ اسلامی رو سے یہ طریقہ صحیح ہے یا غلط تحریر فرمائیں؟

ج..... اگر پانی نقصان دیتا ہو اور اس سے مرض کے بڑھ جانے کا اندیشہ ہو تو آپ وضو کی جگہ تیمم کر سکتی ہیں۔ لیکن محض کم ہمتی کی وجہ سے وضو ترک کر کے تیمم کر لینا صحیح نہیں۔

## غسل کے بجائے تیمم کب جائز ہے

س..... اگر غسل واجب ہو جائے اور مرض بڑھنے یا بیمار ہو جانے کا خدشہ ہو تو کیا اس صورت میں تیمم ہو جائے گا اور غسل کے لئے تیمم کا طریقہ کار کیا ہو گا؟

ج..... محض وہم کا اعتبار نہیں۔ اگر کسی شخص کی واقعی حالت ایسی ہو کہ وہ گرم پانی سے بھی غسل کرلے تو بیماری بڑھ جانے یا بیمار پڑ جانے کا غالب گمان ہو تو اس کو غسل کی جگہ تیمم کی اجازت ہے اور غسل کا تیمم وہی ہے جو وضو کا ہوتا ہے۔

## طبیب بیماری کی تصدیق کر دے تو تیمم کرے

س..... اگر کوئی شخص بیمار ہو اور غسل کرنے سے بیماری کے بڑھ جانے کا اندیشہ ہو تو وہ کیا کرے؟

ج..... اگر واقعی اندیشہ ہو اور طبیب اس کی تصدیق کر دے تو تیمم کرے۔ بشرطیکہ طبیب ماہر ہو اور دیندار ہو۔

## غسل کے لئے ایک ہی تیمم کافی ہے

س..... آدمی جتنے دن بیمار رہے ہر نماز سے پہلے وضو کرنے سے پہلے غسل کے طور پر تیمم ضروری ہے یا ایک بار تیمم کر لینا کافی ہوتا ہے؟

ج ..... غسل کیلئے تیمم صرف ایک بار کر لینا کافی ہے۔ جب تک دوبارہ غسل کی حاجت پیش نہ آجائے۔

## پانی لگنے سے مہاسوں سے خون نکلنے پر تیمم جائز ہے

س..... میری عمر ۱۸ سال ہے اور میرے تمام چہرے پر مہاسے ہیں جن میں خون اور پیپ ہے۔ جب میں وضو کرتا ہوں تو چہرے پر پانی لگنے سے مہاسوں میں سے خون نکلنے لگتا ہے۔ کیا میں ایسی حالت میں تمام اوقات میں تیمم کر کے نماز پڑھ سکتا ہوں؟

ج..... اگر تکلیف واقعی اتنی سخت ہے جتنی آپ نے لکھی ہے اور مسح بھی نہیں کر سکتے تو تیمم جائز ہے۔

## مستعمل پانی کے ہوتے ہوئے تیمم

س..... مستعمل پانی اور غیر مستعمل پانی جبکہ یکجا جمع ہوں کوئی اور پانی برائے وضو نہ ملے اور

مستعمل اور غیر مستعمل برابر ہوں مثلاً ایک لوٹا مستعمل اور ایک لوٹا غیر مستعمل ہو۔ اب فرمائیں کہ اس صورت میں کیا کریں وضو یا تیمم؟

ج...... مستعمل اور غیر مستعمل پانی اگر مل جائیں تو غالب کا اعتبار ہے اگر دونوں برابر ہوں تو احتیاطاً غیر مستعمل کو مغلوب قرار دیا جائے گا اور اس سے وضو صحیح نہیں بلکہ تیمم کرنا ہوگا۔

## ریل گاڑی میں پانی نہ ہونے پر تیمم کرے

س...... ریل گاڑی کے سفر میں اگر وضو کے لئے پانی دستیاب نہ ہوسکے اور وقت قضا ہو رہا ہو تو کیا عمل کریں؟

ج...... ریل گاڑی میں پانی دستیاب نہ ہو تو تیمم کرسکتا ہے مگر شرط یہ ہے کہ ریل کے کسی ڈبے میں بھی پانی نہ ہو اور ایک میل شرعی کے اندر پانی کے موجود ہونے کا علم نہ ہو جہاں ریل رُکتی ہو۔

# موزوں پر مسح

## کن موزوں پر مسح جائز ہے؟

س...... سردیوں کے موسم میں اکثر افراد نائیلون کے موزوں پر مسح کرتے ہیں۔ میں نے بھی فقہ کی بعض کتابوں میں پڑھا ہے کہ ہر ایسے موزے پر مسح جائز ہے جس سے پیر نہ جھلکتے ہوں۔ مگر بعض لوگ پھر بھی مخالفت کرتے ہیں۔ آپ قرآن و سنت کی روشنی میں بتائیں کہ کس قسم کے موزوں پر مسح جائز ہے؟

ج...... ایسی جرابوں پر مسح جائز ہے جو خوب موٹی ہوں اور کسی چیز سے باندھے بغیر تین چار میل ان کو پہن کر چل سکتا ہو۔ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک اس کیلئے ایک شرط یہ بھی ہے کہ ایسی جرابوں پر مردانہ جوتے کی مقدار کا چمڑا چڑھا ہوا ہو۔ پس اگر جرابیں پتلی ہوں تو ان پر ہمارے فقہاء میں سے کسی کے نزدیک مسح جائز نہیں۔ اور اگر موٹی ہوں لیکن ان پر چمڑا نہ چڑھا ہوا ہو تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک مسح جائز نہیں۔ صاحبین (امام محمدؒ اور امام ابو یوسفؒ) کے نزدیک جائز ہے۔

## مسح کرنے والے موزے میں پاک چمڑا

س...... موزوں کے بارے میں احادیث سے ثابت ہے کہ ان پر مسح کرلیا جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ان موزوں کا جو کہ پہن رکھے ہیں ان کا پتہ کیسے لگایا جائے کہ یہ حلال جانور کے ہیں یا حرام جانور کے۔ کیا حلال و حرام دونوں جانوروں کے چمڑے سے بنے ہوئے موزوں پر مسح کرنے سے وضو ہوجاتا ہے یا نہیں؟

ج...... کھال دباغت سے پاک ہوجاتی ہے اور موزے پاک چمڑے ہی کے بنائے جاتے ہیں۔ اس لئے اس وسوسہ کی ضرورت نہیں۔

# حیض و نفاس

## پاکی سے متعلق عورتوں کے مسائل

### دس دن کے اندر آنیوالا خون حیض ہی میں شمار ہو گا

س  ایک عورت کو ہر مہینے چھ یا سات دن حیض رہتا ہے۔ لیکن کبھی کبھار ۵ دن گزرنے کے بعد جب صبح اٹھتی ہے تو کوئی خون وغیرہ نہیں ہوتا اس طرح وہ غسل کر لیتی ہے۔ لیکن غسل کرنے کے بعد پھر خون جاری ہو جاتا ہے۔ اسی طرح دوسرے دن بھی ہوتا ہے۔ ۴' ۵ گھنٹے کچھ نہیں ہوتا ہے۔ لیکن اس کے بعد پھر خون جاری ہو جاتا ہے۔ تو پوچھنا یہ ہے کہ جن دنوں میں وقفہ وقفہ سے جو خون آتا ہے۔ یہ حیض میں شمار ہو گا یا استحاضہ میں۔ یعنی اگر کسی عورت کو ۵' ۶ گھنٹے یا کم و بیش وقت کے بعد پھر خون جاری ہو جائے تو وہ حیض شمار ہو گا یا نہیں۔ دوسرا ہر مہینے جو دن مقرر ہیں اور ان مقررہ دنوں کے بعد ایسا ہو جائے تو پھر کیا حکم ہے؟

ج  حیض کی کم سے کم مدت تین دن ہے اور زیادہ سے زیادہ مدت دس دن ہے۔ حیض کی مدت کے دوران جو خون آئے وہ حیض ہی شمار ہو گا۔ خواہ ۳' ۴ گھنٹے کے وقفہ ہی سے آئے۔

### عورت ناپاکی کے ایام میں نہا سکتی ہے

س  میں نے سنا ہے کہ ناپاکی کے دنوں میں نہانا نہیں چاہئے۔ کیونکہ نہانے سے جسم جنت میں داخل نہیں ہو گا۔ اگر گرمی کی وجہ سے صرف سر بھی دھو لیا جائے تو سر جنت میں داخل نہیں ہو گا۔ مسئلہ یہ ہے کہ کم سے کم سات دن میں ناپاکی دور ہوتی ہے۔ اور گرمیوں میں سات دن بغیر نہائے رہنا بہت مشکل ہے۔ برائے مہربانی آپ یہ بتائیں کہ واقعی مجبوری کے دنوں میں بالکل نہیں نہانا چاہئے؟

ج  عورت کو ناپاکی کے ایام میں نہانے کی اجازت ہے اور یہ نہانا ٹھنڈک کے لئے ہے طہارت

کے لئے نہیں۔ یہ کسی نے بالکل جھوٹ کہا کہ اس حالت میں نہانے سے جسم جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

## حیض سے پاک ہونے کی کوئی آیت نہیں

س حیض کے بعد پاک ہونے کی کیا کوئی مخصوص آیت ہوتی ہے؟

ج نہیں۔ عورتوں میں یہ جو مشہور ہے کہ فلاں فلاں آیتیں یا کلمے پڑھنے سے عورت پاک ہوتی ہے۔ یہ قطعاً غلط ہے۔ ناپاک آدمی پانی سے پاک ہوتا ہے۔ آیتوں یا کلموں سے نہیں۔

## خاص ایام میں مقاربت کا گناہ کرنے پر توبہ استغفار اور صدقہ

س ہم نے سنا ہے کہ جب عورت کو ایام آئیں تو مرد کو اس کے پاس جانے کی ممانعت ہے۔ مگر پھر بھی اگر مرد اپنے آپ کو قابو میں نہ رکھ سکے اور اس سے یہ کام سرزد ہو جائے تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟ اس کے نکاح میں کوئی فرق آیا یا نہیں؟ اور یہ گناہ کبیرہ ہے یا صغیرہ ہے؟

ج ..... ایسی حالت میں بیوی سے ملنا جبکہ وہ ایام ماہواری میں ہو' ناجائز و حرام گناہ کبیرہ ہے۔ توبہ استغفار کرے اور اگر گنجائش ہو تو تقریباً چھ گرام چاندی یا اسکی قیمت صدقہ کرے ورنہ توبہ استغفار ہی کفارہ ہے مگر اس ناجائز فعل سے نکاح میں کوئی فرق نہیں آتا۔

## خاص ایام کے دوران شوہر کا مس کرنا

س کیا ماہواری میں شوہر اپنی بیوی سے مقاربت یا گھٹنوں سے لے کر زیر ناف کے حصہ کو مس کر سکتا ہے؟

ج ایام کی حالت میں وظیفۂ زوجیت سخت حرام ہے بلکہ ناف سے لے کر گھٹنوں تک کے حصۂ بدن کو شوہر کا ہاتھ لگانا اور مس کرنا بھی بغیر پردہ کے جائز نہیں۔

## اسلام میں عورت کے لئے خصوصی ایام میں مراعات

س..... مجبوری کے دنوں میں عورت کے ہاتھ کا پکا ہوا کھانا جائز ہے یا نہیں؟

ج..... زمانۂ جاہلیت اور خاص کر یہودیوں کے معاشرہ میں عورت 'ایام مخصوصہ میں بہت نجس چیز سمجھی جاتی تھی اور اس کو ایک کمرے میں بند کر دیتے تھے نہ وہ کسی چیز کو ہاتھ لگا سکتی تھی نہ کھانا پکا سکتی تھی اور نہ کسی سے مل سکتی تھی۔ لیکن اسلام کے معتدل نظام نے ایسی کوئی چیز باقی نہیں رکھی سوائے روزہ نماز اور تلاوت کلام پاک کے۔ باقی تمام چیزیں اس کے لئے جائز قرار دیں حتیٰ کہ وہ ذکر اللہ اور درود شریف اور دیگر دعائیں پڑھ سکتی ہے اور وظائف سوائے قرآن کے کر سکتی ہے۔ خاص ایام میں وظیفۂ زوجیت کی

اجازت نہیں۔ نماز روزہ بھی نہیں کر سکتی۔ اس کے ذمہ روزہ کی قضا ہے نماز کی قضا نہیں۔ الغرض ان ایام میں عورت کا کھانا پکانا کپڑے دھونا اور دیگر گھریلو خدمات بجالانا جائز ہے۔

## نفاس کے احکام

س..... نفاس کسے کہتے ہیں؟ کیا حیض کی طرح نفاس میں بھی نماز معاف ہو جاتی ہے یا بعد میں قضا پڑھنی پڑتی ہے؟ نفاس سے پاک ہونے کا کیا طریقہ ہے؟ نفاس کے دوران اگر رمضان آجائے تو روزہ رکھے گی یا بعد میں قضا روزہ رکھے گی؟

ج..... بچہ پیدا ہونے کے بعد جو خون آتا ہے اس کو نفاس کہتے ہیں جس طرح حیض میں نماز معاف ہو جاتی ہے اسی طرح نفاس میں بھی نماز معاف ہے۔ اور جس طرح حیض میں روزہ معاف نہیں اسی طرح نفاس میں بھی معاف نہیں۔ بلکہ بعد میں قضا رکھنا ہو گا۔ نفاس کا خون بند ہو جانے کے بعد نہانے سے عورت پاک ہو جاتی ہے۔

## نفاس والی عورت کے ہاتھ سے کھانا پینا

س..... نفاس والی عورت کی جب تک نفاس کی مدت پوری نہ ہو' اس کے ہاتھ سے کھانا پینا شریعت کی رو سے جائز ہے کہ نہیں؟

ج..... جائز ہے۔

## کیا بچے کی پیدائش سے کمرہ ناپاک ہو جاتا ہے؟

س..... بچہ کی پیدائش کے بعد ماں اور بچے کو جس کمرہ یا گھر میں رکھا جاتا ہے' چالیس دن بعد اس کو اچھی طرح صاف کیا جاتا ہے اور اس میں رنگ و روغن کیا جاتا ہے اور جب تک ایسا نہیں کیا جاتا وہ گھر یا کمرہ ناپاک رہتا ہے۔ جبکہ براہ راست عورت کی ناپاکی سے اس گھر یا کمرہ کا تعلق بھی نہیں ہوتا۔ آپ اس غیر اسلامی رسم کا قرآن و حدیث کی رو سے جواب عنایت فرمائیں۔

ج..... صفائی تو اچھی چیز ہے مگر گھر یا کمرے کے ناپاک ہونے کا تصور غلط اور توہم پرستی ہے۔

## مخصوص ایام میں مہندی لگانا جائز ہے

س..... اکثر بزرگ خواتین کا کہنا ہے کہ مہندی ایام شروع ہونے کے بعد یعنی ایام کے دوران مہندی نہ لگائی جائے۔ کیونکہ اس وقت تک ہاتھ پاک نہیں ہوتے۔ جب تک مہندی بالکل نہ اتر جائے اور ان کا

کہنا یہ بھی ہے کہ اگر ایام شروع ہونے سے پہلے لگائی تو کوئی حرج نہیں پھر چاہے لگی ہو یا نہ لگی ہو پاک ہو سکتے ہیں۔

ج..... عورتوں کے خاص ایام میں مہندی لگانا شرعاً جائز ہے۔ اور یہ خیال غلط ہے کہ ایام میں مہندی ناپاک ہو جاتی ہے۔

## حیض کے دوران پہنے ہوئے کپڑوں کا حکم

س..... مخصوص دنوں میں جو لباس پہنے جاتے ہیں کیا انہیں بغیر دھوئے نماز پڑھی جا سکتی ہے یا نہیں؟ یا صرف ان حصوں کو جہاں غلاظت لگی ہو دھو لیا جائے۔ تمام چیزیں یعنی قمیص' شلوار' دو پٹہ' چادر سوئٹر' شال وغیرہ سب کو دھونا چاہئے؟

ج..... کپڑے کا جو حصہ ناپاک ہوا ہے اسے پاک کر کے پہن سکتے ہیں اور جو پاک ہوں ان کے استعمال میں کوئی حرج نہیں۔

## عورت کو غیر ضروری بال لوہے کی چیز سے دُور کرنا پسندیدہ نہیں

س..... کیا عورتوں کو کسی لوہے کی چیز سے غیر ضروری بالوں کا دور کرنا گناہ ہے؟

ج..... غیر ضروری بالوں کے لیے عورتوں کو چونا یا پوڈر صابن وغیرہ استعمال کرنے کا حکم ہے۔ لوہے کا استعمال ان کے لیے پسندیدہ نہیں مگر گناہ بھی نہیں۔

## دوران حیض استعمال کئے ہوئے فرنیچر وغیرہ کا حکم

س..... ان چیزوں کے پاک کرنے کے بارے میں ضرور بتایئے جن کو دوران حیض استعمال کر چکے ہیں۔ مثلاً صوفہ سیٹ' نئے کپڑے' چارپائی یا ایسی چیز جن کو پانی سے پاک نہیں کر سکتے ہیں؟

ج..... یہ چیزیں استعمال سے ناپاک تو نہیں ہو جاتیں جب تک نجاست نہ لگے۔

## خاص ایام میں عورت کا زبان سے قرآن کریم پڑھنا جائز نہیں

س..... ہم نے بچپن میں قرآن پاک نہیں پڑھا تھا۔ اس لئے اب پڑھ رہے ہیں۔ ہماری استانی کہتی ہیں کہ تم قرآن شریف مخصوص دنوں میں بھی پڑھا کرو۔ سپارہ کے صفحے میں پلٹ دیا کروں گی۔ کیونکہ پڑھتے تو زبان سے ہیں اور زبان پاک ہوتی ہے۔ اب آپ سے یہ پوچھنا ہے کہ کیا ہم ان دنوں میں قرآن شریف پڑھ سکتے ہیں؟

ج..... ایام کی حالت میں عورت کا زبان سے قرآن کریم پڑھنا جائز نہیں۔ اسی طرح جس مرد یا

عورت پر غسل فرض ہو اس کے لئے بھی قرآن کریم کی تلاوت جائز نہیں۔ آپ کی استانی کا بتایا ہوا مسئلہ صحیح نہیں۔ اس حالت میں زبان کھانے پینے کے لئے تو پاک ہوتی ہے مگر تلاوت کے حق میں پاک نہیں۔ جس طرح بے وضو آدمی کے اعضا تو پاک ہوتے ہیں لیکن جب تک وضو نہ کرلے نماز کے لئے پاک نہیں ہوتے۔ اس کو نجاست حکمی کہتے ہیں۔ جنابت اور حیض ونفاس کی حالت میں بھی زبان حکماً ناپاک ہوتی ہے۔ ہاں ذکر و تسبیح اور دعا کی اس حالت میں بھی اجازت ہے۔

## کیا عورت ایام مخصوصہ میں زبانی الفاظ قرآن پڑھ سکتی ہے

س... "مخصوص ایام" میں عورت کو اگر کچھ قرآنی آیات یاد ہوں تو کیا وہ پڑھ سکتی ہے یا نہیں؟

ج... عورتوں کے مخصوص ایام میں قرآن کریم کی آیات پڑھنا جائز نہیں۔ البتہ بطور دعا کے الفاظ قرآن پڑھ سکتی ہے۔ اس حالت میں حافظہ کو چاہئے کہ زبان ہلائے بغیر ذہن میں پڑھتی رہے اور کوئی لفظ بھولے تو قرآن مجید کسی کپڑے کے ساتھ کھول کر دیکھ لے۔

## حیض کے دنوں میں حدیث یاد کرنا اور قرآن کا ترجمہ پڑھنا

س... میں ریاض الصالحین عربی جلد اول کی حدیث پڑھتی اور یاد کرتی ہوں کیا میں خاص ایام میں بھی ان عربی احادیث کو پڑھ اور یاد کرسکتی ہوں۔ نیز قرآن کا ترجمہ بغیر عربی پڑھے' بغیر ہاتھ لگائے صرف اردو ترجمہ دیکھ کر پڑھ سکتی ہوں اور ان کو خاص ایام میں یاد کرسکتی ہوں؟

ج... دونوں مسئلوں میں اجازت ہے۔

## خاص ایام میں امتحان میں قرآنی سورتوں کا جواب کس طرح لکھے

س... قرآنی سورتیں نصاب میں شامل ہیں۔ امتحان میں ان کا متن' تشریح اور دوسری آیات کے حوالے تحریر کرنے ہوتے ہیں۔ ان ایام میں یہ تحریر کرنا کیسا ہے؟

ج... ترجمہ تشریح لکھنے کی اجازت ہے۔ مگر آیات کریمہ کا متن نہ لکھے۔ آیت کا حوالہ دے کر اس کا ترجمہ لکھ دیں۔

## خواتین اور معلّمات خاص ایام میں تلاوت کس طرح کریں

س... ۱ خواتین اپنے خاص ایام میں قرآن شریف کی تلاوت کرسکتی ہیں یا نہیں؟

س... ۲ بعض معلّمات جو کہ قاعدہ' ناظرہ یا حفظ کی تعلیم دیتی ہیں کیا وہ اس وجہ سے کہ بچوں کی تعلیم کا حرج ہوگا بچوں کو پڑھانے کے لئے قرآن شریف کی تلاوت کرسکتی ہیں' اگر نہیں تو پھر تعلیم کا سلسلہ

کس طرح جاری رکھا جائے؟

س..... ۳ خواتین اپنے خاص ایام میں کسی شخص کی یا کیسٹ، ریڈیو اور ٹیلی ویژن سے تلاوت قرآن سن سکتی ہیں؟

ج..... ۱ خواتین کے لئے خاص ایام میں قرآن کریم کی تلاوت اور اس کو چھونا جائز نہیں ہے۔ چاہے قرآن کریم کی ایک آیت کی تلاوت کی جائے یا ایک آیت سے بھی کم، ہر صورت میں تلاوت قرآن جائز نہیں۔ البتہ قرآن کی بعض وہ آیات جو کہ دعا اور اذکار کے طور پر پڑھی جاتی ہیں ان کو دعا یا ذکر کے طور پر پڑھنا جائز ہے۔ مثلاً کھانا شروع کرتے وقت "بسم اللہ" یا شکرانہ کے لئے "الحمد للہ" کہنا۔ اسی طرح قرآن کے وہ کلمات جو کہ عام بول چال میں استعمال میں آجاتے ہیں ان کا کہنا بھی جائز ہے۔

ج..... ۲ قرآن کریم کی تعلیم دینے والی معلمات کے لئے بھی قرآن کریم کی تلاوت اور قرآن کریم کو چھونا جائز نہیں۔ باقی یہ کہ تعلیم کا سلسلہ کس طرح جاری رکھا جائے اس کے لئے فقہانے یہ طریقہ بتلایا ہے کہ وہ آیت قرآنی کلمہ کلمہ الگ الگ کرکے پڑھیں۔ مثلاً الحمد..... للہ ..... رب..... العالمین ..... اس طرح معلمہ کے لئے قرآنی کلمات کے ہجے کرنا بھی جائز ہے۔

ج..... ۳ خواتین کے لئے خاص ایام میں تلاوت قرآن کی ممانعت تو حدیث شریف میں آئی ہے۔ لیکن قرآن سننے کی ممانعت نہیں آئی۔ لہٰذا ان خاص ایام میں کسی شخص سے یا ریڈیو اور کیسٹ وغیرہ سے تلاوت قرآن سننا جائز ہے۔

## دوران حفظ ناپاکی کے ایام میں قرآن کریم کس طرح یاد کیا جائے

س..... قرآن شریف حفظ کرنے کے دوران ناپاکی کی حالت میں کسی چین وغیرہ کی مدد سے قرآن پاک کے صفحے پلٹ کر یاد کرنا جائز ہے کہ ناجائز!

ج ..... عورتوں کے خاص ایام میں قرآن کریم کا زبان سے پڑھنا جائز نہیں۔ حافظہ کو بھولنے کا اندیشہ ہو تو بغیر زبان ہلائے دل میں سوچتی رہے۔ زبان سے نہ پڑھے کسی کپڑے وغیرہ سے صفحے الٹنا جائز ہے۔

## مخصوص ایام میں قرآنی آیات والی کورس کی کتاب پڑھنا اور چھونا

س..... ہم سیکنڈ ایئر کی طالبات ہیں اور ہمارے پاس اسلامک اسٹڈیز ہے جس میں قرآن کے شروع کے بارہ رکوع ہمارے کورس میں شامل ہیں۔ ہماری مشکل یہ ہے کہ خدانخواستہ اگر امتحان کے زمانے میں ہماری طبیعت خراب ہو جائے تو ہم اسلامک اسٹڈیز کی کتاب کو کس طرح پڑھ سکتے ہیں کیونکہ مخصوص ایام میں قرآن چھونا حرام ہے اور بغیر کتاب پڑھے ہم امتحان نہیں دے سکتے۔ کیونکہ کتاب میں پوری تشریح و تفسیر ہوتی ہے۔ جسے پڑھ کر ہی امتحان دیا جاسکتا ہے۔ تو آپ سے عرض ہے کہ ان دنوں کس طرح ہم اس کتاب سے مستفید ہو سکتے ہیں؟

ج ..... قرآن مجید کے الفاظ کو ہاتھ نہ لگایا جائے۔ نہ ان الفاظ کو زبان سے پڑھا جائے۔ کتاب

کو ہاتھ لگانا اور پڑھنا جائز ہے۔

## مخصوص ایام میں اسلامی کتب میں درج شدہ آیات کس طرح پڑھیں

س...... اسلامی کتب میں جگہ جگہ حوالوں کے لئے قرآنی آیات درج ہیں۔ اگر ان کا اردو ترجمہ بھی تحریر نہ ہو تو اس حالت میں اس قرآنی آیت کا پڑھنا کیسا ہے؟

ج...... قرآن کریم کی آیات کو دل میں پڑھ سکتی ہیں۔

## حیض کی حالت میں قرآن و حدیث کی دعائیں پڑھنا

س...... مخصوص ایام میں قرآن پاک کی وہ سورتیں جو کہ روز پڑھنے کا معمول ہے۔ زبانی یاد ہوں تو پڑھ سکتے ہیں؟ اور روزانہ ۵۰۰ مرتبہ درود شریف پڑھنے کا معمول ہے کیا ان ایام میں ۵۰۰ مرتبہ درود شریف اور چند سورتیں زبانی پڑھ سکتے ہیں اور عام طور پر جو وظیفے مثلاً چہرے کی روشنی کے لئے اللہ نور السمٰوٰت والارض اول آخر درود شریف پڑھ سکتے ہیں؟

ج...... خاص ایام میں عورتوں کو قرآن کریم کی تلاوت جائز نہیں۔ قرآن و حدیث کی دعائیں دعا کی نیت سے پڑھ سکتی ہیں، دیگر ذکر اذکار، درود شریف پڑھنا جائز ہے۔

## عورتوں کا ایام مخصوص میں ذکر کرنا

س...... عورتیں اپنے مخصوص ایام میں ذکر کر سکتی ہیں۔ مثلاً سوم کلمہ، درود شریف، استغفار کلمہ طیبہ وغیرہ۔

ج...... قرآن مجید کی تلاوت کے علاوہ سب ذکر کر سکتی ہیں۔

## مخصوص ایام میں عملیات کرنا

س...... اگر کوئی عمل اسلامی ماہ کی پہلی تاریخ سے شروع کیا جائے اور وہ ۲۱ یا ۴۰ دن تک مکمل کرنا ہو تو کیا حیض کی حالت میں بھی عمل جاری رکھنا چاہئے!

ج...... اگر عمل قرآن مجید کی آیت کا ہو تو ماہواری کے دنوں میں جائز نہیں۔

## عورت سر سے اکھڑے بالوں کو کیا کرے

س...... جب عورت سر میں کنگھا کرتی ہے تو عورتیں کہتی ہیں کہ سر کے بال پھینکنا نہیں چاہئے۔ ان کو اکٹھا کر کے قبرستان میں دبانا چاہئے؟

ج...... عورتوں کے سر کے بال بھی ستر میں داخل ہیں اور جو بال کنگھی میں آجاتے ہیں ان کا دیکھنا بھی نامحرم کو جائز نہیں۔ اس لئے ان بالوں کو پھینکنا نہیں چاہئے۔ بلکہ کسی جگہ دبا دینا چاہئے۔

# ناخن پالش کی بلا

## ناخن پالش لگانا کفار کی تقلید ہے اس سے نہ وضو ہوتا ہے نہ غسل نہ نماز

س...... آج کل نوجوان لڑکیاں اس کشمکش میں مبتلا ہیں کہ آیا لڑکیاں جو ناخنوں کو پالش لگاتی ہیں اس کو صاف کرنے کے بعد وضو کریں یا پالش کے اوپر سے ہی وضو ہو جائے گا؟ کئی سمجھدار اور تعلیم یافتہ لڑکیاں اور معزز نمازی عورتیں یہ کہتی ہیں کہ ناخنوں کی پالش صاف کئے بغیر ہی وضو ہو جائے گا؟

ج...... ناخنوں سے متعلق دو بیماریاں عورتوں میں خصوصاً نوجوان لڑکیوں میں بہت ہی عام ہوتی جارہی ہیں۔ ایک ناخن بڑھانے کا مرض اور دوسرا ناخن پالش کا۔ ناخن بڑھانے سے آدمی کے ہاتھ بالکل درندوں جیسے ہوتے ہیں اور پھر ان میں گندگی بھی رہ سکتی ہے جس سے ناخنوں میں جراثیم پیدا ہوتے ہیں اور مختلف النوع بیماریاں جنم لیتی ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دس چیزوں کو "فطرت" میں شمار کیا ہے ان میں ایک ناخن تراشنا بھی ہے۔ پس ناخن بڑھانے کا فیشن انسانی فطرت کے خلاف ہے ' جس کو مسلم خواتین کافروں کی تقلید میں اپنا رہی ہیں۔ مسلم خواتین کو اس خلاف فطرت تقلید سے پرہیز کرنا چاہئے۔

دوسرا مرض ناخن پالش کا ہے۔ حق تعالیٰ شانہ نے عورت کے اعضاء میں فطری حسن رکھا ہے۔ ناخن پالش کا مصنوعی لبادہ محض غیر فطری چیز ہے پھر اس میں ناپاک چیزوں کی آمیزش بھی ہوتی ہے وہی ناپاک ہاتھ کھانے وغیرہ میں استعمال کرنا طبعی کراہت کی چیز ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ناخن پالش کی تہہ جم جاتی ہے اور جب تک اس کو صاف نہ کر دیا جائے پانی نیچے نہیں پہنچ سکتا۔ پس

نہ وضو ہوتا ہے نہ غسل۔ آدمی ناپاک کا ناپاک رہتا ہے۔ جو تعلیم یافتہ لڑکیاں اور معزز نمازی عورتیں یہ کہتی ہیں کہ ناخن پالش کو صاف کئے بغیر ہی وضو ہو جاتا ہے وہ غلط فہمی میں مبتلا ہیں اس کو صاف کئے بغیر آدمی پاک نہیں ہوتا نہ نماز ہوگی نہ تلاوت جائز ہوگی۔

## ناخن پالش والی میت کی پالش صاف کر کے غسل دیں

س..... اگر کہیں موت آگئی تو ناخن پالش لگی ہوئی عورت کی میت کا غسل صحیح ہو جائے گا؟
ج..... اسکا غسل صحیح نہیں ہوگا اس لئے ناخن پالش صاف کر کے غسل دیا جائے۔

## نیل پالش اور لپ سٹک کے ساتھ نماز

س..... چند روز قبل ہمارے گھر "آیت کریمہ" کا ختم تھا۔ جن میں چند رشتہ دار عورتیں آئیں جن میں کچھ فیشن میں ملبوس تھیں۔ فیشن سے مراد ناخن میں نیل پالش' بدن میں پرفیوم' ہونٹوں میں لپ اسٹک وغیرہ تھا۔ جب نماز کا وقت ہوا تو نماز کیلئے کھڑی ہو گئیں جب ان سے کہا گیا کہ ان چیزوں سے وضو نہیں رہتا تو نماز کیسے ہوگی تو انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نیت دیکھتا ہے تو کیا مولانا صاحب نیل پالش' پرفیوم' لپ سٹک وغیرہ سے وضو برقرار رہتا ہے؟ کیا ان سب چیزوں کے استعمال کے بعد نماز ہو جاتی ہے؟ براہ مہربانی تفصیل سے جواب دیں۔ نوازش ہوگی۔
ج..... خدا تعالیٰ صرف نیت کو نہیں دیکھتا بلکہ یہ بھی دیکھتا ہے کہ جو کام کیا گیا وہ اس کی شریعت کے مطابق بھی ہے یا نہیں؟ مثلاً کوئی شخص بے وضو نماز پڑھے اور یہ کہے کہ خدا نیت کو دیکھتا ہے تو اس کا یہ کہنا خدا اور رسول کا مذاق اڑانے کے ہم معنی ہوگا۔ اور ایسے شخص کی عبادت 'عبادت' ہی نہیں رہتی۔ اس لئے فیشن ایبل خواتین کا یہ استدلال بالکل مہمل ہے کہ خدا نیت کو دیکھتا ہے۔ ناخن پالش اور لپ اسٹک اگر بدن تک پانی کو نہ پہنچنے دے تو وضو نہیں ہوگا۔ اور جب وضو نہ ہوا تو نماز بھی نہ ہوگی۔

## ناخن پالش کو موزوں پر قیاس کرنا صحیح نہیں

س..... جس طرح وضو کر کے موزہ پہن لیا جائے تو دوسرے وضو کے وقت پاؤں دھونے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ صرف جراب کے اوپر مسح کر لیا جاتا ہے۔ اسی طرح وضو کر کے ناخن پالش لگا لیا جائے تو دوسرا وضو کرتے وقت اسے چھڑانے کی ضرورت تو نہیں ہے؟
ج..... چمڑے کے موزوں پر تو مسح بالاتفاق جائز ہے۔ جرابوں پر مسح امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک جائز نہیں اور ناخن پالش کو موزوں پر قیاس کرنا صحیح نہیں۔ اس لئے اگر ناخن پالش لگی ہو تو وضو اور غسل نہیں ہوگا۔

## ناخن پالش اور لبوں کی سرخی کا غسل اور وضو پر اثر

س..... جیسے کہ ناخن پالش لگانے سے وضو نہیں ہوتا اگر کبھی ہونٹوں پر ہلکی سی لالی لگی ہو تو کیا وضو ہو جاتا ہے یا اگر وضو کے بعد لگائی جائے تو اس سے نماز درست ہے؟

ج..... ناخن پالش لگانے سے وضو اور غسل اس لئے نہیں ہوتا کہ ناخن پالش پانی کو بدن تک پہنچنے نہیں دیتی۔ لبوں کی سرخی میں بھی اگر یہی بات پائی جاتی ہے کہ وہ پانی کے جلد تک پہنچنے میں رکاوٹ ہو تو اس کو اتارے بغیر غسل اور وضو نہیں ہوگا۔ اور اگر وہ پانی کے پہنچنے سے مانع نہیں تو غسل اور وضو ہو جائے گا۔ ہاں اگر وضو کے بعد ناخن پالش یا سرخی لگا کر نماز پڑھے تو نماز ہو جائے گی لیکن اس سے بچنا بہتر ہے

## خوشی سے یا جبر! ناخن پالش لگانے کے مضمرات

س..... میں نے غسل کے فرائض میں پڑھا ہے کہ سارے جسم پر پانی اس طرح بہایا جائے کہ جسم کا کوئی حصہ بال برابر بھی خشک نہ رہے۔ آج کل یہ بات عام فیشن میں آگئی ہے کہ ہمارے گھروں میں عورتیں ناخنوں پر پالش کرتی ہیں جو زیادہ گاڑھی ہوتی ہے اور ناخنوں پر اس کی ایک تہہ جم جاتی ہے اور ایسے ہی بعض مرد حضرات رنگ کا کام کرتے ہیں جو جسم کے کسی حصہ پر لگ جائے تو آسانی سے نہیں اترتا۔ ایسی صورت میں ہر دو کس غسل جنابت سے پاکی حاصل کر سکتے ہیں یا نہیں؟ اسلام نے عورت کو اپنے شوہر کے سامنے زینت' بناؤ سنگھار کی اجازت دی ہے۔ کیا ناخن پالش لگانا جائز ہے؟ اگر ناجائز ہے تو ایسی حالت والی عورت کے لئے نماز' تلاوت اور کھانے پینے کے لئے کیا حکم ہے؟

ج..... ناخن پالش کی اگر تہہ جم گئی ہو تو اس کو چھڑائے بغیر وضو اور غسل نہیں ہوگا۔ یہی حکم اور چیزوں کا ہے جو پانی کے بدن تک پہنچنے سے مانع ہوں۔

س..... اگر شوہر کی خوشنودی کے لئے ناخن پالش لگائی جائے اور شوہر نہ لگانے پر سختی کرے تو ایسی عورت کے لئے کیا حکم ہے؟ اگر اسلامی تعلیمات کی رو سے ناخن پالش لگانا گناہ ہے تو یہ گناہ کس کے سر پر ہے۔ بیوی پر یا شوہر پر؟ اگر یہ بات گناہ ہے تو اس گناہ کو گناہ سمجھانے کے لئے یہ ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے۔ شوہر پر یا بیوی پر؟ حکومت کے پاس ذرائع ابلاغ ہیں۔ ان کے ذریعے اگر اس کی تشہیر کی جائے تو کیسا رہے گا؟

ج..... اگر ناخن پالش لگانے سے نمازیں غارت ہوتی ہیں اور شوہر باوجود علم کے اس سے منع نہ کرے تو مرد عورت دونوں گناہ گار ہونگے اگر شوہر کی خوشنودی کیلئے ناخن پالش لگالے تو وضو کرنے سے پہلے اس کو چھڑائے اور پھر وضو کر کے نماز پڑھے۔ ورنہ نماز نہیں ہوگی۔

## کیا مصنوعی دانت اور ناخن پالش کے ساتھ غسل صحیح ہے

س..... کسی مسلمان مرد یا عورت کے سونے کے دانت یا ناخن پالش لگانے کی صورت میں غسل ہو

جاتا ہے یا نہیں؟

ج..... مصنوعی دانتوں کے ساتھ غسل ہو جاتا ہے ان کو اتارنے کی ضرورت نہیں۔ ناخن پالش لگی ہوئی ہو تو غسل نہیں ہوتا جب تک اسے اتار نہ دیا جائے۔

## عورتوں کیلئے کس قسم کا میک اپ جائز ہے؟

س..... ہماری خواتین اس بات پر بحث کرتی ہیں کہ انسان اپنی خوبصورتی کیلئے میک اپ کر سکتا ہے۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ مذہب اسلام کی رو سے خواتین کو یہ بات زیب دیتی ہے کہ وہ بحیثیت مسلمان میک اپ کریں جس میں سرخی' پاؤڈر' نیل پالش شامل ہے کیا اس حالت میں محفل وعظ میں شرکت کرنا' قرآن خوانی اور نماز وغیرہ پڑھنا صحیح ہے؟

ج..... عورت کیلئے ایسا میک اپ کرنا جس سے اللہ تعالیٰ کی فطری تخلیق میں تغیر کرنے کی کوشش ہو' جائز نہیں۔ مثلاً اپنے فطری اور خلقی بالوں کے ساتھ دوسرے انسانوں کے بالوں کو ملانا' ہاں انسانوں کے علاوہ دوسرے مصنوعی بالوں کو ملانا جائز ہے' اس کے علاوہ میک اپ فطری تخلیق میں تغیر کرنے کے مترادف نہ ہو وہ اس صورت میں جائز ہے جبکہ اس میک اپ کے ساتھ عورت غیر محرم مردوں کے سامنے نہ جائے چنانچہ اس قسم کے میک اپ میں سرخی پاؤڈر شامل ہے۔ ہاں البتہ ناخن پالش سے احتراز کیا جائے کیونکہ ناخن پالش دور کئے بغیر نہ وضو ہوتا ہے اور نہ ہی غسل..... ناخن پالش کو ہر وضو کے لئے ہٹانا کار مشکل ہے' اور جب ناخن پالش کو ہٹائے بغیر وضو یا غسل صحیح نہ ہو گا تو نماز بھی نہ ہوگی۔ اس لئے ناخن پالش کی لعنت سے احتراز لازم ہے۔

# پاکی اور ناپاکی میں تلاوت، دعا و اذکار

## ناپاکی اور بے وضو کی حالت میں قرآن شریف پڑھنا

س..... ناپاکی کی حالت میں یا بغیر وضو کے قرآن شریف کی تلاوت کی جا سکتی ہے یا نہیں؟

ج..... اگر غسل کی ضرورت ہو تو نہ قرآن شریف کو ہاتھ لگانا جائز ہے اور نہ پڑھنا ہی جائز ہے اور بغیر وضو کے ہاتھ لگانا جائز نہیں۔ البتہ پڑھنا جائز ہے۔

## ناپاکی کی حالت میں قرآنی آیات کا تعویذ استعمال کرنا

س..... ہم نے سنا ہے کہ آدمی اگر ناپاک ہو تو اس کو قرآنی آیات تعویذ بنا کر نہیں پہننی چاہئیں۔ یہ بات درست ہے یا غلط؟

ج..... جس کاغذ پر آیت لکھی ہو ناپاکی کی حالت میں اس کو چھونا جائز نہیں۔ لیکن کپڑے وغیرہ میں لپٹا ہو تو چھونا جائز ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ناپاکی کی حالت میں تعویذ پہننا جائز ہے۔ جبکہ وہ کاغذ میں لپٹا ہوا ہو۔

## غسل لازم ہونے پر کن چیزوں کا پڑھنا جائز ہے

س..... اگر غسل لازم ہو تو کیا تسبیح مثلاً درود شریف، کلمہ طیبہ، استغفار وغیرہ پڑھ سکتے ہیں؟

ج..... اس حالت میں قرآن کریم کی تلاوت جائز نہیں۔ ذکر، دعا، درود شریف وغیرہ سب جائز ہے۔

## قرآنی آیات اور احادیث والے مضمون کو بے وضو چھونا

س..... دین اسلام کی کتابوں میں اور رسائل میں جہاں جہاں (کہیں کہیں) قرآن مجید کی آیات اور احادیث اکثر لکھی ہوتی ہیں۔ ایسی کتب اور ایسے رسائل کو بے وضو چھونا اور پڑھنا کیسا ہے؟

ج..... جائز ہے مگر آیات کریمہ پر ہاتھ نہ لگے

## پتی والا پان کھا کر قرآن شریف پڑھ سکتا ہے

س..... پتی والا پان کھا کر قرآن شریف پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟
ج..... پڑھ سکتا ہے۔ البتہ بدبودار چیز کھا کر تلاوت کرنا مکروہ ہے۔

## غسل فرض ہونے پر اسم اعظم کا ورد

س..... کیا غسل فرض ہونے کی صورت میں اسم اعظم یا کسی سورۃ کا ورد کیا جا سکتا ہے یا نہیں اور تلاوت بھی کی جا سکتی ہے یا نہیں؟
ج..... جب غسل فرض ہو تو قرآن کریم کی تلاوت جائز نہیں۔ دوسرے اذکار جائز ہیں۔

## بے وضو قرآن چھونا اور کھاتے ہوئے تلاوت کرنا

س..... کیا قرآن بے وضو پڑھنا جائز ہے اگر تلاوت کے دوران وضو ہو لیکن منہ سے کچھ کھا بھی رہے ہوں تو کیا تلاوت ہو جاتی ہے؟
ج..... بے وضو تلاوت جائز ہے قرآن مجید کو ہاتھ نہ لگایا جائے۔ کھاتے ہوئے تلاوت کرنا خلاف ادب ہے۔

## بغیر وضو تلاوت قرآن کا ثواب

س..... آپ نے ایک سوال کے جواب میں تحریر فرمایا کہ قرآن حکیم کو بغیر وضو چھوتے نہیں اور قرآن کریم میں دیکھ کر پڑھنا بلا وضو بھی منع ہے۔ البتہ بغیر دیکھے بلا وضو پڑھ سکتے ہیں اس طرح تلاوت کا ثواب ہے؟
ج..... بغیر وضو کے قرآن کو ہاتھ لگانا منع ہے۔ تلاوت کرنا منع نہیں۔ اگر ہاتھ پر کوئی کپڑا لپیٹ کر یا کسی چاقو وغیرہ کے ذریعے قرآن کریم کے اوراق الٹتا ہے تو دیکھ کر بھی پڑھ سکتا ہے۔ تلاوت کا ثواب اس صورت میں بھی ملے گا۔ ثواب میں کمی وبیشی اور بات ہے۔

## بغیر وضو کے درود شریف پڑھ سکتے ہیں

س..... کیا بغیر وضو کے چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے درود شریف کا ورد کر سکتے ہیں۔ جبکہ خدا کا ذکر تو ہر حال میں جائز ہے۔ تو ذکر حبیبؐ بھی جائز ہونا چاہئے ذرا وضاحت فرمادیں کیونکہ میں نے لوگوں سے سنا ہے

کہ بغیر وضو کے درود شریف نہ پڑھا جائے۔ فرض کریں اگر حضور اکرمؐ کا نام مبارک آجائے تو اگر بغیر وضو کے شخص تو کیا درود نہ پڑھیں۔ حالانکہ نام مبارک پر تو درود پڑھنا واجب ہے۔

ج...... بغیر وضو کے درود شریف کا ورد جائز ہے اور وضو کے ساتھ نور علیٰ نور ہے۔

## بے وضو ذکر الٰہی

س...... ایک آدمی دفتر میں بیٹھا ہے اور بالکل تنہا ہے اور فارغ ہے۔ بعض اوقات پیشاب وغیرہ کے لئے بھی جاتا ہے اور ہاتھ وغیرہ صحیح طریقے سے دھوتا ہے۔ مگر مکمل وضو کسی وجوہات کی بنا پر نہیں کرتا۔ یا غفلت سمجھ لیں تو اس حالت میں فارغ وقت میں کیا وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر اور نبیؐ کا ذکر یا کوئی اور آیت کریمہ وغیرہ کا ورد کر سکتا ہے یا نہیں؟

ج...... ذکر الٰہی کے لئے باوضو ہونا شرط نہیں۔ بغیر وضو کے تسبیحات پڑھ سکتے ہیں' ہاں باوضو ذکر کرنا افضل ہے۔

## بیت الخلاء میں کلمہ زبان سے پڑھنا جائز نہیں

س...... بیت الخلاء میں استنجے کے وقت بھی کلمہ طیبہ پڑھنا چاہئے یا نہیں؟

ج...... بیت الخلاء میں زبان سے پڑھنا جائز نہیں۔

## بیت الخلاء میں دعا زبان سے نہیں بلکہ دل میں پڑھے

س...... اگر کوئی شخص بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے دعا اور بائیں پاؤں کو داخل کرنا بھول جائے' اور اندر جا کر یاد آجائے تو کیا کرنا چاہئے؟

ج...... زبان سے نہ پڑھے دل میں پڑھ لے۔

## لفظ "اللہ" والا لاکٹ پہن کر بیت الخلاء جانا

س...... ایسے لاکٹ جن پر لفظ "اللہ" کندہ ہوتا ہے انہیں ہر وقت گلے میں پہنے رہنا اور پہن کر باتھ روم وغیرہ میں جانا جائز ہے؟ کیا اس طرح خدائے بزرگ و برتر کے نام کی بے ادبی نہیں ہوتی؟

ج...... بیت الخلاء میں جانے سے پہلے ان کو اتار دینا چاہئے۔

## میدان میں قضائے حاجت سے پہلے دعا کہاں پڑھے

س...... شہروں میں تو بیت الخلاء ہوتے ہیں مگر دیہات میں نہیں ہوتے' تو دیہات میں کھلی جگہ


قضائے حاجت کے لئے جائے تو دعا پڑھنی چاہئے یا نہیں؟

ج… بیت الخلاء میں قدم رکھنے سے پہلے اور جنگل میں ستر کھولنے سے پہلے دعا پڑھی جائے۔

## ناپاکی کی حالت میں ناخن کاٹنا

س… ناپاکی کی حالت میں اگر ناخن کاٹ لئے جائیں تو کیا جب تک وہ بڑھا کر دوبارہ نہ کاٹے جائیں پاک نہ ہوسکے گی؟

ج… ناپاکی کی حالت میں ناخن نہیں اتارنے چاہئیں۔ مگر یہ غلط ہے کہ جب تک ناخن نہ بڑھ جائیں آدمی پاک نہیں ہوتا۔



# نجاست اور پاکی کے مسائل

## نجاست غلیظہ اور نجاست خفیفہ کی تعریف

س میں نے بزرگوں سے سنا ہے کہ اگر تین حصے بدن کے کپڑے ناپاک ہوں اور ایک حصہ پاک ہو تب بھی نماز قبول ہو جاتی ہے۔ کیا یہ صحیح ہے؟

ج جی نہیں! مسئلہ سمجھنے سمجھانے میں غلطی ہوئی ہے۔ دراصل یہاں دو مسئلے الگ الگ ہیں۔ ایک یہ کہ کپڑے کو نجاست لگ جائے تو کس حد تک معاف ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ نجاست کی دو قسمیں ہیں۔ غلیظہ اور خفیفہ۔

نجاست غلیظہ مثلاً آدمی کا پاخانہ' پیشاب' شراب' خون' جانوروں کا گوبر اور حرام جانوروں کا پیشاب وغیرہ یہ سب سیال ہو تو ایک روپے کے پھیلاؤ کے بقدر معاف ہے اور اگر گاڑھی ہو تو پانچ ماشے وزن تک معاف ہے اس سے زیادہ ہو تو نماز نہیں ہوگی۔

نجاست خفیفہ.... مثلاً (حلال جانوروں کا پیشاب) کپڑے کے چوتھائی حصے تک معاف ہے۔ چوتھائی کپڑے سے مراد کپڑے کا وہ حصہ ہے جس پر نجاست لگی ہو مثلاً آستین الگ شمار ہوگی' دامن الگ شمار ہوگا اور.....

معاف ہونے کا یہ مطلب ہے کہ اسی حالت میں نماز پڑھ لی تو نماز ہو جائیگی۔ دوبارہ لوٹانے کی ضرورت نہیں۔ لیکن اس نجاست کا دور کرنا اور کپڑے کا پاک کرنا بہر حال ضروری ہے۔ اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی کے پاس پاک کپڑا نہ ہو اور ناپاک کپڑے کو پاک کرنے کی بھی کوئی صورت نہ ہو تو آیا ناپاک کپڑے کے ساتھ نماز پڑھنی چاہئے یا کپڑا اتار کر برہنہ نماز پڑھے؟ اس کی تین صورتیں ہیں۔ اول یہ کہ وہ کپڑا ایک چوتھائی پاک ہے اور تین چوتھائی ناپاک ہے۔ ایسی صورت میں اسی کپڑے میں نماز پڑھنا ضروری ہے۔ برہنہ ہو کر پڑھنے کی اجازت نہیں۔ دوسری صورت یہ ہے کہ کپڑا چوتھائی سے کم پاک ہو۔ اس صورت میں اختیار ہے کہ خواہ اس ناپاک کپڑے کے ساتھ نماز پڑھے۔ یا کپڑا اتار کر بیٹھ کر رکوع سجدہ کے اشارے سے نماز پڑھے۔ تیسری صورت یہ ہے کہ کپڑا کل کا کل ناپاک ہے تو اس

صورت میں ناپاک کپڑے کے ساتھ نماز نہ پڑھے۔ بلکہ کپڑا اتار کر نماز پڑھے۔ لیکن برہنہ آدمی کو بیٹھ کر نماز پڑھنے کا حکم ہے۔ رکوع سجدہ کی جگہ اشارہ کرے تاکہ جہاں تک ممکن ہو ستر چھپا سکے۔ الغرض آپ نے جو مسئلہ بزرگوں سے سنا ہے وہ یہ ہے کہ آدمی کے پاس پاک کپڑا نہ ہو بلکہ صرف ایسا کپڑا ہو جس کے تین حصے ناپاک ہوں اور ایک حصہ پاک ہو تو اسی کپڑے سے نماز پڑھنا ضروری ہے۔

## کتنی نجاست لگی رہ گئی تو نماز ہو گئی

س..... اگر گندے پانی کے چھینٹے لگ جائیں تو دھولینا چاہئے۔ مگر ایک صاحب یہ فرماتے ہیں کہ اگر ایک روپیہ سکے جتنا گول نشان ہو تو نہیں دھونا چاہئے اگر اس سے بڑے ہوں تو دھونا چاہئے جواب دے کر مشکور فرمائیں؟

ج..... آپ کو مسئلہ سمجھنے میں غلطی ہوئی ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ اگر کپڑے کو گندے پانی کے یا کسی اور نجاست کے چھینٹے لگے ہوئے تھے، اور بے خیالی میں نماز پڑھ لی تو یہ دیکھیں گے کہ اگر روپیہ کے سکے جتنا گول نشان تھا یا اس سے بھی کم تھا تو نماز ہو گئی اس کو لوٹانے کی ضرورت نہیں۔ اور اگر اس سے زیادہ تھا تو نماز نہیں ہوئی دوبارہ لوٹانی پڑے گی۔ یہ مطلب نہیں کہ اگر نجاست تھوڑی ہو تو اس کو دھونا نہیں چاہئے۔

## دیر تک قطرے آنیوالے کے لئے طہارت کا طریقہ

س..... آج کل کے جدید دور کی وجہ سے لیٹرین میں فراغت کے بعد پانی استعمال کیا جاتا ہے اور پھر وضو کر لیا جاتا ہے۔ مگر جب پیشاب کسی کھلی جگہ پر کیا جاتا ہے اور استنجا کے لئے مٹی کے ڈھیلے استعمال کئے جاتے ہیں تو کافی دیر تک پیشاب کے قطرے آتے رہتے ہیں تو پھر کیا پانی سے استنجا کر لینا اور وضو بنا لینا درست ہو گا؟ حالانکہ قوی گمان ہے کہ پیشاب کے قطرے بعد میں بھی آئے ہوں گے؟

ج..... جس شخص کو یہ مرض ہو کہ دیر تک اسے قطرے آتے رہتے ہیں اسے پانی کے ساتھ استنجا کرنے سے پہلے ڈھیلے یا ٹشو کا استعمال لازم ہے جب اطمینان ہو جائے تب پانی سے استنجا کرے۔

## ریح کے ساتھ اگر نجاست نکل جائے تو وضو سے پہلے استنجا کرے

س..... نماز میں اگر ریح خارج ہو تو بغیر طہارت کئے دوسرا وضو کر کے نماز پڑھنی جائز ہے۔ اگر نماز کے بغیر حالت میں ریح خارج ہوتی رہے تو کیا طہارت واجب ہے یا صرف وضو کر کے نماز پڑھ لینی جائز ہے طہارت نہ کرے؟

ج......ریح صادر ہونے سے صرف وضو لازم آتا ہے استنجا کرنا صحیح نہیں البتہ اگر ریح کے ساتھ نجاست نکل گئی ہو تو استنجا کیا جائے۔

## سو کر اٹھنے کے بعد ہاتھ دھونا

س...... میں نے بہشتی زیور میں یہ پڑھا تھا کہ آدمی جب صبح سو کر اٹھتا ہے تو اس کے ہاتھ ناپاک ہوتے ہیں اور اس کو ہاتھ پاک کئے بغیر کوئی نم چیز نہیں پکڑنی چاہئے۔ پوچھنا یہ تھا کہ اگر آدمی کے ہاتھ پسینے سے بھیگے ہوئے یا نم ہوں یا اس نے سوتے میں یا غنودگی میں جسم کے ایسے حصہ کو ہاتھ لگایا جو پسینے سے بھیگا ہوا یا نم ہو تو کیا ایسی صورت میں بھی وہ اور اس کا جسم ناپاک ہو جائیں گے؟

محترم! مجھے پسینہ کچھ زیادہ ہی آتا ہے اور خاص طور پر سونے میں کسی ایک کروٹ پڑے رہنے میں وہ حصہ بھیگ جاتا ہے اب میں اپنے ہاتھ سے جو پسینے سے نم ہوتے ہیں اپنا منہ بھی کھجاتا ہوں اور چادر بھی ٹھیک کرتا ہوں غرض جسم کو کپڑوں کو بستر کو ہاتھ لگاتا ہوں؟

ج...... آپ نے بہشتی زیور کے جس مسئلہ کا حوالہ دیا ہے وہ یہ ہے۔

مسئلہ۔ "جب سو کر اٹھے تو جب تک گٹے تک ہاتھ نہ دھولے تب تک ہاتھ پانی میں نہ ڈالے' چاہے ہاتھ پاک ہو اور چاہے ناپاک ہو۔"

آپ نے بہشتی زیور کا حوالہ دینے میں دو غلطیاں کی ہیں ایک یہ کہ جب آدمی سو کر اٹھتا ہے تو اس کے ہاتھ ناپاک ہوتے ہیں حالانکہ بہشتی زیور کے مذکورہ بالا مسئلہ پر سو کر اٹھنے والے کے ہاتھوں کو ناپاک نہیں کہا گیا۔ دوسری غلطی یہ کہ آپ نے لکھا کہ "ہاتھ پاک کئے بغیر کوئی چیز نہیں پکڑنی چاہئے۔" حالانکہ بہشتی زیور کے مذکورہ بالا مسئلہ میں یہ لکھا ہے کہ "ہاتھ خواہ پاک ہوں یا ناپاک ان کو پانی کے برتن میں نہیں ڈالنا چاہئے نہ یہ کہ کسی چیز کو پکڑنا نہیں چاہئے۔"

سونے سے پہلے اگر بدن پاک تھا اور نیند میں جنابت کی وجہ سے ناپاک نہیں ہوا تو پسینہ آنے سے نہ بدن ناپاک ہوتا ہے اور نہ سونے والے کے ہاتھ ناپاک ہوتے ہیں۔ لیکن نیند سے اٹھ کر جب تک ہاتھ نہ دھوئے جائیں ان کو پانی کے برتن میں نہیں ڈالنا چاہئے۔

## وضو کے پانی کے قطرے ناپاک نہیں ہوتے

س...... وضو کرنے کے بعد مسجد میں داخل ہوتے ہیں تو فرش پر وضو کے پانی کے قطرے گرتے ہیں اس سے گناہ ملتا ہے کیا یہ صحیح ہے کہ نماز کی جگہ پر پانی کے قطرے نہیں گرنے چاہئیں؟

ج...... جی نہیں یہ مسئلہ صحیح نہیں۔ وضو کے قطرے ناپاک نہیں ہوتے۔

## وضو کے چھینٹوں سے حوض ناپاک نہیں ہوتا

س...... بعض لوگوں سے سنا ہے کہ وضو کے پانی کے چھینٹوں سے بچنا چاہئے کیونکہ گرنے والا پانی ناپاک ہوجاتا ہے جبکہ بعض مساجد میں بڑے حوض ہوتے ہیں وضو کرتے وقت وضو کا پانی حوض میں گرتا ہے اس صورت میں پانی ناپاک ہوجاتا ہے یا نہیں؟

ج...... حوض سے وضو کرتے وقت احتیاط سے کام لینا چاہئے کہ چھینٹے حوض پر نہ گریں لیکن ان چھینٹوں سے حوض ناپاک نہیں ہوتا۔

## زکام میں ناک سے نکلنے والا پانی پاک ہے

س... نزلہ اور زکام کی وجہ سے جو پانی ناک سے خارج ہوتا ہے وہ پاک ہے یا نہیں! اگر پاک ہے تو کس دلیل کے تحت اور ناپاک ہے تو کس دلیل کے پیش نظر؟

ج...... نزلہ اور زکام کی وجہ سے جو پانی ناک سے بہتا ہے وہ نجس اور ناپاک نہیں ہے کیونکہ یہ کسی زخم سے خارج نہیں ہوتا۔ نہ کسی زخم پر سے گزر کر آتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

## شیر خوار بچے کا پیشاب ناپاک ہے

س...... شیر خوار بچہ اگر کپڑوں پر پیشاب کردے تو کپڑوں کو دھونا چاہئے یا کہ ویسے پانی گرادینے سے صاف ہوجائیں گے؟

ج...... بچے کا پیشاب ناپاک ہے اس لئے کپڑے کا پاک کرنا ضروری ہے اور پاک کرنے کے لئے اتنا کافی ہے کہ پیشاب کی جگہ پر اتنا پانی بہادیا جائے کہ اتنے پانی سے وہ کپڑا تین مرتبہ بھیگ سکے۔

## بچے کا پیشاب پڑنے پر کہاں تک چیز پاک ہوسکتی ہے

س...... اگر مٹی کے برتن پر بچہ پیشاب کردے تو کیا اس برتن کو ضائع کردینا چاہئے یا نہیں؟

اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ کسی معمولی غذا پر بچہ پیشاب کردے تو لوگ اسے ضائع کردیتے ہیں۔ لیکن اگر غذا قیمتی ہو تو دھو کر کھالیتے ہیں۔ حالانکہ پیشاب لازمی طور پر غذا کی گہرائی تک گیا ہوگا۔ ایسے موقعوں پر کیا حکم ہے؟

ج...... مٹی کا برتن تین مرتبہ دھونے سے پاک ہوجائے گا یعنی اس طرح دھوئے کہ ہر مرتبہ پانی ٹپکنا بند ہوجائے جس غذا پر بچہ پیشاب کردے اس کا کھانا درست نہیں۔ البتہ اسے ایسی جگہ رکھ دیا جائے کہ کوئی جانور خود آکر اسے کھالے۔

# ایک مشین پر غیر مسلموں کے کپڑوں کے ساتھ دھلائی

س...... کپڑے دھونے کی مشین مشترکہ طور پر کمپنی کی طرف سے ملی ہے۔ جس پر اکثر غیر مسلم کپڑے دھوتے ہیں اگر کسی وقت کوئی مسلمان بھی اس مشین پر کپڑے دھوئے تو کیا مسلمان کے لئے ان کپڑوں میں نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

ج...... غیر مسلموں کے کپڑے دھونے سے تو کچھ نہیں ہوتا۔ آپ جب کپڑے دھولیں تو ان کو تین بار پانی میں نکال کر ہر بار خوب نچوڑ لیا کریں۔ پاک ہو جائیں گے۔

# ڈرائی کلینرز کے دھلے کپڑوں کا حکم

س......یہاں گرم کپڑے دھونے کی جو دکانیں اور فیکٹریاں ہیں' جنہیں ڈرائی کلینرز کہتے ہیں وہ خاص قسم کی مشین ہوتی ہیں۔ ان میں پیٹرول کی قسم کا خاص سیال مادہ ڈالا جاتا ہے جو کہ ان کپڑوں کو دھوتا ہے۔ وہ مادہ ایک دفعہ نیا ڈال کر بار بار اسی کو صاف کر کے دوبارہ استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک دو ہفتہ کے بعد نیا ڈالا جاتا ہے اسی دوران دسیوں مرتبہ اس مشین میں کپڑے ڈالے جاتے ہیں' اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ آیا اس طرح دھلے ہوئے کپڑے پاک ہوں گے یا ناپاک؟ چونکہ اس میں ہر قسم کے کپڑے پاک' ناپاک ڈالے جاتے ہیں اور ان مشینوں کو پانی سے کبھی بھی دھویا نہیں جاتا اس لئے شبہ ہوتا ہے کہ اس میں دھوئے ہوئے سارے کپڑے ناپاک ہو جاتے ہوں گے۔ البتہ یقین کے درجہ میں یہ معلوم نہیں کہ اس میں ناپاک کپڑے بھی ڈالے گئے؟ جواب مفصل تحریر فرمائیں کہ یہ مسئلہ یہاں بحث بنا ہوا ہے

ج...... یہ تو ظاہر ہے کہ ان مشینوں میں جو کپڑے ڈالے جاتے ہیں ان میں بہت سے ناپاک بھی ہوں گے۔ پاک و ناپاک مل کر سبھی ناپاک ہو جائیں گے۔ اور جیسا کہ معلوم ہے ناپاک کپڑے کو پاک کرنے کیلئے یہ شرط ہے کہ تین مرتبہ پاک پانی میں ڈالا جائے اور ہر مرتبہ خوب نچوڑا جائے۔ ڈرائی کلینرز دکانوں میں اس تدبیر پر عمل نہیں ہوتا اس لئے وہاں کے دھلے ہوئے کپڑے پاک نہیں۔ اگر کبھی وہاں دھلانے کی نوبت آئے تو ان کو اپنے طور پر پاک کر لیا جائے۔

یہ تو اس صورت میں ہے کہ اس امر کا ظن غالب ہو کہ مشین میں پاک اور ناپاک سبھی قسم کے کپڑے ڈالے گئے اور اگر ناپاک کپڑوں کے ڈالے جانے کا ظن غالب نہ ہو تو محض شک یا تردد ہو تو اس کا حکم یہ ہے کہ جس حالت میں آپ نے کپڑا دیا تھا اسی حالت میں رہے گا۔ یعنی اگر پاک کپڑا دیا تھا تو پاک رہے گا' اور ناپاک دیا تھا تو ناپاک رہے گا۔

## کیا واشنگ مشین سے دھلے ہوئے کپڑے پاک ہوتے ہیں

س...... کیا واشنگ مشین سے دھلے ہوئے ناپاک کپڑے پاک ہو جاتے ہیں اور کیا ان سے نماز ہو سکتی ہے؟

ج..... دھلائی مشین میں صابن کے پانی میں کپڑوں کو دھویا جاتا ہے اور پھر اس پانی کو نکال کر اوپر سے نیا پانی ڈالا جاتا ہے اور یہ عمل بار بار کیا جاتا ہے یہاں تک کہ کپڑوں سے صابن نکل جاتا ہے۔ اس لئے دھلائی مشین میں دھلے ہوئے کپڑے پاک ہیں۔

## دھوبی کے دھلے ہوئے کپڑے پاک ہیں

س..... دھوبی ہمارے کپڑے اور جائے نماز بھی دھوتا ہے۔ ہمیں نہیں معلوم کہ وہ پاک دھوتا ہے کہ نہیں۔ کیا دھلے ہوئے کپڑے اور جائے نماز بسم اللہ پڑھ کر تین بار جھاڑنے سے پاک ہو جائیں گے؟ یا ہمیں اس کے دھونے کے بعد خود پاک کرنے کے لئے دھونا ہو گا؟

ج..... دھوبی کے دھلے ہوئے کپڑے پاک ہیں۔

## پلاسٹک کے برتن بھی دھونے سے پاک ہو جاتے ہیں

س..... آپ جانتے ہی ہیں کہ کراچی میں کثرت سے پلاسٹک کے برتن بنتے اور استعمال ہوتے ہیں۔ ہم نے یہ سن رکھا ہے کہ پلاسٹک نجس ہو جائے (یعنی ایک نجس چھینٹ بھی پڑ جائے) تو پھر پاک نہیں ہو سکتا۔ جبکہ تمام گھروں میں پلاسٹک کے برتن اور تمام غسل خانوں میں پلاسٹک کی بالٹیاں کپ اور لوٹے وغیرہ استعمال ہوتے ہیں۔ اور غسل خانہ میں آپ جانتے ہی ہیں کہ چھینٹ وغیرہ ضرور پڑ ہی جاتی ہے۔

ج..... یہ کس عقل مند نے کہا ہے کہ پلاسٹک کے برتن پاک نہیں ہوتے؟ جس طرح دوسرے برتن دھونے سے پاک ہو جاتے ہیں اسی طرح پلاسٹک کے برتن بھی دھونے سے پاک ہو جاتے ہیں۔

## برتن پاک کرنے کا طریقہ

س..... اگر کچا برتن (گھڑا) وغیرہ ناپاک ہو جائے یا پکا برتن (دیگچی۔ بالٹی) وغیرہ ناپاک ہو جائے تو کیسے پاک کریں؟

ج..... برتن کچا ہو یا پکا تین بار دھونے سے پاک ہو جاتا ہے۔

## گندگی میں گر جانیوالی گھڑی کو پاک کرنے کا طریقہ

س ..... میری دستی گھڑی قیمتی واٹر پروف رات کے نو بجے فلش پاخانہ میں گر گئی۔ قیمتی ہونے کی وجہ سے بہت زیادہ فکر اور پریشانی ہوئی۔ صبح نو بجے جمعدار نے فلش سے گھڑی نکال دی۔ یعنی بارہ گھنٹے کے بعد گھڑی نکالی گئی۔ اس وقت بھی وہ بالکل صحیح وقت سے چل رہی تھی۔ سوال یہ ہے کہ اسے دھو کر استعمال کی جاسکتی ہے اور اس کو پاک کرنے کا صحیح طریقہ کیا ہے؟ اسے ہاتھ پر باندھ کر نماز' تلاوت کر سکتے ہیں؟

ج اگر اطمینان ہے کہ پانی اس کے اندر نہیں گیا تو صرف اوپر سے دھو کر پاک کر لینا کافی ہے ورنہ کھول کر دھولیا جائے اور پانی کے بجائے پٹرول سے پاک کر لینا بھی صحیح ہے۔

## روئی اور فوم کا گدا پاک کرنے کا طریقہ

س ..... فوم اور روئی کے گدے کو کس طرح پاک کیا جائے اگر بستر کے طور پر استعمال کرنے سے وہ ناپاک ہو جائے کیونکہ عموماً چھوٹے بچے پیشاب کر دیتے ہیں؟

ج ایسی چیز جس کو نچوڑنا ممکن نہ ہو اس کے پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کو دھو کر رکھ دیا جائے۔ یہاں تک کہ اس سے قطرے ٹپکنا بند ہو جائیں۔ اس طرح تین بار دھولیا جائے۔

## ناپاک کپڑے دھوپ میں سکھانے سے پاک نہیں ہوتے

س..... کہا جاتا ہے کہ نئے یا پرانے کپڑے کو حیض کے دنوں میں استعمال کرنے کے بعد دھوپ میں سکھانے کے بعد وہ پاک ہو جاتے ہیں۔

ج اگر ناپاک ہو گئے تھے تو صرف دھوپ میں سکھانے سے پاک نہیں ہونگے ورنہ ضرورت نہیں۔ کیونکہ حیض کے ایام میں پہنے ہوئے کپڑے ناپاک نہیں ہوتے۔ سوائے اس کپڑے کے' جس کو نجاست لگ گئی ہو۔

## ہاتھ پر ظاہری نجاست نہ ہونے سے برتن ناپاک نہ ہوگا

س جس شخص پر غسل واجب ہو اگر وہ نجاست والی جگہ اور ہاتھ وغیرہ صابن سے اچھی طرح دھو لے اور اس کے بعد اگر ہاتھ کسی برتن کو لگائے یا کسی برتن میں کھانا کھائے تو وہ برتن ناپاک ہو جاتا ہے یا نہیں؟

ج جب اس کے ہاتھ پر ظاہری نجاست نہیں تو برتن کیوں ناپاک ہوگا۔

## ناپاک چھینٹوں سے کپڑے ناپاک ہونگے

س...... اگر پاک کپڑے پہن کر ناپاک کپڑے دھوئے جائیں تو کیا ناپاک کپڑوں کے چھینٹوں سے پاک کپڑے ناپاک ہو جائیں گے؟

ج...... ناپاک چھینٹوں سے کپڑے ضرور ناپاک ہونگے۔

## ناپاک کپڑا دھونے کے چھینٹے ناپاک ہیں

س...... کپڑے دھوتے وقت ہم پر چھینٹے پڑتے ہیں تو ہمارے کپڑے پاک رہتے ہیں یا نہیں؟ جواب دے کر شکریہ کا موقع دیجئے۔

ج...... کپڑے اگر ناپاک ہوں تو چھینٹے بھی ناپاک ہونگے۔ اس لئے یا تو کپڑے دھوتے وقت ایسے کپڑے پہنے جائیں جو عام استعمال کے نہ ہوں یا ناپاک کپڑوں کو پہلے احتیاط کے ساتھ پاک کر لیا جائے۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ جتنی جگہ نجاست لگی ہے اس کو تین بار دھو دیا جائے۔

## گندے لوگوں سے مس ہونے پر کپڑوں کی پاکی

س...... میں ایک کمپونڈر ہوں اور ہمارے علاقے میں ہندو قوموں کی اکثریت ہے اور میں ڈسپنسری میں کام کرتا ہوں وہاں پر ۹۰ فیصد ہندو مریض آتے ہیں اور یہ قومیں ہندو ہونے کے ساتھ ساتھ رہن سہن میں کافی گندی ہیں۔ ڈسپنسری چھوٹی ہونے کی وجہ سے کافی کھچ بچ ہو جاتی ہے۔ اور ان کے جسم اور کپڑے میرے کپڑوں سے لگتے ہیں کیونکہ میں ایک کمپونڈر ہوں اس لئے کافی گھل مل کر کام کرنا پڑتا ہے۔ اس لئے آپ یہ بتائیں کہ اس طرح میں ان کپڑوں میں نماز ادا کر سکتا ہوں یا نہیں؟ کوئی حل بتائیں کہ میں اپنے کپڑے پاک رکھ سکوں۔

ج...... اگر ان کے جسم پر بظاہر کوئی نجاست نہ ہو تو ان کے ساتھ آپ کے خلط ملط ہونے سے آپ کے کپڑے ناپاک نہیں ہوتے۔ بغیر کسی وسوسہ کے ان کپڑوں میں نماز پڑھئے۔

## ناپاک جگہ خشک ہونے کے بعد پاک ہو جاتی ہے

س...... بعض گھرانوں میں بلکہ اکثر گھرانوں میں چھوٹے چھوٹے بچے ہوتے ہیں جو جگہ جگہ پیشاب کر دیتے ہیں۔ کیا ایسی صورت میں اس جگہ بیٹھنے یا سونے والا نماز پڑھنے کے قابل رہتا ہے۔ یاد رہے کہ وہ جگہ سائے میں خشک ہوئی ہو۔ جواب دے کر تسلی فرمائیں؟

ج...... ناپاک زمین خشک ہونے کے بعد نماز کیلئے پاک ہو جاتی ہے اور ایسی جگہ کے خشک ہونے کے بعد وہاں بغیر کپڑا بچھائے بھی نماز پڑھنا جائز ہے۔ تاہم اگر طبعاً کراہت آئے تو وہاں کپڑا بچھا کر نماز پڑھ لی جائے۔

س..... ناپاک جگہ زمین وغیرہ کو کس طرح سے پاک کیا جاسکتا ہے؟ کیونکہ پختہ ہونے کی صورت میں دھو کر پاک ہو جائے گی۔ لیکن کچی جگہ مثلاً کچا صحن یا کچی چھت وغیرہ تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟

ج..... زمین خشک ہونے سے پاک ہو جاتی ہے۔ اس پر نماز پڑھنا درست ہے مگر اس سے تیمم کرنا درست نہیں۔

## جس چیز کا ناپاک ہونا یقینی یا غالب نہ ہو وہ پاک سمجھی جائیگی

س..... سائل اکثر کپڑے یا کوئی ناپاک چیز دھوتے وقت شک میں پڑ جاتا ہے بعد میں یہ خیال آتا ہے کہ یہ شک کی بنا پر دھویا ہے۔ اسی طرح کوئی چیز واقعتاً ناپاک ہو جائے تب بھی پریشانی ہوتی ہے۔

ج..... جس چیز کا ناپاک ہونا یقینی یا غالب نہ ہو اس کو پاک ہی سمجھا کیجئے۔ خواہ کتنے ہی وسوسے آئیں ان کی پرواہ نہ کیجئے اور جس چیز کے بارے میں غالب گمان ہو کہ یہ ناپاک ہوگی اس کو پاک کر لیا کیجئے اس کے بعد وسوسہ نہ کیجئے۔

## پاکی میں شیطان کے وسوسہ کو ختم کرنے کی ترکیب

س..... اگر سائل یقینی طور پر کسی ناپاک چیز کو دھوتا ہے۔ مگر ایک شک ختم نہیں ہوتا کہ دوسرا شروع ہو جاتا ہے۔ اس وجہ سے سائل تقریباً ہر وقت پریشان رہتا ہے۔ قرآن وسنت کی روشنی میں واضح فرمادیں۔

ج..... اس شک کا علاج یہ ہے کہ آپ کپڑا یا چیز تین بار دھو لیا کیجئے اور (کپڑے کو ہر بار نچوڑا بھی جائے) بس پاک ہو گئی۔ اس کے بعد اگر شک ہوا کرے تو اس کی کوئی پرواہ نہ کیجئے بلکہ شیطان کو یہ کہہ کر دھتکار دیا کیجئے کہ او مردود! جب اللہ اور رسول اس کو پاک کہہ رہے ہیں تو میں تیری شک اندازی کی پرواہ کیوں کروں؟ اگر آپ نے میری اس تدبیر پر عمل کیا تو انشاء اللہ آپ کو شک اور وہم کی بیماری سے نجات مل جائیگی۔

## جن کپڑوں کو کتا چھو جائے ان کا حکم

س..... آج کل مسلمان انگریزوں کی طرح کتے پالتے ہیں تو اگر یہ کتے کپڑوں یا اعضا کے ساتھ لگ جائیں تو کیا وہ جگہ ناپاک ہو جائے گی اگرچہ کتے کا بدن گیلا نہ ہو؟

ج..... جو لوگ شوقیہ کتے پالتے ہیں ان کے لئے پاک ناپاک کا سوال ہی نہیں۔ اگر ان کو ناپاک سمجھتے تو ان سے نفرت بھی کرتے کتے کے بدن سے اگر کپڑا یا کوئی اور چیز مس ہو جائے تو وہ ناپاک نہیں ہوتی۔ جبکہ اس کے بدن پر کوئی ظاہری نجاست نہ ہو۔ خواہ اس کا بدن خشک ہو یا گیلا۔ البتہ کتے کا لعاب جس چیز کو لگ جائے وہ ناپاک ہے اور کتا عموماً کپڑوں کو منہ لگا دیتا ہے۔ پس جس کپڑے کو کتے نے منہ لگا دیا ہو وہ ناپاک ہو جائے گا۔

## کتے کا لعاب ناپاک ہے

س..... اگر کتا ہاتھ یا پاؤں پر زبان پھیر دے تو کیا بدن بھی پلید ہو جائے گا؟

ج..... کتے کا لعاب نجس بھی ہے اور زہر بھی۔ اس لئے جس جگہ کتے کا لعاب لگے وہ ناپاک ہے اور اس کا صاف کرنا لازم ہے۔

## کیا چھوٹا کتا بھی پلید ہے

س..... اگر بڑا کتا پلید ہے تو چھوٹا کتا یعنی کتے کا کم عمر بچہ پلید ہے یا پاک؟

ج..... چھوٹے اور بڑے کتے کا ایک ہی حکم ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو کتوں کے شوق کے بجائے ان سے نفرت نصیب فرمائے۔

## بلی کے جسم سے کپڑے چھو جائیں تو؟

س..... میری ایک دوست ہے، جو میرے گھر آئی تھی' بلی سے بھاگ کر کرسی پر پیر اٹھا کر بیٹھ گئی۔ میں نے پوچھا کیوں؟ تو کہنے لگی کہ بلی اگر کپڑوں سے لگ جائے تو کپڑے ناپاک ہو جاتے ہیں اور نماز نہیں ہوتی۔ جبکہ میری دادی نے کہا کہ بلی اگر سوکھی ہو تو نماز ہو سکتی ہے۔ ہاں اگر بلی گیلی ہو تو کپڑے ناپاک ہو جاتے ہیں۔ آپ اسلام کی روشنی میں اس کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

ج..... بلی کے ساتھ کپڑے لگنے سے ناپاک نہیں ہوتے۔ خواہ بلی سوکھی ہو' یا گیلی ہو..... بشرطیکہ اس کے بدن پر کوئی ظاہری نجاست نہ ہو۔

## ناپاک چربی والا صابن

س..... مردار اور حرام جانوروں کی چربی کے صابن سے طہارت ہو جاتی ہے اور نمازیں وغیرہ درست اور ٹھیک ہیں یا نہیں؟

ج..... ناپاک چربی کا استعمال جائز نہیں تاہم ایسے صابن کا استعمال کرنا جس میں یہ چربی ڈالی گئی ہو جائز ہے۔ کیونکہ صابن بن جانے کے بعد اس کی ماہیت تبدیل ہو جاتی ہے۔

# نماز کی فرضیت و اہمیت

## علامت بلوغت نہ ظاہر ہونے پر پندرہ سال کے لڑکے لڑکی پر نماز فرض ہے

س ...... یہ بات تفصیل سے بتایئے کہ نماز کب فرض ہوتی ہے، بہت سے حضرات کہتے ہیں کہ اس وقت نماز فرض ہوتی ہے جب احتلام ہوتا ہے۔ اس سے پہلے نماز فرض نہیں ہوتی ہے۔

ج ...... نماز بالغ پر فرض ہوتی ہے اگر بالغ ہونے کی علامتیں ظاہر ہوجائیں تو نماز اسی وقت سے فرض ہوتی ہے اور اگر کوئی علامت ظاہر نہ ہو تو لڑکا لڑکی پندرہ سال کی عمر پوری ہونے پر بالغ سمجھے جائیں گے اور جس دن سولہویں سال میں قدم رکھیں گے اس دن سے ان پر نماز روزہ فرض ہوں گے۔

## سنہ بلوغت یاد نہ ہونے پر قضا نماز روزہ کب سے شروع کرے

س ...... اکثر کتابوں میں پڑھا ہے کہ نماز بالغ ہونے پر فرض ہوجاتی ہے اور لڑکا/لڑکی کے بالغ ہونے کی عمر مختلف کتابوں میں مختلف لکھی ہے یعنی کہیں بارہ سال ہے اور کہیں تیرہ کہیں چودہ سال اور کہیں پندرہ سال ہے۔ میں نے چودہ یا پندرہ سال کی عمر میں نماز پڑھنی شروع کی۔ آپ یہ فرمائیں کہ مجھے کتنی عمر کی نمازیں قضا پڑھنی چاہئیں۔ مجھے نہیں یاد کہ میں بالغ کس عمر میں ہوا تھا۔

ج ...... لڑکے اور لڑکی کا بالغ ہونا علامات سے بھی ہوسکتا ہے (مثلاً لڑکے کو احتلام ہوجائے، یا لڑکی کو حیض آجائے وغیرہ) اگر پندرہ سال سے پہلے بالغ ہونے کی علامتیں ظاہر ہوجائیں تو ان پر بالغوں کے احکام جاری ہوں گے اور اگر کوئی علامت ظاہر نہ ہو تو پندرہ برس کی عمر پورا ہونے پر ان کو بالغ شمار کیا جائیگا اور ان پر نماز روزہ وغیرہ فرائض لازم ہوجائیں گے۔

اگر کسی نے بالغ ہونے کے بعد بھی نماز روزہ میں کوتاہی کی اب وہ توبہ کر کے نماز روزہ قضا کرنا چاہتا ہے اور اسے یہ یاد نہیں کہ وہ کب بالغ ہوا تھا تو لڑکے کے لئے حکم یہ ہے کہ وہ تیرہویں سال کے شروع ہونے سے نماز روزہ قضا کرے۔ کیونکہ بارہ سال کا لڑکا بالغ ہوسکتا ہے اور لڑکی کے لئے حکم یہ ہے کہ وہ نو برس

پورے ہونے اور دسویں سال کے شروع ہونے سے نماز، روزہ قضا کرے۔ کیونکہ نو برس کی لڑکی بالغ ہو سکتی ہے۔

## بے نمازی کو کامل مسلمان نہیں کہہ سکتے

س ..... ایک آدمی پورا سال نماز نہ پڑھے تو اسے کامل مسلمان کہا جا سکتا ہے جو جمعہ اور عید کی نماز بھی نہیں پڑھتا؟

ج ..... اگر وہ شخص اللہ اور رسولؐ پر ایمان رکھتا ہے اور نماز کی فرضیت کا بھی قائل ہے مگر سستی یا غفلت کی بنا پر نماز نہیں پڑھتا تو ایسا شخص مسلمان تو ہے لیکن "کامل مسلمان" سے نہیں کہا جا سکتا کہ وہ نماز جیسے اہم اور بنیادی رکن کا تارک ہونے کی وجہ سے سخت گنہگار اور بدترین فاسق ہے قرآن و احادیث میں نماز کے چھوڑنے پر سخت وعیدیں وارد ہوئی ہیں۔

## تارک نماز کا حکم

س ..... مجھے اس چیز کی سمجھ نہیں آرہی ہے کہ بے نمازی کے لئے اسلام کے کیا احکامات ہیں کچھ کہتے ہیں کہ وہ کافر ہو جاتا ہے اور کچھ کہتے ہیں کہ وہ کافر نہیں ہوتا۔ میں نے سنا ہے کہ امام مالکؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک یہ ہے کہ اسے قتل کیا جائے، کیا یہ سچ ہے؟ اور اسی طرح سنا ہے کہ عبدالقادر جیلانیؒ اس کے بارے میں یہ کہتے ہیں کہ اسے (بے نمازی) کو مار ڈالا جائے اس کی لاش کو گھسیٹ کر شہر سے باہر پھینک دیا جائے کیا یہ بھی حقیقت ہے؟ ویسے زیادہ لوگوں سے میں نے یہ سنا ہے کہ وہ اس وقت تک کافر نہیں ہوتا جب تک کہ وہ اپنی زبان سے یہ نہ کہہ دے کہ میں نماز نہیں پڑھتا یعنی اگر وہ زبان سے کہہ دے کہ "میں نماز نہیں پڑھتا تو کافر ہو جاتا ہے" ورنہ چاہے نماز پڑھے یا نہ پڑھے وہ کافر نہیں ہوتا۔ مسئلہ یہ ہے کہ اگر وہ کافر یا مرتد نہیں ہوتا تو اسے قتل کا حکم کیوں دیا جاتا ہے؟ جبکہ قرآن مجید میں بھی کسی مسلمان کے قتل کو جائز قرار نہیں دیا گیا۔ برائے مہربانی مجھے امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمد بن حنبلؒ، امام ابو حنیفہؒ اور شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے بے نمازی کے بارے میں جو صحیح صحیح احکامات ہیں بتا دیں۔ مع حوالہ کے، بہت مہربانی ہوگی۔

ج ..... تارک صلوٰۃ اگر نماز کی فرضیت ہی کا منکر ہو تو باجماع اہل اسلام کافر و مرتد ہے (الا یہ کہ نیا مسلمان ہوا ہو اور اسے فرضیت کا علم نہ ہو سکا ہو۔ یا کسی ایسے گردو میں رہتا ہو کہ وہ فرضیت سے جاہل رہا ہو۔ اس صورت میں اس کو فرضیت سے آگاہ کیا جائیگا۔ اگر مان لے تو ٹھیک، ورنہ مرتد اور واجب القتل ہوگا) اور جو شخص فرضیت کا تو قائل ہو مگر سستی کی وجہ سے پڑھتا نہ ہو تو امام ابو حنیفہؒ امام مالکؒ، شافعیؒ اور ایک روایت میں امام احمد بن حنبلؒ کے نزدیک وہ مسلمان تو ہے مگر بدترین فاسق ہے۔ اور امام احمدؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ وہ مرتد ہے اس کو تین دن کی مہلت دی جائے اور نماز پڑھنے کے لئے کہا جائے اگر نماز پڑھنے لگے تو ٹھیک، ورنہ ارتداد کی وجہ سے اس کو قتل کیا جائے اور مسلمانوں کے قبرستان

میں اسے دفن نہ کیا جائے۔ غرض اس کے تمام احکام مرتدین کے ہیں۔
امام مالکؒ، امام شافعیؒ کے نزدیک اور امام احمدؒ کی ایک روایت کے مطابق اگرچہ بے نمازی مسلمان ہے۔ مگر اس جرم یعنی ترک صلوٰۃ کی سزا قتل ہے الا یہ کہ وہ شخص توبہ کرلے لہٰذا اس کو تین دن کی مہلت دی جائے اور ترک نماز سے توبہ کرنے کا حکم دیا جائے۔ اگر توبہ کرلے تو اس سے قتل کی سزا ساقط ہو جائیگی۔ ورنہ اس کو قتل کر دیا جائیگا اور قتل کے بعد اس کا جنازہ پڑھا جائیگا اور اس کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جائے گا۔ الغرض اگر بے نمازی توبہ نہ کرے تو ان حضرات کے نزدیک اس کی سزا قتل ہے اور حضرت امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک بے نمازی کو قتل نہیں کیا جائیگا بلکہ اس کو ہمیشہ قید رکھا جائے گا اور روزانہ اس کے جوتے لگائے جائیں گے یہاں تک کہ وہ ترک نماز سے توبہ کرلے۔ ان مذاہب کی تفصیل فقہ شافعی کی کتاب شرح مہذب (ص ۱۲ ج ۳) اور فقہ حنبلی کی کتاب المغنی (ص ۲۹۸ ج مع الشرح الکبیر) اور فقہ حنفی کی کتاب فتاویٰ شامی (ص ۲۳۲ ج ۱) میں ہے۔ جو حضرات بے نمازی کے قتل کا فتویٰ دیتے ہیں ان کا استدلال یہ ہے کہ یہ سب سے بڑا جرم ہے۔ اس کے علاوہ ان کے اور بھی دلائل ہیں۔ حضرت پیران پیر شاہ عبدالقادر جیلانیؒ کی کتاب دیکھنے کا موقع نہیں ملا مگر وہ امام احمدؒ بن حنبل کے مقلد ہیں اور میں اوپر لکھ چکا ہوں کہ امام احمدؒ کی ایک روایت میں یہ مرتد ہے اور اسکے ساتھ مرتدین جیسا سلوک کیا جائیگا۔ اس لئے اگر حضرت پیران پیرؒ نے یہ لکھا ہو کہ بے نماز کا کفن دفن نہ کیا جائے۔ بلکہ مردار کی طرح گھسیٹ کر اس کو کسی گڑھے میں ڈال دیا جائے تو ان کے مذہب کی روایت کے عین مطابق ہے۔

## نماز چھوڑنا کافر کا فعل ہے

س ..... احادیث میں آتا ہے کہ جس نے ایک نماز جان بوجھ کر چھوڑی اس نے کفر کیا۔ آپ مہربانی فرما کر یہ بتائیں کہ کفر سے مراد اللہ نہ کرے، آدمی کافر ہو گیا یا یہ کہ کفر کیا ہے یہ چھوڑی جانے والی نماز کے بعد نماز پڑھی ..... تو درمیان میں جو وقت گزرا وہ کفر کی حالت میں رہا حالانکہ جس نے ایک دفعہ کلمہ طیبہ پڑھا اسے کافر نہیں کہنا چاہئے۔
ج ..... جو شخص دین اسلام کی تمام باتوں کو سچا مانتا ہو، اور تمام ضروریات دین میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرتا ہو، اہل سنت کے نزدیک وہ کسی گناہ کی وجہ سے کافر نہیں قرار دیا جائیگا۔ اس حدیث شریف میں جس کفر کا ذکر ہے وہ کفر اعتقادی نہیں، بلکہ کفر عملی ہے، حدیث شریف کا قریب ترین مفہوم یہ ہے کہ اس شخص نے کفر کا کام کیا یعنی نماز چھوڑنا مومن کا کام نہیں، کافر کا فعل ہے، اس لئے جو مسلمان نماز چھوڑ دے اس نے کافروں کا کام کیا۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی کو بھنگی کہہ دیا جائے، یہ مطلب نہیں ہوتا کہ وہ واقعتاً بھنگی ہے بلکہ یہ کہ وہ بھنگیوں کے سے کام کرتا ہے۔ اسی طرح جو شخص نماز نہ پڑھے وہ اگرچہ کافر نہیں لیکن اس کا یہ عمل کافروں جیسا ہے۔

## کیا بے نمازی کے دیگر اعمال خیر قبول ہوں گے؟

س ..... بعض حضرات ایسے ہیں کہ غریبوں کی مدد کرتے ہیں، زکوٰۃ دیتے ہیں، ہر طرح غرباء کی مدد کرتے

ہیں، صلہ رحمی کرتے ہیں لیکن جب ان سے کہا جائے بھائی نماز بھی پڑھا لیا کرو، تو کہتے ہیں یہ بھی تو فرض عبادت ہے۔ کیا بے نمازی کے یہ سارے اعمال قبول ہو جاتے ہیں؟

ج ...... کلمۂ شہادت کے بعد اسلام کا سب سے بڑا رکن نماز ہے۔ نماز پنجگانہ ادا کرنے سے بڑھ کر کوئی نیکی نہیں اور نماز نہ پڑھنے سے بڑھ کر کوئی گناہ نہیں، زنا، چوری وغیرہ بڑے بڑے گناہ، نماز نہ پڑھنے کے گناہ کے برابر نہیں، پس جو شخص نماز نہیں پڑھتا وہ اگر خیر کے دوسرے کام کرتا ہے تو ہم یہ تو نہیں کہہ سکتے کہ وہ قبول نہیں ہوں گے لیکن ترک نماز کا وبال اتنا بڑا ہے کہ یہ اعمال اس کا تدارک نہیں کر سکتے۔

ان حضرات کا یہ کہنا کہ "یہ بھی تو فرض عبادت ہے" بجا ہے۔ لیکن "بڑا فرض" تو نماز ہے۔ اس کو چھوڑنے کا کیا جواز ہے؟

## جو فرض نماز کی اجازت نہ دے اس کی ملازمت جائز نہیں

س ...... میں ایک ایسی جگہ پر دکانداری کی مزدوری کرتا ہوں جہاں پر مجھے دوپہر 12 بجے سے رات 10 بجے تک ڈیوٹی دینی پڑتی ہے۔ یہ دکان ایک چھوٹا سا کریانہ اسٹور ہے۔ اس ڈیوٹی کے دوران 4 نمازوں کا ٹائم آتا ہے جبکہ مالک مجھے نماز کے لئے وقفہ نہیں دیتا۔ اس مجبوری کی وجہ سے رات 10 بجے چھٹی کے بعد نمازیں قضاء پڑھتا ہوں۔ براہ مہربانی قرآن وسنت کی روشنی میں بتائیں کہ کیا میری یہ نمازیں قبول ہوں گی اگر نہیں تو پھر مجھے کوئی راستہ بتائیں کہ میں کیا کروں؟

ج ...... ایسا شخص جو فرض نماز کی بھی اجازت نہیں دیتا اس کے یہاں ملازمت ہی جائز نہیں۔

## اللہ تعالیٰ کو غفور رحیم سمجھ کر نماز نہ ادا کرنے والے کی سزا

س ...... بعض لوگ بغیر کسی عذر کے نماز ترک کر دیتے ہیں اور پھر کھیل، لغویاتوں، کام کاج اور دیگر مصروفیات میں مشغول رہتے ہیں جب ان سے کہیں کہ نماز ترک کرنے سے خدا ناراض ہو جاتا ہے اور خدا کا عذاب بھی نازل ہوتا ہے تو جواب ملتا ہے کہ خدا کی ذات "غفور رحیم" بھی ہے اور ہمیں معاف بھی کر دے گا۔ اس لئے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔

ج ...... اللہ تعالیٰ بلاشبہ "غفور رحیم" ہیں لیکن ایسے "غفور رحیم" کی نافرمانی جب ڈھٹائی سے کی جائے اور نافرمانی کرنے والے کو اپنی حالت پر شرمندگی بھی نہ ہو تو اس کا قہر بھی نازل ہو سکتا ہے۔ ایک حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ جس شخص نے نماز پنجگانہ ادا کی قیامت کے دن اس کے لئے نور بھی ہوگا اس کے ایمان کا برہان بھی ہوگا اور اس کی نجات بھی ہوگی اور .....

جو ان کی پابندی نہ کرے نہ اس کے لئے نور ہوگا نہ اس کے ایمان کی دلیل ہوگی۔ نہ اس کی نجات ہوگی اس کا حشر قارون، فرعون، ہامان اور ابی بن خلف کے ساتھ ہوگا اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو اپنے غضب سے پناہ میں رکھے۔ خلاصہ یہ ہے کہ شیطان کا مکر اور دھوکہ ہے کہ تم گناہ کئے جاؤ۔ اللہ تعالیٰ غفور رحیم

ہیں وہ خود ہی بخش دیں گے' مومن کی شان یہ ہونی چاہئے کہ وہ احکام الٰہی کی پابندی کرے۔ گناہوں سے بچتا رہے اور پھر اللہ تعالیٰ کی رحمت و مغفرت کی امید بھی رکھے' جیسا کہ ہم دعائے قنوت میں کہتے ہیں۔ نرجو رحمتك و نخشیٰ عذابك (یا اللہ! ہم آپ کی رحمت کے امیدوار ہیں اور آپ کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ )

## نماز فرض ہے داڑھی واجب ہے دونوں پر عمل لازم ہے

س ... ایک شخص نماز نہیں پڑھتا اس صورت میں داڑھی رکھی کیا ثواب ملے گا ؟ نماز پڑھنے والا ایک فرد جس نے داڑھی رکھی نہیں ہے کیا اس کو نماز کا ثواب ملے گا ؟ ایک شخص جس نے داڑھی رکھی تھی اب مونڈ ڈالی لیکن نماز اب بھی پڑھتا ہے کیا اس کو ثواب ملے گا ؟

ج ... نماز پڑھنا فرض ہے اور اس کا چھوڑنا گناہ کبیرہ اور کفر کا کام ہے' داڑھی رکھنا واجب اور اس کا کترانا یا مونڈنا حرام اور گناہ کبیرہ ہے۔ مسلمان کو چاہئے کہ تمام فرائض و واجبات کی پابندی کرے اور اپنی آخرت اور قبر کے لئے زیادہ سے زیادہ نیکیوں کا ذخیرہ جمع کرے کیونکہ مرنے کے بعد نیکی نہیں کر سکے گا اور یہ بھی ضروری ہے کہ حرام و ناجائز اور گناہ کبیرہ کے تمام کاموں سے پرہیز کرے اور اگر کوئی گناہ سرزد ہو جائے تو فوراً توبہ کرے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگے اور استغفار سے اس کا تدارک کرے تاکہ اس کی عاقبت برباد نہ ہو "الغرض مسلمان' راہِ آخرت کا مسافر ہے اس کو لازم ہے کہ اس راستہ کے لیے توشہ جمع کرنے کا حریص ہو اور راستہ کی جھاڑیوں اور کانٹوں سے دامن بچا کے نکلے۔

اب اگر ایک شخص کچھ نیک کام کرتا ہے اور کچھ برے' تو قیامت کے دن میزان عدالت میں اس کی نیکیوں اور بدیوں کا موازنہ ہو گا' اگر نیکیوں کا پلہ بھاری رہا تو کامیاب ہو گا اور اگر خدانخواستہ بدیوں کا پلہ بھاری نکلا تو ذلت و رسوائی اور ناکامی و بربادی کا منہ دیکھنا ہو گا الا یہ کہ رحمت خداوندی کسی کی دستگیری فرمائے اس تقریر سے آپ کے سوال کا اور اس قسم کے تمام سوالات کا جواب معلوم ہو گیا۔

## بے نمازی کے ساتھ کام کرنا

س ... میں ایک ایسے آدمی کے ساتھ کام کرتا ہوں جو نماز نہیں پڑھتے بلکہ جمعہ تک نہیں پڑھتے' کیا ایسے آدمی کے ساتھ کام کرنا جائز ہے ؟

ج ... کام تو کافر کے ساتھ بھی کر سکتے ہیں وہ صاحب اگر مسلمان ہیں تو ان کو نماز کی ترغیب دینا ضروری ہے' آپ ان کو کسی بہانے کسی نیک صحبت میں لے جایا کیجئے' اس سے انشاء اللہ تعالیٰ وہ نمازی ہو جائیں گے۔

## نماز قائم کرنے اور نماز پڑھنے میں کیا فرق ہے ؟

س ..... قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ نماز قائم کرو جبکہ ہمارے مولوی صاحبان اور علماء ہمیشہ اس بات کو یوں کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ نماز پڑھو نہ تو قرآن شریف میں یہ حکم آیا ہے کہ

نماز پڑھوا اور نہ ہمارے رسولؐ کی حدیث ہے جس سے یہ بات ثابت ہو جائے۔ آپ مہربانی کر کے اس بات کی وضاحت کر دیں کہ نماز پڑھنے اور قائم کرنے میں کیا فرق ہے اور کیا ہم نماز قائم کرنے کے بجائے پڑھیں تو ثواب ملتا ہے ؟

ج ..... نماز قائم کرنے سے مراد ہے اس کی تمام شرائط و آداب کے ساتھ خوب اخلاص و توجہ اور خشوع و خضوع کے ساتھ اسے ادا کرنا۔ اسی کو ہماری زبان میں نماز پڑھنا کہتے ہیں۔ لہٰذا نماز پڑھنے اور "نماز ادا کرنے" کا ایک ہی مفہوم ہے۔ دو نہیں۔ کیونکہ جب نماز ادا کرنے یا نماز پڑھنے کا لفظ کہا جاتا ہے تو اس سے نماز قائم کرنا ہی مراد ہوتا ہے۔

## نماز کیلئے مصروفیت کا بہانہ لغو ہے

س ..... اسلام چودہ سو سال پرانا مذہب ہے اس زمانے میں لوگوں کی ضروریات بہت کم ہوتی تھیں۔ مصروفیات بھی کم ہوتی تھیں فارغ وقت لوگوں کے پاس بہت ہوتا تھا پانچ وقت نماز ادا کرنا ان کے لئے معمولی بات تھی۔ مگر اب حالات بہت مختلف ہیں زندگی بہت مصروف ہو گئی ہے اگر نماز صرف صبح و شام پڑھ لی جائے تو اس بارے میں آپ لوگ کیا کہیں گے کیونکہ رات کو سونے سے پہلے اور صبح کو دفتر جانے سے پہلے یا دیگر کاموں سے پہلے ہی دو اوقات ذرا فرصت کے ہوتے ہیں۔ جن میں انسان خدا کو دل سے یاد کر سکتا ہے۔

ج ..... پانچ وقت کی نماز فرض ہے اور ان کے جو اوقات متعین ہیں ان میں کوئی تبدیلی نہیں ہو سکتی۔ مصروفیت کا بہانہ محض لغو ہے۔ سوال کے انداز سے معلوم ہوتا ہے کہ سائل کے نزدیک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کے لوگوں کے لئے تھی 'بعد کے لوگوں کے لئے نہیں۔ ایسا خیال کفر کے قریب ہے ' آج کے دور میں لوگ تفریح پر ' دوستوں کے ساتھ گپ شپ پر اور کھانے وغیرہ پر گھنٹوں خرچ کر دیتے ہیں 'اس وقت ان کو اپنی مصروفیات یاد نہیں رہتیں ' آخر مصروفیت کا سارا نزلہ نماز ہی پر کیوں گرایا جاتا ہے۔ اور وقت میں کفایت شعاری صرف نماز ہی کیلئے کیوں روا رکھی جاتی ہے ؟

## کیا پہلے اخلاق کی درستی ہو پھر نماز پڑھنی چاہئے ؟

س ..... آج کل لوگوں کا خیال ہے کہ پہلے اخلاق درست کئے جائیں پھر نماز پڑھنی چاہئے۔

ج ..... یہ خیال درست نہیں بلکہ خود اخلاق کی درستی کیلئے بھی نماز ضروری ہے۔ اور یہ شیطان کا چکر ہے کہ وہ عبادت سے روکنے کیلئے ایسی الٹی سیدھی باتیں سمجھاتا ہے مثلاً یہ کہہ دیا کہ جب تک اخلاق درست نہ ہو نماز کا کیا فائدہ ؟ اور شیطان کو پورا اطمینان ہے کہ یہ شخص مرتے دم تک اپنا اخلاق درست نہیں کر سکے گا لہٰذا نماز سے ہمیشہ کے لئے محروم رہے گا۔ حالانکہ سیدھی بات ہے کہ آدمی نماز کی بھی پابندی کرے اور ساتھ ساتھ اصلاح اخلاق کی کوشش کرے نماز چھوڑ کر اخلاق کی اصلاح کس طرح ہو سکتی ہے ؟

## تعلیم کے لئے عصر کی نماز چھوڑنا درست نہیں

س ...... میں پانچوں وقت کی نماز پڑھتی ہوں اب کالج میں داخلہ لینے والی ہوں۔ کالج کا ٹائم ایسا ہے کہ میں عصر کی نماز نہیں پڑھ سکتی۔ کیا میں ہمیشہ مغرب کی نماز کے ساتھ عصر کی نماز کے فرض پڑھ لیا کروں۔ کیا مجھے اتنا ہی ثواب ملے گا یا نہیں ؟

ج ...... حدیث میں ہے کہ جس کی نماز عصر قضا ہوگئی اس کا گویا گھر بار لٹ گیا اور گھر کے سارے لوگ ہلاک ہوگئے۔ اس لئے نماز قضا کرنا تو جائز نہیں۔ اب یا تو کالج ہی میں نماز ٹھیک وقت پر پڑھنے کا انتظام کیجئے یا لعنت بھیجئے ایسے کالج اور ایسی تعلیم پر' جس سے نماز غارت ہوجائے۔

## مطلب براری کے بعد نماز روزہ چھوڑ دینا بہت غلط بات ہے

س ...... جناب بہت سے دوستوں میں یہ بات زیر بحث ہوتی ہے..... کہ ہمارے کچھ دوست جب کسی مصیبت میں گرفتار ہوتے ہیں تو فوراً اللہ کو یاد کرتے ہیں اور جب ان کا مطلب نکل جاتا ہے تو نماز پھر چھوڑ دیتے ہیں۔

میں اور میرے بہت سے دوست کہتے ہیں کہ آدمی نماز روزہ رکھے اور پڑھے لیکن فرض سمجھ کر یہ نہیں کہ جب کوئی مصیبت آئی یا کوئی کام اٹک گیا تو نمازیں شروع اور جب کام نکل گیا تو پھر اللہ کو بھول گئے۔ میں اور میرے دوست بھی کچھ ایسے ہیں جو کہ نماز نہیں پڑھتے۔ لوگ ہم سے کہتے ہیں کہ تم نماز پڑھو تمہارا فلاں کام ہو جائیگا یا مثلاً ایک دو دوستوں کا ویزہ نہیں مل رہا ہے سعودی عرب کا اور دوسرے لوگ ان کو کہتے ہیں کہ نماز پڑھو اور اللہ سے دعا کرو۔ تمہارا ویزہ آجائیگا' لیکن میں اور میرے دوست کہتے ہیں کہ صرف ویزہ کے لئے نماز پڑھنا' یعنی کسی لالچ کے تحت اللہ کے دربار میں حاضر ہونا اور جب کام نکل جائے تو پھر نمازیں چھوڑ دینا صحیح نہیں ہے۔

ج ...... دنیوی غرض کے لئے نماز روزہ کرنا اور کام نکل جانے کے بعد چھوڑ دینا بہت ہی غلط بات ہے اور اس سے زیادہ غلط یہ ہے کہ آدمی اپنی حاجت اور ضرورت کے وقت بھی اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع نہ ہو۔ نماز' روزہ اور دیگر عبادات محض اللہ تعالیٰ کا حق سمجھ کر کرنی چاہئیں۔ خواہ تنگی ہو یا فراخی' ہر حال میں کرنی چاہئیں۔ صرف دنیوی مفادات کو پیش نظر نہیں رکھنا چاہئے بلکہ آخرت کی بھلائی اور اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی مطمح نظر ہونی چاہئے۔ الغرض آپ کا اور آپ کے دوستوں کا یہ نظریہ تو صحیح ہے کہ صرف دنیوی مشکل حل کرانے کے لئے نماز' روزہ کرنا اور مشکل حل ہونے کے بعد چھوڑ دینا غلط ہے۔ لیکن یہ صحیح نہیں کہ مشکل وقت میں بھی اللہ تعالیٰ سے رجوع نہ کیا جائے۔

## کیا کوئی ایسا معیار ہے جس سے نماز مقبول ہونے کا علم ہو جائے

س ...... کیا کوئی ایسا معیار ہے جس سے عوام کو یہ معلوم ہو جائے کہ ہماری نماز مقبول ہے اور ہمارا رب ہم سے راضی ہے ؟

ج ..... نماز کو پوری شرائط اور مطلوبہ خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کرنے کے بعد حق تعالیٰ کی رحمت سے امید ہو جاتی ہے کہ وہ قبول فرمائیں گے۔

## نماز قائم کرنا حکومت اسلامی کا پہلا فرض ہے

س ..... کیا اسلامی نظام کا نفاذ بغیر قیام نماز کے ناممکن نہیں ؟

ج ..... نماز کے بغیر اسلامی نظام کا تصور ہی نہیں کیا جا سکتا۔

س ..... کیا جو حکومت اپنے کو اسلامی کہتی ہے اس کا پہلا فرض نماز کا حکم اور اس پر سزا کے قانون نافذ کرنا نہیں ؟

ج ..... پہلا فرض یہی ہے۔

س ..... اگر حکومت ایسا نہیں کرتی تو کل قیامت میں ان تمام بے نمازیوں کے گناہوں کا بوجھ کس کے سر ہو گا ؟

ج ..... بوجھ تو بے نمازیوں کے ذمہ ہو گا۔ تاہم نظام صلوٰۃ قائم نہ کرنے کا گناہ حکومت کو ملے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے معاف کر دے تو اس کا کرم ہے۔

## نماز کے وقت کاروبار میں مشغول رہنا حرام ہے

س ..... ایک آدمی دکان کرتا ہے یا کوئی بھی کاروبار کرتا ہے جب اذان ہوتی ہے تو نماز نہیں پڑھتا یا جماعت سے نہیں پڑھتا تو اس کا نماز کے وقت کاروبار کرنا کیسا ہے اور جو رقم اس نے نماز کے وقت کمائی حلال ہے یا کہ حرام۔

ج ..... کمائی تو حرام نہیں مگر کاروبار میں اس طرح مشغول رہنا کہ نماز فوت ہو جائے یا جماعت کا اہتمام نہ کرنا حرام ہے۔



# اوقات نماز

## وقت سے پہلے نماز پڑھنا درست نہیں

س ...... جس طرح وقت گزرنے کے بعد قضا نماز پڑھی جاتی ہے اسی طرح وقت سے پہلے پڑھی جا سکتی ہے یا نہیں۔

ج ...... نماز کے صحیح ہونے کی ایک شرط یہ ہے کہ اس نماز کا وقت داخل ہو چکا ہو پھر جو نماز وقت کے اندر پڑھی گئی وہ تو ادا ہوئی اور جو وقت نکلنے کے بعد پڑھی گئی وہ قضا ہوئی اور جو وقت سے پہلے پڑھی گئی وہ نہ ادا ہے نہ قضا۔ بلکہ سرے سے نماز ہوئی ہی نہیں۔

## ازان کے فوراً بعد نماز گھر پر پڑھنا

س ...... نمازی اگر اکیلا گھر پر نماز پڑھنا چاہتا ہے تو ازان ہوتے ہی نماز کا وقت ہو جاتا ہے کہ نہیں ازان کے کتنے وقفہ کے بعد نماز شروع کی جائے۔ اس طرح تو وہ نمازی مساجد میں نماز ادا ہونے سے پہلے ہی نماز پڑھ لے گا۔ ایسا کوئی ضروری حکم تو نہیں ہے کہ ازان کے کچھ وقفہ کے بعد نماز شروع کی جائے یا کہ جیسے ہی ازان ختم ہو نماز پڑھی جا سکتی ہے۔

ج ...گھر میں اکیلے نماز پڑھنا عورتوں کے علاوہ صرف معذور لوگوں کیلئے جائز ہے بغیر عذر کے مسجد کی جماعت کا ترک کرنا گناہ کبیرہ ہے۔ اگر اس بات کا اطمینان ہو کہ ازان وقت سے پہلے نہیں ہوئی تو گھر میں نماز پڑھنے والا ازان کے فوراً بعد نماز پڑھ سکتا ہے۔ بلکہ اگر وقت ہو چکا ہو اور اس کو وقت ہو جانے کا پورا اطمینان ہو تو ازان سے پہلے بھی پڑھ سکتا ہے جبکہ ازان، وقت ہونے کے کچھ دیر بعد ہوتی ہو۔

## نمازِ فجر سرخی کے وقت پڑھنا

س ...... نماز فجر آخر وقت میں جبکہ اچھی طرح روشنی ہونے لگے کہ مشرق کی طرف سرخی نظر آئے، پڑھنا یا پڑھانا جائز ہے یا ناجائز

ج ...... فجر کی نماز سورج نکلنے سے پہلے بلا کراہت جائز ہے مگر امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک نماز فجر ایسے وقت پڑھنا افضل ہے کہ سورج نکلنے سے پہلے ایک جماعت سنت کے مطابق اور کرائی جا سکے۔

## فجر کی جماعت طلوع سے آدھ گھنٹہ قبل مناسب ہے

س ...... نماز فجر کی جماعت سورج نکلنے سے کتنے منٹ پہلے پڑھانی بہتر ہے جو سست نمازیوں کی بھی جماعت میں شمولیت کا باعث بن سکے اور نماز میں نقص ہو جانے پر دوبارہ لوٹانے کا بھی وقت رہے تفصیل سے آگاہی فرما کر بندگان خدا کو ممنون فرمائیں۔

ج ...... نماز فجر طلوع سے اتنا وقت پہلے شروع کی جائے کہ بصورت فساد، نماز کو بطریق مسنون اطمینان کے ساتھ دوبارہ لوٹایا جا سکے۔ اس کے لئے طلوع سے قریباً آدھ پون گھنٹہ قبل کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

## صبح صادق کے بعد وتر اور نوافل پڑھنا

س ...... بعض لوگ وتر کی نماز تہجد کے ساتھ پڑھتے ہیں یہ بتائیں کہ فجر کی اذان ہونے والی ہو یا اذان ہو رہی ہو تو اس وقت نماز تہجد اور وتر پڑھ سکتے ہیں کہ نہیں جبکہ فجر کی نماز اذان کے آدھ گھنٹے یا چالیس منٹ کے بعد ہوتی ہے۔

ج ...... وتر کی نماز تہجد کے وقت پڑھنا درست ہے بلکہ جس شخص کو تہجد کے وقت اٹھنے کا پورا بھروسا ہو اس کے لئے تہجد کے وقت وتر پڑھنا افضل ہے۔ وتر کی نماز صبح صادق سے پہلے پڑھ لینا ضروری ہے صبح ہونے کے بعد وتر کی نماز قضا ہو جاتی ہے اور اگر کبھی صبح صادق سے پہلے نہ پڑھ سکے تو وتر کی نماز صبح صادق کے بعد اور نماز فجر سے پہلے پڑھ لینا ضروری ہے۔ لیکن صبح صادق کے بعد تہجد پڑھنا یا کوئی اور نفل نماز پڑھنا جائز نہیں۔

## صبح صادق سے طلوع تک نفل نماز ممنوع ہے

س ...... نماز فجر کی دو رکعت سنت ادا کرنے کے بعد اگر جماعت میں کچھ یا زیادہ وقت باقی ہو تو کچھ لوگ مسجد میں نوافل وغیرہ جن کی تعداد مقرر نہیں صرف وقت پورا ہونے تک ادا کرتے ہوئے نظر آتے ہیں تو کیا یہ امر صحیح ہے کہ فجر کی نماز کی سنت و..... فرض کے درمیان دیگر نفل نماز ادا کی جا سکتی ہے ؟

ج ...... صبح صادق کے بعد فجر کی سنتوں کے علاوہ اور نفل پڑھنا ممنوع ہے۔ قضا نماز پڑھ سکتے ہیں مگر وہ بھی لوگوں کے سامنے نہ پڑھیں۔

## فجر کی نماز کے دوران سورج کا طلوع ہونا

س ... اگر فجر کے وقت نماز کی نیت باندھنے کے بعد طلوع آفتاب کا وقت شروع ہو جائے اور ہمیں یہ بات سلام پھیرنے کے بعد معلوم ہو تو کیا ہماری یہ نماز ہو جائے گی اور اگر سنت نماز پڑھنے کے بعد طلوع آفتاب کا وقت شروع ہو جائے اور اس کے بعد فرض نماز پڑھیں تو کیا یہ نماز ہو جائے گی یا نہیں۔ اور طلوع آفتاب کا وقت کتنا ہوتا ہے ؟

ج ..... اگر فجر کی نماز کے دوران سورج نکل آئے تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ اشراق کا وقت ہونے پر دوبارہ پڑھے۔ جب سورج کی زردی ختم ہو جائے اور دھوپ صاف اور سفید ہو جائے تو اشراق کا وقت ہو جاتا ہے۔ افق میں سورج کا پہلا کنارا نمودار ہونے سے طلوع کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔

## طلوع آفتاب سے قبل اور بعد کتنا وقت مکروہ ہے

س ..... فجر کی نماز کے بعد جو 20 منٹ مکروہ ہوتے ہیں وہ کون سے ہیں۔ سورج کی پہلی شعاع نکلنے سے پہلے کے 20 منٹ یا جب پہلی شعاع نکل آئے اس وقت سے پورا سورج نکلنے تک 20 منٹ۔ مثال کے طور پر محکمہ موسمیات بتاتا ہے کہ کل چھ بجے سورج نکلے گا تو مکروہ 20 منٹ کون سے ہوں گے۔ پانچ بجکر 40 منٹ سے 6 بجے تک درمیان کے بیس منٹ یا 6 بجے سے 6 بجکر 20 منٹ تک مکروہ ٹائم ہوگا۔ براہ مہربانی اس سوال کا جواب محکمہ موسمیات کے ٹائم کے حوالے سے ہی دیں کہ صبح صادق اور صبح کاذب کے حوالے سے جواب واضح طور پر سمجھ میں نہیں آتا اور پھر یہ تردد بھی رہتا ہے کہ ہو سکتا ہمارا اندازہ غلط ہو کیونکہ محکمہ موسمیات روزانہ سورج نکلنے کا ٹائم بتاتا ہے۔ اسلئے اگر آپ یہ جواب دے دیں کہ اس کے بتائے ہوئے ٹائم کے فوراً پہلے کے 20 منٹ مکروہ ہوتے ہیں یا فوراً بعد کے تو میرا خیال ہے ہماری ناقص عقل میں بہتر طور پر آجائے گا۔

ج ..... نماز فجر کے بعد سورج نکلنے تک نفل پڑھنا درست نہیں۔ قضا نماز' سجدہ تلاوت اور نماز جنازہ جائز ہے۔ پس فجر کی نماز سے لیکر سورج نکلنے تک کا وقت تو مکروہ نہیں البتہ اس وقت نماز نفل پڑھنا مکروہ ہے۔ جب سورج کا کنارا طلوع ہو جائے اسوقت سے لیکر سورج کی زردی ختم ہونے تک کا وقت (قریباً پندرہ بیس منٹ) مکروہ ہے۔ اس میں فرض نفل' سجدہ تلاوت اور نماز جنازہ سب منع ہیں۔ ہاں قرآن کریم کی تلاوت' ذکر و تسبیح' درود شریف اس وقت بھی جائز ہے۔ آپ کے سوال کے مطابق اگر محکمہ موسمیات یہ اعلان کرتا ہے کہ آج سورج چھ بجے نکلے گا تو چھ بجے سے لیکر چھ بیس تک کا وقت مکروہ کہلائے گا۔

## نماز اشراق کا وقت کب ہوتا ہے

س ..... ہماری مسجد میں اکثر اشراق کی نماز پر جھگڑا ہوتا ہے۔ بعض حضرات سورج نکلنے کے 5 منٹ بعد نماز پڑھ لیتے ہیں جبکہ بعض اعتراض کرتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ پورا سورج 15 منٹ میں نکلتا ہے اس لئے پورے 15 منٹ بعد نماز کا وقت ہوتا ہے آپ فرمائیں کہ اشراق کی نماز کا وقت سورج نکلنے کے کتنی دیر بعد شروع ہوتا ہے اور کب تک رہتا ہے ؟

ج ..... سورج نکلنے کے بعد جب تک دھوپ نہ دررہے نماز مکروہ ہے۔ اور دھوپ کی زردی کا وقت مختلف موسموں میں کم و بیش ہو سکتا ہے عام موسموں میں 15 ..... 20 منٹ میں ختم ہوتی ہے اس لئے اتنا وقفہ ضروری ہے۔ جو لوگ پانچ منٹ بعد نماز شروع کر دیتے ہیں وہ غلط کرتے ہیں۔ البتہ بعض موسموں میں دس منٹ بعد زردی ختم ہو جاتی ہے۔ پس اصل مدار زردی کے ختم ہونے پر ہے۔

## رمضان المبارک میں فجر کی نماز

س ...... حیدر آباد میں سحری تقریباً 4 بجے ختم ہوتی ہے یہاں پر ایک مسجد میں ساڑھے چار بجے جماعت ہوتی ہے مگر کچھ لوگوں کا اعتراض ہے کہ اس وقت چونکہ اندھیرا ہوتا ہے اس لئے اس وقت نماز جائز نہیں مگر اس مسجد والے کہتے ہیں کہ نماز چونکہ صحیح حالت میں پڑھنی چاہئے اور نماز تھوڑا اجالا پھیلنے تک یا تو کچھ لوگ سو چکے ہوتے ہیں یا اونگھ رہے ہوتے ہیں اس لئے جلدی نماز صحیح ہے۔

ج ...... صبح صادق ہونے پر سحری کا وقت ختم ہو جاتا ہے اور نماز فجر کا وقت شروع ہو جاتا ہے' رمضان مبارک میں نمازیوں کی رعایت کے لئے صبح کی نماز عموماً جلدی ہوتی ہے بہر حال صبح صادق کے بعد فجر کی نماز صحیح ہے۔ اجالے کا پھیل جانا نماز صحیح ہونے کے لئے شرط نہیں۔

## نصف النہار۔ سے کیا مراد ہے ؟

س ...... نماز کے اوقات مکروہ میں ایک وقت استوا بھی ہے اس وقت میں نماز سے منع کیا گیا ہے۔ علماء اس وقت کے متعلق فرماتے ہیں کہ زوال کا جو وقت نقشوں میں دیا گیا ہے اس سے پانچ منٹ قبل اور پانچ منٹ بعد نماز منع ہے لیکن شرعی دائمی جنتری (مرتبہ قاری شریف احمد صاحب مدظلہ العالی) میں اس حدیث کی تشریح میں جو وقت متعین کیا گیا ہے وہ تقریباً 40 منٹ ہوتا ہے اس کی وضاحت میں قاری صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ طلوع صبح صادق سے غروب آفتاب تک جتنا وقت ہے اس کے برابر دو حصے کر لیں پہلے حصہ کے ختم پر ابتدا نصف النہار شرعی ہے ایسے ہی طلوع آفتاب سے غروب تک جتنا وقت ہے اس کے برابر دو حصے کر لیں پہلے حصے کے ختم پر ابتدا نصف النہار عرفی یا حقیقی ہے اور اس پر زوال آفتاب کا وقت ختم ہو کر ظہر کا وقت شروع ہو جاتا ہے اپنی اس تحقیق پر دار العلوم دیوبند کا فتویٰ (جس کی اصل قاری صاحب کے پاس موجود ہے) بھی تائید میں پیش کیا گیا ہے جس کا خلاصہ درج ذیل ہے۔ "اس عبارت سے معلوم ہوا کہ ضحوۂ کبریٰ اور زوال شمس کے درمیان کچھ درجوں کا فاصلہ ہوتا ہے دونوں (یعنی ضحوۂ کبریٰ اور زوال شمس) ایک نہیں ہیں نصف النہار شرعی کا تطراس کی فجر کے حصہ کے نصف کے برابر ہے صبح صادق سے غروب آفتاب تک جتنے گھنٹے ہوتے ہیں اس کا نصف نہار شرعی کا آدھا ہے وہ زوال آفتاب سے قبل کا وقت ہے اس لئے جب مابین ان دو وقتوں کے نماز پڑھی جائے گی تو اس میں اختلاف ہے اس لئے کہ زوال کے وقت نماز پڑھنے سے ممانعت آئی ہے اس وقت سے کونسا وقت مراد ہے عین وقت زوال یا ضحوۂ کبریٰ کے بعد سے زوال تک مراد ہے ؟ شامی نے اس پر بحث کی ہے اس کے بعد لکھتے ہیں۔

نصف النہار تو حدیث میں وارد ہے اور چونکہ حدیث میں الی الزوال کی قید لگی ہے اس بناء پر نصف النہار سے ضحوۂ کبریٰ مراد لی گئی ہے اس کو نصف نہار شرعی کہتے ہیں' جو صبح صادق سے شروع ہوتا ہے۔ یہی حدیث اصل ہے بے بنیاد شی نہیں ہے۔ اسی طرح عمدۃ الفقہ کتاب الصوم کے صفحہ 2 پر نیت کے ضمن میں نصف النہار عرفی کو وقت استوا بتلایا گیا ہے اور نصف النہار شرعی کو ضحوۂ کبریٰ اس طرح تو نصف النہار شرعی اور عرفی میں کافی وقت ہوتا ہے جو کم و بیش 45 منٹ بنتا ہے' لہٰذا حق و صواب سے آگاہ فرمایا جائے کہ

نصف النہار عرفی کے پانچ منٹ قبل اور پانچ منٹ بعد نماز منع ہے یا نصف النہار شرعی اور عرفی کے درمیان کا وقت اسی ضمن میں ایک بات یہ بھی بتلائی جاتی ہے کہ جمعہ کے دن زوال کا وقت نہیں ہوتا اس میں حق وصواب کیا ہے نوافل صلوۃ التسبیح وغیرہ کتنے وقت میں نہ پڑھی جائے بعض علماء جمعہ کے دن عین زوال کے وقت نوافل کا اہتمام فرماتے دیکھے گئے ہیں۔

ج ...... نصف النہار سے شرعی یا ضحوۃ کبریٰ سے زوال آفتاب تک نماز ممنوع ہونے کا قول علامہ شامیؒ نے قہستانی کے حوالے سے ائمہ خوارزم کی طرف منسوب کیا ہے مگر احادیث طیبہ اور اکابر امت کے ارشاد میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قول معتمد نہیں صحیح اور معتمد قول یہی ہے کہ نصف النہار عرفی کے وقت نماز ممنوع ہے جبکہ سورج ٹھیک خط استوا سے گزرتا ہے اور یہ بہت مختصر سا وقت ہے پس نماز کے نقشوں میں زوال کا جو وقت درج ہوتا ہے اس سے پانچ منٹ آگے پیچھے نماز میں توقف کرلینا کافی ہے ' یہاں دار العلوم دیوبند کے مفتی اول حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن عثمانیؒ کا فتویٰ نقل کرتا ہوں:

"سوال (73) چاشت وغیرہ کی نوافل 12 بجے پڑھنی درست ہے یا نہیں ؟ اور جنتری اسلامیہ میں زوال یا قضا نماز کا وقت بارہ بجکر 24 منٹ پر لکھا ہے۔

الجواب ...... زوال کے وقت نوافل وغیرہ کچھ نہ پڑھنی چاہئے اور نہ ایسے وقت نوافل پڑھنی چاہئے کہ زوال کا وقت درمیان نماز میں ہوجائے پس جس گھڑی کے مطابق زوال کا وقت 12 بجکر 24 منٹ پر ہے اس کے مطابق اگر 12 بجے نفل یا قضا نماز اس طرح پڑھے کہ زوال سے پہلے پہلے اس کو ختم کردے تو یہ جائز ہے مگر جب زوال کا وقت قریب آجائے اس وقت کوئی نماز شروع نہ کرے تاکہ ایسا نہ ہو کہ درمیان نماز میں زوال کسی وقت ہوجائے۔ فقط (فتاویٰ دار العلوم مکمل مدلل صفحہ 69 ج2)

حضرت اقدس مفتی صاحبؒ کے اس فتویٰ سے معلوم ہوا کہ نماز کے ممنوع ہونے میں ضحوۃ کبریٰ یا نصف النہار شرعی کا کوئی اعتبار نہیں۔ بلکہ عین وقت زوال کا اعتبار ہے جس کو وقت استویٰ یا نصف النہار حقیقی کہتے ہیں۔

جمعہ کے دن نصف النہار کے وقت نماز پڑھنا امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اسی طرح ناجائز ہے جس طرح عام دنوں میں البتہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے ایک روایت میں اس کی اجازت نقل کی گئی ہے جو حضرات جمعہ کے دن نصف النہار کے وقت نماز پڑھتے ہیں غالباً وہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کی روایت پر عمل کرتے ہوں گے لیکن فقہ حنفی میں راجح اور معتمد امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ ہی کا قول ہے اس لئے احتیاط اسی میں ہے کہ جمعہ کے دن بھی استوا کے وقت نماز پڑھنے میں توقف کیا جائے (واللہ اعلم بالصواب)۔

## زوال کے وقت کی تعریف

س ...... نماز پڑھنے کا مکروہ وقت یعنی زوال کے بارے میں مختلف لوگوں کے مختلف خیالات ہیں۔

(1) زوال صرف ایک یا دو منٹ کیلئے ہوتا ہے۔

(2) زوال بیس یا پچیس منٹ کیلئے ہوتا ہے۔
(3) جمعہ کے دن زوال نہیں ہوتا۔
(4) زوال کے لئے احتیاطاً آٹھ دس منٹ کافی ہیں۔
ج ...... اوقات کے نقشوں میں جو زوال کا وقت لکھا ہوتا ہے اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس کے بعد نماز جائز ہے۔ زوال میں تو زیادہ منٹ نہیں لگتے لیکن احتیاطاً نصف النہار سے 5 منٹ قبل اور 5 منٹ بعد نماز میں توقف کرنا چاہئے۔ امام ابو یوسفؒ کے نزدیک جمعہ کے دن استوا کے وقت نماز درست ہے اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک مکروہ ہے۔ حضرت امام ابو حنیفہؒ کا قول دلیل کے اعتبار سے زیادہ قوی اور احتیاط پر مبنی ہے۔ اس لئے عمل اسی پر ہے۔

## رات کے بارہ بجے زوال کا تصور غلط ہے

س ...... سندھ کے اکثر علاقوں میں لوگوں کا یہ عقیدہ ہے کہ جس طرح دوپہر کو بارہ بجے زوال کا وقت ہوتا ہے اسی طرح رات کو بارہ بجے بھی زوال کا وقت ہوتا ہے۔ اگر کہیں کوئی میت ہو جائے تو نہ صرف یہ کہ زوال کے وقت نماز جنازہ نہیں پڑھی جاتی بلکہ یوں بھی ہوتا ہے کہ میت کو دفنانے کے لئے قبرستان پہنچے وہاں پہنچتے پہنچتے دن کے یا رات کے بارہ بج گئے تو مردے کو دفنایا بھی نہیں جاتا وہیں بیٹھ کر زوال کا وقت گزرنے کا انتظار کیا جاتا ہے اور پھر بعد میں مردے کو دفن کیا جاتا ہے ازراہ کرم یہ بتایئے کہ کیا رات کو بارہ بجے بھی زوال کا وقت ہوتا ہے ؟ اور زوال کے وقت کن کن کاموں کے کرنے کی ممانعت ہے ؟
ج ...... زوال کا وقت دن کو ہوتا ہے، رات کو نہیں۔ رات کے کسی حصہ میں نماز اور سجدہ کی ممانعت نہیں۔ البتہ عشاء کی نماز آدھی رات تک موخر کرنا مکروہ ہے۔ رات کے بارہ بجے زوال کا تصور غلط ہے اور دن میں بھی زوال کا وقت 12 بجے سمجھنا غلط ہے کیونکہ مختلف شہروں اور مختلف موسموں کے لحاظ سے زوال کا وقت مختلف ہوتا ہے اور بدلتا رہتا ہے۔

## مکہ مکرمہ میں اور جمعہ کے دن بھی زوال کا وقت ہوتا ہے

س ...... کیا یہ صحیح ہے کہ خانہ کعبہ میں زوال کا وقت کبھی نہیں آتا۔ اور عبادت کبھی نہیں رکتی اور عام جگہوں پر جمعہ کو زوال کا وقت نہیں ہوتا ہے ؟
ج ...... زوال کے وقت (اور اسی طرح دوسرے مکروہ اوقات میں) نماز ممنوع ہے، خواہ مکہ مکرمہ میں ہو یا غیر مکہ میں، اور جمعہ کا دن ہو یا کوئی اور۔ امام شافعیؒ اور دیگر بعض ائمہ کے نزدیک مسجد حرام میں مکروہ اوقات میں بھی ...................... نماز مکروہ نہیں، اسی طرح ان کے نزدیک تحیۃ الوضو اور تحیۃ المسجد ہر وقت جائز ہے۔ اسی طرح جمعہ کے دن زوال کے وقت دوگانہ جائز ہے۔ ان حضرات کی دیکھا دیکھی ہمارے لوگ بھی مکروہ اوقات میں نماز شروع کر دیتے ہیں۔ یہ نتیجہ ہے شرعی مسائل سے ناواقفی کا۔

## ظہر کا وقت ایک بیس ہی پر کیوں

س ...... ہمارے محلے میں ایک مسجد ہے جس میں ظہر کی نماز گزشتہ دس سال سے ایک بجکر 20 منٹ پر ہوتی ہے کیا یہ ظہر کا وقت ٹھیک ہے یا اس میں ردوبدل کرنا چاہئے۔

ج ...... زوال کے بعد ظہر کا وقت شروع ہو جاتا ہے سردیوں کے موسم میں ظہر جلدی پڑھنا اور گرمیوں میں ذرا تاخیر سے پڑھنا افضل ہے۔ اگر آپ کی مسجد میں نمازیوں کی مصلحت سے نماز ایک بیس پر ہوتی ہے تو کوئی مضائقہ نہیں اور اگر گرمیوں کے موسم میں اس سے نمازیوں کو تکلیف ہوتی ہے تو تاخیر سے پڑھنی چاہئے۔

## سایہ ایک مثل ہونے پر عصر کی نماز پڑھنا

س ...... عصر کی نماز حنفیوں کے نزدیک ہر چیز کا سایہ دو مثل ہو جائے تو پڑھنی چاہئے۔ اگر ایک آدمی اپنے ملک میں یا کسی دوسرے ملک میں ایسے امام کے پیچھے نماز با جماعت پڑھتا ہے جو ایک مثل کے بعد پڑھا رہا ہے تو کیا اس کے پیچھے نماز با جماعت پڑھ لے یا جماعت چھوڑ دے۔ اور جب دو مثل ہو جائے تو تنہا نماز ادا کرے۔ اس صورت میں ترک جماعت کے گناہ کا مرتکب تو نہیں ہو گا۔

ج ...... حنیفہ کے یہاں بھی دو قول ہیں' ایک قول یہ ہے کہ مثل دوم میں عصر کی نماز صحیح ہے لہٰذا اگر کسی جگہ عصر کی نماز دو مثل سے پہلے ہوتی ہو وہاں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنی چاہئے۔ دوسری مثل ختم ہونے کے انتظار میں جماعت کا ترک کرنا جائز نہیں۔

## غروب کے وقت عصر کی نماز

س...... ایک شخص نے عصر کی نماز کسی خاص وجہ سے وقت پر نہ پڑھی اور سورج غروب ہو رہا ہو (حالانکہ غروب آفتاب کے وقت سجدہ ناجائز ہے) اسی دن کی عصر کی نماز جائز ہے یا کہ نہیں جبکہ یہ شخص صاحب ترتیب بھی ہے۔ ایک کتاب میں لکھا ہے کہ اسی دن کی سورج غروب ہونے سے پہلے ایک رکعت پڑھ لی اور سورج غروب ہو گیا تو نماز ہو جاتی ہے ہمیں اس الجھن سے نجات دلائیں؟

ج...... اسی دن کی عصر کی نماز جائز ہے۔ نماز ادا ہو جائے گی خواہ اس دوران سورج غروب ہو جائے مگر تاخیر کرنے کی وجہ سے وہ سخت گنہگار ہو گا۔

حدیث میں ہے۔

تلک صلوۃ المنافق یجلس یرقب الشمس حتی اذا اصفرت وکانت بین قرنی الشیطان قام فنقراربعاً لا یذکر اللہ فیھا الا قلیلا۔

(رواہ مسلم، مشکوۃ، ص ۶۰)

ترجمہ۔ "یہ منافق کی نماز ہے کہ بیٹھا سورج کا انتظار کرتا رہے۔ یہاں تک کہ جب سورج زرد ہو جائے اور شیطان کے دو سینگوں کے درمیان آجائے تو یہ اٹھ کر چار ٹھونگے لگالے۔ اور اس میں اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کرے مگر کم۔"

اور یہ بھی یاد رہے کہ اگر کبھی وقت تنگ ہو جائے تب بھی نماز فوراً پڑھ لینی چاہئے۔ یہ نہیں خیال کرنا چاہئے کہ اب تو وقت بہت کم ہے اب قضا کر کے اگلی نماز کے ساتھ ہی پڑھ لیں گے۔ کیونکہ نماز کا قضا کر دینا بہت بڑا وبال ہے۔

چنانچہ حدیث شریف میں ہے۔

**الذی تفوته صلوة العصر فکانما وتر اهله وماله**

(مشکوٰۃ ص ۶۰ بروایت بخاری و مسلم)

"جس شخص کی عصر کی نماز فوت ہو گئی گویا اس کا گھر بار سب کچھ ہلاک ہو گیا۔"

ایک اور حدیث میں ہے۔

**من ترک صلوة العصر فقد حبط عمله۔**

(مشکوٰۃ ص ۶۰ بروایت بخاری)

"جس نے عصر کی نماز چھوڑ دی اس کا عمل اکارت ہو گیا۔"

بہت سے لوگ اس مسئلہ میں کوتاہی کرتے ہیں، اگر کسی وجہ سے نماز میں تاخیر ہو جائے تو اس کو قضا کر دیتے ہیں۔ خصوصاً مغرب کی نماز میں ذرا اندھیرا ہو جائے تو اس کو قضا کر کے عشاء کی نماز کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ یہ بڑی سنگین غلطی اور کوتاہی ہے۔

## عشاء کی نماز مغرب کے ایک آدھ گھنٹے بعد نہیں ہوتی

س ...... عشاء کی نماز بحالت مجبوری اگر کوئی کام ہو تو مغرب کے ایک یا آدھ گھنٹہ بعد ادا کی جا سکتی ہے کوئی حرج تو نہیں؟

ج ...... مغرب کے ایک گھنٹہ یا آدھ گھنٹہ بعد عشاء کا وقت نہیں ہوتا اور وقت سے پہلے نماز جائز نہیں یعنی نماز ادا نہ ہوگی۔ غروب کے بعد مغرب کی جانب جب تک سرخی باقی ہو تب تک مغرب کا وقت ہے۔ اس میں عشاء کی نماز صحیح نہیں ہوگی۔ اور جب سرخی ختم ہو جائے لیکن افق مغرب میں سفیدی باقی ہو تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک اس وقت بھی عشاء کی نماز صحیح نہیں۔ بلکہ سفیدی کے غائب ہونے کا انتظار ضروری ہے اور صاحبین (امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ) کے نزدیک افق کی سرخی ختم ہو جانے کے بعد عشاء کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔ اس لئے احتیاط کی بات تو یہ ہے کہ عشاء کی نماز سفیدی ختم ہونے کے بعد پڑھی جائے۔ تاہم سرخی ختم ہونے کے بعد بھی صاحبینؒ کے قول پر گنجائش ہے۔

## مغرب کی نماز کب تک ادا کی جاسکتی ہے

س ...... ابھی پچھلے دنوں بس کے ذریعے کراچی سے حیدر آباد جانا ہوا اس دوران مغرب کا وقت ہوگیا یعنی آفتاب غروب ہوگیا میں کچھ دیر تو انتظار کرتا رہا کہ ہوسکتا ہے کہ ڈرائیور خود ہی بس روکے کہ نماز پڑھ لوں مگر جب میں نے دیکھا کہ بس نہیں روک رہا تو میں نے ڈرائیور سے کہا کہ بس روکو نماز پڑھنا ہے' خیر اس نے نہایت نرمی کا مظاہرہ کیا اور بس روک دی۔ مسئلہ یہ پوچھنا ہے کہ اس انتظار میں تقریباً غروب آفتاب کو آدھ گھنٹہ گزر گیا اور ہم نے نماز پڑھ لی۔ اب سارے مسافر اس بات پر بضد تھے کہ یہ نماز قضا ہوگئی' جہاں تک مجھے معلوم ہے مغرب کا وقت تقریباً ایک گھنٹہ اور پندرہ منٹ رہتا ہے اور پھر وہ بھی ایسی حالت میں۔ مسئلہ کی تحقیق کرنی چاہی تو پتہ چلا کہ جب تک شفق کی سرخی رہے مغرب کا وقت رہتا ہے اب اس زمانے میں جب ہم لوگ شفق کو ہی نہیں سمجھتے تو اس کی سرخی کو کیا سمجھیں گے آپ برائے مہربانی اس بات کی وضاحت اخبار کے ذریعے سے فرمادیں کہ غروب آفتاب کے کتنی دیر بعد تک مغرب کی نماز ادا کی جاسکتی ہے۔ میرا مطلب ہے کہ آدھ گھنٹے تک یا پونے گھنٹے تک یا ایک گھنٹے تک۔

ج ...... غروب کے بعد افق پر جو سرخی رہتی ہے اسی کو شفق کہتے ہیں۔ جب تک افق پر سرخی موجود ہو (اور یہ وقت تقریباً سوا گھنٹہ تو ہوتا ہی ہے کم و بیش بھی ہوسکتا ہے) تب تک مغرب کی نماز ہوسکتی ہے۔ عوام میں جو مشہور ہے کہ ذرا سا اندھیرا ہوجائے تو کہتے ہیں کہ مغرب کا وقت ختم ہوگیا۔ اب عشاء کے ساتھ پڑھ لینا' یہ بہت ہی غلط ہے۔ مغرب کی نماز میں قصداً تاخیر کرنا مکروہ ہے لیکن اگر کسی مجبوری سے تاخیر ہوجائے تو شفق غروب ہونے سے پہلے ضرور پڑھ لینی چاہئے ورنہ نماز قضا ہوجائے گی۔ اور نماز کا قصداً قضا کردینا گناہ کبیرہ ہے۔

## نماز عشاء سونے کے بعد ادا کرنا

س ...... میری امی صبح بہت جلدی اٹھتی ہیں اس وجہ سے رات جلدی آنکھ لگ جاتی ہے اور اکثر وہ عشاء کی نماز ایک نیند پوری کرکے دس گیارہ بجے تک پڑھتی ہیں۔ جبکہ سنا ہے کہ اگر عشاء کی نماز سے پہلے نیند آجائے اور پھر سو کر اٹھ کر نماز پڑھی جائے تو نماز قبول نہیں ہوتی۔

ج ...... عشاء کی نماز پڑھے بغیر سوجانا مکروہ ہے اور حدیث میں اس پر بددعا آئی ہے۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے۔

"فمن نام فلا نامت عینہ' فمن نام فلا نامت عینہ' فمن نام فلا نامت عینہ"

"پس جو شخص عشاء کی نماز پڑھے بغیر سوجائے اللہ کرے اس کی آنکھیں بند نہ ہوں۔ (تین بار یہ بددعا فرمائی)"۔

تاہم اگر آدمی سوجائے اور اٹھ کر نماز پڑھ لے تب بھی نماز ہوجائے گی۔

## مغرب وعشاء ایک وقت میں پڑھنا

س ...... سعودی عرب خصوصاً نجد کے علاقہ میں جب بھی بارش ہوتی ہے یا کسی روز شدید مسلسل بارش کی وجہ سے اکثر مساجد میں صلوٰۃ المغرب کے ساتھ صلوٰۃ العشاء بھی پڑھ لیتے ہیں ایسی صورت میں ہم لوگ کیا کریں؟ کیا وقتی طور پر جماعت کے ساتھ مل جائیں اور بعد میں اعادہ کرلیں وقت عشاء آنے پر؟ ایسی صورت میں یہ نماز جو قبل از وقت ادا کی گئی ہے نوافل میں شمار ہو سکتی ہے؟

ج ..... ہمارے نزدیک بارش کے عذر کی وجہ سے عشاء کی نماز مغرب کے وقت پڑھنا صحیح نہیں۔ آپ عشاء اپنے وقت پر پڑھا کریں۔ یہ جماعت جو قبل از وقت کی جا رہی ہے اس میں شریک ہی نہ ہوں۔

## عشاء کے فرض کے بعد سنتوں اور وتر کا افضل وقت

س ...... عشاء کے فرض کے بعد سنتوں اور واجب کے ادا کرنے کے لئے افضل وقت کون سا ہوگا؟

ج ..... سنتوں کو تو عشاء کے فرضوں کے متصل ادا کیا جائے۔ وتر میں افضل یہ ہے کہ اگر تہجد میں اٹھنے کا بھروسہ ہو تو تہجد کی نماز کے بعد وتر پڑھے اور اگر بھروسہ نہ ہو تو عشاء کی سنتوں کے ساتھ ہی پڑھ لینا ضروری ہے۔

## دوران سفر دو نمازوں کو اکٹھا ادا کرنا

س ..... کیا دوران سفر وقت سے پہلے ایک نماز کے ساتھ دوسرے وقت کی نماز ادا کر سکتے ہیں؟

ج ..... دو نمازوں کو جمع کرنا ہمارے نزدیک جائز نہیں' بلکہ ہر نماز کو اس کے وقت پر پڑھنا لازم ہے' البتہ سفر کی ضرورت سے ایسا کیا جا سکتا ہے کہ پہلی نماز کو اس کے آخری وقت میں پڑھا جائے اور پچھلی نماز کو اس کے اول وقت میں پڑھ لیا جائے' اس طرح دونوں نمازیں ادا تو ہوں گی اپنے اپنے وقت میں' لیکن صورۃً جمع ہو جائیں گی ...... اور اگر پہلی نماز کو اس قدر مؤخر کر دیا کہ اس کا وقت نکل گیا تو نماز قضا ہو گئی اور اگر پچھلی نماز کو اس طرح مقدم کر دیا کہ ابھی تک اس کا وقت ہی نہیں داخل ہوا تھا تو وہ نماز ادا ہی نہیں ہوگی اور اس کا دوبارہ پڑھنا ضروری ہوگا۔

## ہوائی سفر میں اوقات کے فرق کا نماز روزہ پر اثر

س ...... ہمارے رشتہ داروں میں اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ ایک شخص پاکستان میں فجر' ظہر' عصر' مغرب کی نمازیں کراچی میں پڑھ لیتا ہے اور مغرب کے بعد وہ ہوائی جہاز میں سوار ہوا اور ایک گھنٹہ یا.. یا پانچ یا دس گھنٹہ میں ایسے ملک میں پہنچا جہاں ظہر کی نماز کا وقت تھا اسی طرح روزہ کی کیا صورت ہوگی؟

ج ...... نماز تو جو پڑھ چکا ہے وہ ادا ہو گئی۔ دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں اور روزہ وہ اس وقت کھولے گا۔ جب اس ملک میں روزہ کھولنے کا وقت ہوگا۔

## عصر اور فجر کے طواف کے بعد کی نفلوں کا وقت

س ...... عصر اور فجر کے طواف کے بعد کی نفلیں واجب ہیں دو رکعت فوراً ادا کرنا جائز ہے یا کہ نہیں ؟ یہ وقت مکروہ ہے یا حرام ؟ اس میں طواف کی دو رکعت پڑھنی جائز ہے ؟

ج ...... عصر اور فجر کے بعد چونکہ نفل پڑھنا جائز نہیں لہذا عصر و فجر کے بعد دوگانہ طواف نہ پڑھے بلکہ غروب شمس اور طلوع شمس کے بعد پڑھے۔ یہ وقت مکروہ ہے اور اس میں طواف کی دو رکعت پڑھنا بھی جائز نہیں ہے۔

## بے وقت نفل پڑھنے کا کفارہ استغفار ہے

س ...... میں نے ابھی نماز شروع کی ہے۔ تقریباً ایک سال ہو گیا ہے آپ کی دعا سے پابندی سے نماز ادا کرتا ہوں مجھے ان مکروہ اوقات کا علم نہیں تھا میں نے بے علمی کے سبب غلطی سے عصر کے بعد نفل ادا کرلی جوکہ نفل کیلئے منع ہے۔ اب میں نے کتابوں کا مطالعہ کیا اور آپ کے کالم کا بھی مطالعہ کرتا ہوں۔ بے علمی کے سبب اگر ایسا عمل ہوجائے تو اس کا کفارہ کیا ہے۔ میری رہنمائی فرمائیں۔

ج ...... اس کا کفارہ سوائے استغفار کے کچھ نہیں۔

## دو وقتوں کی نمازیں اکٹھی ادا کرنا صحیح نہیں

س ...... کیا بارش یا کسی اور عذر کی بناء پر دو نمازیں اکٹھی پڑھ سکتے ہیں ؟

ج ...... سفر میں ظہر و عصر اور مغرب و عشاء کی نمازیں جمع کرنے کی متعدد احادیث مروی ہیں اور ابن عباسؓ کی ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ آپؐ نے ظہر و عصر اور مغرب و عشاء کی نمازیں بغیر سفر کے 'بغیر خوف کے اور بغیر بارش کے اکٹھی پڑھیں اس قسم کی تمام احادیث ہمارے نزدیک اس پر محمول ہیں کہ ظہر کی نماز کو مؤخر کر کے اس کے آخیر وقت میں پڑھا اور عصر کی نماز کو اس کے اول وقت میں ادا کیا۔ اسی طرح مغرب اس کے آخری وقت میں پڑھی اور عشاء اس کے اول وقت میں۔ گویا دونوں نمازیں اپنے اپنے وقت میں ادا کی گئیں، بارش کی وجہ سے دو نمازوں کا جمع کرنا کسی حدیث میں میری نظر سے نہیں گزرا۔ علامہ شوکانی نے بھی نیل الاوطار میں اس کی سختی سے تردید کی ہے۔

## کن اوقات میں نفل نماز ممنوع ہے

س ...... تحیۃ الوضو کس نماز کے وقت پڑھنا مکروہ ہے ضرور بتائیں۔ میں نے نماز کی کتاب میں پڑھا ہے کہ جس وقت نفل نماز پڑھنا مکروہ ہے اس وقت نہیں پڑھنا چاہئے۔ مگر میں پھر بھی یہ نہیں جانتا ہوں کہ کس وقت تحیۃ الوضو پڑھوں اور کس وقت نہ پڑھوں۔ میں پانچوں وقت وضو کرتا ہوں مگر یہ معلوم نہیں کہ کس نماز کے وضو کے بعد تحیۃ الوضو پڑھوں۔

ج ...... تحیۃ الوضو اور تحیۃ المسجد نفلی نماز ہے اور نفلی نماز درج ذیل اوقات میں مکروہ ہے۔

(1) صبح صادق کے بعد سے لیکر اشراق تک۔

(2) عصر کی نماز کے بعد غروب تک۔

(3) نصف النہار کے وقت۔

(4) صبح صادق کے بعد سوائے سنت فجر کے دیگر نوافل مکروہ ہیں۔

## تہجد کی نماز رات دو بجے ادا کرنا

س ...... مجھے تہجد کی نماز پڑھنے کا ازحد شوق ہے اور اکثر میں یہ نماز دو بجے اٹھ کر پڑھتی بھی ہوں۔ ماہ رمضان میں سحری کے وقت یہ نماز ہو سکتی ہے کہ نہیں؟ (صبح صادق کی اذان سے پہلے)

ج ...... صبح صادق سے پہلے تہجد کا وقت ہے۔

## رمضان میں اذان کے اوقات

مسئلہ ...... ہماری مسجد کے امام صاحب فرماتے ہیں کہ روزہ افطار کے وقت اذان نہیں دینی چاہئے۔ بلکہ دس منٹ بعد اذان دو کیونکہ اسوقت مغرب کا وقت نہیں ہوتا اور یہ بھی فرماتے ہیں کہ:

سحری بند ہوتے وقت بھی اذان کی ضرورت نہیں کیونکہ کراچی میں سحری کا وقت اگر چار بجکر پچیس منٹ ہو تو اذان کا وقت چار بجکر چالیس منٹ پر داخل ہوتا ہے۔ اس سے پہلے اگر اذان ہوئی تو وہ اذان نہیں ہوگی بلکہ لوٹانی ہوگی۔

ج ...... افطار کے وقت اذان کا وقت ہو جاتا ہے۔ اذان فوراً دے دینی چاہئے۔

سحری کا وقت ختم ہونے کے بعد اذان کا وقت ہو جاتا ہے مگر انتہائے سحری کے وقت کے بعد چند منٹ احتیاط کرنی چاہئے۔

## جمعہ اور ظہر کی نمازوں کا افضل وقت

س ...... قرآن مجید نیں ارشاد ہوتا ہے کہ ہر نماز اول وقت میں پڑھی جائے اور کلام مجید میں ہر نماز کا وقت بتادیا گیا ہے۔ ہمارے ہاں اکثر مساجد میں آج کل ظہر کی نماز اور جمعہ شریف اڑھائی بجے پڑھایا جاتا ہے اور چند مساجد میں جمعہ 2 بجکر 50 منٹ پر بھی ہوتا ہے۔ قرآن و حدیث میں دیر سے نماز پڑھنے والوں کے لئے سزا کی وعید ہے۔ آپ یہ بتائیں کہ دیر سے ظہر کی نماز پڑھنا کیسا ہے نیز یہ کہ کیا حدیث پاک میں دیر سے نماز پڑھنے کے متعلق آیا ہے؟

ج ...... امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک ظہر کی نماز سردیوں میں جلدی پڑھنا اور گرمیوں میں ذرا تاخیر سے پڑھنا افضل ہے لیکن جمعہ ہمیشہ اول وقت میں پڑھنا ہی سنت اور اسے تاخیر سے پڑھنا خلاف سنت ہے۔ اور اگر مثل اول ختم ہونے کے بعد جمعہ کی نماز ہوئی تو مفتی بہ قول کے مطابق جمعہ نہیں ہوا۔ اور آپ نے جو لکھا ہے کہ "قرآن کریم میں ارشاد ہوتا ہے کہ ہر نماز اول وقت میں پڑھی جائے" ۔ یہ ارشاد آپ نے کہاں پڑھا ہے؟ اس طرح اپنے سمجھے ہوئے مفہوم کو قرآن کریم کی طرف قطعیت سے منسوب کرنا بڑی جسارت ہے۔

# مسجد کے مسائل

## تمام مساجد اللہ کا گھر ہیں

س..... کیا مساجد اللہ تعالیٰ کے گھر نہیں؟ صرف سجدے کی وجہ سے مسجد کا نام رکھا گیا ہے' صرف بیت اللہ ہی اللہ کا گھر ہے؟

ج..... کعبہ شریف تو "بیت اللہ" کہلاتا ہی ہے' عام مسجدوں کو بھی "اللہ کا گھر" کہنا صحیح ہے۔ چنانچہ ایک حدیث میں ہے۔

ان بیوت اللّٰہ تعالٰی فی الارض المساجد وان حقاً علی اللّٰہ ان یکرم من زارہ فیھا

(طب' عن ابن مسعود)

"بے شک زمین میں اللہ تعالیٰ کے گھر مسجدیں ہیں اور اللہ تعالیٰ کے ذمہ حق ہے کہ جو شخص ان میں اللہ تعالیٰ کی زیارت کو جائے اس کا اکرام فرمائیں۔"

ایک اور حدیث میں ہے۔

ان عمار بیوت اللّٰہ ھم اھل اللّٰہ (عبد بن حمید)

بے شک اللہ تعالیٰ کے گھروں کو آباد کرنے والے اللہ تعالیٰ کے خاص لوگ ہیں۔

یہ دونوں حدیثیں جامع صغیر جلد ا' ص ۹۰۔ ۹۱ میں ہیں اور ان میں مساجد کو "اللہ کے گھر" فرمایا گیا ہے۔

# غیر مسلم اپنی عبادت گاہ تعمیر کر کے اس کا نام مسجد نہیں رکھ سکتا

س...... کیا غیر مسلم اپنی عبادت گاہ تعمیر کر کے اس کا نام مسجد رکھ سکتا ہے؟

ج...... مسجد کے معنی لغت میں سجدہ گاہ کے ہیں اور اسلام کی اصطلاح میں مسجد اس جگہ کا نام ہے جو مسلمانوں کی نماز کیلئے وقف کر دی جائے۔ ملا علی قاری "شرح مشکوۃ" میں لکھتے ہیں۔

والمسجد لغة محل السجود وشرعاً المحل الموقوف للصلوة فيه

(مرقاۃ المفاتیح ص ۴۴۱/۱ مطبوعہ بمبئی)

"مسجد لغت میں سجدہ گاہ کا نام ہے اور شریعت اسلام کی اصطلاح میں وہ مخصوص جگہ جو نماز کیلئے وقف کر دی جائے۔"

## مسجد مسلمانوں کی عبادت گاہ کا نام ہے

مسجد کا لفظ مسلمانوں کی عبادت گاہ کے ساتھ مخصوص ہے۔ چنانچہ قرآن کریم میں مشہور مذاہب کی عبادت گاہوں کا ذکر کرتے ہوئے "مسجد" کو مسلمانوں کی عبادت گاہ قرار دیا ہے۔

ولولا دفع الله الناس بعضهم ببعض لهدمت صوامع وبيع وصلوات ومساجد يذكر فيها اسم الله كثيراً

(الحج ۴۰، پارہ ۱۷، رکوع ۱۳/۲)

"اور اگر اللہ تعالیٰ ایک دوسرے کے ذریعہ لوگوں کا زور نہ توڑتا تو راہبوں کے خلوت خانے، عیسائیوں کے گرجے، یہودیوں کے معبد اور مسلمانوں کی مسجدیں، جن میں اللہ کا نام کثرت سے لیا جاتا ہے، گرا دی جاتیں۔"

اس آیت کے تحت مفسرین نے لکھا ہے کہ صوامع سے راہبوں کے خلوت خانے "بیع" سے نصاریٰ کے گرجے، "صلوات" سے یہودیوں کے عبادت خانے اور "مساجد" سے مسلمانوں کی عبادت گاہیں مراد ہیں۔

امام ابو عبداللہ محمد بن احمد القرطبی (۶۷۱ھ) اپنی مشہور تفسیر "احکام القرآن" میں لکھتے ہیں۔

وذهب خصيف الى ان القصد بهذه الاسماء تقسيم متعبدات الامم فالصوامع للرهبان والبيع للنصارى والصلوات لليهود والمساجد للمسلمين

(ص ۷۲/۱۲ دار الکاتب العربی القاہرۃ)

"امام ممیط" فرماتے ہیں کہ ان ناموں کے ذکر کرنے سے مقصود قوموں کی عبادت گاہوں کی تقسیم ہے۔ چنانچہ "صوامع" راہبوں کی، "بیع" عیسائیوں کی، "صلوات" یہودیوں کی اور "مساجد" مسلمانوں کی عبادت گاہوں کا نام ہے۔

اور قاضی ثناءاللہ پانی پتیؒ (۱۲۲۵ھ) "تفسیر مظہری" میں ان چاروں ناموں کی مندرجہ بالا تشریح ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔

ومعنی الآیة: لولا دفع اللّٰہ الناس لهدمت فی کل شریعة نبی مکان عبادتهم فهدمت فی زمن موسیٰ الکنائس وفی زمن عیسیٰ البیع والصوامع وفی زمن محمد صلی اللّٰہ علیه وسلم المساجد.

(مظہری ص ۶/۳۳۰، ندوۃ المصنفین دہلی)

"آیت کے معنی یہ ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ لوگوں کا زور نہ توڑتا تو ہر نبی کی شریعت میں جو ان کی عبادت گاہ تھی اسے گرا دیا جاتا چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں کنیسے، عیسیٰ علیہ السلام کے دور میں گرجے اور خلوت خانے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مسجدیں گرا دی جاتیں۔

یہی مضمون تفسیر ابن جریر ص ۹/۱۱۴، تفسیر نیشاپوری بر حاشیہ ابن جریر ص ۹/۶۳، تفسیر خازن ص ۳/۲۹۱، تفسیر بغوی ص ۵/۵۹۴ بر حاشیہ ابن کثیر اور تفسیر روح المعانی ص ۱۷/۱۶۴ وغیرہ میں موجود ہے۔ قرآن کریم کی اس آیت اور حضرات مفسرین کی ان تصریحات سے واضح ہے کہ "مسجد" مسلمانوں کی عبادت گاہ کا نام ہے اور یہ نام دیگر اقوام و مذاہب کی عبادت گاہوں سے ممتاز رکھنے کیلئے تجویز کیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ابتداء اسلام سے لے کر آج تک یہ مقدس نام مسلمانوں کی عبادت گاہ کے علاوہ کسی غیر مسلم فرقہ کی عبادت گاہ کے لئے استعمال نہیں کیا گیا لہٰذا مسلمانوں کا یہ قانونی و اخلاقی فرض ہے کہ وہ کسی "غیر مسلم فرقہ" کو اپنی عبادت گاہ کا یہ نام نہ رکھنے دیں۔

## مسجد اسلام کا شعار ہے

جو چیز کسی قوم کے ساتھ مخصوص ہو وہ اس کا شعار اور اس کے تشخص کی خاص علامت سمجھی جاتی ہے چنانچہ مسجد بھی اسلام کا خصوصی شعار ہے۔ یعنی کسی قریہ، شہر یا محلہ میں مسجد کا ہونا وہاں کے باشندوں کے مسلمان ہونے کی علامت ہے۔ امام الہند شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ (۱۱۷۴ھ) لکھتے ہیں۔

فضل بناء المسجد وملازمته وانتظار الصلوة فیه ترجع الی انه من شعائر الاسلام وهو قوله صلی اللّٰہ علیه وسلم اذا رأیتم مسجداً اوسمعتم مؤذناً فلا تقتلوا احداً وانه محل الصلوة ومعتکف العابدین ومطرح الرحمة ویشبه الکعبة من وجه.

(حجۃ اللہ البالغہ مترجم ص ۱/۴۷۸، نور محمد کتب خانہ کراچی)

"مسجد بنانے' اس میں حاضر ہونے اور وہاں بیٹھ کر نماز کا انتظار کرنے کی فضیلت کا سبب یہ ہے کہ مسجد اسلام کا شعار ہے۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ "جب کسی آبادی میں مسجد دیکھو یا وہاں مؤذن کی اذان سنو تو کسی کو قتل نہ کرو۔" (یعنی کسی بستی میں مسجد اور اذان کا ہونا اس بات کی علامت ہے کہ وہاں کے باشندے مسلمان ہیں) اور مسجد نماز کی جگہ اور عبادت گزاروں کے اعتکاف کا مقام ہے۔ وہاں رحمت الٰہی کا نزول ہوتا ہے اور وہ ایک طرح سے کعبہ کے مشابہ ہے۔"

اگر فوج کا شعار غیر فوجی کو اپنانا جرم ہے اور جج کا شعار کسی دوسرے شخص کو استعمال کرنے کی اجازت نہیں تو یقیناً اسلام کا شعار بھی کسی غیر مسلم کو اپنانے کی اجازت نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ اگر غیر مسلموں کو کسی اسلامی شعار مثلاً تعمیر مسجد اور اذان کی اجازت دی جائے تو اسلام کا شعار مٹ جاتا ہے اور مسلم و کافر کا امتیاز اٹھ جاتا ہے۔ اسلام اور کفر کے نشانات کو ممتاز کرنے کیلئے جس طرح یہ بات ضروری ہے کہ مسلمان کفر کے کسی شعار کو نہ اپنائیں۔ اسی طرح یہ بھی لازم ہے کہ غیر مسلموں کو کسی اسلامی شعار کے اپنانے کی اجازت نہ دی جائے۔

## 'تعمیر مسجد عبادت ہے' کافر اس کا اہل نہیں

نیز مسجد کی تعمیر ایک اعلیٰ ترین اسلامی عبادت ہے۔ اور کافر اس کا اہل نہیں۔ چونکہ کافر میں تعمیر مسجد کی اہلیت ہی نہیں' اس لئے اس کی تعمیر کردہ عمارت مسجد نہیں ہو سکتی۔ قرآن کریم میں صاف صاف ارشاد ہے۔

ما کان للمشرکین ان یعمروا مساجد اللّٰہ شٰھدین علی انفسھم بالکفر۔ اولئک حبطت اعمالھم۔ وفی النار ھم خالدون۔

(التوبہ' ١٧)

"مشرکین کو حق نہیں کہ وہ اللہ کی مسجدوں کو تعمیر کریں در آں حالانکہ وہ اپنی ذات پر کفر کی گواہی دے رہے ہیں۔ ان لوگوں کے عمل اکارت ہو چکے اور وہ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے۔"

اس آیت میں چند چیزیں توجہ طلب ہیں۔ اول یہ کہ یہاں مشرکین کو تعمیر مسجد کے حق سے محروم قرار دیا گیا ہے۔ کیوں؟ صرف اس لئے کہ وہ کافر ہیں' شٰھدین علی انفسھم بالکفر" اور کوئی کافر تعمیر مسجد کا اہل نہیں۔ "گویا قرآن یہ بتاتا ہے کہ تعمیر مسجد کی اہلیت اور کفر کے درمیان منافات ہے۔ یہ دونوں چیزیں بیک وقت جمع نہیں ہو سکتیں۔ پس جب وہ اپنے عقائد کفر کا اقرار

کرتے ہیں تو گویا وہ خود اس امر کو تسلیم کرتے ہیں کہ وہ تعمیر مسجد کے اہل نہیں، نہ انہیں اس کا حق حاصل ہے۔

امام ابو بکر احمد بن علی الجصاص الرازی الحنفی (م ۳۷۰ھ) لکھتے ہیں۔

> عمارة المسجد تكون بمعنيين احدهما زيارته والكون فيه والاخر بنائه وتجديد ما استرم منه. فاقتضت الأية منع الكفار من دخول المسجد ومن بنائها وتولى مصالحها والقيام بها لانتظام اللفظ لامرين.
>
> (احکام القرآن، ۳/۸۷ سہیل اکیڈمی لاہور)
>
> "یعنی مسجد کی آبادی کی دو صورتیں ہیں ایک مسجد کی زیارت کرنا اس میں رہنا اور بیٹھنا دوسرے اس کو تعمیر کرنا اور شکست و ریخت کی اصلاح کرنا، پس یہ آیت اس امر کی متقاضی ہے کہ مسجد میں نہ کوئی کافر داخل ہو سکتا ہے نہ اس کا بانی و متولی اور خادم بن سکتا ہے کیونکہ آیت کے الفاظ تعمیر ظاہری و باطنی دونوں کو شامل ہیں۔"

دوم۔ اپنی ذات پر کفر کی گواہی دینے کا یہ مطلب نہیں کہ وہ اپنا کافر ہونا تسلیم کرتے ہیں اور خود اپنے آپ کو "کافر" کہتے ہیں۔ کیونکہ دنیا میں کوئی کافر بھی اپنے آپ کو "کافر" کہنے کیلئے تیار نہیں بلکہ آیت کا مطلب یہ ہے کہ وہ ایسے عقائد کا برملا اعتراف کرتے ہیں جنہیں اسلام، عقائد کفر قرار دیتا ہے یعنی ان کا کفریہ عقائد کا اظہار اپنے آپ کو کافر تسلیم کرنے کے قائم مقام ہے۔

سوم۔ قرآن کریم کے اس دعویٰ پر کہ کسی کافر کو اپنے عقائد کفریہ پر رہتے ہوئے تعمیر مسجد کا حق حاصل نہیں۔ یہ سوال ہو سکتا تھا کہ کافر تعمیر مسجد کی اہلیت سے کیوں محروم ہیں؟ اگلے جملہ میں اس سوال کا جواب دیا گیا ہے۔ اولئک حبطت اعمالهم کہ "ان لوگوں کے عمل اکارت ہیں۔" چونکہ کفر سے انسان کے تمام نیک اعمال اکارت اور ضائع ہو جاتے ہیں اس لئے کافر نہ صرف تعمیر مسجد کا بلکہ کسی بھی عبادت کا اہل نہیں۔ یہ کفر کی دنیوی خاصیت تھی اور آگے اس کی اخروی خاصیت بیان کی گئی ہے۔ وفی النار هم خالدون "کہ کافر اپنے کفر کی بنا پر دائمی جہنم کے مستحق ہیں۔" اس لئے ان کی اطاعت و عبادت کی اللہ تعالیٰ کے نزدیک کوئی قیمت نہیں۔ پس یہ آیت اس مسئلہ میں نص قطعی ہے کہ غیر مسلم کافر تعمیر مسجد کے اہل نہیں اس لئے انہیں تعمیر مساجد کا حق حاصل نہیں۔ اس سلسلہ میں حضرات مفسرین کی چند تصریحات حسب ذیل ہیں۔

امام ابو جعفر محمد بن جریر الطبری (م ۳۱۰ھ) لکھتے ہیں

> يقول ان المساجد انما تعمر لعبادة الله فيها۔ لا للكفر به فمن كان

بالله کافراً فلیس من شانہ ان یعمر مساجد اللّٰہ

(تفسیر ابن جریر ص ۹۳/۱۰ دار الفکر بیروت)

" حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ مسجدیں تو اس لئے تعمیر کی جاتی ہیں کہ ان میں اللہ کی عبادت کی جائے۔ کفر کے لئے تو تعمیر نہیں کی جاتی پس جو شخص کافر ہو اس کا یہ کام نہیں کہ وہ اللہ کی مسجدوں کی تعمیر کرے۔ "

امام عربیت جار اللہ محمود بن عمر الزمخشری (م ۵۲۸ھ) لکھتے ہیں

والمعنی ما استقام لهم ان یجمعوا بین امرین متنافیین عمارة متعبدات اللّٰہ مع الکفر باللّٰہ وبعبادته ومعنی شهادتهم علی انفسهم بالکفر ظهور کفرهم

(تفسیر کشاف ص ۲۵۳/۲)

" مطلب یہ ہے کہ ان کیلئے کسی طرح درست نہیں کہ وہ دو متنافی باتوں کو جمع کریں کہ ایک طرف خدا کی مسجدیں بھی تعمیر کریں اور دوسری طرف اللہ تعالیٰ اور اس کی عبادت کے ساتھ کفر بھی کریں اور ان کے اپنی ذات پر کفر کی گواہی دینے سے مراد ہے ان کے کفر کا ظاہر ہونا۔ "

امام فخر الدین رازی (م ۶۰۶ھ) لکھتے ہیں

قال الواحدی دلت علی ان الکفار ممنوعون من عمارة مسجد من مساجد المسلمین۔ ولو اوصی بها لم تقبل وصیته

(تفسیر کبیر ص ۱۶/۷ مطبوعہ مصر)

" واحدی فرماتے ہیں۔ یہ آیت اس مسئلہ کی دلیل ہے کہ کفار کو مسلمانوں کی مسجدوں میں سے کسی مسجد کی تعمیر کی اجازت نہیں اور اگر کافر اس کی وصیت کرے تو اس کی وصیت قبول نہیں کی جائے گی۔ "

امام ابو عبداللہ محمد بن احمد القرطبی (م ۶۷۱ھ) لکھتے ہیں

فیجب اذاً علی المسلمین تولی احکام المساجد ومنع المشرکین من دخولها۔

(تفسیر قرطبی ص ۸۹/۸ دار الکاتب العربی القاہرۃ)

" مسلمانوں پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ انتظام مساجد کے متولی خود ہوں

اور کفار و مشرکین کو ان میں داخل ہونے سے روک دیں۔"

امام محی السنۃ ابو محمد حسین بن مسعود الفراء البغوی (م۵۱۶ھ) لکھتے ہیں

اوجب الله على المسلمين منعهم من ذالك لان المساجد انما تعمر لعبادة الله وحده فمن كان كافراً بالله فليس من شانه ان يعمرها. فذهب جماعة الى ان المراد منه العمارة من بناء المسجد ومرمته عند الخراب فيمنع الكافر منه حتى لو اوصى به لا يمتثل. وحمل بعضهم العمارة ههنا على دخول المسجد والقعود فيه

(تفسیر معالم التنزیل للبغوی ۳/۵۵ بر حاشیہ خازن مطبوعہ علیہ مصر)

"اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر واجب کیا ہے کہ وہ کافروں کو تعمیر مسجد سے روک دیں کیونکہ مسجدیں صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کی خاطر بنائی جاتی ہیں پس جو شخص کافر ہو اس کا یہ کام نہیں کہ وہ مسجدیں تعمیر کرے ایک جماعت کا قول ہے کہ تعمیر سے مراد یہاں تعمیر معروف ہے یعنی مسجد بنانا اور اس کی شکست و ریخت کی اصلاح و مرمت کرنا۔ پس کافر کو اس عمل سے باز رکھا جائے گا چنانچہ اگر وہ اس کی وصیت کر کے مرے تو پوری نہیں کی جائے گی اور بعض نے عمارۃ کو یہاں مسجد میں داخل ہونے اور اس میں بیٹھنے پر محمول کیا ہے۔

شیخ علاء الدین علی بن محمد البغدادی الخازن (م۷۲۵ھ) نے تفسیر خازن میں اس مسئلہ کو مزید تفصیل سے تحریر فرمایا ہے۔

مولانا قاضی ثناء اللہ پانی پتی (م۱۲۲۵ھ) لکھتے ہیں۔

فانه يجب على المسلمين منعهم من ذالك لان مساجد الله انما تعمر لعبادة الله وحده فمن كان كافراً بالله فليس من شانه ان يعمرها.

(تفسیر مظہری ص۱۴۶/۴ ندوۃ المصنفین دہلی)

"چنانچہ مسلمانوں پر لازم ہے کہ کافروں کو تعمیر مسجد سے روک دیں کیونکہ مسجدیں تو اللہ تعالیٰ کی عبادت کیلئے بنائی جاتی ہیں پس جو شخص کہ کافر ہو وہ ان کو تعمیر کرنے کا اہل نہیں۔"

اور شاہ عبدالقادر دہلویؒ (م ۱۲۳۰ھ) اس آیت کے تحت لکھتے ہیں

"اور علماء نے لکھا ہے کہ کافر چاہے مسجد بناوے اس کو منع کریئے۔"

(موضح قرآن)

ان تصریحات سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کافروں کو یہ حق نہیں دیا کہ وہ مسجد کی تعمیر کریں اور یہ کہ اگر وہ ایسی جرأت کریں تو ان کو روک دینا مسلمانوں پر فرض ہے۔

## تعمیر مسجد صرف مسلمانوں کا حق ہے

قرآن کریم نے جہاں یہ بتایا کہ کافر تعمیر مسجد کا اہل نہیں۔ وہاں یہ تصریح بھی فرمائی ہے کہ تعمیر مسجد کا حق صرف مسلمانوں کو حاصل ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

انما یعمر مساجداللّٰہ من اٰمن باللّٰہ والیوم الاٰخر. واقام الصلوٰۃ واٰتی الزکوٰۃ ولم یخش الااللّٰہ فعسی اولٰئک ان یکونوا من المھتدین.

(التوبہ ۱۸ پارہ ۱۰ رکوع ۹/۳)

"اللہ کی مسجدوں کو آباد کرنا تو بس اس شخص کا کام ہے جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو' نماز ادا کرتا ہو' زکوٰۃ دیتا ہو اور اس کے سوا کسی سے نہ ڈرے۔ پس ایسے لوگ امید ہے کہ ہدایت یافتہ ہوں گے۔"

اس آیت میں جن صفات کا ذکر فرمایا وہ مسلمانوں کی نمایاں صفات ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ جو شخص پورے دین محمدی پر ایمان رکھتا ہو اور کسی حصہ دین کا منکر نہ ہو اسی کو تعمیر مسجد کا حق حاصل ہے۔ غیر مسلم فرقے جب تک دین اسلام کی تمام باتوں کو تسلیم نہیں کریں گے تعمیر مسجد کے حق سے محروم رہیں گے۔

## غیر مسلموں کی تعمیر کردہ مسجد' "مسجد ضرار" ہے

اسلام کے چودہ سو سالہ دور میں کبھی کسی غیر مسلم نے یہ جرات نہیں کی کہ اپنا عبادت خانہ "مسجد" کے نام سے تعمیر کرے۔ البتہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں بعض غیر مسلموں نے اسلام کا لبادہ اوڑھ کر اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کیا اور مسجد کے نام سے ایک عمارت بنائی جو "مسجد ضرار" کے نام سے مشہور ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی الٰہی سے ان کے کفر و نفاق کی اطلاع ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فی الفور منہدم کرنے کا حکم فرمایا۔ قرآن

کریم کی آیات ذیل اسی واقعہ سے متعلق ہیں۔

**والذین اتخذوا مسجداً ضراراً وکفراً وتفریقاً بین المومنین وارصاداً لمن حارب اللّٰہ ورسولہ من قبل ولیحلفن ان اردنا الا الحسنی واللّٰہ یشہد انہم لکذبون۔ لا تقم فیہ ابداً۔ الی قولہ لا یزال بنیانہم الذی بنوا ریبۃ فی قلوبہم الا ان تقطع قلوبہم واللّٰہ علیم حکیم۔** (سورۃ التوبہ آیات ۱۰۷۔ ۱۱۰، پ ۱۱، ع ۳/۱۳)

"اور جن لوگوں نے مسجد بنائی کہ اسلام اور مسلمانوں کو نقصان پہنچائیں اور کفر کریں اور اہل ایمان کے درمیان تفرقہ ڈالیں اور اللہ و رسول کے دشمن کے لئے ایک کمین گاہ بنائیں اور یہ لوگ زور کی قسمیں کھائیں گے کہ ہم نے بھلائی کے سوا کسی چیز کا ارادہ نہیں کیا اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ وہ قطعاً جھوٹے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس میں کبھی قیام نہ کیجئے ان کی یہ عمارت جو انہوں نے بنائی، ہمیشہ ان کے دل کا کانٹا بنی رہے گی مگر یہ کہ ان کے دل کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں اور اللہ علیم و حکیم ہے۔"

ان آیات سے واضح طور پر معلوم ہوا کہ

ا..... کسی غیر مسلم گروہ کی اسلام کے نام پر تعمیر کردہ "مسجد"، "مسجد ضرار" کہلائے گی۔

ب..... غیر مسلم منافقوں کی ایسی تعمیر کے مقاصد ہمیشہ حسب ذیل ہوں گے۔

۱۔ اسلام اور مسلمانوں کو ضرر پہنچانا۔

۲۔ عقائد کفر کی اشاعت کرنا۔

۳۔ مسلمانوں کی جماعت میں انتشار پھیلانا اور تفرقہ پیدا کرنا۔

۴۔ خدا اور رسول کے دشمنوں کیلئے ایک اڈہ بنانا۔

ج..... چونکہ منافقوں کے یہ خفیہ منصوبے ناقابل برداشت ہیں اس لئے حکم دیا گیا کہ ایسی نام نہاد مسجد کو منہدم کر دیا جائے۔ تمام مفسرین اور اہل سیر نے لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے "مسجد ضرار" منہدم کر دی گئی اور اسے نذر آتش کر دیا گیا۔ مرزائی منافقوں کی تعمیر کردہ نام نہاد مسجدیں بھی "مسجد ضرار" ہیں اور وہ بھی اسی سلوک کی مستحق ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے "مسجد ضرار" سے روا رکھا تھا۔

## کافر ناپاک، اور مسجدوں میں ان کا داخلہ ممنوع

یہ امر بھی خاص اہمیت رکھتا ہے کہ قرآن کریم نے کفار و مشرکین کو ان کے ناپاک اور

گندے عقائد کی بناپر نجس قرار دیا ہے۔ اور اس معنوی نجاست کے ساتھ ان کی آلودگی کا تقاضا یہ ہے کہ مساجد کو ان کے وجود سے پاک رکھا جائے۔ ارشاد خداوندی ہے

یا یہاالذین اٰمنوا انما المشرکون نجس فلا یقربوا المسجد الحرام بعدعامہم ھذا

(پ ۱۰ ع ۴/ ۱۰ سورۃ توبہ آیت ۲۸)

"اے ایمان والو! مشرک تو نرے ناپاک ہیں، پس وہ اس سال کے بعد مسجد حرام کے قریب بھی پھٹکنے نہ پائیں۔"

اس آیت سے معلوم ہوا کہ کافر، مشرک کا مسجد میں داخلہ ممنوع ہے۔

امام ابوبکر جصاص رازی (م ۳۷۰ھ) لکھتے ہیں

اطلاق اسم النجس علی المشرک من جھۃ ان الشرک الذی یعتقدہ یجب اجتنابہ کما یجب اجتناب النجاسات والاقذار فلذالک سماھم نجسا۔ والنجاسۃ فی الشرع تنصرف علی وجھین احدھما نجاسۃ الاعیان والاٰخر نجاسۃ الذنوب۔ وقد افاد قولہ انما المشرکون نجس منعھم عن دخول المسجد الالعذر، اذ کان علینا تطھیر المساجد من الانجاس۔

(احکام القرآن ص ۱۰۸/ ۳، سہیل اکیڈمی لاہور)

"مشرک پر "نجس" کا اطلاق اس بناپر کیا گیا کہ جس شرک کا وہ اعتقاد رکھتا ہے، اس سے پرہیز کرنا، اسی طرح ضروری ہے جیسا کہ نجاستوں اور گندگیوں سے۔ اسی لئے ان کو نجس کہا اور شرع میں نجاست کی دو قسمیں ہیں۔ ایک نجاست جسم، دوم نجاست گناہ...... اور ارشاد خداوندی "انما المشرکون نجس" بتاتا ہے، کہ کفار کو دخول مسجد سے باز رکھا جائے گا۔ الا یہ کہ کوئی عذر ہو کیونکہ مسلمانوں پر لازم ہے کہ مسجدوں کو نجاستوں سے پاک رکھیں۔"

امام محی السنۃ بغوی (م ۵۱۶ھ) معالم التنزیل میں اس آیت کے تحت لکھتے ہیں۔

وجملۃ بلاد الاسلام فی حق الکفار علی ثلاثۃ اقسام۔ احدھا الحرم فلا یجوز للکافر ان یدخلہ بحال ذمیا کان او مستامنا لظاھر ھذہ الاٰیۃ۔ وجوزا ھل الکوفۃ للمعاھد دخول الحرم۔

والقسم الثانی من بلاد الاسلام الحجاز فیجوز للکافر دخولها بالاذن. ولکن لا یقیم فیها اکثر من مقام السفر. وهو ثلاثة ایام.
والقسم الثالث سائر بلاد الاسلام یجوز للکافر ان یقیم فیها بذمة او امان. ولکن لا یدخلون المساجد الا باذن مسلم.

(تفسیر بغوی ص ۶۳/۳ مطبوعہ علمیہ مصر)

"اور کفار کے حق میں تمام اسلامی علاقے تین قسم پر ہیں۔ ایک حرم مکہ، پس کافر کو اس میں داخل ہونا کسی حال میں بھی جائز نہیں، خواہ کسی اسلامی مملکت کا شہری ہو یا امن لے کر آیا ہو، کیونکہ ظاہر آیت کا یہی تقاضا ہے۔ اور اہل کوفہ نے ذمی کے لئے حرم میں داخل ہونے کو جائز رکھا ہے۔ اور دوسری قسم حجاز مقدس ہے، پس کافر کیلئے اجازت لے کر حجاز میں داخل ہونا جائز ہے۔ لیکن تین دن سے زیادہ وہاں ٹھہرنے کی اجازت نہ ہوگی۔ اور تیسری قسم دیگر اسلامی ممالک ہیں، ان میں کافر کا مقیم ہونا جائز ہے بشرطیکہ ذمی ہو یا امن لے کر آئے، لیکن وہ مسلمانوں کی مسجدوں میں مسلمان کی اجازت کے بغیر داخل نہیں ہو سکتے۔"

اس مسئلہ میں دو چیزیں خاص طور سے قابل غور ہیں۔ اول یہ کہ آیت میں صرف مشرکین کا حکم ذکر کیا گیا ہے مگر مفسرین نے اس آیت کے تحت عام کفار کا حکم بیان فرمایا ہے کیونکہ کفر کی نجاست سب کافروں کو شامل ہے۔ دوم یہ کہ کافر کا مسجد میں داخل ہونا جائز ہے یا نہیں؟ اس مسئلہ میں تو اختلاف ہے۔ امام مالکؒ کے نزدیک کسی مسجد میں کافر کا داخل ہونا جائز نہیں۔ امام شافعیؒ کے نزدیک مسجد حرام کے علاوہ دیگر مساجد میں کافر کو مسلمان کی اجازت سے داخل ہونا جائز ہے اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک بوقت ضرورت ہر مسجد میں داخل ہو سکتا ہے۔ (روح المعانی ص ۷۹/۱۱) لیکن کسی کافر کا مسجد کا بانی، متولی یا خادم ہونا کسی کے نزدیک بھی جائز نہیں ہے۔ نجران کے عیسائیوں کا ایک وفد ۹ھ میں بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں مسجد کے ایک جانب ٹھہرایا اور مسجد نبوی ہی میں انہوں نے اپنی نماز بھی ادا کی۔

حافظ ابن قیم (م ۷۵۱ھ) اس واقعہ پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں

فصل فی فقه هذه القصة ففیها جواز دخول اهل الکتاب مساجد المسلمین. وفیها تمکین اهل الکتاب من صلاتهم بحضرة المسلمین وفی مساجد هم ایضاً. اذا کان ذالک عارضاً ولا یمکنوا من اعتیاد ذالک.

(زاد المعاد، ص ۶۳۸، ج ۳، مطبوعہ مکتبہ المنار الاسلامیہ کویت)

"فصل اس قصہ کے فقہ کے بیان میں 'پس اس واقعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ اہل کتاب کا مسلمانوں کی مسجدوں میں داخل ہونا جائز ہے اور کہ ان کو مسلمانوں کی موجودگی میں اپنی عبادت کا موقع دیا جائے گا اور مسلمانوں کی مسجدوں میں بھی۔ جبکہ یہ ایک عارضی صورت ہو لیکن ان کو اس بات کا موقع نہیں دیا جائے گا کہ وہ اس کو اپنی مستقل عادت ہی بنالیں۔

اور قاضی ابو بکر ابن العربی (م ۵۴۳ھ) لکھتے ہیں

دخول ثمامة فی المسجد فی الحدیث الصحیح. ودخول ابی سفیان فیه علی الحدیث الآخر کان قبل ان ینزل
یاایها الذین اٰمنوا انما المشرکون نجس فلا یقربوا المسجد الحرام بعد عامهم هذا. فمنع الله المشرکین من دخول المسجد الحرام نصاً. ومنع دخول سائر المساجد تعلیلا بالنجاسة ولوجوب صیانة المسجد عن کل نجس وهذا کله ظاهر لا خفاء به

(احکام القرآن ص ۹۰۲/۲ دار المعرفہ بیروت)

"ثمامہ کا مسجد میں داخل ہونا اور دوسری حدیث کے مطابق ابو سفیان کا اس میں داخل ہونا' اس آیت کے نازل ہونے سے پہلے کا واقعہ ہے۔
کہ "اے ایمان والو! مشرک ناپاک ہیں پس اس سال کے بعد وہ مسجد حرام کے قریب نہ آنے پائیں۔" پس اللہ تعالیٰ نے مشرکوں کو مسجد حرام میں داخل ہونے سے صاف صاف منع کر دیا اور دیگر مساجد سے یہ کہہ کر روک دیا کہ وہ ناپاک ہیں اور چونکہ مسجد کو نجاست سے پاک رکھنا ضروری ہے اس لئے کافروں کے ناپاک وجود سے بھی اس کو پاک رکھا جائے گا اور یہ سب کچھ ظاہر ہے جس میں ذرا بھی خفا نہیں۔"

## منافقوں کو مسجدوں سے نکال دیا جائے

جو شخص مرزائیوں کی طرح عقیدہ رکھنے کے باوجود اسلام کا دعویٰ کرتا ہو وہ اسلام کی اصطلاح میں منافق ہے اور منافقین کے بارے میں یہ حکم ہے کہ انہیں مسجدوں سے نکال دیا جائے۔ چنانچہ حدیث میں آتا ہے کہ

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن خطبہ کے لئے کھڑے ہوئے تو فرمایا "اے فلاں اٹھ' یہاں سے نکل جا کیونکہ تو منافق ہے۔ او فلاں! تو بھی اٹھ' نکل جا' تو منافق ہے۔" اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ایک ایک کا نام لے کر ۳۶ آدمیوں کو مسجد سے نکال دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو آنے میں ذرا دیر ہو گئی تھی چنانچہ وہ اس وقت آئے جب یہ منافق مسجد سے نکل رہے تھے تو انہوں نے خیال کیا کہ شاید جمعہ کی نماز ہو چکی ہے اور لوگ نماز سے فارغ ہو کر واپس جا رہے ہیں لیکن جب اندر گئے تو معلوم ہوا کہ ابھی نماز نہیں ہوئی، مسلمان ابھی بیٹھے ہیں۔ ایک شخص نے بڑی مسرت سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا "اے عمر! مبارک ہو، اللہ تعالیٰ نے آج منافقوں کو ذلیل و رسوا کر دیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نام لے لے کر بیک بینی و دو گوش انہیں مسجد سے نکال دیا۔"

(تفسیر روح المعانی ص ۱۰/۱۱)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو غیر مسلم فرقہ منافقانہ طور پر اسلام کا دعویٰ کرتا ہو اس کو مسجدوں سے نکال دینا ہی سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

## منافقوں کی مسجد، مسجد نہیں

فقہائے کرام نے تصریح کی ہے کہ ایسے لوگوں کا حکم مرتد کا ہے۔ اس لئے نہ تو انہیں مسجد بنانے کی اجازت دی جا سکتی ہے اور نہ ان کی تعمیر کردہ مسجد کو مسجد کا حکم دیا جا سکتا ہے۔

شیخ الاسلام مولانا محمد انور شاہ کشمیری لکھتے ہیں

ولو بنوا مسجداً لم یصر مسجداً ففی "تنویر الابصار" من وصایا الذمی وغیرہ وصاحب الھویٰ اذا کان لا یکفر فھو بمنزلۃ المسلم فی الوصیۃ وان کان یکفر فھو بمنزلۃ المرتد

(اکفار الملحدین طبع جدید ص ۱۲۸)

"ایسے لوگ اگر مسجد بنائیں تو وہ مسجد نہیں ہوگی۔ چنانچہ "تنویر الابصار" کے وصایا ذمی وغیرہ میں ہے کہ گمراہ فرقوں کی گمراہی اگر حد کفر کو پہنچی ہوئی نہ ہو تب تو وصیت میں ان کا حکم مسلمان جیسا ہے اور اگر حد کفر کو پہنچی ہوئی ہو تو بمنزلہ مرتد کے ہیں۔

## منافقوں کے مسلمان ہونے کی شرط

یہاں یہ تصریح بھی ضروری ہے کہ کسی گمراہ فرقے کا دعویٰ اسلام کرنا یا اسلامی کلمہ پڑھنا، اس امر کی ضمانت نہیں ہے کہ وہ مسلمان ہے بلکہ اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ وہ اپنے ان تمام

عقائد سے توبہ کا اعلان کرے جو مسلمانوں کے خلاف ہیں۔

چنانچہ حافظ بدر الدین عینیؒ عمدۃ القاری شرح بخاری میں لکھتے ہیں

یجب علیهم ایضاً عند الدخول فی الاسلام ان یتبرؤا ببطلان ما یخالفون به المسلمین فی الاعتقاد بعد اقرارهم بالشهادتین

(ص ۱۲۵ الجزء الرابع مطبوعہ دار الفکر)

"ان کے ذمہ یہ بھی لازم ہے کہ اسلام میں داخل ہونے کیلئے توحید و رسالت کی شہادت کے بعد ان تمام عقائد و نظریات کے باطل ہونے کا اقرار کریں جو وہ مسلمانوں کے خلاف رکھتے ہیں۔

اور حافظ شہاب الدین ابن حجر عسقلانی فتح الباری شرح بخاری میں قصہ اہل نجران کے ذیل میں لکھتے ہیں

وفی قصة اهل نجران من الفوائد ان اقرار الکافر بالنبوة لا یدخله فی الاسلام حتی یلتزم احکام الاسلام۔

(صفحہ ۷۴ جلد ۸ دار النشر الکتب الاسلامیہ لاہور)

قصہ اہل نجران سے دیگر مسائل کے علاوہ ایک مسئلہ یہ معلوم ہوا کہ کسی کافر کی جانب سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا اقرار اسے اسلام میں داخل نہیں کرتا جب تک کہ احکام اسلام کو قبول نہ کرے۔

علامہ ابن عابدین شامیؒ لکھتے ہیں

لا ینفع الشهادتین فی العیسوی من ان یتبرا من دینه

(رد المحتار ص ۳۵۳/۱ مطبوعہ ایچ ایم سعید کراچی)

"عیسوی فرقہ کے مسلمان ہونے کیلئے اقرار شہادتین کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ وہ اپنے مذہب سے برأت کا اعلان کرے۔"

ان تصریحات سے ثابت ہوتا ہے کہ کوئی فرقہ اس وقت تک مسلمان تصور نہیں کیا جائے گا جب تک کہ وہ اہل اسلام کے عقائد کے صحیح اور اپنے عقائد کے باطل ہونے کا اعلان نہ کرے۔ ورنہ اگر وہ اپنے عقائد کفر کو صحیح سمجھتا ہے اور مسلمانوں کے عقائد کو غلط تصور کرتا ہے تو اس کی حیثیت مرتد کی ہے اور اسے اپنی عبادت گاہ کو مسجد کی حیثیت سے تعمیر کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

## کسی غیر مسلم کا مسجد کے مشابہ عبادت گاہ بنانا

اب ایک سوال اور باقی رہ جاتا ہے کہ کیا کوئی غیر مسلم اپنی عبادت گاہ (مسجد کے نام سے نہ

سی لیکن) وضع وشکل میں مسجد کے مشابہ بنا سکتا ہے؟ کیا اسے یہ اجازت دی جا سکتی ہے کہ وہ اپنی عبادت گاہ میں قبلہ رخ محراب بنائے' مینار بنائے اس پر منبر رکھے اور وہاں اسلام کے معروف طریقہ پر اذان دے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ

"وہ تمام امور جو عرفاً وشرعاً مسلمانوں کی مسجد کیلئے مخصوص ہیں' کسی غیر مسلم کو ان کے اپنانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ اس لئے کہ اگر کسی غیر مسلم کی عبادت گاہ مسجد کی وضع وشکل پر تعمیر کی گئی ہو' مثلاً اس میں قبلہ رخ محراب بھی ہو' مینار اور منبر بھی ہو' وہاں اسلامی اذان اور خطبہ بھی ہوتا ہو تو اس سے مسلمانوں کو دھوکا اور التباس ہو گا۔ ہر دیکھنے والا اس کو "مسجد" ہی تصور کرے گا۔ جبکہ اسلام کی نظر میں غیر مسلم کی عبادت گاہ مسجد نہیں بلکہ مجمع شیاطین ہے۔"

(شامی ۳۸۰/۱ مطلب' تکرہ الصلوٰۃ فی الکنیسۃ۔ ایچ ایم سعید کراچی۔ البحر الرائق ص ۲۱۴/۷ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت)

حافظ ابن تیمیہ (م ۷۲۸ھ) سے سوال کیا گیا کہ آیا کفار کی عبادت گاہوں کو بیت اللہ کہنا صحیح ہے؟ جواب میں فرمایا

لیست بیوت اللّٰہ وانما بیوت اللّٰہ المساجد بل ھی بیوت یکفر فیھا باللّٰہ وان کان قد یذکر فیھا۔ فالبیوت بمنزلۃ اھلھا واھلھا کفار فھی بیوت عبادۃ الکفار۔

(فتاویٰ ابن تیمیہ ۱۱۵۔ ج ۱' دار القلم بیروت)

"یہ بیت اللہ نہیں' بیت اللہ مسجدیں ہیں۔ یہ تو وہ مقامات ہیں جہاں کفر ہوتا ہے اگرچہ ان میں بھی ذکر ہوتا ہو۔ پس مکانات کا وہی حکم ہے جو ان کے بانیوں کا ہے۔ ان کے بانی کافر ہیں' پس یہ کافروں کی عبادت گاہیں ہیں۔"

امام ابو جعفر محمد بن جریر الطبری (م ۳۱۰ھ) "مسجد ضرار" کے بارے میں نقل کرتے ہیں

عمد ناس من اھل النفاق فابتنوا مسجداً بقبا لیضاھوا بہ مسجد رسول صلی اللہ علیہ وسلم

(تفسیر ابن جریر ۲۵/۷' دار الفکر بیروت)

"اہل نفاق میں سے چند لوگوں نے یہ حرکت کی کہ قبا میں ایک مسجد بناڈالی جس سے مقصود یہ تھا کہ وہ اس کے ذریعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد سے مشابہت کریں۔"

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ جن لوگوں نے منافقانہ طور پر "مسجد ضرار" بنائی تھی ان کا مقصد یہی تھا کہ اپنی نام نہاد مسجد کو اسلامی مساجد کے مشابہ بناکر مسلمانوں کو دھوکا دیں لہٰذا غیر مسلموں کی جو عبادت گاہ مسجد کی وضع و شکل پر ہوگی وہ "مسجد ضرار" ہے۔ اور اس کا منہدم کر دینا لازم ہے۔ علاوہ ازیں فقہاء کرام نے تصریح کی ہے کہ اسلامی مملکت کے غیر مسلم شہریوں کا لباس اور ان کی وضع قطع مسلمانوں سے ممتاز ہونی چاہئے۔ (یہ مسئلہ فقہ اسلامی کی ہر کتاب میں باب احکام اہل الذمہ کے عنوان کے تحت موجود ہے)

چنانچہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ملک شام کے عیسائیوں سے جو عہد نامہ لکھوایا تھا' اس کا پورا متن امام بیہقی کی سنن کبریٰ (۹۔ ۲۰۲) اور کنز العمال جلد چہارم (طبع جدید) ص ۵۰۴' میں حدیث نمبر ۱۱۴۹۳ کے تحت درج ہے۔ اس کا ایک فقرہ یہاں نقل کرتا ہوں۔

ولا نتشبه بهم فی شیء من لباسهم من قلنسوة ولا عمامة ولا نعلين ولا فرق شعر، ولا نتكلم بكلامهم ولا نكتنی بكناهم.

"اور ہم مسلمانوں کے لباس اور ان کی وضع قطع میں ان کی مشابہت نہیں کریں گے۔ نہ ٹوپی میں' نہ دستار میں' نہ جوتے میں' نہ سر کی مانگ نکالنے میں اور ہم مسلمانوں کے کلام اور اصطلاحات میں بات نہیں کریں گے اور نہ ان کی کنیت اپنائیں گے۔"

اندازہ فرمایئے جب لباس' وضع قطع' ٹوپی' دستار' پاؤں کے جوتے اور سر کی مانگ تک میں کافروں کی مسلمانوں سے مشابہت گوارا نہیں کی گئی تو اسلام یہ کس طرح برداشت کر سکتا ہے کہ غیر مسلم کافر' اپنی عبادت گاہیں مسلمانوں کی مسجد کی شکل و وضع پر بنانے لگے۔

## مسجد کا قبلہ رخ ہونا اسلام کا شعار ہے

اوپر عرض کیا جاچکا ہے کہ مسجد اسلام کا بلند ترین شعار ہے۔ "مسجد" کے اوصاف و خصوصیت پر الگ الگ غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ان میں ایک ایک چیز مستقل طور پر بھی شعار اسلام ہے۔ مثلاً استقبال قبلہ کو لیجئے' مذاہب عالم میں یہ خصوصیت صرف اسلام کو حاصل ہے کہ اس کی اہم ترین عبادت "نماز" میں بیت اللہ شریف کی طرف منہ کیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے استقبال قبلہ کو اسلام کا خصوصی شعار قرار دے کر اس شخص کے جو ہمارے قبلہ کی جانب رخ کر کے نماز پڑھتا ہو' مسلمان ہونے کی علامت قرار دیا ہے۔

من صلى صلوٰتنا واستقبل قبلتنا واكل ذبحيتنا فذالک المسلم الذی له ذمة اللّٰه وذمة رسوله فلا تخفروا اللّٰه ذمته

(صحیح بخاری ص۵۶/۱)

"جو شخص ہمارے جیسی نماز پڑھتا ہو' ہمارے قبلہ کی طرف منہ کرتا ہو' ہمارا ذبیحہ کھاتا ہو۔ پس یہ شخص مسلمان ہے' جس کیلئے اللہ کا اور اس کے رسول کا عہد ہے۔ پس اللہ کے عہد کو مت توڑو۔"

ظاہر ہے کہ اس حدیث کا یہ منشا نہیں کہ ایک شخص خواہ خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا منکر ہو۔ قرآن کریم کے قطعی ارشادات کو جھٹلاتا اور مسلمانوں سے الگ عقائد رکھتا ہو تب بھی وہ ان تین کاموں کی وجہ سے مسلمان ہی شمار ہو گا؟ نہیں' بلکہ حدیث کا منشا یہ ہے کہ نماز' استقبال قبلہ اور ذبیحہ کا معروف طریقہ صرف مسلمانوں کا شعار ہے جو اس وقت کے مذاہب عالم سے ممتاز رکھا گیا تھا۔ پس کسی غیر مسلم کو یہ حق نہیں کہ عقائد کفر رکھنے کے باوجود ہمارے اس شعار کو اپنائے۔

چنانچہ حافظ بدر الدین عینیؒ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں

واستقبال قبلتنا مخصوص بنا

(عمدۃ القاری ص۲۹۶/۲)

"اور ہمارے قبلہ کی طرف منہ کرنا ہمارے ساتھ مخصوص ہے۔

اور حافظ ابن حجر لکھتے ہیں

وحکمة الاقتصار علی ماذکر من الافعال ان من یقر بالتوحید من اهل الکتاب وان صلوا واستقبلوا وذبحوا لکنهم لا یصلون مثل صلوٰتنا ولا یستقبلون قبلتنا ومنهم من یذبح لغیر الله ومنهم من لا یاکل ذبیحتنا والاطلاع علی حال المرء فی صلاته واکله یمکن بسرعة فی اول یوم بخلاف غیر ذالک من امور الدین۔

(فتح الباری ص۴۱۷/۱' دارالنشر الکتب الاسلامیہ لاہور)

"اور مذکورہ بالا افعال پر اکتفا کرنے کی حکمت یہ ہے کہ اہل کتاب میں سے جو لوگ توحید کے قائل ہوں وہ اگرچہ نماز بھی پڑھتے ہوں' قبلہ کا استقبال کرتے ہوں اور ذبح بھی کرتے ہوں لیکن وہ نہ تو ہمارے جیسی نماز پڑھتے ہیں نہ ہمارے قبلہ کا استقبال کرتے ہیں اور ان میں سے بعض غیر اللہ کے لئے ذبح کرتے ہیں۔ بعض ہمارا ذبیحہ نہیں کھاتے اور آدمی کی حالت' نماز

پڑھنے اور کھانا کھانے سے فوراً پہلے دن پہچانی جاتی ہے۔ دین کے دوسرے کاموں میں اتنی جلدی اطلاع نہیں ہوتی۔ اس لئے مسلمان کی تین نمایاں علامتیں ذکر فرمائیں۔ "

اور شیخ ملا علی قاری ؒ لکھتے ہیں

انما ذکرہ مع اندراجه فی الصلوٰة لان القبلة اعرف. اذ کل احد یعرف قبلته ولنلم یعرف صلوته ولان فی صلوتنا ما یوجد فی صلاة غیرنا واستقبال قبلتنا مخصوص بنا۔

(مرقاۃ المفاتیح ص ۷۲/۱ طبع بمبئی)

" نماز میں استقبال قبلہ خود آجاتا ہے مگر اس کو الگ ذکر فرمایا۔ کیونکہ قبلہ اسلام کی سب سے معروف علامت ہے کیونکہ ہر شخص اپنے قبلہ کو جانتا ہے۔ خواہ نماز کو نہ جانتا ہو اور اس لئے بھی کہ ہماری نماز کی بعض چیزیں دوسرے مذاہب کی نماز میں بھی پائی جاتی ہیں مگر ہمارے قبلہ کی جانب منہ کرنا یہ صرف ہماری خصوصیت ہے۔ "

ان تشریحات سے واضح ہوا کہ "استقبال قبلہ" اسلام کا اہم ترین شعار اور مسلمانوں کی معروف ترین علامت ہے۔ اسی بنا پر اہل اسلام کا لقب "اہل قبلہ" قرار دیا گیا ہے۔ پس جو شخص اسلام کے قطعی، متواتر اور مسلمہ عقائد کے خلاف کوئی عقیدہ رکھتا ہو، وہ "اہل قبلہ" میں داخل نہیں، نہ اسے استقبال قبلہ کی اجازت دی جا سکتی ہے۔

## محراب اسلام کا شعار ہے

مسجد کے مسجد ہونے کیلئے کوئی مخصوص شکل و وضع لازم نہیں کی گئی لیکن مسلمانوں کے عرف میں چند چیزیں مسجد کی مخصوص علامت کی حیثیت میں معروف ہیں۔ ایک ان میں سے مسجد کی محراب ہے جو قبلہ کا رخ متعین کرنے کیلئے تجویز کی گئی ہے۔

حافظ بدر الدین عینی ؒ عمدۃ القاری میں لکھتے ہیں

ذکر ابوالبقاء ان جبریل علیه الصلاة والسلام وضع محراب رسول الله صلی الله علیه وسلم مسامتة الکعبة وقیل کان ذالک بالمعاینة بان کشف الحال وازیلت الحوائل فرای رسول الله صلی الله علیه وسلم الکعبة فوضع قبلة مسجده علیها۔

(عمدۃ القاری شرح بخاری ص ۱۲۶، الجزء الرابع طبع دار الفکر بیروت)

"اور ابو البقاء نے ذکر کیا ہے کہ جبریل علیہ السلام نے کعبہ کی سیدھ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے محراب بنائی اور کہا گیا ہے کہ یہ معائنہ کے ذریعہ ہوا۔ یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے پردے ہٹا دیئے گئے اور صحیح حال آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر منکشف ہوگیا۔ پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ کو دیکھ کر اپنی مسجد کا قبلہ رخ متعین کیا۔"

اس سے دو امر واضح ہوتے ہیں۔ اول یہ کہ محراب کی ضرورت تعین قبلہ کے لئے ہے تاکہ محراب کو دیکھ کر نمازی اپنا قبلہ رخ متعین کر سکے۔ دوم یہ کہ جب سے مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعمیر ہوئی، اسی وقت سے محراب کا نشان بھی لگا دیا گیا۔ خواہ حضرت جبریل علیہ السلام نے اس کی نشاندہی کی ہو۔ یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بذریعہ کشف خود ہی تجویز فرمائی ہو۔

البتہ یہ جوف دار محراب جو آجکل مساجد میں "قبلہ رخ" ہوا کرتی ہے، اس کی ابتدا خلیفہ راشد حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اس وقت کی تھی جب وہ ولید بن عبدالملک کے زمانہ میں مدینہ طیبہ کے گورنر تھے۔ (وفاء الوفاص ۵۲۵ومابعد) یہ صحابہ وتابعین کا دور تھا۔ اور اس وقت سے آج تک مسجد میں محراب بنانا مسلمانوں کا شعار رہا ہے۔

فتاویٰ قاضی خان میں ہے

وجهة الكعبة تعرف بالدليل. والدليل في الامصار والقرى المحاريب التي نصبتها الصحابة والتابعون رضي الله عنهم اجمعين. فعلينا اتباعهم في استقبال المحارب المنصوبة.

(البحر الرائق ص ۲۸۵/۱، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت)

"اور قبلہ کا رخ کسی علامت سے معلوم ہو سکتا ہے اور شہروں اور آبادیوں میں قبلہ کی علامت وہ محرابیں ہیں جو صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم نے بنائیں۔ پس بنی ہوئی محرابوں میں ہم پر ان کی پیروی لازم ہے۔"

یعنی یہ محرابیں، جو مسلمانوں کی مسجدوں میں صحابہ وتابعین کے زمانے سے چلی آتی ہیں، دراصل قبلہ کا رخ متعین کرنے کیلئے ہیں اور اوپر گزر چکا ہے کہ استقبال قبلہ ملت اسلامیہ کا شعار ہے اور محراب جہت قبلہ کی علامت کے طور پر مسجد کا شعار ہے۔ اس لئے کسی غیر مسلم کی عبادت گاہ میں محراب کا ہونا ایک تو اسلامی شعار کی توہین ہے۔ اس کے علاوہ ان محراب والی عبادت گاہوں کو دیکھ کر ہر شخص انہیں "مسجد" تصور کرے گا۔ اور یہ اہل اسلام کے ساتھ فریب اور دغا ہے لہذا جب تک کوئی غیر مسلم گروہ مسلمانوں کے تمام اصول ومتاخذ کو تسلیم کر کے مسلمانوں کی جماعت میں

شامل نہیں ہوتا' تب تک اس کی "مسجد نما" عبادت گاہ عیاری اور مکاری کا بدترین اڈہ ہے۔ جس کا گھاڑنا مسلمانوں پر لازم ہے۔ فقہاء امت نے لکھا ہے کہ اگر کوئی غیر مسلم بے وقت اذان دیتا ہے تو یہ اذان سے مذاق ہے۔

ان الکافر لو اذن فی غیر الوقت لا یصیر به مسلماً لانه یکون مستهزئاً

(شامی ص ۳۵۳/۱' آغاز کتاب الصلوۃ طبع ایچ ایم سعید کراچی)

"کافر اگر بے وقت اذان کہے تو وہ اس سے مسلمان نہیں ہو گا کیونکہ وہ دراصل مذاق اڑاتا ہے۔"

ٹھیک اسی طرح سے کسی غیر مسلم گروہ کا اپنے عقائد کفر کے باوجود اسلامی شعائر کی نقالی کرنا اور اپنی عبادت گاہ مسجد کی شکل میں بنانا دراصل مسلمانوں کے اسلامی شعائر سے مذاق ہے اور یہ مذاق مسلمان برداشت نہیں کر سکتے۔

اذان۔ مسجد میں اذان نماز کی دعوت کیلئے دی جاتی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ طیبہ تشریف لائے تو مشورہ ہوا کہ نماز کی اطلاع کیلئے کوئی صورت تجویز ہونی چاہئے۔ بعض حضرات نے گھنٹی بجانے کی تجویز پیش کی' آپ نے اسے یہ کہہ کر رد فرمادیا کہ یہ نصاریٰ کا شعار ہے۔ دوسری تجویز پیش کی گئی کہ بوق (باجا) بجادیا جائے۔ آپ نے اسے بھی قبول نہیں فرمایا۔ کہ یہ یہود کا وطیرہ ہے۔ تیسری تجویز آگ جلانے کی پیش کی گئی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ مجوسیوں کا طریقہ ہے۔ یہ مجلس اس فیصلہ پر برخاست ہوئی کہ ایک شخص نماز کے وقت کا اعلان کر دیا کرے کہ نماز تیار ہے۔ بعدازاں بعض حضرات صحابہؓ کو خواب میں اذان کا طریقہ سکھایا گیا جو انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا۔ اور اس وقت سے مسلمانوں میں یہ اذان رائج ہوئی۔ (فتح الباری ص ۲۲۰/۲ مطبوعہ لاہور)

شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اس واقعہ پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں

وهذه القصة دليل واضح على ان الاحكام انما شرعت لاجل المصالح وان للاجتهاد فيها مدخلا.وان التيسير اصل اصيل. وان مخالفة اقوام تمادوا في ضلالتهم فيما يكون من شعائر الدين مطلوب وان غير النبي صلى الله عليه وسلم قد يطلع بالمنام والنفث في الروع على مراد الحق لكن لا يكلف الناس به ولا تنقطع الشبهة حتى يقرره النبي صلى الله عليه وسلم واقتضت الحكمة

الالٰهیه ان لایکون الاذان صرف اعلام وتنبیه بل یضم مع ذالک ان یکون من شعائر الدین بحیث یکون النداء به علی رؤس الخامل والتنبیه تنویها بالدین و یکون قبوله من القوم اٰیة انقیادهم لدین اللّٰه

(حجۃ اللہ البالغہ ص ۲۷۴/ امترجم)

"اس واقعہ میں چند مسائل کی واضح دلیل ہے۔ اول یہ کہ احکام شرعیہ خاص مصلحتوں کی بناپر مقرر ہوئے ہیں۔ دوم یہ کہ اجتہاد کا بھی احکام میں دخل ہے۔ سوم یہ کہ احکام شریعہ میں آسانی کو ملحوظ رکھنا بہت بڑا اصل ہے۔ چہارم یہ کہ شعائر دین میں ان لوگوں کی مخالفت جو اپنی گمراہی میں بہت آگے نکل گئے ہوں' شارع کو مطلوب ہے۔ پنجم یہ کہ غیر نبی کو بھی بذریعہ خواب یا القاء فی القلب کے مراد الٰہی کی اطلاع مل سکتی ہے۔ مگر وہ لوگوں کو اس کا مکلف نہیں بنا سکتا۔ اور نہ اس سے شبہ دور ہو سکتا ہے جب تک کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس کی تصدیق نہ فرمائیں اور حکمت الٰہی کا تقاضا ہوا کہ اذان صرف اطلاع اور تنبیہ ہی نہ ہو بلکہ اس کے ساتھ وہ شعائر دین میں سے بھی ہو کہ تمام لوگوں کے سامنے اذان کہنا تعظیم دین کا ذریعہ ہو اور لوگوں کا اس کو قبول کر لینا ان کے دین خداوندی کے تابع ہونے کی علامت ٹھہرے۔"

حضرت شاہ صاحبؒ کی اس عبارت سے معلوم ہوا کہ اذان اسلام کا بلند ترین شعار ہے اور یہ کہ اسلام نے اپنے اس شعار میں گمراہ فرقوں کی مخالفت کو ملحوظ رکھا ہے۔ فتح القدیر ص ۱۶۷/۱' فتاویٰ قاضی خان اور البحر الرائق ص ۲۵ وغیرہ میں تصریح کی گئی ہے کہ اذان دین اسلام کا شعار ہے۔ فقہائے کرام نے جہاں مؤذن کے شرائط شمار کئے ہیں' وہاں یہ بھی لکھا ہے کہ مؤذن مسلمان ہونا چاہئے۔

واما الاسلام فینبغی ان یکون شرط صحة فلا یصح اذان کافر علی ای ملة کان۔

(البحر الرائق ص ۲۶۴/ ادار المعرفۃ بیروت)

"مؤذن کے مسلمان ہونے کی شرط بھی ضروری ہے پس کافر کی اذان صحیح نہیں خواہ کسی مذہب کا ہو۔"

فقہاء نے یہ بھی لکھا ہے کہ مؤذن اگر اذان کے دوران مرتد ہو جائے تو دوسرا شخص اذان کہے۔

ولو ارتد الموذن بعد الاذان لا یعاد وان اعید فهو افضل۔ کذا فی

السراج الوهاج۔ واذا ارتد فی الاذان فالاولیٰ ان یبتدئ غیرہ وان لم یبتدی غیرہ واتمہ جاز۔ کذافی فتاویٰ قاضی خان

(فتاویٰ عالمگیری ص ۵۴/۱ مطبوعہ مصر ۱۳۱۰ھ)

"اگر مؤذن اذان کے بعد مرتد ہو جائے تو اذان دوبارہ لوٹانے کی ضرورت نہیں۔ اگر لوٹائی جائے تو افضل ہے اور اگر اذان کے دوران مرتد ہو گیا تو بہتر یہ ہے کہ دوسرا شخص نئے سرے سے اذان شروع کرے تاہم اگر دوسرے شخص نے باقی ماندہ اذان کو پورا کر دیا تب بھی جائز ہے۔"

**مسجد کے مینار۔** مسجد کی ایک خاص علامت، جو سب سے نمایاں ہے، اس کے مینار ہیں۔ میناروں کی ابتدا بھی صحابہ و تابعین کے زمانہ سے ہوئی۔ مسجد نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) میں سب سے پہلے خلیفہ راشد حضرت عمر بن عبدالعزیز نے مینار بنوائے۔ (وفاء الوفا ص ۵۲۵) حضرت مسلمہ بن مخلد انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ جلیل القدر صحابی ہیں وہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں مصر کے گورنر تھے۔ انہوں نے مصر کی مساجد میں مینار بنانے کا حکم فرمایا۔ (الاصابہ ص ۴۱۸/۳) اس وقت سے آج تک کسی نہ کسی شکل میں مسجد کے لئے مینار ضروری سمجھے جاتے ہیں۔ مسجد کے مینار دو فائدوں کیلئے بنائے گئے۔ اول یہ کہ بلند جگہ نماز کی اذان دی جائے۔ چنانچہ امام ابو داؤدؒ نے اس پر ایک مستقل باب باندھا ہے۔ الاذان فوق المنارۃ

حافظ جمال الدین الزیلعی نے نصب الرایہ میں حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کا قول نقل کیا ہے۔

من السنۃ الاذان فی المنارۃ والاقامۃ فی المسجد۔

(ص ۲۹۳/۱، مجلس علمی ہالند)

"سنت یہ ہے کہ اذان مینارہ میں ہو اور اقامت مسجد میں۔"

مینار مسجد کا دوسرا فائدہ یہ تھا کہ مینار دیکھ کر ناواقف آدمی کو مسجد کے مسجد ہونے کا علم ہو سکے۔ گویا مسجد کی معروف ترین علامت یہ ہے کہ اس میں قبلہ رخ محراب ہو، منبر ہو، مینار ہو، وہاں اذان ہوتی ہو۔ اس لئے کسی غیر مسلم کی عبادت گاہ میں ان چیزوں کا پایا جانا اسلامی شعار کی توہین ہے اور جب قادیانیوں کو آئینی طور پر غیر مسلم تسلیم کیا جا چکا ہے اور ان کے اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرنے پر بھی پابندی عائد کر دی گئی ہے تو انہیں مسجد یا مسجد نما عبادت گاہ بنانے اور وہاں اذان و اقامت کہنے کی اجازت دینا قطعاً جائز نہیں۔ ہمارے ارباب اقتدار اور عدلیہ کا فرض ہے کہ غیر مسلم قادیانیوں کو اسلامی شعائر کے استعمال سے روکیں اور مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ پوری قوت اور شدت سے اس مطالبہ کو منوائیں۔ حق تعالیٰ شانہ اس ملک کو منافقوں کے ہر شر سے محفوظ رکھے۔

## بلا اجازت غیر مسلم کی جگہ پر مسجد کی تعمیر ناجائز ہے

س..... ایک زمین ہے جو غیر مسلم کی ہے' اس غیر مسلم نے اپنی زمین کو ایک مسلم شخص کے حوالے کیا ہے کہ جب تک میں اپنے وطن سے نہ آجاؤں اس کی اچھی طرح دیکھ بھال کریں' اس مسلم شخص نے اس کی زمین پر مدرسہ اور مسجد بناڈالی' جبکہ وہ غیر مسلم دوبارہ اپنی جگہ پر آیا ہے اور اس نے اپنی زمین پر مدرسہ اور مسجد بنا ہوا دیکھا ہے اور اس نے مسلم شخص کو کہا ہے کہ میری زمین میں کیوں خیانت کی ہے اس زمین پر مدرسہ اور مسجد بنایا ہے میں ان دونوں کو توڑ دوں گا۔ آیا شریعت میں اس غیر مسلم کو اجازت ہے کہ اس مسجد اور مدرسہ کو توڑ دے؟

ج..... مالک کی اجازت کے بغیر مسجد اور مدرسہ بنانا صحیح نہیں' لہٰذا اس غیر مسلم کو حق ہے کہ اپنی زمین سے مسجد اور مدرسہ اٹھادے اور مسلمان اگر اس مسجد اور مدرسہ کو باقی رکھنا چاہتے ہیں تو غیر مسلم کو اس کی قیمت دے کر رضامندی سے خرید لیں۔

## غصب شدہ جگہ پر مسجد کی تعمیر

س..... کسی مسجد کی انتظامیہ گورنمنٹ کی اجازت سے یا بلا اجازت گورنمنٹ کے کسی دفتر یا ادارہ پر قبضہ کر کے اسے مسجد میں شامل کرلے تو کیا وہ جگہ غصب شدہ تصور ہوگی؟ اور وہاں نماز ہو جائے گی یا نہیں؟

ج..... غصب شدہ جگہ پر مسجد تو نہیں بن سکتی ہے' جب تک مالک سے اس کی اجازت نہ لے لی جائے۔ گورنمنٹ کے کسی دفتر یا ادارہ پر قبضہ کر کے اسے مسجد میں شامل کرنا بھی غصب ہے..... البتہ جو جگہ علاقہ کے لوگوں کی ضرورتوں کے لئے خالی پڑی ہو وہاں مسجد بنانا جائز ہے۔ اور گورنمنٹ کا فرض ہے کہ لوگوں کی ضرورت کے مدنظر وہاں مسجد بنوائے۔

## مسجد کے مصارف کیلئے خرچ کرنا بھی صدقہ ہے

س..... اگر ہر جمعرات کو مسجد میں پیسے دیئے جائیں تو کیا یہ صدقہ ہے؟ صدقہ تو ان کو دیا جاتا ہے جو کہ غریب ہوں' (میں تو لڑکی ہوں مجھے غریب لوگوں کا معلوم نہیں اور نہ میں گھر سے نکلتی ہوں اس لئے مسجد میں دے دیتی ہوں) کیا یہ درست ہے اور اس کا ثواب ملے گا؟

ج..... جو چیز رضائے الٰہی کیلئے دی جائے وہ صدقہ ہے۔ اس لئے مسجد کے مصارف کے لئے خرچ کرنا بھی صدقہ ہے صدقہ کرنے کا کوئی خاص دن نہیں۔ خواہ پیر کے دن دے دیا' جمعرات کو یا کسی اور دن۔

## سٹہ کی رقم مسجد میں لگانا

س..... مسئلہ کچھ یوں ہے کہ ایک شخص عرصہ بیس سال سے سٹہ جیسے منحوس وغیر اسلامی کاروبار کر رہے ہیں جنہیں علاقہ اور علاقہ سے باہر کے تمام ہی لوگ جانتے ہیں ان صاحب نے مسجد کی تعمیر و مرمت کیلئے بیس ہزار روپیہ بطور عطیہ دیا ہے جسے مسجد کمیٹی نے یہ جانتے ہوئے بھی کہ عطیہ دینے والے شخص کا ذریعہ معاش صرف اور صرف سٹہ کے کاروبار سے حاصل ہونے والی آمدنی ہے' اس کے علاوہ اس کا کوئی ذریعہ آمدنی نہیں۔ پھر بھی مسجد انتظامیہ یہ ناجائز پیسہ لے کر مسجد کی تعمیر و مرمت میں لگا رہی ہے۔ تو عرض یہ ہے کہ ایسے پیسے سے تعمیر کی جانے والی مسجد میں نماز کی ادائیگی کی کیا شرعی حیثیت ہوگی؟ مفصل جواب مرحمت فرمادیں اللہ تعالیٰ آپ کا ہمیشہ حامی و ناصر رہے۔ (آمین)

ج..... یہ شرعاً مسجد ہے اور نماز بھی اس میں جائز ہے' مگر جان بوجھ کر غلط رقم مسجد کی تعمیر میں خرچ کرنے والے لوگ گنہگار ہیں' ان کو توبہ کرنی چاہئے۔

## مسجد کو بانی کے نام سے منسوب کرنا

س..... ہمارے محلہ میں ایک مسجد ہے' یہ کافی عرصہ پہلے کی بات ہے کہ ایک شخص (جو اب اس دنیا میں نہیں) نے مسجد کی تعمیر کیلئے اپنی زمین دی تھی' ویسے تو اس مسجد کا نام "سبحانی مسجد" ہے" لیکن اس کے لواحقین اس مسجد کو اس شخص کے نام سے پکارتے ہیں' اور اب باقاعدہ طور پر اس مسجد کو اس شخص کے نام سے موسوم کرنا چاہتے ہیں۔ یعنی ان کے نام پر مسجد کا نام رکھنا چاہتے ہیں جہاں تک میری عقل کا تعلق ہے میں نے آج تک یہ نہیں سنا کہ کوئی مسجد کسی کے نام سے موسوم کی گئی ہو' کیونکہ مسجد تو اللہ کا گھر ہے کسی کی ملکیت نہیں۔ اب رہا اس شخص کا تعلق جس نے مسجد کی تعمیر کیلئے زمین دی تو اس کا اجر تو اللہ دے گا؟ قرآن و سنت کی روشنی میں ہمیں یہ بتائیں کہ کیا یہ صحیح ہے؟ اگر صحیح نہیں ہے تو کیا اس مسجد میں نماز پڑھنا جائز ہے؟

ج..... مسجد کی نسبت کسی شخص کی طرف اس کے بانی کی حیثیت میں جائز ہے۔ اس میں کوئی مضائقہ نہیں' لیکن جب بانی مرحوم نے خود اپنے نام کی نسبت پسند نہیں کی تو ان کے لواحقین کو بھی پسند نہیں کرنی چاہئے۔

## مسجد کی حیثیت تبدیل کرنا صحیح نہیں

س..... ہمارے یہاں پر مسجد ایسی جگہ پر ہے کہ نمازی بہت کم آتے ہیں ہماری کمیٹی کا ارادہ ہے کہ اس کو بجائے یہاں کے روڈ پر لے جایا جائے اور اس جگہ کو مدرسہ میں تبدیل کر دیا جائے؟ قرآن

وحدیث وفقہ کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں۔
ج..... جو جگہ باقاعدہ مسجد بنادی جائے' وہ ہمیشہ مسجد رہے گی اس کی اس حیثیت کو تبدیل کرنا صحیح نہیں۔

## مسجد کو شہید کرنا

س..... تحصیل ماتلی سے ۱۰ کلومیٹر دور گورنمنٹ نے بارن اسٹاپ پر ایک مراد واہ کے نام سے نہر نکالی ہے اس نہر کے ایک سائیڈ پر ایک چھوٹی مسجد آتی ہے ٹھیکیدار نے کھدائی کرادی ہے' جس سے مسجد مراد واہ کے ایک کنارے سے ۵/۴ فٹ (واہ کے اندر) اندر آگئی ہے۔ انجینئر اور ٹھیکیدار کہتے ہیں کہ اس مسجد شریف کو گرا کر اور اس کی مٹی کو کسی بہتی ہوئی نہر میں ڈال دیں لیکن وہاں جو ٹریکٹر والے کھدائی کا کام کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم شرعی مسئلہ پوچھ کر پھر مسجد کی طرف ہاتھ بڑھائیں گے۔ آپ سے یہ معلوم کرنا ہے کہ جیسے انجینئر اور ٹھیکیدار کہتے ہیں وہ صحیح ہے؟ یا اس (کچی) مسجد کو وہاں کھڑا کرنا چاہئے تو کیسے؟
ج..... مسجد خواہ کچی ہو یا پکی' اس کو یا اس کے کسی حصہ کو ہٹانا اور اس جگہ کو کسی اور کام میں استعمال کرنا جائز نہیں۔ ٹھیکیدار اور انجینئر صاحبان کو چاہئے کہ نہر کو خم دے کر مسجد کے ورے ورے سے گزاریں ورنہ تمام لوگ جو اس کام میں شریک ہیں خانہ خدا کی ویرانی کی وجہ سے گنہگار ہوں گے اور جس طرح انہوں نے خدا کا گھر ویران کیا' اللہ تعالیٰ ان کے گھروں کو اجاڑ دیں گے۔

## ایک مسجد کو آباد کرنے کیلئے دوسری مسجد کو منہدم کرنا جائز نہیں

س..... ایک قدیم مسجد جو چاروں طرف سے درختوں' باغات سے ڈھکی ہوئی ہے علاقہ انتہائی گرم' گرمی ناقابل برداشت حتیٰ کہ مقتدیوں نے کہا کہ ہم گرمی میں نماز پڑھنے نہیں آئیں گے مسجد کسی طرف سے بڑھائی بھی نہیں جاسکتی تو کیا سو قدم کے فاصلہ پر مسجد ثانی کا بنانا جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز ہے تو ظاہر ہے دونوں مسجدوں میں جماعت نہیں ہو سکتی تو پھر قدیم مسجد کو منہدم کر دیں یا بند کریں؟
ج..... ایک مسجد کا دوسری مسجد کیلئے انہدام قصداً جائز نہیں ہے البتہ دوسری مسجد مذکورہ بالا ضرورت کے تحت بنا سکتے ہیں لیکن اس کو آباد کرنے کیلئے پہلی مسجد کو منہدم نہیں کیا جاسکتا۔

## نئی مسجد متصل بنا کر پہلی کو تالا ڈالنا نا جائز ہے

س..... حضرت والا کی توجہ ایئرپورٹ کی مرکزی جامع مسجد جو کہ کچھ عرصہ قبل تعمیر ہوئی ہے' کے متعلق اس کی شرعی حیثیت جناب والا سے معلوم کرنا ہے امید ہے کہ اس مسجد کے متعلق آپ اپنی صائب رائے شائع فرما کر اہالیان ایئرپورٹ کی رہنمائی فرمائیں گے۔ برعظیم انڈو پاک کی تقسیم کے بعد ایک

کلب کو مسجد میں تبدیل کر کے نماز کیلئے جگہ بنائی گئی۔ اس کے بعد باقاعدہ چھت ڈال کر مسجد تعمیر کر دی گئی۔ عرصہ چھتیس سال سے مذکورہ مسجد میں نماز جمعہ پنج گانہ نمازیں ادا کی جاتی رہیں' ۱۹۸۳ء میں قطر کے ایک شیخ صاحب نے کئی لاکھ روپے خرچ کر کے ایک مسجد سابقہ مسجد سے تقریباً دو گز چار دیواری کے اندر دوسری مسجد تعمیر کروا دی۔ شیخ صاحب کو مسجد کی انتظامیہ نے جیسا مشورہ دیا ویسا نہوں نے کر دیا۔ اب صورتحال یہ ہے کہ پہلی مسجد کو تالا ڈال دیا گیا ہے اور نئی مسجد میں نمازوں کی دائیگی ہو رہی ہے۔ بہت سے حضرات نے مسجد کی انتظامیہ کو پہلے ہی مشورہ دیا تھا کہ کم از کم سابقہ مسجد کا صحن ہی نئی مسجد میں شامل کر لیا جائے تاکہ کوئی شرعی مسئلہ کھڑا نہ ہو جائے۔

لیکن انتظامیہ کی چشم پوشی کی وجہ سے دو مسجدیں آمنے سامنے ہیں' پہلی مسجد کے متعلق کبھی ناجاتا ہے کہ اسے دارالعلوم بنا دیا جائے گا یا دینی مدرسہ وغیرہ۔ فی الحال پرانی مسجد کو تالا ہی لگا ہوا ہے ہاں ان دنوں ایئر فورس والوں کا ایئرپورٹ پر کنٹرول ہے اور مسجد کا سیکرٹری اصل حالات ایئرپورٹ ا انتظامیہ کو نہیں بتلا رہا' اور اتنی بڑی مسجد میں کوئی عالم جان بوجھ کر نہیں رکھا جا رہا تاکہ یہاں کے وگوں کو اصل بات کا پتہ نہ چل سکے۔ آپ سے مودبانہ گزارش ہے کہ جناب والا نئی مسجد کی شرعی یثیت واضح فرما دیں۔ واضح رہے کہ پی آئی اے کی نئی مسجد اس سے بالکل الگ ہے۔ مذکورہ مسجد ب سڑک ہے اور محکمہ شہری ہوا بازی سے تعلق رکھتی ہے۔

ج..... جس جگہ کو چھتیس سال سے مسجد کی حیثیت دی گئی ہو' اور اس میں باقاعدہ جمعہ و جماعت ہوتی رہی ہو اس کو معطل کر دینا یا اس مسجد کی حیثیت کو ختم کر کے کسی اور مقصد کیلئے استعمال کرنا کسی طرح بھی جائز نہیں' بلکہ وبال کا موجب ہے آپ نے جو واقعات لکھے ہیں اگر صحیح ہیں تو سابقہ مسجد کو نئی مسجد میں شامل کر دینا چاہئے۔ جو جگہ ایک بار مسجد بنا دی گئی ہو' وہ قیامت تک کے لئے مسجد رہتی ہے اور اس کی حیثیت کو تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔

## تعمیری نقص سے صف میں ایک طرف نمازی بہت کم ہوں تو بھی نماز مکروہ ہے

س..... ہمارے قریب ایک مسجد شریف ہے جس کی بناوٹ اس طرح ہے کہ امام کے دائیں جانب مقتدی اندازاً چالیس پچاس ہوتے ہیں اور بائیں جانب صرف چار پانچ آدمی ہوتے ہیں۔ یہ نماز ہوئی کہ نہیں؟

ج..... مکروہ ہے۔

## قبروں کے نزدیک مسجد میں نماز ہو جاتی ہے

س...... مسجد کے قریب قبریں ہوں درمیان میں کوئی فاصلہ نہ ہو، صرف تقریباً ایک گز کی دیوار ہو تو مذکورہ مسجد میں نماز ہوتی ہے یا نہیں؟
ج...... نماز صحیح ہے، قبرستان میں نماز پڑھنا ممنوع ہے۔ لیکن اگر ایسی مسجد ہو جس کے قریب قبریں ہوں اس میں نماز ممنوع نہیں۔

## دفاتر کی مسجد میں نماز کا ثواب

س...... میں نے ایک شخص سے سنا جو کہ نماز وغیرہ کا پابند ہے کہ ایک بلڈنگ (کاروباری دفاتر کی بلڈنگ) کے اندر اگر کوئی کمرہ نماز کیلئے مخصوص کر دیا گیا ہو تو اس میں نماز پڑھنے سے اتنا ثواب نہیں ملتا جتنا ایک مسجد میں نماز پڑھنے سے ملتا ہے؟
ج...... بلڈنگ میں جو کمرہ نماز کیلئے مخصوص کر دیا گیا ہو، اس کا حکم مسجد کا نہیں، نہ اس میں مسجد کا ثواب ملے گا۔

## دوسری مسجد میں نماز پڑھنے کی رخصت

س...... میں ایک جامع مسجد کے ساتھ رہتا ہوں مسجد میں پانچ وقت کی نماز اور جمعہ باقاعدگی سے پڑھائی جاتی ہے اور میں بھی پابندی سے نماز و جمعہ پڑھتا ہوں۔ چار نمازیں نزدیکی مسجد میں پڑھتا ہوں البتہ عشاء کی نماز اور جمعہ کی نماز ایک دوسری مسجد میں جاکر پڑھتا ہوں، محض اس لئے کہ وہاں مولوی صاحب جمعہ کے دن بھی اچھا واعظ کرتے ہیں اور عشاء کی نماز کے بعد قرآن کی تفسیر سمجھاتے ہیں۔ تو میں ان کے پاس اچھی باتیں سننے جاتا ہوں جبکہ نزدیک والی مسجد میں ان چیزوں کا فقدان ہے بعض لوگ کہتے ہیں کہ اپنی نزدیک والی مسجد آباد رکھو ورنہ گناہ ہوگا۔ آپ قرآن و حدیث کی روشنی میں وضاحت کر کے سمجھائیں کہ میں کیا کروں؟ دوسری مسجد میں جانے کا میرا مطمح نظر محض دین کا سیکھنا ہے۔
ج...... حق تو قریب والی مسجد ہی کا زیادہ ہے لیکن اگر دوسری مسجد میں اچھے عالم ہوں تو وہاں جانے میں بھی کوئی مضائقہ نہیں۔

## مسجد میں خشک جوتے لے جانے سے ناپاکی نہیں ہوتی

س...... ہم جوتے لے کر بیت الخلاء میں جاتے ہیں، وہی جوتے لے کر ہم مساجد میں جاتے ہیں اور اکثر بھائی جوتے مسجد کے فرش پر رکھتے ہیں کیونکہ بعض جگہ جوتے رکھنے کے لئے لکڑی کا بکس نہیں ہوتا۔

ایسی صورت میں کیا مسجد ناپاک نہیں ہوتی؟ اگر جوتے نمازی اپنے قریب نہ رکھے تو چوری کا اندیشہ ہوتا ہے

ج..... جوتے خشک ہوں تو مسجد ناپاک نہیں ہوتی۔

## کیا مسجد میں داخل ہوتے وقت سلام کرنا چاہئے؟

س..... ہمارے محلے میں بعض لوگ کہتے ہیں کہ مسجد میں داخل ہوتے وقت السلام علیکم کہنا چاہئے جبکہ ہم نے سنا ہے کہ حدیث میں ہے' دخول مسجد کے وقت مخصوص دعاء جو حدیث سے ثابت ہے پڑھنی چاہئے۔ کون ساحق اور افضل ہے؟

ج..... مسجد میں داخل ہونے کی دعا پڑھنی چاہئے پھر اگر کچھ لوگ فارغ بیٹھے ہوں تو ان کو آہستہ سے سلام کہا جائے اور اگر سب مشغول ہوں تو نہ کہے۔ اتنی زور سے سلام کرنا کہ نمازیوں کی نماز میں خلل پڑے صحیح نہیں۔

## نمازیوں کے ذمہ سلام کا جواب نہیں

س..... نمازی نیت باندھے کھڑے ہوں ایک آدمی نماز ادا کرنے مسجد میں داخل ہوا تو اس آدمی کو السلام علیکم کہنا چاہئے یا چپکے سے نیت باندھنا چاہئے؟ اگر السلام علیکم لازمی ہے تو نمازیوں کو جواب دل میں دینا چاہئے یا نہیں؟

ج..... اگر کوئی شخص فارغ نہ ہو' تو آنے والے کو السلام علیکم نہیں کہنا چاہئے اور اگر وہ کچھ کہہ دے تو نمازیوں کے ذمہ اس کا جواب نہیں اس لئے دل میں بھی جواب دینے کی ضرورت نہیں۔

## مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کے وقت درود شریف

س..... مسجد میں داخل ہوتے وقت اور مسجد سے باہر نکلتے ہوئے دعا کے بعد السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

ج..... مسجد میں داخل ہوتے ہوئے دایاں قدم پہلے رکھے اور پھر یہ دعا پڑھے:

بسم اللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ اللھم افتح لی ابواب رحمتک۔

اور مسجد سے نکلتے ہوئے یہ دعا پڑھے

بسم اللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ اللھم افتح لی ابواب رزقک اللھم اعصمنی من الشیطان الرجیم

اس موقع پر سوال میں درج کردہ الفاظ منقول نہیں۔

## مسجد کے کس حصے میں داخل ہوتے وقت دعا پڑھنی چاہئے؟

س..... مسجد میں داخل ہونے کی دعا پڑھنا اور داہنا پاؤں پہلے اندر رکھنا مسنون طریقہ ہے۔ آپ وضاحت فرمائیں کہ دعا مسجد کے بیرونی گیٹ کے اندر داخل ہوتے وقت پڑھی جائے یا کہ اس حصہ میں داخل ہوتے وقت جہاں نماز پڑھی جاتی ہے' سنت طریقہ کیا ہے؟

ج..... جو حصہ نماز کے لئے مخصوص ہے اور جس پر مسجد کے احکام جاری ہوتے ہیں (مثلاً جنبی کا مسجد میں داخل نہ ہونا اور معتکف کا بلا ضرورت مسجد سے باہر قدم نہ رکھنا) اس حصہ میں داخل ہوتے وقت دعا پڑھنی چاہئے۔ مسجد میں داخل ہوتے وقت دایاں پاؤں پہلے رکھے اور یہ پڑھے' بسم اللہ والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ اللھم افتح لی ابواب رحمتک۔

## مسجد کو حفاظت کی خاطر تالا لگانا جائز ہے

س..... مسجد جو کہ اللہ تعالیٰ کا گھر ہوتا ہے اس کو بند کرنے اور کھلا رکھنے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ کیونکہ مسجد تو خدا کا گھر ہوتا ہے اور اس کو بند کرنے کا حق کسی کو نہیں پہنچتا۔ لیکن بعض لوگ عشاء کی نماز کے بعد مسجد کو تالا لگا دیتے ہیں جو کہ میری نگاہ میں غلط ہے۔ کیونکہ کوئی مسافر جو کہ نیا اور بھٹکا ہوا آ جائے اور اسے رات ہو جائے تو اسے ہر طرف دروازہ بند نظر آتا ہے تو اس کی نگاہ مسجد پر جاتی ہے تو وہ بھی بند نظر آتی ہے وہ باہر ہی کسی جگہ سو جاتا ہے اور جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اسے چور اچکا سمجھ کر پولیس والے لے جا کر بند کر دیتے ہیں جو کہ سراسر ناانصافی ہوتی ہے۔ لیکن اگر آج کل کے حالات کو دیکھا جائے تو ہر طرف بے ضمیر لوگ بھی پھرتے ہوئے نظر آتے ہیں جو کہ مسجد کی اشیاء کو بھی نہیں بخشتے جو کہ اللہ کے گھر کی چیزیں ہوتی ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ایسے لوگوں پر جو کہ اللہ کے گھر کی چیزیں بھی نہ بخشیں ان پر خدا کی لعنت ہو اور یہی وجہ ہے کہ لوگ مجبوراً مسجد کے دروازوں پر تالے لگا دیتے ہیں۔

ج..... حفاظت کی خاطر مسجد میں رات کو تالا لگا دینا جائز ہے۔

## مسجد کے چندہ سے کمیٹی کا دفتر بنانا

س..... ہمارے محلہ کی مسجد زیر تعمیر ہے مسجد پایہ تکمیل تک پہنچنے کے قریب ہے اب انتظامیہ نے فیصلہ کیا ہے کہ وضو خانہ کے اوپر انتظامیہ کیلئے ایک آفس تعمیر کیا جائے گا جس میں بیٹھ کر مسجد کی انتظامیہ میٹنگ اور فیصلے کیا کرے گی کیا انتظامیہ کے لئے ایسا کرنا یعنی مسجد کے فنڈز سے ایک آفس تعمیر کرنا شرعاً درست ہے یا نہیں؟

ج..... اگر اہل چندہ کی اجازت ہو تو جائز ہے۔

## استراحت کیلئے مسجد کے پنکھے کا استعمال بغیر اجازت صحیح نہیں

س...... اس دفعہ رمضان شریف گرمیوں میں آرہے ہیں ہم نے اس سے پہلے والے رمضان میں اکثر دیکھا ہے مقامی آدمیوں کو کہ ظہر سے پہلے مسجد میں آکر سوجاتے ہیں اور بجلی کے پنکھے چلواتے ہیں۔ مسجد میں چٹائی یا دری پر کوئی کپڑا نہیں ہوتا ان لوگوں کا پسینہ مسجد کی دری پر لگتا ہے اور بدبو ہوتی ہے یا کوئی شخص ظہر کی نماز باجماعت پڑھ کر سنت پنکھے کے نیچے آکر پڑھتا ہے اور پھر تھوڑی دیر کے بعد وہیں پر لیٹ جاتا ہے اور نیند کی آغوش میں چلا جاتا ہے ایسے میں مسجد کی بجلی استعمال کرتا ہے اس کیلئے کیا حکم ہے؟ اس کو مسجد سے اٹھا دیا جائے یا پنکھا بند کردیں؟ اور مسجد کے آداب کے مطابق اس کا یہ فعل کیسا ہے؟

ج...... مسجد کی بجلی وغیرہ نماز کے اوقات میں استعمال کرنی چاہئے دیگر اوقات میں اہل چندہ منع کرسکتے ہیں۔ مسجد میں سونا معتکف اور مسافر کیلئے جائز ہے دوسروں کے لئے مکروہ ہے' جو لوگ مسجد میں نیند کریں ان کو چٹائیوں پر کپڑا بچھالینا چاہئے تاکہ پسینہ سے فرش خراب نہ ہو اور نیند کی حالت میں ناپاک ہوجانے کا خطرہ نہ رہے۔

## معتکف کے علاوہ عام لوگوں کو مسجد میں سونے کی اجازت نہیں

س...... میں ایک ادارے میں ملازم ہوں کھانے اور نماز کے وقفے کے دوران ہمارے کچھ ساتھی کھانا جلدی کھا کر نماز سے پہلے مسجد میں سوجاتے ہیں آپ تفصیل سے بتائیں کہ کیا ایسے ہی مسجد میں سونا جائز ہے یا کن حالات میں مسجد میں سونے کی اجازت ہے؟

ج...... مسجد میں سونے کی صرف معتکف کو اجازت ہے عام لوگوں کو نہیں' یہ لوگ اگر اعتکاف کی نیت کرکے مسجد میں جائیں تو وہاں سو بھی سکتے ہیں۔

## بے نمازی کو مسجد کمیٹی میں لینا

س...... مسجد کی کمیٹی اور زکوٰۃ کمیٹی میں بے نمازی کو چیئرمین یا صدر بنانا یا کوئی ممبر بنانا جائز ہے یا نہیں؟

ج...... جو شخص نماز ہی کا پابند نہیں اس کا مسجد اور زکوٰۃ سے کیا تعلق؟

## مسجد میں دنیاوی باتیں کرنا مکروہ ہے

س...... آج کل عام بات یہ ہے کہ اکثر حضرات مسجد میں بیٹھ کر ملکی حالات یا بین الاقوامی حالات یا دنیاداری کی باتیں کرتے ہیں' حالانکہ اس کی ممانعت ہے۔ منع کرنے پر یہ کہتے ہیں کہ سیاست دین سے

علیحدہ نہیں ہے آپ دونوں چیزوں کو کیوں علیحدہ سمجھتے ہیں؟ اور دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ مسجد نبویؐ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسائل حل کیا کرتے تھے۔ آپ کے پاس وفود آتے تھے' اور آپ بھی باتیں بیان کرتے تھے' اور مولوی لوگوں نے دین کو بہت تنگ کر دیا ہے اس لئے ہم غلط نہیں ہیں۔ کیا مسجد میں اس قسم کی باتیں کرنی چاہئیں یا نہیں؟

ج..... حدیث میں ہے کہ مساجد صرف ذکر اللہ' تلاوت قرآن اور نماز کیلئے بنائی گئی ہیں' مسجد میں دنیا کی باتیں کرنا مکروہ ہے۔ یہ صحیح ہے کہ دین اور سیاست جدا نہیں 'مگر سیاست سے دینی سیاست مراد ہے' دور حاضر کی سیاست مراد نہیں۔ بعض بزرگوں کا ارشاد ہے کہ صحابہ رضوان اللہ علیہم نے کثرت ذکر سے بازار کو مسجد بنا دیا تھا اور تم نے مسجد کو بازار بنالیا ہے۔ البتہ ضرورت کی بات مسجد میں کر لینا جائز ہے۔

س..... مسجد میں دنیاوی اور دینی باتوں کی حدود کہاں تک ہیں؟ میرا مطلب ہے کہ ہم مسجد میں نماز سے فراغت کے بعد ایک دوسرے کی خیریت معلوم کرتے ہیں حال چال پوچھتے ہیں' دوسرا شخص جواب میں اپنی داستان سنانا شروع کرتا ہے جو کہ سراسر دنیا سے متعلق ہوتی ہے۔ مثلاً بچوں کے اسکول میں داخلے کے مسائل 'کم آمدنی اور تجارت میں خسارہ 'رشتہ داروں کے جھگڑے وغیرہ' اب جہاں تک سلام و دعا اور خیریت کی بات تھی اس کا دین سے متعلق ہونا تو سمجھ میں آتا ہے لیکن مذکورہ بالا باتوں کو کیا درجہ دیا جائے اور کس طرح اس تمیز کو باقی رکھا جائے کہ جہاں مخاطب کسی ایسے پہلو پر گفتگو چھیڑے تو اس سے یہ کہہ دیا جائے کہ بس اب ہم باہر چل کر گفتگو کئے لیتے ہیں اب ہم حدود سے متجاوز ہو گئے۔ کیا آپ ازراہ کرم ہمیں ایسا پیمانہ بتلائیں گے جو ہماری نیکیوں کے ضائع ہونے کا سبب نہ بنے؟

ج..... خیر خیریت پوچھ لینا اور کوئی ضروری بات کر لینا اس کی تو ممانعت نہیں 'لیکن لایعنی قصے لے کر بیٹھ جانا اس کی اجازت نہیں۔ مسجد میں دنیا کی غیر ضروری باتیں کرنا 'بعض حضرات نے اسے مکروہ فرمایا ہے اور بعض نے حرام کہا ہے۔

## مسجد میں سوال کرنا جائز نہیں

س..... مسجد میں اگر سائل یعنی مانگنے والا مانگے تو اسے مسجد میں کچھ دینا جائز ہے یا نہیں؟ کیونکہ میں نے ایک عزیز سے سنا تھا کہ اگر مسجد میں کسی سائل کو ایک پیسہ دیا تو اس کے بدلے میں یعنی اس کا کفارہ میں ۷۰ پیسے دینا پڑیں گے۔ اس کا صحیح حل بتائیں؟

ج..... مسجد میں مانگنا جائز نہیں۔ کسی فقیر کو مسجد میں کچھ دینا یوں تو جائز ہے مگر اس سے مسجد میں مانگنے کی عادت پڑے گی۔ اس لئے مسجد سے باہر دینا چاہئے باقی آپ کے عزیز کا مسئلہ صحیح نہیں۔

## مسجد میں بھیک مانگنا جائز نہیں، کسی ضرورت مند کیلئے دوسرا آدمی اپیل کرے تو جائز ہے

س..... اکثر مساجد میں بعد نماز گداگر اپنی مختلف مجبوریاں بیان کرتے ہیں اور پھر امداد کے طلب گار ہوتے ہیں معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا مساجد میں اپنے لئے سوال کرنا اور نمازیوں کا سائل کو مدد کرنا کہاں تک مناسب ہے یا نامناسب ہے؟

ج..... مسجد میں بھیک مانگنا ممنوع ہے ایسے لوگوں کو مسجد سے باہر کھڑے ہونا چاہئے اور مسجد میں مانگنے والوں کو دینا بھی نہیں چاہئے، لیکن اگر کسی ضرورت مند کی امداد کیلئے دوسرا آدمی اپیل کرے تو یہ جائز ہے۔

## مسجد میں نماز جنازہ کا اعلان صحیح اور گمشدہ چیز کا غلط ہے

س..... کیا جنازہ یا گمشدہ چیز کا اعلان مسجد میں لاؤڈ اسپیکر پر کرنا جائز ہے؟
ج..... نماز جنازہ کا اعلان تو نمازیوں کی اطلاع کیلئے صحیح ہے۔ مگر گمشدہ چیز کی تلاش کیلئے اعلان جائز نہیں۔

## مسجد کے مدرسہ کیلئے قربانی کی کھالوں کا اعلان جائز ہے

س..... ہماری مسجد میں طرح طرح کے اعلانات ہوتے رہتے ہیں مثلاً کوئی گم ہوگیا ہے، کوئی مل گیا ہے، کسی کا بکرا کھو گیا ہے، کسی کی گھڑی، کسی کا سائیکل وغیرہ۔ نیز عید قربان کے موقع پر قربانی کی کھالیں مسجد میں واقع مدرسہ کیلئے چندہ جمع کرنے کے لئے دن رات اعلانات ہوتے رہتے ہیں، شریعت کی رو سے مطلع فرمائیں کہ یہ اعلان مسجد میں جائز ہیں یا نہیں؟ کیونکہ اس طرح ان اعلانوں سے انسان بیزار ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم کو صحیح معنی میں شریعت پر چلائے۔

ج..... اگر کوئی چیز مسجد میں پڑی ہوئی ملے اس کا اعلان مسجد میں کرنا جائز ہے۔ باہر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو اس کی تلاش کے لئے مسجد میں اس کا اعلان کرنا جائز نہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کیلئے بددعا فرمائی ہے۔ لا رد اللہ علیک "یعنی خدا کرے تیری گمشدہ چیز نہ ملے۔" مدرسہ کے لئے قربانی کی کھالیں جمع کرنے کا اعلان جائز ہے، ایک دوبار اعلان کر دیا جائے۔ مگر یہ یاد رہے کہ اس اعلان کی، جس سے کسی نمازی کی نماز میں خلل نہ پڑے۔

## مسجد سے گمشدہ بچے کا اعلان انسانی جان کی اہمیت کے پیش نظر جائز ہے

س...... مسجد میں لاؤڈ اسپیکر سے مختلف قسم کے اعلانات ہوتے ہیں۔ جلسہ کے انعقاد کا' ضروری کاغذات کا' گمشدہ رقم' بچے کی گمشدگی' نماز جنازہ اور جانوروں کی گمشدگی کا۔ مثلاً فلاں صاحب کا بکرا گم ہو گیا ہے۔ اسلامی نقطہ نگاہ سے یہ کیسے ہیں اور کس قسم کے اعلانات درست ہیں؟

ج...... مسجد میں گمشدہ چیز کی تلاش کیلئے اعلان کرنا جائز نہیں' حدیث شریف میں اس کی سخت ممانعت آئی ہے۔ البتہ گمشدہ بچہ کا اعلان انسانی جان کی اہمیت کے پیش نظر جائز ہے اور جو چیز مسجد میں ملی ہو' جیسے کسی کی گھڑی رہ گئی ہو' اس کا اعلان جائز ہے کہ فلاں چیز مسجد میں ملی ہے جس کا ہو لے لے۔ نماز جنازہ کا اعلان بھی جائز ہے۔ اس کے علاوہ دوسرے اعلانات جائز نہیں۔

## مختلف اعلانات کیلئے مسجد کا لاؤڈ اسپیکر استعمال کرنا

س...... ہمارے محلے میں ہر کام کیلئے مسجد کا لاؤڈ اسپیکر استعمال کرتے ہیں مثلاً بکر کے مہمان آئے ہیں وہ جلد ان سے ملیں' کسی چیز کی گمشدگی کی اطلاع کیلئے' معمولی کاموں کیلئے بھی لاؤڈ اسپیکر استعمال کیا جاتا ہے۔ کیا یہ جائز ہے؟

ج...... مسجد کی ضرورتوں کے علاوہ مسجد کا لاؤڈ اسپیکر استعمال کرنا جائز نہیں' مسجد کو ان چیزوں سے پاک رکھنا ضروری ہے۔ گمشدہ چیز کی تلاش کیلئے مسجد میں اعلان کرنا جائز نہیں' البتہ اگر مسجد میں کسی کی چیز رہ گئی ہو اس کا اعلان کر دینا جائز ہے۔ اور گمشدہ بچے کا اعلان بھی ضرورت کی بنا پر جائز ہے۔

## مسجد کا اسپیکر گناہ کے کام کیلئے استعمال کرنا جائز نہیں

س...... یوم آزادی کے موقع پر میں نے مسجد کے ایمپلی فائر اور لاؤڈ اسپیکر کو موسیقی کیلئے استعمال ہوتے دیکھا بلکہ اس سے پہلے بھی تہوار والے دن ایسا ہوتا چلا آیا ہے۔ مجھے یہ بات ناگوار گزری کہ وہ اسپیکر جس میں اذان ہوتی ہے آج اس سے موسیقی ہو رہی ہے۔ جب اس کا ذکر اپنی یونٹ کے ایک آدمی سے کیا تو جواز کیلئے اس نے یہ وجہ بیان فرمائی کہ یہ پراپرٹی دراصل مسجد کی نہیں ہے' سوائے خاص دنوں یا تہوار کے دنوں کے یہ اسپیکر فارغ ہوتا ہے اس لئے اس کو مسجد میں استعمال کیا جاتا ہے اور جب ضرورت پڑتی ہے تو ہم اپنا مطلب حاصل کر لیتے ہیں۔ براہ کرم اس مسئلہ کو کتاب و سنت کی

روشنی میں واضح کریں؟

ج... جو لاؤڈ اسپیکر مسجد میں استعمال ہوتا ہو اس کو گناہ کے کام کیلئے استعمال کرنا جائز نہیں اور اگر وہ لاؤڈ اسپیکر مسجد کا نہیں تو اسے مسجد میں استعمال نہ کیا جائے۔

## شب برات میں مسجد کے لاؤڈ اسپیکر پر تقاریر و نعتیں

س..... ہر بڑی رات کو (شب برات وغیرہ) ہمارے محلے کی مسجد سے رات دیر تک لاؤڈ اسپیکر پر تقاریر اور نعتوں وغیرہ کا پروگرام ہوتا ہے جس سے محلے والے اپنے گھروں میں ٹھیک طور سے عبادت نہیں کر سکتے نہ نیند کر سکتے ہیں۔ براہ کرم بتائیں کہ مسجد والوں کا یہ فعل صحیح ہے؟

ج.... مسجد میں تقریر اور درس خواہ بڑی راتوں میں ہو یا چھوٹی راتوں میں اس کے دوران صرف اندر کے اسپیکر استعمال کرنے چاہئیں۔ تاکہ آواز مسجد تک محدود رہے اور اہل محلہ کو جن میں بیمار بھی ہوتے ہیں' تشویش نہ ہو' سنانے کا نفع اسی وقت ہوتا ہے جبکہ سننے والے شوق اور رغبت سے سنیں اس لئے جن لوگوں کو سنانا مقصود ہو ان کو ترغیب دے کر مسجد میں لایا جائے۔

## مسجد کے وضو خانے سے عام استعمال کیلئے پانی لینا جائز نہیں

س..... وضو خانے کے نل سے دکاندار روزانہ پانی لے جاتے ہیں یہ شرعاً جائز ہے؟

ج... وضو خانے کا پانی وضو کیلئے مخصوص ہے' اس کا لے جانا درست نہیں البتہ اگر اہل محلہ نے یہ نل رفاہ عامہ کیلئے لگایا ہو اور دکانداروں کو پانی لے جانے کی اجازت ہو تو جائز ہے۔

## مسجد میں مٹی کا تیل جلانا مکروہ ہے

س..... بجلی کے فیل ہونے کی وجہ سے مسجد میں مٹی کے تیل کی لالٹین استعمال کر سکتے ہیں؟ یا کہ موم بتی یا دوسری کسی چیز سے روشنی کریں' جبکہ مٹی کا تیل مسجد میں لانا نہیں چاہئے کیونکہ اس سے بدبو ہوتی ہے اور بدبو کی چیز مسجد میں لانی منع ہے اس کا گناہ کس پر ہوگا؟ لالٹین جلانے والے پر یا کہ مسجد کی انتظامیہ پر؟

ج..... مسجد میں مٹی کا تیل جلانا بدبو کی وجہ سے مکروہ ہے۔

## مسجد کی دیوار پر اشتہار لگانا

س... مسجد اللہ کا گھر ہے ہر مسلمان پر اس کا احترام واجب ہے لیکن دیکھنے میں آیا ہے کہ لوگ

مسجدوں کی دیواروں پر اشتہار چسپاں کر دیتے ہیں بلکہ الٹی سیدھی عبارتیں اور اعلانات بھی جلی حروف میں لکھ دیتے ہیں۔ مولانا صاحب مہربانی فرما کے یہ بتائیں کہ مساجد کی دیواروں کے ساتھ یہ سلوک کہاں تک جائز ہے؟ اور مشتہرین کو اس فعل کی کیا سزا جزا ملنی چاہئے؟

ج...... مسجد کے دروازوں اور دیواروں پر اشتہار چپکانا دو وجہ سے ناجائز ہے ایک یہ کہ مسجد کی دیوار کا استعمال ذاتی مقاصد کیلئے حرام ہے چنانچہ فقہاء نے لکھا ہے کہ مسجد کے ہمسائے کیلئے یہ جائز نہیں کہ مسجد کی دیوار پر اپنے مکان کا شہتیر یا کڑی رکھے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ مساجد کی تعظیم اور صفائی کا حکم دیا گیا ہے اور مسجد کی دیوار پر اشتہار لگانا اس کی بے ادبی بھی ہے اور اس کو گندا کرنا بھی۔ کیا کوئی شخص گورنر ہاؤس کے دروازے پر اشتہار لگانے کی جرات کر سکے گا؟ اور اس کو اس کی اجازت دی جائے گی؟ اور کیا اپنے مکان کے در و دیوار پر مختلف النوع اشتہار لگائے جانے کو پسند کرے گا؟ کیا مسلمانوں کی نظر میں اللہ کے گھر کی عظمت اپنے گھر کے برابر بھی نہیں رہی؟ افسوس ہے کہ مسجد کے در و دیوار پر اشتہار لگانے کی وبا عام ہو رہی ہے نہ تو اشتہار لگانے والوں کو خانہ خدا کا احترام مانع ہوتا ہے اور نہ علمائے کرام ہی اس پر متنبہ فرماتے ہیں۔ یاد رہنا چاہئے کہ خانہ خدا کی آبادی شہر اور محلے کی آبادی کا ذریعہ ہے اور خانہ خدا کی ویرانی ہمارے محلوں اور شہروں کی ویرانی و بربادی کا سبب ہے۔

## مسجد کے قریب فلم شو اور دوسرے لہو و لعب کرنا سخت گناہ ہے

س...... ہمارے محلے میں چند لوگ مسجد کے قریب "فنکشن" کے نام سے راگ رنگ کی محفلیں (فلم شو وغیرہ) جماتے ہیں۔ اس میں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال بھی آزادانہ ہوتا ہے' اس صورتحال کے پیش نظر ہماری مسجد و مدرسہ کے منتظمین حضرات نے پہلے تو ان لوگوں سے گزارش کی کہ وہ مسجد کی حرمت کا خیال کریں' لیکن انہوں نے یہ اپیل قبول نہ کی تو قانونی چارہ جوئی کے ذریعے اس سلسلے کو بند کرا دیا۔ اس سلسلے کے بند ہونے کی وجہ سے اب یہ لوگ انتقامی کارروائیاں کرنے لگے ہیں انہوں نے مسجد و مدرسہ کے منتظمین کے خلاف ایک "دستخطی مہم" شروع کر دی ہے اور خوف و ہراس کی فضا قائم کر رہے ہیں۔ کیا ایسے لوگوں کو منتظمین مدرسہ اور امام کے خلاف شرعاً مداخلت کی اجازت ہے یا نہیں؟ نیز اس "دستخطی مہم" کی شرعی کیا حیثیت ہے؟ دیگر یہ لوگ جو فلم شو کرنے کیلئے چندہ جمع کرتے ہیں اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

ج...... جو صورت سوال میں بیان کی گئی ہے اس کے مطابق ان لوگوں کا مسجد کی انتظامیہ کے خلاف یا امام کے خلاف مہم چلانا شرعاً و اخلاقاً غلط ہے۔ ان کو اپنے فعل سے توبہ کرنی چاہئے۔ مسلمان کی شان یہ ہے کہ جب اس کو کسی گناہ سے روکا جائے تو اس پر اصرار نہ کرے بلکہ اپنی غلطی پر ندامت کا اظہار

کرے۔ گناہ کے کام کیلئے چندہ وغیرہ کرنا حرام ہے' مسجد میں شور کرنا حرام ہے' اور گانے وغیرہ کی آواز اور باہر کا شور لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ مسجد میں پہنچانا مسجد کی بے حرمتی ہے جس کی وجہ سے ایسا کرنے والوں پر فرشتے لعنت بھیجتے ہیں۔ اور نمازیوں کی نماز اور ذکر و تلاوت میں بھی خلل پیدا ہوتا ہے اس لئے ایسے لوگوں کو اس حرکت سے توبہ کرنی چاہئے ورنہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے ان کے گھروں پر وبال نازل ہوگا۔

## مسجد کو گزر گاہ بنانا ادب و احترام کے منافی اور گناہ ہے

س..... یہ بات کس حد تک درست ہے کہ "مسجد کو گزر گاہ مت بناؤ؟" اگر یہ صحیح ہے تو کراچی میں کئی ایسی مساجد ہیں جہاں یہ چیز ہمیں ملتی ہے۔ مثلاً نیو میمن مسجد کی آپ مثال لے لیں حالانکہ اس کے برابر میں ایک گلی ہے لوگ بجائے وہاں سے گزرنے کے مسجد سے گزرتے ہیں۔

ج..... مسجد کو گزر گاہ بنانا اس کے ادب و احترام کے منافی ہے اور گناہ ہے۔ اور مسجد کی بے ادبی کا وبال بہت سخت ہے۔ مسلمانوں کو اس وبال سے ڈرنا چاہئے۔

## مسجد کو تفریح گاہ بنانا اور اس میں فوٹو کھنچوانا جائز نہیں

س..... ٹھٹھہ کی ایک مسجد میں غیر ملکی سیاحوں نے جن میں نیم برہنہ لباس میں عورتیں بھی تھیں' منبر و محراب کے قریب مختلف زاویوں میں لیٹ' بیٹھ کر تصویر کشی کروائی۔ تو ایک صاحب نے ایک ہفت روزہ میں مذہبی کالم لکھنے والے سے پوچھا تھا کہ کیا یہ مسجد کی بے حرمتی نہیں؟ تو جواب میں فرمایا گیا کہ "آپ پریشان نہ ہوں' یہ کوئی خاص مسئلہ نہیں' سیاح کبھی بے ادبی نہیں کرتے بلکہ فوٹو کے ذریعے یادگار لمحات محفوظ کر لیتے ہیں۔" مولانا کیا نیم برہنہ لباس میں غیر مسلم خواتین کا مختلف زاویوں سے مسجد میں فوٹو کھنچوانا مسجد کی بے حرمتی نہیں؟ جبکہ ہمارے ہاں تو مسلم خواتین کا پوری طرح پردے کی حالت میں بھی مسجد میں جانا معیوب سمجھا جاتا ہے۔

ج..... اول تو مسجد کو تفریح گاہ اور سیر و سیاحت کا موضوع بنانا ہی جائز نہیں' پھر نیم عریاں کافرات کا مسجد میں اٹھکیلیاں کرنا بے حد ناروا بات ہے۔ جن کے بارے میں یہ بھی معلوم نہیں کہ انہوں نے غسل جنابت بھی کیا ہے یا نہیں؟ اور پھر مسجد میں فوٹو لینا ان سب سے بدتر بات ہے اس لئے یہ فعل کئی حرام امور کا مجموعہ ہے۔ اور قطعاً مسجد کے احترام کے منافی ہے۔ انتظامیہ کا فرض ہے کہ اس کا انسداد کرے۔

## مسجد کے فنڈ کا ذاتی استعمال میں لانا جائز نہیں

س..... ایک شخص نے اپنے اثر و رسوخ اور دیگر تعلقات کی بناء پر دوسرے شخص سے تعمیر مسجد کیلئے کچھ

رقم وصول کی ہے اب رقم وصول کنندہ شخص نے تعمیر مسجد میں کچھ رقم خرچ کر کے باقی رقم کو اپنے ذاتی کام میں خرچ کیا ہے' اس حالت میں شرعاً اس شخص کے متعلق کیا حکم ہے؟ عطیہ دینے والے شخص پر ودیگر اہل محلہ' نمازیان مسجد پر شرعاً کیا ذمہ داری عائد ہوتی ہے؟ تفصیل سے جواب دے کر تشفی قلب بخشیں۔

ج...... مسجد کی رقم کا اپنے ذاتی مصرف میں استعمال کرنا اس شخص کیلئے شرعاً جائز نہیں تھا۔ لہٰذا اسے چاہئے کہ توبہ استغفار کرے اور جو رقم اس نے استعمال کی ہے اس کا ضمان ادا کرے۔ اہل محلہ کی اور نمازیوں کی ذمہ داری یہی ہے کہ اس شخص سے ضمان وصول کریں۔

## غیر قانونی جگہ پر مسجد کی تعمیر اور دوسرے تصرف کر کے ذاتی آمدنی حاصل کرنا

س...... پچھلے دنوں اخبار میں ایک مضمون نظر سے گزرا تھا۔ جس میں بتایا گیا تھا کہ غیر قانونی غیر وابستہ جگہ پر مسجد بننے کے بعد اگر حکومت اعتراض نہ کرے تو وہ مسجد قانونی حیثیت اختیار کر لیتی ہے ہمارے محلے میں مفاد پرستوں نے غیر وابستہ غیر قانونی طریقے سے جگہ گھیر کر مسجد کی بنیاد ڈالی اور رفتہ رفتہ کافی جگہ گھیر کر باقاعدہ ایک جامع مسجد بنا ڈالی اس کے چاروں طرف ناجائز تجاوزات' مکانات' کارخانے وغیرہ بنا کر مسجد کیلئے نہیں بلکہ اپنی آمدنی کا پکا ذریعہ پیدا کر لیا ہے۔ جامع مسجد کے ساتھ ایک لمبا چوڑا رہائشی پلاٹ وغیرہ کی جگہ تھی اس کو عید گاہ کے نام سے موسوم کر دیا گیا' مینار بھی بنا ڈالا۔ جہاں عیدین کی نمازیں ہوتی تھیں۔ اب عید گاہ کی جگہ برائے نام رہ گئی اس جگہ کارخانے وغیرہ بنا کر کرایہ پر دے دیئے گئے جس کا صرف ایک آدمی کرایہ وصول کرتا ہے اپنی ذاتی ملکیت قرار دیتا ہے۔ زمین کے ڈی اے کی ہے۔

ج...... اس مسجد کی تعمیر کے وقت چونکہ حکومت کے کسی محکمہ کی جانب سے اعتراض نہیں ہوا اور مسجد ویسے بھی مسلمانوں کی ناگزیر ضرورت ہے اس لئے مسجد تو صحیح ہے' باقی جگہ پر جو ناجائز قبضہ کیا گیا ہے اس کو ہٹا دیا جائے اور مسجد پر اگر غلط لوگ مسلط ہیں تو حکومت ان کا تسلط ختم کر کے مسجد کو محکمہ اوقاف کے حوالے کر دے۔

## مسجد کی زائد چیزیں فروخت کر کے رقم مسجد کی ضروریات میں لگائی جائے

س...... ملک کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی پاکستان (رجسٹرڈ) کراچی کی زمین واقع سپر ہائی وے پر سوسائٹی

نے مسجد کی تعمیر شروع کرنی ہے۔ اس مسجد کے لئے سوسائٹی نے ممبران اور ملک برادری سے عطیات رقوم کی صورت میں دینے کی درخواست کی تھی اور اس کیلئے باقاعدہ مسجد فنڈ قائم کر دیا گیا ہے اپیل کے بعد ملک برادری کے افراد کی جانب سے رقوم کی صورت میں اور اشیاء کی صورت میں عطیات موصول ہونا شروع ہوئے۔ اشیاء کی صورت میں جو عطیات وصول ہوئے وہ یہ ہیں دیوار کی گھڑیاں، چھت کے پنکھے صفیں اور جاء نماز وغیرہ۔ چونکہ مسجد کی تعمیر میں ابھی وقت لگے گا اور کراچی کے موسمی حالات کے پیش نظر دیوار کی گھڑیاں اور چھت کے پنکھے زنگ آلود اور خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔ تو کیا سوسائٹی ان اشیاء کو فروخت کر کے اس سے جو رقم حاصل ہو وہ مسجد فنڈ میں شامل کر سکتی ہے یا نہیں۔ یا ان اشیاء کو دوسری ضرورت مند مسجدوں میں تقسیم کر دیا جائے، جب تک سوسائٹی ہذا کی مسجد کی تعمیر ہونی شروع ہو جیسی صورت بہتر ہو شریعت کی رو سے فتویٰ عنایت فرمائیں؟

ج ..... ان اشیاء کو فروخت کر کے مسجد کی ضروریات میں صرف کیا جائے۔ جو چیزیں مسجد کی ضرورت سے زائد ہوں، اور ان کو فروخت بھی نہ کیا جا سکتا ہو وہ کسی دوسری مسجد میں دے دی جائیں۔

## مسجد کا غیر مستعمل سامان موذن کے کمرے میں استعمال کرنا کیسا ہے؟

س..... اوقاف کی مسجد میں موذن کیلئے جو کمرہ بنایا گیا ہے اس میں مسجد کے نام پر وقف وہ قالین یا پانی کا کولر جس کی مسجد والوں کو بالکل ضرورت نہیں ہے اور جس کو استعمال نہ کیا جائے تو یونہی ضائع ہو گا اور ایسے قالین پرانے اوقاف والوں نے بھی دیکھ کر مسجد کے سامان میں شمار نہ کیا اور نہ ہی اس کا اندراج کیا اس کا موذن کے لئے مسجد ہی کے حجرے میں استعمال کا کیا حکم ہے؟ جبکہ یہاں دوسرے مساجد والے بھی اس قسم کے سامان سے مستغنی ہیں اور کہیں دور دراز صحرا وغیرہ میں لے جانے کا رواج اور انتظام نہیں ہے۔

ج..... اگر اوقاف کی اجازت ہو تو یہ قالین اور پانی کا کولر موذن کے کمرے میں استعمال کیا جا سکتا ہے، کوئی مضائقہ نہیں۔

## اہل چندہ کی اجازت سے مسجد کے مصارف میں رقم خرچ کی جا سکتی ہے

س..... مسجد کے نام پر جو چندہ جمع ہوتا ہے یا جمع پڑا ہے اس سے مسجد کے واسطے غسل خانے، استنجا خانے کی جگہ یا پانی کا تالاب یا امام صاحب کے لئے کمرہ بنانا یا کنواں وغیرہ یعنی مسجد کے ساتھ جس چیز کی ضرورت ہے کیا اس رقم سے جو مسجد کیلئے جمع ہو اس چیز پر خرچ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

ج..... اہل چندہ کی اجازت سے جائز ہے۔

## مسجد میں تصویریں اتارنا اور فلم بنانا ناجائز ہے

س...... کیا مسجد میں تصویریں اتارنا، اخبار پڑھنا، ٹیلیویژن والوں کا فلم بنانا، نعرہ بازی کرنا وغیرہ جائز ہے؟

ج...... مسجد میں یہ تمام امور ناجائز ہیں۔

## مسجد کی بے حرمتی موجب وبال ہے

س...... بزرگوار اسلام میں مسجد کا احترام لازمی ہے لیکن کراچی ڈیفنس سوسائٹی کی مسجد طوبیٰ میں مسجد کا کوئی احترام نہیں ہے۔ وہاں روزانہ غیر ملکی اور ملکی خواتین اور مرد آتے ہیں مسلمان عورتیں مسجد کا احترام جانتی ہیں، لیکن غیر مسلم خواتین احترام سے نابلد ہوتی ہیں۔ عورتوں کے کچھ ایام مخصوص ہوتے ہیں ان ایام میں عورت کا مسجد میں آنا مناسب نہیں ہوتا، جبکہ غیر مسلمان عورتیں پاکیزگی اور پاکی کے لفظ سے بھی نابلد ہوتی ہیں۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ منی اسکرٹ پہن کر مسجد میں آتی ہیں اور صرف انڈر ویئر نیچے ہوتا ہے اور جب دروازے پر بیٹھ کر جوتے وغیرہ اتارتی ہیں تو تمام ٹانگیں رانوں تک ننگی ہوتی ہیں اور آتے ہی فوٹو وغیرہ کھینچنا شروع کر دیتی ہیں۔ جس سے مسجد کا احترام اٹھ جاتا ہے۔ مسجد کی انتظامیہ اور حتیٰ کہ امام صاحب بھی تماشہ دیکھتے رہتے ہیں۔ اور کوئی کسی کو منع نہیں کرتا۔ آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ ذمہ داری کس پر آتی ہے؟ انتظامیہ پر یا امام مسجد پر؟ کون گنہگار ہوتا ہے؟ کیا یہ غیر مسلم اپنی عبادت گاہوں میں ایسا ہی کرتے ہیں؟ میرا خیال ہے یہ اپنے گرجا گھروں کا ضرور احترام کرتے ہوں گے۔ پھر یہ مسلمانوں کی عبادت گاہوں کا خیال کیوں نہیں کرتے؟ کیا ایک مسلمان ملک وہ بھی پاکستان جس میں اسلامی نظام نافذ کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں ایسا کرنے کی اجازت ہے؟ میں نے وہاں کے عملے سے کہا تو کہنے لگے ہم کیا کر سکتے ہیں؟ ہم تو ملازم ہیں کیا ملازموں پر مسجد کا احترام قائم رکھنا ضروری نہیں ہے؟ خاص طور پر غیر مسلم خواتین پر پابندی ضروری ہے کیونکہ یہ نامعلوم کن حالات میں یعنی ناپاکی کی حالت میں مسجد میں آتی ہیں؟ کیا فوٹو گرافی کے لئے مسجدیں ہی رہ گئی ہیں؟ اور وہ بھی برہنگی کی حالت میں مسجد میں کھڑے ہو کر کرتی ہیں۔ خدارا اس اہم مسئلے پر قلم اٹھائیے۔

ج...... مسجد کی یہ بے حرمتی جو آپ نے لکھی ہے موجب وبال ہے۔ مسجد سیر گاہ یا تماشہ گاہ نہیں۔ میں نے سنا ہے کہ بیت المقدس پر یہودی قبضے سے پہلے قبلہ اول کو بھی سیر گاہ اور تماشہ گاہ بنا دیا گیا تھا نماز میں جماعت تو برائے نام ہوتی تھی لیکن تماش بینوں کا جمگھٹا لگا رہتا تھا اسی کا وبال ہے کہ وہ مسجد مسلمانوں سے چھین لی گئی۔ حکومت کا فرض ہے کہ مسجد کے تقدس کو بحال کرے، تماشائیوں کے داخلے پر پابندی عائد کرے اور مسجد کے احاطے میں تصویر کشی کو ممنوع قرار دے۔

## علامت مسجد کیلئے ایک مینار بھی کافی ہے

س...... ہم نے اپنے محلہ کی مسجد شہید کر کے دوبارہ تعمیر کی اور مسجد کا ایک مینار بھی وسائل کے مطابق بنوایا مگر بعض لوگوں نے اعتراض کیا کہ وہابیوں کا مینار ہے۔ مینار کی عظمت و حیثیت کی وضاحت فرمائیں؟

ج...... مینار مسجد کی علامت کے لئے ہوتے ہیں' اگر ایک مینار سے مسجد کا مسجد ہونا معلوم ہو جائے تو ایک مینار بھی کافی ہے۔ اس میں وہابی یا غیر وہابی کا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔

## مسجد سے قرآن مجید اٹھا کر لانا جائز نہیں

س...... مسجد سے اگر کوئی شخص قرآن پاک اٹھا کر پڑھنے کے لئے لے آئے اور اپنے پاس ہی رکھ لے۔ اس صورت میں اس کو قرآن مجید کا ہدیہ اس مسجد میں دینا ہو گا یا نہیں؟

ج...... قرآن مجید مسجد سے اٹھا کر لانا جائز نہیں' اس کو دوبارہ مسجد میں رکھ دے یا اس کی جگہ دوسرا رکھ دے۔

## مسجد حق تعالیٰ شانہ کا شاہی دربار ہے اس کی بے ادبی گناہ ہے

س...... مساجد میں دنیاوی باتیں کرنا شرعاً کیسا ہے؟ جبکہ بار بار منع کرنے کے باوجود بھی لوگ باتیں کرتے ہیں۔ مسجد میں چٹکیاں مارنا اور زور زور سے باتیں کرنا' مسجد کے لاؤڈ اسپیکر میں ہر قسم کے اعلانات کرنا' خیرات شادی وغیرہ کی روٹی کا اعلان کرنا' کوئی چیز گم ہو جائے تو اس کا اعلان کرنا وغیرہ۔ کیا یہ سب جائز ہے؟ کیا ایسا کرنے والا کوئی گنہگار بھی ہوتا ہے کہ نہیں؟

ج...... یہ تمام امور ناجائز ہیں۔ اسی طرح وہ تمام امور جو مسجد کے ادب کے خلاف ہوں ناجائز ہیں۔ مسجد حق تعالیٰ شانہ کا شاہی دربار ہے کیا شاہی دربار میں اس طرح زور زور سے چلانا خلاف ادب تصور نہیں کیا جاتا؟ حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب کا رسالہ "آداب مساجد" دیکھ لیا جائے۔

## مسجد میں نجس اور بدبو دار چیزیں لانا جائز نہیں

س...... جو لوگ مسجد میں نشہ آور چیزیں لے کر آتے ہیں مثلاً پان سگریٹ اور دوسری نشہ آور اشیاء کیا ان اشیاء کا مسجد میں لانا صحیح ہے؟

ج...... نجس یا بدبو دار چیزوں کا مسجد میں لانا جائز نہیں۔ اور جو چیز نہ نجس ہو نہ بدبو دار' اس کا لانا جائز ہے۔

## مسجد میں قصداً جوتا تبدیل کرنا سخت گناہ ہے

س...... مسجدوں میں بالعموم جامع مسجدوں میں بالخصوص اور حرمین شریفین میں خاص الخاص طور پر پیش آتا ہے جسے آپ جوتوں کی تبدیلی کا نام دے سکتے ہیں۔ حرمین شریفین میں تو اکثر لوگ اپنے جوتے رکھ کر بھول جاتے ہیں کہ کس طرف رکھے تھے اور پھر صفائی کرنے والے خادم بھی جوتے اٹھا کر باہر پھینک دیتے ہیں یا ڈھیر لگا دیتے ہیں اس حالت میں اپنے جوتوں کی شناخت بہت مشکل بات ہے زیادہ تر لوگ اپنے اپ۔ کے جو بھی جوتے جس کے بھی ملیں پہن لیتے ہیں جن میں میں بھی شامل ہوں۔ لیکن میں اکثر ہوائی چپل ہی پہن کر جاتا ہوں اور واپسی پر بھی ہوائی چپل ہی پہنتا ہوں اور کوشش کرتا ہوں کہ بیکار سے بیکار چپل پہنوں خواہ دونوں پاؤں کے رنگ مختلف ہی کیوں نہ ہوں 'مگر دیکھنے میں آیا ہے لوگ اپنی گھٹیا جوتی کے بدلے عمدہ جوتا پہن کر آتے ہیں۔

ج...... قصداً جوتا تبدیل کرنا سخت گناہ ہے اور جو چپل بے کار پڑے ہوں اور ان کا مصرف پھینکنے کے سوا کوئی نہ ہو ان کو پہن لینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

## نماز پڑھتے وقت موم بتی عین سامنے رکھنا مکروہ ہے

س...... اکثر اوقات مسجد میں بجلی چلے جانے کے باعث موم بتیاں جلا دی جاتی ہیں یہ بتا دیجئے کہ نماز پڑھتے وقت آگے موم بتی وغیرہ جلا کر نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ اور اندھیرے میں نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

ج...... موم بتی عین سامنے رکھنا مکروہ ہے ذرا سی دائیں یا بائیں ہو تو کوئی حرج نہیں۔ اندھیرے میں نماز جائز ہے 'اس میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ اندھیرے کی وجہ سے قبلہ کا رخ غلط نہ ہو جائے۔

## غیر مسلم اگر از خود چندہ دے تو اس کو مسجد میں لگانا درست ہے

س...... بھٹ شاہ شہر میں ایک مسجد بن رہی ہے جس کیلئے ہمارے شہر کے سب لوگوں نے چندہ دیا۔ ان میں ایک عدد غیر مسلم بھی شامل ہے۔ کیا غیر مسلم سے مسجد کیلئے چندہ لیا جا سکتا ہے؟

ج...... مسجد کیلئے غیر مسلم سے چندہ مانگنا تو اسلامی غیرت کے خلاف ہے 'لیکن اگر وہ از خود اس کو نیک کام سمجھ کر اس میں شرکت کرے۔ چاہے تو اس کا چندہ مسجد میں لگانا درست ہے۔

## ناسمجھ بچوں کو مسجد میں نہیں لانا چاہئے

س...... مسجد میں بچوں کا داخلہ کیسا ہے؟ چھوٹے بچے مسجد میں گندے اور ننگے پیر آتے ہیں 'شور

کرتے ہیں، وضو کی جگہ پر گندگی کرتے ہیں جس سے وضو والی جگہ ناپاک ہوجاتی ہے۔ وضو ناپاک جگہ نہیں ہوتا؟

ج...... چھوٹے بچے جن کے پیشاب پاخانہ کا اندیشہ ہو، ان کو مسجد میں نہیں لانا چاہئے۔ سمجھدار بچے مسجد میں آئیں مگر ان کو آداب کی تعلیم دینی چاہئے۔

## ننگے سر نماز پڑھنے کے بجائے صاف ستھری چٹائی کی ٹوپی سے نماز پڑھ سکتے ہیں

س...... میں تار گھر کراچی میں ملازمت کرتا ہوں میں نے پچھلے دنوں تار گھر کی مسجد میں ٹوپیاں لاکر دیں، جو چٹائی کی بنی ہوئی تھیں، مسجد کے پیش امام نے وہ ٹوپیاں واپس کردیں اور کہا کہ مسجدوں میں ٹوپیاں رکھنا جائز نہیں، جو ایسا کرتا ہے غلط ہے۔ اس جواب سے بہت سے لوگوں کو تشویش ہے اور اس سے قبل جو ٹوپیاں مسجد میں تھیں وہ پیش امام صاحب نے جلادیں؟

ج...... مسجدوں میں ٹوپیاں رکھنے کا عام رواج ہے اور یہ رواج اس لئے ہوا کہ عام طور پر لوگ ننگے سر بازاروں اور دفتروں میں جاتے ہیں، "حالانکہ ننگے سر بازاروں میں نکلنا ہی خلاف مروت ہے، مسلمانوں کو گھروں سے ننگے سر نہیں نکلنا چاہئے۔ اور مسجد کی ٹوپیاں اگر صاف ستھری ہوں تو ان کو پہن کر نماز پڑھ سکتے ہیں اور اگر ٹوٹی پھوٹی اور میلی کچیلی ہوں تو ان کو پہن کر نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔ اصول یہ ہے کہ ایسے لباس میں نماز پڑھنا مکروہ ہے جس کو پہن کر آدمی عام مجالس میں شرکت نہ کرسکتا ہو۔

## مسجد کا زندہ مردہ، کا فلسفہ صحیح نہیں

س...... بعض حضرات فرماتے ہیں کہ مسجد کی زمین زندہ ہے اس پر گرم جھنک یا اور کوئی چیز رکھنا درست نہیں ہے۔ اس کے بارے میں ہمیں بتادیں کہ کیا یہ صحیح ہے؟ اور کہتے ہیں کہ مسجد کی زمین ذکر یا نماز ادا ہونے سے زندہ ہوتی ہے۔

ج...... مسجد کی جگہ محترم ہے، مگر زندہ اور مردہ کا فلسفہ صحیح نہیں، یہ محض من گھڑت بات ہے۔

## آلات موسیقی کا مسجد میں لگانا درست نہیں

س...... آج کل بہت سی مسجدوں میں میوزک والے کلاک استعمال ہورہے ہیں جن میں تقریباً ہر ۱۵ منٹ بعد میوزک بجنا شروع ہوجاتا ہے جو کہ تقریباً ۱۵ یا ۲۰ سیکنڈ تک بجتا رہتا ہے کیا مسجدوں میں ایسی

وال کلاک یا گھڑیوں کا استعمال کرنا درست ہے، جس میں میوزک بجتا ہو؟

ج..... آلات موسیقی کا مسجد میں لگانا جائز نہیں، بلکہ گھر میں بھی لگانا درست نہیں ہے۔

## مسجد کی زائد چیزیں خریدنے والا ان کو استعمال کر سکتا ہے

س..... ہمارے گاؤں میں ایک مسجد تھی جو لکڑیوں کی تعمیر کی ہوئی تھی جس میں لکڑیاں بہت پرانی ہو گئی تھیں اور ہم گاؤں والوں نے مل کر چندہ جمع کیا اور مسجد کو نیا تعمیر کرایا ہے۔ اور اس مسجد میں نئی لکڑی ڈالی ہے اور ہم لوگ اس پرانی لکڑی کو بیچ کر مسجد کے اوپر پیسے لگانا چاہتے ہیں اور گاؤں کے مولوی صاحب کہتے ہیں کہ مسجد کی لکڑی گھر میں نہیں استعمال ہو سکتی اور نہ ہی گھر میں جلا سکتے ہو؟

ج..... مسجد کی جو چیزیں مسجد میں استعمال نہ ہو سکتی ہوں ان کو فروخت کر کے قیمت مسجد پر لگا دینا نہ صرف جائز بلکہ ضروری ہے۔ اور جس شخص نے وہ چیزیں خریدی ہوں، وہ ان کو بلاشبہ استعمال کر سکتا ہے۔ اور لکڑی جلانے کی ہو تو جلا بھی سکتا ہے۔ آپ کے مولوی صاحب کا فرمان صحیح نہیں۔

## قلیل آبادی میں بڑی مسجد کی تعمیر کی گئی تو کیا یہ صدقہ جاریہ ہوگی؟

س..... کچھ دن پہلے رحیم یار خان کے نزدیک ایک چھوٹی سی بستی بھونگ جانے کا اتفاق ہوا، بھونگ کی مسجد کے بڑے چرچے سنے تھے اور وہ مسجد کافی مشہور ہے گو کہ یہ مسجد فن تعمیر اور آرٹ کا ایک نادر اور نایاب نمونہ ہے لیکن مجھے یہ دیکھ کر افسوس ہوا اس لئے کہ یہ مسجد ایسی جگہ تعمیر کی گئی ہے جو انتہائی قلیل آبادی والی بستی اور پسماندہ ہے اور افسوس اس بات کا ہے کہ لاکھوں روپیہ کے خرچ سے تعمیر کی جانے والی اس عظیم الشان، خوبصورت اور قابل دید مسجد میں نمازیوں کی تعداد زیادہ سے زیادہ بارہ ہوتی ہے۔ اور وہ بھی بے چارے چند ان پڑھ دیہاتی لوگ ہوتے ہیں۔ باقی پوری مسجد ویران اور غیر آباد ہے۔ کاش یہ مسجد کسی بڑے شہر میں تعمیر کی جاتی دور دور سے دیکھنے کیلئے آنے والے لوگ مسجد بنوانے والے کی سخاوت کی داد دیتے ہیں اور اسے صدقہ جاریہ بتاتے ہیں جو مرنے کے بعد بھی جاری رہے گا۔ لیکن محترم! میں بحیثیت ایک طالبعلم اسے صدقہ جاریہ نہیں مانتا، بلکہ وہ لاکھوں روپیہ جو اس مسجد کی تعمیر پر خرچ کیا گیا اسے فضول خرچی سمجھتا ہوں۔ صدقہ جاریہ اس صورت میں ہوتا ہے جبکہ مقامی آبادی اور نمازیوں کی تعداد کو ملحوظ نظر رکھتے ہوئے تعمیر کی جاتی۔ اگر مسجد بنانے والے صاحب کا منشاء یہی تھا کہ کوئی ایسا نیک کام کیا جائے جو صدقہ جاریہ ہو تو یہ مسجد کسی بڑے شہر میں بنوائی جاتی اور اگر وہ اپنے ہی علاقہ یعنی بھونگ میں یہ نیک کام سرانجام دینا چاہتے تھے تو کوئی اسپتال، اسکول یا کالج ہی تعمیر کرا دیتے جس سے لاکھوں لوگ فیض حاصل کرتے۔ اب سوال یہ ہے کہ انتہائی فیاضی کے ساتھ دولت خرچ کر کے کئی سال تعمیر پر صرف کئے جانے کے بعد یہ جو انتہائی عظیم الشان مسجد

تعمیر کی گئی (جو ضرورت سے کہیں زیادہ ہے) تو کیا یہ صدقہ جاریہ میں شمار ہوگی؟

ج..... یہ سوال مسجد بننے سے پہلے کیا جاتا تو شاید کوئی اور بات عرض کی جاتی۔ اب جبکہ وہ مسجد بن چکی ہے' تو اسے صدقہ جاریہ کے سوا اور کیا کہا جائے؟ باقی باطن کا معاملہ خدا تعالیٰ کے سپرد ہے وہ اپنے بندوں کے دلوں اور ان کی نیتوں کو جانتے ہیں۔ یہ محکمہ نہ میرے سپرد ہے نہ آپ کے۔

## حرام کی کمائی سے کوئی بھی عبادت قبول نہیں ہوتی

س..... اگر کوئی شخص رشوت اور سود کے ذریعے حاصل کی گئی ناجائز اور حرام دولت سے مسجد تعمیر کرے تو کیا اس مسجد کا شمار بھی صدقہ جاریہ میں ہوگا؟

ج..... نعوذ باللہ! رشوت' اور سود کو صدقہ جاریہ سمجھنا کفر ہے۔ حرام کی کمائی سے کوئی بھی عبادت کی جائے' وہ قبول نہیں ہوتی بلکہ کرنے والے کیلئے موجب لعنت ہوتی ہے۔

## مسجد کیلئے وقف شدہ پلاٹ پر اگر لوگوں نے نماز شروع نہیں کی تو وہ تبدیل کیا جاسکتا ہے

س..... ہم لوگوں نے ایک پلاٹ مسجد کیلئے رکھا ہے وہ پلاٹ مسجد کے نام وقف کر دیا ہے اور اس کی بنیادیں بھی کھودی جاچکی ہیں اور بنیاد کی مزدوری بھی ادا کر دی ہے۔ اب کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ مسجد دوسری جگہ بنوانی چاہئے' تاکہ وہاں نمازیوں کی کثرت ہو' جبکہ دوسری سینٹر کی جگہ ہے۔ آپ سے دریافت یہ کرنا ہے کہ دوسری جگہ کے بدلے میں پہلی والی جگہ تبدیل کی جاسکتی ہے یا پہلی والی جگہ کو فروخت کر کے دوسری خریدیں؟ پہلی والی جگہ میں اینٹ ابھی نہیں لگائی ہے' صرف بنیادیں کھودی ہیں۔ اس جگہ پر سجدہ بھی نہیں ہوا؟

ج..... زمین مسجد کیلئے وقف کر کے جب لوگوں کو اس میں نماز پڑھنے کی اجازت دے دی جائے اور لوگ نماز شروع کر دیں تب اس کو مسجد کا حکم دیا جاتا ہے۔ خواہ تعمیر ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو۔ یہ جگہ جو مسجد کیلئے خریدی گئی ہے اس میں چونکہ ابھی تک نماز شروع نہیں ہوئی' لہٰذا یہ مسجد نہیں۔ اس لئے آپ پہلے پلاٹ کی جگہ دوسری جگہ مسجد کیلئے لے سکتے ہیں۔

# ازان اور اقامت

## ازان کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا

س..... مسنون کام کے شروع میں برکت کیلئے تسمیہ پڑھتے ہیں کیا ازان کے شروع میں یا نماز کی نیت باندھتے وقت تسمیہ پڑھنی چاہیے یا نہیں؟

ج..... صحابہ کرامؓ، تابعینؒ اور تبع تابعینؒ وغیرہم سے منقول نہیں۔ نہ ائمہ فقہا اس کو ذکر کرتے ہیں لہٰذا متوارث عمل نہ پڑھنے کا ہے۔

## محراب میں کھڑے ہو کر ازان دینا

س..... سوال یہ ہے کہ آج کل مسجدوں کے اندر پنجگانہ ازانیں ہو رہی ہیں بعض مساجد میں محراب کے اندر اور بعض میں محراب کے باہر یعنی پیش امام جہاں کھڑے ہو کر نماز پڑھاتا ہے اس جگہ مؤذن ازان دیتا ہے یعنی پیش طاق کے اندر ہی کھڑے ہو کر ازان دیتا ہے کیا یہ درست ہے؟ اور محراب کے باہر یعنی پیش طاق جہاں پیش امام فرض نماز پڑھاتا ہے اس کے برابر میں لاؤڈ اسپیکر ہو کہ امام کی حد سے آگے ہو وہاں سے بھی ازان دینا درست ہے یا ممنوع ہے۔

ج..... جمعہ کی دوسری ازان تو خطیب کے سامنے مسجد میں مسنون ہے۔ اس کے علاوہ دوسری ازانوں کا مسجد سے باہر ہونا بہتر ہے اور مسجد میں ہونا جائز مگر خلاف اولیٰ ہے۔ محراب کے برابر جو جگہ لاؤڈ اسپیکر رکھنے کیلئے بنائی جاتی ہے اگر اس کو مسجد میں شامل کرنے کی نیت نہیں کی گئی تو اس میں ازان کہنا بلا کراہت درست ہے۔

## مسجد میں ازان مکروہ ہے

س..... ہمارے محلے میں ایک جامع مسجد ہے جس کی تعمیر کا کام ہو رہا ہے کچھ حصہ تعمیر ہو گیا ہے اور باقی ابھی بہت کام ہے، لیکن ابھی کچھ دن سے ایک آدمی نے یہ کہا ہے کہ مسجد کے اندر ازان دینا جائز

نہیں ہے،اس لئے اذان دینے کیلئے ایک علیحدہ کمرہ صحن میں بنایا جائے نمازیوں نے یہ اعتراض کیا ہے کہ ابھی مسجد کا کافی کام پڑا ہے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ مسجد کے صحن میں کمرہ بننے سے خوبصورتی میں بھی فرق آجائے گا، لیکن وہ آدمی بضد ہے کہ مسجد میں اذان دینا شرعاً جائز نہیں ہے۔ آپ اس بارے میں جلدی جواب دیں، ویسے ہر مسجد میں اذان اندر دی جاتی ہے؟

ج...... مسجد میں اذان دینا مکروہ تنزیہی ہے، وہ صاحب یہ توصیح فرماتے ہیں کہ اذان کی جگہ مسجد سے باہر بنائی جانی چاہئے، مگر ان کا یہ کہنا غلط ہے کہ اذان مسجد میں ناجائز ہے۔ ناجائز تو نہیں، البتہ مکروہ تنزیہی ہے اور خدا کے گھر میں کسی مکروہ تنزیہی کا ارتکاب بھی نہیں ہونا چاہئے۔ ہاں جمعہ کی دوسری اذان اس سے مستثنیٰ ہے کہ وہ خطیب کے سامنے مسجد میں ہوتی ہے۔

## "اذان کس جگہ دی جائے" پر علمی بحث

س......ایک سوال کے جواب میں آپ نے فرمایا ہے کہ مسجد میں اذان دینا مکروہ تنزیہی ہے اور آپ نے جواب کے آخیر میں فرمایا ہے "ہاں جمعہ کی دوسری اذان اس سے مستثنیٰ ہے کہ وہ خطیب کے سامنے مسجد میں ہوتی ہے۔"

اس خط کے ذریعہ آپ سے یہ دردمندانہ اپیل ہے کہ آپ بلاتحقیق شرعی کبھی فتویٰ دینے کی کوشش نہ فرمائیں۔ اس لئے کہ آپ نے اذان کو مسجد میں مکروہ تنزیہی لکھ دیا ہے، حالانکہ تنزیہی کی تصریح تو کسی بھی فقہ کی معتبر کتاب میں نہیں ہے، ہاں کراہیت کے الفاظ ہیں اور آپ نے کراہیت کا مشہور قاعدہ تو ازبر کیا ہی ہوگا کہ احناف کے نزدیک مطلق کراہیت سے کراہیت تحریمی مراد ہوتی ہے، نہ کہ تنزیہی، ہاں شوافع کے نزدیک تنزیہی ہوتی ہے۔ چنانچہ علامہ عبدالغنی نابلسی حدیقہ ندیہ میں رقم طراز ہیں۔

> الكراهية عند الشافعية اذا اطلقت تنصرف الى التنزيهية لا التحريمية بخلاف مذهبنا
>
> ترجمہ۔ کراہیت کا لفظ جب مطلق بولا جائے تو شافعیہ کے نزدیک اس سے کراہیت تنزیہی مراد ہوتی ہے نہ کہ تحریمی، بخلاف ہمارے مذہب کے (کہ ہمارے یہاں مطلق کراہت سے کراہت تحریمی مراد ہوتی ہے)

کیا آپ کو یہ بھی معلوم نہیں کہ مکروہ تنزیہی کا ارتکاب سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کبھی بیان جواز کیلئے بھی کیا کرتے تھے۔ مگر اذان آپ نے کبھی بھی مسجد کے اندر نہ دلوائی، اور نہ ہی خلفاء راشدین کے زمانے میں کبھی ایسا ہوا۔ پھر اس پر مستزاد یہ کہ آپ نے اذان ثانی کو مسجد میں دینا

کراہیت تنزیہی سے بھی مستثنیٰ کر دیا۔ اگر آپ نے بین یدی کے الفاظ سے یہ سمجھا ہے تو آپ غلطی پر ہیں اس لئے کہ بین یدی کا معنی ہیں ' "سامنے" نہ کہ "بیچ میں" ۔ یا پھر خطیب سے ایک فٹ کے فاصلے پر کھڑے ہو کر اس کے منہ میں منہ ڈالا جائے ' جب مسجد میں علی الاطلاق اذان کی کراہیت ہے تو آپ نے کس قرینہ سے اذان ثانی کو مستثنیٰ قرار دیا؟ میں آپ کو بتاؤں کہ بین یدی بھی ہونا صرف احناف ہی کے نزدیک سنت ہے ' ورنہ مالکی تو اس کو بھی بدعت کہتے ہیں ' چنانچہ علامہ خلیل بن اسحاق مالکی نے فرمایا ہے۔

اختلف اھل النقل ھل کان یوذن بین یدیہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم اوعلی المنار؟ الذی نقلہ اصحابنا انہ کان علی المنار

ترجمہ۔ "اہل نقل کا اس میں اختلاف ہے کہ آیا اذان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہوتی تھی یا منارہ پر؟ جس بات کو ہمارے اصحاب (یعنی مالکیہ) نے نقل کیا ہے وہ یہ ہے کہ اذان منارہ پر ہوتی تھی۔ "

علامہ یوسف بن سعید ثقفی مالکی حاشیہ جواہر زکیہ میں فرماتے ہیں۔

الاذان الثانی کان علی المنار فی الزمن القدیم وعلیہ اھل المغرب الی الان وفعلہ بین یدی الامام مکروہ الخ

ترجمہ۔ زمانہ قدیم میں اذان ثانی منارہ پر ہوتی تھی اور اہل مغرب کا عمل آج تک اسی پر ہے اور امام کے آگے اذان دینا مکروہ ہے۔

بہر صورت میں تفصیلی دلائل کی جانب جانا نہیں چاہتا اس لئے تاکہ آپ میرا مسودہ ردی کے ٹوکرے کا سامان نہ بنائیں۔ ازراہ کرم آپ مذکورہ دلائل کی روشنی میں اس حقیقت ثابتہ کو مان گئے ہیں کہ واقعی ہر اذان مسجد میں عندالاحناف مکروہ تحریمی ہے تو آپ اپنا اعتذار قارئین کے سامنے پیش فرمائیں ورنہ (مجھے احقاق حق مقصود ہے) بصورت دیگر آپ میرے سوالات کا اطمینان بخش جواب عطا فرمائیں۔

ج..... اول چند روایات نقل کرتا ہوں۔

۱۔ فتاویٰ عالمگیری (۱۔ ۵۵) میں فتاویٰ قاضی خان سے نقل کیا ہے۔

و ینبغی ان یوذن علی الماذنۃ اوخارج المسجد ولا یوذن فی المسجد

ترجمہ۔ اور مناسب یہ ہے کہ اذان ماذنہ پر دی جائے ' یا مسجد سے باہر دی جائے اور مسجد کے اندر اذان نہ دی جائے۔

۲۔ ہدایہ میں ہے۔

واذا اصعد الامام المنبر جلس واذن المؤذنون بین یدی المنبر بذالک جری التوارث

(فتح القدیر ج ا ص ۴۲۱)

ترجمہ۔ اور جب امام منبر پر بیٹھ جائے تو موذن منبر کے آگے اذان دیں، مسلمانوں کا تعامل اسی کے مطابق چلا آیا ہے۔

۳۔ فتح الباری شرح بخاری میں ہے۔

قال المهلب الحکمة فی جعل الاذان فی هذا المحل لیعرف الناس بجلوس الامام علی المنبر لینصتون له اذا خطب۔ کذا قال وفیه نظر فان فی سیاق ابن اسحاق عند الطبرانی وغیره عن الزهری فی هذا الحدیث ان بلالا کان یوذن علی باب المسجد فا لظاهر انه کان مطلق الاعلام لا لخصوص الانصات نعم لما زید الاذان الاول کان للاعلام۔ و کان الذی بین یدی الخطیب للانصات

ترجمہ۔ مہلب کہتے ہیں، اس جگہ (یعنی منبر کے آگے) اذان کہنے میں یہ حکمت ہے کہ لوگوں کو امام کا منبر پر بیٹھنا معلوم ہو جائے، پس جب وہ خطبہ شروع کرے تو خطبہ کے لئے خاموشی اختیار کریں، مہلب کے اس قول میں نظر ہے اس لئے کہ اس حدیث میں طبرانی وغیرہ کی روایت میں ابن اسحاق نے زہری سے یہ نقل کیا ہے کہ "بلال مسجد کے دروازے پر اذان دیا کرتے تھے۔" پس ظاہر یہ ہے کہ یہ اذان مطلقاً اعلان کے لئے ہوئی، محض لوگوں کو خاموش کرانے کیلئے نہیں، ہاں! جب پہلی اذان کا اضافہ کیا گیا تو پہلی اذان اطلاع عام کیلئے تھی اور جو اذان خطیب کے آگے ہوتی ہے وہ خاموش کرانے کیلئے ہوتی ہے۔

پہلی روایت سے معلوم ہوا کہ اذان کا منارہ پر یا مسجد سے باہر ہونا مناسب ہے، مسجد کے اندر اذان دینا مناسب نہیں اور یہی مفہوم ہے کراہیت تنزیہی کا، کیونکہ کراہت تحریمی کو لا ینبغی (مناسب نہیں) کے لفظ سے تعبیر نہیں کیا جاتا، بلکہ لایجوز (یعنی جائز نہیں) کے لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جن فقہاء کی عبارت میں صرف مکروہ کا لفظ آیا ہے ان کی مراد بھی یہی لاینبغی (مناسب نہیں) والی کراہت ہے کراہیت تحریمی مراد نہیں۔

اور یہ قاعدہ اپنی جگہ صحیح ہے کہ مکروہ کا لفظ جب مطلق ذکر کیا جائے تو اس سے مکروہ تحریمی مراد ہوتا ہے۔ لیکن یہ قاعدہ عام نہیں ہے بلکہ بسا اوقات مکروہ کا لفظ مکروہ تنزیہی کے لئے بھی استعمال

کیا جاتا ہے' اس لئے جہاں مکروہ کا لفظ مطلق ذکر کیا جائے وہاں قرائن ودلائل میں غور کر کے یہ دیکھنا ہوگا کہ یہاں مکروہ تحریمی مراد ہے یا مکروہ تنزیہی؟ جیسا کہ مکروہات صلوٰۃ کے آغاز میں شیخ ابن نجیم نے البحر الرائق میں اور علامہ شامی ؒ نے رد المحتار میں ذکر کیا ہے.

(دیکھئے البحر الرائق ص ۲۰' ج۔ رد المحتار ص ۶۳۹' ج ۱)

مسجد میں اذان دینے کے بارے میں کتاب الاصل (مبسوط) میں امام محمد ؒ کی تصریح حسب ذیل ہے۔

قلت ارایت الموذن اذالم یکن له منارة والمسجد صغیر این احب الیک ان یوذن؟ ایخرج من المسجد فیوذن حتی یسمع الناس او یوذن فی المسجد؟ قال احب ذالک الی ان یوذن خارجاً من المسجد واذا اذن فی المسجد اجزاه

(کتاب الاصل ص ۱۴۱' ج ۱)

ترجمہ۔ "میں نے کہا' یہ فرمایئے کہ جب موذن کے لئے منارہ نہ ہو اور مسجد چھوٹی ہو تو آپ کے نزدیک کس جگہ اذان دینا بہتر ہوگا؟ کیا وہ مسجد سے باہر نکل کر اذان دے تاکہ لوگ سنیں یا مسجد میں اذان دے؟ فرمایا میرے نزدیک بہتر یہ ہے کہ مسجد سے باہر اذان کہے' اور اگر مسجد میں اذان دے دی جائے تب بھی اس کو کفایت کرے گی۔

حضرت امام محمد ؒ کی اس تصریح سے ثابت ہوا کہ مسجد میں اذان دینا بہتر نہیں' لیکن اگر دے دی جائے تب بھی کوئی مضائقہ نہیں۔

دوسری روایت سے معلوم ہوا کہ جمعہ کی دوسری اذان منبر کے سامنے ہوتی ہے اور امت کا تعامل اسی پر چلا آتا ہے فقہاء اس منبر کی اذان کو مختلف تعبیرات سے ذکر کرتے ہیں۔ کبھی "خطیب کے آگے" کے لفظ سے' کبھی "منبر کے پاس' اس کے قریب" کے لفظ سے اور کبھی "منبر پر" کے لفظ سے۔ ان تمام تعبیرات سے بشرط فہم وانصاف یہی سمجھا جاتا ہے کہ جمعہ کی دوسری اذان منبر کے پاس داخل مسجد ہو۔

تیسری روایت سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات شیخین رضی اللہ عنہما کے زمانے میں دوسری نمازوں کی طرح جمعہ کی بھی ایک ہی اذان ہوتی تھی چونکہ اس سے بیک وقت دو مقصد تھے ایک تو مسجد سے باہر کے لوگوں کو وقت نماز کی اطلاع دینا' دوسرے حاضرین مسجد کو خطبہ شروع ہونے کی اطلاع دینا' تاکہ وہ خاموش ہو کر خطبہ کی طرف متوجہ ہو جائیں۔ اس لئے دونوں پہلوؤں کی رعایت کرتے ہوئے یہ اذان مسجد کے دروازے پر کہلائی جاتی تھی' خلیفہ راشد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دور میں پہلی اذان کا اضافہ ہوا جو زوراء پر ہوتی تھی۔ اور دوسری اذان

صرف خطبہ کیلئے مخصوص ہوگئی' جو منبر کے پاس کہی جانے لگی۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ صاحب ہدایہ" اور دیگر فقہاء نے جس توارث کا حوالہ دیا ہے اس سے وہ توارث قدیم مراد ہے جو دور عثمانیؓ سے چلا آرہا ہے کیونکہ توارث حادث خود حجت نہیں' اسے معرض دلیل میں پیش کرنا فقہاء کی شان سے بعید ہے' جہاں تک مجھے معلوم ہے مذاہب اربعہ اس پر متفق ہیں کہ جمعہ کی دوسری اذان منبر کے سامنے ہو' جیسا کہ ہمارے شیخ حضرت العلامہ سید محمد یوسف بنوری نور اللہ مرقدہ نے معارف السنن (ص ۴۰۲' ج ۴) میں نقل کیا ہے۔ اگر بعض مالکیوں نے اس سے اختلاف کیا ہے تو تعامل و توارث کے مقابلے میں ان کی رائے ہمارے لئے حجت نہیں راقم الحروف کو کتب فقہ سے جو تحقیق ہوئی وہ عرض کردی گئی اگر کسی صاحب کی تحقیق کچھ اور ہو تو وہ اپنی تحقیق پر عمل فرمائیں۔

## بیٹھ کر اذان دینا خلاف سنت ہے

س...... کیا بیٹھ کر اذان دی جاسکتی ہے ؟
ج...... بیٹھ کر اذان کہنا خلاف سنت اور مکروہ تحریمی ہے ایسی اذان کا اعادہ مستحب ہے۔

## اذان میں اضافہ

س...... کیا اذان کے ساتھ پہلے یا بعد میں کچھ کلمات کا اضافہ کرنے سے اذان شریعت کے مطابق ہوجاتی ہے ؟
ج...... شرعی اذان تو وہی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تواتر کے ساتھ منقول ہے۔ اس میں مزید کلمات کا اضافہ جائز نہیں اور اضافہ کے بعد وہ شرعی اذان نہیں رہے گی بلکہ ایک نئے دین کی نئی اذان بن جائے گی۔

## صلوٰۃ و سلام کا مسئلہ

س...... اذان سے قبل صلوٰۃ و سلام پڑھنا کیسا ہے ہمارے ہاں مسجد کے نمازیوں کا کہنا ہے کہ اذان سے قبل یہ نہیں پڑھنا چاہئے جبکہ میں یہ ضرور پڑھتا ہوں۔
ج...... اذان تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بابرکت زمانہ سے چلی آتی ہے۔ مگر اذان سے پہلے صلوٰۃ و سلام پڑھنے کا رواج ابھی چند برسوں سے شروع ہوا۔ اگر یہ دین کی بات ہوتی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ضرور اس کی تعلیم فرماتے اور صحابہ کرامؓ' تابعین عظام" اور بزرگان دین" اس پر عمل کرتے' جب سلف صالحین نے اس پر عمل نہیں کیا نہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تعلیم فرمائی تو اذان سے پہلے صلوٰۃ و سلام پڑھنا بدعت ہوا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو ہمارے دین میں نئی بات نکالے وہ مردود ہے تمام اعمال سے مقصود رضائے الٰہی ہے اور رضائے الٰہی اس عمل پر مرتب ہوتی ہے

جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد فرمودہ طریقے کے مطابق ہو البتہ شریعت نے اذان کے بعد درود شریف پڑھنے اور اس کے بعد دعائے وسیلہ پڑھنے کا حکم دیا ہے۔

## اذان کا صحیح تلفظ

س...... اذان میں لوگ اشہد میں ھاء کو ادا نہیں کرتے ہیں حی علی الصلوٰۃ میں ع کو ادا نہیں کرتے ہیں اشہدان محمد رسول اللہ میں ان میں "ن" کے بعد الف کھینچتے ہیں۔ قد قامت الصلوٰۃ میں بڑا قاف کی جگہ چھوٹا کاف پڑھتے ہیں۔ یہ عام عمل ہے صحیح مسئلہ کی وضاحت فرما کر ممنون فرمائیں۔

ج...... یہ غلطیاں سنگین ہیں۔ ان کی اصلاح ہونی چاہئے۔ "ان" کے ساتھ الف پڑھنے سے ن بالکل ہی بدل جاتے ہیں۔

## اذان کا غلط تلفظ

س...... ہم یہاں کافی تعداد میں مسلک حنفی (بریلوی) سے تعلق رکھتے ہیں ہماری جامع مسجد کے امام صاحب پہلے جب اذان دیتے تھے تو جیسے ہر جگہ پر ہر مسجد سے جو اذان سنتے ہیں ویسی ہی اذان دیتے تھے لیکن اب تقریباً ایک ماہ سے ہمارے امام صاحب جب اذان دیتے ہیں تو اذان کے پہلے الفاظ اس طرح پڑھتے ہیں اللہ اکبر۔ اللہ اکبر۔ اللہ اکبر۔ اللہ اکبر آخر میں (ر) اور (ل) کو اکٹھا پڑھتے ہیں اور اللہ کا (الف) اڑا دیتے ہیں ایسے پڑھتے ہیں اللہُ اکبرَاللہُ اکبر

ج...... اذان میں اصل سنت تو یہ ہے کہ پہلے "اللہ اکبر" میں را کو ساکن پڑھا جائے اور دوسرے کو لفظ اللہ کے ہمزہ کے ساتھ پڑھا جائے اور جائز یہ بھی ہے کہ پہلی تکبیر کی را پر زبر پڑھی جائے اور اسم اللہ کے ہمزہ کو حذف کر کے را کو لام کے ساتھ ملا دیا جائے اور یوں پڑھا جائے اَللہُ اَکْبَرَ اللہُ اَکْبَرُ۔

## اللہ اکبر کے "را" کا تلفظ

س...... اذان کے شروع میں اللہ اکبر اور اللہ اکبر دونوں ایک ساتھ ملا کر پڑھے جائیں تو کیا را کے اوپر جو پیش ہوتی ہے وہ ل کے ساتھ ملا کر پڑھی جا سکتی ہے یا نہیں ؟

ج...... علامہ شامیؒ لکھتے ہیں کہ بہتر یہ ہے کہ پہلے اللہ اکبر کی راء کو ساکن پڑھا جائے اور اگر ملا کر پڑھنا ہو تو را پر وقف کی نیت سے فتحہ پڑھا جائے۔ ضمہ کے ساتھ ملا کر پڑھنا خلاف سنت ہے۔

## الصلوٰۃ خیر من النوم کے بغیر اذان

س...... فجر کی اذان میں اگر الصلوٰۃ خیر من النوم بھول جائے تو اذان ہو گئی یا دوبارہ پڑھیں اگر کوئی جان کر چھوڑ دے تو اذان ہو گئی یا دوبارہ پڑھیں؟

ج...... فجر کی اذان میں الصلوٰۃ خیر من النوم کہنا مستحب ہے جان بوجھ کر تو نہیں چھوڑنا چاہئے لیکن اگر یاد نہیں رہا یا جان بوجھ کر چھوڑ دیا تب بھی اذان ہو گئی دوبارہ نہیں کہی جائے گی۔

## الصلوٰۃ خیر من النوم کا ثبوت

س..... ابھی علامہ السید محمد صدیق صاحب کی کتاب کشف الاسرار پڑھ رہا تھا۔ انہوں نے مشکوٰۃ صفحہ 63- 114 کے حوالے سے لکھا ہے کہ ازان میں "الصلوٰۃ خیر من النوم" کے الفاظ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دور سے ہیں اور تراویح بھی۔ مگر مشہور یہ ہے کہ یہ اضافہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور سے ہوا ہے۔ براہ کرم تفصیل سے وضاحت فرمائیں تاکہ حقیقت کا لوگوں کو علم ہو سکے۔

ج..... صحیح یہ ہے کہ ازان فجر میں "الصلوٰۃ خیر من النوم" کا اضافہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے نہیں کیا بلکہ یہ متعدد احادیث میں خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔ موطا امام مالکؒ میں بلاغاً روایت ہے کہ "مؤذن" حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نماز صبح کی اطلاع دینے کیلئے آیا تو دیکھا کہ آپ سو رہے ہیں۔ اس نے کہا "الصلوٰۃ خیر من النوم یا امیر المومنین" حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو فرمایا کہ یہ فقرہ ازان فجر میں کہا کرو"

حضرت شیخ مولانا محمد زکریا کاندہلوی ثم مدنی اوجز المسالک شرح موطا امام مالکؒ میں اس حدیث کے ذیل میں تحریر فرماتے ہیں۔

"حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس ارشاد پر اشکال ہو سکتا ہے کیونکہ اس فقرہ کا صبح کی ازان میں ہونا تو خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے متعدد روایات میں ثابت ہے۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ گمان نہیں کیا جا سکتا کہ ان کو اس فقرہ کا ازان صبح میں کہا جانا معلوم نہ ہو۔ پس سب سے بہتر توجیہہ یہ ہے کہ اس ارشاد سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مقصود یہ تھا کہ اس فقرے کا محل صبح کی ازان ہے' امیر کا دروازہ نہیں۔ گویا آپ نے امیر المومنین کے دروازے پر اس فقرے کو دہرانا ناپسند فرمایا۔ اور مؤذن کو حکم فرمایا کہ اس فقرہ کے ازان صبح میں کہنے پر اکتفا کیا کرے۔ اس توجیہہ کو حافظ ابن عبدالبرؒ اور علامہ باجیؒ نے اختیار کیا ہے اور علامہ زرقانی فرماتے ہیں کہ یہی توجیہہ متعین ہے اور میرے نزدیک یہی توجیہہ سب سے بہتر ہے۔" (ص ۱۲۲ ج ۱ مطبوعہ کتب خانہ یحیوی سہارنپور ) اس کے بعد حضرت شیخؒ نے اور بھی متعدد توجیہات نقل کی ہیں۔ بہرحال یہ طے شدہ ہے کہ ازان فجر میں "الصلوٰۃ خیر من النوم" کہنے کا حکم پہلی بار حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نہیں دیا۔ بلکہ یہ معمول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بابرکت زمانے سے چلا آتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی تاکید فرمائی ہے۔

اسی طرح تراویح کی نماز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے چلی آتی تھی حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اس سلسلے میں دو اہتمام فرمائے۔ ایک جماعت' دوسرے بیس رکعات۔

## ازان کے آخر میں محمد رسول اللہ پڑھنا خلاف سنت ہے

س..... ہمارے شہر کی جامع مسجد کے پیش امام صاحب جب ازان دیتے ہیں تو ازان کے آخری الفاظ' اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ کے ساتھ محمد رسول اللہ بھی پڑھتے ہیں۔ جبکہ ازان کے آخری

الفاظ پڑھا کلمہ طیبہ کے طور پر نہیں پڑھے جاسکتے۔ کیا اس طرح اذان درست ہے؟
ج..... آپ کے امام صاحب خلاف سنت کرتے ہیں۔ اذان "لاالٰہ الااللہ" پر ختم کی جاتی ہے۔

## کیا اذان میں "مد" جائز ہے ؟

س..... مؤذن حضرات اذان کو اتنا لمبا کر کے پڑھتے ہیں کہ مد متصل سے بھی بڑھاتے ہیں کیا یہ اذان جائز ہے حالانکہ حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح' پر کوئی مد نہیں ہے یہ حضرات کیوں اتنا کھینچتے ہیں ؟
ج..... حی علی الصلوٰۃ اور حی اعلی الفلاح پر وقف کی وجہ سے مد صحیح ہے اذان کے کلمات کو اتنا کھینچنا جائز نہیں کہ حروف والفاظ میں خلل واقع ہو جائے۔

## اذان کے ادھورے فقرے کو دوبارہ دہرانا

س..... ہمارے محلے کی مسجد کے مولانا نے ابھی چند روز قبل فجر کی اذان دیتے وقت میری نظر میں ایک غلطی کی تھی مولانا فجر کی اذان دے رہے تھے کہ ان کو درج ذیل ادھورے جملے پر کھانسی آگئی " الصلوٰۃ خیر من " اور کھانسنے لگے اور اس کے بعد انہوں نے نئے سرے سے دو مرتبہ اس جملے کو دہرایا اور میرے خیال میں ان جملوں کی تعداد تین ہو گئی اب میں معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ آیا اس میں مولانا صاحب کی غلطی ہے یا نہیں۔ اگر تھی تو پھر کیا ان کو اذان دوبارہ دینی چاہئے تھی۔ اگر آپ کا جواب ہاں میں ہے تو اب جبکہ وہ وقت (فجر ) بھی نکل گیا ہے تو آپ بتایئے کہ اس کا کفارہ مولانا صاحب کس طرح ادا کریں۔
ج..... جب پورا فقرہ نہیں کہہ سکتے تھے تو اس کو دہرانا ہی چاہئے تھا اس لئے کوئی غلطی نہیں ہوئی۔

## اذان کے فقرہ میں سانس لینا

س..... اذان کہنے میں اگر کسی فقرہ پر سانس لے لی جائے تو غلط تو نہیں ؟
ج..... اگر وقفہ زیادہ نہ ہو تو اذان صحیح ہے لیکن اذان کے فقروں کو اتنا کھینچنا کہ درمیان میں سانس لینے کی ضرورت پیش آئے صحیح نہیں۔

## اذان کے وقت کانوں میں انگلیاں دینا

س..... کیا اذان کے وقت انگلیاں کانوں کے اندر ہونی ضروری ہیں ؟ اور یہ فرض ہے یا واجب یا سنت ؟ اگر کوئی ایسے اذان دے جیسا کہ ہاتھ نماز کے وقت میں ہوتے ہیں تو اذان ہو جاتی ہے یا نہیں ؟
ج..... اذان دیتے وقت کانوں میں انگلیاں رکھنا سنت ہے تاکہ آواز زیادہ بلند ہو مگر اذان اس کے بغیر بھی ہو جاتی ہے۔

## فجر کی اذان کے بعد لوگوں کو نماز کیلئے بلانا

س...... ہمارے محلہ کی مسجد میں صبح فجر کے وقت نمازیوں کی تعداد بہت کم ہوتی ہے یہ سوچ کر میں صبح اپنے نمازی ساتھیوں کو اٹھاتا اور اہل محلہ کو آواز دیتے ہوئے گزر جاتا ہوں ' " چلو نماز کو " اس طرح مسجد میں نمازیوں کی تعداد حوصلہ بخش ہو گئی اور مجھے بھی سکون ملا۔ ہمارے ساتھی بھی اس بات پر خوش تھے کہ انہیں نماز با جماعت ساتھ پڑھنے کو مل جاتی ہے ہو سکتا ہے کچھ لوگ اس بات پر ناراض بھی ہوتے ہوں کہ انہیں صبح کو جلدی اٹھا دیا لیکن کہتا کوئی نہیں ہے مگر ہماری مسجد کے امام صاحب نے کہہ دیا کہ یہ تو بدعت ہے بس اذان ہو جاتی ہے یہ کافی ہے جس کو آنا ہو گا اپنے آپ آئے گا یہ سن کر میں نے اپنے ساتھیوں کو اٹھانا چھوڑ دیا اور انہوں نے بھی سستی اختیار کر لی ہے جس سے نمازی بہت کم ہو گئے ہیں۔ صبح فجر کے وقت۔

ج...... سوتے ہوئے کو جگانا تو بدعت نہیں ' اور متاخرین نے اذان کے بعد لوگوں کو نماز کیلئے بلانے کو بھی مستحسن کہا ہے۔

## مسجد میں مؤذن نہ ہو تب بھی اذان کا اہتمام کریں

س...... کیا مسجد میں نماز ظہر کے وقت اذان دینا ضروری ہے ؟ یہاں کوئی مؤذن مقرر نہیں ہے جو کارکن پہلے آتا ہے اذان دے دیتا ہے اور بعض اوقات بھول جاتا ہے ' اس طرح بغیر اذان کے نماز ہو جاتی ہے اور ہم بھروسے میں رہتے ہیں کہ اذان ہو گئی ' کیا بغیر اذان کے ہماری با جماعت نماز ہو جاتی ہے۔

ج...... اذان کے بغیر نماز ہو جاتی ہے مگر خلاف سنت ہو گی ' اور ترک سنت کا وبال ہو گا۔ مسجد میں اذان کا اہتمام ضروری ہے ' فقہا نے لکھا ہے کہ جو جماعت اذان کے بغیر ہو معتبر نہیں۔ بعد میں آنے والوں کو چاہیئے کہ اذان کے ساتھ جماعت کرائیں۔

## تہجد کی نماز کے لیے اذان و اقامت

س...... شب برات اور لیلتہ القدر کے موقع پر اکثر لوگ رات جاگ کر عبادت کرتے ہیں تو کچھ حضرات کہتے ہیں کہ تہجد کی نماز با جماعت پڑھیں ' تاہم میں نے انکار کیا اور کہا کہ پہلے پوچھیں گے پھر عمل کریں گے ' حالانکہ سعودیہ میں با جماعت تہجد ہوتی ہے جو کہ اکثر رمضان میں ہم سحری کے وقت ریڈیو سے سنتے ہیں تو کیا تہجد کی نماز کی جماعت ہوتی ہے یا نہیں اگر ہوتی ہے تو اذان اور اقامت کا کیا حکم ہے ؟

ج...... تراویح کے علاوہ نوافل کی جماعت مکروہ ہے اس لئے تہجد کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھنا مکروہ ہے۔ اور نفلی نماز کیلئے اذان و اقامت نہیں۔ اذان و اقامت صرف نماز پنجگانہ اور جمعہ کی خصوصیت ہے۔

## کسی ناگہانی مصیبت کے وقت اذان

س..... اورنگی ٹاؤن میں نہتے لوگوں پر دہشت پسندوں کا خوف کچھ اتنا غالب آیا اور خوف و ہراس اس قدر غالب ہوا کہ تمام محلہ اللہ تعالیٰ سے مدد پکارنے لگا اور تقریباً رات کے گیارہ بجے تمام مسجدوں سے اذان دی گئی اور اس اذان کی وجہ اس کے سوائے اور کچھ بھی نہ تھی کہ اللہ پاک اپنے فضل و کرم سے اس ناگہانی مصیبت میں لوگوں کی مدد فرمائیں مسجدوں کی مائک اس لئے استعمال کی گئی تاکہ آواز دور دور تک جائے' اور دہشت پسندوں کے دل لرز جائیں۔ رحمانیہ مسجد اورنگی ٹاؤن کے امام کا کہنا ہے کہ یہ غلط حرکت ہے اور اذان کے بعد نماز جماعت فرض ہے جب کہ تمام لوگ جانتے تھے کہ یہ نماز کا کوئی وقت نہ تھا' اس فعل سے کیا حرج واقع ہوا۔ مشورہ دے کر ممنون فرمائیں اس قسم کی ناگہانی بلاؤ مصیبت روز نازل نہیں ہوتی اس لئے اس کے رواج بن جانے کا کوئی جواز نہیں ہے۔

ج..... علامہ شامیؒ نے لکھا ہے کہ خیر رملی کے حاشیہ بحر میں ہے کہ میں نے شافعیہ کی کتابوں میں دیکھا ہے کہ نماز کے علاوہ بھی بعض مواقع میں اذان مسنون ہے مثلاً نومولود کے کان میں' پریشان' مرگی زدہ' غصہ میں بھرے ہوئے اور بد خلق انسان یا چوپائے کے کان میں' کسی لشکر کے حملے کے وقت' آگ لگ جانے کے موقع پر (شامی حاشیہ درمختار ص 385ج1) خیرالدین رملیؒ کی اس عبارت سے معلوم ہوا کہ دہشت پسندوں کے حملہ کے موقع پر اذان کہنا حنفیہ کی کتابوں میں تو کہیں مذکور نہیں' البتہ شافعیہ کی کتابوں میں اس کو مستحب لکھا ہے' اس لئے ایسی پریشانی کے موقع پر اذان دینے کی ہم ترغیب تو نہیں دیں گے۔ لیکن اگر کوئی دیتا ہے تو ہم اس کو "بالکل غلط حرکت" بھی نہیں کہیں گے البتہ نومولود کے کان میں اذان کہنا احادیث سے ثابت ہے اور فقہ حنفی میں بھی اس کی تصریح ہے' اذان اگر نماز کیلئے دی جائے لیکن بے وقت دی جائے تب بھی اس سے نماز فرض نہیں ہوتی۔ بلکہ نماز کا وقت آنے پر اذان کے اعادہ کا حکم دیا جائے گا۔ کیونکہ بے وقت کی اذان کالعدم ہے۔

## سات اذانیں

س..... ہمارے محلہ کی مسجد میں رمضان المبارک کی ستائیسویں شب عشاء کے وقت سات اذانیں دی جاتی ہیں۔ آپ سے التماس ہے کہ اس فعل کی شرعی حیثیت قرآن و سنت کی روشنی میں بیان فرمائیں۔

ج..... رمضان المبارک کی ستائیسویں شب میں سات اذانیں حدیث و فقہ سے ثابت نہیں۔ اس لئے اس کو "بدعت" کہا جائے گا۔

## بہت سی مساجد کی اذانوں سے راحت یا تکلیف

س..... آج کل مسجدوں میں کئی کئی مائیکروفون لگے ہوئے ہیں اور اذان ہوتی ہے تو چاروں طرف کی مسجدوں کی آواز ایک ساتھ ٹکراتی ہے' جبکہ ہم نے یہ سنا ہے کہ ایک مسجد کی آواز اتنی ہو کہ دوسری مسجد کے ساتھ نہ ٹکرائے' جبکہ حال یہ ہے کہ ہمارے علاقہ میں کئی مسجدیں ہیں ہر دوسری گلی میں ایک مسجد

ہے' جب اذان ہوتی ہے یا وعظ ہوتا ہے تو مسجد کے پاس گھروں میں آواز اس قدر تیز ہوتی ہے کہ بعض اوقات (نعوذ باللہ) پریشانی سی محسوس ہوتی ہے' کبھی ٹیلیفون پر بات کرتے ہیں اور اذان ہو رہی ہو تو بات کرنا دو بھر ہو جاتا ہے' یا کسی کی طبیعت خراب ہو یا کوئی امتحان کی تیاری میں مصروف ہو تو (وعظ) کی اتنی تیز آواز ہوتی ہے کہ پڑھنا مشکل ہو جاتا ہے اور تکلیف ہوتی ہے آپ یہ بتایئے کہ مسجدوں کی آوازیں اس طرح بڑھا دینے سے اسلام پھیل رہا ہے یا نمازی زیادہ ہو رہے ہیں کیا اسلام میں اس طرح کی ضد بحث ایک دوسرے سے جائز ہے؟

ج..... اذان تو لاؤڈ اسپیکر پر ہونی چاہئے کہ اذان کی آواز دور تک پہنچانا مطلوب ہے لیکن اذان کے علاوہ وعظ وغیرہ کیلئے لاؤڈ اسپیکر کا بے ہنگم استعمال جس سے اہل محلہ کا سکون غارت ہو جائے نہ دین کا تقاضا ہے نہ عقل کا۔ وعظ کیلئے یا نماز کیلئے اگر لاؤڈ اسپیکر کے استعمال کی ضرورت ہو تو اس کی آواز مسجد تک محدود رہنی چاہئے۔

## اذان کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا

س..... اذان کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعائیں مانگنا ضروری ہے یا نہیں؟

ج..... اذان کے بعد کی دعا میں ہاتھ اٹھانا منقول نہیں صرف زبان سے دعا ماثور پڑھ لے اور دعائے ماثور یہ ہے کہ پہلے درود شریف پڑھے پھر دعائے وسیلہ پڑھے۔ پھر چوتھا کلمہ پڑھے پھر یہ دعا پڑھے رَضِيتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِمُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم نَبِیًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا۔

## اذان کیلئے خوش الحانی ضروری نہیں

س..... زید کا سوال ہے کہ ہم خوش الحانی سے اذان نہیں پڑھ سکتے۔ کیوں نہ ہم ایسا کریں کہ جب ریڈیو پر اذان آئے اور ہمارے ہاں اذان کا وقت ہو بھی جائے تو ریڈیو کو اسپیکرز کے سامنے رکھ دیں اور خود علیحدہ پہلے یا بعد میں اسپیکر سے ہٹ کر اذان پڑھ لیں۔ کیا ایسا کرنا شرعی لحاظ سے جائز ہے۔

ج..... اذان کیلئے ریڈیو کو اسپیکر کے آگے رکھنا فضول حرکت ہے کیونکہ ریڈیو سے جو اذان نشر کی جاتی ہے۔ وہ اکثر پہلے سے کیسٹ کی ہوئی ہوتی ہے اس لئے اس کا حکم اذان کا نہیں۔ اذان کے الفاظ صحیح ہونے چاہئیں خوش الحانی نہ ہوئی تو ثواب میں کمی نہیں ہوگی۔

## مؤذن کی موجودگی میں دوسرے شخص کی اذان

س..... ہماری مسجد میں جمعہ کی اذان دو شخص دیتے ہیں۔ پہلی اذان اس مسجد کے مؤذن صاحب دیتے ہیں۔ لیکن دوسری اذان جو خطبہ سے پہلے دی جاتی ہے وہ دوسرے صاحب دیتے ہیں جبکہ مؤذن صاحب موجود ہیں کیا اس اذان کو درست سمجھنا چاہئے؟

ج..... درست ہے' خواہ کوئی دیدے' بشرطیکہ اس سے مؤذن کی دل شکنی نہ ہوتی ہو۔

## داڑھی منڈے یانابالغ سمجھدار کی اذان

س...... میرا مسئلہ ہے کہ کیانابالغ کی اذان ہو جاتی ہے کہ نہیں اور نابالغ کی شریعت میں کیا عمر ہے۔ بیان کیجئے اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ اس شخص کی اذان ہو جاتی ہے جس کی سنت رسول ہو مگر پوری نہ ہو یعنی کہ ایک مٹھ نہ ہو تو کیا اس کی اذان ہو گی یا نہیں ؟ اس شخص کو نماز بھی پوری نہیں آتی اور نہ ہی قرآن پڑھا ہوا ہے ؟

ج...... داڑھی منڈے کی اذان و اقامت مکروہ تحریمی ہے اسی طرح جس شخص کی کاٹنے کی وجہ سے داڑھی ایک قبضہ سے کم ہو اس کی اذان و اقامت بھی مکروہ تحریمی ہے اذان دوبارہ کہی جائے مگر اقامت دوبارہ نہ کہی جائے گی۔ نابالغ لڑکا اگر سمجھدار ہوشیار ہو تو اس کی اذان صحیح ہے مگر خلاف اولیٰ ہے بلوغ کا علامتوں کے ذریعہ پتہ چل سکتا ہے۔ اگر بالغ ہونے کی کوئی علامت ظاہر نہ ہو تو پندرہ سال کا لڑکا اور لڑکی شرعاً بالغ تصور کئے جاتے ہیں۔

## سولہ سالہ لڑکے کی اذان

س...... اگر کسی کی عمر 16 سال سے زیادہ ہو اور وہ نماز پڑھتا ہو تو کیا مؤذن کی اجازت پر اذان دے سکتا ہے یا امام سے اجازت لینا بھی ضروری ہے۔

ج...... مؤذن کی اجازت کافی ہے کیونکہ سولہ سالہ لڑکے کی اذان صحیح ہے اور اذان کا تعلق مؤذن سے ہے۔

## اپنے آپ کو گناہ گار سمجھنے والے کی اذان

س...... کیا کوئی شخص جس نے مسجد میں کبھی اذان نہیں دی ہو اور پھر ایک دن امام مسجد اسے اذان کیلئے کہے۔ جبکہ اس شخص اور امام کے علاوہ کوئی وہاں نہیں ہے' تو اس شخص کو اذان دے دینی چاہئے ؟ جبکہ وہ شخص اپنے آپ کو گناہ گار سمجھتا ہے نماز وہ اس وقت پڑھتا ہے جب ٹائم ہو' دین کی طرف راغب ہے لیکن اپنے آپ کو گناہ گار سمجھتا ہے۔

ج...... اذان ہر مسلمان دے سکتا ہے البتہ جو شخص کسی کبیرہ گناہ میں مبتلا ہو مثلاً داڑھی منڈاتا یا کترتا ہو' اس کی اذان مکروہ تحریمی ہے باقی اپنے آپ کو نیک اور پاک کون سمجھا کرتا ہے' اپنے آپ کو گناہ گار ہی سمجھنا چاہئے۔

## وقت سے پہلے اذان کا اعتبار نہیں۔

س...... کیا وہ نماز ہو جاتی ہے جس میں اذان وقت سے پہلے دی ہو جبکہ زیادہ سے زیادہ مقتدی نماز میں شامل ہو جائیں۔

ج...... اگر اذان وقت سے پہلے ہو جائے تو وقت ہونے پر اذان دوبارہ کہی جائے ورنہ نماز بغیر

اذان کے ہوگی۔ اور بغیر اذان کے نماز پڑھنا خلاف سنت اور مکروہ ہے۔

## سورج غروب ہونے سے پہلے مغرب کی اذان و نماز صحیح نہیں

س ..... مغرب کی اذان سے پہلے سجدہ جائز ہے یا نہیں؟ اذان سے پانچ منٹ پہلے نماز کی نیت باندھ لی۔ بعد میں اذان ہوئی تو کیا کریں؟

ج ..... اگر سورج غروب ہو چکا ہو تو مغرب کی اذان سے پہلے سجدہ جائز ہے اور اگر غروب نہیں ہوا تو جائز نہیں۔ جب اذان میں پانچ منٹ باقی تھے تو نماز کا وقت نہیں ہوا' لہٰذا نماز توڑ دینی چاہئے تھی۔

## وقت سے قبل عشاء کی اذان

س ..... ہمارے علاقے میں ایک مسجد ہے اور یہاں اذان عشاء سات بج کر 15 منٹ پر ہوتی ہے جبکہ عشاء کا وقت تقریباً سات بج کر 35 منٹ پر شروع ہوتا ہے آپ بتائیں کہ وقت سے پہلے جو اذان ہوتی ہے یہ کیسی ہے اور یہاں کے امام پر کیا ذمہ داری عائد ہوتی ہے باوجود اس کے کہ ہم نے اور دوسرے احباب نے امام صاحب سے عرض بھی کیا تو بس ہمیں ٹال دیا۔

ج ..... جو اذان وقت سے پہلے دی جائے وہ غیر معتبر ہے۔ دوبارہ وقت ہونے کے بعد اذان ضروری ہے ورنہ نماز اذان کے بغیر تصور کی جائے گی۔

## رمضان المبارک میں عشاء کی اذان قبل از وقت کہنا

س ..... رمضان شریف کے مہینے میں کچھ لوگ جلدی تراویح پڑھنے کے واسطے مغرب کے وقت میں عشاء کی اذان دے دیتے ہیں ابھی عشاء کا وقت شروع ہی نہیں ہوتا ہے اور عشاء کی اذان دے دیتے ہیں اور اس کے بعد عشاء کی نماز پڑھتے ہیں۔ کیا ان کی نماز بغیر اذان کے ہوئی یا اذان ہو گئی ان کا یہ فعل کیسا ہے اور دوسروں کو کیا کرنا چاہئے وہ لوگ دوسری مسجدوں کا حوالہ دیتے ہیں دوسری مسجد ہمارے لئے حجت ہے یا نہیں؟

ج ..... جس اذان کا ایک جملہ بھی وقت سے پہلے کہا گیا ہو وہ اذان کالعدم ہے وقت ہونے کے بعد دوبارہ اذان دینا چاہئے ورنہ نماز بغیر اذان کے ہوگی اور جو نماز اذان کے بغیر ہو وہ خلاف سنت ہوگی۔

## بھول کر دوبارہ دی جانے والی اذان

س ..... اذان ہو چکی ہو اور کوئی دوسرا شخص بھولے میں پوچھے بغیر اذان شروع کر دے اور جب وہ آدھی اذان پر پہنچے اور اسے علم ہو جائے یا کوئی بتا دے تو کیا اس صورت میں اذان مکمل کرے یا چھوڑ دے

ج ..... جب ایک بار اذان ہو چکی ہے تو دوسری اذان کی ضرورت نہیں اس لئے چھوڑ دے۔

## ریڈیو اور ٹیلیویژن پر اذان کا شرعی حکم

س..... کہتے ہیں کہ اوقات نماز کے علاوہ بےوقت اذان نہیں دینی چاہئے یا صرف اس وقت اذان دینی چاہئے جب کوئی بچہ پیدا ہو یا کوئی بڑی آفت سے نجات پانی ہو۔ مثلاً زیادہ بارش کے وقت۔ لیکن ہمارے یہاں ٹیلیویژن پر جب لاہور میں عشاء کا وقت ہوتا ہے تو اذان پورے پاکستان میں نشر ہوتی ہے حالانکہ جب لاہور میں عشاء کا وقت ہوتا ہے تو کراچی میں عشاء کی اذان میں تقریباً ایک گھنٹہ ہوتا ہے۔ اسی طرح پاکستان کے ایک شہر میں اذان کا وقت ہوتا ہے تو دوسرے شہروں میں نہیں ہوتا لیکن اذان سب اسٹیشنوں پر ایک ساتھ نشر ہوتی ہے تو کیا یہ گناہ نہیں ہے ؟

ج..... آپ کا خیال صحیح ہے۔ اذان نماز کیلئے ہوتی ہے۔ ریڈیو اور ٹیلیویژن پر جو اذان نشر ہوتی ہے' وہ کسی نماز کیلئے نہیں بلکہ یہ محض شوقیہ ہے۔ شریعت کے کسی قاعدے کے ماتحت نہیں۔

## غلط اذان کا کفارہ

س..... غلط اذان دینے یا اس میں غیرارادی طور پر الفاظ شامل ہونے پر کیا کرنا چاہئے۔

(1) مؤذن کو الگ کرنا درست ہے ؟

(2) ہم نے جواب تک غلط اذانیں (میری نظر میں) سنی ہیں' ان کا کفارہ یا کوئی گناہ ہے ؟

ج..... آپ نے جو صورت لکھی ہے فقہی اصطلاح میں اس کو لحن کہتے ہیں اور یہ ناجائز اور مکروہ تحریمی ہے فقہا نے لکھا ہے کہ ایسی اذان کا سننا بھی حلال نہیں۔ اس لئے مسجد کی انتظامیہ کو لازم ہے کہ ایسے مؤذن کو تبدیل کر دیں۔

اور اب تک جو غلط اذانیں سن گئیں اگر ان کی اصلاح پر آپ کو قدرت تھی تب تو گناہ ہوا' جس کا تدارک استغفار سے ہونا چاہئے اور اگر آپ کو اصلاح پر قدرت نہیں تھی تو آپ پر کوئی گناہ نہیں۔

## اذان صحیح سمجھ نہ آرہی ہو تو جواب دیں یا نہ دیں

س..... اگر اذان کی آواز ہوا کی وجہ سے صحیح نہ آرہی ہو کوئی لفظ سنائی دیتا ہو اور کوئی نہیں تو کیا کرنا چاہئے ؟

ج..... الفاظ سمجھ میں آئیں تو جواب دیں ورنہ نہیں۔

## ٹی وی' ریڈیو والی اذان کا جواب دینا

س..... ٹیلیویژن اور ریڈیو پر جو اذانیں ہوتی ہیں تو کیا ان کو سن کر اذان کا جواب دیا جاسکتا ہے ؟

ج..... ٹی وی اور ریڈیو پر ہونے والی "اذان" اذان نہیں بلکہ اذان کی آواز ہے جسے ٹیپ کر لیا جاتا ہے اور اذان کے وقت وہی ٹیپ لگا دی جاتی ہے۔ اس لئے اس کا حکم اذان کا نہیں۔ لہٰذا اس کا جواب بھی مسنون نہیں۔

## دوران اذان تلاوت کرنا یا نماز پڑھنا

س...... دوران اذان قرآن مجید کی تلاوت یا نماز پڑھنا درست ہے؟
ج...... قرآن مجید بند کر کے اذان کا جواب دینا چاہئے اور اگر نماز پہلے سے شروع کر رکھی ہو تو پڑھتا رہے ورنہ اذان ختم ہونے کے بعد شروع کرے۔

## دوران اذان مسجد میں سلام کہنا

س...... جب مؤذن اذان کہہ رہا ہو تو مسجد میں داخل ہوتے وقت السلام علیکم کہنا چاہئے یا خاموشی سے بیٹھ جانا چاہئے یا کہ اذان سننے کیلئے کھڑا رہنا چاہئے؟
ج...... اس وقت سلام نہیں کہنا چاہیئے بلکہ خاموشی سے بیٹھ جانا چاہیئے۔

## خطبہ کی اذان کا جواب اور دعاء

س...... جمعہ کے دن خطبے کی اذان کا جواب زبان سے دینا اور اس کے بعد دعا پڑھنا درست ہے یا کیا حکم ہے؟
ج...... خطبہ کی اذان کا جواب نہیں دیا جاتا نہ اس کے بعد دعا ہے۔

## اذان کے وقت پانی پینا

س...... ایک دن مغرب کی اذان کے وقت میں پانی پینے لگا تو میرے ایک دوست نے کہا کہ اذان کے وقت پانی پینے سے سخت گناہ ہوتا ہے۔ میں وقتی طور پر اس کی بات مان گیا۔ لیکن دل میں یہ عہد کر لیا کہ اس مسئلہ کو آپ کی خدمت میں پیش کروں گا۔ امید ہے کہ آپ اسے بھی ضرور حل کرنے کی کوشش کریں گے۔
ج...... مغرب کی اذان یا کسی بھی اذان کے وقت پانی پینا جائز ہے۔ آپ کے دوست کا خیال صحیح نہیں۔

## اذان کے دوران تلاوت بند کرنے کا حکم

س...... سنا ہے کہ اذان کے وقت تلاوت معطل کر کے اذان سننا چاہئے۔ دریافت طلب مسئلہ یہ ہے کہ مختلف مساجد سے وقفہ وقفہ سے آدھ گھنٹے تک اذان کی آوازیں آتی رہتی ہیں تو کیا جب تک اذان کی آواز آتی رہے اس وقت تک تلاوت معطل رکھی جائے؟
ج...... بہتر یہ ہے کہ اذان کے وقت تلاوت بند کر دی جائے۔ اپنے محلہ کی مسجد کی اذان کا جواب دینا ضروری ہے، جس کے بعد مختلف اذانوں کا جواب ضروری نہیں اور بعض حضرات فرماتے ہیں کہ ان میں سے جو اذان سب سے پہلے ہو اس کا جواب دیا جائے۔

## اذان کے وقت ریڈیو سے تلاوت سننا

س...... ایک طرف مسجد سے تلاوت یا اذان ہو رہی ہو اور دوسری طرف ریڈیو پر اذان یا تلاوت ہو رہی ہو تو ہمیں ریڈیو بند کر لینا چاہئے یا نہیں ؟

ج...... ریڈیو کی تلاوت عموماً جو ریڈیو پر نشر کرنے سے پہلے ٹیپ کر لی جاتی ہے تلاوت کا حکم نہیں رکھتی۔ اس لئے اذان سن کر اسے فوراً بند کر دینا چاہئے۔ یوں بھی اذان سن کر تلاوت بند کر دینے کا حکم ہے۔

## تکبیر کہنے والا شخص کہاں کھڑا ہو

س...... اس مسئلہ پر روشنی ڈالی جائے کہ تکبیر کہنے والے شخص کو امام کے پیچھے کس جگہ اور کس صف میں کھڑا ہونا چاہئے ؟

ج...... شرعاً اس پر کوئی پابندی نہیں۔ جہاں چاہے کھڑا ہو سکتا ہے۔

## جمعہ کی نماز میں مقتدی اگر بلند آواز سے تکبیر کہے تو

س...... جمعہ کی نماز پڑھاتے وقت امام کے ساتھ مؤذن کے اللہ اکبر کہنے کی کیا وجہ ہے اور کوئی بھولے سے مؤذن کے ساتھ اللہ اکبر کہہ دے تو کیا کفارہ ہے ؟

ج...... امام کی تکبیرات پچھلے لوگوں تک پہنچانے کیلئے مؤذن بلند آواز سے تکبیر کہہ دیتا ہے۔ اگر کوئی دوسرا آدمی بھی بلند آواز سے تکبیر کہہ دے تو اس سے کوئی کفارہ لازم نہیں آتا۔ نہ اس میں کوئی حرج ہے۔ مگر بغیر ضرورت کے مقتدیوں کو بلند آواز سے تکبیر نہیں کہنی چاہئے' تاکہ بلاوجہ تشویش نہ ہو' جن حضرات کو تکبیر کہنے کیلئے مقرر کیا جائے انہی کو تکبیر کہنی چاہئے۔

## اذان کے بعد نماز کیلئے آواز لگانا

س...... ہمارے محلہ میں فجر کی اذان کے بعد کچھ حضرات جماعت ہونے سے دس پندرہ منٹ قبل آواز لگاتے ہیں کہ جماعت کا وقت ہو گیا ہے' مسجد میں تشریف لے آئیں' نماز سونے سے بہتر ہے' وغیرہ وغیرہ پوچھنا یہ ہے کہ یہ الفاظ بعد اذان کے کہنا درست ہیں یا نہیں ؟ کیا ایسے الفاظ اور آواز لگانے سے اذان کی اہمیت کم تو نہیں ہوتی ؟ اور کیا اذان کی آواز مسجد میں بلانے کیلئے کافی نہیں ؟

ج...... اذان کے بعد لوگوں کو نماز کیلئے بلانا "تثویب" کہلاتا ہے۔ جمہور متقدمین کے نزدیک یہ نماز فجر کے علاوہ دوسری نمازوں میں مکروہ ہے' لیکن متاخرین نے تمام نمازوں میں اس کو جائز بلکہ مستحسن قرار دیا ہے۔ کیونکہ لوگوں کے دین میں سستی اور کمزوری پیدا ہو گئی ہے' اس لئے ان کو نماز کی دعوت دینا اچھی بات ہے۔

## اکیلے فرض پڑھنے کیلئے اقامت کا کہنا مستحب ہے

س...... کیا فرض نماز اکیلے پڑھتے ہوئے بھی تکبیر کہنی چاہئے۔
ج...... اگر گھر پر اکیلا نماز پڑھے تو اس کیلئے اقامت مستحب ہے۔

## نفل نماز کیلئے اقامت

س...... یہ بتائیے کہ اگر صبح نماز پڑھنے کے بعد اسی جاء نماز پر بیٹھے پڑھتے رہیں اور اشراق پڑھیں تو اشراق کی نماز کیلئے دوبارہ اقامت پڑھنا چاہئے یا نہیں ؟
ج...... نفل نماز کیلئے اقامت نہیں ہوتی' اذان واقامت صرف پنج وقتہ نمازوں اور جمعہ کیلئے ہے۔

## کیا منیٰ میں ہر خیمہ میں اذان دی جائے

س...... دوران حج منیٰ میں ہر خیمہ میں علیحدہ علیحدہ اذان اور جماعت ہوتی ہے ایک دفعہ میں اپنے دوست کے خیمہ میں گیا عشاء کا وقت تھا انہوں نے بغیر اذان کے جماعت کرادی اور امامت مجھے کرانی پڑی' میں نے اذان نہ دینے کا سبب دریافت کیا تو انہوں نے یہ تاویل دی کہ چونکہ اذان کا مقصد وقت کا تعین ہوتا ہے اور وہ ہم ساتھ والے خیمہ سے اذان سن کر کرلیتے ہیں آپ یہ بتائیں کہ کیا اس طرح بغیر اذان کے با جماعت نماز ادا کرسکتے ہیں (یاد رہے کہ منیٰ میں تین دن رہنا پڑتا ہے اور پانچ نمازیں با جماعت روزانہ ادا کرنی پڑتی ہیں ) اور کسی اور جگہ کی اذان سن کر ہم اپنی علیحدہ جماعت کراسکتے ہیں بغیر اذان کی جماعت پر میرا امامت کرانا کیسا رہا !
ج...... اگر محلہ کی مسجد میں اذان ہوگئی ہو تو بغیر اذان کے جماعت کراسکتے ہیں' صرف اقامت کہہ لینا کافی ہے۔ یہی حکم منیٰ کے خیموں میں ہونے والی جماعتوں کا ہے کہ جب برابر والے خیمے میں اذان ہوگئی تو دوسرے خیمے میں اذان ضروری نہیں۔ صرف اقامت کافی ہے۔

## عورت اذان کا جواب کب دے

س...... کیا عورتوں کو بھی اذان کا جواب دینا چاہئے ؟
ج...... جی ہاں۔ مگر حیض ونفاس والی جواب نہ دیں۔

## نوزائیدہ بچے کے کان میں اذان دینے کا طریقہ

س...... نوزائیدہ بچے کے کان میں اذان دینے کا طریقہ کیا ہے؟ یعنی داہنے کان میں پوری اذان اور بائیں کان میں پوری اذان واقامت کے ساتھ یا داہنے کان میں اذان اور صرف اقامت دو بار بائیں کان میں کہہ کر پھر داہنے کان میں اذان پوری کرے ؟
ج...... پہلے دائیں کان میں اذان کہی جائے' پھر بائیں میں اقامت۔ دائیں کان میں اذان اور بائیں میں اقامت ایک ہی بار کہی جاتی ہے' دوبارہ نہیں۔

# شرائط نماز

## عام مجلس میں نہ جانے کے لائق کپڑوں میں نماز پڑھنا

س ...... یہاں سعودی عرب میں میں نے عموماً دیکھا ہے کہ لوگ ننگے سر نماز پڑھتے ہیں جبکہ عرب لوگوں کی دیکھا دیکھی ہمارے پاکستانی حضرات بھی ننگے سر نماز پڑھتے ہیں حتیٰ کہ ایک بنیان اور ایک پاجامہ یا دھوتی میں نماز پڑھتے ہیں' بنیان بھی بغیر بازو کے اور بعض ایسا کرتے ہیں کہ صبح غسل کر کے ایک دھوتی باندھ لیتے ہیں اور ایک تولیہ جس سے وہ اپنا بدن صاف کرتے ہیں اپنے سر کے اوپر اوڑھ کر نماز پڑھنے لگتے ہیں جبکہ پہننے کے لئے کپڑے اور ٹوپی بھی موجود ہوتی ہے مگر نہیں پہنتے آپ قرآن و سنت کی روشنی میں یہ بتائیں کہ آیا اس طریقہ سے نماز ادا ہو جاتی ہے یا نہیں؟

ج ...... نماز بارگاہ خداوندی کی حاضری ہے' اس لئے نماز کے وقت اچھے کپڑے پہننے چاہئیں' ایسے کپڑوں میں نماز مکروہ ہے جسے پہن کر آدمی عام مجلس میں نہ جا سکے۔ ننگے سر نماز پڑھنا اسی طرح کندھے اور بازو کھلے ہونے کی حالت میں نماز پڑھنا مکروہ ہے۔

## میلے کچیلے لباس میں نماز مکروہ ہے

س ...... جو لوگ گیراج میں کام کرتے ہیں وہ جب مساجد میں نماز ادا کرنے آتے ہیں تو انہیں میلے کچیلے اور تیل والے کپڑے پہن کر ہی نماز ادا کرتے نظر آتے ہیں آپ فرمائیں کیا ان کپڑوں میں ان حضرات کی نماز ہو جاتی ہے؟

ج ...... ایسے کپڑوں میں نماز مکروہ ہے۔ نماز کے لئے الگ کپڑے ہونے چاہئیں۔ گیراج وغیرہ میں کام کرنے والوں کو نماز کے لئے الگ کپڑے رکھنے چاہئیں۔

## جن کپڑوں پر کھیاں بیٹھیں ان سے بھی نماز ہو جاتی ہے

س ...... ہم لوگ لیٹرین جاتے ہیں وہاں کھیاں بہت ہوتی ہیں جو ہمارے کپڑے اور جسم پر بیٹھتی ہیں وہ کھیاں ناپاک ہوتی ہیں۔ اس سے ہمارے کپڑے بھی ناپاک ہو جاتے ہیں۔ ان کپڑوں سے ہم نماز ادا

کر سکتے ہیں یا نہیں ؟

ج ...... اس سے پرہیز ممکن نہیں اس لئے شریعت نے ان کپڑوں میں نماز پڑھنے کی اجازت دی ہے' البتہ مستحب یہ ہے کہ آدمی بیت الخلاء میں جائے تو نماز کے کپڑوں کے علاوہ دوسرے کپڑوں میں جائے۔ اگر دوسرے کپڑے نہ ہوں تو نجاست سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کرے۔

## ناف سے لے کر گھٹنوں تک کپڑوں میں نماز

س ...... میرے ایک چچا ہیں جنہوں نے مجھے آدھی آستین والی قمیص میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو انہوں نے کہا کہ آدھی آستین والی قمیص پہن کر نماز نہیں پڑھنی چاہئے اس طرح نماز مکروہ ہو جاتی ہے' جبکہ میں نے ایک کتاب میں پڑھا ہے کہ مرد کو نماز پڑھتے وقت ناف سے لیکر گھٹنوں تک ڈھانپنا چاہئے۔

ج ...... آپ کے چچا نے جو مسئلہ بتایا ہے وہ صحیح ہے اور جو مسئلہ آپ نے کتاب میں پڑھا ہے وہ بھی صحیح ہے' مگر اس کا مطلب آپ نہیں سمجھے۔ ناف سے گھٹنوں تک ڈھانپنا فرض ہے۔ اس کے بغیر نماز ہی نہیں ہوگی اور کہنیاں یا سر کھلا ہو تو نماز مکروہ ہوگی۔

## پنڈلی کھلی ہونے والے کی نماز

س ...... مرد کو پیر کہاں تک کھولنا جائز ہے۔ اگر پنڈلی کھلی ہو تو نماز جائز ہے یا نہیں ؟ پنڈلی کھلے ہونے سے وضو تو نہیں ٹوٹتا ؟

ج ...... پنڈلی کھلی رہنے سے نہ وضو جاتا ہے نہ نماز ٹوٹتی ہے۔ بلکہ دونوں صحیح ہیں۔ کیونکہ مرد کیلئے ناف سے لیکر دونوں پاؤں کے گھٹنوں تک ڈھانپنا ضروری ہے اس کے علاوہ حصہ کا ڈھانپنا فرض نہیں البتہ مسنون ہے اور آدھی پنڈلی کھلی رکھنا مسنون ہے۔

## آدھی آستین والی قمیص یا بنیان پہن کر نماز پڑھنا

س ...... بعض دوست بغیر مجبوری کے صرف آدھی آستین والی قمیص یا بنیان میں نماز پڑھتے ہیں اس سلسلے میں کیا حکم ہے ؟

ج ...... بغیر عذر کے ایسا کرنا مکروہ ہے۔

## کیا فقط نماز کیلئے شلوار ٹخنوں سے اونچی نہ کریں ؟

س ...... مسئلہ یہ سنا جاتا ہے کہ نماز کے دوران شلوار ٹخنوں سے اوپر ہونی چاہئے' اور عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ جن لوگوں کی شلوار زیادہ نیچے ہوتی ہے وہ اسے اوپر چڑھا لیتے ہیں اور پھر نماز ادا کرتے ہیں لیکن ہماری مسجد کے ایک امام صاحب ایسا کرنے سے منع کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ اگر آپ کی شلوار نیچے ہے تو پھر اسے اوپر نہ چڑھائیں ایسا کرنے سے نماز نہیں ہوتی اور اب ہم بھی نماز ان کے بتائے ہوئے طریقے سے پڑھتے ہیں۔ یعنی شلوار ٹخنوں پر پڑی رہتی ہے اور ہم نماز ادا کرتے ہیں ہمارے اس طرح نماز پڑھنے پر بہت سے لوگ اعتراض کرتے ہیں برائے کرم صحیح مسئلہ بتا کر رہنمائی کریں۔

ج ...... شلوار ٹخنوں سے نیچے رکھنا حرام ہے اور حرام فعل کا ارتکاب نماز میں اور بھی برا ہے۔ اس لئے نماز سے پہلے شلوار اوپر کرلینا ضروری ہے اور مسلمانوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے پاجامہ ہمیشہ ٹخنوں سے اوپر رکھنا چاہئے۔

## ٹخنوں سے نیچے پاجامہ تہ بند وغیرہ لٹکانا گناہ کبیرہ ہے

س ...... ٹخنوں کو کھلا رکھنا بلکہ شلوار، تہ بند یا پاجامہ کو نصف پنڈلی تک رکھنے کے بارے میں کس حدیث سے حکم لگایا گیا ہے پھر یہ کہ ایسی حالت صرف نماز کے دوران کرنا ضروری ہے یا عام اوقات میں بھی یہ لازم ہے۔ ہندوستان اور پاکستان میں تو جتنے بھی لباس رائج ہیں سب میں ٹخنہ بند رہتا ہے ہاں نماز شروع کرتے وقت اس پر بہت سختی سے عمل کیا جاتا ہے کہ کپڑے کو نیفے میں پھنسا کر پاجامہ اونچا کر لیتے ہیں جبکہ یہاں خلیج سعودیہ اور دوسرے مسلم ممالک میں اس کا کوئی بھی لحاظ نہیں کیا جاتا۔

ج ...... ٹخنوں سے نیچے تہ بند، پاجامہ لٹکانا گناہ کبیرہ ہے۔ احادیث میں اس پر بہت وعیدیں آئی ہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ اس کی نماز قبول نہیں ہوتی۔ نیز فرمایا کہ "مومن کا پاجامہ آدھی پنڈلی تک ہونا چاہئے۔ ٹخنوں تک ہو تو کوئی مضائقہ نہیں۔ لیکن جو ٹخنوں سے نیچے ہو وہ دوزخ میں ہے" ۔ اور پاجامہ ٹخنوں سے نیچے رکھنے کی ممانعت صرف نماز کے ساتھ خاص نہیں، بلکہ کسی حال میں بھی پاجامہ کا ٹخنوں سے نیچے رکھنا جائز نہیں اور جو چیز نماز سے باہر ممنوع ہو وہ نماز کے اندر بدرجۂ اولیٰ ممنوع ہوگی۔ اس لئے اگر کسی کے پائنچے ٹخنوں سے نیچے ہوں اس کو نماز شروع کرنے سے پہلے ان کو اوپر کرلینا ضروری ہے۔ خلیج والوں کا یا کسی اور ملک کے لوگوں کا عمل ہمارے لئے حجت نہیں، ایک مسلمان کو تو یہ دیکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم کیا ہے ؟

## پینٹ کے پائنچے موڑ کر نماز پڑھنا

س ...... نماز کے دوران شلوار یا پینٹ ٹخنوں کے نیچے رکھنا مکروہ تحریمی ہے اور یہ سنا ہے کہ شلوار یا پینٹ کو فولڈ کرنا (یعنی اس کو موڑنا) مکروہ تحریمی ہے اور اگر کسی نے مکروہ تحریمی کا ارتکاب کیا تو نماز دوبارہ پڑھنی پڑے گی اور آج کل تو یہ عام ہے کہ تقریباً ہر شخص نماز پڑھنے سے پہلے شلوار یا پینٹ کو موڑتا ہے اور میں بھی اسی طرح کرتا تھا تو کیا جو نمازیں میں نے شلوار کو موڑ کر پڑھی ہیں ان کو دوبارہ پڑھنا ہوگا

ج ...... شلوار ٹخنوں سے نیچے رکھنا تکبر کی علامت ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہایت سختی کے ساتھ اس سے منع فرمایا ہے۔ اس لئے اگر پاجامہ شلوار ٹخنوں سے نیچے ہو تو نماز سے پہلے اسے اوپر کرلینا چاہئے اور پینٹ کے اوپر اگر کرتا نہ ہو تو اس میں نماز مکروہ ہے اور اگر اس کے پائنچے ٹخنوں سے نیچے ہوں تو مکروہ در مکروہ اور ظلمات بعضہا فوق بعض کا مصداق ہے۔

## گھاس کی ٹوپی اور تہ بند میں نماز پڑھنا

س ...... ہمارے امام صاحب نے مسجد میں "گھاس کی ٹوپی" جو عام طور پر مساجد میں ہوتی ہیں۔ ان سے

نماز پڑھنے کو مکروہ قرار دیا ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ اس کو ہم کسی اور جگہ نہیں پہنتے' اس لئے مسجد میں بھی کیوں پہنیں ؟ اور جب ان سے کہا گیا کہ تہبند پہن کر بھی تو کہیں نہیں جاتے پھر نماز کیوں تہبند پہن کر پڑھاتے ہیں۔ اس کا وہ کوئی معقول جواب نہ دے سکے۔ آپ اس سلسلے میں صحیح بات بتائیں کہ آیا "گھاس کی ٹوپی" پہن کر نماز پڑھنا واقعی مکروہ ہے ؟

ج ...... ایک لحاظ سے امام صاحب صحیح فرماتے ہیں۔ نماز میں لباس ایسا ہونا چاہئے جس کو شرفاء کی مجلس میں پہن کر جاسکے مگر ہمارے ہاں رواج ننگے سر چلنے پھرنے اور محفلوں میں جانے کا ہے۔ یہ رواج مغربی معاشرت کا ہے جو شرعاً غلط ہے۔ اس لئے ننگے سر نماز پڑھنے کے بجائے مسجد والی ٹوپی بھی غنیمت ہے۔ تہبند میں نماز مکروہ نہیں' بلکہ سنت سے ثابت ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ لنگی استعمال فرماتے تھے اور لنگی پہن کر آدمی شرفاء کی مجلس میں بھی جاسکتا ہے۔

## نماز میں چٹائی کی ٹوپی پہننا

س ...... عام طور پر مسجدوں میں جو چٹائی کی بنی ہوئی ٹوپیاں ہوتی ہیں جسے لوگ صرف نماز کے وقت اپنے سر پر رکھ لیتے ہیں جن میں بعض بہت ہی پھٹی ہوئی اور اکثر میلی کچیلی ہوتی ہیں اور کسی کے سر پر چھوٹی تو کسی کے سر پر بڑی رہتی ہیں جسے پہن کر آدمی کارٹون معلوم ہوتا ہے اور جس کے پہننے سے زینت کا کوئی پہلو نمایاں نہیں ہوتا اور لوگ نماز کے بعد اپنے سر پر ایک منٹ کے لئے بھی رکھنا گوارا نہیں کرتے اور کوئی بھی اسے پہن کر بازار وغیرہ یا کسی بڑے آدمی کے پاس جاتے ہوئے شرم محسوس کرتا ہے ایسی حقیر ٹوپی پہن کر نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں ؟

ج ...... ایسا لباس پہن کر نماز پڑھنا مکروہ ہے جس کو آدمی عام مجمع میں نہ پہن سکے۔ اور چٹائی کی ٹوپیاں تو بعض اوقات واقعی آدمی کا حلیہ بگاڑ دیتی ہیں۔ دراصل ہمارے معاشرے میں ننگے سر پھرنے کا رواج سب خرابیوں کی جڑ ہے مسلمان کو کسی حالت میں بھی ننگے سر نہیں پھرنا چاہئے مگر انگریز کی ملعون تہذیب نے مردوں کو تو سر برہنہ کیا ہی تھا عورتوں کو بھی ننگے سر کر دیا اور یہ عمل دراصل "ننگ انسانیت" ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے بھائیوں کو عقل و ایمان عطا فرمائے۔

## جانوروں کے ڈیزائن والے کپڑوں میں نماز

س ...... کیا ایسے کپڑے پہن کر نماز پڑھنا جائز ہے جس پر کسی پرندے یا جانور کا ڈیزائن بنا ہو ؟

ج ...... نماز مکروہ ہوگی۔ تصویر والے کپڑوں میں ہرگز نماز نہیں پڑھنی چاہئے۔

## جانور کی کھال پہن کر نماز پڑھنا

س ...... ہمارے علاقے میں بھیڑ یا بکری کی کھال کو بہت سی بیماریوں کے لئے شفا کا ذریعہ بتایا جاتا ہے یعنی جس وقت جانور سے نکالی جائے اس وقت وہ کھال پہن لی جائے۔ (1) کیا اس کھال میں ایک آدمی نماز پڑھ سکتا ہے ؟ (2) کیا اس کھال میں وہ شخص امامت کر سکتا ہے ؟

ج ...... کھال اگر مذبوح جانور کی ہو یا اس کی دباغت کر لی جائے تو اس میں نماز جائز ہے۔

## انڈرویئر کے ساتھ نماز

س ...... شلوار یا پاجامہ کے نیچے انڈرویئر یا جانگیہ پہن کر نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں۔
ج ...... اگر پاک ہو تو جائز ہے۔

## جوتوں سمیت نماز پڑھنا

س ..... سعید ابن یزید ازدی نے خبر دی۔ کہا میں نے انس بن مالکؓ سے پوچھا کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جوتیاں پہن کر نماز پڑھتے تھے؟ انہوں نے کہا ہاں۔ ابن بطال نے کہا کہ جوتے پاک ہوں تو ان میں نماز پڑھنا جائز ہے۔ میں کہتا ہوں مستحب ہے کیونکہ ابو داؤد اور حاکم کی حدیث میں ہے کہ یہودیوں کے خلاف کرو وہ جوتوں اور موزوں میں نماز نہیں پڑھتے اور حضرت عمرؓ نماز میں جوتے اتارنا مکروہ جانتے تھے' اس کے متعلق وضاحت فرمائیں۔

شوکانی نے کہا صحیح اور قوی مذہب یہی ہے کہ جوتیاں پہن کر نماز پڑھنا مستحب ہے اور جوتیوں میں اگر نجاست ہو تو زمین پر رگڑ دینے سے پاک ہو جاتی ہیں۔ خواہ کسی قسم کی نجاست ہو خشک جرم دار ہو یا بے جرم اس میں جرم دار سے کیا مراد ہے؟

ج ..... جوتوں میں نماز پڑھنا جائز ہے بشرطیکہ وہ پاک ہوں تاہم اس میں چند امور قابل لحاظ ہیں۔
اول ..... سجدے میں انگلیوں کا زمین سے لگنا ضروری ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں جس وضع کے جوتے (نعال' چپل) پہنے جاتے تھے وہ زمین پر انگلیوں کے لگنے سے مانع نہیں تھے۔ اگر کسی نے اسی وضع کے جوتے پہن رکھے ہوں تو ان کے اندر نماز پڑھنے میں کوئی اشکال نہیں۔ لیکن اگر جوتے بند اور سخت ہوں جو انگلیوں کے زمین پر لگنے سے مانع ہوں تو ان کو پہن کر نماز پڑھنا محل اشکال ہے۔

دوم ..... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں مسجد کا فرش پختہ نہیں تھا بلکہ کچے فرش پر کنکریاں تھیں اس لئے وہ حضرات جوتے سمیت اس فرش پر چلتے تھے اور اس کو عرف میں بے ادبی نہیں سمجھا جاتا' جیسا کہ اب بھی جو مسجد زیر تعمیر ہو اس کے کچے فرش پر جوتوں سمیت چلنے کا معمول ہے برعکس اس کے آج کل مساجد کے فرش پختہ ہیں اور ان پر دری' قالین وغیرہ کا فرش رہتا ہے اور ایسے فرش کو جوتوں سے روندنا عرفاً سوءِ ادب شمار کیا جاتا ہے۔ اسی کے ساتھ یہ اضافہ بھی کر لیا جائے کہ مدینہ طیبہ کی پاک گلیاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں خشک اور پاک ہوتی تھیں۔ ان پر چلنے سے جوتے آلودہ نجاست نہیں ہوتے تھے اس کے برعکس آج کی گلیوں اور بازاروں میں جوتوں کا پاک رہنا ازبس مشکل ہے۔ اس لئے آج کل مسجد میں ایسے جوتے پہن کر آنا' انہی جوتوں سے قالین اور فرش کو روندتے ہوئے گزرنا اور پھر انہی آلودہ جوتوں میں نماز ادا کرنا یا اس کی اجازت دینا مشکل ہے۔

سوم...... جیسا کہ سوال میں ذکر کیا گیا ہے جوتوں میں نماز پڑھنے کا حکم یہود کی مخالفت کے لئے دیا گیا تھا گویا جوتوں میں نماز پڑھنا بذات خود کوئی نیک کام نہیں لیکن اپنے مقصد یعنی یہود کی مخالفت کی وجہ سے اس کو مستحب قرار دیا گیا۔ آج یہود کا جوتے اتارنا یا نہ اتارنا تو کسی کو معلوم بھی نہیں لیکن نصرانیوں کا بوٹوں سمیت عبادت گاہوں کو روندنا سب کو معلوم ہے پس جس طرح مخالفت یہود کی بناء پر یہ فعل مستحب تھا آج انگریزوں کی موافقت و تقلید کی بناء پر یہ فعل مکروہ ہونا چاہئے۔

چہارم...... علامہ شوکانی نے جوتوں میں نماز پڑھنے کو مستحب کہا ہے۔ حدیث شریف کے پیش نظر ہمارے نزدیک بھی مستحب ہے بشرطیکہ مذکورہ بالا امور کو ملحوظ رکھا جائے۔ ورنہ یہی فعل مکروہ ہو گا چنانچہ بعض اکابر (صحابہ و تابعین وائمہ دین) نے ان شرائط کے بغیر مکروہ قرار دیا ہے ان اقوال کی تفصیل شیخ کوثری کے مقالات (صفحہ ۱۷۰ وما بعد پر) دیکھ لی جائے۔

پنجم...... جوتوں کو اگر نجاست لگ جائے وہ جسم والی ہو اور خشک ہو جائے تو رگڑنے سے پاک ہو جائیں گے لیکن اگر نجاست جسم دار نہ ہو جیسے شراب اور پیشاب یا جسم والی تو ہو مگر خشک نہ ہو بلکہ تر ہو صرف رگڑنے سے جوتے پاک نہیں ہوں گے کیونکہ اس صورت میں رگڑنے سے نجاست زائل نہیں ہوتی۔ اس لئے علامہ شوکانی کا یہ کہنا کہ رگڑنے سے ہر نجاست پاک ہو جاتی ہے' عقل و نقل دونوں کے خلاف ہے۔

## ناپاک کپڑوں سے نماز پڑھنا

س ...... ایک دن عصر کے وقت میں گھر میں بیٹھا ہوا تھا کہ اتنے میں ہمارے محلے کی مسجد کی تبلیغی جماعت نے آکر دستک دی میں باہر آیا تو جماعت کے ایک رکن نے مجھ سے کہا کہ آپ ہمارے ساتھ مسجد میں چلیں وہاں اللہ رسول' کی باتیں ہو رہی ہیں ان کو سنیں گے مجھ سے انکار نہ ہو سکا اور میں ان کے ساتھ چل دیا لیکن چند قدم بعد ہی مجھے خیال آیا کہ میرے کپڑے ناپاک ہیں۔ بہت کوشش کی کہ مسجد میں جانے سے پہلے مولانا صاحب سے کہہ دوں لیکن ہمت جواب دے گئی اور میں اللہ کا نام لیکر مسجد میں داخل ہو گیا جاکر وضو کیا اور عصر کے چار فرض ادا کئے اور پھر سب لوگوں کے ساتھ مولانا صاحب کی باتیں سننے لگا کچھ دیر بعد مغرب کا وقت ہو گیا تو نماز ادا کی اور پھر نماز کے بعد دوسرے مولانا کا وعظ سنا اور پھر نماز کے تقریباً آدھے گھنٹے بعد میں سب کے ساتھ دعا مانگ کر گھر واپس آگیا۔ برائے مہربانی یہ فرمائیں کہ ایسے وقت پر کیا کرنا چاہئے اور میں نے جو یہ وقت وہاں گزارا ہے کیا یہ میں نے اچھا کیا اور اگر میں نے ایسی حالت میں وہاں جاکر غلطی کی ہے تو اس کی تلافی کس طرح ممکن ہے؟

ج ...... ناپاک کپڑوں میں نماز نہیں ہوئی' آپ کو پاک کپڑے پہن کر مسجد میں جانا چاہئے تھا۔ اور کپڑے تبدیل کرنے کی اجازت لینے میں کوئی دشواری نہیں تھی۔ بہرحال اب ان نمازوں کو لوٹا لیجئے اور اللہ تعالیٰ سے اس غلطی پر استغفار بھی کیجئے۔

## بالکل مجبوری میں ناپاک کپڑوں میں نماز پڑھنے کی اجازت

س..... انسان ایسی جگہ پر موجود ہے کہ جہاں پانی بالکل نہیں ملتا نماز وغیرہ تیمم سے پڑھی جاتی ہے تو اس جگہ انسان کو احتلام ہو جاتا ہے اس کے پاس پہنے ہوئے کپڑے کے علاوہ اور کپڑے نہیں ہیں۔ تیمم سے انسان تو پاک ہو جاتا ہے اب اس جگہ پر جہاں کپڑا دھونے کے لئے پانی نہیں ملتا' کیا کیا جائے؟

ج..... چند مسئلے سمجھ لیجئے

اول..... مرد کا ستر ناف سے لے کر گھٹنوں تک ہے۔ جس کا چھپانا مرد کیلئے نماز میں فرض ہے پس اگر لنگی پاجامہ ناپاک ہو گیا' مگر کرتہ قمیص یا کوئی اور کپڑا موجود ہے جس سے اتنا ستر چھپایا جا سکتا ہے جو اوپر لکھا گیا ہے تو لنگی پاجامہ اتار کر اس پاک کپڑے سے ستر چھپائے اور اس سے نماز پڑھے ایسی صورت میں ناپاک لنگی اور پاجامہ میں نماز جائز نہیں۔

دوم..... اور اگر بقدر فرض ستر چھپانے کے لئے بھی کوئی پاک کپڑا نہیں اور ناپاک کپڑے کو پاک کرنے کی بھی کوئی صورت نہیں تو اس کی تین صورتیں ہیں۔

۱..... وہ کپڑا ایک چوتھائی یا اس سے زیادہ پاک ہے اس صورت میں اس ناپاک کپڑے میں ہی نماز پڑھنا ضروری ہے۔ برہنہ پڑھنے کی اجازت نہیں۔

۲..... وہ کپڑا پورے کا پورا ناپاک ہے اس صورت میں برہنہ نماز پڑھے۔ لیکن بیٹھ کر پڑھے اور رکوع وسجدہ کے بجائے اشارہ کرے۔

۳..... وہ کپڑا چوتھائی سے کم پاک ہے تو اس صورت میں اختیار ہے چاہے کپڑا پہن کر نماز پڑھے یا کپڑا اتار کر بیٹھ کر اشارے سے نماز پڑھے۔

## کپڑے ناپاک ہوں تو نیت صاف ہونے کے باوجود نماز درست نہیں

س ..... میرے کپڑے ناپاک تھے' اور میری نیت صاف تھی تو میں نے نماز ادا کی۔ تو میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ میری نماز ہو گئی یا نہیں؟

ج ..... نماز کے لئے صرف نیت کا صاف ہونا کافی نہیں۔ کپڑے پاک ہونا بھی ضروری ہے۔ اسلئے آپ کی نماز نہیں ہوئی۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ کوئی شخص کسی اعلیٰ افسر کے دربار میں کپڑوں کو گندگی لگا کر لے جائے اور یہ کہے کہ میرے کپڑوں کو تو خیر گندگی لگی ہوئی ہے اور ان سے بدبو آتی ہے' اور تعفن بھی اٹھتا ہے مگر میری نیت بالکل صاف ہے اور میں بڑی صاف نیتی سے یہ کپڑے پہن کر آپ کے دربار میں حاضر ہوا ہوں تو ظاہر ہے کہ اس شخص کو یا تو پاگل قرار دیا جائے گا۔ یا بے ادب اور گستاخ۔ اس مثال سے آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ جب شریعت مطہرہ نے بارگاہ الٰہی کی حاضری (نماز) کے لئے بدن کا' کپڑوں کا اور جگہ کا پاک ہونا شرط ٹھہرایا ہے تو اگر کوئی شخص شریعت کے اس حکم کی خلاف ورزی کر کے اپنی نیت کے صاف ہونے کا حوالہ دے تو اس کو بھی یا تو دیوانہ کہا جائیگا' یا گستاخ ..... الغرض ناپاک

کپڑوں میں آپ نے جو نماز پڑھی وہ نہیں ہوئی۔ اس کو دوبارہ پڑھنا ضروری ہے۔

## ناپاک کپڑوں میں وضو کر کے پاک کپڑوں میں نماز پڑھنا

س ...... اگر کوئی شخص ناپاک کپڑوں میں وضو کرے اور پھر پاک کپڑے پہن کر نماز پڑھ لے تو کیا یہ وضو اور نماز درست ہوئی؟

ج ...... درست ہے۔ بشرطیکہ کپڑوں کی نجاست بدن کو نہ لگے' مثلاً ناپاک کپڑا خشک ہو۔

## ناپاک کپڑوں میں بھول کر نماز پڑھ لینا

س... بدن یا کپڑے پر ناپاکی لگ گئی۔ نماز کے وقت بھول کر نماز پڑھ لی تو کیا وہ نماز پھر لوٹانی پڑے گی؟

ج ...... اگر ناپاکی کا وزن ساڑھے تین ماشے تھا یا اگر نجاست سیال تھی تو اس کا پھیلاؤ ایک روپے کے برابر تھا تو نماز ہو گئی لوٹانے کی ضرورت نہیں اگر اس سے زیادہ تھا تو نماز لوٹانا ہو گی۔

## بھنگی کے دھوئے ہوئے کپڑوں میں نماز

س ...... اگر بھنگی بھنگن کپڑے دھو کر لائے تو ان میں نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

ج ...... بھنگی یا بھنگن کے دھونے سے تو کپڑے ناپاک نہیں ہوتے۔ اس لئے ان میں نماز درست ہے۔

## چوری کے کپڑے پہن کر نماز ادا کرنا

س ...... جناب مفتی صاحب اگر ایک شخص کوئی کپڑا چوری کرتا ہے اور پھر اس کپڑے کو کسی دوسرے کے کپڑے سے تبدیل کرا لیتا ہے اگر وہ قمیص کے بدلے قمیص کسی دوسرے شخص سے لیتا ہے تو کیا اس تبدیل شدہ کپڑے کو پہن کر نماز ادا ہو جائے گی؟

ج ...... جس طرح چوری کی چیز بیچنے سے اس کے پیسے حلال نہیں ہو جاتے اسی طرح کپڑے سے کپڑا تبدیل کر لیا جائے تو وہ بھی حلال نہیں ہو گا۔ اور چوری کے کپڑے میں نماز مکروہ ہے۔

## وضو نہ ہونے کے باوجود نماز پڑھتا رہا تو کیا کفارہ ہو گا

س ...... میں نے شہر کی ایک چھوٹی سی مسجد میں امام کے پیچھے نماز پڑھی' میں اگلی صف میں تھا قیام کی حالت میں جب امام صاحب ولا الضالین تک پہنچے تو مجھے یاد آیا کہ میرا وضو نہیں ہے اور مجھے اس بات کا بھی علم ہے کہ بغیر وضو کے سجدہ کرنا سخت گناہ ہے اور مسجد چھوٹی سی ہے اس کی صفیں بازار کی سڑک تک پہنچ جاتی ہیں اور میرے لئے وہاں سے نکلنا بہت دشوار تھا کیونکہ میں اگلی صف میں تھا میں نے بغیر وضو کے امام کے ساتھ نماز پڑھ لی ہے اور سلام پھیرنے کے بعد دوبارہ وضو کر کے نماز ادا کی۔ مسئلہ دریافت طلب یہ ہے کہ ایسے نماز پڑھنا کتنا گناہ ہے اور آئندہ کے لئے کیا کرنا چاہئے۔ میں اس گناہ کا کیا کفارہ ادا

ج ...... وضو نماز کے لئے شرط ہے۔ بغیر وضو کے نماز پڑھنا سخت گناہ ہے۔ آپ نے نماز دہرالی اس لئے آپ کی نماز تو ہو گئی۔ بغیر وضو کے نماز پڑھنا سخت گناہ ہے اگر مسجد سے نکلنے کا موقع نہ ہو تو سلام پھیر کر اسی جگہ بیٹھ جانا چاہئے اور آپ نے جو بغیر وضو کے نماز پڑھی اس کا کفارہ توبہ و استغفار ہے۔

## اگر ناپاک آدمی نے نماز پڑھ لی تو ......

س ...... اگر خواب میں شب کو کپڑے ناپاک ہو جائیں اور کسی شخص کو صبح اس کی خبر نہ ہو اور وہ نماز بھی پڑھ لے اور ساتھ ہی قرآن شریف بھی پڑھ لے تو بتائیں کہ کیا اس نماز اور تلاوت کا کوئی کفارہ ادا کرنا پڑے گا؟

ج ...... اس کی نماز اور تلاوت کالعدم ہے۔ دوبارہ پڑھے۔ یہی کفارہ ہے کہ اس غلطی پر استغفار کرے۔

## ناپاکی کی حالت میں پہنے ہوئے کپڑوں سے نماز کا حکم

س ...... ناپاکی کی حالت میں ہم پاک کپڑے پہنیں اور پاک ہونے کے بعد وہی کپڑے (بغیر دھوئے) پہن کر نماز پڑھی جاسکتی ہے یا نہیں؟

ج ...... اگر ان پر کوئی نجاست نہیں تو ان میں نماز جائز ہے۔

## پیشاب پاخانہ کے تقاضے کے ساتھ نماز پڑھنا

س ...... اگر کوئی شخص اکیلا نماز پڑھ رہا ہو۔ نماز کے دوران اسے پیشاب کی ضرورت محسوس ہو یا پیٹ میں شدید درد ہو۔ جس کی وجہ سے لیٹرین جانے کی ضرورت محسوس ہو۔ کیا ایسی صورت میں نماز ختم کر کے رفع حاجت سے فارغ ہو یعنی نماز چھوڑ کر جاسکتا ہے؟ پوچھنے کا مقصد یہ ہے کہ برداشت کر کے نماز پوری کر لی جائے تو نماز ہو جائے گی؟

ج ...... اگر پیشاب پاخانہ کا تقاضا شدت سے ہو تو نماز چھوڑ دینی چاہئے۔ ایسی حالت میں نماز مکروہ تحریمی ہے اور اس کا لوٹانا ضروری ہے۔

## بڑھے ہوئے ناخنوں کے ساتھ نماز

س ...... اگر صرف ناخن بڑھائے جائیں اور نماز پڑھی جائے تو اس سے نماز میں کوئی خرابی ہوگی یا نہیں؟

ج ...... ناخن بڑھانا مکروہ اور خلاف فطرت ہے۔ نماز کا حکم یہ ہے کہ اگر ناخنوں کے اندر کوئی ایسی چیز جم جائے جس کی وجہ سے پانی اندر نہ پہنچ سکے تو نہ وضو ہوگا اور نہ نماز ہوگی، اور اگر ناخن اندر سے بالکل صاف ہوں تو نماز صحیح ہے۔ ناخن بڑھانے کا رواج مسلمانوں میں نہ جانے کس کی تقلید سے آیا ہے مگر یہ رواج ہے بہت ہی قابل نفرت۔

## کپڑے کی نجاست دھوئیں لیکن غیر ضروری وہم نہ کریں

س ...... میرے چھ بچے ہیں بڑی بچی آٹھ برس کی ہے میں نماز پڑھتی ہوں لیکن کپڑے میرے صاف و پاک نہیں رہ سکتے جب کوئی پانی کا چھینٹا پڑ جائے تو میں لباس بدل لیتی ہوں لیکن پھر بھی دل میں شک رہتا ہے لوگ کہتے ہیں کہ عورت کی نماز ہو جاتی ہے چاہے لباس کا کوئی کونا بھی پاک ہو۔

ج ...... کپڑوں کا پاک ہونا نماز کی شرط ہے' ناپاک کپڑوں میں نماز نہیں ہوتی' لیکن اس میں وہم کی حد تک مبالغہ کرنا غلط ہے' اگر یقینی طور پر نجاست لگ جائے تو اسے دھو ڈالئے اس سے زیادہ وہم ہے اور یہ خیال غلط ہے کہ "عورت کی نماز ہو جاتی ہے۔ چاہے لباس کا کوئی کونا بھی پاک ہو" ۔ لباس کا پاک ہونا جس طرح مرد کے لئے نماز کی شرط ہے اسی طرح عورت کے لئے بھی شرط ہے۔

## اندھیرے میں نماز پڑھنا

س ...... میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ اندھیرے میں نماز ہو جاتی ہے کہ نہیں میری سہیلی کہتی ہے کہ اندھیرے میں نماز ہو جاتی ہے کیا یہ درست ہے ؟

ج ...... اگر اندھیرے کی وجہ سے قبلہ رخ غلط نہ ہو تو کوئی حرج نہیں' نماز ہو جائیگی۔

## نمازی کے سامنے جوتے ہوں تو نماز کا کیا حکم ہے؟

س ...... مسجد میں لوگ اکثر اپنے جوتے صفوں کے آگے رکھتے ہیں اور عموماً جب لوگ سجدہ کرتے ہیں تو آگے جوتے پڑے ہوتے ہیں ایسی صورت میں نماز ہوتی ہے یا نہیں ؟

ج ...... نماز ہو جاتی ہے۔ جوتوں پر اگر نجاست لگی ہو تو ان کو صاف کر کے مسجد میں لانا چاہئے۔

## گھریلو سامان سامنے ہوتے ہوئے نماز پڑھنا

س ...... ہمارے گھر میں تین کمرے ہیں تینوں میں سامان ہے۔ ہم سب گھر والے نماز پڑھتے ہیں تو ہمارے سامنے سامان ہوتا ہے مثلاً شوکیس ٹی وی وغیرہ لیکن کچھ لوگ کہتے ہیں کہ نماز پڑھتے وقت سامنے کوئی چیز نہیں ہونی چاہئے صرف دیوار ہو۔ لیکن ہم مجبور ہیں گھر چھوٹا ہے۔ میں نے جب سے یہ سنا ہے بڑی پریشان ہوں۔

ج ...... سامنے سامان ہو تو نماز میں کوئی حرج نہیں۔ لوگ بالکل غلط کہتے ہیں۔ البتہ ٹی وی کا گھر میں رکھنا گناہ ہے۔

## نمازی کے سامنے جلتی آگ ہونا

س ...... جلتی آگ سامنے ہو تو اس کی طرف نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں ؟

ج ...... مکروہ ہے۔

## لہوولعب کی جگہ نماز

س ...... جس کمرے میں ٹی وی' ریڈیو' ٹیپ ریکارڈ یا اس قسم کی موسیقی کی محفلیں ہوری ہوں یا نہ ہورہی ہوں اور وہ جگہ ان کاموں کے لئے مخصوص ہو تو کیا اس جگہ یعنی کمرے میں نماز پڑھنا تلاوت قرآن پاک کرنا جائز ہے یا نہیں؟

ج ... جو جگہ لہوولعب کے لئے مخصوص ہو وہاں نماز مکروہ ہے۔ عین لہوولعب کے وقت مکروہ تحریمی ورنہ تنزیہی ہے۔

## مورتیوں کے سامنے نماز

س ..... پلاسٹک کے کھلونے ہاتھی' شیر وغیرہ جانوروں کی مورتیوں کی شکل میں ہوتے ہیں ان کو سامنے رکھ کر ہم نماز پڑھ سکتے ہیں؟

ج ..... یہ بت پرستی کے مشابہ ہے اس لئے جائز نہیں اور ان مورتیوں کی خرید اور فروخت بھی ناجائز ہے۔

## تصاویر والے مال کی دکان میں نماز ادا کرنا

س ...... میں ایک میڈیکل اسٹور پر کام کرتا ہوں۔ خدا کے فضل سے فرض نماز مسجد میں ادا کرنے کے بعد سنتیں اور نوافل دکان میں ادا کرتا ہوں' چند بزرگ حضرات کہتے ہیں کہ دکان میں تمہاری نماز نہیں ہوتی کیونکہ دکان میں دودھ کے ڈبوں پر اور دوائیوں کی پیکنگ پر جانوروں اور حیوانات اور دیگر قسم کی تصاویر بنی ہوتی ہیں' مجھ جیسے کتنے ہی بھائی دکانوں میں نماز ادا کرتے ہیں اس سلسلے میں وضاحت فرمائیے گا۔

ج .... نماز تو ہو جائے گی۔ لیکن تصویریں سامنے ہوں تو نماز مکروہ ہے۔ اگر ان ڈبوں کو اس طرح رکھا جائے کہ تصویریں پچھلے رخ ہو جائیں تو کراہت جاتی رہے گی۔

## ٹی۔ وی والے کمرہ میں نماز یا تہجد پڑھنا

س ..... کیا جس کمرہ میں ٹیلیویژن رکھا ہو اور شام کے بعد ٹیلیویژن بند کر دیا جائے تو رات کو نماز یا نماز تہجد پڑھنا جائز ہے؟ یعنی جس کمرہ میں ٹیلیویژن پڑا ہوا ہو۔

ج .... گھر میں ٹی وی رکھنا ہی جائز نہیں ہے جہاں تک مسئلہ کا تعلق ہے جس وقت آپ نماز پڑھ رہے ہیں اس وقت ٹیلیویژن بند ہے تو اس کمرے میں آپ کی نماز بلا کراہت صحیح ہے اور اگر ٹیلیویژن چل رہا ہے تو ایسی جگہ پر نماز پڑھنا مکروہ ہے' اور جو جگہ لہوولعب کے لئے مخصوص ہو اس میں بھی نماز مکروہ ہے۔

## غیر مسلم کے گھر میں فرش پر نماز پڑھنا

س ..... کسی غیر مسلم کے گھر فرش پر نماز کا ٹائم ہو جانے کی صورت میں نماز ادا کر سکتے ہیں۔ جبکہ دور دور تک کوئی مسجد نہ ہو اور نماز قضا ہو جانے کا ڈر بھی ہو۔

ج ..... زمین خشک ہونے کے بعد نماز کے لئے پاک ہو جاتی ہے' اور جگہ پاک ہو تو وہاں نماز پڑھ سکتے ہیں۔ اس لئے غیر مسلم کے گھر کے خالی فرش پر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں' اور اگر پاک کپڑا بچھا لیا جائے تو اور بھی اچھا ہے۔

## غصب شدہ زمین پر مسجد میں نماز پڑھنا

س ..... کسی کی زمین پر قیمت ادا کئے بغیر مسجد بنا دی گئی ہو۔ تو جائز ہے ؟

ج ..... یہ غصب ہے اور غصب کردہ جگہ میں مسجد بنانا درست نہیں۔ اس لئے غصب کی ہوئی جگہ میں جو مسجد بنائی گئی ہے جب تک زمین کا مالک اس کو مسجد کے لئے وقف نہ کرے اس پر مسجد کے احکام جاری نہیں ہوں گے۔ اور وہاں نماز پڑھنا گناہ ہے گو نماز ہو جائیگی۔

## مکان خالی نہ کرنے والے کرایہ دار کی نماز

س ..... ہم تقریباً ۱۱ سال سے ایک مکان میں کرایہ دار کی حیثیت سے رہتے ہیں۔ تقریباً دس سال تک ہم کرایہ مالک مکان کو خود بخود ہاتھ سے ادا کرتے تھے لیکن بعد میں مالک مکان نے کہا کہ میرا مکان خالی کر دو۔ ہم نے مکان خالی کرنے سے انکار کر دیا۔ حتیٰ کہ مالک نے کورٹ میں ہم پر مکان خالی کرنے کا کیس کر دیا۔ کیس چلتے تقریباً چھ سال ہو گئے ہیں کرایہ ہم کورٹ میں جمع کراتے ہیں۔ جناب والا اب آپ سے پوچھنا ضروری ہے کہ بعض لوگوں نے ہمیں کہا کہ جو تم لوگ گھر پر نماز پڑھتے ہو تو تمہاری نماز بغیر اجازت جائز نہیں۔ نماز پڑھنے کے لئے نماز کی اجازت لینا مالک مکان سے ضروری ہے۔ دوسرا مالک مکان کا ہم لوگوں سے بولنا چالنا بھی بند ہے۔ برائے مہربانی آپ بتائیں کہ ہماری نماز جائز ہے یا نہیں۔ اور ہم نے پہلے جتنی نمازیں گھر پر ادا کی ہیں سب کی سب نمازیں ضائع ہو گئیں ؟

ج ..... شرعاً کرایہ دار کے ذمہ مالک کے مطالبہ پر مکان خالی کر دینا لازم ہے اور خالی نہ کرنے کی صورت میں وہ غاصب ہے اور غصب کی زمین میں نماز قبول نہیں ہوتی۔ آپ کی نمازیں فقہی فتویٰ سے تو صحیح ہیں لیکن غصب کے مکان میں رہنے کی وجہ سے آپ گنہگار ہیں۔ مالک مکان کو راضی کرنا یا اس کا مکان خالی کر دینا واجب ہے۔

## قبرستان کے اندر بنی ہوئی مسجد میں نماز جائز ہے

س ..... حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ قبر کے اندر اور قبر کے اوپر نماز نہیں ہوتی' یہ حدیث میں نے بخاری شریف میں دیکھی اس کی روشنی میں برائے کرم یہ بتائیں کہ ان مساجد میں جن کے نیچے قبریں ہیں گر

ستونوں کے ذریعے چند فٹ کی اونچائی پر فرش بناکر مساجد تعمیر ہوئی ہیں نماز جائز ہے ؟ان مساجد میں نمازیوں کی تعداد بھی کثیر ہوتی ہے۔

ج ... قبرستان میں نماز مکروہ ہے۔ لیکن اگر وہاں مسجد ہو کہ اس میں نماز پڑھنے والے کے سامنے قبریں نہ ہوں تو نماز بلاکراہت جائز ہے' اس لئے ایسی مساجد' جن کا سوال میں ذکر کیا گیا ہے۔ ان میں نماز بغیر کراہت کے جائز ہے اور حدیث شریف کی ممانعت اس کو شامل نہیں۔

## نماز جمعہ میں فرض اور سنتوں کی نیت

س..... نماز جمعہ کی فرض اور سنت دونوں کی نیت جمعہ کی کرے یا صرف فرض کی جمعہ کی کرے ؟اور سنت کی نیت ظہر کی کرے ؟

ج..... فرض اور سنت دونوں میں فرض جمعہ اور سنت جمعہ ہی کی نیت ہوتی ہے۔ مگر سنتوں میں مطلق نماز کی نیت کرلینا کافی ہے اس کے لئے وقت کے تعین کی ضرورت نہیں۔

## مقتدی نے نیت میں غلط وقت کا نام لیا تو کیا ہو گا؟

س..... امام کے ساتھ نماز با جماعت میں بھی اگر وقت پکارنے میں غلطی کر بیٹھے' یعنی وقت ظہر کا ہے اور جماعت میں شامل پہلی رکعت میں رکوع سے قبل شامل ہو گیا ہے۔ لیکن وقت ظہر کے بجائے وقت عصر کہہ کر جماعت میں شامل ہوا۔ اس صورت میں اب یہ نمازی کیا کرے گا؟اس کی یہ نماز ہو گئی' یا وہ دوبارہ پڑھنی ہوگی؟

ج..... نیت دل کا فعل ہے' اگر دل میں ارادہ ظہر کی نماز پڑھنے کا تھا' مگر غلطی سے ظہر کی جگہ عصر کا وقت زبان سے نکل گیا تو نماز صحیح ہو گئی۔

## فاسد نماز میں فرض کی نیت کی جاتی ہے' دہرانے کی نہیں

س..... نماز دہرانے کا کیا طریقہ ہے؟ نمازی نے یہ محسوس کیا کہ غلطی ہو گئی ہے نماز دہرائی جائے تو اگر وہ دوسری تیسری رکعت پڑھ رہا ہے اور نماز ۴ رکعت کی ہے اس صورت میں وہ کیا کرے جو نماز اس نے غلط پڑھی ہے جب دوبارہ پڑھے تو نیت میں اس کا ذکر کرنا ضروری ہے کہ میں یہ نماز دوبارہ دہرا رہا ہوں؟

ج..... نماز میں اگر ایسی غلطی ہو جائے جس سے نماز فاسد ہو جائے تب اسے دہرانے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ اور جب پہلی نماز فاسد ہو گئی تو فرض اس کے ذمہ ہوگا اسی کی نیت کرنی چاہئے' دوبارہ دہرانے کی نیت خود ہی ہو جائے گی۔

## نیت کے الفاظ دل کو متوجہ کرنے کیلئے زبان سے ادا کئے جاتے ہیں

س..... کیا زبان سے نماز کی نیت کرنا قرآن و حدیث سے ثابت ہے؟

ج...... زبان سے نماز کی نیت کے الفاظ کہنا نہ قرآن وحدیث سے ثابت ہے اور نہ ائمہ متقدمین سے۔ اس لئے اصل نیت دل ہی کی ہے۔ مگر لوگوں پر وساوس وخیالات اور افکار کا غلبہ رہتا ہے جس کی وجہ سے نیت کے وقت دل متوجہ نہیں ہوتا۔ دل کو متوجہ کرنے کیلئے متاخرین نے فتویٰ دیا ہے کہ نیت کے الفاظ زبان سے بھی ادا کر لینا بہتر ہے۔ تاکہ زبان کے ساتھ کہنے سے دل بھی متوجہ ہو جائے۔

## نماز با جماعت میں اقتدا و امامت کی نیت دل میں کافی ہے

س...... مقتدی حضرات با جماعت نماز میں یہ کہتے ہیں کہ پیچھے اس امام صاحب کے لیکن امام صاحب جب مقتدیوں کے آگے مصلیٰ پر ہوتے ہیں کیا ان کو بھی یہ کہنا پڑتا ہے کہ آگے ان مقتدیوں کے؟ اس بارے میں تفصیل سے بتائیں

ج...... زبان سے کہنے کی ضرورت تو مقتدیوں کو بھی نہیں، صرف یہ نیت کرنا کافی ہے کہ میں اکیلے نماز نہیں پڑھ رہا، امام کے ساتھ پڑھ رہا ہوں۔ امام کو بھی یہ نیت کرنی چاہئے کہ میں اکیلا نماز نہیں پڑھ رہا بلکہ لوگوں کو نماز پڑھا رہا ہوں۔

## نیت کی غلطی سجدہ سہو سے درست نہیں ہوتی

س...... ظہر یا عصر یا مغرب کی نماز با جماعت سے یا علیحدہ پڑھتے وقت بھولے سے نیت نماز عشاء کی کر لی، رکوع میں جاتے وقت یا سجدے میں خیال آیا اس غلطی کا تو کیا نیت توڑ کر دوبارہ نیت کی جائے گی یا سجدہ سہو کیا جائے گا؟ مگر جماعت کے ساتھ تو سجدہ سہو بھی نہیں کر سکتے، ایسی صورت میں کیا کیا جائے؟

ج...... نیت اصل میں دل کے قصد وارادے کا نام ہے۔ اور زبان سے محض اس قصد کی ترجمانی کی جاتی ہے پس اگر دل میں دھیان مثلاً ظہر کی نماز کا تھا، مگر زبان سے عصر یا عشاء کا لفظ نکل گیا، تو نماز صحیح ہے۔ اور اگر دل میں دھیان ہی نہیں تھا تو نماز کی نیت باندھ کر نماز نئے سرے سے شروع کر دے۔ نیت کی غلطی سجدہ سہو سے درست نہیں ہوگی۔

## امام کی تکبیر کے بعد نیت باندھنے والے کی نماز صحیح ہے

س...... میں جماعت میں اس طرح شریک ہوا کہ امام نے تکبیر کہہ کر نیت باندھ لی اور میری صف میں مجھ سے پہلے کچھ نمازی ایسے ہیں جنہوں نے ابھی نیت نہیں باندھی ہے اور میں نے ان سے پہلے نیت باندھ لی تو کیا میرا یہ فعل درست ہے؟

ج...... آپ نے امام کی تکبیر کے بعد نیت باندھی ہے تو آپ کی نماز صحیح ہے، دوسروں نے باندھی ہو یا نہ باندھی ہو، اس سے کوئی غرض نہیں۔

## وتر کی نیت میں وقت عشاء کہنے کی ضرورت نہیں

س...... وتر کی نیت کس طرح کی جاتی ہے؟ کیا نیت میں وقت نماز عشاء کہا جاتا ہے؟

ج...... وقت عشاء کہنے کی ضرورت نہیں' البتہ یہ نیت کرنا ضروری ہے کہ میں آج کے وتر پڑھ رہا ہوں۔

## نیت کیلئے نماز کا تعین کرلینا کافی ہے رکعتیں گننا ضروری نہیں

س...... ہر نماز کو پڑھنے سے پہلے جتنی رکعتیں ہم پڑھ رہے ہیں ان کی تعداد اور نماز کی نیت کے الفاظ ادا کرنا ضروری ہیں یا صرف دل میں نیت کرلینا کافی ہے؟

ج...... نیت تو دل ہی سے ہوتی ہے اگر دل کی نیت کا استحضار کرنے کیلئے زبان سے بھی کہہ لے فلاں نماز پڑھتا ہوں تو جائز ہے۔ رکعتوں کی تعداد گننے کی ضرورت نہیں۔

## دل میں ارادہ کرنے کے بعد اگر زبان سے غلط نیت نکل گئی تو بھی نماز صحیح ہے

س...... بعض دفعہ ہم لوگ جلدی میں غلط نیت کرلیتے ہیں جیسے کہ ہمیں پڑھنی تو چار سنتیں ہیں' لیکن ہم نے دو سنت کی نیت کرلی۔ تو ایسی صورت میں کیا کرنا چاہئے؟

ج...... نیت اصل میں زبان سے نہیں ہوتی' بلکہ یہ دل کا فعل ہے۔ پس اگر دل میں ارادہ چار رکعت کا تھا اور زبان سے دو کا لفظ نکل گیا تو نیت صحیح ہے۔ اور سنتوں میں تو مطلق نماز کی نیت بھی کافی ہے اگر چار کی جگہ دو کا یا دو کی جگہ چار رکعت کا لفظ کہہ دیا' یا رکعتوں کا ذکر ہی نہیں کیا تب بھی سنتوں کی نیت صحیح ہو گئی۔

## نیت نماز کے الفاظ خواہ کسی زبان میں کہے' جائز ہے

س...... ہمارے گاؤں کے لوگ نیت نماز ایسے کرتے ہیں (چار رکعت نماز ظہر' فرض اس امام کے پیچھے منہ کعبہ شریف) یہ کہہ کر نماز شروع کر دیتے ہیں۔ یہ نیت نماز درست ہے یا صرف عربی میں جو الفاظ ہیں ان کا کہنا ہی جائز ہے؟

ج...... نیت دل سے ہوتی ہے یعنی دل میں یہ دھیان جمالینا کہ فلاں وقت کی نماز پڑھ رہا ہوں' زبان سے نیت کرنا ضروری نہیں۔ تاہم اگر زبان سے کہہ لے' خواہ کسی زبان سے کہے' جائز ہے۔

## قبلہ سے کتنے درجہ انحراف تک، نماز جائز ہے ؟

س...... ہمارا یعنی ایشیا والوں کا قبلہ مغرب (سمت ) کی طرف ہے اگر کوئی تھوڑا سا بھی شمال جنوب کی طرف ہو جائے تو کیا نماز ہوگی!

ج...... معمولی انحراف ہو تو نماز ہو جائے گی اور اگر 25 ڈگری یا اس سے زیادہ ہو تو نہیں ہوگی۔

## اگر مسافر کو قبلہ معلوم نہ ہو تو کیا کرے ؟

س...... اگر مسافر دوران سفر کسی ایسی جگہ قیام کرے جہاں قبلہ رخ کی سمت کا اندازہ نہ ہو سکے تو پھر کیا حکم ہے ؟

ج...... اول تو کسی سے دریافت کرے۔ اگر وہاں کوئی بتانے والا نہ ہو تو خود سوچے۔ غور و فکر کے بعد جس طرف طبیعت کا رجحان ہو کہ قبلہ اس طرف ہو گا اسی طرف نماز پڑھ لے۔

## کیا نابینا آدمی کو دوسرے سے قبلہ کا تعین کروانا ضروری ہے!

س...... اندھا آدمی اگر قبلے کے بجائے شمال یا جنوب کی طرف رخ کر کے نماز پڑھ لے تو اس کی نماز ہو جائے گی یا دیکھنے والے کیلئے ضروری ہے کہ اس کا رخ موڑ دے۔ جواب ضرور دیں آپ کی مہربانی ہوگی۔

ج...... نابینا آدمی کیلئے ضروری ہے کہ وہ دوسرے سے اپنے قبلہ رخ کی تصحیح کرا لیا کرے۔ اگر اس نے بغیر پوچھے خود ہی کسی جہت کی طرف رخ کر لیا اور وہ جہت قبلہ کی نہیں تھی تو اس کی نماز نہیں ہوگی۔ اور اگر نماز کے دوران وہ قبلہ رخ سے ہٹ جائے تو نماز کے اندر ہی اس کو قبلہ کی طرف کر دیا جائے۔

## اگر مسجد کی محراب سمت قبلہ پر درست نہ ہو تو کیا کیا جائے

س...... مسجد بنائی گئی مگر محراب قبلہ سے 20 ڈگری منحرف ہے اسی حال میں پانچ سال ہوئے نماز ادا کرتے رہے۔ اب کیا صرف محراب بدل دیں یا محراب اور مسجد دونوں کو از سر نو بنائیں ؟

ج...... بہتر تو یہ ہے کہ محراب درست کر لی جائے تاکہ نمازی بلا انحراف صحیح سمت قبلہ کا استقبال کریں جب تک محراب درست نہ ہو تو بیس ڈگری تک انحراف کی گنجائش ہے۔ جو نمازیں پڑھی جا چکی ہیں وہ صحیح ہو گئیں۔

## قبلہ اول کی طرف منہ کر کے بیٹھنا یا سجدہ کرنا

س...... مولانا صاحب اکثر نمازی حضرات جماعت سے فارغ ہونے پر علیحدہ بیٹھ کر قبلہ اول کے رخ منہ کر کے وظائف کرتے ہیں اور دعائیں مانگتے ہیں اور قبلہ اول کے رخ سجدہ بھی کرتے ہیں کیا اس رخ سجدہ

کرنا شرعی اعتبار سے جائز ہے یا اس رخ سجدہ کرنا منع یا گناہ ہے ؟ اس پر بھی حدیث فقہ حنفی کی رو سے روشنی ڈالیں۔

ج...... قبلہ رخ بیٹھ کر وظائف پڑھنا اور دعائیں کرتے رہنا تو بہت اچھی بات ہے مگر قبلہ اول یعنی بیت المقدس کی طرف مُنہ کر کے بیٹھنا یا اس طرف سجدہ کرنا غلط ہے' کیونکہ وہ اب قبلہ نہیں رہا' بلکہ منسوخ ہو چکا ہے۔

## قبلہ کی طرف ٹانگ کرنا

س...... اگر ہم قبلہ کی طرف لات کرتے ہیں تو کیا ہماری چالیس دن کی نمازیں ضائع ہو جاتی ہیں ؟

ج...... قبلہ شریف کی قصداً توہین تو کفر ہے۔ اور بغیر قصد وارادہ کے بھی ایسا کوئی فعل نہیں کرنا چاہئے جو خلاف ادب ہو۔ مگر اس سے نمازیں ضائع نہیں ہوں گی۔

## جس جائے نماز پر روضہ رسول کی شبیہ بنی ہوئی ہو اس پر کھڑا ہونا کیسا ہے ؟

س...... آپ نے اکثر دیکھا ہو گا کہ جائے نماز پر خانہ کعبہ اور روضہ مبارک کے نقوش (شبیہ) بنی ہوتی ہیں۔ امام حضرات خطبہ کے وقت منبر پر جائے نماز بچھا کر اس پر بیٹھ جاتے ہیں۔ مجھے تو یہ بات سخت ناگوار گزرتی ہے چونکہ اس طرح خانہ کعبہ اور روضہ رسولؐ کی بے ادبی ہوتی ہے میرے ناقص خیال میں تو ایسے جائے نماز پر کھڑا بھی نہیں ہونا چاہئے۔ آپ اس سلسلے میں مصدقہ جواب مرحمت فرمایئے اور یہ بھی فرمایئے کہ آیا میری وہ نمازیں ہوئیں یا نہیں جس میں خطبہ سننے سے زیادہ امام صاحب کی بے ادبی پر متوجہ رہا اور کڑھتا رہا ؟

ج...... منقش جائے نماز پر نماز کو فقہا نے خلاف ادب لکھا ہے تاکہ خیال نقش و نگار کی طرف نہ بٹے۔ باقی بے ادبی کا مدار عرف پر ہے۔ آپ کی نمازیں ہو گئیں۔

## قالین پر نماز ادا کرنا کیسا ہے ؟

س...... آج کل اکثر مساجد میں صفوں کے بجائے قالین بچھانے شروع کر دیئے ہیں اور قالین کی موٹائی بھی صفوں کی بہ نسبت کافی موٹی ہوتی ہے کیا قالین پر سجدہ جائز ہے ؟ اور نماز ہو جاتی ہے یا نہیں ؟ یا مکروہ۔ اس مسئلہ کا قرآن واحادیث کی روشنی میں جواب مرحمت فرمائیں۔

ج...... قالین پر نماز جائز ہے۔

## حلال جانور کی دباغت شدہ کھال کی جائے نماز پاک ہے

س...... کیا ہرن کی کھال کی بنی ہوئی جائے نماز پر ادائیگی نماز میں کوئی حرج ہے ؟

ج..... کوئی حرج نہیں' جانوروں کی کھال دباغت کے بعد پاک ہو جاتی ہے اس پر نماز ادا کی جا سکتی ہے۔

## ڈیکوریشن کی دریوں پر کپڑا بچھا کر نماز پڑھیں


س..... ہمارے محلے کی مسجد میں نماز کیلئے ڈیکوریشن سے جو دریاں آتی ہیں وہ بہت گندی ہوتی ہیں اور اسی میں سب لوگ نماز پڑھتے ہیں تو کیا اس پر نماز جائز ہے کہ نہیں ؟

ج..... کرائے کی جو دریاں آتی ہیں ان کا پاک ہونا معلوم نہیں اس لئے ان پر کپڑا بچھائے بغیر نماز نہیں پڑھنی چاہئے۔

## حرم شریف میں نماز پڑھتے ہوئے نمازی کا رخ عین بیت اللہ کی طرف ہونا شرط ہے

س..... نماز کی نیت میں یہ بھی شامل ہوتا ہے کہ ہمارا رخ قبلے کی طرف ہو نظر سجدے کی جگہ ہونی چاہئے سوال یہ ہے کہ اگر ہم خانہ کعبہ میں نماز ادا کر رہے ہوں اور کعبہ نظر کے سامنے ہو تو نظر اوپر کعبہ کی طرف ہونی چاہئے یا نیچے سجدہ کی جگہ جائے نماز پر ؟

ج..... نظر وہاں بھی سجدہ کی جگہ ہونی چاہئے لیکن یہ دیکھ لینا ضروری ہے کہ رخ عین بیت اللہ کی طرف ہے بھی یا نہیں ؟ میں نے بہت سے لوگوں کو جماعت کے ساتھ نماز پڑھتے ہوئے دیکھا کہ جس رخ قالین بچھی ہوئی ہوتی ہے اسی طرف نماز شروع کر دیتے ہیں۔ ان کا منہ بیت اللہ کی طرف نہیں ہوتا۔ ان کی نماز نہیں ہوتی۔ کیونکہ جب بیت اللہ شریف سامنے ہو تو عین بیت اللہ کی طرف رخ کا ہونا نماز کے صحیح ہونے کیلئے شرط ہے۔ اگر رخ بیت اللہ سے منحرف ہو تو نماز نہیں ہوگی۔



# نماز ادا کرنے کا طریقہ

## دوران نماز نظر کہاں ہونی چاہئے

س...... جب ہم نماز کیلئے کھڑے ہوتے ہیں تو ہماری نگاہ کہاں ہونی چاہئے۔ جب رکوع میں جاتے ہیں تو نگاہ کہاں کہاں ہونی چاہئے؟ ذرا تفصیل سے بتائیے گا۔

ج...... قیام کی حالت میں نظر سجدہ کی جگہ ہونی چاہئے' رکوع میں قدموں پر' سجدہ میں ناک کی کونپل پر' قعدہ میں رانوں پر اور سلام کہتے ہوئے دائیں اور بائیں کندھے پر۔

## نماز میں پیروں کے درمیان فاصلہ اور انگوٹھے کا زمین سے لگا رہنا

س...... جب ہم نماز پڑھنے کیلئے کھڑے ہوں تو کیا ہمارے پیروں کے درمیان کا فاصلہ چار انگل کا ہونا چاہئے یا اس سے زیادہ۔ اور کیا سیدھے پیر کا انگوٹھا زمین سے لگے رہنا چاہئے یا نہیں۔ جبکہ بہت سے لوگ ایک ایک فٹ کا درمیان میں فاصلہ رکھتے ہیں اور پیر کا انگوٹھا بھی ایک جگہ نہیں رکھتے تو کیا یہ دونوں طریقے صحیح ہیں؟

ج...... دونوں پاؤں کی ایڑیوں کے درمیان چار انگشت کے قریب فاصلہ مستحب لکھا ہے پاؤں کا انگوٹھا اگر اپنی جگہ سے ہٹ جائے تو اس سے نماز مکروہ نہیں ہوتی۔ مگر بلا ضرورت ایسا نہ کرنا چاہئے۔

## تکبیر تحریمہ کے علاوہ باقی تکبیریں سنت ہیں

س...... مقتدی محویت کے باعث یا کسی دوسری وجہ سے تعدیل ارکان کے وقت تکبیر نہیں کہہ سکا' یا کوئی تکبیر کہی اور کوئی نہیں کہی' (تکبیر تحریمہ ضرور کہہ چکا ہے) تو اس نقص کے باعث کیا اس کی نماز فاسد ہو گئی؟ نیز یہ بھی فرمائیں کہ تکبیر تحریمہ کے علاوہ دوسری تمام تکبیریں فرض ہیں' واجب ہیں' سنت ہیں یا مستحب؟

ج...... تکبیر تحریمہ فرض ہے۔ باقی تکبیریں سنت ہیں اگر نہیں کہہ سکا تو تب بھی نماز ہو گئی۔

## تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھ اٹھانے کا صحیح طریقہ

س..... تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھ اٹھانے کی تین روایات ہیں ایک کندھوں کے برابر کی دوسری کانوں کے برابر اور تیسری سر کے برابر سوال یہ ہے کہ نبی اکرمؐ نے کبھی کندھوں کے برابر تک ہاتھ اٹھائے تھے یا راویوں نے جان بوجھ کر روایت کرتے وقت تغیر و تبدل کر دیا۔ تاکہ امت میں تفرقہ پیدا ہو جائے ؟

ج..... تینوں روایات صحیح ہیں اور ان میں کوئی تعارض نہیں ہاتھوں کا نیچے کا حصہ کندھوں تک، انگوٹھا کانوں کی لو تک اور انگلیاں سر تک ہوں۔ انگوٹھوں کو کانوں کی لو سے مس کرنا چاہئے۔

## تکبیر کہتے وقت ہتھیلیوں کا رخ کس طرف ہونا چاہئے

س..... جناب میں نے ایک جگہ پڑھا تھا کہ نماز شروع کرتے وقت تکبیر کہتے وقت ہاتھوں کو جب کانوں تک اٹھایا جاتا ہے اس وقت ہتھیلیوں کا رخ قبلہ کی جانب ہونا چاہئے۔ جبکہ میں نے اپنے گھر والوں اور دوسرے نمازیوں کو دیکھا ہے کہ تکبیر کہتے وقت ان کے ہاتھوں کی ہتھیلیوں کا رخ چہرے کی طرف ہوتا ہے۔ آپ سے گزارش ہے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں جواب مرحمت فرمایئے کہ تکبیر کہنے کے دونوں طریقوں میں سے کونسا طریقہ صحیح ہے ؟

ج..... در مختار میں دونوں طریقے لکھے ہیں اور دونوں صحیح ہیں۔ لیکن قبلہ رخ ہونا زیادہ بہتر ہے۔

## امام تکبیر تحریمہ کب کہے

س..... ہماری مسجد کے امام صاحب "تکبیر" ختم ہونے سے پہلے ہی اللہ اکبر کہہ کر نیت باندھ لیتے ہیں۔ آپ بتایئے جب پوری تکبیر ہو جائے ہم اس وقت نیت باندھیں یا پھر امام صاحب کے ساتھ نیت باندھیں ؟

ج..... بہتر یہ ہے کہ امام اقامت ختم ہونے پر تکبیر تحریمہ کہے۔ تاکہ اقامت کہنے والا بھی ساتھ شریک ہو سکے۔

## امام اور مقتدی تکبیر تحریمہ کب کہیں

س..... تکبیر تحریمہ کہنے کا صحیح طریقہ کیا ہے۔ بعض لوگ بلند آواز سے تکبیر تحریمہ کہتے ہیں بعض آہستہ کہتے ہیں بعض بالکل خاموشی سے ہاتھ اٹھا کر باندھ لیتے ہیں۔ اس کے علاوہ بعض ائمہ تکبیر اتنی لمبی کھینچتے ہیں کہ بعض مقتدی پہلے ہی نیت باندھ چکے ہوتے ہیں لہٰذا اس سلسلے میں امام اور مقتدی اور اکیلے نماز پڑھنے والے کیلئے شرعاً صحیح طریقہ کیا ہے؟

ج..... تکبیر تحریمہ اتنی آواز سے کہی جائے کہ اپنے آپ کو سنائی دے۔ امام کو چاہئے کہ تکبیر کو زیادہ لمبا نہ کھینچے اور مقتدیوں کو چاہئے کہ امام کے تکبیر شروع کرنے کے بعد تکبیر شروع کریں اور ختم ہونے کے بعد ختم کریں۔ اگر مقتدی امام سے پہلے تکبیر تحریمہ ختم کر دے تو اس کی نماز نہیں ہوگی۔

## مقتدی کیلئے تکبیرِ اولیٰ میں شرکت کے درجات

س ...... میں نے سنا ہے کہ تکبیرِ اولیٰ کے تین درجات ہیں اول یہ کہ جب امام صاحب اللہ اکبر کہے تو ہم بھی اللہ اکبر کہہ کر ہاتھ باندھ لیں' دوسرا یہ کہ جب امام صاحب قرات شروع کریں اس سے پہلے ہم ہاتھ باندھ لیں۔ اور تیسرا یہ کہ امام صاحب کے رکوع میں جانے سے پہلے ہم ہاتھ باندھ لیں۔ کیا یہ درست ہے ؟ اگر درست ہے تو ہمیں تکبیرِ اولیٰ کا ثواب ملے گا یا نہیں؟

ج ...... صحیح تو یہ ہے کہ تکبیرِ اولیٰ کی فضیلت اس شخص کیلئے ہے جو امام کے تحریمہ کے وقت موجود ہو بعض نے اس میں زیادہ وسعت پیدا کرتے ہوئے کہا ہے کہ جو شخص قرات شروع ہونے سے پہلے شریک ہو جائے اس کو بھی فضیلت حاصل ہو جائے گی اور بعض نے مزید وسعت دیتے ہوئے کہا کہ جو قرأت ختم ہونے سے پہلے شریک ہو جائے اس کو بھی یہ فضیلت ہے۔

## تکبیر تحریمہ دوبار کہہ دینے سے نماز فاسد نہیں ہوتی

س ...... اگر نمازی قصداً یا سہواً تکبیر تحریمہ یا سلام کے الفاظ دو مرتبہ ادا کرلے تو اس سے نماز فاسد ہو جائے گی یا نہیں ؟

ج ...... نماز ہو جائے گی۔

## نماز میں ہاتھ باندھنا سنت ہے

س ...... بعض لوگ نیت کرنے کے بعد ہاتھ کو باندھتے نہیں کیا ان کی نماز ہو جاتی ہے اور کیا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی مختلف طریقوں سے نماز ادا کی ہے۔

ج ...... ہاتھ باندھنا سنت سے ثابت ہے اس لئے جمہور امت کے نزدیک یہ سنت ہے۔

## رفع یدین کرنا کیسا ہے ؟

س ...... کیا رفع یدین جائز ہے ؟ جبکہ بعض کرتے ہیں اور بعض ترک کرتے ہیں۔

ج ...... رفع یدین تکبیر تحریمہ کیلئے بالاتفاق سنت ہے۔ اس کے علاوہ دوسرے مواقع پر رفع یدین نہ کرنا بہتر ہے۔

## کیا رفع یدین ضروری ہے ؟

س ...... ہمارے پڑوس میں کچھ لوگ رہتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ بغیر رفع یدین کے تمہاری نماز بالکل نہیں ہوتی اور (سنن الکبریٰ بیہقی) سے حدیث پیش کرتے ہیں کہ حضور اکرمؐ نے وصال تک رفع یدین کیا جبکہ ہم رفع یدین نہیں کرتے ہمارے پاس کوئی بھی عالم نہیں جس سے ہم یہ مسئلہ پوچھ سکیں مہربانی فرما کر آپ اس مسئلے کی مکمل وضاحت فرمائیں۔

ج...... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ترک رفع یدین بھی ثابت ہے ہمارے امام ابو حنیفہؒ اور بہت سے ائمہ دین نے اسی کو اختیار کیا ہے جو حضرات رفع یدین کے قائل ہیں وہ بھی اس کو مستحب اور افضل ہی فرماتے ہیں، فرض واجب نہیں کہتے اس لئے یہ کہنا کہ رفع یدین کے بغیر نماز نہیں ہوتی خالص جہالت ہے۔ سنن کبریٰ کی جس روایت کا آپ نے ذکر کیا ہے وہ حد درجہ کمزور ہے۔ بلکہ بعض محدثین نے اس کو موضوع (من گھڑت) کہا ہے۔ (دیکھئے حاشیہ نصب الرایہ ص ۱۱۰ ج ۱)

## نیت اور رکوع کرنے میں ہاتھ نہ چھوڑیں

س...... نماز کی نیت کر کے ہاتھ کانوں کی لو تک اٹھا کر گھٹنوں تک چھوڑ کر پھر ناف کے نیچے باندھنے چاہئیں یا کانوں تک اٹھا کر فوراً ناف کے نیچے باندھ لیں نیز ایسے ہی رکوع میں جاتے ہوئے پہلے ہاتھوں کو گھٹنوں تک چھوڑ کر چند سیکنڈ کھڑے ہو کر رکوع میں جائیں یا بندھے ہوئے ہاتھ چھوڑ کر فوراً رکوع میں چلے جائیں۔

ج...... ہاتھ چھوڑنے کی ضرورت نہیں۔ کانوں کی لو تک اٹھا کر ہاتھ باندھ لیں اسی طرح رکوع کو جاتے ہوئے ہاتھ چھوڑ کر کھڑے ہونے کی ضرورت نہیں۔ ہاتھ چھوڑ کر رکوع میں چلے جائیں۔

## کیا رکوع کی حالت میں گھٹنوں میں خم ہونا چاہئے

س...... جب آدمی رکوع میں ہوتا ہے تو اس وقت ٹانگوں کو خم کرنا چاہئے یا سیدھی رکھنی چاہئیں ہمارے ایک صاحب کہتے ہیں کہ اس وقت پورے جسم کو لفظ محمد کی شکل کی طرح بنانا چاہئے اور میں کہتا ہوں کہ سر اور کمر ایک سیدھ میں اور ٹانگیں اور گھٹنے ایک سیدھ میں ہونے چاہئیں اور وہ کہتے ہیں کہ گھٹنوں میں خم ہونا چاہئے۔

ج...... آپ صحیح کہتے ہیں۔

## بیٹھ کر نماز پڑھنے والا رکوع میں کتنا جھکے

س...... بیٹھ کر نماز پڑھتے وقت رکوع میں کہاں تک جھکنا چاہئے؟

ج...... اتنا جھکیں کہ سر گھٹنوں کے برابر آجائے۔

## سمع اللہ لمن حمدہ کے بجائے اللہ اکبر کہہ دیا تو نماز ہوگئی

س...... گذشتہ دنوں ہمارے محلے کی مسجد میں امام صاحب رخصت پر تھے۔ نمازیوں میں سے ایک صاحب نے نماز عشاء کی امامت کی۔ آخری دو رکعتوں میں انہوں نے رکوع سے اٹھتے وقت "سمع اللہ لمن حمدہ" کے بجائے "اللہ اکبر" کے کلمات ادا کئے۔ نماز کے بعد اکثر مقتدی کہہ رہے تھے کہ نماز

دوبارہ ادا کی جائے' چند ایک نے کہا نماز دوبارہ ادا کرنے کی ضرورت نہیں۔ پھر نماز دوبارہ ادا نہ کی گئی' اکثر مقتدی غیر مطمئن ہو کر چلے گئے۔ کیا جب امام رکوع سے اٹھتے وقت بھول کر "اللہ اکبر" کہے تو مقتدی کو کیا لقمہ دینا چاہئے اور کیا اس طرح نماز درست ہو گی ؟

ج...... نماز صحیح ہو گئی۔ لقمہ دینے کی ضرورت نہیں۔

## رکوع کے بعد کیا کہے ؟

س...... نماز کے اندر رکوع سے اٹھ کر ربنا لک الحمد۔ حمداً کثیراً طیباً مبارکاً فیہ کیا پورا پڑھنا چاہئے اور اسی طرح دو سجدوں کے درمیان جلسہ میں وہ دعا جو عام طور پر نماز کی کئی کتابوں میں لکھی ہوتی ہے کیا وہ بھی پوری پڑھنی چاہئے ؟

ج...... یہ دعائیں عموماً نفل نماز میں پڑھی جاتی ہیں۔ فرض نماز میں بھی اگر پڑھ لے تو اچھا ہے اور اگر امام ہو تو اس کا لحاظ رکھے کہ مقتدیوں کو گرانی نہ ہو۔

## سجدہ میں ناک زمین پر لگانا

س...... نماز میں میں نے بہت سے آدمیوں کو دیکھا ہے کہ سجدہ کرتے وقت ناک کو صرف ایک بار زمین سے لگاتے ہیں پھر سجدہ مکمل کرنے تک ماتھا ہی لگائے رکھتے ہیں کیا ان کی نماز ہو جاتی ہے

ج...... سجدہ میں پیشانی اور ناک لگانا دونوں ضروری ہیں صرف پیشانی لگانا' ناک نہ لگانا مکروہ تحریمی ہے اور ایسی نماز کا لوٹانا واجب ہے اور ایک بار ناک لگا کر پھر نہ لگانا برا ہے۔

## نماز کا سجدہ زمین پر نہ کر سکے تو کس طرح کرے ؟

س...... میری ٹانگ گرنے کی وجہ سے کمزور ہے اور گھٹنے میں درد کی وجہ سے سجدہ زمین پر نہیں کر سکتی ہوں اور زمین سے کچھ اوپر تک سجدہ ہوتا ہے کیا ایسا سجدہ کروں یا کہ کسی چیز کو رکھ کر سجدہ کروں ؟ مہربانی سے بتائیے کہ کیا اس طرح میری نماز ہو جائے گی ؟

ج...... اگر آپ کو سجدہ کرنے پر قدرت نہیں تو سجدہ کا اشارہ کر لینا کافی ہے کوئی چیز آگے رکھ کر اس پر سجدہ کرنا کوئی ضروری نہیں۔

## سجدہ میں کہنیاں پھیلانا اور ران پر رکھنا

س...... سجدہ میں کچھ لوگ اپنی کہنیاں ران پر رکھ کر سجدہ کرتے اور اٹھتے ہیں اور کچھ لوگ سجدہ میں اپنی کہنیاں اس طرح دائیں بائیں پھیلا دیتے ہیں کہ ساتھ والے نمازی کی چھاتی میں ان کی کہنیاں جا لگتی ہیں کیا یہ صحیح ہے ؟

ج...... جماعت میں کہنیاں زیادہ نہیں پھیلانی چاہئیں جس سے دوسروں کو تکلیف ہو' گھٹنوں پر

کہنیاں رکھنا اگر ضرورت سے ہو تو جائز ہے۔

## عورتیں مردوں کی طرح سجدہ کریں یا دبے انداز میں

س...... کچھ لوگ کہتے ہیں کہ عورتوں کو اونچا سجدہ جیسا کہ مرد حضرات کرتے ہیں کرنا چاہئے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے اور یہ بھی کہتے ہیں مکہ شریف میں عورتیں اونچا سجدہ کرتی ہیں کچھ لوگ کہتے ہیں کہ عورتوں کو ایسا سجدہ کرنا چاہئے جس میں ان کی ٹانگیں زمین سے لگی ہوں اور پیٹ اور ٹانگیں ملی ہوئی ہوں یعنی دبے انداز میں سجدہ کرنا چاہیئے ۔ آپ بتائیے اس بارے میں آپ کا کیا کہنا ہے۔ یعنی قرآن وسنت کی روشنی میں کیا درست ہے ؟

ج...... امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک عورت کو زمین سے چپک کر سجدہ کرنے کا حکم ہے۔ حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو یہی ہدایت فرمائی تھی۔ (مراسیل ابی داؤد )

## اگر کسی رکعت میں ایک ہی سجدہ کیا تو اب کیا کیا جائے ؟

س...... کتاب احسن المسائل ترجمہ کنزالدقائق شائع کردہ قرآن محل کراچی نماز کی صفت کے بیان میں لکھا ہے کہ نماز میں کسی رکعت میں غلطی سے ایک ہی سجدہ کیا اور دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہو گیا تو نماز فاسد نہ ہوگی بلکہ ناقص ہوگی۔ کیا یہ صحیح ہے ؟

ج...... ہر رکعت میں دو سجدے فرض ہیں اگر کسی رکعت میں ایک ہی سجدہ کیا تو نماز نہیں ہوگی احسن المسائل میں جو مسئلہ ذکر کیا ہے وہ یہ ہے کہ اگر دوسرا سجدہ نہیں کیا۔ اور دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہو گیا تو نماز فاسد نہیں ہوئی لیکن اس سجدہ کا ادا کرنا ضروری ہے جب بھی یاد آئے اس سجدہ کی قضا کرے ۔ حتیٰ کہ اگر التحیات پڑھ کر سلام پھیر دیا تھا پھر یاد آیا کہ میں نے ایک ہی سجدہ کیا تھا تو سلام پھیرنے کے بعد اگر نماز کو فاسد کرنے والی کوئی چیز نہیں پائی گئی تو اس سجدہ کو قضا کر لے اور سجدہ سہو بھی کر لے اور اگر سلام پھیرنے کے بعد نماز کو فاسد کرنے والی کوئی چیز پائی گئی اس کے بعد یاد آیا کہ سجدہ رہ گیا تو نماز دوبارہ پڑھنی ہوگی۔ خلاصہ یہ کہ دوسرے سجدے کی تاخیر سے نماز فاسد نہ ہوگی مگر دوسرا سجدہ بھی ضروری اور فرض ہے۔

## قومہ اور جلسہ کی شرعی حیثیت

س...... ہمارے محلے کا ایک آدمی کہتا ہے کہ صرف رکوع سجدہ یا قعدہ یا قیام نماز کے ارکان نہیں بلکہ رکوع کے بعد کچھ دیر کھڑا ہونا اپنی جگہ الگ رکن ہے اور کم از کم اتنی دیر کھڑے ہوں کہ معلوم ہو کہ یہ بھی رکن نماز ہے۔ اس طریقہ پر ایک سجدہ کے بعد اطمینان سے بیٹھنا یہ بھی اپنی جگہ ایک الگ رکن نماز ہے اور اتنی دیر بیٹھے کہ احساس ہو کہ یہ الگ رکن ہے فرمانے لگے کہ ان ارکان کو مقتدی سے ادا کروانے میں امام کا بڑا ہاتھ ہے ' حضرت ہماری مساجد میں جو شکل اکثریت میں ہے وہ شاید یہ ہے کہ امام تو بذات خود یہ ارکان ادا کر پاتے ہیں مگر مقتدی نہیں کر پاتے جس کی وجہ شاید یہ ہے کہ امام حضرات تو رکوع سے یا سجدے سے اٹھتے وقت آدھے راستہ میں سمع اللہ لمن حمدہ۔ اللہ اکبر شروع کر دیتے ہیں اور جب تک مقتدی اٹھے اس وقت تک امام صاحب اپنے یہ ارکان فرما چکے ہوتے ہیں۔ مگر وہ اتنا مزید نہیں ٹھہرتے کہ مقتدی بھی چاہے

مسئلہ سے واقف ہوں یا نہ ہوں اپنے یہ ارکان ادا فرمالیں یا امام کے ٹھہرنے کی وجہ سے اس کے یہ ارکان از خود ادا ہو جائیں۔

ج ...... نماز میں رکوع کے بعد اطمینان کے ساتھ سیدھا کھڑا ہونا اور دونوں سجدوں کے درمیان اطمینان سے بیٹھنا (رکن تو نہیں مگر ) واجب ہے۔ اس کا اہتمام ضرور کرنا چاہئے۔ اور امام کو بھی لازم ہے کہ نماز اس طرح پڑھائے کہ مقتدی قومہ اور جلسہ اطمینان سے کر سکیں۔ ورنہ نماز کا اعادہ واجب ہوگا۔

## التحیات میں ہاتھ کہاں رکھنے چاہئیں

س ...... میں نے سنا ہے کہ التحیات میں ہاتھ گھٹنوں پر نہیں رکھنا چاہئے اس لئے کہ ہماری روح گھٹنوں سے نکلے گی

ج ...... قعدہ میں دونوں ہاتھ رانوں پر رکھ لے' انگلیاں قبلہ کی طرف متوجہ رہیں اس طرح کہ انگلیوں کے سرے گھٹنوں کے قریب پہنچ جائیں۔ مگر گھٹنوں کو پکڑے نہیں ورنہ انگلیوں کا رخ قبلے کی طرف نہیں رہے گا۔ تاہم اگر گھٹنوں کو پکڑ لے تب بھی جائز ہے۔ مگر افضل وہی ہے جو اوپر لکھا گیا۔ اور آپ نے جو لکھا ہے کہ "ہماری روح گھٹنوں سے نکلے گی" یہ میں نے کہیں نہیں پڑھا'

س ...... یہ بھی سنا ہے کہ انگلیوں کو التحیات میں لٹکانا نہیں چاہئے کہ قیامت کے دن لٹکی ہوئی انگلیاں کاٹی جائیں گی۔ کیا یہ درست ہے ؟

ج ...... میں نے یہ بات نہیں سنی۔ بظاہر فضول بات ہے۔

## التحیات میں تشہد کے وقت کس ہاتھ کی انگلی اٹھائیں

س ...... قعدہ میں التحیات کے بعد ہماری مسجد میں ایک صاحب الٹے ہاتھ کی شہادت کی انگلی تھامتے ہیں کیا یہ صحیح طریقہ ہے اور ان صاحب کو کس طرح سمجھایا جاسکتا ہے کیونکہ وہ ادھیڑ عمر کے آدمی ہیں اور نوجوان لوگ کچھ سمجھائیں تو یہ لوگ نوجوانوں کی عمر کا حوالہ دے کر اپنی بڑائی دکھاتے ہیں۔ اور صحیح بات کو تسلیم نہیں کرتے۔

ج ...... التحیات میں سیدھے ہاتھ کی شہادت کی انگلی اٹھائی جاتی ہے الٹے ہاتھ کی نہیں۔ ان صاحب کو مسئلہ تو ضرور بتایا جائے۔ اس پر وہ عمل کرتے ہیں یا نہیں۔ یہ ان کا کام ہے۔

## اگر تشہد میں انگلی نہ اٹھائی تو کیا نماز ہو جائے گی

س ...... (الف ) ایک عالم دین سے دریافت کیا کہ "التحیات" کے دوران انگشت شہادت کا بلند کرنے اور گرانے کی شرعی نوعیت کیا ہے تو انہوں نے جواباً فرمایا کہ اس کی ضرورت نہیں ہے مطلب یہ کہ اس فعل کے بغیر بھی نماز ہو جاتی ہے براہ کرم وضاحت فرمائیں کہ حدیث و فقہ کی روشنی میں اس فعل کی شرعی حیثیت کیا ہے (فرض' سنت موکدہ وغیرہ ) (ب ) التحیات کے دوران کہاں سے انگلی بلند کی جائے اور کہاں گرائی جائے اور انگلی گرا کر ہاتھ سیدھا کر لیا جائے یا حلقہ سلام پھیرنے تک بنا رہے ؟

ج...... تشہد پر انگشت شہادت کے ساتھ اشارہ کرنا سنت ہے اس لئے یہ کہنا غلط ہے کہ اس کی ضرورت نہیں البتہ یہ صحیح ہے کہ اگر نہ کیا جائے تو نماز ہو جاتی ہے اشارہ کا طریقہ یہ ہے کہ "اشہدان لاالٰہ الااللہ" کہتے ہوئے "لا" پر انگلی اٹھائے اور "الااللہ" پر گرادے۔

## تشہد کی انگلی سلام پھیرنے تک اٹھائے رکھنے کا مطلب

س...... آپ کا فتویٰ متعلق تشہد کے وقت انگلی اٹھانے کے بارے میں پڑھا اس بارے میں آپ کی توجہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی صاحبؒ کے فتویٰ کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ کتاب "فتاویٰ رشیدیہ" کے صفحہ نمبر 32 پر تحریر ہے کہ "تشہد کے وقت لفظ "لا" پر انگلی اٹھائی جائے اور سلام پھیرنے تک انگلی اٹھائے رکھیں آپ کے اور گنگوہی صاحب کے فتویٰ میں بالکل واضح اختلاف ہے لہٰذا کون سے فتویٰ پر عمل کیا جائے سخت الجھن پیدا ہو گئی ہے اور حدیث شریف میں بھی یہی آتا ہے کہ لفظ "لا" پر انگلی اٹھائے اور انگلی گرانے کے بارے میں کہیں کسی حدیث میں بھی نہیں بیان کیا گیا ہے لہٰذا جواب قرآن و حدیث کی روشنی میں مرحمت فرماکر اجر عظیم حاصل کریں۔

ج...... دونوں کے درمیان کوئی اختلاف نہیں دراصل دو مسئلے الگ الگ ہیں ایک شہادت کے وقت انگلی اوپر کو اٹھانا اور نیچے کر لینا۔ میں نے یہ مسئلہ لکھا تھا کہ "لا" کے وقت اٹھائے اور "الااللہ" پر جھکائے اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ شہادت کے بعد انگلیوں کا حلقہ سلام تک باقی رکھا جائے اور شہادت کی انگلی سلام تک بدستور الگ رہے فتاویٰ رشیدیہ میں اس مسئلہ کو ذکر فرمایا ہے یہاں اٹھی رہنے سے یہ مراد نہیں کہ جس طرح "لا" پر اٹھائی جاتی ہے اسی طرح اٹھی رہے بلکہ یہ مراد ہے کہ شہادت کے بعد انگلیوں کو پھیلایا نہ جائے جس طرح کہ کلمہ شہادت سے پہلے پھیلی ہوئی تھیں۔ بلکہ مٹھی سلام تک بدستور بند رہنی چاہئے۔ اور شہادت کی انگلی الگ رہنی چاہئے اسی کو اٹھی رہنے سے تعبیر فرمایا ہے۔ سوال و جواب میں غور کرنے سے یہ مطلب واضح ہو جاتا ہے۔

## نماز میں کلمہ شہادت پر انگلی کب اٹھانی چاہئے

س...... روزنامہ جنگ میں آپ نے ایک سوال کا جواب دیا ہے جو بعینہ نقل کر رہا ہوں۔
"التحیات میں اشہدان لا پر انگلی اٹھانا اور الااللہ پر رکھ دینا سنت ہے نہ کرے تو کوئی گناہ نہیں" تو حضرت! حاصل کلام یہ کہ میں نے "کیمیائے سعادت" جو حجۃ الاسلام۔ امام غزالیؒ کی شہرہ آفاق تصنیف ہے اس کے صفحہ نمبر 73 - 172 پر باب الصلوٰۃ میں پڑھا تھا کہ "اشہدان لا پر انگلی نہیں اٹھانی بلکہ "الااللہ" پر اٹھانی ہے اور ویسے بھی گرامر کے لحاظ سے اور عربی زبان کے اصولوں کی مناسبت سے بلکہ معنوی طور پر "اشہدان لا" کے معنی صرف گواہی یا شہادت کے ہیں اور وہ بھی منفی شہادت کے یعنی "کوئی خدا نہیں" یا کوئی "اللہ" نہیں۔ اور اس کی تکمیل کیلئے اور اس ادھورے فقرے کی تشنگی کا احساس ختم کرنے کے لئے الااللہ یعنی "مگر خدا ہے" جیسا کہ قرآن حکیم کی متعدد آیات سے ظاہر ہوتا ہے۔ سینکڑوں ایسی آیات مبارکہ ہیں جن کی نشاندہی کرنا اور وہ بھی آپ جیسے عالم کے سامنے گویا سورج کو چراغ دکھانا ہے۔

ج...... ہماری فقہی کتابوں میں یہ مسئلہ لکھا ہے جو میں نے لکھا تھا یعنی "لاالٰہ" پر انگلی اٹھائے۔ اور "الا

اللہ " پر رکھ دے اس کی وجہ یہ لکھی ہے کہ انگلی اٹھانے سے اشارہ غیر اللہ سے الوہیت کی نفی کی طرف ہے 'اور انگلی رکھنے سے اشارہ حق تعالیٰ شانہ 'کیلئے الوہیت کے اثبات کی طرف ہے لہٰذا "لاالہ " پر انگلی اٹھانی چاہئے۔ اور "الااللہ " پر رکھ دینی چاہئے۔

حضرت امام غزالیؒ شافعی المذھب ہیں جبکہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ حنبلی مذہب پر اور امام غزالیؒ اپنی کتابوں پر شافعی مذہب کے مطابق مسائل لکھتے ہیں اور حضرت شاہ عبدالقادر جیلانیؒ غنیۃ الطالبین میں حنبلی مذہب کے مسائل لکھتے ہیں احناف کو فقہی مسائل پر ان کتابوں پر نہیں 'بلکہ حنفی مذہب کے مطابق عمل کرنا چاہئے۔

## مقتدی کیلئے التحیات پوری پڑھنا لازمی ہے

س...... اگر امام سلام پھیر دے اور نمازی نے ابھی تک التحیات مکمل نہ پڑھی ہو تو کیا امام کے ساتھ ہی سلام پھیر دے یا پوری دعا پڑھ کے سلام پھیرے۔

ج...... تشہد (یعنی التحیات 'عبدہ ورسولہ تک ) دونوں قعدوں میں واجب ہے اگر پہلے قعدہ میں مقتدی کا تشہد پورا نہیں ہوا تھا کہ امام تیسری رکعت کیلئے کھڑا ہو گیا تو مقتدی امام کی پیروی نہ کرے بلکہ اپنا تشہد پورا کر کے کھڑا ہو (عبدہ ورسولہ تک ) اسی طرح اگر آخری قعدہ میں مقتدی کا تشہد پورا نہیں ہوا تھا کہ امام نے سلام پھیر دیا تو مقتدی امام کے ساتھ سلام نہ پھیرے 'بلکہ اپنا تشہد پورا کر کے سلام پھیرے۔

اگر کوئی شخص پہلے قعدہ میں آکر جماعت میں شریک ہوا اور اس نے التحیات شروع کی تھی کہ امام کھڑا ہو گیا تو یہ شخص امام کے ساتھ کھڑا نہ ہو بلکہ التحیات...... عبدہ ورسولہ تک...... پڑھ کر کھڑا ہو اگر کوئی شخص آخری قعدہ میں شریک ہوا ابھی التحیات پوری نہیں کی تھی کہ امام نے سلام پھیر دیا تو یہ شخص فوراً کھڑا نہ ہو جائے بلکہ التحیات...... عبدہ ورسولہ تک...... پوری کر کے کھڑا ہو۔

## التحیات پر سلام بصیغہ خطاب کا حکم

س...... آپ کی خدمت میں ایک سوال۔ لے کر حاضر ہوا ہوں ہم نماز میں جو التحیات پڑھتے ہیں وہ درج ذیل ہے۔

التحیات للہ والصلوات والطیبات السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علینا وعلیٰ عباداللہ الصالحین اشہدان لاالہ الااللہ واشہدان محمداً عبدہ ورسولہ۔

محترم محمود احمد عباسی اپنی تالیف "تحقیق سید وسادات " میں ایک موقع پر لکھتے ہیں کہ التحیات کا یہ درود صلوا علیہ وسلموا تسلیما۔ کی صحیح صحیح تعمیل ہے صحابہ آپؐ کی حیات میں یہی پڑھتے تھے جب آپؐ کی وفات ہو گئی ضمیر خطاب ترک کر کے السلام علی النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ پڑھنے لگے 'ایک اور موقع پر لکھتے ہیں کہ "فتح الباری شرح صحیح بخاری باب تشہد فی الاخیرہ (ص 453 مطبوعہ انصاری ) ابن حجر نے سلام علی النبی کی روایتیں درج کرنے کے بعد باسناد صحیحہ یہ روایت درج کی ہے کہ:

"نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب حیات تھے صحابہ (التحیات پڑھتے وقت) السلام علیک ایہا النبی (اے نبیؐ آپ پر سلام ہو) کہتے تھے جب آپؐ کی وفات ہو گئی تو کہتے تھے سلام علی النبی (نبی پر سلام ہو)"

ہم نماز (التحیات) میں ہی الفاظ السلام علیک ایہا النبی پڑھتے ہیں کیونکہ نماز کی جتنی بھی کتابیں ہم نے پڑھیں ان میں یہی الفاظ درج ہوتے ہیں آپ سے سوال یہ ہے کہ کیا اب بھی یہ الفاظ پڑھنا جائز ہیں جبکہ حضور اکرمؐ حیات نہیں ہیں۔

ج...... عباسی صاحب کی یہ بات تو صحیح نہیں کہ التحیات والا درود "صلوا علیہ وسلموا تسلیماً" کی صحیح تعمیل ہے کیونکہ اس آیت کریمہ میں "صلوٰۃ" اور "سلام" دو چیزوں کا حکم دیا گیا ہے اور التحیات میں صرف سلام ہے 'صلوٰۃ نہیں اس لئے اس سے آیت کریمہ کے حکم کے ایک حصہ کی تعمیل ہوتی ہے اور دوسرے حصہ کی تعمیل کیلئے التحیات کے بعد درود شریف رکھا گیا ہے اور فتح الباری کے حوالہ سے جو روایت نقل کی ہے کہ صحابہؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں "السلام علیک ایہا النبی" کہا کرتے تھے اور آپؐ کی وفات کے بعد "سلام علی النبی" کہتے تھے یہ روایت صحیح ہے اور صحیح بخاری جلد دوم صفحہ 926 پر موجود ہے حافظؒ نے اس سلسلہ کی روایت ذکر کرتے ہوئے شیخ تاج الدین سبکیؒ کے حوالے سے لکھا ہے کہ "اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ "السلام علی النبی" کہنا بھی جائز ہے" تاہم جن الفاظ کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیم فرمائی وہ اولیٰ و افضل ہیں اور امت کا تعامل بھی اسی پر چلا آرہا ہے۔

## نماز میں درود شریف کی کیا حیثیت ہے؟

س...... یہ تو معلوم ہے کہ تشہد کے بعد درود شریف واجبات سے نہیں لیکن کیا یہ دونوں درود جو نماز میں ہم پڑھتے ہیں یہ مسنون یا مستحب بھی ہیں یا نہیں؟ "فاران" شمارہ اپریل ۸۱ء میں جعفر شاہ کی تحریر کا مفہوم یہ ہے کہ ان کا مسنون یا مستحب ہونا صحاح ستہ سے ثابت نہیں "صلوا علیہ وسلموا تسلیما" کے حکم کی تعمیل تشہد کے آخری حصہ السلام علیک الخ سے ہو جاتی ہے۔ لہٰذا بعد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر درود پڑھنا درست نہیں ہے۔

اگر صحاح ستہ میں ایسی کوئی حدیث یا احادیث ہیں جن کی وجہ سے مروجہ درود کے یہی الفاظ مذکور ہیں تو براہ کرم اس کی پوری عبارت مع حوالہ 'کتاب' صفحہ اور سن اشاعت اور ناشر سے مطلع فرما دیں۔ تاکہ میں قارئین فاران کو ان صاحب کی پیدا کردہ غلط فہمی سے محفوظ رکھنے کیلئے لکھ سکوں۔

ج...... جعفر شاہ صاحب کا تعلق ان ملحدین سے ہے جو دین کی قطعی اور متفق علیہ باتوں کو مشکوک کرنے کے شوشے چھوڑتے رہتے ہیں۔

مشکوٰۃ شریف ص ۸۶ میں صحیح بخاری و صحیح مسلم کے حوالہ سے حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ذکر کی ہے کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجنے کا طریقہ تو اللہ تعالیٰ نے ہمیں بتادیا ہے (یعنی التحیات میں "السلام علیک ایہا

النبی ورحمة الله وبر کاتہ " کہا جائے) آپ کے اہل بیت پر ہم صلوٰۃ کس طرح پڑھا کریں؟ فرمایا یہ کہا کرو! اللھم صلی علیٰ محمد الخ

قرآن کریم نے امت کو دو باتوں کا الگ الگ حکم فرمایا ہے ایک صلوٰۃ اور دوسری سلام۔ سلام کے حکم کی تعمیل تو التحیات میں ذکر کئے گئے الفاظ " السلام علیک ایھا النبی ورحمة اللّٰہ وبر کاتہ " پڑھنے سے ہو جاتی ہے مگر صلوٰۃ کے حکم کی تعمیل کن الفاظ میں کی جائے؟ یہ بات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جواب میں " درود ابراہیمی " کے الفاظ تعلیم فرمائے۔

ایک اور حدیث حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ علیہ عنہ سے مروی ہے کہ

سمع رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم رجلاً یدعو فی صلوتہ لم یمجد اللّٰہ ولم یصل علی النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم فقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم عجل ھذا ثم دعاہ فقالہ اولغیرہ اذا صلی احدکم فلیبداء بتمجید اللّٰہ عز وجل والثناء علیہ ثم لیصل علی النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم ثم لیدع بعد الثناء

(ابو داؤد ص۲۰۸، ج۱، نسائی ص۱۸۹۔ ج۱، ترمذی ص۱۸۶، ج۲۔ وصححہ۔ سنن کبریٰ ص۱۴۷۔ ج۲، صحیح ابن خزیمہ ص۳۵۱۔ ج۱ الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان ص۲۰۸۔ ج۳، مستدرک حاکم ص۲۶۸۔ وص۲۳۰، ج۱ وقال صحیح علی شرط مسلم واقرہ الذہبی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو سنا کہ اپنی نماز میں دعا کر رہا ہے۔ اس نے نہ اللہ تعالیٰ کی تمجید وثنا کی، اور نہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس شخص نے جلدبازی کی، پھر اسے بلا کر فرمایا۔ جب تم میں سے کوئی شخص نماز پڑھے تو دعا سے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرے، پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے، پھر حمد وثنا کے بعد دعا کرے۔

ایک اور حدیث میں حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے

اقبل رجل حتی جلس بین یدی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ونحن عندہ فقال یارسول اللّٰہ! اما السلام علیک فقد عرفناہ فکیف نصلی علیک اذا نحن صلینا علیک فی صلوتنا؟ قال فصمت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم حتی احببنا ان الرجل لم یسألہ ثم قال۔ اذا صلیتم علی فقولوا۔ اللّٰھم صل علیٰ محمد الخ

صحیح ابن خزیمہ ص۳۵۲ ج۱۔ الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان ص۲۰۷۔ ج۳، موارد

اللمعان ص ۱۳۸- مستدرک حاکم ص ۲۶۸- ج ۱)

ایک شخص آیا' یہاں تک کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیٹھ گیا۔ ہم بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے۔ اس نے عرض کیا' یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجنے کا طریقہ تو ہم نے پہچان لیا' مگر جب ہم اپنی نماز میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجیں تو کیسے درود بھیجیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہ سن کر خاموش رہے' یہاں تک کہ ہمارا جی چاہا کہ اس شخص نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال نہ کیا ہوتا' یعنی شاید آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سوال سے ناگواری ہوئی' پھر فرمایا۔ جب تم مجھ پر درود بھیجو تو یہ کہا کرو (آگے درود شریف کے الفاظ سکھائے)

ان احادیث کی بنا پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے سے آج تک امت کا یہ تعامل چلا آتا ہے کہ آخری قعدہ میں التحیات کے بعد درود شریف پڑھا جائے۔ اور پھر دعا کی جائے' پھر نماز کا سلام پھیرا جائے۔ امام شافعیؒ کے نزدیک آخری قعدہ میں درود شریف فرض ہے اور دیگر اکابر کے نزدیک سنت ہے۔ لیکن امت میں اس کا کوئی بھی قائل نہیں کہ آخری قعدہ میں درود شریف نہ پڑھا جائے۔ ویسے بھی دعا سے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرنا' پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا دعا کے آداب میں سے ہے۔ اور یہ قبولیت دعا کا قوی ذریعہ ہے۔ تو نماز کے آخر میں دعا سے پہلے درود شریف پڑھنا اس قاعدے کے تحت آئے گا۔

## تشہد اور درود کے بعد دعائے ماثورہ سے کیا مراد ہے؟

س...... نماز فرض' نماز وتر' نماز سنت اور نفل ادا کئے جاتے ہیں۔ اور آخری قعدہ میں تشہد اور درود ابراہیمی پڑھتے ہیں' علماء کرام اور کتب فقہا سے معلوم ہوا ہے کہ تشہد اور درود ابراہیمی پڑھنے کے بعد دعائے ماثورہ بھی پڑھیں۔

اکثر نمازی حضرات دعائے ماثورہ جانتے ہی نہیں ہیں اور بہت سے دوسرے حضرات جانتے ہیں وہ دعائے ماثورہ پڑھتے نہیں ہیں۔ کسی کو اتنا وقت نہیں ملتا' اس صورت میں کہ دعائے ماثورہ نہ پڑھیں نماز میں نقص تو نہیں ہو گا؟ اور نماز ادا ہو جائے گی؟ یہ بھی وضاحت فرمائیں کہ دعائے ماثورہ ہر فرض نماز' وتر' نوافل اور سنتوں میں پڑھی جائے یا صرف فرض نماز کے لئے؟

ج...... آخری قعدہ میں درود شریف کے بعد دعاء مسنون ہے۔ قرآن کریم یا احادیث شریفہ میں جو دعائیں آئی ہیں ان کو دعائے ماثورہ کہا جاتا ہے ان میں سے کوئی بھی دعا پڑھ لینے سے سنت ادا ہو جائے گی۔ چنانچہ اکثر لوگ قرآن و حدیث کی دعائیں پڑھتے ہیں' اگرچہ وہ "دعائے ماثورہ" کا مطلب نہ

جانتے ہوں اور یہ دعا کرنا سنت ہے لہٰذا اگر بالکل ہی نہ پڑھے تب بھی نماز ہو جائے گی مگر ثواب میں کمی ہوگی۔

## قعدہ اخیرہ میں درود کے بعد کون سی دعا پڑھنی چاہئے؟

س...... قعدہ اخیرہ میں درود شریف کے بعد دعا اور سلام پھیرنے سے پہلے کون سی دعا پڑھنی چاہئے؟ کسی جگہ اللھم انی ظلمت اور کسی جگہ رب اجعلنی مقیم الصلوۃ پڑھنے کو لکھا ہوا ہے کیا ان میں سے کوئی ایک دعا پڑھنے سے نماز ہو جائے گی؟

ج...... قرآن و حدیث کی جو دعا چاہے پڑھ لے، نماز ہو جائے گی۔ حدیث میں ہے کہ "اللھم انی ظلمت نفسی" والی دعا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی درخواست پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو سکھائی تھی۔

## نماز میں کتنی دعائیں پڑھنی چاہئیں؟

س...... نماز میں بعد آخری تشہد کے اگر نمازی کئی دعائیں (جن میں احادیث و قرآن کی دعائیں شامل ہوں) پڑھ کر سلام پھیرے تو نماز میں کوئی حرج تو واقع نہیں ہوگا؟

ج...... جتنی دعائیں چاہے پڑھ سکتا ہے مگر امام کو چاہئے کہ اتنا لمبا نہ کرے کہ مقتدی تنگ ہو جائیں۔

## غلطی سے سلام بائیں جانب پھیر لیا تو نماز ہو گئی

س...... اگر غلطی سے سلام بائیں جانب پھیر لے اور فوراً یاد آنے پر دائیں اور پھر بائیں طرف پھیر لے تو نماز ہو جائے گی؟

ج...... ہو جائے گی۔

# نماز میں کیا پڑھتے ہیں

## نماز کے لئے ہر مسلمان کو کم از کم چار سورتیں یاد ہونی چاہئیں

س ...... نماز میں اگر زیادہ آیت یاد نہ ہو صرف سورہ فاتحہ اور اخلاص یاد ہو۔ ہر نماز میں یہ دونوں سورت ہی پڑھے تو اس سے نماز کے ثواب میں تو کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔ تمام نماز میں فاتحہ اور اخلاص پڑھنے سے کیا نماز ہو جاتی ہے کہ نہیں جبکہ وتر واجب میں بھی یہی دونوں سورت یاد ہوں۔ انہی دونوں سورت کو وتر میں پڑھنے سے کیا نماز ہو جاتی ہے کہ نہیں ...... ؟

ج ...... سورہ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں ایک ہی سورۃ پڑھنا مکروہ ہے اس لئے کم سے کم چار سورتیں تو ہر مسلمان کو یاد کر لینی چاہئیں اور جب تک یاد نہ ہوں ہر رکعت میں سورہ اخلاص ہی پڑھ لیا کریں ' نماز ہو جائے گی۔

## فرض نماز میں مفصلات پڑھنا مسنون ہے

س ...... قرأت کے متعلق فجر اور ظہر میں طوال مفصل ' عصر اور عشاء میں اوساط مفصل اور نماز مغرب میں قصار مفصل پڑھنا مسنون ہے۔ اگر نمازوں میں قرأت کا یہی معمول رہے تو ان حالات میں پہلے 25 پاروں سے ربط و تعلق نہیں رہتا۔ اتنا تو سمجھتا ہوں کہ قرآن کریم کہیں سے بھی پڑھیں نماز ہو جاتی ہے مگر سوال زیادہ ثواب کمانے کا ہے۔

ج ...... قرآن کریم کا باقی حصہ سنن اور نوافل میں پڑھا جائے۔ فرائض میں مفصلات کا پڑھنا افضل ہے تاکہ قرأت طویل نہ ہو۔

نوٹ: سورہ حجرات سے سورہ بروج تک کی سورتیں طوال مفصل کہلاتی ہیں۔ سورہ بروج سے سورہ لم یکن تک اوساط مفصل اور لم یکن سے آخر تک قصار مفصل کہلاتی ہیں۔

## زبان سے الفاظ ادا کئے بغیر فقط دل ہی دل میں پڑھنے سے نماز نہیں ہوتی

س ...... دل ہی دل میں پڑھنے سے نماز اور تلاوت ہو جاتی ہے یا زبان سے ادائیگی ضروری ہے ؟

ج ...... دل میں پڑھنے سے نماز نہیں ہوتی۔ زبان سے الفاظ ادا کرنا ضروری ہے۔ پھر ایک قول تو یہ ہے کہ ہلکی آواز سے اس طرح پڑھے کہ خود سن سکے، مگر دوسرا نہ سنے اور دوسرا قول یہ ہے کہ زبان سے صحیح الفاظ کا ادا ہونا شرط ہے۔ اپنے آپ کو سنائی دینا شرط نہیں، پہلا قول زیادہ مشہور ہے اور دوسرا قول زیادہ لائق اعتبار ہے۔

## نماز میں قرأت کتنی آواز سے کرنی چاہئے

س ...... نماز کے لئے ہر مسلمان کو یہ حکم ہے کہ دل میں پڑھے یعنی اکیلا پڑھ رہا ہو یا امام صاحب کے پیچھے (جتنا امام صاحب کے پیچھے پڑھنا جائز ہے ) تو بعض لوگ تو اس طرح پڑھتے ہیں کہ ان کے ساتھ بیٹھے ہوئے کم از کم میں تو اپنی نماز بھول جاتا ہوں اور کئی اتنی نیچی آواز میں پڑھتے ہیں کہ معلوم ہی نہیں ہوتا کہ یہ کچھ پڑھ رہے ہیں کہ چپ بیٹھے ہیں۔ حتیٰ کہ لب تک بھی ہلتے معلوم نہیں ہوتے۔ آپ وضاحت کر کے نصیحت فرمائیں کہ دل میں کس طریقہ سے پڑھنا چاہئے۔

ج ...... نماز میں قرأت اس طرح کرنی چاہئے کہ زبان سے حروف صحیح صحیح ادا ہوں اور آواز دوسروں کو سنائی نہ دے۔ دن کی نماز میں اس طرح قرأت کرنا کہ آواز دوسروں کو سنائی دے مکروہ ہے اور اگر اس طرح دل ہی دل میں پڑھے کہ زبان کو بھی حرکت نہ ہو اور حروف بھی ادا نہ ہوں تو نماز ہی نہیں ہوگی۔

## کیا اکیلا آدمی اونچی قرأت کر سکتا ہے؟

س ...... اگر آدمی اکیلا نماز پڑھ رہا ہو۔ پاس میں کوئی شخص عبادت نہ کرتا ہو تو یہ شخص اونچی آواز میں نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟

ج ...... رات کی نمازوں میں اونچی پڑھ سکتا ہے۔ رات کی نمازوں سے مراد ہیں فجر، مغرب اور عشاء۔

## نماز ظہر و عصر آہستہ، اور باقی نمازیں آواز سے کیوں پڑھتے ہیں؟

س ...... نماز ظہر و عصر کی آہستہ، نماز فجر، مغرب، عشاء کی بلند آواز تلاوت کی وجوہات تفصیلاً بیان فرمائیں؟

ج ...... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے اسی طرح چلا آتا ہے کہ ظہر و عصر کی قرأت آہستہ کی جاتی ہے، اور فجر، مغرب اور عشاء کی بلند آواز سے۔ کسی حکم کے ثبوت کی سب سے بڑی وجہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ثبوت ہوتا ہے۔ اس کے بعد کسی اور وجہ کی کسی مومن کو ضرورت ہی نہیں بلکہ عوام کو مسائل شرعیہ کی وجہ پوچھنا مضر ہے۔ اگرچہ ہر شرعی حکم میں حکمتیں ہیں اور بحمداللہ اہل علم کو وہ حکمتیں معلوم بھی ہیں مگر عوام کو حکمتوں کے درپے نہیں ہونا چاہئے۔

## فجر، مغرب اور عشاء کی باجماعت قضا دن میں جہری ہو یا سری؟

س ...... اگر فجر، مغرب یا عشاء کی نماز قضا ہو جائے اور دن کو جماعت کے ساتھ پڑھی جائے تو قرأت سری

ہوگی یا جہری ؟

ج ..... اس صورت میں جہری قرأت ہوگی۔ اس کے برعکس اگر دن کی قضا شدہ نماز کی جماعت رات کو کرائی جائے تو اس میں سری قرأت ہوگی۔

## نماز باجماعت میں مقتدی قرأت کرے یا خاموش رہے

س ..... نماز با جماعت ادا کرتے وقت قیام میں ثناء پڑھنے کے بعد مقتدی کو خاموش کھڑا رہنا چاہئے یا تلاوت کرنی چاہئے یہاں پر (ابوظہبی میں) مقامی لوگ الحمد شریف ضرور پڑھتے ہیں خواہ تلاوت بالجہر ہو' یا تلاوت مخفی'

ج ..... فاتحہ خلف الامام مشہور اختلافی مسئلہ ہے۔ امام شافعیؒ اس کو ضروری قرار دیتے ہیں اور اہل حدیث حضرات کا اسی پر عمل ہے۔ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک قرأت 'مقتدی کا وظیفہ نہیں' بلکہ امام کا وظیفہ ہے۔ اس لئے حنفیہ کے نزدیک امام کی اقتداء میں مقتدی کا قرأت کرنا جائز نہیں۔ آپ اگر امام ابو حنیفہؒ کے مقلد ہیں تو آپ خاموش کھڑے رہا کریں اور دل میں سورہ فاتحہ کو سوچتے رہیں۔

نوٹ: اس مسئلہ کی تشریح بقدر ضرورت میری کتاب "اختلاف امت اور صراط مستقیم حصہ دوم" میں ملاحظہ فرمالی جائے۔

## کیا مقتدی دھیان جمانے کے لئے دل میں قرأت یا ترجمہ دہراتا رہے

س ..... میں اکثر امام کے پیچھے نماز پڑھتے ہوئے اپنے دھیان کو بھٹکنے سے روکنے کے لئے یہ کرتا ہوں کہ امام صاحب کی قرأت کو دل میں آہستہ آہستہ دہراتا رہتا ہوں یا پھر اگر سورۃ یا آیات کا ترجمہ یاد ہو تو ترجمہ کو دہراتا رہتا ہوں۔ آپ یہ بتائیں کہ فقہ حنفیہ کے مطابق میرا یہ فعل صحیح ہے یا غلط؟

ج ..... امام کی قرأت کی طرف متوجہ رہنا ہیں مطلوب ہے زبان سے الفاظ ادا نہ کئے جائیں بلکہ امام جو کچھ پڑھے اس کو توجہ سے سنتا اور سمجھتا رہے۔

## مختلف جگہوں سے قرأت کرنا

س ..... کیا امام یا منفرد ایک ہی رکعت میں مختلف مقامات سے سورہ رکوع یا آیات کو قرأت کیلئے ملا سکتا ہے۔ مثلاً آغاز میں سورہ بقرہ کا رکوع اور اس کے ساتھ ہی سورہ یوسف میں سے کوئی رکوع یا آیات یا کہیں اور جگہ سے۔

ج ..... جائز ہے۔

## نماز میں تلاوت قرآن کی ترتیب کیا ہو

س ..... میں آپ سے نماز میں پڑھی جانے والی سورتوں کی ترتیب معلوم کرنا چاہتا ہوں۔ میں دو قسم کی ترتیب لکھ رہا ہوں۔ برائے مہربانی آپ بتائیں ان میں سے کون سی ترتیب صحیح ہے۔

(الف ) ..... اگر چار سنتیں پڑھنی ہوں تو پہلی رکعت میں سورۃ نمبر102 ' دوسری رکعت میں سورۃ نمبر105 'تیسری رکعت میں سورۃ109 اور چوتھی رکعت میں سورۃ نمبر113 پڑھ سکتے ہیں۔
(ب ) ..... اگر چار سنتیں پڑھنی ہوں تو پہلی رکعت میں سورۃ نمبر102 ' دوسری رکعت میں سورۃ نمبر103 'تیسری رکعت میں سورۃ نمبر104 اور چوتھی رکعت میں سورۃ نمبر105 پڑھنی چاہئے۔
ج آپ نے دونوں صورتیں صحیح لکھی ہیں۔ قرآن کریم میں سورتیں جس ترتیب سے آئی ہیں اسی ترتیب سے پڑھنی چاہئیں۔ خلاف ترتیب پڑھنا مکروہ ہے اور آخری چھوٹی سورتیں یا تو مسلسل پڑھی جائیں یا پہلی رکعت میں جو سورت پڑھی تھی اس کے بعد ایک سورت چھوڑ کر دوسری نہ پڑھی جائے۔ بلکہ دو سورتیں چھوڑ کر تیسری پڑھی جائے۔

## بعد میں آنے والی رکعت میں پہلی رکعت کی سورۃ سے زیادہ لمبی سورۃ پڑھنا

س ..... میں نے بہشتی زیور میں پڑھا ہے کہ نماز میں دوسری رکعت میں پہلی رکعت سے زیادہ لمبی سورۃ نہیں پڑھنی چاہئے۔ بہت سے لوگ چار رکعت کی نماز الم ترکیف سے شروع کرتے ہیں تو وہ تیسری رکعت میں سورۃ الماعون پڑھیں گے جو کہ اس سے پہلی سورۃ القریش سے بڑی ہے تو کیا نماز درست ہوگی ؟ چار رکعت نفل نماز میں تو غالباً تیسری رکعت سے مثل نئی نماز کے شروع کر سکتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ دوسری رکعت کی چھوٹی بڑی سورۃ کا تیسری رکعت کی سورۃ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا لیکن کیا یہاں بھی چوتھی رکعت کی سورۃ تیسری رکعت کی سورۃ سے زیادہ لمبی نہیں ہونی چاہئے ؟ مولانا صاحب! کیا سنت مؤکدہ میں بھی تیسری اور چوتھی رکعات پہلی دو رکعات سے آزاد ہوتی ہیں ؟
ج ..... یہاں چند مسائل ہیں:
(1 ) ..... فرض نماز میں دوسری رکعت کو پہلی رکعت سے تین آیتوں کی مقدار لمبا کرنا مکروہ ہے۔ جبکہ دونوں سورتوں کی آیتیں متقارب ہوں 'اور اگر دونوں کی آیتیں بڑی چھوٹی ہوں تو حروف و کلمات کا اعتبار ہوگا۔
(2 ) ..... یہ حکم تو فرض نماز کا تھا 'نفل نماز میں بعض نے دوسری رکعت کا لمبا کرنا بلا کراہت جائز رکھا ہے اور بعض نے نفلوں میں دوسری رکعت کے لمبا کرنے کو مکروہ فرمایا ہے۔
(3 ) ..... نفل کا ہر دوگانہ مستقل نماز ہے۔ اس لئے نفل نماز کی تیسری رکعت اگر دوسری سے لمبی ہو جائے تو کوئی حرج نہیں۔ سنت غیر موکدہ کا بھی یہی حکم ہے۔
(4 ) ..... سنت مؤکدہ کا حکم صراحتاً نہیں دیکھا۔ بہتر ہے کہ اس میں بھی بعد کی رکعتوں کو پہلی رکعتوں سے لمبا نہ کیا جائے۔

## چھوٹی سورتوں کے درمیان کتنی سورتوں کا فاصلہ ہو

س ..... ایک عالم دین فرماتے ہیں کہ امام کو قرأت کرتے ہوئے چھوٹی سورتوں کے درمیان کم از کم تین

سورتوں کا فاصلہ رکھنا ضروری ہے اس کی کیا وجہ ہے اور کیا یہ مسئلہ درست ہے ؟
ج ...... فقہا نے لکھا ہے کہ چھوٹی سورتوں میں قصداً ایک سورت چھوڑ کر اس سے اگلی سورت پڑھنا مکروہ ہے۔ اگر بڑی سورۃ درمیان میں چھوڑ کر اگلی سورۃ پڑھی جائے تو مکروہ نہیں اور اگر دو چھوٹی سورتیں چھوڑ کر تیسری پڑھی جائے تب بھی مکروہ نہیں' اور اگر بھول کر ایک چھوٹی سورۃ چھوڑ کر اگلی پڑھ لی جائے تب بھی مکروہ نہیں' کراہت کی وجہ یہ ہے کہ ایک چھوٹی سورۃ درمیان میں چھوڑ دینے سے ایسا شبہ ہوتا ہے گویا وہ اس سورۃ کو پسند نہیں کرتا۔

## بالکل چھوٹی سورت سے مراد کونسی سورت ہے

س ...... کہتے ہیں کہ نماز میں ایک بالکل چھوٹی سورۃ چھوڑ کر اگلی سورۃ نہیں پڑھنی چاہئے۔ کیا بالکل چھوٹی سورۃ سے مراد سورۃ اخلاص یا سورۃ کوثر ہیں ؟ اگر کسی نے اس مسئلہ پر عمل نہ کیا تو کیا وہ گناہ گار ہوگا ؟
ج ...... سورہ لم یکن کے بعد آخر قرآن تک کی سورتیں "چھوٹی سورتیں" ہیں' پہلی رکعت میں جو سورہ پڑھی ہو دوسری رکعت میں قصداً بعد والی چھوٹی سورۃ کو چھوڑ کر اگلی سورۃ پڑھنا مکروہ ہے' اگر بھول کر شروع کر دی تو کوئی حرج نہیں۔ اب اس کو نہ چھوڑے۔

## نماز میں بسم اللہ کو آہستہ پڑھا جائے یا آواز سے

س ...... سورۃ الفاتحہ میں کل سات آیات ہیں جن میں بسم اللہ بھی شامل ہے۔ میں نے کئی مولانا کے پیچھے نماز ادا کی وہ سورۃ فاتحہ سے پہلے بسم اللہ نہیں پڑھتے۔ ایک مولانا سے اس مسئلے پر میری بحث ہو گئی۔ میں یہ کہتا تھا کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم سورۃ فاتحہ کا ایک جز ہے۔ ایک آیت نہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے بڑے مولانا سے اسی طرح سنا ہے یعنی بڑے مولانا بھی سورہ فاتحہ سے قبل بسم اللہ نہیں پڑھتے۔ نماز کی کتابوں میں بھی بسم اللہ تحریر ہے۔
ج ...... امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک بسم اللہ شریف ایک مستقل آیت ہے' جو سورتوں کے درمیان امتیاز پیدا کرنے کے لئے نازل کی گئی ہے تاکہ ہر سورہ کا افتتاح اللہ تعالیٰ کے نام سے ہو۔ سورہ فاتحہ سے پہلے اس کا پڑھنا لازم ہے مگر بسم اللہ شریف جہری نمازوں میں آہستہ پڑھی جاتی ہے' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات شیخین (ابوبکر و عمر) رضی اللہ عنہما کا بھی یہی معمول رہا کہ بسم اللہ آہستہ پڑھتے تھے۔

## ثنا سے پہلے بسم اللہ نہیں پڑھنی چاہئے

س ...... کیا جب نماز شروع کریں تو نیت کرنے کے بعد سبحانک اللھم سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہئے یا کہ نہیں ؟
ج ...... سبحانک اللھم سے پہلے بسم اللہ نہیں پڑھی جاتی بلکہ ثناء کے بعد اعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھنی چاہئے۔

## دوسری رکعت شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا

س ...... نماز کی دوسری رکعت شروع کرنے سے پہلے کیا بسم اللہ پڑھنی ضروری ہے۔ عموماً پہلی رکعت میں پڑھی جاتی ہے۔ دوسری، تیسری اور چوتھی رکعت میں بھی پہلی رکعت کی طرح کیا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی جائے۔ اگر نہ پڑھی جائے تو کیا فرق پڑتا ہے ؟

ج ...... پہلی اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ سے پہلے بسم اللہ شریف پڑھنا بعض علماء کے نزدیک سنت ہے مگر علامہ حلبیؒ نے شرح مُنیہ میں لکھا ہے کہ صحیح یہ ہے کہ یہ واجب ہے۔ اگر بھول جائے تو سجدہ سہو واجب ہوگا تیسری اور چوتھی رکعت میں مستحب ہے۔

## کیا نماز کی ہر رکعت میں تعوذ و تسمیہ پڑھنی چاہئے

س ...... کیا نماز کی ہر رکعت میں تعوذ اور تسمیہ پڑھنی چاہئے۔

ج ...... اعوذ باللہ صرف پہلی رکعت میں ثناء کے بعد امام اور اکیلا نمازی پڑھتا ہے۔ بسم اللہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ سے پہلے پڑھی جاتی ہے۔

## کیا ثنا اور تعوذ سنت مؤکدہ کی دوسری رکعت میں بھی پڑھیں گے ؟

س ...... چار رکعت سنت پڑھتے وقت پہلی رکعت میں شروع میں ثنا، تعوذ، تسمیہ اور اس کے بعد سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص پڑھتے ہیں جب دوسری، تیسری اور چوتھی رکعت پڑھیں گے تو کیا تمام رکعت اسی ترتیب سے پڑھیں گے جیسے کہ اوپر لکھا ہے یعنی ثنا، تعوذ اور تسمیہ اس کے بعد سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص۔ اس کی صحیح ترتیب لکھیں کہ ثنا، تعوذ اور تسمیہ کون کون سی رکعت تک پڑھیں اس کے بعد کہاں سے شروع کریں کتاب میں صحیح ترتیب نہیں لکھی ہوئی ہے۔

ج ...... بسم اللہ شریف تو ہر رکعت کے شروع میں پڑھی جاتی ہے اور ثنا اور تعوذ فرض اور سنت مؤکدہ کی صرف پہلی رکعت میں پڑھی جاتی ہے۔ باقی رکعات میں نہیں۔ البتہ سنت غیر مؤکدہ اور نفل نماز میں تیسری رکعت کو ثنا اور تعوذ سے شروع کرنا افضل ہے۔ تیسری رکعت میں ثنا و تعوذ نہ پڑھے تب بھی کوئی حرج نہیں۔

## الحمد کی ایک آیت میں سکتہ کرنا

س ...... "ایاک" اور "نعبد" کے درمیان سکتہ کرنے سے نماز درست ہے یا نہیں ؟

ج ...... سکتہ کے معنی ہیں آواز بند کرلینا، مگر سانس نہ توڑنا۔ "ایاک" اور "نعبد" کے درمیان سکتہ نہیں، اس لئے یہاں سکتہ کرنا تو غلط ہے، لیکن نماز ہو جائیگی۔

## ض کا تلفظ باوجود کوشش کے صحیح نہ ہونے پر نماز ہو جائے گی

س ...... ماہنامہ "الفاروق" میں ایک جگہ "غیر المغضوب" والا سوال آیا تھا کہ اگر

"غیر المغضوب" کے "ض" کو اپنے مخرج سے "د" ادا کیا جائے تو اس کے معنی بدل جاتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ "مغدوب" سخت گوشت کو کہتے ہیں اور "مغضوب" کے معنی ہیں غضب کیا گیا اور حوالہ لسان العرب کا دیا گیا جبکہ ہمارے بریلوی علماء کہتے ہیں کہ اس کا صحیح مخرج بڑے بڑے علماء سے ادا نہیں ہو سکا اسلئے انہوں نے بھی "د" کے مخرج میں ادا کیا اور انہوں نے "فتاویٰ مصریہ" کا حوالہ دیا۔

ج ...... "ض" کا مخرج دال اور "ظ" دونوں سے الگ ہے کسی ماہر سے اس کے ادا کرنے کی مشق کی جائے اور جو شخص مشق کے باوجود صحیح تلفظ پر قادر نہ ہو اس کی نماز صحیح ہے۔

## جان بوجھ کر فرضوں میں صرف فاتحہ پر اکتفاء کرنا

س ...... ہمارے محلہ کی ایک مسجد میں گزشتہ جمعہ کو امام صاحب جمعہ کی نماز میں ایک رکعت میں خالی سورۃ فاتحہ پڑھا کر رکوع میں چلے گئے مقتدی یہ سمجھے کہ شاید امام صاحب بھول گئے بعد میں جب ان سے دریافت کیا تو انہوں نے کہا کہ میں بھولا نہیں میں نے جان بوجھ کر ایسا کیا ہے کیونکہ یہ سنت ہے۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات ثابت ہے کہ آپؐ نے بھی ایسا کیا ہے اسلئے میں نے صحیح کیا۔

ج ...... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول سنت متواترہ سے ثابت ہے کہ آپ سورۃ فاتحہ پر اکتفا نہیں کرتے تھے بلکہ اس کے بعد کوئی اور سورۃ بھی پڑھتے تھے کسی صحیح روایت میں یہ نہیں کہ آپؐ نے صرف سورۃ فاتحہ پر اکتفا کیا ہو البتہ امام بیہقی کی "سنن کبریٰ" (ص61ج2) میں اس مضمون کی ایک روایت ابن عباسؓ سے مروی ہے اور حافظؒ نے فتح الباری (ص243ج2) میں اس کو ابن خزیمہ کے حوالے سے ذکر کیا ہے مگر یہ روایت ضعیف اور سنت متواترہ کے خلاف ہونے کی وجہ سے غلط اور منکر ہے۔ جہاں تک ہمیں معلوم ہے اہل حدیث حضرات بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت متواترہ پر عمل کرتے ہوئے فاتحہ کے بعد کوئی سورۃ ضرور پڑھتے ہیں نہ معلوم آپ کے امام صاحب کو کیا سوجھی' انہوں نے ایک ضعیف اور غلط روایت کو سنت متواترہ پر ترجیح دی۔ فرض کی دو رکعتوں میں فاتحہ کیساتھ سورۃ کا ملانا واجب ہے اور اگر واجب کو عمداً ترک کر دیا جائے تو نماز واجب الاعادہ ہے۔

## شافعی نماز فجر کے دوسرے رکوع کے بعد قنوت پڑھتے ہیں

س ...... میں مکہ مکرمہ میں روٹی کی فیکٹری میں کام کرتا ہوں اور روزانہ مکہ سے تھوڑے فاصلے پر وادی حینہ (مسجد) میں فجر کی نماز ادا کرتا ہوں۔ امام صاحب پہلی رکعت میں رکوع بھی کرتے ہیں اور سجدہ بھی مگر دوسری رکعت میں قرأت کے بعد رکوع کے بجائے اللہ اکبر کہہ کر ہاتھ اٹھا کر دعا کرتے ہیں دعا کے بعد سیدھے سجدہ میں جاتے ہیں رکوع نہیں کرتے۔ آیا یہ طریقہ نماز درست ہے یا نہیں اگر درست ہے تو کس فقہ میں درست ہے؟

ج ...... رکوع تو نماز کا فرض ہے۔ اس کے بغیر نماز نہیں ہو سکتی۔ دراصل امام شافعیؒ کے نزدیک دوسری رکعت میں رکوع کے بعد قنوت پڑھی جاتی ہے۔ یہ امام شافعی مسلک کے ہوں گے اور رکوع کے بعد قنوت پڑھتے ہوں گے یہ ممکن نہیں کہ وہ رکوع نہ کرتے ہوں۔ بہر حال امام جب قنوت پڑھے تو آپ خاموش رہیں۔

## قیام میں بھول کر التحیات دعا و تسبیح یا رکوع و سجدہ میں قرأت کرنا

س ...... اگر قیام میں قرأت کے بجائے التحیات یا دعا یا تسبیح وغیرہ پڑھے یا اسکے برعکس رکوع و سجدہ میں بجائے تسبیح کے قرأت کرلے بھول کر تو پھر کیا کرے ؟

ج ...... اگر سورہ فاتحہ سے پہلے بھول کر تشہد یا تسبیح پڑھ لے تو سجدہ سہو لازم نہیں آتا اور اگر سورہ فاتحہ کے بعد پڑھے تو سجدہ سہو لازم ہے۔

اگر رکوع یا سجدے میں بھول کر قرأت کرلے تو اس میں دو قول ہیں' ایک یہ کہ سجدہ سہو لازم آئے گا۔ دوم یہ کہ سجدہ سہو لازم نہیں آتا۔ صاحب بحر نے پہلے قول کو ظاہر کیا ہے یعنی اس صورت میں سجدہ سہو لازم آئے گا۔

## ظہر یا عصر کی دوسری رکعت میں شامل ہونے والا بقیہ نماز کس طرح پڑھے ؟

س ...... مولانا صاحب اگر میں ظہر یا عصر کی جماعت کی دوسری رکعت میں شامل ہوا تو امام کے سلام پھیر لینے کے بعد جب اپنی چھوڑی ہوئی پہلی رکعت ادا کروں گا تو میں سورۃ کی کس طرح ترتیب قائم کروں گا کیونکہ ان نمازوں میں قرأت مخفی ہوتی ہے اسی طرح اگر میں فجر' مغرب یا عشاء کی جماعت کی دوسری رکعت میں شامل ہوا تو امام کے سلام پھیر لینے کے بعد جب میں اپنی بقیہ رکعت ادا کروں گا تو اس صورت میں قرآن کی ترتیب کس طرح قائم رکھوں گا کیونکہ ان نمازوں میں خاص طور سے فجر اور عشاء میں بیچ قرآن سے تلاوت ہوتی ہے کیونکہ میں حافظ تو نہیں ہوں۔

ج ...... جن رکعتوں کو آپ امام کے سلام پھیر دینے کے بعد پوری کریں گے ان میں آپ امام کے تابع نہیں بلکہ اپنی اکیلے نماز پڑھ رہے ہیں۔ اس لئے ان رکعتوں میں آپ کو اپنی قرأت کی ترتیب ملحوظ رکھنا تو ضروری ہے مثلاً اگر آپ کی دو رکعتیں رہ گئی ہیں تو پہلی رکعت میں آپ نے جو سورۃ پڑھی ہے دوسری رکعت میں اس کے بعد والی سورۃ پڑھیں اس سے پہلے کی نہ پڑھیں' لیکن امام کی قرأت کی ترتیب کا لحاظ آپ کے ذمہ ضروری نہیں پس امام نے جو سورتیں پڑھیں آپ بقیہ رکعت میں اس سے پہلے کی سورت بھی پڑھ سکتے ہیں اور بعد کی بھی۔

## تیسری اور چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ واجب نہیں ہے

س ...... میری مسجد کے امام صاحب نے ایک دن مغرب کی آخری رکعت میں ایک منٹ سے بھی کم قیام کیا اور رکوع میں چلے گئے نماز کے بعد نمازیوں نے پوچھا کہ آپ نے اتنی جلدی سورۃ فاتحہ پڑھ لی تو امام صاحب نے کہا کہ مجھے جلدی تھی اس لئے میں نے تین مرتبہ سبحان اللہ پڑھ لیا تھا نماز ہو گئی لیکن میں اس بات سے متفق نہیں ہوں مسجد کمیٹی نے ایک مفتی صاحب سے پوچھا تو مفتی صاحب نے کہا کہ مغرب کی تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ واجب نہیں مستحب ہے کیا یہ فتویٰ صحیح ہے اگر نہیں تو کیا میری وہ امام صاحب

کے ساتھ نماز جائز ہوگی؟

ج ...... حضرت امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک قرأت فرض نماز کی صرف پہلی دو رکعتوں میں فرض ہے۔ آخری دو رکعتوں میں واجب نہیں بلکہ ان میں صرف سورہ فاتحہ کا پڑھنا مستحب ہے۔ اس لئے حنفی مذہب کے مطابق یہ فتویٰ صحیح ہے۔

## چار رکعت سنت مؤکدہ کی پہلی رکعت میں سورہ فلق پڑھ لی تو کیا کرے

س ...... چار رکعت سنت مؤکدہ کی پہلی رکعت میں سوا سورہ فلق پڑھی بقیہ تین رکعتوں میں کون سی سورت ملانا افضل ہے اور کون سی ناجائز ؟

ج ...... باقی رکعتوں میں سورۃ الناس پڑھتا رہے۔

## وتر کی نماز میں کون سی سورتیں پڑھنا افضل ہے

س ...... کیا وتر کی پہلی' دوسری اور تیسری رکعتوں میں سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بعد بالترتیب سورہ اعلیٰ سورہ الکافرون اور سورہ اخلاص پڑھنا ضروری ہے؟ سورہ اعلیٰ کے علاوہ کوئی دوسری سورۃ پڑھ سکتے ہیں!

ج ...... انہی تین سورتوں کا پڑھنا ضروری نہیں بلکہ کوئی دوسری سورۃ بھی پڑھ سکتے ہیں' البتہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ان تین سورتوں کا علی الترتیب پڑھنا منقول ہے۔ اس لئے آپؐ کی اقتدا کی نیت سے یہ تین سورتیں پڑھی جائیں تو بہت اچھی بات ہے' لیکن کبھی کبھی دوسری سورتیں بھی پڑھ لیا کریں۔

## وتر کی پہلی رکعت میں سورہ فلق پڑھ لی تو آخری رکعت میں کیا پڑھے

س ...... غیر رمضان میں وتر پڑھتے ہوئے اکثر میرے منہ سے پہلی رکعت میں سورہ الفلق نکل جاتی ہے۔ دوسری رکعت میں سورۃ الناس پڑھتا ہوں کیا میں وتر کی تیسری رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ البقرۃ کی ابتدائی آیات پڑھ سکتا ہوں یا مجبوراً سورۃ الفلق سے پہلے کی کوئی سورۃ پڑھوں

ج ...... تیسری رکعت میں بھی سورۃ الناس کو دوبارہ پڑھ لیا جائے۔

## وتر کی پہلی رکعت میں سورہ الناس پڑھ لی تو باقی دو رکعتوں میں کیا پڑھے

س ...... ہم وتر کی نماز ادا کر رہے ہیں اور پہلی رکعت میں ہم نے سورۃ الناس پڑھی آخری دونوں رکعتوں میں کون سی سورۃ پڑھنی چاہئے ؟ اسی طرح ہم سنت مؤکدہ کی چار رکعت ادا کر رہے ہیں اور پہلی رکعت میں ہم نے سورۃ الناس پڑھی آخری تینوں رکعتوں میں کون سی سورتیں پڑھنی چاہئیں ؟

ج ...... باقی رکعتوں میں بھی یہی سورۃ پڑھتے رہیں۔

## اگر دعائے قنوت نہ آئے تو کیا پڑھے ؟

س ...... میں نے صدر سے آسان نماز کی کتاب خریدی ہے جو محمد عبدالمنان صاحب نے مکتبہ تھانوی

سے شائع کی۔ جس کے صفحہ۱۶ پر تحریر ہے کہ اگر دعائے قنوت نہ آئے تو "ربنا آتنا فی الدنیا" پڑھ لیں لیکن تعداد نہیں لکھی؟

ج..... ایک بار پڑھ لینا کافی ہے، لیکن دعائے قنوت یاد کرنے کا اہتمام کرنا چاہئے۔

## نماز میں پہلے دعا پھر درود شریف پڑھ کر سلام پھیرنا کیسا ہے؟

س..... نماز میں درود شریف کے بعد عربی کی ماثورہ دعائیں (جو عموماً نماز کے بعد بھی پڑھی جاتی ہیں) یا ان میں سے کچھ پڑھنا اور پھر درود شریف پڑھ کر سلام پھیرنا کیسا ہے؟

ج..... جائز ہے۔ لیکن جو ترتیب بتائی گئی ہے اس کے خلاف کیوں کیا جائے؟

## رکوع اور سجدہ سے اٹھتے ہوئے مقررہ الفاظ سے مختلف کہنا

س..... الف اور ج ایک دفتر میں ملازم ہیں ایک دن ج نے ظہر کی امامت کی اس نے رکوع سے اٹھتے وقت اللہ اکبر کہا جبکہ اسے "سمع اللہ لمن حمدہ" کہنا تھا۔ دوسرے سجدے سے اٹھتے وقت ج نے "سمع اللہ لمن حمدہ" کہا اسے اللہ اکبر کہنا تھا اسی طرح ہر رکوع کے بعد اللہ اکبر کہا اور ہر دوسرے سجدہ کے بعد "ربنا لک الحمد" کہا اسی طرح چار رکعت پوری ہوئیں۔ جبکہ روزانہ پانچ وقت کی نماز ادا کرتا ہے مسجد میں امام صاحب کی آواز برابر سنتا ہے اور کوئی ناسمجھ اور بھولا آدمی نہیں ہے، بلکہ ایک بالغ ہوشیار سمجھدار اور ماشاء اللہ کئی بچوں کا والد ہے۔ وہ کسی مولانا سے کم نہیں ہے اپنے کو بہتر جانتا ہے اس نے نہ تو سجدہ سہو کرایا نہ نماز کے بعد اس کی غلطی بتائی گئی تو اسے کوئی احساس نہیں ہوا بلکہ اس نے دوسروں کی غلطی بیان کرنی شروع کر دی۔ الف آپ سے مودبانہ عرض کرتا ہے کہ اس طرح نماز ادا ہو گئی یا سب کو لوٹانی پڑے گی؟

ج..... رکوع سے اٹھتے ہوئے "سمع اللہ لمن حمدہ" کہنا اور سجدے سے اٹھتے ہوئے تکبیر کہنا سنت ہے۔ اس کے خلاف کرنے کی صورت میں نماز تو ہو گئی مگر جان بوجھ کر سنت کے خلاف کرنا برا ہے۔ اور اگر اس کا مقصود سنت کا مذاق اڑانا تھا تو یہ کفر کے مترادف ہے۔

# لاؤڈ اسپیکر کا استعمال

## نماز میں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال جائز ہے

س ...... میری مسجد میں گزشتہ دنوں ایک مولانا صاحب باہر سے تشریف لائے۔ انہوں نے وعظ اور خطبہ وغیرہ تو لاؤڈ اسپیکر پر دیا مگر نماز پڑھاتے وقت کہنے لگے کہ نماز میں اس کا استعمال ناجائز ہے ان کی یہ منطق ہماری سمجھ سے باہر ہے کہ جس لاؤڈ اسپیکر پر تھوڑی دیر پہلے انہوں نے قرآن کریم کی آیات کی تلاوت کی، جس پر وعظ و تبلیغ کی، اب وہی لاؤڈ اسپیکر ناجائز کیسے ہو گیا۔ ہم لوگ تو بچپن سے اب تک اس پر نماز پڑھتے آرہے ہیں اور ہم نے یہ بھی سن رکھا ہے کہ بڑے بڑے علماء دین نے اس کو جائز قرار دیا ہے مگر وہ مولانا صاحب اسے ناجائز کیسے کہہ رہے تھے۔ یہ بات ہماری سمجھ سے باہر ہے۔

ج ...... نماز میں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال عام اہل علم کے نزدیک جائز ہے۔

## لاؤڈ اسپیکر کے ساتھ مکبّر کا انتظام بھی ہونا چاہئے

س ...... جمعہ کی نماز میں یا علاوہ ازیں ہجوم کے وقت ضرورت کے پیش نظر لاؤڈ اسپیکر پر نماز پڑھائی جاتی ہے تو اس صورت میں پیچھے مکبر کی ضرورت نہیں رہتی تو کیا پیچھے مکبر کا متعین کرنا شریعت میں جائز ہے یا نہیں ؟

ج ...... لاؤڈ اسپیکر کی صورت میں بھی مکبر کا انتظام ہونا چاہئے تاکہ اگر بجلی رہ جائے تو وہ تکبیر کہہ سکے اور نماز میں خلل نہ ہو۔

## مساجد کے باہر والے لاؤڈ اسپیکر ازان کے ماسوا کھولنا ناجائز ہے

س ...... نہایت تیز بلند آواز لاؤڈ اسپیکر سے تراویح، درس، نفل نمازیں جو تمام محلے کے سکون، نیند، خواتین کی نمازیں، ضعفاء کی راحت کو برباد کر دے۔ جائز ہے یا گناہ ہیں۔ صرف حدود مسجد تک لاؤڈ اسپیکر کے استعمال کا شرعاً جواز معلوم ہوتا ہے۔

ج ...... ازان کیلئے اوپر کے اسپیکر کھولنے کا تو مضائقہ نہیں کہ باہر کے لوگوں تک ازان کی آواز

پہنچانا مطلوب ہے لیکن نماز' تراویح' درس وغیرہ کیلئے اگر لاؤڈ اسپیکر کے استعمال کی ضرورت ہو تو اس کی آواز مسجد کے مقتدیوں تک محدود رہنی چاہئے۔ باہر نہیں جانی چاہئے۔ تراویح کیلئے' نماز کیلئے اور درس وغیرہ کیلئے باہر کے اسپیکر کھولنا عقلاً و شرعاً نہایت قبیح ہے۔ جس کے وجوہ حسب ذیل ہیں۔

(1)...... بعض مساجد اتنی قریب قریب ہیں کہ ایک کی آواز دوسری سے ٹکراتی ہے' جس سے دونوں مسجدوں کے نمازیوں کو تشویش ہوتی ہے اور ان کی نماز میں خلل واقع ہوتا ہے۔ ایسے واقعات بھی پیش آتے ہیں کہ ایک مسجد کے مقتدی جو پچھلی صفوں میں تھے' دوسری مسجد کی تکبیر پر رکوع سجدے میں چلے گئے۔ نمازیوں کو ایسی تشویش میں مبتلا کرنا کہ ان کی نماز میں گڑبڑ ہو جائے' صریح حرام ہے' اور اس حرام کا وبال ان تمام لوگوں کی گردن پر ہوگا جو نماز کے دوران اوپر کے اسپیکر کھولتے ہیں۔

(2)...... مسجد کے نمازیوں تک آواز پہنچانا تو ایک ضرورت ہوئی' لیکن نماز میں اوپر کے اسپیکر کھول دینا جس سے آواز دور دور تک پہنچے یہ محض ریاکاری ہے' جس سے عبادت کا ثواب باطل ہو جاتا ہے۔
رمضان مبارک میں بعض حافظ صاحبان ساری رات لاؤڈ اسپیکر پر قرآن مجید پڑھتے رہتے ہیں' جس میں ریاکاری کے سوا کوئی بھی صحیح غرض نظر نہیں آتی۔

(3)...... تراویح میں باہر کے اسپیکر کھولنے میں ایک قباحت یہ ہے کہ چلتے پھرتے اور گھروں میں بیٹھے ہوئے لوگوں کے کان میں سجدہ تلاوت کی آیات آتی ہیں' جن کی وجہ سے ان پر سجدہ تلاوت واجب ہو جاتا ہے۔ ان میں سے بہت سے لوگوں کو یہ معلوم بھی ہوگا کہ یہ سجدہ کی آیت ہے' پھر بھی وہ لوگ سجدہ نہیں کرتے ہوں گے' ان بے شمار لوگوں کے ترک واجب کا وبال بھی سنانے والوں کی گردن پر رہے گا۔

(4)...... جیسا کہ سوال میں ذکر کیا گیا ہے لاؤڈ اسپیکر کی بلند آواز سے پورے محلہ کا سکون غارت ہو جاتا ہے' بیمار آرام نہیں کر سکتے۔ گھروں میں خواتین کا اپنی نماز پڑھنا دوبھر ہو جاتا ہے' وغیرہ وغیرہ اور لوگوں کو اس طرح مبتلائے اذیت کرنا حرام ہے۔

(5)...... بعض قاری صاحبان اپنے لحن داؤدی سنانے کے شوق میں تہجد کے وقت بھی لاؤڈ اسپیکر پر تلاوت یا نعت خوانی شروع کر دیتے ہیں' جس کی وجہ سے تہجد کا پر سکون وقت مناجات بھی شور و ہنگامہ کی نذر ہو جاتا ہے۔ اس وقت اگر کوئی تہجد میں اپنی منزل پڑھنا چاہے تو نہیں پڑھ سکتا' اور بعض ظالم اس وقت تلاوت کا ریکارڈ لگا کر لوگوں کا سکون برباد کر دیتے ہیں۔

خلاصہ یہ کہ جو لوگ اذان کے علاوہ پنجگانہ نماز میں' تراویح میں یا درس و تقریر میں باہر کے اسپیکر کھول دیتے ہیں وہ اپنے خیال میں تو شاید نیکی کا کام کر رہے ہوں لیکن ان کے اس فعل پر چند در چند مفاسد مرتب ہوتے ہیں اور بہت سے محرمات کا وبال ان پر لازم آتا ہے اور یہ سب محرمات گناہ کبیرہ میں داخل ہیں۔ اس لئے لاؤڈ اسپیکر کی آواز حدود مسجد تک محدود رکھنا ضروری ہے اور اذان کے علاوہ دوسری چیزوں کیلئے باہر کے اسپیکر کھولنا ناجائز اور بہت سے کبائر کا مجموعہ ہے۔

# کیا مسجد کا اسپیکر گلی میں لگا سکتے ہیں

س ..... ہمارے محلے میں مسجد کے اسپیکر کافی فاصلہ پر گلیوں میں لگائے گئے ہیں کیونکہ مسجد کا فاصلہ دور ہونے کی وجہ سے آواز نہیں پہنچ سکتی۔ ان اسپیکروں سے صرف اذان کا کام لیا جاتا ہے۔ مقامی انتظامیہ کو ان اسپیکروں پر اعتراض ہے۔ آپ مسئلہ کی وضاحت کریں انتظامیہ کا اعتراض صحیح ہے یا غلط؟

ج ..... یہ مسئلہ انتظام سے تعلق رکھتا ہے۔ سنت اذان تو مسجد کی اذان سے ادا ہو جاتی ہے۔ خواہ پوری آبادی اسے سنے نہ سنے پس اگر اہل محلہ کو دور لاؤڈ اسپیکر لگانے پر اعتراض نہ ہو تو لگائے جائیں' ورنہ نہیں۔

# جماعت کی صف بندی

## مسجد میں ناحق جگہ روکنا

س..... بعض مساجد میں مخصوص لوگ اپنے لئے مخصوص جگہ کا تعین کر لیتے ہیں۔ اور قبضے کیلئے پہلے سے کوئی کپڑا وغیرہ ڈال دیتے ہیں اور کوئی آدمی اس جگہ بیٹھ جائے تو اس سے لڑتے جھگڑتے ہیں۔ شرع کا اس بارے میں کیا حکم ہے؟

ج..... جو شخص مسجد میں پہلے آ جائے وہ خالی جگہ کا مستحق ہے پس اگر کوئی شخص پہلے آ کر جگہ روک لے اور پھر وضو وغیرہ میں مشغول ہو جائے تو اس کا جگہ روکنا تو صحیح ہے لیکن اگر جگہ روک کر گھر چلا جائے یا بازار میں پھرتا رہے تو اس کا جگہ روکنا جائز نہیں ہے۔

## صف کی دائیں جانب افضل ہے

س..... ایک شخص کا کہنا ہے کہ "با جماعت نماز میں امام کے سیدھے ہاتھ کی طرف والی صف میں نماز پڑھنے سے زیادہ ثواب ملتا ہے۔" اس پر میں نے کہا کہ اس طرح تو کوئی بھی نمازی بائیں طرف کی صف میں نماز نہیں پڑھے گا تو وہ کہنے لگے کہ "یہ بات بہت کم لوگوں کو معلوم ہے۔" یہ بات کہاں تک ٹھیک ہے؟

ج..... صف کی دائیں جانب افضل ہے۔

حدیث میں ہے کہ

"اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں صفوں کی دائیں جانب۔"

(مشکوٰۃ ص ۹۸)

تاہم اگر دائیں طرف آدمی زیادہ ہوں تو بائیں طرف کھڑے ہونا ضروری ہے تاکہ دونوں جانب کا توازن برابر رہے۔

## پہلی صف میں شمولیت کیلئے پچھلی صفوں کا پھلانگنا

س...... پہلی صف میں نماز پڑھنے کا بہت ثواب ہے۔ بہت سے لوگ اس ثواب کے حصول کیلئے دیر سے آنے کی صورت میں لوگوں کی گردنوں کو پھلانگتے ہوئے جاتے ہیں اور پہلی صف میں جگہ نہ ہونے کے باوجود پہلی صف میں زبردستی گھستے ہیں جس سے اس صف کے نمازیوں کو نہ صرف تنگی بلکہ تکلیف ہوتی ہے اور اس نمازی کی طرف سے دل میں بھی طرح طرح کے خیال آتے ہیں۔ کیا اس طرح گردنوں کا پھلانگنا اور زبردستی پہلی صف میں داخل ہونا صحیح ہے؟ شرع میں ایسے لوگوں کیلئے کیا عتاب کیا گیا ہے؟

ج...... اگر پہلی صف میں جگہ ہو تو پچھلی صفوں سے پھلانگتے ہوئے آگے بڑھنا جائز ہے لیکن اگر گنجائش نہیں تو لوگوں کی گردنوں سے پھلانگنا اور دو آدمیوں کے درمیان زبردستی گھسنا جائز نہیں۔ حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے اور ایسے شخص پر ناراضی و خفگی کا اظہار فرمایا ہے۔

## موذن کو امام کے پیچھے کس طرف کھڑا ہونا چاہئے؟

س...... جماعت کھڑی ہونے کے بعد پیچھے موذن تکبیر پڑھتا ہے تو اسے مولوی صاحب کے کس ہاتھ کی طرف کھڑا ہونا چاہئے؟

ج...... کسی جانب کی تخصیص نہیں۔ مکبر جس طرف بھی کھڑا ہو شرعاً یکساں ہے۔

## عین حی علی الصلوٰۃ پر کھڑے ہونے سے مقتدیوں کی نماز میں انتشار

س...... بعض مساجد میں دیکھا ہے کہ جب جماعت کی نماز کیلئے تکبیر ہو رہی ہوتی ہے تو تمام نمازی اور امام صاحب بیٹھے ہوتے ہیں جب مکبر حی علی الصلوٰۃ کہتا ہے تب امام صاحب اور تمام مقتدی کھڑے ہو جاتے ہیں اس طریقہ میں ایک مشکل یہ پیش آتی ہے کہ تکبیر یعنی اقامت ختم ہوتے ہی امام صاحب تو تکبیر تحریمہ کہہ کر اپنی نماز شروع کر دیتے ہیں جبکہ اکثر مقتدی ابھی اپنی صفیں درست کرنے میں لگے ہوتے ہیں چنانچہ تکبیر اولیٰ بہت سے مقتدیوں کی فوت ہو جاتی ہے تکبیر اولیٰ سے پہلے جو مسنون دعا ہے وہ سکون سے پڑھ نہیں پاتے اس سے بڑھ کر یہ کہ صفیں درست کرنے میں بسا اوقات اتنا وقت صرف ہو جاتا ہے کہ مقتدی ثنا بھی نہیں پڑھ پاتے اور امام صاحب الحمد کی قرات شروع کر دیتے ہیں مجبوراً ہم ثنا بھی نہیں پڑھ سکتے اس لئے کہ جب امام صاحب قرات کر رہے ہوں تو چپ رہ کر سننے کا حکم ہے۔ براہ کرم بتائیے کہ کون سا طریقہ صحیح ہے ابتدائے اقامت ہی سے کھڑا ہو جانا یا حی علی الصلوٰۃ پر کھڑا ہونا؟

بعض حضرات حی علی الصلوٰۃ سے قبل قیام کو مکروہ اور ناجائز کہتے ہیں۔ مختلف کتب کے حوالوں سے اسے مکروہ وناجائز ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں اس کیلئے اشتہار بازی کرتے ہیں۔

ج...... ہماری کتابوں میں حی علی الصلوٰۃ پر اٹھنا اور قد قامت الصلوٰۃ پر امام کا نماز شروع کر دینا مستحبات میں لکھا ہے۔ اب یہاں چند امور قابل غور ہیں۔

(۱) ...... دوسرے جز یعنی قد قامت الصلوٰۃ پر نماز شروع کرنے کے بجائے ختم اقامت تک تاخیر کرنے کو ایک عارض کی وجہ سے اصح لکھا ہے چنانچہ

در مختار میں ہے۔

"ولو اخر حتی اتمها لا باس به اجماعاً. وهو قول الثاني والثلاثة وهو اعدل المذاهب كما في شرح المجمع لمصنفه وفي القهستاني معزياً والخلاصة انه الاصح"

علامہ شامیؒ اس پر لکھتے ہیں

(قوله انه الاصح) لان فيه محافظة على فضيلة متابعة المؤذن واعانة له على الشروع مع الامام.

(ردالمحتار، ص ۴۷۹ ج ۱)

پس جس طرح ایک عارض کی وجہ سے اس تاخیر کو اعدل المذاھب اور اصح قرار دیا گیا ہے۔ اسی طرح "حی علی الصلوٰۃ" سے قبل قیام کو تسویۃ صفوف کی خاطر اصح کہا جائے کیونکہ تسویۃ الصفوف کی شدید تاکید آئی ہے۔

۲۔ علامہ طحطاویؒ نے حاشیہ "در مختار" میں ذکر کیا ہے کہ "حی علی الصلوٰۃ" پر اٹھنے کا مطلب یہ ہے کہ اس سے تاخیر نہ کی جائے۔ تقدیم کی نفی مقصود نہیں۔ ان کی عبارت یہ ہے۔

(قوله والقيام لامام ومؤتم الخ) مسارعة لامتثال امره والظاهر انه احتراز عن التاخر لا التقدم. حتى لو قام اول الاقامة لا باس. وحرر.

(طحطاوی حاشیہ در مختار ص ۲۱۵، ج ۱)

۳۔ ان دونوں امور سے قطع نظر یہ امر بھی قابل غور ہے کہ "مستحب" اس فعل کو کہتے ہیں جس کے تارک کو ملامت نہ کی جائے۔ مگر اہل بدعت نے اس فعل کو اپنا شعار بنالیا ہے اور عملاً اس کو فرض وواجب کا درجہ دے رکھا ہے۔ اس کے تارکین پر نہ صرف ملامت کی جاتی ہے بلکہ ان کے خلاف اشتہار بازی بھی کی جاتی ہے جیسا کہ آپ نے بھی حوالہ دیا ہے۔ کسی مستحب میں جب ایسا غلو کیا جانے لگے تو اس کا ترک ضروری ہو جاتا ہے۔ باقی ہم ان اشتہاروں کو لائق توجہ نہیں سمجھتے۔ نہ اشتہار بازی کو

اپنا مشغلہ بنانا پسند کرتے ہیں۔ اس لئے اس اشتہار کے رد کی ضرورت نہیں۔

## اقامت کے دوران بیٹھے رہنا اور انگوٹھے چومنا

س...... بریلوی مسلک کی مساجد میں جب تکبیر ہو رہی ہوتی ہے تو تمام نمازی اور امام صاحب بیٹھے ہوتے ہیں۔ صرف تکبیر کہنے والے صاحب کھڑے ہو کر تکبیر کہتے ہیں جب وہ حی علی الصلوٰۃ پر پہنچتے ہیں تو امام اور تمام مقتدی کھڑے ہو جاتے ہیں نیز اشہد ان محمداً رسول اللہ پر دونوں شہادت کی انگلیوں کو چوم کر آنکھوں سے لگاتے ہیں۔ کیا یہ دونوں کام صحیح ہیں؟

ج...... "حی علی الصلوٰۃ" تک بیٹھے رہنا جائز ہے اور اس کے بعد تاخیر نہیں کرنی چاہئے لیکن افضل یہ ہے کہ پہلے صفیں درست کی جائیں پھر اقامت ہو "حی علی الصلوٰۃ" تک بیٹھے رہنے پر اصرار کرنا اور اس کو فرض وواجب کا درجہ دے دینا غلو فی الدین ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی پر انگوٹھے چومنا اور اس کو دین کی بات سمجھنا بدعت ہے۔

## صفوں میں کندھے سے کندھا ملانا ضروری ہے

س...... ہماری نماز کی صف جب بنائی جاتی ہے تو ہم دور دور کھڑے ہوتے ہیں، نہ پاؤں سے پاؤں ملتا ہے نہ کندھے سے کندھا، تو کیا واقعی پاؤں سے پاؤں اور کندھے سے کندھا ملانا چاہئے؟

ج...... کندھے سے کندھا ملانا ضروری ہے، کیونکہ اگر ایسا نہ کیا جائے تو درمیان میں فصل رہے گا اور یہ مکروہ ہے اور ٹخنے کے برابر ٹخنا رکھنا ضروری ہے ان کا آپس میں ملانا ضروری نہیں۔

## پندرہ سالہ لڑکے کا پہلی صف میں کھڑا ہونا

س...... ہمارے محلہ میں ایک مسجد ہے جب میں نماز پڑھنے جاتا ہوں تو صفیں خالی ہوتی ہیں اور جب جماعت کھڑی ہوتی ہے تو ایک صف بھی پوری نہیں ہوتی اور وہاں جگہ خالی ہوتی ہے تو میں یہ سوچ کر کہ صف پوری کرلوں اگلی صف میں کھڑا ہو جاتا ہوں۔ چند بزرگ کہتے ہیں کہ ابھی تمہاری عمر سولہ سال کی نہیں ہے اس لئے تم کسی اور صف میں چلے جاؤ پھر میں تیسری صف میں چلا جاتا ہوں میری عمر پندرہ برس ہے کیا میں پہلی صف میں نہیں کھڑا ہو سکتا...... ؟ کیا پہلی صف میں نماز پڑھنے کے لئے سولہ سال کا ہونا ضروری ہے یا بزرگ کچھ غلط بات کرتے ہیں۔ ایک بات اور ہے کہ ایک لڑکا جس کی عمر ۱۵ سال کی ہے مگر وہ مجھ سے کچھ لمبا ہے۔ (میری عمر بھی پندرہ برس کی ہے) اور وہ پہلی صف میں کھڑا رہتا ہے اور مجھے پیچھے نکال دیتے ہیں تو کیا پہلی صف میں نماز پڑھنے کے لئے لمبا ہونا بھی ضروری ہے؟

ج...... پندرہ سال کی عمر کا لڑکا شرعاً بالغ ہے اس کا بالغ مردوں کی صف میں کھڑا ہونا درست ہے۔

## نماز میں بچوں کی صف

س.....نابالغ بچوں کو نماز با جماعت میں بڑوں کے ساتھ جماعت میں شامل کرنا شرعاً کیسا ہے؟ علمائے دین سے ہم نے بچپن میں سنا تھا کہ نابالغ اور بے ریش بچوں کی صف تمام نمازیوں کے پیچھے یعنی آخر میں ہونی چاہئے اور اگر صرف دو ایک بچے ہوں تو بڑوں میں بائیں طرف آخر میں کھڑے ہوں لیکن آج کل ہر نماز میں اور ہر صف میں دو چار بچے گھس آتے ہیں اور جب جماعت کھڑی ہو جاتی ہے تو یہ بچے دھکم پیل شروع کر دیتے ہیں اور خوب ادھم چوکڑی مچاتے ہیں اور جمعہ کے روز تو مسجد اچھی خاصی تفریح گاہ بنی رہتی ہے۔ اگر کوئی شریف آدمی ان بچوں کے ساتھ ڈانٹ ڈپٹ کرتا ہے تو بعض سرپھرے لوگ الٹا لڑنا جھگڑنا شروع کر دیتے ہیں۔

ج.....جو بچے بالکل کم عمر ہوں ان کو تو مسجد میں لانا ہی جائز نہیں۔ نابالغ بچوں کے بارے میں اصل حکم تو یہی ہے کہ ان کی الگ صف بالغ مردوں کی صف سے پیچھے ہو لیکن آج کل بچے جمع ہو کر زیادہ ادھم مچاتے ہیں اس لئے مناسب یہی ہے کہ بچوں کو ان کے اعزہ اپنے برابر کھڑا کر لیا کریں۔ بچوں کو سمجھانا چاہئے اور پیار محبت اور شفقت سے ان کو نماز میں کھڑے ہونے کا طریقہ بتانا چاہئے۔ بچوں کو ڈانٹ ڈپٹ کرنے سے چنداں فائدہ نہیں ہوتا۔

## نابالغ بچوں کو صف میں کہاں کھڑا کیا جائے؟

س.....ایک مولوی صاحب نے ایک یا ایک سے زائد نابالغ بچوں کو جو فرض کی نماز با جماعت میں پہلی صف میں کھڑے تھے دیکھ کر کہا کہ نابالغ بچوں کو پہلی یا دوسری صف میں کھڑا نہ ہونے دیا کرو بلکہ سب سے پیچھے کھڑے کیا کرو۔ ارشاد فرمائیے کہ شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم میں اس کی کیا حیثیت ہے؟

دوسری بات یہ ہے کہ مقتدیوں میں سے ایک مقتدی نے کہا کہ یہ سب مولویوں کی اپنی بنائی ہوئی باتیں ہیں شریعت میں اس کی کوئی اصل نہیں ہے۔ بلکہ مقتدی نے کہا کہ نابالغ بچوں کے کھڑے ہونے سے نماز میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ شریعت کی رو سے بتائیے کہ مقتدی پر کیا حد لگے گی؟

ج.....اگر بچہ ایک ہو تو اس کو بالغ مردوں کی صف میں ہی کھڑا کیا جائے۔ اور اگر بچے زیادہ ہوں تو ان کی الگ صف بالغ مردوں سے پیچھے ہونی چاہئے۔ اور یہ حکم بطور وجوب نہیں' بطور استحباب ہے۔ تاہم اگر بچے اکٹھے ہو کر نماز میں گڑبڑ کرتے ہوں یا بڑا مجمع ہونے کی وجہ سے ان کے گم ہو جانے کا اندیشہ ہو تو ان کو بڑوں کی صف میں کھڑا کرنا چاہئے تاکہ ان کی وجہ سے بڑوں کی نماز میں خلل نہ آئے۔ اور یہ حکم ان بچوں کا ہے جو نماز اور وضو کی تمیز رکھتے ہوں' ورنہ زیادہ چھوٹی عمر کے بچوں کو مسجد میں لانا جائز نہیں۔

اور کسی دینی مسئلہ کو سن کر یہ کہنا کہ "یہ مولویوں کی بنائی ہوئی باتیں ہیں" بڑی گستاخی و بے ادبی کی بات ہے جس کا منشا دین کی عظمت نہ ہونا ہے۔ ورنہ اس شخص کے دل میں اہل علم کی بھی عظمت ہوتی اس شخص کو اس سے توبہ کرنی چاہئے۔

## پہلی صف میں جگہ ہونے کے باوجود دوسری صف میں کھڑے ہونا

س..... ایک شخص ایسا ہے کہ جب جماعت کھڑی ہوتی ہے تو پہلی صف میں تین چار آدمیوں کے کھڑے ہونے کی گنجائش ہوتی ہے مسجد کے دیگر نمازی اور امام صاحب اس شخص کو پہلی صف میں شامل ہونے کی دعوت دیتے ہیں کیونکہ جگہ جو خالی ہوتی ہے مگر اس کے باوجود وہ دوسری صف میں اکیلا نیت باندھ کر با جماعت نماز ادا کرتا ہے۔ پوچھنے پر وہ شخص کہتا ہے کہ چونکہ میں یہاں اپنا وظیفہ پڑھتا ہوں اس لئے نماز بھی وظیفہ والی جگہ پر ادا کرتا ہوں۔ تو کیا وظیفہ والی جگہ پہلی صف سے زیادہ افضلیت رکھتی ہے؟

ج..... افضلیت تو ظاہر ہے کہ پہلی صف کی ہے۔ وظیفے والی جگہ کی نہیں دوسری صف میں اکیلے کھڑے ہونا خصوصاً جبکہ پہلی صف میں جگہ موجود ہو نہایت برا ہے ان صاحب کو شاید خیال ہو گا کہ وظیفہ والی جگہ چھوڑنے سے وظیفہ کا تسلسل ٹوٹ جائے گا۔ حالانکہ ایسا نہیں اور پھر سب سے بڑا وظیفہ تو خود نماز ہے کسی دوسرے وظیفے کی خاطر نماز کو مکروہ کر لینا بڑی بے خبری کی بات ہے۔ ان صاحب کو چاہئے کہ اپنا وظیفہ پہلی صف ہی میں شروع کر لیا کریں اور اگر دوسری صف میں وظیفہ شروع کریں تو جماعت کے وقت پہلی صف میں ضرور شریک ہو جایا کریں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی مخالفت کر کے وظیفہ میں کیا برکت ہو گی۔

## پچھلی صف میں اکیلے کھڑے ہونے والے کی نماز ہو گئی


س..... نماز با جماعت ہو رہی ہو اور پھر آدمی آئے اور اگلی صف میں جگہ نہ ہو اور دوسرے آدمی کے آنے کی امید بھی نہ رہے اور رکعت جاری ہو، اور وہ آدمی اکیلا ہی پیچھے کھڑا ہو گیا تو اس کی نماز ہو گئی یا نہیں؟

ج..... نماز ہو گئی۔

## شوہر اور بیوی کا فاصلہ سے نماز پڑھنا

س..... شوہر اور بیوی ایک بڑے تخت پر برابر برابر ایک فٹ کے فاصلے سے کھڑے ہو کر نماز پڑھ سکتے ہیں، اس میں کوئی کراہت تو نہیں ہے؟

ج..... اگر اپنی الگ الگ نماز پڑھتے ہیں تو کوئی کراہت نہیں اور ایک فٹ کا یا کم و بیش فاصلہ بھی کوئی شرط نہیں۔



# نماز با جماعت

## مسواک کے ساتھ با جماعت نماز کا ثواب کتنا ملے گا؟

س..... با جماعت نماز کا ثواب ۲۵ گنا ہے اور مسواک کے ساتھ نماز کا ثواب ۷۱ گنا اس کا مطلب یہ ہے کہ مسواک کے ساتھ وضو کے بعد با جماعت نماز کا ثواب ۲۵ × ۷۱ گنا یعنی ۱۷۷۵ گنا ہو جاتا ہے؟

ج..... سترہ گنا کی روایت تو مجھے معلوم نہیں' البتہ ستر گنا کی روایت ہے۔ آپ کی ریاضی کے حساب سے ۷۰ × ۲۵ کا حاصل ضرب (۱۷۵۰) ہو گا۔ اور ایک روایت میں جماعت کا ثواب ۲۷ گنا ملتا ہے۔ جب ۲۷ کو ستر سے ضرب دی جائے تو حاصل ضرب (۱۸۹۰) بنتا ہے' حق تعالیٰ شانہ کی رحمت بے پایاں ہے اور اس کی عنایت ورحمت کے سامنے ہمارے حسابی پیمانے ٹوٹ پھوٹ جاتے ہیں۔

## مسجد میں دوسری جماعت کرنا اور اس میں شرکت

س..... یہاں مسجد میں اکثر یہ ہوتا ہے کہ بعض نمازی جو جماعت ختم ہونے کے بعد آتے ہیں' وہ ایک اور جماعت بنا لیتے ہیں اس طرح جماعت کی افضلیت ختم ہو جاتی ہے۔ جماعت کے لئے حکم ہے کہ اپنا کاروبار بند کر کے آؤ' مگر اس صورت میں نمازی کو شامل کر کے اپنی جماعت بنالیتا ہوں یہ طریقہ کہاں تک صحیح ہے؟ اگر ہم مسجد میں داخل ہوں اور اس طرح کی دوسری یا تیسری جماعت ہو رہی ہو تو اس میں شامل ہو جائیں یا اپنی نماز علیحدہ پڑھیں؟

ج..... مسجد میں دوسری جماعت مکروہ ہے اور بعض اہل علم کے نزدیک اگر جگہ بدل دی جائے' مثلاً مسجد کے بیرونی حصہ میں کرائی جائے اور دوسری جماعت اقامت کے بغیر ہو تو جائز ہے۔ ان کے قول کے مطابق جماعت میں شریک ہو جانا بہتر ہو گا۔

## انفرادی نماز پڑھنے والے کی نماز میں کسی کا شامل ہو جانا

س...... مسجد میں بعض دفعہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ میں اکیلا نماز پڑھ رہا ہوں' اس دوران ایک اور نمازی بھی مسجد میں داخل ہوتا ہے اور مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھ کر میرے پیچھے کھڑا ہو جاتا ہے اور میرے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اشارہ کرتا ہے کہ میں بھی تمہارے پیچھے جماعت میں شامل ہوں۔ یعنی اب میں امام اور دوسرا مقتدی ہے جبکہ میں نے نماز کی ابتدا میں نیت اپنی انفرادی نماز کیلئے کی تھی اس طرح کیا بعد میں آنے والے کی نماز ہو گئی؟

ج...... نماز ہو گئی۔ اگر مقتدی اکیلا ہو تو امام کے برابر داہنی طرف ذرا سا پیچھے ہو کر کھڑا ہو۔

## بغیر ازان والی جماعت کے بعد جماعت ثانی کروانا

س...... ایک مسجد میں اگر جماعت ہو جائے اور بعد میں پتہ چلے کہ اذان تو ہوئی ہی نہیں تو کیا کرنا چاہئے؟

ج...... جو جماعت اذان کے بغیر ہوئی وہ سنت کے مطابق نہیں ہوئی اس لئے اس کا اعتبار نہیں۔ بعد میں آنے والے اذان واقامت کے ساتھ جماعت کر سکتے ہیں۔

(عالمگیری '۱۔ ۵۴ 'البحرالرائق '۱۔ ۲۸۰)

## جماعت کے وقت بیٹھے رہنا اور دوبارہ جماعت کروانا کیسا ہے؟

س...... ہمارے محلّہ کی جامع مسجد میں کچھ عرصے سے بعض لوگوں نے یہ سلسلہ شروع کر رکھا ہے کہ اوقات مقررہ میں جب حسب قاعدہ نماز با جماعت ہوتی ہے تو وہ ایک طرف گوشہ میں بیٹھے رہتے ہیں اور تمام نمازی جب جماعت کے ساتھ نماز پڑھ کر فارغ ہو جاتے ہیں تو یہ معدودے چند لوگ پھر اپنی علیحدہ جماعت کرتے ہیں کیا اس طرح جماعت کے ہوتے ہوئے بیٹھے رہنا اور اپنی علیحدہ جماعت کرنا درست ہے یا نہیں؟

ج...... اس طرح کرنا بالکل ناجائز اور حرام ہے۔ کیونکہ اس میں پہلی جماعت کے وقت نماز سے انحراف اور مسلمانوں میں شقاق ونفاق ڈالنے کا ارتکاب کیا جاتا ہے اور دونوں باتیں ناجائز اور حرام ہیں۔ مساجد ذکر الٰہی اور نماز وعبادت کے لئے ہیں نہ کہ باہمی منافرت اور جدال وقتال کیلئے 'مسلمانوں کے لئے یہ صورتحال سخت مہلک ہے۔ جلد از جلد اس کے تدارک کی ضرورت ہے۔ دوسری جماعت کرنا جو ایک غرض صحیح پر مبنی ہو' وہ خود مکروہ ہے' چہ جائیکہ ایک غرض فاسد اور حرام کی بنا پر دوسری جماعت کی جائے۔ حضرت ابراہیم نخعی' حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ ایک نماز ہو جانے کے بعد دوبارہ اپنی نماز نہ پڑھی جائے۔ فقہاء کرام نے دوسری جماعت کو مکروہ کہا

ہے۔ حرمین شریفین میں ایک زمانہ تک متعدد جماعتیں مختلف ائمہ کی امامت میں ہوتی تھیں۔ جس کا مقصد صرف یہ تھا کہ مسلمان اپنے اپنے فقہی مسلک کے مطابق نماز ادا کریں لیکن علماء نے اس پر سخت اعتراضات کئے اور اعلان کیا کہ چاروں مذاہب میں اس طرح متعدد جماعتیں ادا کرنا جائز ہے۔

## ایک با جماعت نماز پڑھنے کے بعد دوسری جگہ جماعت میں شرکت

س..... اگر جماعت کے ساتھ نماز پڑھ لی اور جس کام سے جانا ہو چلے اور جہاں پہنچے وہاں پر ابھی جماعت ہوئی نہیں تو کیا وہی نماز جو وہ جماعت کے ساتھ پڑھ کر چلا ہے دوبارہ وہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھ سکتا ہے؟

ج..... ظہر اور عشاء کی نماز میں نفل کی نیت سے دوسری جماعت میں شریک ہو سکتا ہے۔ فجر' عصر اور مغرب میں نہیں۔

## امام کے علاوہ دوسرے نے جلدی سے جماعت کرادی تو جماعت ثانی کا حکم

س..... ایک علاقے کی مسجد ہے جس میں پانچوں وقت نماز با جماعت مع جمعہ کے ادا کی جاتی ہے ایک دن امام صاحب کی غیر موجودگی میں کسی شخص نے نماز عصر کی جماعت جلدی کے باعث کرالی' بعد میں امام صاحب کے آنے پر لوگوں نے امام صاحب کے ساتھ اسی جگہ پر نماز با جماعت ادا کی۔ کیا یہ نماز ہو گئی؟

ج..... صحیح جماعت وہی ہے جو امام صاحب اور محلہ والوں نے کی' پہلی جماعت کا اعتبار نہیں۔ نماز دونوں کی ہو گئی۔

## محرم عورتوں کے ساتھ جماعت کرنا

س..... والدہ' بیوی' بیٹی یا محرم عورت کے ساتھ اگر نماز پڑھی جائے اور مسجد قریب نہ ہو' گھر پر جماعت کرائی جائے تو نماز عورتوں سمیت ہماری ہو جائے گی یا پھر عورتوں کو پردہ میں نماز پڑھنی چاہئے؟

ج..... اپنی بیوی اور محرم عورت کے ساتھ جماعت جائز ہے وہ پیچھے کھڑی ہو جائے۔ محرم عورت کو

پردہ میں کھڑے ہونے کی ضرورت ہیں۔

## میاں بیوی کا الگ الگ نماز پڑھنا یا جماعت کرنا درست ہے

س..... کیا عورت اپنے شوہر کے ساتھ نماز ادا کر سکتی ہے؟ نیز اگر میاں بیوی ایک وقت میں اپنے اپنے مصلی پر الگ نماز پڑھیں تو جائز ہو گا یا نہیں؟

ج..... اگر دونوں الگ الگ اپنی نمازیں پڑھیں تو کوئی مضائقہ نہیں، لیکن اگر جماعت کرانی ہو تو عورت برابر کھڑی نہ ہو، بلکہ اس کو الگ صف میں پیچھے کھڑا ہونا چاہئے۔

## امام سے آگے ہونے والے مقتدی کی نماز نہیں ہوتی

س..... امام سے مقتدی آگے ہو تو کیا نماز درست ہے؟

ج..... اقتدا کے صحیح ہونے کیلئے یہ شرط ہے کہ مقتدی امام سے آگے نہ بڑھے۔ جو مقتدی امام سے آگے ہو اس کی اقتدا صحیح نہیں اور اس کی نماز نہیں ہوگی۔

## مسجد نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) یا کسی بھی مسجد میں مقتدی امام کے آگے نہیں ہو سکتا

س..... مسجد نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) میں امام کے سامنے نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں، جبکہ دوسری مساجد میں نہیں پڑھ سکتے۔ مسجد نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لئے کوئی خاص حکم ہے یا نہیں؟

ج..... مسجد نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لئے ایسا کوئی خاص حکم نہیں، اس کا حکم بھی وہی ہے جو دوسری مساجد کا ہے۔ پس مقتدی کا امام سے آگے ہو جانا، اس کی نماز کے لئے مفسد ہے، چاہے مسجد میں ہو یا غیر مسجد میں۔ اور مسجد نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) میں ہو یا کسی اور مسجد میں۔

## کیا حرم شریف میں مقتدی امام کے آگے کھڑے ہو سکتے ہیں؟

س..... میرے ایک دوست سے میری بحث ہو گئی وہ کہتا ہے کہ خانہ کعبہ میں جماعت کے دوران لوگ امام سے آگے نیت باندھ کر بھی کھڑے ہوتے ہیں۔ جبکہ میری نظر میں یہ بات درست نہیں ہے۔ کیونکہ امام کے آگے مقتدی کی نماز تو ہوتی ہی نہیں ہے تو پھر وہاں ایسا کیونکر ہو سکتا ہے۔ اگر ہوتا ہے تو کس طرح ذرا تفصیل سے آگاہ کیجئے گا؟

ج..... کعبہ شریف کی جس سمت امام کھڑا ہو اس طرف تو جو شخص امام سے آگے ہو جائے اس کی نماز نہیں ہوگی، لیکن دوسری سمت میں اگر کسی شخص کا فاصلہ بیت اللہ شریف سے امام کی نسبت کم ہو تو اس

کی نماز صحیح ہے۔

## حطیم میں سنت ' وتر اور نفل وغیرہ پڑھ سکتے ہیں

س...... حطیم کے اندر فرض نماز نہ پڑھنے کا حکم ہے کیا ہم سنت وتر وغیرہ بھی حطیم میں پڑھ سکتے ہیں؟

ج...... فرض نماز تو جماعت کے ساتھ ہوتی ہے اس لئے مقتدی کا حطیم سے باہر ہونا ضروری ہے' ورنہ مقتدی کی نماز نہیں ہوگی۔ سنت و وتر حطیم میں پڑھ سکتے ہیں اور رمضان المبارک میں وتر کی جماعت ہوتی ہے جو مقتدی اس جماعت میں شریک ہے وہ بھی حطیم میں کھڑا نہیں ہو سکتا۔

## عصر کی نماز ظہر سمجھ کر ادا کی

س...... تین بج کر پچاس منٹ پر ظہر کی نماز کیلئے مسجد گیا ادھر جماعت ہو رہی تھی جماعت میں شامل ہو گیا بعد میں معلوم ہوا کہ یہ عصر کی جماعت تھی' اب میں کیا کروں آیا میری ظہر کی نماز ہوئی یا عصر کی؟

ج...... اگر امام کی نیت عصر کی ہے اور مقتدی کی نیت ظہر کی تو مقتدی کی تو نماز نہیں ہوگی اس لئے آپ کی نہ ظہر کی ہوئی اور نہ ہی عصر کی' دونوں نمازیں پھر سے پڑھیں۔

## کیا با جماعت نماز میں ہر مقتدی کے بدلے ایک گنا ثواب بڑھتا ہے؟

س...... کیا با جماعت نماز کی صورت میں ہر مقتدی کے بدلے بھی ایک گنا ثواب بڑھتا ہے۔ مثلاً اگر مقتدیوں کی تعداد ۲۰ ہو تو کیا ہر نمازی کا ثواب بھی ۲۰ گنا ہو جائے گا؟ اس طرح اس جماعت میں مسواک کے ساتھ وضو سے کل ثواب یعنی ۸۵۰۰ گنا ہو جائے گا؟

ج...... جماعت جتنی زیادہ ہو اتنی ہی افضل ہے۔ اور افضل ہونے کا مطلب یہی ہے کہ اتنا ثواب بھی زیادہ ہے۔ مگر جو حساب آپ لگا رہے ہیں یہ کسی حدیث میں نظر سے نہیں گزرا۔

# گھر پر نماز پڑھنا

## بلاعذر شرعی مرد کو گھر میں نماز ادا کرنا کیسا ہے؟

س..... مرد گھر میں نماز پڑھ سکتا ہے؟ کیا صحت یابی کی حالت میں مرد کی نماز گھر میں ہو سکتی ہے؟ اور کس وقت اور کس صورت میں مرد کی نماز گھر میں ہو سکتی ہے؟

ج..... نماز تو گھر میں ہو جاتی ہے مگر فرض نماز کیلئے مسجد میں جانا ضروری ہے اور بغیر عذر کے مسجد میں نہ آنے والوں کیلئے سخت وعید آئی ہے۔ صحابہ کرامؓ ایسے شخص کو منافق سمجھتے تھے جو نماز باجماعت کی پابندی نہیں کرتا۔ مسجد میں حاضر نہ ہونے کے لئے بیماری' کیچڑ وغیرہ عذر ہو سکتے ہیں۔

## گھر میں نماز پڑھنے کی عادت ڈالنا

س..... میرا ایک دوست ہے وہ زیادہ تر نماز گھر ہی میں پڑھتا ہے حالانکہ ان کے گھر کے قریب ہی مسجد ہے۔ انسان کو کسی دن مجبوری ہوتی ہے وہ نماز گھر میں پڑھ لیتا ہے مگر روزانہ تو نہیں' نماز کا زیادہ ثواب مسجد میں جماعت کے ساتھ ملتا ہے اور گھر میں ثواب ملتا ہے یا نہیں؟ اور روزانہ گھر میں نماز پڑھنے سے نماز قبول ہو جاتی ہے یا نہیں؟

ج..... بغیر عذر کے مسجد اور جماعت کی نماز چھوڑنے کی عادت گناہ کبیرہ ہے اس سے توبہ کرنی چاہئے اگر کبھی مسجد میں جماعت کی نماز نہ ملے تو گھر میں اہل و عیال کے ساتھ جماعت کرائی جائے۔

## بغیر عذر گھر میں نماز کی عادت بنالینا گناہ کبیرہ ہے۔

س..... ایک پیر صاحب ہیں جو ہر سال گاؤں سے کراچی آتے ہیں مگر وہ پیر صاحب مسجد میں جاکر نماز ادا نہیں کرتے بلکہ گھر پر نماز ادا کرتے ہیں البتہ نماز جمعہ مسجد میں ادا کرتے ہیں' جس کا میں نے مسئلہ سنا ہے کہ اگر مسجد نزدیک ہو تو گھر میں نماز نہیں ہوتی؟ لوگ ان کے پاس جاتے ہیں اور پیر مانتے ہیں

میرے دوست مجھے بھی دعوت دیتے ہیں مگر میں نہیں جاتا کیونکہ دل شکنی سی ہو گئی ہے کہ مسجد میں نماز نہیں ادا کرتے

ج...... بغیر کسی صحیح عذر کے مسجد کی جماعت میں شریک نہ ہونا گناہ کبیرہ ہے۔ اگر پیر صاحب کو کوئی معقول عذر ہے تو ٹھیک، ورنہ وہ ترک جماعت کی وجہ سے فاسق ہے اور فاسق اس لائق نہیں کہ اس کے ہاتھ میں ہاتھ دیا جائے اور اس سے بیعت کی جائے۔

## اگر گھر پر عادتاً نماز پڑھنا گناہ کبیرہ ہے تو کیا نماز پڑھنا ہی چھوڑ دیں؟

س...... چند ماہ پیشتر آپ نے گھر پر نماز پڑھنے کو (بلاعذر شرعی) گناہ کبیرہ کا فتویٰ دیا تھا۔ حدیث تو یوں ہے کہ گھر پر نماز پڑھنا ایک درجہ ثواب، جماعت سے پڑھنا ۲۷ درجہ۔ مسجد نبویؐ میں پڑھنا پچاس ہزار درجہ، بیت اللہ شریف میں پڑھنا ایک لاکھ درجہ میرے خیال میں پھر گھر پر نماز نہ پڑھیں تاکہ کم از کم گناہ کبیرہ سے تو بچ جائیں آپ کا کیا خیال ہے؟

ج...... بغیر عذر کے جماعت کا ترک کرنا گناہ کبیرہ ہے یہ تو ایسا کھلا مسئلہ ہے کہ کسی ایک عالم کو بھی اس میں اختلاف نہیں، رہا یہ کہ جماعت کی نماز کا ثواب ستائیس گنا ملتا ہے اس سے یہ بات کسی طرح ثابت نہیں ہوتی کہ بغیر عذر کے گھر میں نماز پڑھ لینا جائز ہے اور آپ کا یہ ارشاد میری سمجھ میں نہیں آیا جب نماز کے لئے مسجد میں نہ آنا گناہ کبیرہ ہے تو سرے سے نماز ہی کو ترک کر دینا تو اس سے بھی بڑا گناہ ہو گا۔ خلاصہ یہ کہ بغیر عذر کے جماعت کی نماز کا ترک کرنا گناہ کبیرہ ہے اور نماز ہی کا سرے سے ترک کر دینا اکبر الکبائر ہے۔ حدیث پاک میں اس کو کفر سے تعبیر کیا گیا ہے اور آپ نے مسجد نبوی میں نماز پڑھنے کو جو پچاس ہزار درجے بیان کیا ہے یہ مشہور تو ہے مگر صحیح احادیث میں اس کا ثواب ایک ہزار گنا ذکر فرمایا گیا ہے۔

## گھر پر نماز کی عادت بنانے والے کیلئے وعیدیں۔

س...... جنگ اخبار میں آپ کا فتویٰ پڑھا تھا کہ "بغیر عذر کے مسجد میں اور جماعت کی نماز چھوڑنے کی عادت گناہ کبیرہ ہے اس سے توبہ کرنی چاہئے" اس کے بعد آپ کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ براہ کرم قرآن و حدیث کا حوالہ دیں جس کی بنا پر آپ نے یہ فتویٰ دے دیا۔ مگر آپ نے جواباً فرمایا کہ "نماز با جماعت ترک کرنے پر حدیث میں بہت سخت وعیدیں آئی ہیں" اور فرمایا کہ "حضرت مولانا ذکریا کا رسالہ فضائل نماز دیکھو" میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ قرآن و حدیث کا حوالہ دیں مگر آپ نے مولانا کے رسالہ کا حوالہ دے دیا۔ خدارا آپ مجھے حدیث اور قرآن شریف کا حوالہ دے کر بتائیں کہ نماز با جماعت ترک کرنا گناہ کبیرہ ہے۔ میں نے تو یہ سنا ہے کہ مسجد میں نماز کا ۲۷ گنا زیادہ

ثواب ملتا ہے اور سنتیں گھر پر پڑھنا افضل ہے۔ آپ کے خیال میں تو نماز گھر پر پڑھنا گناہ کبیرہ ہی ہوا اور میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ نیک اور فرض کام کرنے پر کیسے گناہ کبیرہ ہو جائے گا اس لحاظ سے تو ہمارا مذہب بھی عیسائیوں کی طرح کا ہو گیا کہ صرف گرجا میں ہی عبادت ہو سکتی ہے جبکہ ہمارے مذہب میں نماز ہر جگہ پڑھی جا سکتی ہے؟

ج...... ترک جماعت کی عادت گناہ کبیرہ ہے' آپ نے اس پر دو شبہے ذکر کئے ہیں پہلا شبہ یہ کہ نماز پڑھنا تو عبادت ہے۔ عبادت کرنا گناہ کبیرہ کیسے ہو گیا؟ اس شبہ کا حل یہ ہے کہ گھر پر نماز پڑھنا بذات خود تو گناہ کبیرہ نہیں' لیکن مسجد میں جماعت کی نماز میں شامل نہ ہونے کی عادت بنالینا گناہ کبیرہ ہے جماعت میں شریک ہونا بعض ائمہ کے نزدیک فرض' بعض کے نزدیک واجب اور بعض کے نزدیک ایسی سنت موکدہ ہے جو واجب کے قریب ہے اور احادیث شریفہ میں اس کی بہت ہی تاکید آئی ہے۔ اور اس کے ترک پر بہت سی وعیدیں آئی ہیں۔ اس کیلئے میں نے حضرت شیخ کے رسالہ "فضائل نماز" کا حوالہ دیا تھا کہ آپ اس میں پوری تفصیل ملاحظہ فرمالیں گے۔ مختصراً چند احادیث میں بھی لکھ دیتا ہوں۔

حدیث۔ ۱

"میں نے ارادہ کیا کہ لکڑیاں جمع کرنے کا حکم دوں' پھر نماز کی اذان کا حکم دوں' پھر کسی شخص کو حکم دوں کہ وہ امامت کرے' اور خود ان لوگوں کے پاس جاؤں جو نماز میں حاضر نہیں ہوتے۔ پس ان پر ان کے گھروں کو آگ لگا دوں۔ "

(مشکوۃ ص۹۵۔ بحوالہ بخاری و مسلم)

حدیث۔ ۲

"جس نے موذن کی اذان سنی' اس کو مسجد میں آنے سے کوئی عذر' خوف یا مرض مانع نہیں تھا' اس کے باوجود وہ نہیں آیا تو اس نے جو نماز گھر پر پڑھی وہ قبول نہیں کی جائے گی۔ "

(مشکوۃ ص۹۶۔ بحوالہ ابوداؤد۔ دار قطنی)

حدیث۔ ۳

"اگر گھروں میں عورتیں اور بچے نہ ہوتے تو میں اپنے جوانوں کو حکم دیتا کہ جو لوگ عشاء کی نماز میں حاضر نہیں ہوتے ان کے گھروں کو جلا ڈالیں۔ "

(مشکوۃ ص۹۷۔ بحوالہ مسند احمد)

حدیث۔ ۴

"جس شخص نے اذان سنی پھر بغیر عذر کے مسجد میں نہیں آیا تو اس کی نماز

نہیں۔"

(مشکوٰۃ ص۹۷۔ بحوالہ دار قطنی)

ان احادیث میں ترک جماعت پر جس غیظ و غضب کا اظہار فرمایا گیا ہے اس سے صاف واضح ہے کہ یہ فعل گناہ کبیرہ ہے۔

آپ کا دوسرا شبہ یہ ہے کہ اگر فرض نماز کیلئے مسجد میں آنا ضروری ہے تو ہمارا مذہب بھی عیسائی مذہب کی طرح ہوا کہ صرف گرجا ہی میں عبادت ہو سکتی ہے۔ اس شبہ کا جواب یہ ہے کہ پہلی امتوں کی عبادت صرف ان کی عبادت گاہوں میں ہو سکتی تھی اور اگر کوئی شخص کسی معذوری کی بنا پر عبادت گاہ میں حاضر نہیں ہو سکتا تھا اس کو عبادت کے مؤخر کرنے کا حکم تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ شرف عطا فرمایا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے روئے زمین کو مسجد (سجدہ گاہ) بنا دیا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے جس فرد کو جہاں نماز کا وقت ہو جائے وہاں نماز پڑھ سکتا ہے۔ مسجد میں نہ پہنچ سکنے کی بنا پر اس کو نماز کے مؤخر کرنے کی ضرورت نہیں، لیکن اگر کوئی عذر مانع نہیں تو مسجد میں نماز با جماعت ادا کرنا ضروری ہے ہاں! نوافل گھروں میں ادا کرنے کا حکم ہے اور سنن مؤکدہ کے بارے میں اصل حکم تو یہی ہے کہ ان کو گھر پر ادا کیا جائے بشرطیکہ گھر پر اطمینان اور سکون و دل جمعی کے ساتھ ادا کر سکے۔ ورنہ سنن مؤکدہ کا بھی مسجد ہی میں ادا کرنا افضل ہے۔

## اگر نماز با جماعت سے رہ جائے تو کیا کرے؟

س..... اگر کسی وجہ سے نماز با جماعت ادا نہ ہو سکے یا مجبوری سے جماعت چھوٹ گئی ہو تو کیا نماز انفرادی طور پر گھر میں ادا کی جائے یا مسجد ہی میں؟ دونوں میں سے کس کو ترجیح دی جائے؟ جبکہ واقعہ یہ ہے کہ گھر کے بجائے مسجد میں نماز ادا کرنے کا ثواب زیادہ ہے اور دوسری طرف یہ بھی واضح ہے کہ تارک جماعت گنہگار ہے۔ اور اس کا یہ عمل یعنی جماعت چھوٹ جانا گناہ کے زمرے میں آتا ہے اور پھر مسجد میں جا کر اس کا اظہار کرنا کہ مجھ سے گناہ سرزد ہو گیا ہے جبکہ کسی گناہ یا عیب کے چھپانے کا بھی حکم ہے؟

ج..... جماعت کو قصداً چھوڑ دینا گناہ ہے کسی واقعی عذر کی وجہ سے اگر جماعت رہ گئی تو ترک جماعت کا گناہ نہیں ہوگا بہتر یہ ہے کہ اگر کسی اور مسجد میں جماعت مل جانے کی توقع ہو تو وہاں چلا جائے یا اپنے گھر پر جماعت کرالے ورنہ مسجد میں تنہا پڑھ لے۔

# امام کے مسائل

## اہل کے ہوتے ہوئے غیر اہل کو امام بنانا

س ...... زید و عمرو دونوں ایک مسجد میں رہتے ہیں زید امام مقرر ہے جو عالم حافظ قاری ہے۔ لیکن خوشامد یا ڈر کی وجہ سے عمر کو نماز کیلئے کھڑا کر دیتا ہے جو نہ حافظ ہے نہ قاری اور نہ مولوی ہے اور قرآن پاک بھی صحیح نہیں پڑھ سکتا تو کیا زید کے ہوتے ہوئے عمر کی اقتدا میں سب کی نماز درست ہو جائیگی یا نہیں ؟

ج ...... اس مسئلہ میں دو باتیں قابل غور ہیں اول یہ کہ زید جب امام مقرر ہے تو عمر کو امامت نہیں کرنی چاہئے اگر زید کی اجازت کے بغیر امامت کرتا ہے پھر تو مکروہ تحریمی ہے' اور اگر زید کی اجازت سے پڑھاتا ہے پھر بھی خلاف اولیٰ ہے کیونکہ وہ زید سے کمتر ہے دوسری بات یہ ہے کہ زید عالم' حافظ و قاری ہے اس کے برعکس عمر قرأت صحیح نہیں پڑھتا حافظ عالم قاری بھی نہیں ہے۔ ایسی صورت میں دو حالتیں ہیں کہ وہ کیا قرأت مخارج حروف اور صفات ذاتیہ کی ادائیگی کے ساتھ ہے یا نہیں۔ نمبر1 اگر مخارج حروف اور صفات ذاتیہ کو ادا نہیں کرتا تو نماز صحیح نہیں ہوگی اور نمبر2 اگر مخارج و صفات ذاتیہ کو ادا کرتا ہے لیکن صفات محسنہ ممیزہ سے بے خبر ہے تو ایسی صورت میں نماز ہو جائیگی لیکن زید کے مقابلے میں اس کی امامت خلاف افضل اور مکروہ تنزیہی ہوگی۔ رہا یہ کہ قرأت صحیح پڑھتا ہے یا نہیں' اس کا فیصلہ مستند قراء کر سکتے ہیں۔ عامۃ الناس نہیں کر سکتے۔ اس لئے زید اگر اس مسئلہ میں نرمی کرتا ہے تو عمر کی قرأت کسی دوسرے مستند قاری جس پر اعتماد ہو کو سنا کر فیصلہ لے لیں۔

## اعراب کی غلطی کرنے والے امام کی اقتدا میں نماز

س ...... اگر قرأت میں امام صاحب کوئی اعرابی غلطی کریں اور متواتر غلطی کرتے رہیں کیا نماز صحیح ہو جائیگی یا نہیں ؟

ج ...... جس اعرابی غلطی سے قرآن کے معنی میں تبدیلی آجائے اس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے اور اگر ایسی تبدیلی نہ آئے تو نماز درست ہو جائیگی۔

## جو پرہیزگار نہ امامت کرے نہ اقتدا کرے وہ گناہ گار ہے

س ...... اگر کسی محلے یا گاؤں میں مسجد کا پیش امام کسی وجہ سے نماز پڑھانے نہیں آسکا اور اس کی جگہ کوئی بزرگ نماز پڑھادیں۔ اور پورے گاؤں میں ایک ہی آدمی ایسا ہو جو خود بھی متقی اور پرہیزگار ہو اور وہ نہ خود امامت کرنا چاہتا ہے اور نہ ہی وہ کسی کے پیچھے نماز پڑھتا ہے تو شرعی نقطہ نگاہ سے وہ آدمی اسلام میں کیسا ہے ؟

ج ...... وہ شخص گناہگار ہے۔

## پابند شرع لیکن قرأت میں غلطیاں کرنے والے کی امامت

س ...... کیا ایسے امام کے پیچھے نماز صحیح ہے جو بالکل صحیح طور پر شریعت کا پابند ہو مگر وہ نماز کے دوران قرأت کی غلطیاں کرتا ہو۔

ج ...... قرأت کی بعض غلطیاں ایسی ہیں کہ ان سے نماز فاسد ہو جاتی ہے اس لئے ایسے شخص کو امام بنانا جائز نہیں۔

## غلط قرأت کرنے والے امام کی اقتدار

س ...... ہمارے گاؤں کی مسجد کے امام صاحب و خطیب جو گزشتہ 12 سال سے امامت کے فرائض انجام دے رہے ہیں جن کی دینی تعلیم کی یہ حالت ہے کہ نماز میں دوران قرأت ایسی غلطیاں کرتے ہیں جس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ مثلاً دوران قرأت زیر کی جگہ زبر 'زبر کی جگہ زیر اور زیر و زبر کی جگہ پیش واؤ کا زائد استعمال یا حروف واؤ چھوڑ جانا شد و مد کا خیال نہ کرنا کھڑی زبر کی جگہ صرف زبر کا پڑھنا یا تاکیدی (ل) کی جگہ منفی (لا) پڑھنا وغیرہ وغیرہ گزشتہ پانچ سال کے دوران میں نے کئی مرتبہ امام صاحب کو ایسی غلطیوں کی نشاندہی کرائی لیکن وہ باز نہ آئے اور بدستور اللہ کے کلام کے ساتھ مذاق اڑاتے رہے ہیں بالآخر میں نے مجبور ہو کر ان کے پیچھے نماز پڑھنا چھوڑ دی اور گاؤں کے سینکڑوں لوگ ان کی اقتدا میں نماز ادا کرتے ہیں اور گاؤں کے چند بااثر افراد مولوی صاحب کی حمایت کرتے ہیں اور یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ ہم ان پڑھ لوگ ہیں ہماری نماز ہو جاتی ہے حالانکہ بندہ ناچیز اس سے قبل کئی مفتیان عظام سے فتاویٰ حاصل کر چکا ہے لیکن وہ لوگ اپنی ضد اور ہٹ دھرمی پر ڈٹے ہوئے ہیں۔

ج ...... ایسے امام کے پیچھے نماز نہیں ہوتی امام کو تبدیل کر دیا جائے اور کسی صحیح پڑھنے والے کو امام مقرر کیا جائے ورنہ سب کی نمازیں غارت ہوتی رہیں گی۔

## داڑھی منڈے صاحب علم کے ہوتے ہوئے کم علم باریش کی امامت

س ...... پوری مسجد میں تمام لوگ جن میں صاحب علم بھی ہیں سب داڑھی منڈے ہیں علاوہ ایک آدمی کے۔ اب ایسی صورت میں اقامت اور امامت کس ترتیب سے ہو جبکہ باریش شخص کم علم ہے ؟

ج ...... اگر باریش آدمی نماز پڑھا سکتے ہیں اور نماز کے ضروری مسائل سے واقف ہیں تو نماز انہی کو پڑھانی چاہئے۔ اقامت بھی وہ خود ہی کہہ لیا کریں' داڑھی منڈے اہل علم نہیں۔ اہل جہل ہیں بقول سعدیؒ ۔

علمے کہ راہ حق نہ نماید جہالت است

## بہ مجبوری بغیر داڑھی والے کے پیچھے نماز اکیلے پڑھنے سے بہتر ہے

س...... نماز کا اہتمام ایک بزرگ ٹیچر کی زیر نگرانی کیا جاتا ہے جو کہ باریش ہیں۔ پورے اسکول میں ان کے علاوہ اور کوئی دوسرا باریش ٹیچر موجود نہیں' یہی امامت فرماتے ہیں لیکن جس دن وہ نہیں آتے کوئی دوسرا ٹیچر جس کی داڑھی نہیں ہوتی امامت فرماتا ہے۔ بغیر داڑھی والے امام کے پیچھے نماز پڑھنے کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے ؟

ج...... مکروہ تحریمی ہے' لیکن اگر پوری جماعت میں کوئی بھی باشرع آدمی نہیں تو تنہا تنہا نماز پڑھنے کے بجائے ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنا بہتر ہے۔

## چھوٹی چھوٹی داڑھی کے ساتھ امامت

س ...... مسئلہ یہ ہے کہ جہاں میں کام کرتا ہوں وہاں بسا اوقات جب نماز کا وقت ہوتا ہے ہم پانچ چھ ساتھی ہوتے ہیں۔ کوئی بھی باشرع نہیں ہوتا۔ میری چھوٹی چھوٹی داڑھی ہے اور قرأت بھی ٹھیک ہے۔ نماز کے مسائل سے بھی واقف ہوں' ساتھی مجھے نماز پڑھانے کو کہتے ہیں تو جماعت کر لیتے ہیں۔ لیکن جب بھی ایک پوری داڑھی والا ہو تو میں اسے امامت پر مجبور کرتا ہوں۔ آپ یہ بتائیں کہ ایسی صورت میں جب کہ مقتدیوں کی صف میں کوئی بھی پوری داڑھی والا نہ ہو۔ میں نماز پڑھا سکتا ہوں کہ نہیں ؟

ج ...... آپ کو اگر نماز پڑھانے کا موقع ملتا ہے تو آپ کو پوری داڑھی رکھنی چاہئے۔ آپ کو صحیح امامت کا ثواب ملے گا اور مردہ سنت کو زندہ کرنے کا ثواب بھی ہوگا موجودہ صورت پر آپ کی امامت مکروہ ہے۔ گو تنہا پڑھنے کے بجائے اس طرح جماعت سے نماز پڑھنا بہتر ہے۔

## پنج وقتہ نمازوں کی اجرت لینے والے کی اقتداء

س ...... میرے کزن کا مسئلہ یہ ہے کہ وہ پانچ وقت کا نمازی ہے اور با جماعت نماز ادا کرتا ہے لیکن آج کل سوائے چند ایک مولوی کے سب باقاعدہ اجرت لیتے ہیں ان کے محلے کے امام بھی اجرت' تنخواہ کی صورت میں لیتے ہیں اور تراویح کی اجرت پہلے سے طے کرتے ہیں اسے ایک مسجد کا علم ہے جہاں کے امام کچھ نہیں مانگتے ہاں اگر کوئی خوشی سے دے تو لے لیتے ہیں لیکن وہ مسجد بہت دور دوسرے علاقے میں ہے وہ سروس بھی کرتا ہے اس لئے وہ وہاں جاکر نماز ادا نہیں کر سکتا اب آپ بتائیں کہ اسے شریعت کی رو سے نماز تراویح کہاں پڑھنی چاہئے اپنے محلے کی مسجد میں یا گھر میں ؟

ج ...... تراویح کی اجرت جائز نہیں اس کے بجائے الم ترکیف کے ساتھ تراویح پڑھی جائے' پنجگانہ نماز کی امامت کی اجرت کو متاخرین نے جائز رکھا ہے اس لئے جماعت ترک نہ کی جائے اور اپنی مسجد میں

جماعت کے ساتھ نماز ادا کی جائے۔

## امام کی اجازت کے بغیر امامت کروانا

س ...... ایک شخص نے تیرہ سال امام کے فرائض سرانجام دیئے اور بعد میں اس نے امامت سے استعفیٰ دے دیا اور محلّہ والوں نے اور امام مقرر کیا۔ کچھ عرصہ کے بعد اس نے بھی استعفیٰ دے دیا اور پھر محلّہ والوں نے ایک امام مقرر کیا اور اب پہلا امام جس نے 13 سال امامت کی وہ آکر موجودہ امام کی موجودگی میں بلا اجازت مصلے پر کھڑے ہو کر نماز پڑھا سکتا ہے یا نہیں؟

ج ...... اب جب کہ وہ امام نہیں تو امام کی اجازت کے بغیر اس کا نماز پڑھانا جائز نہیں۔

## کیا امام صرف عورتوں اور بچوں کی امامت کر سکتا ہے ؟

س ...... کیا امام صرف عورتوں اور بچوں کی امامت کرا سکتا ہے ؟ امام کے علاوہ کوئی بالغ مرد نہیں۔

ج ...... اگر بالغ مرد نہ ہو تو بچوں اور عورتوں کے ساتھ بھی جماعت ہو سکتی ہے۔ امام کے پیچھے بچوں کی صف ہونی چاہئے ان کے بعد عورتوں کی اور اگر بچہ ایک ہو تو وہ امام کی دائیں جانب کھڑا ہو جائے اور عورت خواہ ایک ہو وہ پچھلی صف میں کھڑی ہو۔

## کیا ایک امام دو مسجدوں میں امامت کر سکتا ہے

س ...... ہمارے ایک دیہات میں دو مسجدیں کچھ فاصلے پر موجود ہیں اور دونوں مسجدوں میں کافی نمازی ہوتے ہیں۔ لیکن اس پوری بستی کے اندر امام بننے کے لائق صرف اور صرف ایک آدمی ہے۔ کیا ایک ہی نماز مختلف اوقات میں دونوں مسجدوں میں وہی ایک امام نماز پڑھا سکتا ہے کوئی گنجائش شریعت میں موجود ہے یا نہیں ؟

ج ...... ایک شخص دو مرتبہ امامت نہیں کرا سکتا۔ کیونکہ اس کی پہلی نماز فرض ہوگی اور دوسری نفل۔ فرض پڑھنے والوں کی اقتدا نفل والے کے پیچھے صحیح نہیں۔

## اگر صرف ایک مرد اور ایک عورت مقتدی ہو تو عورت کہاں کھڑی ہو؟

س...... تین افراد جن میں ایک عورت شامل ہے' با جماعت نماز ادا کرنا چاہتے ہیں ایک مرد کو امام بنا دیا جائے تو پیچھے ایک مرد رہ جاتا ہے اب عورت کو پیچھے والے مقتدی کی کس جانب اور کتنے فاصلے سے اور کس طرح کھڑا ہونا ہوگا کہ تینوں با جماعت نماز ادا کر سکیں؟

ج...... جو مرد مقتدی ہے وہ امام کی داہنی جانب (ذرا سا پیچھے ہٹ کر) برابر کھڑا ہو جائے' عورت پچھلی صف میں اکیلی کھڑی ہو۔

## امام کا محراب میں کھڑا ہونا مکروہ ہے

س..... آج کل تقریباً بھی مسجدوں میں امام صاحب کے مصلے کے لئے محراب بنائے جاتے ہیں' امام صاحب کا مصلیٰ محراب میں کہاں ہونا چاہئے؟

ج..... مسجد کی محراب تو قبلہ کی شناخت کیلئے ہوتی ہے۔ امام کا مصلیٰ محراب سے ذرا باہر ہونا چاہئے تاکہ امام جب کھڑا ہو تو اس کے پاؤں محراب سے باہر ہوں۔ امام کا محراب کے اندر کھڑا ہونا مکروہ ہے۔

## امام اوپر والی منزل سے بھی امامت کر سکتا ہے

س..... اگر مسجد میں ایک سے زائد منزل ہوں تو کیا امام اوپر والی منزل سے امامت کر سکتے ہیں یا نچلی منزل میں امامت کرنا ہی ضروری ہے؟

ج..... اوپر کی منزل میں بھی امامت کر سکتے ہیں۔ لیکن بہتر، مناسب اور متوارث یہ ہے کہ امام نچلی منزل میں رہے۔

## ایئر کنڈیشنڈ مسجد اور امام کی اقتدا

س..... اگر مسجد میں ایئر کنڈیشنر نصب کر دیا جائے اور مسجد کی صورت حال کچھ اس طرح ہے کہ جب مسجد بھر جاتی ہے تو لوگ برآمدے میں نماز ادا کرتے ہیں۔ اور ایئر کنڈیشنر کیلئے ضروری ہے کہ مسجد کے دروازے بند رکھے جائیں۔ نیز اگر یہ صورتحال ہو کہ مسجد کے دروازے شیشے کے رکھے جائیں جس سے اندر کے نمازی دکھائی دیں تو کیسا رہے گا؟

ج..... اگر دروازے بند ہوں لیکن باہر والوں کو امام کے انتقالات کا علم ہوتا رہے تو اقتدا درست ہے اس طرح اگر دروازے شیشے کے لگا دیئے جائیں تو بھی اقتدا درست ہے جب امام کی تکبیرات کی آواز مقتدیوں تک پہنچ سکے۔

## اذان اور تکبیر کہنے والے کی امامت درست ہے

س..... جو شخص اذان و تکبیر کہے اگر وہی جماعت کرادے تو آیا نماز درست ہے کہ نہیں؟

ج..... درست ہے۔

## پندرہ سالہ لڑکے کی امامت

س..... میری عمر ساڑھے پندرہ سال ہے (میری قرات' مشق' تجوید اچھی ہے) امام صاحب کی غیر موجودگی میں ایک صاحب قرات بالکل غلط کرتے ہوئے نماز پڑھاتے ہیں۔ میں اس وجہ سے نماز

نہیں پڑھاتا کہ آیا میرے پیچھے جائز ہے یا نہیں؟

ج..... یہاں دو مسئلے ہیں۔

۱..... پندرہ سال کا لڑکا شرعاً بالغ ہے اور اس کی امامت صحیح ہے خواہ اس کی داڑھی نہ آئی ہو۔

۲..... ایک ایسے شخص کی موجودگی میں' جو قرات صحیح کر سکتا ہے' کوئی ایسا شخص نماز پڑھائے جو بالکل غلط قرات کرتا ہے تو پوری جماعت میں کسی کی نماز بھی نہیں ہوگی۔

اس لئے آپ کو نماز پڑھانی چاہئے' اور آپ کی موجودگی میں غلط پڑھنے والا امام بنے گا تو سب کی نماز غارت ہوگی۔

## بالغ آدمی کی اگر داڑھی نہ نکلی ہو تو بھی اس کی امامت صحیح ہے

س..... امامت کیلئے ایک مشت داڑھی ضروری ہے لیکن جس شخص کی قدرتی داڑھی نہ ہو اس کی امامت کیسی ہے؟ یا اگر بالغ ہے لیکن داڑھی ابھی تک نہیں آئی اس کی کیا صورت ہے؟

ج..... اگر عمر کے لحاظ سے بالغ ہے اور ابھی داڑھی نہیں نکلی اس کی امامت صحیح ہے۔ اسی طرح جس شخص کی قدرتی داڑھی نہ ہو اس کی امامت بھی صحیح ہے۔

## غیر مقلد کے پیچھے نماز پڑھنا

س..... مقلد کی غیر مقلد کے پیچھے اقتدا ہو سکتی ہے یا نہیں؟ اگر جائز ہے تو کیا پھر رفع یدین بھی کرنا ہوگا یا نہیں؟

ج..... غیر مقلد اگر خوش عقیدہ ہو' یعنی ائمہ اسلاف کو برا بھلا نہ کہتا ہو اور مسائل میں مقتدیوں کے مذہب کی رعایت کرتا ہو تو نماز اس کے پیچھے جائز ہے رفع یدین میں مقلد اپنے امام کے مسلک کے مطابق عمل کرے۔

## شیعہ امام کی اقتدا میں نماز

س..... اگر شیعہ امام ہو اور پیچھے مقتدی سنی ہوں تو کیا سنی کی نماز ہو جائے گی؟

ج..... شیعہ امامیہ کے عقائد کفریہ ہیں۔ اس لئے شیعہ امام کی اقتدا میں نماز جائز نہیں۔

## گناہوں سے توبہ کرنے والے کی امامت

س..... عبداللہ ماضی میں کبیرہ گناہوں کا مرتکب رہا اب توبہ کر کے نمازی بن گیا ہے نماز کے مسائل بھی سیکھے ہیں' تبلیغی جماعت میں وقت بھی لگایا ہے' لوگ اس کے ماضی کو نہیں جانتے' اس کو نیک سمجھتے ہیں اگر لوگ فرض نماز کی امامت کیلئے اس کو کہیں تو کیا وہ امامت کرا دیا کرے یا نہیں؟

ج..... توبہ کے بعد وہ امامت کرا سکتا ہے کیونکہ توبہ کی صورت میں پچھلے تمام گناہ ایسے معاف ہو جاتے ہیں جیسے کئے ہی نہیں گئے تھے۔

## میت کو غسل دینے والے کی اقتدا

س..... غاسل المیت کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے جو کہ احکامات شریعت کو بھی نظرانداز کر دیتا ہے؟
ج..... میت کو غسل دینا تو عبادت ہے اگر اور کوئی وجہ نہ ہو تو اس کے پیچھے نماز بلاشبہ جائز ہے۔

## نابینا عالم کی اقتدا میں نماز صحیح ہے

س..... آنکھوں سے معذور (اندھے) امام کے پیچھے نماز نہیں ہوتی' حالانکہ ہمارے امام صاحب ایک بڑے عالم ہیں لیکن آنکھوں سے معذور ہیں۔ تو کیا میں ان کے پیچھے نماز پڑھ سکتا ہوں اگر نہیں تو کیا صرف جمعہ کی نماز پڑھ سکتا ہوں؟
ج..... نابینا امام کے پیچھے نماز اس صورت میں مکروہ ہے جبکہ وہ پاکی پلیدی میں احتیاط نہ کر سکتا ہو ورنہ بلا کراہت صحیح ہے۔ جمعہ کا اور پنجگانہ نمازوں کا ایک ہی حکم ہے۔

## معذور امام کی اقتدا کرنا

س..... اگر کوئی امام صاحب عمر کے تقاضے کی وجہ سے بوجہ مجبوری (معذوری) دو سجدوں کے درمیان جلسہ میں سیدھا نہیں بیٹھ سکتے جس میں ترک وجوب لازم آتا ہو۔ نیز قعدہ میں اسی عذر کی بنا پر اپنے دونوں پیروں کو بچھا کر بیٹھ جاتے ہوں تو ان کے پیچھے اقتدا کی شرعاً کیا حیثیت ہے؟ کیا دوسرے قابل عالم اور قاری کے ہوتے ہوئے ان کی اقتدا صحیح ہوگی؟ جبکہ مذکورہ امام صاحب عرصہ ۲۵' ۳۰ سال سے کسی مسجد میں امام ہوں۔ مقتدیوں کی بڑی تعداد امام صاحب کے پرانے ہونے کی وجہ سے ان کے پیچھے نماز ادا کرنے میں کوئی اعتراض نہیں کرتی۔ ماسوائے چند اہل علم حضرات کے' کیا اس صورتحال کی ذمہ داری مسجد کی انتظامیہ پر بھی عائد ہوتی ہے؟
ج..... جبکہ وہ دو سجدوں کے درمیان بیٹھ نہیں سکتے' ان کے بجائے کسی اور کو امام مقرر کرنا ضروری ہے۔ ورنہ سب کی نمازیں غارت ہوں گی۔ امام صاحب اگر پرانے ہیں تو اہل محلہ کو چاہئے کہ ان کی خدمت و اعانت کرتے رہیں۔

## مسافر امام کی اقتدا

س..... نماز قصر کس طرح پڑھی جاتی ہے؟ چند دن پہلے ایک صاحب ہمارے پاس ایک رات کیلئے آئے عشاء کی نماز۔۔ ہم نے انہیں امام بنایا کہ آپ ہمارے امام بنیں۔ سو انہوں نے نماز پڑھانے

سے پہلے مطلع کیا کہ چونکہ میں مسافر ہوں اس لئے دو رکعات فرض پڑھوں گا اور آپ کو بھی پڑھاؤں گا باقی کی دو رکعات بجائے آپ سلام پھیرنے کے مزید آگے بذات خود پڑھیں اس کے بعد امام صاحب نے باقی سنتیں، وتر، نفل پورے پڑھے۔ جاننا یہ چاہتا ہوں کہ کیا یہ طریقہ صحیح ہے؟

ج..... امام اگر مسافر ہو تو وہ نماز قصر پڑھے گا اور اس کے پیچھے جو لوگ مقیم ہیں وہ اپنی باقی دو رکعتیں پوری کرلیں گے ان صاحب نے صحیح مسئلہ بتایا اور اگر امام مقیم ہو اور مقتدی مسافر ہو تو وہ امام کے ساتھ پوری نماز پڑھے گا۔ لیکن چار رکعت قضا والی نماز میں مسافر کا مقیم کی اقتدا کرنا صحیح نہیں۔

## غیر شادی شدہ امام کی اقتدا

س..... غیر شادی شدہ کے پیچھے نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو وہ کس صورت میں اور اگر نہیں درست تو کس صورت میں کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ غیر شادی شدہ کے پیچھے نماز بالکل نہیں ہوتی اور ایسے کو امام مقرر کرنا درست نہیں؟

ج..... غیر شادی شدہ اگر نیک پارسا ہے تو نماز اس کے پیچھے صحیح ہے، اور اس کو امام مقرر کرنا بھی صحیح ہے۔

## حجام کی امامت کہاں تک درست ہے؟

س..... ایک آدمی حجام کا کاروبار کرتا ہے وہ آدمی نماز کی نیت کرتا ہے مسجد میں جاتا ہے، اتفاق سے پیش امام نہیں آتا ہے اور مقتدیوں کے کہنے سے وہ نماز پڑھاتا ہے۔ کیا اس کے پیچھے نماز جائز ہے؟

ج..... اگر وہ شرع کا پابند ہے، قرآن کریم پڑھنا جانتا ہے اور نماز کے مسائل سے واقف ہے تو اس کی امامت صحیح ہے۔ کسی حلال پیشے کو ذلیل سمجھنا جاہلی تکبر ہے۔ اسلام اس کی تعلیم نہیں دیتا۔ البتہ اگر وہ لوگوں کی داڑھیاں مونڈتا ہے یا خلاف شرع بال بناتا ہے تو وہ فاسق ہے اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے۔

## سجدہ میں پاؤں کی انگلیاں نہ موڑنے والے کی اقتدا میں نماز

س..... ہماری مسجد کے امام صاحب کی سجدے میں پاؤں کی ایک انگلی بھی نہیں مڑتی جس سے شریعت کے مطابق سجدہ نہ ہوا اور سجدہ نہ ہونے سے نماز نہ ہوئی میں نے اس بارے میں امام صاحب کو متوجہ کیا مگر اس پر عمل نہ ہوا۔ مسجد کے چیئرمین کو لکھا مگر انہوں نے بھی اس کا کوئی حل نہ لکھا۔ اب آپ بتائیں کہ اس امام کے پیچھے نماز پڑھیں یا نہیں، جہاں میں کام کرتا ہوں وہاں سے اتنی دیر کی چھٹی نہیں ملتی کہ محلے سے باہر کی مسجد میں جاکر نماز ادا کروں؟

ج..... اگر سجدے میں انگلیاں نہ مڑ سکیں مگر زمین کو لگی رہیں تو سجدہ صحیح ہے اور امام صاحب کی امامت

بھی صحیح ہے۔

## سراور داڑھی کو خضاب لگانے والے کی امامت

س..... ہم جس دفتر میں کام کرتے ہیں اس میں ہم نے ایک جگہ نماز ادا کرنے کیلئے مخصوص کر لی ہے جہاں پر آفس کے اوقات میں ظہر اور عصر کی نماز با جماعت ادا کی جاتی ہے جو حافظ صاحب اس کی امامت فرماتے ہیں وہ یہاں اس ادارے میں ملازم ہیں لیکن واضح رہے کہ امامت کے سلسلے میں وہ کوئی معاوضہ نہیں لیتے۔ مسئلہ دراصل یہ ہے کہ اب کچھ دنوں سے انہوں نے اپنے سراور داڑھی کے بالوں کو خضاب سے رنگنا شروع کر دیا ہے جس کی بظاہر کوئی وجہ نظر نہیں آتی۔ لہٰذا آپ سے پوچھنا یہ ہے کہ آیا حنفی فقہ کے تحت ان کے پیچھے نماز ادا کرنا جائز ہے اور جو لوگ ان کے پیچھے نماز ادا کر رہے ہیں کیا ان کی نماز ہو جاتی ہے؟

ج..... جو امام سیاہ خضاب لگاتا ہو اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے۔

## استاذ کی بددعا والے شاگرد کی امامت

س..... ایک امام مسجد نے اپنے شاگرد کو کسی ذاتی تنازع کی بنا پر (زمین کا تنازع) بددعا دی۔ اور چند دن بعد پیش امام کا انتقال ہو گیا اور شاگرد اسی مسجد میں پیش امام بن جاتے ہیں اب مقتدیوں میں اختلاف ہے کہ بعض کہتے ہیں اس (موجودہ امام) کو استاذ کی بددعا ہے اس لئے اس کے پیچھے نماز نہیں ہو سکتی جبکہ دوسرا گروہ یہ کہتا ہے کہ نماز ہو سکتی ہے جبکہ اس گاؤں میں دوسرا کوئی شخص نماز پڑھانے کے لائق اور قابل ہی نہیں ہے؟

ج..... استاذ کی بددعا اگر بے وجہ تھی تو اللہ تعالیٰ ان کو معاف فرمائے اور اگر معقول وجہ کی بنا پر تھی تو شاگرد کو استاذ کے لئے بلندی درجات کی دعا کرنی چاہئے اور اللہ تعالیٰ سے بھی معافی مانگے، نماز اس کے پیچھے صحیح ہے۔

## حدیث کے مقابلہ میں ڈھٹائی کر کے داڑھی کتروانے والا امام سخت ترین مجرم ہے

س..... ہمارے یہاں مسجد میں ایک پیش امام ہیں ان کی داڑھی تقریباً ایک انچ تھی، ان سے کسی نے کہا کہ حدیث میں ہے کہ داڑھی بڑھاؤ۔ تو انہوں نے کہا کہ میں تو اور کٹاؤں گا۔ چنانچہ چند روز بعد انہوں نے اور کترائی آدھا انچ رہ گئی جب ان سے کہا گیا کہ یہ آپ نے کیا کیا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ بس بال برابر کئے ہیں اور ان کا کہنا ہے کہ حدیث میں کہیں بھی ایک مشت داڑھی رکھنے

کا حکم نہیں ہے۔ یہ بات ان کی کس حد تک درست ہے؟ نیز ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنے کا شرعی حکم کیا ہے؟

ج..... امام ابو یوسفؒ نے ایک بار حدیث بیان کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو لوکی 'کدو مرغوب تھا مجلس میں ایک شخص نے حدیث سن کر کہا کہ مجھے تو مرغوب نہیں۔ حضرت امامؒ نے حکم فرمایا کہ اسے قتل کر دو۔ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سے معارضہ کرتا ہے اس نے توبہ کی..... یہ واقعہ آپ کے پیش امام پر صادق آتا ہے۔ ابو یوسفؒ کی مجلس میں پیش امام آیا ہوتا تو وہ اس پیش امام کے قتل کا فتویٰ دیتے۔ اس لئے نہیں کہ یہ داڑھی کٹاتا ہے بلکہ اس لئے کہ یہ فرمان نبویؐ کا معارضہ کرتا ہے۔

رہا اس کا یہ کہنا کہ حدیث میں کہیں بھی ایک مشت داڑھی رکھنے کا حکم نہیں آیا' اس سے پوچھئے کہ داڑھی کٹانے کا حکم کس حدیث میں آیا ہے؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تو بڑھانے ہی کا حکم دیا ہے البتہ بعض صحابہؓ سے ایک مشت سے زائد کا کاٹنا ثابت ہے۔ اس سے تمام فقہائے امت نے ایک مشت سے زائد کے کاٹنے کو جائز اور اس سے کم کے کاٹنے کو حرام فرمایا ہے۔ بہرحال اپنے امام صاحب سے کہئے کہ اپنے اس گستاخانہ کلمہ سے توبہ کریں اور اپنے ایمان کی خیر منائیں۔ اگر اس پر بھی بات ان کی عقل میں نہ آئے تو اس کو امامت سے معزول کر دیا جائے' اس کے پیچھے نماز جائز نہیں جب تک کہ توبہ نہ کرے۔

## ٹخنے ڈھانکنے والے کی امامت صحیح نہیں

س..... ایسے امام کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے جو شلوار ٹخنوں سے نیچے رکھنے کا عادی ہو؟

ج..... شلوار پاجامہ آدھی پنڈلی تک رکھنا سنت نبویؐ ہے۔ ٹخنوں تک رکھنے کی اجازت ہے۔ اور ٹخنوں سے نیچے رکھنا حرام ہے اور نماز میں یہ فعل اور بھی برا ہے۔ جو امام شلوار پاجامہ ٹخنوں سے نیچا رکھنے کا عادی ہو۔ اگر وہ اس سے باز نہ آئے تو اس کو امامت سے ہٹانا ضروری ہے۔

## فاسق کی اقتدا میں نماز ادا کرنا مکروہ تحریمی ہے

س..... کیا فاسق کی اقتدا میں نماز ادا کرنا جائز ہے؟

ج..... فاسق کی اقتدا میں ادا کی گئی نماز مکروہ تحریمی ہے قاعدہ کے لحاظ سے تو واجب الاعادہ ہونی چاہئے' مگر بعض علماء کرام فرماتے ہیں کہ لوٹانے کی ضرورت نہیں۔

## جس کے گھر والے بے پردہ ہوں اس کے پیچھے نماز

س ..... منظور کی داڑھی کٹی ہوئی ہے لیکن اس کے گھر میں شرعی پردہ ہے حکیم متقی ہے لیکن اس کے گھر

میں پردہ نہیں ہے ان دونوں میں سے امامت کے لائق کون ہے۔

ج ..... داڑھی کٹنے کے پیچھے نماز جائز نہیں اور جو شخص گھر والوں کو بے پردگی سے منع نہیں کرتا اور اس کی رضا سے بے پردگی ہوتی ہے تو اس کی امامت بھی جائز نہیں۔

## بینک کے ملازم کی امامت مکروہ تحریمی ہے

س ..... اگر پیش امام بینک میں ملازم ہے تو کیا اس کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے (خاص کر اس کی ڈیوٹی سودی لین دین ہو) اور تنخواہ حرام ہے یا حلال؟

ج ..... بینک کی ملازمت جائز نہیں اور ایسے امام کی امامت مکروہ تحریمی ہے۔ بینک کی تنخواہ چونکہ سود سے ملتی ہے اس لئے وہ بھی حلال نہیں۔

## بددیانت درزی اور ناحق زکوٰۃ لینے والے کی امامت

س ..... ایک صاحب مالدار (صاحب نصاب) ہیں وہ بجائے زکوٰۃ دینے کے زکوٰۃ لیتے ہیں اور امامت کرتے ہیں ایک صاحب بہت جھوٹ بولتے ہیں اور امامت کے فرائض بھی انجام دیتے ہیں۔

ایک صاحب درزی ہیں یا کشن میکر ہیں اور ضرورت سے زیادہ کپڑا لیتے ہیں یعنی جتنا لیتے ہیں اتنا لگاتے نہیں بچا لیتے ہیں بعض صورت میں نئے کی جگہ پرانا مال اندر لگا دیتے ہیں اور نیا بچا لیتے ہیں اور امامت بھی کراتے ہیں۔ کیا ایسے اماموں کے پیچھے نماز درست ہے؟

ج ..... مالدار (جس پر زکوٰۃ واجب ہے) کا زکوٰۃ لینا جھوٹ بولنا اور درزی کا کپڑا چھپانا اور خیانت کرنا یہ سب گناہ ہیں اور ان کا مرتکب فاسق ہے اور فاسق کی امامت مکروہ تحریمی ہے کیونکہ عہدہ امامت عزت و احترام کا منصب ہے جس کا فاسق اہل نہیں۔ اس لئے ایسے شخص کی اقتدا میں نماز جائز نہیں بلکہ مکروہ تحریمی ہے۔

## فاسق امام اور اس کے حمایتی متولی کا حکم

س ..... جو امام پانچ وقت نماز پڑھائے' خطیب ہو' اور عیدین کی نماز بھی پڑھاتا ہو اور داڑھی صرف سوا انچ کے قریب ہو اور باوجود مقتدیوں کے اصرار کے پوری داڑھی نہ رکھتا ہو اور یہ کہے کہ شادی کے بعد پوری داڑھی رکھوں گا کیا ایسے امام کی امامت درست ہے؟ کیا نماز باجماعت ہو جاتی ہے مسجد کے متولی بضد ہیں کہ اسی کو امام رکھوں گا یہ کم تنخواہ لیتا ہے۔

ج ..... یہ امام' حرام اور کبیرہ گناہ کا مرتکب ہے' اس لائق نہیں کہ اس کو امام رکھا جائے اور اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے اگر وہ توبہ نہ کرے تو اہل محلہ کا فرض ہے کہ اس کی جگہ کوئی اور امام رکھیں اور اگر متولی ایسے امام کے رکھنے پر بضد ہے تو وہ بھی معزول کئے جانے کے لائق ہے۔ لوگوں کی نمازیں غارت کرنے والے کو مسجد کا متولی بنانا جائز نہیں۔

## گناہ کبیرہ کرنے والے کی امامت

س ..... ایک شخص نے گناہ کبیرہ کیا اور لوگوں میں بدنام ہو گیا کیا وہ شخص بحیثیت امام نماز پڑھا سکتا ہے ؟ اگر وہ شخص بحیثیت مقتدی میرے برابر کھڑا ہو تو کیا میری اور باقی نمازیوں کی نماز ہوئی یا نہیں۔ جبکہ تمام نمازیوں کو اس بات کا علم ہے کیا ہم اس سے دعا سلام رکھ سکتے ہیں کیا ہم کسی تقریب میں اکٹھے کھانا کھا سکتے ہیں۔ کیا بعد نماز عید گلے مل سکتے ہیں ؟

ج ..... گناہ کبیرہ کا مرتکب اگر توبہ کر کے آئندہ کیلئے اپنی اصلاح کر لے تو اس کو امام بنانا جائز ہے۔ مسلمان خواہ کتنا ہی گناہ گار ہو اس کے نماز میں شامل ہونے سے کسی کی نماز نہیں ٹوٹتی اور اس کے ساتھ کھانا پینا بھی جائز ہے۔ کسی مسلمان کو ایسا ذلیل سمجھنا خود گناہ کبیرہ ہے۔

## ولدالحرام اور بدعتی کی امامت

س ..... بدعتی کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا ناجائز؟

ج ..... فاسق، مبتدع اور ولدالحرام کی امامت مکروہ تحریمی ہے۔ بشرطیکہ بدعتی کی بدعت حد کفر تک پہنچی ہوئی نہ ہو ورنہ اس کے پیچھے نماز ادا ہی نہیں ہوگی۔

## مسجد میں تصویر کشی کرنے والے کی امامت

س ..... مسجد کی تقریب میں امام کے حکم پر ان کا معاون تصویر کشی کرتا ہے۔ منع کرنے پر امام کا حوالہ دیتا ہے بعد ازاں امام صاحب دوسرے دن قسم کھا کر انکار کرتے ہیں کیا یہ فعل درست ہے اور ایسے امام کا کیا حکم ہے؟

ج ..... تصویر بنانا خصوصاً مسجد کو اس گندگی کے ساتھ ملوث کرنا حرام اور سخت گناہ ہے اگر یہ حضرات اس سے اعلانیہ توبہ کا اعلان کریں اور اپنی غلطی کا اقرار کر کے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں تو ٹھیک ورنہ ان حافظ صاحب کو امامت اور تدریس سے الگ کر دیا جائے ان کے پیچھے نماز ناجائز اور مکروہ تحریمی ہے۔

## قاتل کی اقتدا میں نماز

س ..... قاتل کے پیچھے چاہے وہ قید میں ہو یا آزاد ہو نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ کیونکہ یہاں اکثر قاتل لوگ نماز پڑھاتے ہیں؟

ج ..... قاتل کے پیچھے نماز جائز ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "صلوا خلف کل بر وفاجر" یعنی ہر نیک اور بد کے پیچھے نماز پڑھنے کی اجازت ہے۔ اگر قاتل نے اپنے گناہ سے توبہ کر لی ہو تو اس کے پیچھے نماز بلا کراہت جائز ہے۔ ورنہ مکروہ تحریمی ہے۔

## جھوٹ بولنے اور گالیاں دینے والے کے پیچھے نماز

س..... جس کمپنی میں ہم کام کرتے ہیں وہاں کی مسجد میں کسی پیش امام کا مستقل بندوبست نہیں ہے۔ ایک صاحب ہیں جو کہ ظہر کی نماز اکثر پڑھاتے ہیں میں ان کو قریب سے جانتا ہوں جھوٹ بولتے ہیں ذرا سی بات پر ناراض ہو کر انتہائی غلیظ گالیاں بکتے ہیں۔ آپ سے صرف اتنی عرض ہے کہ کیا اس شخص کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے' جو کہ غیبت کرتا ہو' گالیاں بکتا ہو اور جھوٹ بولتا ہو؟

ج..... ایسے امام کے پیچھے نماز مکروہ ہے مگر تنہا نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔

## سنیما دیکھنے والے کی امامت

س..... جو شخص سنیما میں جا کر فلم دیکھتا ہو' ٹیلیویژن پر ناچ گانے بھی دیکھتا ہو' ریڈیو اور ٹیپ ریکارڈ پر گانے اور موسیقی بھی سنتا ہو اور مسجد میں امامت بھی کرتا ہو اس کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

ج..... ایسے شخص کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے اس کو امام نہ بنایا جائے۔

## ٹی وی دیکھنے' گانا سننے والے کے پیچھے نماز

س..... جو مولوی' قاضی یا امام مسجد ٹی وی دیکھنے اور گانا سننے کا شائق ہو ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں؟

ج..... جو شخص ٹی وی دیکھتا اور گانا سنتا ہو وہ فاسق ہے اس کو امامت سے ہٹا دیا جائے۔ اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے۔

## شراب پینے والے کی اقتدا اور جماعت کا ترک کرنا

س..... میں نے ایک شخص کو شراب پیتے ہوئے بذات خود دیکھا ہے اور ایک دفعہ اتفاق سے اس شخص کو با جماعت نماز کی امامت کرتے ہوئے پایا اس صورت میں اس کے پیچھے جماعت سے نماز ادا کروں یا نماز الگ پڑھوں؟ با جماعت نماز کی حیثیت کیا ہے واجب ہے یا سنت ہے؟

ج..... ایسا شخص اگر توبہ نہ کرے تو فاسق ہے' نماز اس کے پیچھے مکروہ ہے۔ مگر تنہا پڑھنے سے بہتر ہے۔ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا واجب ہے۔ کبھی اتفاقاً جماعت نہ مل سکے تو خیر' ورنہ جماعت چھوڑنے کی عادت بنا لینا گناہ کبیرہ ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر بہت وعیدیں فرمائی ہیں۔ اور اس کو منافقوں کی علامت فرمایا ہے۔ علامہ حلبیؒ شرح (منیہ ص ۵۰۹) میں لکھتے ہیں "احکام اس کے وجوب پر دلالت کرتے ہیں چنانچہ جو شخص بلا عذر جماعت چھوڑ دے وہ لائق تعزیر

ہے اور اس کی شہادت مردود ہے۔ اور اگر اس کے ہمسائے اس پر سکوت کریں تو وہ بھی گنہگار ہوں گے۔"

## رشوت خور کو امام بنانا درست نہیں

س..... اگر کوئی امام مسجد رشوت لیتا ہو تو اس کی اقتدا میں نماز پڑھنا جائز ہے؟

ج..... رشوت لینا گناہ کبیرہ ہے اس کا مرتکب فاسق ہے اور فاسق کی امامت مکروہ تحریمی ہے۔

## سود خور کی اقتدا میں نماز

س..... زید نے بینک سے بمع ساتھی سوسائٹی والوں کے ساتھ سود پر رقم لی۔ زید وقتاً فوقتاً نماز کے فرائض بھی انجام دیا کرتا ہے۔ زید نے پہلے یہ نہیں بتایا تھا کہ میں سود میں ملوث ہو چکا ہوں جب مسجد والوں کو اس بات کا علم ہوا کہ زید نے بھی سود پر قرض لیا ہے، تو مسجد والوں نے زید کے بارے میں فتویٰ منگوایا۔ یہ فتویٰ زید کے خلاف گیا جب یہ فتویٰ زید کو دکھایا گیا تو زید نے کہا کہ میں ایک ماہ پہلے ہی توبہ کر چکا ہوں زید اپنے طور پر کہتا ہے مگر کوئی گواہ نہیں، اور نہ ہی کسی کے سامنے توبہ کی۔ کسی سے کہتا ہے کہ میں ساری رقم ادا کر چکا ہوں کسی سے کہتا ہے کہ دو ڈھائی ہزار روپیہ باقی ہے جب کہ اب بھی سات آٹھ ہزار روپیہ سے زائد رقم زید کے ذمہ باقی ہے۔ جس کا سود ادا کر رہا ہے جھوٹ بولنا بھی کبیرہ گناہ ہے۔

سوسائٹی والے زید کے ساتھیوں نے بتایا کہ زید سود پر قرضہ دلانے والوں کا ڈائریکٹر ہے بحیثیت ڈائریکٹر کے زید نے ہی اپنے ساتھیوں کو قرض لینے پر مائل کیا اور ان کا گواہ بنا اور بینک والوں کو گارنٹی دی کہ ان لوگوں نے قرض ادا نہ کیا تو میں ادا کروں گا۔ حدیث شریف میں لکھا ہے کہ "سود لینے والا، دینے والا، دستاویز لکھنے والا، گواہ بننے والا سب ایک ہی شمار کئے جائیں گے۔" کیا ان کیلئے ایک ہی حکم ہے یا علیحدہ علیحدہ؟ اس صورت میں زید کے پیچھے نماز فرائض یا تراویح بلا کراہت جائز ہو سکتی ہے؟ کیا زید امامت کے فرائض انجام دے سکتا ہے؟ شرعی طور پر جو بھی حکم ہوتا یا جائے مہربانی ہوگی۔

ج..... زید اگر آئندہ کے لئے سودی کاروبار سے توبہ کرتا ہے اور اپنے گزشتہ فعل پر نادم ہے تو اس کے پیچھے جائز ہے اور اگر وہ اپنی غلطی کا اقرار کر کے آئندہ کے لئے باز رہنے کا عہد نہیں کرتا تو اس کے پیچھے نماز نہ پڑھی جائے۔

## کیا امام سنت مؤکدہ پڑھے بغیر امامت کروا سکتا ہے؟

س..... بعض اوقات امام صاحب دیر سے آتے ہیں اور جماعت کا وقت ہو جاتا ہے جب اُن سے

جماعت کا کہتے ہیں تو پہلے سنت ادا کرتے ہیں پھر امامت کرتے ہیں کیا امام کیلئے ضروری ہے کہ خواہ وقت ہو جائے وہ سنت نماز ضرور ادا کریں؟ کیا وہ بعد میں سنت ادا نہیں کر سکتے؟ ان دونوں مسائل کا جواب دیتے ہوئے پیش نظر رہے کہ ہم کارخانے کے کارکنان ہیں اس لئے ڈیوٹی کے وقت کا بھی خیال رکھنا پڑتا ہے۔

ج..... امام نے سنتیں نہ پڑھی ہوں تب بھی وہ جماعت کرا سکتا ہے۔ امام صاحب کو چاہئے کہ سنتوں سے پہلے فارغ ہونے کا اہتمام کیا کریں اور اگر کبھی امام پہلے فارغ نہ ہو سکے تو مقتدیوں کو چاہئے کہ امام کو سنتوں کا موقع دے دیا کریں۔ لیکن اگر کارکنوں کی مشغولی کی وجہ سے وقت کم ہو تو امام فرض پڑھانے کے بعد سنت پڑھے۔

## اقامت کے وقت امام لوگوں کو سیدھا کر سکتا ہے

س..... ہمارے ہاں مسجد میں جب نماز پڑھنے سے پہلے اقامت تکبیر پڑھتے ہیں تو امام صاحب نمازیوں کو کہتے ہیں کہ آپ یہاں کھڑے ہوں اور آپ وہاں کھڑے ہوں۔ امام صاحب کو یہاں پر کیا حکم آیا ہے کیا امام صاحب کو خاموش کھڑے رہنا چاہئے یا نمازیوں کو ہدایت دینا جائز ہے؟

ج..... اگر نمازی آگے پیچھے ہوں یا صف میں جگہ خالی ہو تو امام کو ہدایت کرنی چاہئے۔

## امام اور مقتدی کی نماز میں فرق

مقتدی اور امام کی نماز میں خاص فرق کیا ہے؟ وہ کون کون سی عبادتیں ہیں جو آدمی اکیلا پڑھتا ہے اور اگر امام بن جائے تو نہ پڑھے؟

ج..... اکیلے نماز اور امام کی نماز میں تو کوئی فرق نہیں البتہ مقتدی امام کے پیچھے قرات نہیں کرے گا۔ باقی تمام ارکان اور دعائیں پڑھے گا۔

## کیا امام مقتدیوں کی نیت کرے گا؟

س..... مقتدی حضرات با جماعت نماز میں یہ کہتے ہیں کہ پیچھے اس امام صاحب کے لیکن امام صاحب جب مقتدیوں کے آگے مصلی پر ہوتے ہیں کیا ان کو بھی یہ کہنا پڑتا ہے کہ آگے ان مقتدیوں کے۔ اس بارے میں تفصیل سے بتائیں؟

ج..... زبان سے کہنے کی ضرورت تو مقتدیوں کو بھی نہیں۔ صرف یہ نیت کرنا کافی ہے کہ میں اکیلے نماز نہیں پڑھ رہا' امام کے ساتھ پڑھ رہا ہوں۔ امام کو بھی یہ نیت کرنی چاہئے کہ میں دوسروں کی امامت کر رہا ہوں۔ تاہم اگر وہ نیت نہ کرے تب بھی اقتدا صحیح ہے۔

## آہستہ آواز والے امام کی اقتدا

س..... کیا ہمیں ایسے امام کے پیچھے نماز ادا کرنی چاہئے جس کی آواز ہم تک پہنچ تو رہی ہو لیکن یہ سمجھ میں نہ آرہا ہو کہ وہ کیا پڑھ رہے ہیں؟

ج..... امام کی آواز پہنچے یا نہ پہنچے اقتدا صحیح ہے اور ثواب میں بھی کوئی کمی نہیں آتی۔

## خلاف ترتیب تلاوت کرنے والے امام کے پیچھے نماز

س..... کیا نماز میں قرآن کو ترتیب سے پڑھنا چاہئے اگر ایسا ضروری ہے تو ایسا امام جو اس چیز کی پابندی نہ کرے تو کیا اس کے پیچھے نماز جائز ہے جب کہ اس کو اس بات کا علم بھی ہو؟

ج..... قرآن کریم کو خلافِ ترتیب پڑھنا مکروہ ہے جب کہ قصداً ایسا کیا جائے۔ اور اگر سہوا ایسا ہو جائے تو مکروہ نہیں، جہاں تک میرا خیال ہے کوئی امام قصداً خلاف ترتیب نہیں پڑھ سکتا بھولے سے ایسا ہو سکتا ہے اس لئے نماز جائز ہے۔

## اتنی لمبی نماز نہ پڑھائیں کہ مقتدی تنگ ہو جائیں

س ..... ہمارے علاقے کی مسجد کے امام صاحب عام نمازوں میں اتنی طویل قرأت پڑھتے ہیں کہ بعض اوقات بوڑھے نمازی لڑکھڑا کر گر پڑتے ہیں۔ بعض دیگر مقتدی درمیان میں بیٹھ جاتے ہیں رکوع اور سجود اتنے طویل ہوتے ہیں کہ بعض مقتدی بیس سے تیس بار تک تسبیحات پڑھتے ہیں تشہد اور قعدے میں اتنی دیر لگتی ہے کہ گمان ہوتا ہے کہ امام صاحب سو گئے ہیں یا پھر خدانخواستہ ......... ازراہ کرم قرآن و حدیث کی روشنی میں ارشاد فرمایئے کہ (1) امامت کے بارے میں کیا احکام ہیں؟ (2) کیا رکوع اور سجود کی تسبیحات سات سے زائد بار اور تشہد اور قعدے میں وقت بچے تو دیگر دعائیں پڑھی جا سکتی ہیں؟

ج ..... آپ کے امام صاحب صحیح نہیں کرتے امام کو چاہئے کہ نماز میں مقتدیوں کی رعایت کرے اور اتنی لمبی نماز نہ پڑھائے کہ لوگ تنگ ہو جائیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص، امام ہو وہ ہلکی نماز پڑھائے، کیونکہ مقتدیوں میں کوئی کمزور ہوگا، کوئی بیمار ہوگا، کوئی حاجت مند ہوگا۔ ایک اور حدیث میں حکم ہے کہ جماعت میں جو سب سے کمزور آدمی ہو اس کی رعایت کرتے ہوئے نماز پڑھائے۔

## فرائض کی جماعت میں امام کو لقمہ دینا

س ..... کیا تراویح کی نماز کے علاوہ اور نمازوں مثلاً فجر، مغرب، عشاء میں لقمہ دینا جائز ہے؟ اگر امام لقمہ قبول کر لیتا ہے تو کیا نماز فاسد ہو جاتی ہے؟ اور کیا اس سلسلے میں علماء میں کوئی اختلاف ہے؟

ج ..... اگر امام نے آیت غلط پڑھ دی ہو تب تو لقمہ دینا ضروری ہے تاکہ وہ دوبارہ صحیح پڑھے اور اگر امام

بقدر ضرورت قرأت کر چکا تھا اس کے بعد اٹک گیا تو اس کو چاہئے کہ رکوع کر دے مقتدیوں کو لقمہ دینے پر مجبور نہ کرے لیکن اگر اس کو کسی مقتدی نے لقمہ دے دیا تب بھی نماز فاسد نہیں ہوگی۔

## امام صاحب کی بھول ہمیشہ مقتدی کے غلط وضو کی وجہ سے نہیں ہوتی

س ...... مغرب کی با جماعت نماز میں امام صاحب دوسری رکعت میں التحیات کے بعد کھڑے ہونا بھول گئے لقمہ دینے پر وہ اٹھے اور سجدہ سہو کے بعد نماز مکمل کرلی نماز کے بعد امام صاحب نے فرمایا کہ آپ مقتدیوں میں سے کسی کا وضو درست نہیں جو کہ یہ غلطی سرزد ہوئی اور سرکار نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی یہی فرمایا ہے۔ آپ سے یہ بات پوچھنی ہے کہ کیا یہ درست ہے کیونکہ اس وقت جماعت میں سے بارش ہونے کے سبب ہم صرف پانچ نمازی تھے امام صاحب کی اس بات نے ہم پانچوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے میں نے ایک دوسرے صاحب سے یہ بات بھی سنی ہے کہ جب جماعت میں امام صاحب سے کوئی غلطی ہو جاتی ہے تو اس وقت حضرت خضر علیہ السلام مسجد میں تشریف لاتے ہیں اور آدمیوں کے بھیس میں نمازیوں سے مصافحہ کرتے ہیں۔

ج ...... یہ کہنا تو مشکل ہے کہ امام صاحب کو جب بھی بھول ہو اس کا سبب ہمیشہ یہی ہوتا ہے کہ مقتدیوں میں سے کسی کا وضو صحیح نہیں ہوگا۔ البتہ یہ کہنا صحیح ہے کہ دیگر اسباب میں سے ایک سبب یہ بھی ہو سکتا ہے آپ کے امام صاحب نے جس حدیث کا حوالہ دیا ہے وہ سنن نسائی ( جلد اول صفحہ 151 ) میں ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ ایک بار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز میں سورہ روم کی قرأت فرمائی "قرأت کے دوران آپ کو تشابہ لگ گیا نماز سے فارغ ہو کر فرمایا کہ ان لوگوں کا کیا حال ہے جو ٹھیک سے وضو نہیں کرتے یہی لوگ ہیں جن کی وجہ سے ہماری قرأت میں گڑبڑ ہوتی ہے۔ بہرحال امام صاحب کی بھول کا سبب کبھی مقتدیوں کی یہ کوتاہی بھی ہو سکتی ہے اور کبھی خود امام کی کوتاہی بلکہ یہی اغلب ہے۔

حضرت خضر علیہ السلام کے تشریف لانے اور نمازیوں سے مصافحہ کرنے کی بات میں نے کہیں نہیں سنی نہ پڑھی۔

## امام کا اپنے بچے کے رونے کی وجہ سے نماز توڑ دینا

س ...... ہمارے محلے کی قریبی مسجد میں جو امام مقرر ہیں ایک دن عشاء کی نماز کی آخری رکعت میں امام صاحب سجدے میں گئے تو انہیں مسجد سے ملحقہ اپنے مکان سے اپنے بچے کے رونے کی آواز آئی۔ یہ نماز صحن میں ادا کی جارہی تھی مسجد کے ہال سے امام صاحب کے گھر ایک دروازہ کھلتا ہے امام صاحب سجدہ میں نماز چھوڑ کر اپنے گھر چلے گئے مقتدی کافی دیر سجدہ میں رہے تو ان میں سے ایک مقتدی اٹھ گیا دیکھا تو امام صاحب غائب ہیں۔ اس طرح باقی مقتدیوں نے بھی نماز توڑ دی بعد میں مقتدیوں نے جب امام سے دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا کہ مجھے اپنے بچے کے رونے کی آواز آئی تھی میں یہ سمجھا کہ کوئی اسے اغوا کر رہا ہے۔ حالانکہ امام صاحب کی بیوی گھر میں موجود تھیں۔ مقتدیوں نے تو نماز توڑ دی بتایئے اس صورت میں انہیں کیا کرنا چاہئے تھا یا دوبارہ نماز با جماعت پڑھانی چاہئے تھی۔ ابھی پچھلے دنوں امام صاحب امامت کے دوران قرأت کرتے ہوئے بھول گئے۔ بعد میں ایک مقتدی نے ان سے اس کے

بارے میں مسئلہ پوچھا تو انہوں نے بجائے مسئلہ بتانے کے یہ کہا کہ اس میں میرا کوئی قصور نہیں کسی مقتدی نے وضو صحیح نہیں کیا۔ آپ ہی بتائیں کہ ایسے اعمال کرنے والے امام صاحب کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں ؟

ج ...... بچے کے رونے کی آواز سن کر امام صاحب کے لئے نماز توڑنا جائز نہیں تھا۔ اگر انہوں نے ایسا کیا تو یہ غلط کیا اس سے امام صاحب اور مقتدیوں' سب کی نماز ٹوٹ گئی اور دوبارہ سے جماعت کرانی چاہئے تھی۔ کسی کے وضو کرنے یا نہ کرنے کا امام کے بھولنے میں ہمیشہ دخل نہیں ہوتا' بعض مرتبہ اچھے اچھے عالم بھی بھول جاتے ہیں یہ اتنی معیوب بات نہیں۔ دونوں مسئلوں سے معلوم ہوتا ہے کہ امام صاحب فقہ اور نماز کے مسائل سے ناواقف ہیں بہتر یہ ہے کہ کسی عالم کو جو قرأت بھی جانتے ہوں امام مقرر کیا جائے۔

## امام کو اپنی نماز جماعت سے زیادہ اطمینان سے پڑھنی چاہئے

س ...... دیکھا گیا ہے کہ پیش امام حضرات نماز کی جماعت تو بڑے اہتمام سے پڑھاتے ہیں اور بعد کی بقیہ رکعتیں جو بعد نماز جماعت ادا کرنی ہوتی ہیں جلدی جلدی پڑھ کر نماز ختم کر لیتے ہیں۔

سوال یہ ہے کہ ایسا وہ دانستہ کرتے ہیں یا اس کیلئے کوئی شرعی جواز ہے۔ کیا جماعت کے علاوہ بقیہ رکعتیں سکون و آرام کے ساتھ ادا کرنی چاہئیں یا جلدی جلدی امام صاحب کی طرح ؟

ج ...... فرض نماز تو مختصراً پڑھانے کا حکم ہے تاکہ بیماروں بوڑھوں اور کمزوروں کی رعایت رکھی جاسکے۔ اپنی تنہا نماز آدمی کو زیادہ اطمینان سے پڑھنی چاہئے۔ جس غلطی کی آپ نے نشاندہی فرمائی ہے' وہ واقعی لائق اصلاح ہے۔

## امام کو سنت کے لئے جگہ تبدیل کرنا

س ...... امام فرائض پڑھا کر مصلی سے ہٹ کر نماز سنت ادا کرے یا وہاں اسی جگہ پر۔

ج ...... جگہ بدل لیتا اور ذرا آگے پیچھے یا دائیں بائیں ہو جانا چاہئے۔

## نماز کے بعد امام کس طرف منہ کر کے بیٹھے

س ...... کیا ہر نماز با جماعت کے بعد امام صاحب کا دعا کیلئے مقتدیوں کی طرف منہ کر کے بیٹھنا ضروری یا سنت ہے ؟

ج ...... نماز کے بعد مقتدیوں کی طرف منہ کر کے بیٹھنا کوئی ضروری نہیں ہے دائیں بائیں جس طرف چاہے بیٹھ سکتا ہے۔

## امام صاحب کا نمازی کے سامنے منہ کر کے بیٹھنا جائز نہیں

س ...... عشاء کی نماز با جماعت کا سلام پھیر کر امام صاحب مقتدیوں کی طرف منہ کر کے دعا مانگتے ہیں اور دعا ختم ہو جاتی ہے امام صاحب اب بھی مقتدیوں کی طرف منہ کر کے بیٹھتے ہیں۔ ٹھیک امام صاحب کے

پیچھے صف اول میں ایک نہایت ضعیف البصر و ضعیف السماعت عمر رسیدہ بزرگ بیٹھتے ہیں یہ بزرگ دعا ختم ہونے پر حسب معمول سنت موکدہ ادا کرنے کیلئے کھڑے ہو جاتے ہیں اور نیت باندھ کر نماز ادا کرنے لگتے ہیں۔ امام صاحب اب بھی ان بزرگ کی طرف منہ کئے ہوئے بیٹھے رہتے ہیں۔
اس صورتحال کو دیکھتے ہوئے ایک مقتدی امام صاحب سے درخواست کرتا ہے کہ "اپنا رخ بدل لیجئے" امام صاحب نے جواب دیا "ابھی نمازی نے سجدہ تو نہیں کیا" اس جواب پر سوال کنندہ مصلحتاً خاموش رہتا ہے لیکن امام صاحب اب بھی اپنی اسی حالت نشست پر چند اور ساعت بیٹھے رہتے ہیں اور پھر استغنا کے ساتھ اسی رخ کھڑے ہو جاتے ہیں اور ان بزرگ نمازی کے سامنے سے گزرتے ہوئے چلے جاتے ہیں۔
کیا امام صاحب کا مذکورہ بالا جواب اور یہ تمام حرکات جائز ہیں ؟
ج ...... نمازی کے سامنے اس کی طرف منہ کر کے بیٹھنا جائز نہیں۔ اور نمازی کے سامنے سے اٹھ کر چلے جانا جائز ہے۔

## نماز کے بعد امام کو کعبہ کی طرف پیٹھ کر کے بیٹھنا جائز ہے

س ...... کیا بعد نماز امام کا کعبہ کی طرف یا قبلہ اول کی طرف پیٹھ کرنا جائز ہے ؟
ج ...... امام کو چاہئے کہ نماز کے بعد مقتدیوں کی طرف پشت کر کے نہ بیٹھے۔ بلکہ یا تو مقتدیوں کی طرف منہ کر کے بیٹھ جائے یا دائیں بائیں منہ کر کے بیٹھے۔

## امام سے اختلاف کی بناء پر مسجد نبویؐ میں نماز نہ پڑھنا بڑی محرومی ہے

س ...... مسجد نبویؐ کی طرف جا کر وہاں نماز نہ پڑھنا (جو چالیس نمازوں کے برابر ہے) محض امام سے اختلافات کی بنا پر کیسا فعل ہے ؟
ج ...... مسجد نبویؐ شریف میں نماز پڑھنا ایک ہزار نماز کے برابر ہے حدیث شریف میں ہے کہ جس نے میری مسجد میں چالیس نمازیں ایسے طور پڑھیں کہ کوئی نماز فوت نہ ہو اس کیلئے دوزخ سے برأت اور عذاب سے نجات کا پروانہ لکھ دیا جاتا ہے اور وہ نفاق سے بری ہو جاتا ہے۔ (مسند احمد ص155 ج3)
ان فضائل کے باوجود محض امام سے فقہی اختلاف کی بنا پر حرم نبویؐ کی نمازیں چھوڑ دینا کتنی بڑی محرومی اور بے توفیقی ہے ؟ اس کا اندازہ بھی کیا جا سکتا ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ○

## جس امام سے ناراضی ہو اس کی اقتداء

س ...... کسی امام سے ناراضگی ہو تو ایسی صورت میں اس کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں ؟
ج ...... امام سے کسی دنیوی سبب سے ناراضگی رکھنا برا ہے۔ نماز اس کے پیچھے جائز ہے۔

## امام کی توہین کرنے والے کی اسی امام کے پیچھے نماز

س ...... گاؤں کے معززین کا ایک اجتماع برائے فلاح و بہبود منعقد ہوا جس میں امام مسجد شریک ہوئے باتوں باتوں میں ایک شخص نے مولوی صاحب کے اعتراض پر کہا کہ مولوی بکواس کرتا ہے اور جھوٹ بولتا

ہے کیا یہ شخص مجمع عام کے سامنے امام کی بے عزتی کر کے دوبارہ کسی جگہ فرض' واجب وغیرہ ان امام صاحب کی اقتدا میں نماز ادا کر سکتا ہے۔ اس کیلئے شرعی تعزیر یا سزا کیا ہے؟ تاکہ آئندہ کے لئے سدباب ہو سکے اور امام صاحب کی عزت محفوظ رہ سکے یاد رہے کہ مذکورہ امام صاحب عرصہ دس سال سے للہ فی اللہ دینی خدمات 'عیدین' جمعہ' جنازہ' دعا وغیرہ سرانجام دے رہے ہیں؟

ج ...... امام کی ناحق توہین کر کے وہ شخص گناہ کا مرتکب ہوا ہے اس کو اس سے توبہ کرنی چاہئے اور امام صاحب سے معافی مانگنی چاہئے۔ نماز اس کی امام صاحب کے پیچھے جائز ہے۔

## اگر امام سے کسی مسئلہ میں اختلاف ہو جائے تو اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟

س ...... میری دکان کے سامنے 'مسجد ہے آٹھ مہینے پہلے کا واقعہ ہے عصر کی نماز کی جماعت ختم ہونے کے بعد ایک نمازی دوبارہ نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہوئے۔ ان کے برابر دوسرے نمازی نے ٹوکا کہ تم نے ابھی جماعت سے نماز پڑھی ہے عصر کی نماز پڑھنے کے بعد کوئی نماز پڑھنا حرام ہے ان صاحب نے جواب دیا کہ میں پچھلی قضاء نماز پڑھوں گا۔ اس پر ٹوکنے والے نے وہی بات دہرائی کہ کوئی بھی نماز پڑھنا حرام ہے چاہے امام صاحب سے معلوم کر لو۔ دوسرے نمازی بھی ان ٹوکنے والے کے ساتھ مل گئے اور امام صاحب کے پاس اس نمازی کو لے آئے۔ امام صاحب نے بھی یہی جواب دیا کہ عصر کی نماز پڑھنے کے بعد کوئی بھی نماز پڑھنا حرام ہے؟ یہ سن کر میں نے نمازیوں سے کہا کہ میری معلومات کے تحت یہ قضا نماز پڑھ سکتے ہیں 'ابھی مغرب میں کم سے کم ایک گھنٹہ ہے میرے جواب دینے پر نمازی مجھ پر پلٹ گئے اور کہنے لگے تم نے امام صاحب کی مخالفت کی ہے 'اس وجہ سے اپنی نمازیں دوبارہ پڑھو۔ اس واقعہ کے بعد میں نے اس مسجد میں نماز پڑھنی بند کر دی۔ تھوڑے فاصلہ پر دوسری مسجد میں با جماعت پڑھنی شروع کر دی مجھ کو آپ سے یہ معلوم کرنا ہے کہ امام صاحب اور نمازیوں سے اس اختلاف پر دوسری مسجد میں نماز پڑھنا کیا جائز ہے۔ اور کیا مجھ کو پچھلی نمازیں جو میں نے ان امام صاحب کے ساتھ پڑھیں دوبارہ پڑھنی پڑیں گی

ج ...... افسوس ہے کہ بے علمی کی وجہ سے آپ حضرات میں سے کسی نے صحیح مسئلہ نہیں بتایا۔ آپ کے سوال میں چند مسائل ہیں جنہیں الگ الگ لکھتا ہوں۔

1۔ فجر اور عصر کی نماز کے بعد نفل پڑھنا جائز نہیں 'لیکن قضا نمازیں پڑھ سکتے ہیں مگر لوگوں کے سامنے قضا نماز مکروہ ہے۔ الگ جگہ پڑھنی چاہئے۔

2۔ جس شخص کو قضا نماز پڑھنی ہو صرف اسی شخص کا مقتدی بن سکتا ہے جو وہی قضا نماز پڑھ رہا ہو۔ مثلاً ایک دن کی عصر کی نماز دو شخصوں کی فوت ہو گئی تھی وہ دونوں جماعت کرا سکتے ہیں۔ لیکن اگر امام کوئی نماز پڑھا رہا ہو اور مقتدی کی نماز اور ہو تو اقتدا صحیح نہیں۔ مثلاً امام آج کی عصر پڑھنا چاہتا ہے اور مقتدی قضا شدہ کل کی عصر پڑھنا چاہتا ہے تو اقتدا صحیح نہیں ہوگی۔

3۔ امام سے اگر مسئلہ میں اختلاف ہو جائے خواہ امام کی غلطی ہو یا مقتدی کی اس کے پیچھے پڑھی ہوئی نماز صحیح ہے اس کو نہیں لوٹایا جائے گا اس لئے جن دوستوں نے آپ کو نماز لوٹانے کا مشورہ دیا وہ غلط تھا اور آپ کا اس مسجد کو چھوڑ کر دوسری مسجد میں نماز شروع کر دینا بھی اسی غلط مشورے کو قبول کرنے کا نتیجہ ہے اس لئے یہ بھی غلطی ہے آپ کی نماز اسی امام صاحب کے پیچھے جائز ہے۔

## ایک مقتدی کی نماز خراب ہو گئی تو اس نے اسی نماز کی دوسری جگہ امامت کی

س …… منیٰ میں اپنے نزدیکی خیمہ میں نماز کے لئے گیا وہ لوگ طائف (مسافت 53 میل) سے حج کیلئے آئے تھے جس کا مجھے بعد میں علم ہوا۔ ظہر کی نماز کا وقت تھا انہوں نے نماز شروع کی میں بھی ان میں شامل ہو گیا امام جو کہ حافظ قرآن تھا (لیکن داڑھی نہیں تھی) نے بالجہر (قرأت) سے الحمد للہ شریف اور سورۃ پڑھی۔ حالانکہ پیچھے سے کئی مرتبہ اللہ اکبر بھی کہا دوسری رکعت میں بھی اس نے اسی طرح قرأت سے الحمد شریف اور سورۃ پڑھی اور پھر دو رکعت کے بعد سلام پھیر دیا کیونکہ انہوں نے قصر پڑھنی تھی میں نے بھی سلام پھیر دیا امام صاحب کو سمجھایا کہ جناب ظہر اور عصر میں بالجہر نہیں پڑھنی چاہئے۔
بہر حال مجھے اس نماز سے تسلی نہیں ہوئی چونکہ میں مقامی یعنی مکہ المکرمہ کا رہنے والا تھا اس لئے میں نے قصر نماز نہیں پڑھنی تھی بلکہ پوری ادا کرنی تھی اس لئے میں اپنے خیمہ میں آگیا جہاں میرے ساتھی اور بھائی نماز کیلئے تیار تھے انہوں نے مجھے امامت کیلئے کہا اور میں نے ظہر کی نماز پڑھائی برائے مہربانی یہ وضاحت فرما دیں کہ کیا یہ میرا یہ عمل درست تھا خاص طور پر امامت کرانا کیسا رہا؟

ج …… دن کی نمازوں میں جہری قرأت درست نہیں جب آپ نے مقیم ہونے کے باوجود دو رکعت پر سلام پھیر دیا تو آپ کی وہ نماز نہیں ہوئی۔ اس لئے آپ کا امامت کرانا صحیح تھا۔

# مقتدی

## دوبارہ امامت کرانے والے کی اقتدا کرنا

س...... ہمارے یہاں ریاض میں عربی امام صاحب ظہر کی جماعت کراتے ہیں اگر کوئی شخص جماعت سے رہ جائے تو دوبارہ اس کے ساتھ امام بن کر جماعت کراتے ہیں کہ اس طرح میری (امام) نیت نفلوں کی ہوتی ہے اور مقتدی فرض پڑھتا ہے۔ پوچھنا یہ ہے کہ اگر امام کی نیت نفل کی ہو اور مقتدی کی نیت فرضوں کی تو جماعت ہو جاتی ہے یا نہیں؟ صحابہ کرامؓ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا میں نماز ادا کرنے کے بعد محلوں میں جماعت کی امامت کراتے تھے یا نہیں؟

ج...... حنفیہ کے نزدیک فرض پڑھنے والے کی اقتدا نفل پڑھنے والے کے پیچھے صحیح نہیں دیگر بعض ائمہ کے نزدیک جائز ہے۔ وہ صاحب اپنے مسلک کے مطابق دوبارہ نماز پڑھاتے ہوں گے' لیکن کسی حنفی کو ان کی دوبارہ امامت میں اقتدا کرنا صحیح نہیں' ورنہ اس کی نماز نہیں ہوگی۔

## امام بالائی منزل پر ہو تو نچلی منزل والوں کی نماز

س...... ہمارے محلے کی مسجد زیر تعمیر ہے مسجد کا ایک حصہ تعمیر ہو چکا ہے جو دو منزلوں پر مشتمل ہے۔ مسجد کی تعمیر کے دوران اسی حصے میں نماز باقاعدگی سے پڑھائی جاتی تھی۔ با جماعت نماز اس طرح ہوتی تھی کہ پیش امام صاحب بالائی منزل پر ہوتے تھے اور مقتدی بالائی اور زیریں دونوں جگہوں پر با جماعت نماز ادا کرتے تھے دونوں منازل پر لاؤڈ اسپیکر کے ذریعے امام صاحب کی آواز پہنچانے کا انتظام تھا۔ مسئلہ یہ ہے کہ چند حضرات کا کہنا ہے کہ نچلی منزل میں نماز پڑھنے والے نمازیوں کی نماز نہیں ہوئی۔ پیش امام کا مقتدی کے سامنے ہونا ضروری ہے نیز پیش امام جس مقام پر کھڑا ہے اور مقتدی جس مقام پر کھڑا ہے اس مقام کی اونچائی کی حد مقرر ہے آپ سے اس مسئلے کی وضاحت کا خواست گار ہوں اور کیا وہ نمازیں جو ہم نے نچلی منزل میں با جماعت ادا کی ہیں وہ ہو گئیں یا نہیں

دوبارہ ادا کرنا چاہئے؟ امید ہے آپ تفصیل سے جواب عطا فرما کر شکریہ کا موقع دیں گے

ج..... اگر بالائی منزل پر امام کے ساتھ کچھ مقتدی بھی ہوں' جیسا کہ سوال میں ذکر کیا گیا ہے' تو نچلے حصہ والوں کی اقتدا بھی صحیح ہے۔ لیکن نچلی منزل کو چھوڑ کر امام صاحب کا اوپر کی منزل پر جماعت کرانا مکروہ ہے۔

س..... یہاں پر ایک مسجد زیر تعمیر ہے اس کیلئے مسئلہ یہ معلوم کرنا ہے کہ مسجد کو دو منزلہ بنا رہے ہیں کیونکہ جگہ چھوٹی ہے جمعہ کی نماز میں نمازیوں کی کثرت ہونے کی وجہ سے اور بچوں کو قرآن شریف کی تعلیم کیلئے دوسری منزل کا بھی پروگرام ہے کچھ ساتھی یہ کہہ رہے ہیں کہ پہلی منزل کی چھت میں محراب کے مقابل گیلری رکھی جائے تاکہ امام صاحب کی آواز اوپر جاسکے ویسے لاؤڈ اسپیکر بھی لگائے جائیں گے' اگر لائٹ نہ ہو تو آواز کا مسئلہ تب ہی پیدا ہوگا اور کہتے ہیں کہ اگر گیلری نہ چھوڑی گئی تو اوپر کی منزل الگ ہوگی اور نیچے کی الگ ہوگی لہٰذا اس مسئلے کا شرعی حل بتادیں تو نوازش ہوگی۔ گیلری رکھنی ضروری ہے یا نہیں؟

ج..... اگر اوپر والوں کو امام کے انتقالات کا علم ہوتا رہے' خواہ لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ' خواہ مکبروں کے ذریعہ' تو اوپر والوں کی اقتدا صحیح ہے خواہ گیلری ہو یا نہ ہو۔ ویسے گیلری کی تجویز بھی بہت مناسب ہے۔

## امام کے ساتھ ارکان کی ادائیگی

س..... جماعت کی نماز کے دوران امام جب رکوع و سجود کرتا ہے کیا اس کے ساتھ ساتھ یا بعد میں یعنی امام سجدہ میں چلا جائے تب مقتدی کو سجدہ کرنا چاہئے یا امام کے ساتھ ساتھ؟

ج..... مقتدی کا رکوع و سجدہ اور قومہ و جلسہ امام کے ساتھ ہی ہونا چاہئے بشرطیکہ مقتدی' امام کے رکن شروع کرنے کے بعد اس رکن کو شروع کرے نیز یہ کہ امام سے آگے نکلنے کا اندیشہ نہ ہو اگر امام کے اٹھنے بیٹھنے کی رفتار سست ہو اور یہ اندیشہ ہو کہ اگر اس امام کے ساتھ ہی انتقال شروع کیا تو امام سے آگے نکل جائے گا تو ایسی حالت میں تھوڑا سا توقف کرنا چاہئے۔

## مقتدی تمام ارکان امام کی متابعت میں ادا کرے

س..... حضرت میرے پاس سعودی عرب سے ایک مہمان آئے تھے۔ وہ ایک دن میرے ساتھ نماز پڑھنے گئے۔ نماز کے بعد فرمانے لگے کہ یہاں جماعت کی نماز میں ایک خطا ہوئی ہے۔ نماز کا حکم یہ ہے کہ امام جب اللہ اکبر پورا کہہ دیں اس کے بعد مقتدی اللہ اکبر کہیں۔ اس کیلئے فرمانے لگے کہ ضروری ہے کہ مقتدی بھی خیال فرمائیں اور امام بھی لفظ اللہ کو یا اکبر کو لمبا نہ کھینچے بلکہ بہت جلدی سے اللہ اکبر کہیں۔ اسی طرح یہ بھی فرمانے لگے کہ حکم ہے کہ امام جب رکوع میں جائیں یا سجدہ میں جائیں

یا سجدہ سے اٹھے تو جب تک امام اللہ اکبر پورا نہ کہہ لیں اس وقت تک مقتدی اللہ اکبر شروع نہ کریں اور نہ ہی رکوع میں یا سجدہ میں جائیں اور نہ ہی سجدے سے اٹھیں۔

اسی طرح فرمانے لگے کہ یہی حکم رکوع سے اٹھنے کا ہے اس طریقہ پر فرمانے لگے کہ یہی حکم سلام پھیرنے کا ہے۔ حضرت آپ سے معلوم کرنا تھا کہ یہ بات کہاں تک صحیح ہے؟ اور اگر صحیح ہے تو ہماری مساجد میں تو اکثر بہت سے مقتدیوں کی نماز اس حکم سے بہت مختلف ہے جس کی پہلی وجہ تو لوگوں کی ناواقفیت ہے اور دوسری اہم وجہ یہ کہ ہماری مساجد میں اکثر امام حضرات ہر رکن پر اللہ اکبر یا سمع اللہ لمن حمدہ یا سلام کافی لمبا کھینچتے ہیں۔

ج...... آپ کے سعودی دوست کی بات اس حد تک درست ہے کہ مقتدی کے ارکان امام سے پہلے ادا نہیں ہونے چاہئیں اور پھر اس میں کچھ تفصیل ہے وہ یہ کہ اگر امام کی تحریمہ (پہلی تکبیر) سے پہلے مقتدی نے تحریمہ ختم کرلی تو اقتدا ہی صحیح نہیں ہوئی اس لئے مقتدی کی نماز نہیں ہوئی۔ اور دوسرے ارکان میں نماز فاسد نہیں ہوگی لیکن سخت گنہگار ہوگا۔ مثلاً اگر رکوع سجدہ میں پہلے چلا گیا تو اگر امام بھی اس کے ساتھ رکوع سجدہ میں جاکر شریک ہوگیا تو مقتدی کی نماز تو ہوگئی مگر گنہگار ہوا......

خلاصہ یہ کہ امام سے آگے بڑھنا جائز نہیں اور بعض صورتوں میں اس سے نماز فاسد ہوجاتی ہے۔

## مقتدی تکبیر کب کہے؟

س...... مقتدی امام کے پیچھے کس طرح نماز ادا کریں امام کے منہ سے اللہ نکلے فوراً عمل شروع کردیں؟

ج......امام کے تکبیر شروع کرنے کے بعد آپ تکبیر کہہ سکتے ہیں مگر اس کا خیال رکھا جائے کہ تکبیر امام سے پہلے شروع نہ کی جائے اور امام سے پہلے ختم بھی نہ کی جائے۔

## مقتدی کو تکبیریں آہستہ کہنی چاہئیں

س...... مردوں کے لئے فرض رکعتوں میں تکبیریں اور ثناء (ظہر اور عصر کے علاوہ) با آواز بلند پڑھنے کا حکم ہے، مسجد میں بھی (جماعت کے علاوہ) کیا ایسا کرنا چاہئے؟ عموماً لوگ مساجد میں فرائض بھی خاموشی سے ادا کرلیتے ہیں۔ کیا یہ درست ہے؟

ج......بلند آواز سے تکبیر امام کہتا ہے، مقتدی کو اور منفرد کو تکبیریں آہستہ کہنی چاہئیں اور ثناء تو امام بھی آہستہ پڑھے۔

## مقتدی تکبیرات کتنی آواز سے کہے

س...... بعض لوگ با جماعت نماز پڑھتے ہوئے امام کی تکبیروں کے ساتھ ساتھ تکبیریں کہتے ہیں اور کہتے بھی بالجہر ہیں یعنی ان کے ساتھ کھڑے ہوئے دو تین شخص با آسانی ان کی آواز سن اور سمجھ سکتے ہیں کیا ان کی نماز ہو جاتی ہے؟

ج...... مقتدی کو تکبیر آہستہ کہنی چاہئے اور آہستہ کا مطلب یہ ہے کہ آواز صرف اس کے کانوں کو سنائی دے۔

## امام کی اقتدا میں ثناء کب تک پڑھے

س...... سری نماز و جہری نماز میں مقتدی کو ثناء کیسے ادا کرنی چاہئے' یعنی سری نماز میں کب تک اور جہری نماز میں کب تک پڑھنی چاہئے؟

ج...... جب امام قرات شروع کر دے تو ثناء چھوڑ دینی چاہئے اور سری نماز میں جب تک یہ خیال ہو کہ امام نے قرات شروع نہیں کی ہوگی ثناء پڑھ لے۔ اس کے بعد چھوڑ دے۔

## مقتدی کی ثناء کے درمیان اگر امام فاتحہ شروع کر دے تو مقتدی خاموش ہو جائے

س...... امام کے سورۃ فاتحہ شروع کرنے سے پہلے میں نے ثناء پڑھنی شروع کر دی اور درمیان میں امام نے سورۃ فاتحہ شروع کر دی۔ اس وقت بقیہ ثناء اور تعوذ و تسمیہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

ج...... جب امام قرات شروع کر دے تو ثناء پڑھنا وہیں پر بند کر دے۔ تعوذ و تسمیہ قرات کے تابع ہیں اس لئے ان کو امام اور منفرد پڑھے۔ مقتدی نہیں۔ مقتدی صرف ثناء پڑھ کر خاموش ہو جائے۔

## شافعی امام جب فجر میں قنوت پڑھے تو حنفی مقتدی خاموش رہے

س...... اکثر فجر کی دوسری رکعت میں شافعی امام ہاتھ اٹھا کر قنوت پڑھتے ہیں جس میں ۵' ۷ منٹ صرف ہوتے ہیں۔ بحیثیت حنفی مسلک کے مجھے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنی چاہئے یا خاموشی سے کھڑا رہنا چاہئے؟ اگر امام کی اتباع میں ہاتھ اٹھا کر دعا مانگ لی جائے تو اس میں کیا حرج ہو گا؟ نماز ہو گئی یا دوبارہ لوٹانی پڑے گی۔

ج...... ہمارے نزدیک قنوت فجر مشروع نہیں اس لئے اس میں شافعی امام کی مطابقت نہ کی جائے بلکہ اموش کھڑا رہے۔

## فجر کی دوسری رکعت میں قنوت پڑھنے والے امام کے پیچھے کیا کیا جائے؟

س..... یہاں پر یعنی ابوظبی میں اکثر مساجد میں دیکھنے میں آیا ہے کہ نماز فجر کے دوران دوسری رکعت میں رکوع کے بعد اور سجدے سے پہلے کھڑے ہو کر اور ہاتھ اٹھا کر امام اونچی آواز سے طویل دعا پڑھتا ہے اور اس کے ساتھ تمام نمازی بھی دعا پڑھتے ہیں اور آمین کہتے ہیں ایسے بھی لوگ ہیں جن میں میں بھی شامل ہوں امام کے ساتھ دعا پڑھنے کی بجائے خاموشی سے کھڑے رہتے ہیں اور جب امام دعا ختم کر کے سجدے میں جاتا ہے تو ساتھ ہی سجدے میں چلے جاتے ہیں۔ قرآن و سنت کی روشنی میں اس دعا کے پڑھنے یا نہ پڑھنے کے متعلق تفصیلاً جواب سے نوازیں؟

ج..... یہ دعائے قنوت کہلاتی ہے جسے حضرات شافعیہ فجر کی نماز میں ہمیشہ پڑھتے ہیں۔ ہمارے نزدیک فجر کی نماز میں قنوت ہمیشہ نہیں پڑھی جاتی بلکہ جب مسلمانوں کو کوئی اہم حادثہ پیش آجائے تو قنوت نازلہ پڑھی جاتی ہے۔ کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے حوادث کے موقع پر ہی پڑھنا ثابت ہے' بعد میں ترک فرمادیا تھا۔ پس اگر امام شافعی المذہب ہو اور وہ فجر کی نماز میں ہمیشہ قنوت پڑھے تو اس کے قنوت پڑھنے کے دوران ہاتھ چھوڑ کر خاموش کھڑے رہیں اور جب امام سجدے میں جائے تو اس کے ساتھ سجدے میں چلے جائیں۔

## سری نمازوں میں مقتدی ثناء کے بعد کیا کرے؟

س..... نماز فرض میں امام کے پیچھے نماز پڑھنے کے دوران فجر' مغرب اور عشاء میں تو امام صاحب بلند آواز سے قرات کرتے ہیں' مگر ظہر اور عصر میں بلند آواز سے قرات نہیں کرتے کیا مقتدی کو مندرجہ بالا دونوں نمازوں میں ثناء کے بعد کچھ پڑھنا چاہئے یا خاموشی سے امام کی اقتدا کرنی چاہئے؟

ج..... جماعت کی نماز میں قرات امام کا وظیفہ ہے۔ مقتدی کو خاموشی کا حکم ہے اس لئے خواہ دن کی نماز ہو یا رات کی' مقتدی کو ثناء پڑھنے کے بعد خاموش رہنا چاہئے۔ اور دل میں سورۃ فاتحہ پڑھ لے۔ مگر زبان سے الفاظ ادا نہ کرے۔

## امام کے پیچھے قرات کے معاملہ میں اپنے اپنے مسلک پر عمل کریں

س..... بعض لوگ پیش امام کے پیچھے نماز ادا کرتے ہوئے سورتیں، خود بھی پڑھتے ہیں کیا یہ بات مناسب ہے؟

ج..... امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک امام کی قرات مقتدی کیلئے کافی ہے' لہذا امام کے پیچھے سورتیں پڑھنا

صحیح نہیں۔ اور اہل حدیث حضرات امام کے پیچھے صرف فاتحہ پڑھنے کا حکم کرتے ہیں۔ آپ جس مسلک کے ہوں اس پر عمل کریں، اختلافی مسائل میں دوسروں سے الجھنا نہیں چاہئے۔

## مقتدی کا عصر یا ظہر کی پہلی دو رکعتوں میں سورۃ سوچنا بہتر ہے

س..... امام کے ساتھ عصر یا ظہر کے چار فرض پڑھ رہے ہوں تو کیا پہلی اور دوسری رکعت کے قیام میں ہم الحمد شریف اور کوئی سورۃ "سوچ" سکتے ہیں یا نہیں؟ تاکہ کوئی دنیاوی خیالات نہ آئیں۔

ج..... دل میں ضرور سوچتے رہنا چاہئے، لیکن زبان سے الفاظ ادا نہ کئے جائیں۔

## مقتدی رکوع و سجود میں کتنی بار تسبیح پڑھے؟

س..... مقتدی رکوع اور سجود میں جتنی بار وقت ملے اتنی ہی بار تسبیح کر سکتا ہے یا مقررہ حد ۳ بار ہی کہے؟ ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ رکوع میں وہ ۵ بار تسبیح کر سکا، پہلے سجدہ میں ۷ بار، دوسرے میں امام صاحب کے جلد اٹھ جانے کے باعث ۳ ہی بار تسبیح کر سکا۔ کیا اس طریقہ سے کوئی قباحت ہے؟

ج..... تین بار کمال کا ادنیٰ درجہ ہے۔ اس سے زیادہ جتنی بار کہہ سکتا ہے کہہ لے، مگر طاق کی رعایت رکھے۔

## ربنا لک الحمد کے بجائے سمع اللہ لمن حمدہ کہہ دینے سے کوئی خرابی نہیں آئی

س..... بکر نے غلطی سے پہلی رکعت میں ایک مرتبہ امام کے ساتھ سمع اللہ لمن حمدہ کہا ربنا لک الحمد کے بجائے، اور پھر ربنا لک الحمد بھی کہا تو کیا نماز میں کوئی خرابی تو نہیں آئی؟

ج..... کوئی خرابی نہیں آئی۔

## امام سے پہلے سجدہ کرنا

س..... بعض مقتدی امام صاحب سے پہلے رکوع یا سجدے میں چلے جاتے ہیں تو معلوم یہ کرنا ہے کہ ان لوگوں کی نماز ہو جاتی ہے جو امام صاحب سے پہلے رکوع یا سجدہ کرتے ہیں؟

ج..... مقتدی کا امام سے پہلے رکوع اور سجدہ میں جانا بہت بری حرکت ہے۔

صحیحین کی حدیث میں ہے کہ "جو شخص امام سے پہلے سر اٹھاتا ہے کیا وہ اس بات سے نہیں

ڈرتا کہ اللہ تعالیٰ اس کا سر گدھے کے سر سے بدل دے؟"

(مشکوٰۃ۔ ص ۱۰۲)

جو شخص امام سے پہلے رکوع اور سجدے میں چلا جائے اگر امام کے ساتھ رکوع یا سجدے میں شریک ہوجائے تو اس کی نماز ہوجائے گی اور اگر امام کے رکوع اور سجدے میں جانے سے پہلے اٹھ جائے تو اس کی نماز نہیں ہوگی۔ الا یہ کہ امام کے ساتھ یا امام کے بعد دوبارہ رکوع و سجدہ کرے۔

## مقتدی نے امام سے پہلے سر اٹھالیا تو نماز کا کیا حکم ہے؟

س...... میں جمعۃ المبارک کی نماز پڑھ رہا تھا، جماعت کے دوران جب امام صاحب رکوع کی حالت میں تھے تو ہمارے اوپر سے ہوائی جہاز گزرنے لگا جس کی آواز نے ہمیں (پچھلی صف والوں کو) امام صاحب کی آواز سننے نہ دی۔ اس کے بعد امام صاحب سجدے میں جانے لگے تو ہم بھی ربنا لک الحمد کہہ کر امام صاحب کے ساتھ مل گئے لیکن چند سیکنڈ کے بعد ہم اپنے اندازے سے سجدے سے اٹھ گئے لیکن جبکہ امام صاحب ابھی سجدے ہی میں تھے۔ اس طرح ہم سے رکن کی ادائیگی میں پہل ہوگئی۔ جبکہ میں نے علماء کرام سے سنا ہے کہ جو آدمی با جماعت نماز کے دوران امام صاحب سے پہل کرے، اس کی نماز ٹوٹ جاتی ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن ایسے آدمی کی شکل گدھے جیسی ہوگی۔ ایسی صورتحال میں آپ سے گزارش ہے کہ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب دے کر ہمیں مطمئن فرمائیں کہ ہماری نماز ہوگئی یا نہیں؟ اگر واقعی نماز ٹوٹ گئی تھی تو پھر کیا کرنا چاہئے؟

ج...... قصداً امام سے پہلے اٹھ جانا بڑا گناہ ہے۔ مگر غلطی سے اٹھ جائے تو گناہ نہیں۔ پھر اٹھ جانے کے بعد اگر اگلے رکن میں امام کے ساتھ شریک ہوجائے تب تو نماز صحیح ہوگئی اور اگر امام سے پہلے اگلے رکن کو بھی ختم کرلیا تو اس کی نماز فاسد ہوگئی۔ مثلاً کسی نے امام سے پہلے سجدے سے سر اٹھالیا اور دوسری رکعت کے لئے کھڑا ہوگیا، امام ابھی دوسری رکعت کے لئے کھڑا نہیں ہوا تھا کہ یہ رکوع میں چلا گیا تو اس کی نماز فاسد ہوگئی اور اگر دوسری رکعت کے قیام میں امام اس کے ساتھ آملا تو نماز صحیح ہوگئی۔

## مقتدی آخری قعدہ میں اور دعائیں بھی پڑھ سکتا ہے

س...... امام جب آخری رکعت کے قعدہ میں ہو تو مقتدی درود شریف اور دعا "یوم یقوم الحساب" تک پڑھنے کے بعد کیا مزید دعائیں پڑھ سکتا ہے یا خاموش رہے، امام کے سلام پھیرنے تک؟

ج...... امام کے سلام پھیرنے تک جو دعائیں یاد ہوں ان میں سے جتنی چاہے پڑھتا رہے۔

## امام کی اقتدا میں مقتدی کب سلام پھیرے؟

س...... با جماعت نماز میں امام صاحب نے نماز ختم کرنے کیلئے "التحیات" درود شریف اور دعا کے

بعد سلام پھیر دیا لیکن ایک مقتدی ابھی درود شریف ہی پڑھ رہا تھا تو کیا مقتدی کو بھی جب امام صاحب نے نماز ختم کرنے کیلئے سلام پھیرا تھا' سلام پھیر دینا چاہئے یا مقتدی کو درود شریف اور دعا پوری پڑھنے کے بعد سلام پھیرنا چاہئے؟

ج..... اگر التحیات پوری نہیں ہوئی' تو اسے پوری کرے اور اگر التحیات پڑھ چکا تھا تو امام کے ساتھ سلام پھیر لے' درود شریف کو پورا نہ کرے۔

## امام کے دوسرے سلام سے پہلے مقتدی کا قبلہ سے پھر جانا

س..... ہماری مسجد کے امام صاحب بہت لمبا (دیر تک) سلام پھیرتے ہیں' ایک مقتدی امام صاحب کے دوسرا سلام پھیرتے ہی منہ قبلے کی طرف سے پھیر لیتا ہے جبکہ امام صاحب کا سلام ابھی پورا نہیں ہوتا۔ اس کا کہنا ہے کہ دوسرا سلام پھیرتے وقت مقتدی امام کی اقتدا سے آزاد ہو جاتا ہے کیا اس کا یہ عمل درست ہے؟

ج..... امام کو سلام اتنا لمبا نہیں کرنا چاہئے کہ مقتدیوں کا سلام درمیان ہی میں ختم ہو جائے جو مقتدی امام کا دوسرا سلام پورا ہونے سے پہلے ہی قبلہ سے ہٹ کر بیٹھ جاتا ہے۔ اس کی نماز فاسد تو نہیں ہوگی لیکن ایسا کرنا مکروہ ہے جب اس نے پانچ سات منٹ امام کے ساتھ صبر کیا ہے تو چند سیکنڈ اور بھی صبر کر لیا کرے۔

## امام سے پہلے سلام پھیرنا

س..... یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ با جماعت نمازوں میں مقتدی حضرات (بوڑھے' نوجوان اور نو عمر) امام سے پہلے ہی سلام پھیر دیتے ہیں۔ امام سے پہلے مقتدی کا عمل کہاں تک درست ہے؟ کیا یہ گنہگار نہ ہوئے؟ ایسے لوگوں کی نماز ہوئی کہ نہیں؟

ج..... رکوع سجدہ میں امام سے پہلے جانا گناہ ہے۔ اگر مقتدی تشہد پڑھ چکا تھا تو اس کی نماز ہو گئی' لیکن امام سے پہلے سلام پھیرنا ناجائز اور مکروہ تحریمی ہے۔

## معذور شخص کا گھر بیٹھ کر لاؤڈ اسپیکر پر امام کی اقتدا کرنا

س..... میں ایک معذور شخص ہوں۔ جمعہ کی نماز کیلئے مسجد نہیں جا سکتا۔ مسجد میرے گھر سے بہت قریب ہے۔ لاؤڈ اسپیکر سے خطبہ اور پوری نماز سنائی دیتی ہے کیا میں گھر میں بیٹھ کر لاؤڈ اسپیکر سے نماز جمعہ ادا کر سکتا ہوں؟

ج..... اقتدا کے لئے صرف امام کی آواز پہنچنا کافی نہیں بلکہ یہ بھی ضروری ہے کہ صفیں وہاں تک پہنچتی

ہوں۔ اگر درمیان میں کوئی نہر یا سڑک پڑتی ہو تو اقتدا صحیح نہیں اس لئے آپ کا گھر بیٹھے جمعہ کی نماز میں شریک ہونا صحیح نہیں۔ اگر آپ عذر کی وجہ سے مسجد میں نہیں جاسکتے تو گھر پر ظہر کی نماز پڑھا کیجئے۔

## کیا ٹیلیویژن پر اقتدا جائز ہے؟

س...... جناب بعض اوقات ٹیلیویژن پر براہ راست حرم پاک خانہ کعبہ سے با جماعت نماز دکھائی جاتی ہے۔ اگر بندہ ٹیلیویژن کو دوسرے کمرے میں رکھ کر اس کی آواز تیز رکھے اور ٹیلیویژن کے امام کے ساتھ نماز پڑھے تو یہ نماز صحیح ہوگی یا پھر بغیر ٹیلیویژن کے پڑھے؟

ج...... جو طریقہ آپ نے لکھا ہے اس سے امام کی اقتدا صحیح نہیں ہوگی نہ آپ کی نماز ہوگی۔

## مستقل امامت کی تنخواہ جائز ہے

س...... میں نے پڑھا ہے کہ اگر کوئی حافظ قرآن تراویح پڑھانے کیلئے تنخواہ پہلے مقرر کر لے تو اس کے پیچھے تراویح پڑھنا جائز نہیں۔ جیسا کہ آج کل کے مولانا اور حافظ قرآن مسجدوں میں مقررہ تنخواہوں پر نمازیں پڑھاتے ہیں کیا ایسے حافظ صاحبان کے پیچھے تراویح اور دوسری نمازیں پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

ج...... مسجد کی مستقل امامت تنخواہ کے ساتھ جائز ہے صرف تراویح پڑھانے کی اجرت جائز نہیں۔



# نماز کے دوران یا بعد میں دعا و ذکر

## دعا کی اہمیت

س..... دعا کی اہمیت پر روشنی ڈالئے؟

ج..... دعا کے معنی اللہ تعالیٰ سے مانگنے اور اس کی بارگاہ میں اپنی احتیاج کا دامن پھیلانے کے ہیں۔ دعا کی اہمیت اسی سے واضح ہے کہ ہم سراپا احتیاج ہیں اور ہر لحہ دنیا و آخرت کی ہر بھلائی کے محتاج ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے

"دعا مومن کا ہتھیار ہے' دین کا ستون ہے اور آسمان و زمین کا نور ہے۔"

(مسند ابو یعلی 'مستدرک حاکم)

ایک اور حدیث میں ہے کہ "دعا عبادت کا مغز ہے۔"

(ترمذی)

ایک اور حدیث میں ہے کہ دعا عین عبادت ہے۔

(مسند احمد 'نسائی 'ابو داؤد 'ترمذی)

ایک اور حدیث میں ہے کہ "دعا رحمت کی کنجی ہے' وضو نماز کی کنجی ہے' نماز جنت کی کنجی ہے۔"

(دیلمی بسند ضعیف)

ان ارشادات سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو دعا کتنی محبوب ہے اور کیوں نہ ہو؟ وہ غنی مطلق ہے اور بندوں کا عجز و فقر ہی اس کی بارگاہ عالی میں سب سے بڑی سوغات ہے۔ ساری عبادتیں اسی فقر و احتیاج اور بندگی و بے چارگی کے اظہار کی مختلف شکلیں ہیں۔ دعا میں آدمی بارگاہ الٰہی میں اپنی بے بسی و بے کسی اور عجز و قصور کا اعتراف کرتا ہے اسی لئے دعا کو عین عبادت بلکہ عبادت کا مغز فرمایا گیا۔ عبادت سے جس شخص کے دل میں بندگی کی یہ کیفیت پیدا نہیں ہوتی وہ عبادت کی حلاوت و شیرینی اور لذت آفرینی سے محروم ہے۔

س..... سب سے افضل دعا کون سی ہے؟

ج..... حدیث میں ارشاد ہے کہ تم اپنے رب سے دنیا و آخرت کی عفو و عافیت مانگو۔ کیونکہ جب یہ دونوں چیزیں دنیا میں بھی مل گئیں اور آخرت میں بھی تو تم کامیاب ہو گئے۔ (ترمذی)

ایک اور حدیث میں ہے کہ جس کیلئے دعا کا دروازہ کھل گیا اس کیلئے رحمت کے دروازے کھل گئے۔ اور اللہ تعالیٰ سے جتنی چیزیں مانگی جاتی ہیں' اس میں اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ یہ پسند ہے کہ آدمی عافیت مانگے۔ " (ترمذی)

ان احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سب سے افضل دعا یہ ہے اللھم انی اسئلک العفو والعافیۃ فی الدنیا والاخرۃ اسی طرح سورۃ بقرہ کی آیت (۲۰۱) میں جو دعا مذکور ہے وہ بھی بہت جامع ترین دعا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اکثر یہی دعا فرمایا کرتے تھے۔ (صحیح بخاری و مسلم)

س..... کن اوقات کی دعائیں موثر ہوتی ہیں؟

ج..... رحمت خداوندی کا دروازہ ہر وقت کھلا رہتا ہے اور ہر شخص جب چاہے اس کریم آقا کی بارگاہ میں بغیر کسی روک ٹوک کے التجا کر سکتا ہے اس لئے دعا تو ہر وقت ہی موثر ہوتی ہے۔ بس شرط یہ ہے کہ کوئی مانگنے والا ہو اور ڈھنگ سے مانگے۔ دعا کی قبولیت میں سب سے زیادہ موثر چیز آدمی کی عاجزی اور لجاجت کی کیفیت ہے۔ کم از کم ایسی لجاجت سے تو مانگو جیسے ایک بھیک منگا سوال کیا کرتا ہے۔

حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ " اللہ تعالیٰ غافل دل کی دعا قبول نہیں فرماتے۔ " اور قرآن مجید میں ہے "کون ہے جو قبول کرتا ہے بے قرار کی دعا' جبکہ اس کو پکارے۔ " اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دعا کی قبولیت کے لئے اصل چیز پکارنے والے کی بے قراری کی کیفیت ہے۔ قبولیت دعا کیلئے ایک اہم شرط لقمہ حلال ہے حدیث میں ارشاد ہے "کہ ایک شخص گرد و غبار سے اٹا ہوا' پراگندہ بال' دور دراز سے سفر کر کے (حج کیلئے) آتا ہے' اور وہ بڑی لجاجت سے " یارب! یارب "!! پکارتا ہے' لیکن اس کا کھانا حرام کا' پینا حرام کا' لباس حرام کا' اس کی دعا کیسے قبول ہو؟ " (صحیح مسلم)

قبولیت دعا کیلئے ایک ضروری شرط یہ ہے کہ آدمی جلدبازی سے کام نہ لے' بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ آدمی اپنی کسی حاجت کیلئے دعائیں مانگتا ہے مگر جب بظاہر وہ مراد بر نہیں آتی تو مایوس ہو کر نہ صرف دعا کو چھوڑ دیتا ہے بلکہ نعوذ باللہ خدا تعالیٰ سے بد ظن ہو جاتا ہے۔ حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ " بندے کی دعا قبول ہوتی ہے جب تک کہ جلدبازی سے کام نہ لے۔ " عرض کیا گیا' جلدبازی سے کیا مطلب؟ فرمایا' "یوں کہنے لگے کہ میں نے بہت دعائیں کیں مگر قبول ہی نہیں ہوتیں۔ "

یہاں یہ بھی یاد رہنا چاہئے کہ آدمی کی ہر دعا اللہ تعالیٰ قبول فرماتے ہیں' مگر قبولیت کی شکلیں مختلف ہوتی ہیں۔ کبھی بعینہ وہی چیز عطا کر دی جاتی ہے جو اس نے مانگی تھی کبھی اس سے بہتر چیز عطا کر دیتے ہیں۔ کبھی اس کی برکت سے کسی مصیبت کو ٹال دیتے ہیں۔ اور کبھی بندے کیلئے اس کی دعا کو آخرت کا ذخیرہ بنا دیتے ہیں۔ اس لئے اگر کسی وقت آدمی کی منہ مانگی مراد پوری نہ ہو تو دل توڑ کر نہ

بیٹھ جائے بلکہ یہ یقین رکھے کہ اس کی دعا تو ضرور قبول ہوئی ہے مگر جو چیز وہ مانگ رہا ہے وہ شاید علم الٰہی میں اس کیلئے موزوں نہیں' یا اللہ تعالیٰ نے اس سے بہتر چیز عطا کرنے کا فیصلہ فرمایا ہے۔ حدیث میں آتا ہے کہ

"اللہ تعالیٰ مومن کو قیامت کے دن بلائیں گے' اور اسے اپنی بارگاہ میں باریابی کا اذن دیں گے۔ پھر ارشاد ہو گا کہ میں نے تجھے مانگنے کا حکم دیا تھا اور قبول کرنے کا وعدہ کیا تھا' کیا تم مجھ سے دعا کیا کرتے تھے؟ بندہ عرض کرے گا یا اللہ! میں دعا تو کیا کرتا تھا۔ ارشاد ہو گا کہ تم نے جتنی دعائیں کی تھیں میں نے سب قبول کیں۔ دیکھو تم نے فلاں وقت فلاں مصیبت میں دعا کی تھی اور میں نے وہ مصیبت تم سے ٹال دی تھی۔ بندہ اقرار کرے گا کہ واقعی یہی ہوا تھا۔ ارشاد ہو گا وہ تو میں نے تم کو دنیا ہی میں دے دی تھی۔ اور دیکھو! تم نے فلاں وقت' فلاں مصیبت میں مجھے پکارا تھا' لیکن بظاہر وہ مصیبت نہیں ٹلی تھی' بندہ عرض کرے گا کہ جی ہاں! اے رب! یہی ہوا تھا۔ ارشاد ہو گا "وہ میں نے تیرے لئے جنت میں ذخیرہ بنا رکھی ہے۔"

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس واقعہ کو نقل کر کے فرمایا ہے۔

"مومن بندہ اللہ تعالیٰ سے جتنی دعائیں کرتا ہے' اللہ تعالیٰ ایک ایک کی وضاحت فرمائیں گے کہ یا تو اس کا بدلہ دنیا ہی میں جلدی عطا کر دیا گیا' یا اسے آخرت میں ذخیرہ بنا دیا گیا۔ دعاؤں کے بدلے میں جو کچھ مومن کو آخرت میں دیا جائے گا اسے دیکھ کر وہ تمنا کرے گا کہ کاش! دنیا میں اس کی کوئی بھی دعا قبول نہ ہوئی ہوتی۔" (مستدرک)

ایک اور حدیث میں ہے کہ

"اللہ تعالیٰ رحیم و کریم ہے جب بندہ اس کے سامنے ہاتھ پھیلاتا ہے تو اسے حیا آتی ہے کہ اسے خالی ہاتھ لوٹا دے۔" (ترمذی' ابن ماجہ)

الغرض دعا کرتے وقت قبولیت کا کامل یقین اور وثوق ہونا چاہئے۔ اور اگر کسی وقت بظاہر دعا قبول نہ ہو' تب بھی مایوس نہیں ہونا چاہئے بلکہ یہ سمجھنا چاہئے کہ حق تعالیٰ شانہ میری اس دعا کے بدلے مجھے بہتر چیز عطا فرمائیں گے۔ مومن کی شان تو یہ ہونی چاہئے کہ۔

یابم او را یا نہ یابم جستجوئے می کنم
حاصل آید یا نیاید آرزوئے می کنم

حضرات عارفین نے اس بات کو خوب سمجھا ہے وہ قبولیت کی بہ نسبت عدم قبولیت کے مقام کو بلند تر سمجھتے ہیں اور وہ تفویض و تسلیم کا مقام ہے۔

حضرت پیران پیر شاہ جیلاں غوث اعظم قطب جیلانی 'قدس اللہ روحہٗ فرماتے ہیں کہ

"جب آدمی پر کوئی افتاد پڑتی ہے تو وہ اسے اپنی ذات پر سہارنے کی کوشش کرتا ہے اور کسی دوسرے کو اس کی اطلاع دینا پسند نہیں کرتا اور جب وہ قابو سے باہر ہو جاتی ہے تو عزیز و اقارب اور دوست احباب سے مدد کا خواستگار ہوتا ہے اور اسباب ظاہری کی طرف دوڑتا ہے جب اس سے بھی کام نہیں نکلتا تو بارگاہ خداوندی میں دعا و التجا کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ خود بھی گڑگڑا کر دعائیں کرتا ہے اور دوسروں سے بھی کراتا ہے اور جب اس کے بعد بھی وہ مصیبت نہیں ٹلتی تو بارگاہ جلال میں سر تسلیم خم کر دیتا ہے۔ اپنی بندگی و بے چارگی اور عبدیت پر نظر کرتے ہوئے رضائے مولیٰ پر راضی ہو جاتا ہے شیخ فرماتے ہیں کہ یہ تفویض و تسلیم کا مقام ہے جو اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو عطا کرتا ہے۔"

(تاریخ دعوت و عزیمت از مولانا ابوالحسن علی ندوی)

بعض اکابر نے قبولیت دعا کے سلسلے میں عجیب بات لکھی ہے۔ عارف رومی 'قدس اللہ روحہٗ ' فرماتے ہیں کہ تمہاری دعا کیوں قبول نہیں ہوتی؟ اس لئے کہ تم پاک زبان سے دعا نہیں کرتے۔ پھر خود ہی سوال کرتے ہیں "جانتے ہو پاک زبان سے دعا کرنے کا مطلب کیا ہے؟" پاک زبان سے دعا کرنے کا مطلب یہ ہے کہ تم دوسروں کی زبان سے دعا کراؤ وہ اگرچہ گنہگار ہوں 'مگر تمہارے حق میں ان کی زبان پاک ہے۔

یہ ناکارہ عرض کرتا ہے کہ پاک زبان سے دعا کرنے کی ایک اور صورت بھی ہے 'وہ یہ کہ کسی دوسرے مومن کے لئے دعا کی جائے آپ کو جو چیز اپنے لئے مطلوب ہے اس کی دعا کسی دوسرے مومن کے لئے کیجئے تو انشاءاللہ آپ کو پہلے ملے گی۔ حدیث میں ارشاد ہے کہ "جب مومن دوسرے مومن کے لئے پس پشت دعا کرتا ہے تو فرشتے کہتے ہیں اللھم آمین 'ولک یعنی اے اللہ! اس کی دعا کو قبول فرما 'اور پھر دعا کرنے والے کو مخاطب کر کے کہتے ہیں کہ "اللہ تعالیٰ تجھے بھی یہ چیز عطا فرمائے۔"

گویا فرشتوں کی پاک زبان سے دعا کرانے کا طریقہ یہ ہے کہ آپ کسی مومن کیلئے دعا کریں چونکہ اس پر فرشتے آمین کہتے ہیں اور پھر دعا کرنے والے کے حق میں بھی دعا کے قبول ہونے کی درخواست کرتے ہیں شاید اسی بنا پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ایک مومن کی دوسرے

مومن کے حق میں غائبانہ دعا قبول ہوتی ہے۔

بہر حال دعا تو ہر شخص کی قبول ہوتی ہے اور ہر وقت قبول ہوتی ہے (خواہ قبولیت کی نوعیت کچھ ہی ہو) تاہم بعض اوقات ایسے ہیں جن میں دعا کی قبولیت کی زیادہ امید کی جا سکتی ہے۔ ان میں سے چند اوقات ذکر کرتا ہوں۔

۱۔ سجدہ کی حالت میں' حدیث میں ہے کہ "آدمی کو حق تعالیٰ شانہ کا سب سے زیادہ قرب سجدہ کی حالت میں ہوتا ہے' اس لئے خوب کثرت اور دل جمعی سے دعا کیا کرو۔ (صحیح مسلم)

مگر حنفیہ کے نزدیک فرض نمازوں کے سجدہ میں وہی تسبیحات پڑھنی چاہئیں جو حدیث میں آتی ہیں۔ یعنی سبحان ربی الاعلیٰ کریم آقا کی تعریف و ثناء بھی دعا اور درخواست ہی کی مد میں شمار ہوتی ہے۔ اور نفل نمازوں کے سجدہ میں جتنی دیر چاہے دعائیں کرتا رہے۔

۲۔ فرض نماز کے بعد' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ کس وقت کی دعا زیادہ سنی جاتی ہے؟ فرمایا "رات کے آخری حصہ کی اور فرض نمازوں کے بعد کی۔" (ترمذی)

۳۔ سحر کے وقت' حدیث میں ہے کہ جب دو تہائی رات گزر جاتی ہے تو زمین والوں کی طرف حق تعالیٰ کی نظر عنایت متوجہ ہوتی ہے اور اعلان ہوتا ہے کہ کیا "ہے کوئی مانگنے والا کہ میں اس کو عطا کروں؟ ہے کوئی دعا کرنے والا کہ اس کی دعا قبول کروں؟ ہے کوئی بخشش کا طلب گار کہ میں اس کی بخشش کروں؟" یہ سلسلہ صبح صادق تک جاری رہتا ہے۔ (صحیح مسلم)

۴۔ موذن کی اذان کے وقت۔

۵۔ باران رحمت کے نزول کے وقت۔

۶۔ اذان اور اقامت کے درمیان۔

۷۔ سفر کی حالت میں۔

۸۔ بیماری کی حالت میں۔

۹۔ زوال کے وقت۔

۱۰۔ دن رات میں ایک غیر معین گھڑی۔

یہ اوقات احادیث میں مروی ہیں۔

حدیث میں ارشاد ہے کہ اپنی ذات' اپنی اولاد' اپنے متعلقین اور اپنے مال کے حق میں بد دعا نہ کیا کرو' دن رات میں ایک گھڑی ایسی آتی ہے کہ جس میں جو دعا کی جائے قبول ہو جاتی ہے۔ ایسا نہ ہو کہ تمہاری بد دعا بھی اسی گھڑی میں ہو اور وہ قبول ہو جائے۔ (تو پھر پچھتاتے پھرو گے)

(صحیح مسلم وغیرہ)

## دعا کا صحیح طریقہ

س...... بعض لوگ کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے دعا مانگنی چاہئے یا اس طرح سے دعا جلد قبول ہوتی ہے۔ نیز بزرگان دین کی منتیں بھی مانتے ہیں' جبکہ بعض اس میں اختلاف کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ مسائل کا حل یعنی دعا صرف خدا تعالیٰ سے مانگنی چاہئے۔ آپ یہ بتائیں قرآن وحدیث کی روشنی میں کہ دعا مانگنے کا صحیح طریقہ کیا ہے؟

ج...... دعا مانگنے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرے' پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھے' پھر اپنے لئے اور تمام مسلمان بھائیوں کیلئے مغفرت کی دعا کرے' پھر جو کچھ اللہ تعالیٰ سے مانگنا چاہتا ہے' مانگے۔ سب سے بڑا وسیلہ تو اللہ تعالیٰ کی رحیمی وکریمی کا واسطہ دینا ہے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اور بزرگان دین کے طفیل اللہ تعالیٰ سے مانگنا بھی جائز ہے۔ حدیث پاک میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فقراء مہاجرین کا حوالہ دے کر اللہ تعالیٰ سے فتح کی دعا کیا کرتے تھے۔

(مشکوٰۃ شریف' ص ۴۴۷۔ بروایت شرح السنہ)

## اللہ رب العزت سے دعا مانگنے کا بہترین طریقہ

س...... دعا مانگنے کی فضیلت بارہا بیان ہو چکی ہے اور میں نے بہت سی کتابوں میں بھی دعا مانگنے کی برکت قبولیت اور ضرورت کا مطالعہ کیا ہے۔ خدا تعالیٰ خود فرماتے ہیں کہ "مانگو" میں ایک گنہگار عاجز بندی ہوں' میری معلومات اور مطالعہ محدود ہے' زندگی کے مسائل میں بھی گھری ہوئی ہوں خدا کا شکر ہے کہ رزق حلال میسر ہے' نماز کے بعد جو دعا بچپن میں کبھی یاد کی ہوگی وہ تو خود بخود زبان سے ہر نماز کے بعد ادا ہو جاتی ہے۔ "ربنا اتنا فی الدنیا" مگر اس کے بعد کوئی اور دعا یا قرآن پڑھنا چاہوں کہ اپنے مسائل کے متعلق کوئی دعا مانگوں تو مجھے الفاظ نہیں ملتے' میری زبان گنگ ہو جاتی ہے' بس یوں لگتا ہے کہ ہر موئے تن دعا بن گیا ہے' دل میں یہ خیال آتا ہے کہ وہ وحدہ لاشریک عالم الغیب ہے' وہ ہر دل کی بات جانتا ہے' اس کو کیا بتایا جائے' اب میں نہیں جانتی کہ میرا یہ فعل درست ہے کہ نہیں؟ امید ہے کہ آپ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب دیں گے۔

ج...... یہ تو واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کچھ جانتے ہیں' اس کے باوجود ہمیں دعا کا حکم فرمایا' ظاہر ہے کہ اس میں کوئی حکمت ہوگی اور وہ حکمت ہمارے فقر واحتیاج کا اظہار ہو' جو عبدیت کا اعلیٰ مقام ہے۔ اور اللہ تعالیٰ سے نہ مانگنے میں ایک طرح کا استغنا ہے' جو شان بندگی کے منافی ہے۔ باقی دعا دل سے

بھی ہو سکتی ہے اور زبان سے بھی اور آپ کا یہ فقرہ کہ "بس یوں لگتا ہے کہ ہر موئے تن دعا بن گیا ہے۔" دل کی دعا کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ تاہم بہتر ہے کہ زبان سے بھی مانگا جائے اور کچھ نہ سوجھے تو یونہی کہہ لے کہ یا اللہ میں سراپا فقیر ہوں' میں ایک ایک چیز میں محتاج ہوں' اپنی ضرورتوں اور حاجتوں سے خود بھی واقف نہیں اور آپ میری ساری ضرورتوں کو جانتے ہیں' پس مجھے دنیا اور آخرت کی ساری بھلائیاں عطا فرمائیے اور ساری مضرتوں سے حفاظت فرمائیے۔

## دعا کے الفاظ دل ہی دل میں ادا کرنا بھی صحیح ہے

س..... جس طرح نماز میں قرات دل سے ادا کرنا صحیح نہیں ہے بلکہ قرات کی آواز کا کانوں تک واضح طور پر پہنچنا ضروری ہے۔ کیا اسی طرح دعا کے الفاظ با آواز ادا کرنا ضروری ہے میرے ساتھ اکثر یہ ہوتا ہے کہ دعا کرتے کرتے ہونٹوں کی جنبش رک جاتی ہے اور دعا کے الفاظ دل ہی دل میں ادا ہونے لگتے ہیں کیا دعا کرنے کا یہ طریقہ صحیح نہیں ہے؟

ج..... صحیح ہے' دعا دل میں بھی ہو سکتی ہے۔

## بد دعا کے اثرات سے تلافی کا طریقہ

س..... ٹیلیویژن پر ایک پروگرام آتا ہے اس میں مولوی صاحب سوالوں کے جواب دیتے ہیں۔ اس دفعہ انہوں نے ایک سوال کا جواب یوں دیا کہ سمجھ میں نہ آسکا۔ لہٰذا آپ کی خدمت اقدس میں سوال پیش کر رہا ہوں یقین ہے کہ جواب ضرور دیں گے بہت بہت مہربانی ہوگی۔

سوال یوں تھا کہ ایک آدمی نے کسی کیلئے بد دعا کی تو وہ کچھ عرصے بعد مشکلات میں مبتلا ہو گیا' تو جس صاحب نے بد دعا کی اس نے سوچا کہ شاید یہ میری بد دعا کا اثر تھا تو انہوں نے پوچھا کہ اگر وہ بد دعا کا اثر تھا تو کوئی ایسا طریقہ بتائیں کہ اس کیلئے تلافی کی جائے؟ مولانا صاحب نے جواب دیا کہ تکلیفیں تو خدا کی طرف سے آتی ہیں اور پہلے دن سے لکھی جا چکی ہیں۔ کسی کی بد دعا نہیں لگتی جبکہ حدیث میں آیا ہے کہ مظلوم اور یتیم کی بد دعا بہت جلد قبول ہوتی ہے۔ لہٰذا آپ قرآن و حدیث کی روشنی میں بتائیں کہ بد دعا قبول ہوتی ہے کہ نہیں؟

ج..... مولانا صاحب کی یہ بات تو بالکل صحیح ہے کہ ہر تکلیف پہلے سے لکھی ہوئی ہے۔ مگر یہ صحیح نہیں کہ کسی کی بد دعا نہیں لگتی۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یمن بھیجا تھا تو ان کو رخصت کرتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا کہ "مظلوم کی بد دعا سے ڈرتے رہنا کیونکہ اس کے درمیان اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ نہیں ہوتا۔" اس کے علاوہ اور بھی بہت سی احادیث میں

مظلوم اور کمزور کی بددعا سے ڈرایا گیا ہے۔

دراصل جو شخص مظلوم ہو، مگر اپنی کمزوری کی وجہ سے بدلہ لینے کی طاقت نہ رکھتا ہو، اس کا مقدمہ "سرکاری" ہو جاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اس کا انتقام لینے کیلئے خود آگے بڑھتے ہیں ہم نے سیکڑوں ظالموں کو انتقام الٰہی کا نشانہ بنتے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے، اس لئے کمزوروں کے ساتھ ظلم و زیادتی کرنے سے آدمی کو کانپنا چاہئے اللہ تعالیٰ اپنے قہر و غضب سے محفوظ رکھیں۔ اور تلافی کی صورت یہ ہے کہ مظلوم سے معافی مانگ لے اور اس کو راضی کرلے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بھی سچی توبہ کرے کہ آئندہ کسی پر ظلم نہیں کرے گا۔

## دعا کے آداب

س..... نماز کے بعد بغیر درود شریف کے بیماروں کے لئے دعا کرنا کیسا ہے؟ دعا قبول ہوگی یا نہیں؟

ج..... دعا کے آداب میں سے یہ ہے کہ پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھے پھر اپنے لئے اور تمام مسلمان مردوں اور عورتوں کیلئے دعائے مغفرت کرے پھر جو حاجت ہو وہ مانگے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نماز پڑھ رہا تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے اور حضرات ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما بھی حاضر خدمت تھے، میں نماز سے فارغ ہوا تو میں نے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی، پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا، پھر میں نے اپنے لئے دعا کی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "مانگ تجھ کو دیا جائے گا، مانگ تجھ کو دیا جائے گا۔" (ترمذی۔ مشکوٰۃ ص ۸۷)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ دعا آسمان اور زمین کے درمیان ٹھہری رہتی ہے اس میں سے کوئی چیز اوپر نہیں چڑھتی یہاں تک کہ تم اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھو۔ (ترمذی۔ مشکوٰۃ ص ۸۷)

## دعا میں کسی بزرگ کا واسطہ دینا

س..... دعا مانگتے وقت یہ کہنا کیسا ہے کہ یا اللہ فلاں نیک بندے کی خاطر میرا فلاں کام کر؟

ج..... مقبولان الٰہی کے طفیل دعا کرنا جائز ہے۔

## فرض، واجب یا سنت کے سجدوں میں دعا کرنا

س..... فرض یا واجب، سنت، نفل نمازوں کے سجدوں میں دعا کرنا جائز ہے کہ نہیں؟ اگر غیر عربی میں

ہو تو حرج ہے کہ نہیں؟

ج..... نماز کے سجدے میں قرآن وحدیث میں وارد شدہ دعا کرنا جائز ہے' غیر عربی میں درست نہیں۔ فرض نماز میں اگر سجدہ کے طویل ہونے سے مقتدیوں کو تنگی لاحق ہو تو امام کو چاہئے کہ سجدہ میں تسبیحات پر اکتفا کرے' اپنی الگ نماز میں جتنی چاہے سجدے میں دعائیں کرے۔

## فرض نماز کے بعد دعا کی کیفیت کیا ہونی چاہئے؟

س..... بعض امام صاحب ہر نماز کے بعد دعا عربی میں مانگتے ہیں۔ کیا اردو میں دعا مانگ سکتے ہیں یا نہیں؟ نیز یہ بھی بتائیں کہ دعا مختصر ہونی چاہئے یا لمبی؟

ج..... فرض نماز کے بعد دعا مختصر ہونی چاہئے اور آہستہ کی جانی چاہئے اپنے اپنے طور پر جس شخص کی جو حاجت ہو اس کیلئے دعا کرے۔ عربی الفاظ ہمیشہ بلند آواز سے نہ کہے جائیں۔

## فرض نمازوں کے بعد دعا کا ثبوت

س..... پانچوں نمازوں کے بعد امام کے ساتھ تمام نمازی بھی ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتے ہیں لیکن اب کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہاتھ اٹھا کر ہر نماز کے بعد دعا مانگنا بدعت ہے اور یہ کسی بھی حدیث سے ثابت نہیں اب ہم اس الجھن میں مبتلا ہیں کہ دعا مانگیں یا نہ مانگیں؟ امید ہے آپ ہماری رہنمائی فرمائیں گے۔

ج..... پہلے یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ "بدعت" کسے کہتے ہیں؟ "بدعت" اس عمل کا نام ہے جس کی صاحب شریعت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ قولاً تعلیم دی ہو' نہ عملاً کر کے دکھایا ہو۔ نہ وہ عمل سلف صالحین کے درمیان معمول و مروج رہا ہو۔ لیکن جس عمل کی صاحب شریعت صلی اللہ علیہ وسلم نے ترغیب دی ہو یا خود کبھی اس پر عمل کر کے دکھایا ہو وہ "بدعت" نہیں بلکہ سنت ہے۔

اس کے بعد مندرجہ ذیل امور پیش نظر رکھئے۔

۱..... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد احادیث میں نماز فرض کے بعد دعا کی ترغیب دی ہے اور اس کو قبولیت دعا کے مواقع میں شمار فرمایا ہے۔

۲..... صحیح احادیث میں دعا کیلئے ہاتھ اٹھانے اور دعا کے بعد ان کو چہرے پر پھیرنے کو آداب دعا میں ذکر فرمایا ہے۔

۳..... متعدد احادیث میں فرض نماز کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دعا کرنا ثابت ہے۔ یہ تمام امور ایسے ہیں کہ کوئی صاحب علم جس کی احادیث طیبہ پر نظر ہو' ان سے ناواقف نہیں۔ اس لئے فقہاء امت نے فرض نمازوں کے بعد دعا کو آداب و مستحبات میں شمار کیا ہے۔ امام نوویؒ شرح

مہذب (ج۔ ۳ ص ۴۸۸) میں لکھتے ہیں

"الدعا للامام والماموم والمنفرد مستحب عقب کل الصلوات بلا خلاف"۔

"یعنی نمازوں کے بعد دعا کرنا بغیر کسی اختلاف کے مستحب ہے۔ امام کیلئے بھی' مقتدی کیلئے بھی اور منفرد کے لئے بھی۔" علوم حدیث میں امام نووی" کا بلند مرتبہ جس کو معلوم ہے وہ کبھی اس متفق علیہ مستحب کو بدعت کہنے کی جسارت نہیں کر سکتا۔ اور فرض نماز جب با جماعت ادا کی گئی ہو تو ظاہر ہے کہ اس کے بعد دعا صورۃ اجتماعی ہوگی۔ لیکن امام اور مقتدی ایک دوسرے کے پابند نہیں' بلکہ اپنی اپنی دعا کر رہے ہیں' اس لئے امام کا پکار پکار کر دعا کرنا اور مقتدیوں کا آمین' آمین کہنا صحیح نہیں ہر شخص کو اپنی اپنی دعا کرنی چاہئے۔ اور سنن و نوافل کے بعد امام کا مقتدیوں کے انتظار میں بیٹھے رہنا اور پھر سب کا مل کر دعا کرنا یہ بھی صحیح نہیں۔

س..... فرضوں کے بعد اجتماعی طور سے دعا کرنے کا حدیث سے ثبوت کیا ہے؟

ج..... فرض نماز کے بعد دعا کی متعدد احادیث میں ترغیب و تعلیم دی گئی ہے اور ہاتھ اٹھانے کو دعا کے آداب میں سے شمار فرمایا گیا ہے۔ تفصیل کے لئے امام جزری" کی "حصن حصین" کا مطالعہ کر لیا جائے۔ امام بخاری" نے کتاب "الدعوات" میں ایک باب "الدعاء بعد الصلوۃ" کا رکھا ہے (ج ۲۔ ص ۹۳۷) اور ایک باب "رفع الایدی فی الدعاء" کا قائم کیا ہے۔ (ج ۲۔ ص ۹۳۸) اور دونوں کو احادیث طیبہ سے ثابت فرمایا ہے۔ اس لئے فرض نمازوں کے بعد اجتماعی دعاء کا معمول خلاف سنت نہیں' خلاف سنت وہ عمل کہلاتا ہے' جو شارع علیہ السلام نے خود نہ کیا ہو اور نہ اس کی ترغیب دی ہو۔

## مقتدی امام سے پہلے دعا مانگ کر جا سکتا ہے

س..... فجر کی نماز میں امام وظیفہ پڑھ کر دعا کیلئے ہاتھ اٹھاتے ہیں میں چونکہ ملازم ہوں ساڑھے آٹھ بجے ڈیوٹی پر حاضری دینا ہوتی ہے دودھ لانا ناشتہ تیار کرنا' پھر کھانا کپڑے بدل کر تیار ہو کر بس کا انتظار کرنا ایسی صورت میں کیا میں ان کے ساتھ دعا میں شریک ہوں یا اپنی مختصر دعا مانگ کر مسجد سے آجاؤں؟

ج..... امام کے ساتھ دعا مانگنا کوئی ضروری نہیں' آپ نماز سے فارغ ہو کر اپنی دعا کر کے آسکتے ہیں۔

## کیا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرتے تھے؟

س..... کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کرنے کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کیا کرتے تھے؟ اگر کیا

کرتے تھے تو کوئی حدیث بحوالہ بیان کریں۔
ج..... نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرنے کی صراحت تو منقول نہیں۔ البتہ فرض نماز کے بعد دعا کرنے کی ترغیب آئی ہے اور ہاتھ اٹھا کر مانگنا دعا کے آداب میں سے فرمایا ہے۔ اس لئے فرض نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا ارشادات نبویؐ کے عین مطابق ہے۔ مگر بلند آواز سے دعا نہ کی جائے جس سے نمازیوں کی نماز میں خلل پیدا ہو۔

## نماز کے بعد عربی اور اردو میں دعائیں

س..... نماز سے فارغ ہو کر میں درود شریف ابراہیمی، سورۃ فاتحہ اور ایک دعا ربنا اٰتنا فی الدنیا پڑھ کر باقی دعا اردو میں مانگتا ہوں۔ کیونکہ مزید دعائیں (عربی) میں یاد نہیں ہیں۔ کیا میرا یہ عمل مسنون ہے؟
ج..... کوئی حرج نہیں۔

## سنتوں کے بعد اجتماعی دعا کرنا بدعت ہے

س..... ظہر اور عشاء کی سنتوں کے بعد دو دفعہ دعا کرتا ہوں اور یہ دعا اجتماعیت کے ساتھ کر رہا ہوں۔ خواص کے لئے اور عوام کیلئے دعا بحیثیت اجتماعی بدعت سیئہ ہے یا بدعت حسنہ ہے؟ شرعی جواب ارشاد فرمائیں۔
ج..... سنتوں کے بعد اجتماعی دعا کے لئے امام اور مقتدیوں کا بیٹھے رہنا، اور پھر مل کر دعا کرنا صحیح نہیں۔ اس کا اہتمام والتزام بدعت ہے، بدعت کا لفظ مطلق بولا جائے تو بدعت سیئہ ہی مراد ہوتی ہے۔

## نماز کے بعد دعاء اونچی آواز سے مانگنا

س..... زید کہتا ہے کہ فرض نماز کے بعد امام کا اونچی آواز میں دعا مانگنا مکروہ ہے۔ فقہ حنفیہ کی روشنی میں جواب مرحمت فرمائیں۔
ج..... امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک دعا آہستہ مانگنی چاہئے اونچی آواز سے دعا کی عادت کر لینا درست نہیں۔ کبھی مقتدیوں کی تعلیم کیلئے بلند آواز سے کوئی جملہ کہہ دے تو مضائقہ نہیں۔

## دعا کے وقت آسمان کی طرف نظر اٹھانا

س..... حضرت جابر بن سمرہؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "لوگو نماز میں نظریں آسمان کی طرف نہ اٹھاؤ خدشہ ہے کہ یہ نظریں اچک لی جائیں اور واپس

نہ آئیں۔" مسئلہ یہ ہے کہ کیا یہ حدیث پاک دعا کے وقت آسمان پر جو انسان نظریں اٹھاتا اور ہاتھ پھیلا کر اپنے رب سے مانگتا ہے اس پر ہی صادق آتی ہے یعنی دعا کے وقت بھی کیا نظریں اوپر نہ اٹھائی جائیں؟ (یہ حدیث شریف صحیح مسلم سے ہے)

ج...... امام نوویؒ نے اس حدیث کی شرح میں لکھا ہے کہ بعض حضرات نے خارج نماز بھی دعا میں آسمان کی طرف نظریں اٹھانے کو مکروہ کہا ہے۔ مگر اکثر علماء قائل ہیں کہ مکروہ نہیں۔ کیونکہ آسمان دعا کا قبلہ ہے۔

## دعا مانگتے وقت ہاتھ کہاں تک اٹھائے جائیں

س...... کچھ عرصہ پہلے بچوں کے کالم میں طریقہ نماز سکھاتے ہوئے بتایا گیا تھا کہ دعا مانگتے وقت خیال رکھنا چاہئے کہ ہاتھ کندھوں سے اوپر نہ جائیں کیا یہ صحیح ہے؟

ج...... جی ہاں! عام حالات میں یہی صحیح طریقہ ہے۔ البتہ نماز استسقاء میں اس سے زیادہ اٹھانا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔ دعا میں عاجزی اور مسکنت کی کیفیت ہونی چاہئے۔

## سجدہ میں دعا مانگنا جائز ہے

س...... میں نے سنا ہے کہ سجدہ میں گر کر دعا نہیں مانگی جاتی کیونکہ نیت کے بغیر سجدہ نہیں ہوتا؟

ج...... سجدہ میں دعا مانگنے میں یہ تفصیل ہے کہ سجدہ یا تو نماز کا ہو گا یا بغیر نماز کے۔ اگر نماز کا سجدہ ہو تو سجدہ کے اندر دعائیں کرنا جائز ہے، مگر شرط یہ ہے کہ دعا عربی زبان میں کرے۔ بلکہ قرآن و حدیث میں جو دعائیں آتی ہیں ان کو اختیار کرے، (فرض نماز میں امام کو سجدہ میں دعائیں نہیں کرنی چاہئیں تاکہ مقتدیوں پر بار نہ ہو) اور اگر سجدہ نماز کے علاوہ ہو تو لوگوں کے سامنے اور فرض نمازوں کے بعد سجدہ میں گر کر دعائیں نہ کرے۔ ہاں! تنہائی میں سجدہ میں گر کر دعائیں کرنے کا مضائقہ نہیں۔

## دعا کے بعد سینے پر پھونک مارنا

س...... جب لوگ دعا مانگ لیتے ہیں تو بعض لوگ اپنے سینے میں پھونک مارتے ہیں کیا یہ جائز ہے؟

ج...... کوئی وظیفہ پڑھ کر پھونکتے ہوں گے، اور یہ جائز ہے۔

## امام کا نماز کے بعد مقتدیوں کی طرف منہ کر کے دعا مانگنا

س...... فجر اور عصر کی نماز کے بعد امام مقتدیوں کی طرف منہ کر کے اور قبلہ کی طرف تقریباً پشت کر کے

کیوں دعا مانگتا ہے؟

ج..... کیونکہ نماز سے تو فارغ ہو چکے اب مقتدیوں کی طرف منہ کر کے بیٹھنا چاہئے۔ باقی نمازوں میں چونکہ مختصر دعا کے بعد سنتوں کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں اس لئے اس مختصر وقفہ میں مقتدیوں کی طرف منہ کر کے بیٹھنے کا اہتمام نہیں کیا جاتا۔ اور فجر اور عصر کے بعد تسبیحات پڑھ کر دعا کی جاتی ہے اس لئے طویل وقفہ ہونے کی وجہ سے مقتدیوں کی طرف منہ کر کے بیٹھتے ہیں' نماز کے بعد امام کو رخ بدل لینا چاہئے خواہ دائیں جانب کرلے یا بائیں جانب' یا مقتدیوں کی طرف۔ بہر حال مقتدیوں کی طرف پشت کر کے نہ بیٹھے۔

## نماز کے وقت بلند آواز سے ذکر کرنا ناجائز ہے

س..... ہماری مسجد میں نماز عشاء کے فوراً بعد ذکر و اذکار کا سلسلہ جاری ہو جاتا ہے ذکر اتنی بلند آواز سے کیا جاتا ہے کہ آواز احاطہ مسجد سے باہر تک سنائی دیتی ہے (بتیاں گل کر دی جاتی ہیں) جبکہ نمازی نماز عشاء دیر تک پڑھتے رہتے ہیں شور سے نماز میں خلل پیدا ہوتا ہے۔ مفصل تحریر کریں آیا یہ کہاں تک درست ہے؟

ج..... ایسے وقت بلند آواز سے ذکر کرنا جبکہ لوگ نماز پڑھ رہے ہوں درست نہیں' حضرات فقہاءؒ نے اس کو ناجائز لکھا ہے۔

## مسجد میں اجتماعی ذکر بالجہر کہاں تک جائز ہے؟

س..... ہماری مسجد بلکہ اس علاقہ کی تمام مساجد میں صبح کی نماز کے بعد بلکہ بعض جگہ لاؤڈ اسپیکر بھی لگا کر سلام پھیرنے کے فوراً بعد کلمہ طیبہ کا ذکر ہوتا ہے اور بعد میں درود شریف ان الفاظ کے ساتھ "صل علی نبینا صل علی محمد"۔ البتہ ہماری مسجد میں مسبوق اپنی رکعت ایک یا دو پڑھ لیتے ہیں۔ اس کے بعد اونچا ذکر چیخ چلا کر درمیانہ جہر بھی نہیں' بلکہ زور لگا کر ایک سر کے ساتھ تمام نمازی ذکر کرتے ہیں اور پھر وہ ذکر مسنون یعنی آیت الکرسی اور تسبیح ۳۳ بار تحمید ۳۳ بار اور تکبیر ۳۴ بار بھی پڑھتے ہیں۔ اور ایک دفعہ اجتماعی دعا مانگی جاتی ہے۔ ایسا ذکر کرنا جائز ہے یا نہیں؟ دوسری مسجد میں سلام کے بعد تین دفعہ استغفر اللہ آہستہ پڑھتے ہیں اور آیت الکرسی اور "اللھم اجرنی من النار" ۷ دفعہ اور تسبیحات مسنونہ' بعدہ ایک بار دعا ہوتی ہے۔ آپ ارشاد فرمائیں کہ آیا طریقہ مسنون ہے حضرت کا فرمایا ہوا یا کہ اونچا ذکر یعنی بہت اونچا ذکر کرنے والے ثواب پر ہیں؟ اس وقت کوئی سویا ہوا نہیں ہوتا اگر سویا ہوا ہو تو اس کو نماز کیلئے اٹھایا جاتا ہے تاکہ صبح کی نماز قضا نہ ہو جائے اور مسجد کے قریب کوئی بیمار بھی نہیں ہوتا اور نہ کوئی نمازی ہوتا ہے۔ محلہ کے لوگ اکثر آجاتے ہیں ہاں عورتیں گھروں پر پڑھتی ہوں

توہوں گی۔ ایسے وقت ایسی صورت میں کون ساذکر مسنون ہے اور کون ساذکر بدعت اور منع ہے تاکہ ہم لوگ ذکر مسنون کریں اور ذکر بدعت بند کردیں۔ اونچاذکر کرنے والے بڑے بڑے اشتہار پیش کرتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام' حضرت علیؓ اور صحابہؓ کرام اونچاذکر کرتے تھے ہم بھی اہل سنت والجماعت ہیں بلکہ یہ علامت ہے جو کوئی کلمہ بعد نماز اونچا پڑھے وہ سنی حنفی ہے اور جو اونچاذکر نہ کرے وہ ذکر کے مانعین ہے۔ عذاب کے مستحق ہیں وہابی ہیں وغیرہ وغیرہ' جھگڑا کرتے ہیں۔

ج..... (۱)۔ نماز کے بعد بلند آواز سے ذکر کرنا جس سے مسبوق نمازیوں کی نماز میں خلل پڑے جائز نہیں اور اس مقصد کیلئے لاؤڈ اسپیکر کا استعمال اور بھی برا ہے۔ حدیث میں علاماتِ قیامت میں سے ایک علامت یہ ارشاد فرمائی ہے "وارتفعت الاصوات فی المساجد" یعنی مساجد میں آوازیں بلند ہونے لگیں گی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مساجد میں آوازیں بلند کرنا امت کے بگاڑ کی علامت ہے۔

(۲)۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم' صحابہ کرام سلف صالحین سے جو طریقہ منقول ہے وہ یہ ہے کہ نماز سے فارغ ہوکر زیرِ لب تسبیحات اور اذکار مسنونہ پڑھے جائیں۔ اور آہستہ ہی دعا کی جائے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کبھی کبھی تعلیم کیلئے کوئی کلمہ بلند آواز سے بھی فرمادیتے تھے۔ بلند آواز سے کبھی دعا ہوجائے جبکہ اس سے کسی کی نماز میں خلل نہ ہو تو کوئی مضائقہ نہیں۔ جہری دعا کو معمول بنالینا اور سنت کی طرح اس کی پابندی کرنا صحیح نہیں۔

(۳)۔ ذکر اور دعا کا تعلق بندے اور معبودِ برحق جل شانہ کے درمیان ہے۔ بلند آواز سے' خصوصاً لاؤڈ اسپیکر پر ذکر اور دعا کی اذان دینا اس کی روح کے منافی ہے۔ اور اس میں ریا اور مخلوق کی طرف التفات کا خطرہ زیادہ سے زیادہ ہے۔ اس لئے مسلمانوں کو اس سے احتراز کرنا چاہئے۔ اور اگر کوئی اس کے خلاف کرتا ہے تو اس سے الجھنے کی ضرورت نہیں۔

## دورانِ نماز انگلیوں پر تسبیحات شمار کرنا

س..... میں نے ایک جگہ پڑھا تھا کہ نماز میں الحمد للہ' سبحان اللہ' اللہ اکبر وغیرہ ہاتھ پر یا تسبیح پر نہیں پڑھنی چاہئے اس سے نماز مکروہ ہوجاتی ہے اگر یہ بات سچ ہے تو ہم کیسے ان الفاظ کو پڑھ سکتے ہیں؟

ج..... نماز میں انگلیوں پر یا تسبیح پر گننا واقعی مکروہ ہے صلوۃ التسبیح میں ان کلمات کے گننے کی ضرورت پیش آتی ہے اس کی تدبیر یہ ہے کہ ایک ایک انگلی کو ذرا سا دباتے رہیں۔

## آیتیں' سورتیں اور تسبیحات انگلیوں پر شمار کرنا

س..... آیتیں' سورتیں یا تسبیحات انگلیوں پر شمار کرنا مکروہاتِ نماز میں شامل ہے کیا یہ درست ہے؟

نماز کے بعد جو تسبیح ہم انگلیوں پر شمار کرتے ہیں اس کا کیا حکم ہے؟

ج..... آیات یا تسبیحات کا انگلیوں پر گننا نماز کے اندر مکروہ ہے۔ نماز سے باہر مکروہ نہیں' بلکہ مامور بہ ہے۔

## تسبیحات فاطمی کی فضیلت

س..... میں نے ایک حدیث میں پڑھا ہے کہ ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ ' ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر مطلب یہ ہے کہ سو دانوں کی یہ تسبیح جو شخص روزانہ صبح فجر کے وقت اور عشاء کی نماز کے بعد یا ہر نماز کے بعد پڑھے گا تو قیامت کے دن اس کا مرتبہ بہت ہی بلند ہو گا؟

ج..... آپ نے صحیح پڑھا ہے۔ یہ کلمات و تسبیحات فاطمی کہلاتے ہیں۔ کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی لاڈلی بیٹی حضرت فاطمہؓ کو سکھائے تھے۔ حدیث میں ان کے بہت سے فضائل آئے ہیں جو حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ کاندھلوی مدنی کے رسالہ "فضائل ذکر" میں جمع کر دیئے گئے ہیں۔ یہ پاکیزہ کلمات ہر نماز کے بعد اور رات کو سوتے وقت بڑے اہتمام سے پڑھنے چاہئیں۔

## نماز کے بعد کی تسبیحات انگلیوں پر گننا افضل ہے

س..... میں نے کہیں یہ مسئلہ پڑھا تھا کہ نماز کے بعد پڑھی جانے والی تسبیح (۳۳ بار سبحان اللہ' ۳۳ بار الحمد للہ اور ۳۴ بار اللہ اکبر) ہاتھ کی انگلیوں پر گن کر پڑھنا مکروہ ہے۔ گزارش ہے کہ آپ اس سلسلہ میں یہ فرمائیں کہ آیا یہ مسئلہ درست ہے یا نہیں؟

ج..... درست نہیں۔ انگلیوں پر تسبیحات کا گننا نہ صرف جائز ہے بلکہ حدیث شریف میں تسبیحات کو انگلیوں پر گننے کا حکم آیا ہے۔

عن يسيرة رضي الله عنها وكانت من المهاجرات قالت قال لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم عليكن بالتسبيح والتهليل والتقديس واعقدن بالانامل فانهن مسؤلات مستنطقات ولا تغفلن فتنسين الرحمة

(رواه الترمذی وابوداؤد۔ مشکوٰۃ ص ۲۰۲)

حضرت یسیرہ رضی اللہ عنہا' جو ہجرت کرنے والیوں میں سے تھیں' فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا تھا کہ تسبیح و تہلیل اور تقدیس کو اپنے اوپر لازم کر لو اور ان کو انگلیوں پر گنا کرو' کیونکہ ان سے سوال کیا جائے گا اور ان کو بلوایا جائے گا۔ اور ذکر سے غفلت نہ کیا کرو ورنہ رحمت سے بھلا دی جاؤ گی۔

## چلتے پھرتے تسبیح کرنا

س...... میں نے کراچی میں مردوں اور عورتوں کو راستہ چلتے پھرتے تسبیح کرتے دیکھا ہے اکثریوں بھی دیکھا ہے کہ سڑک پار کر رہے ہیں مگر تسبیح کے دانے چلتے رہتے ہیں پچھلے دنوں میں نے بس اسٹاپ پر ایک عورت کو دیکھا آدھے سے زیادہ سر کھلا ہوا تھا کھڑی تسبیح کر رہی تھی میں آپ سے پوچھنا چاہتی ہوں کیا تسبیح کرنے کا یہ طریقہ درست ہے؟

ج...... تسبیح پڑھنا چلتے پھرتے بھی جائز ہے بلکہ بہت اچھی بات ہے کہ ہر وقت آدمی ذکر الٰہی میں مصروف رہے اگر کوئی تسبیح کے دوران غلط کام کرتا ہے تو اسے ایسا نہیں کرنا چاہئے۔

## تسبیح بدعت نہیں بلکہ ذکر الٰہی کا ذریعہ ہے

س...... آپ نے ایک سوال کے جواب میں چلتے پھرتے تسبیح پڑھنے کو جائز بلکہ بہت اچھی بات لکھا ہے۔ یہاں پر میرا مقصود آپ کے علم میں کسی قسم کا شک وشبہ کرنا نہیں۔ بلاشبہ آپ کا علم وسیع ہے مگر جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے وہ یہ کہ تسبیح کے دانے پڑھنا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت میں داخل نہ تھا۔ اور نہ ہی اسے ذکر اللہ کہا جا سکتا ہے۔ ذکر اللہ کے عملی معنی اس سے بالکل مختلف ہیں یہ ایک شرعی بدعت ہے جو آج کل ہماری زندگی میں فیشن کی شکل میں داخل ہو گئی ہے؟ امید ہے آپ اس مسئلہ پر مزید کچھ روشنی ڈالیں گے۔

ج...... تسبیح بذات خود مقصود نہیں' بلکہ ذکر کے شمار کرنے کا ذریعہ ہے۔ بہت سی احادیث میں یہ مضمون وارد ہوا ہے کہ فلاں ذکر اور فلاں کلمہ کو سو مرتبہ پڑھا جائے تو یہ اجر ملے گا۔ حدیث کے طلبہ سے یہ احادیث مخفی نہیں ہیں۔ اور ظاہر ہے کہ اس تعداد کو گننے کے لئے کوئی نہ کوئی ذریعہ ضرور اختیار کیا جائے گا۔ خواہ انگلیوں سے گنا جائے یا کنکریوں سے یا دانوں سے۔ اور جو ذریعہ بھی اختیار کیا جائے وہ بہرحال اس شرعی مقصد کے حصول کا ذریعہ ہو گا۔ اور جو چیز کسی مطلوب شرعی کا ذریعہ ہو وہ بدعت نہیں کہلاتا' بلکہ فرض کے لئے ایسے ذریعہ کا اختیار کرنا فرض اور واجب کیلئے ایسے ذریعہ کا اختیار کرنا واجب ہے۔ اسی طرح مستحب کے لئے ایسے ذریعہ کا اختیار کرنا مستحب ہو گا۔ آپ جانتے ہیں کہ حج پر جانے کے لئے بحری' بری اور فضائی تینوں راستے اختیار کئے جا سکتے ہیں' لیکن اگر کسی زمانے میں ان میں سے دو راستے مسدود ہو جائیں صرف ایک کھلا ہو تو اسی کا اختیار کرنا فرض ہو گا۔ اور اگر تینوں راستے کھلے ہوں تو ان میں کسی ایک کو لاعلی التعیین اختیار کرنا فرض ہو گا۔ اسی طرح جب تسبیحات واذکار کا گننا عندالشرع مطلوب ہے اور اس کے حصول کا ایک ذریعہ تسبیح بھی ہے۔ تو اس کو بدعت نہیں کہیں گے بلکہ دوسرے ذرائع میں سے ایک ذریعہ کہلائے گا اور چونکہ تمام ذرائع میں

زیادہ آسان ہے اس لئے اس کو ترجیح ہوگی۔

۲...... متعدد احادیث سے ثابت ہے کہ کنکریوں اور دانوں پر گننا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ملاحظہ فرمایا اور نکیر نہیں فرمائی۔ چنانچہ

الف...... سنن ابی داؤد (۱۔ ۲۱۰ باب التسبیح بالحصیٰ) اور مستدرک حاکم (۱۔ ۵۴۸) میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ۔

انه دخل مع النبی صلی اللّٰه علیه وسلم علی امراة وبین یدیها نوی او حصی تسبح به فقال اخبرک بما هو ایسر علیک من هذا وافضل الحدیث سکت علیه الحاکم وقال الذهبی صحیح

وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک خاتون کے پاس گئے جس کے آگے کھجور کی گٹھلیاں یا کنکریاں رکھی تھیں جن پر وہ تسبیح پڑھ رہی تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تجھے ایسی چیز بتاؤں جو اس سے زیادہ آسان اور افضل ہے؟۔ الخ

ب...... ترمذی اور مستدرک حاکم (۱۔ ۵۴۷) پر حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ۔

قالت دخل علی رسول الله صلی الله علیه وسلم وبین یدی اربعة الاف نواة اسبح بهن فقال یا بنت حیی ما هذا؟ قلت اسبح بهن قال قد سبحت منذ قمت علی راسک اکثر من هذا قلت علمنی یا رسول اللّٰه! قال قولی سبحان اللّٰه عدد ما خلق من شیئ

(قال الحاکم هذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاه وقال الذهبی صحیح)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے' میرے آگے چار ہزار گٹھلیاں تھیں۔ جن پر میں تسبیح پڑھ رہی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' یہ کیا ہے؟ عرض کیا میں ان پر تسبیح پڑھ رہی ہوں۔ فرمایا' میں جب سے تیرے پاس کھڑا ہوا ہوں میں نے اس سے زیادہ تسبیح پڑھ لی ہے۔ میں نے عرض کیا' یا رسول اللہ! مجھے بھی سکھایئے۔ فرمایا' یوں کہا کر سبحان اللّٰه عدد ما خلق من شیئ۔

حدیث اول کے ذیل میں صاحب عون المعبود لکھتے ہیں

هذا اصل صحیح لتجویز السبحة بتقریره صلی اللّٰه علیه وسلم فانه فی معناها اذ لا فرق بین المنظومة والمنثورة فیما یعد به ولا یعتد بقول من عدها بدعة

(عون المعبود ج۔ ۱ ص ۵۵۵)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا گٹھلیوں پر نکیر نہ فرمانا تسبیح کے جائز ہونے کی صحیح اصل ہے۔ کیونکہ تسبیح بھی گٹھلیوں کے ہم معنی ہے کیونکہ شمار کرنے کیلئے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ گٹھلیاں پروئی ہوئی ہوں یا بغیر پروئی ہوئی ہوں۔ اور جو لوگ اس کو بدعت شمار کرتے ہیں ان کا قول لائق اعتبار نہیں۔

۳..... تسبیح ایک اور لحاظ سے بھی ذکر الٰہی کا ذریعہ ہے وہ یہ کہ تسبیح ہاتھ میں ہو تو زبان پر خود بخود ذکر جاری ہو جاتا ہے۔ اور تسبیح نہ ہو تو آدمی کو ذکر یاد نہیں رہتا۔ اسی بنا پر تسبیح کو "مذکرہ" کہا جاتا ہے یعنی یاد دلانے والی۔ اور اسی بنا پر صوفیاء اس کو "شیطان کیلئے کوڑا" کہتے ہیں کہ اس کے ذریعہ شیطان دفع ہو جاتا ہے۔ اور آدمی کو ذکر سے غافل کرنے میں کامیاب نہیں ہوتا۔ پس جب ذکر الٰہی میں مشغول رہنا مطلوب ہے اور تسبیح کا ہاتھ میں ہونا اس مشغولی کا ذریعہ ہے تو اس کو بدعت کہنا غلط ہوگا۔ بلکہ ذریعہ ذکر الٰہی ہونے کی وجہ سے اس کو مستحب کہا جائے تو بعید نہ ہوگا۔

## درود شریف کا ثواب زیادہ ہے یا استغفار کا؟

س..... درود شریف کا ثواب زیادہ ہے یا استغفار کا؟

ج..... دونوں کا ثواب اپنی اپنی جگہ ہے۔ استغفار کی مثال برتن مانجھنے کی ہے اور درود شریف کی مثال برتن قلعی کرنے کی۔

## مختصر درود شریف

س..... ہم اکثر سنتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود شریف بھیجو۔ تو مولانا صاحب آپ درود بھیجنے کا کوئی آسان طریقہ بتائیں اور یہ بھی بتائیں کہ درود شریف میں کون سا درود افضل ہے؟

ج..... سب سے افضل درود شریف تو وہ ہے جو نماز میں پڑھا جاتا ہے۔ اور مختصر درود شریف یہ بھی ہے اللھم صلِّ علیٰ سیدنا ومولانا محمد وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم اس درود شریف کی تین تسبیح صبح کو تین شام کو پڑھی جائیں اتنی فرصت نہ ہو تو صبح وشام ایک ایک تسبیح ہی پڑھ لی جائے۔ اس کے علاوہ جب بھی فرصت وفراغت ملے درود شریف کو ورد زبان بنانا چاہئے۔

## نماز والے درود شریف میں "سیدنا ومولٰنا" کا اضافہ کرنا

س..... نماز میں التحیات اور تشہد کے بعد والے درود میں حضورؐ اور حضرت ابراہیم علیہم السلام کے

ناموں سے پہلے "سیدنا و مولینا" پڑھنا کیسا ہے؟

ج..... ہمارے ائمہ سے تو یہ مسئلہ منقول نہیں، درمختار میں اس کو شافعیہ کے حوالے سے مستحب لکھا ہے اور اس سے موافقت کی ہے۔

نماز کے دوران یا بعد میں دعا و ذکر، درود شریف

## روضہ اقدس پر درود شریف آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) خود سنتے ہیں

س..... حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنا جائز ہے؟ اور جب ہم پڑھتے ہیں تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خود سنتے ہیں؟

ج..... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھنے کا تو حکم ہے اور اس کے بے شمار فضائل آئے ہیں مگر اس کے الفاظ اور اس کا وہی طریقہ صحیح ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ارشاد فرمایا۔ آج کل جو لوگ گا گا کر درود و سلام پڑھتے ہیں، یہ طریقہ نہ صرف خلاف سنت ہے بلکہ محض ریاکاری ہے۔ درود شریف اگر روضہ اقدس پر پڑھا جائے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خود سنتے ہیں، ورنہ فرشتے پہنچاتے ہیں۔

## ایک مجلس میں اسم مبارک پر پہلی بار درود شریف واجب اور ہر بار مستحب ہے

س..... لانڈھی کالونی ایریا ۳۔ بی میں رحمانیہ مسجد واقع ہے وہاں پر مجھے نماز جمعہ ادا کرنے کا موقع ملتا ہے۔ امام محترم نماز سے پون گھنٹہ پہلے تقریر فرماتے ہیں، دوران تقریر "رسول اللہ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم" کا لفظ بار بار زبان پر آتا ہے، مگر اس طرح کہ "رسول اللہ نے فرمایا، حضورؐ نے فرمایا۔" "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں کہتے، مجھے ذاتی طور پر بہت تکلیف ہوتی ہے کیا اس طرح نام مبارک (صلی اللہ علیہ وسلم) لینا بے ادبی نہیں؟

ج..... ایک مجلس میں پہلی بار جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی آئے تو درود شریف (صلی اللہ علیہ وسلم) پڑھنا واجب ہے اور ہر بار اسم مبارک کے ساتھ درود پڑھنا واجب نہیں۔ بلکہ مستحب ہے۔ جی نہیں چاہتا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک نام لیا جائے اور درود شریف نہ پڑھا جائے خواہ ایک مجلس میں سو بار نام مبارک آئے۔ ہر بار صلی اللہ علیہ وسلم کہنا مستحب ہے۔

## دعا کی قبولیت کیلئے اول و آخر درود شریف کا ہونا زیادہ امید بخش ہے

س..... کیا دعا کے اول اور آخر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھے بغیر دعا قبول نہیں ہوتی؟

ج..... دعا کے اول و آخر درود شریف کا ہونا دعا کی قبولیت کے لئے زیادہ امید بخش ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ دعا آسمان و زمین کے درمیان معلق رہتی ہے جب تک کہ اس کے اول و آخر میں درود شریف نہ ہو۔

## بغیر وضو درود شریف پڑھنا جائز ہے

س..... بغیر وضو درود شریف پڑھنا چاہئے یا نہیں؟ میں اول و آخر درود شریف پڑھ کر خدا سے دعا مانگتا ہوں۔ کیا اس طرح دعا مانگنا صحیح ہے یا نہیں؟

ج..... بغیر وضو کے درود شریف پڑھنا جائز ہے اور دعا کے اول و آخر درود شریف پڑھنا دعا کے آداب میں سے ہے، حدیث میں اس کا حکم آیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ "دعا آسمان اور زمین کے درمیان معلق رہتی ہے جب تک کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف نہ پڑھا جائے۔

## درود شریف کی کثرت موجب سعادت و برکت ہے

س..... میں ہر نماز کے بعد درود شریف کی ایک تسبیح پڑھتا ہوں کیا درود شریف زیادہ سے زیادہ پڑھ سکتا ہوں؟

ج..... اپنی صحت، قوت اور فرصت کا لحاظ رکھتے ہوئے جتنا زیادہ درود شریف پڑھیں موجب سعادت و برکت ہے۔

## خالی اوقات میں درود شریف کی کثرت کرنی چاہئے

س..... خالی اوقات میں مساجد یا گھر پر درود شریف یا استغفار پڑھیں تو دونوں میں افضل درود کون سا ہوگا؟

ج..... دونوں اپنی جگہ افضل ہیں۔ آپ درود شریف کی کثرت کریں۔

## درود شریف بھی اٹھتے بیٹھتے پڑھنا جائز ہے

س...... درود شریف کھڑے ہو کر پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ کیونکہ اٹھتے بیٹھتے اللہ کی حمد و ثنا کرنی چاہئے۔
ج...... درود شریف بھی اٹھتے بیٹھتے پڑھنا جائز ہے۔

## بے نمازی کی دعا قبول نہ ہونا

س...... کیا نماز نہ پڑھنے والوں کی دعائیں قبول نہیں ہوتیں؟ اور ایسے لوگ جو دعائیں کرتے ہیں ان دعاؤں کا اللہ کے نزدیک کوئی مرتبہ ہے؟ ایسی دعائیں کوئی مطلب رکھتی ہیں؟
ج...... دعا تو کافر کی بھی قبول ہو سکتی ہے باقی جو شخص نماز نہیں پڑھتا اس کا تعلق اللہ تعالیٰ سے صحیح نہیں' اس کی دعا قبول بھی ہو جائے تو یہ ایسا ہی ہو گا جیسے کتے کو روٹی ڈال دی جاتی ہے۔

## ستر ہزار بار کلمہ شریف پڑھ کر بخشنے سے مردہ سے عذاب ٹل جاتا ہے

س...... میں نے کچھ عرصہ قبل کسی جگہ پڑھا تھا کہ ایک شخص فوت ہو گیا دوسرے کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ عذاب میں مبتلا ہے کسی نے اس کو بتایا تھا کہ کلمہ شریف سوا لاکھ دفعہ (تعداد مجھے ٹھیک سے یاد نہیں) پڑھ کر اس کو اس کا ثواب پہنچائے تو اللہ پاک اس کا عذاب دور کر دیں گے۔ لہٰذا انہوں نے یہ پڑھا اور پھر دوبارہ خواب میں دیکھا کہ اس شخص کا عذاب دور ہو چکا ہے اس سلسلے میں کچھ بزرگوں کے نام تھے جو مجھے یاد نہیں کیا ایسی کوئی چیز ہے؟

ج...... اس قسم کا واقعہ ہمارے ہمارے شیخ حضرت اقدس مولانا محمد زکریا مہاجر مدنی قدس سرہ نے شیخ ابو یزید قرطبیؒ سے نقل کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ "میں نے یہ سنا کہ جو شخص ستر ہزار مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھے اس کو دوزخ کی آگ سے نجات ہے' میں نے یہ خبر سن کر ایک نصاب یعنی ستر ہزار کی تعداد اپنی بیوی کیلئے بھی پڑھا اور کئی نصاب خود اپنے لئے پڑھ کر ذخیرۂ آخرت بنایا۔ ہمارے پاس ایک نوجوان رہتا تھا جس کے متعلق یہ مشہور تھا کہ یہ صاحب کشف ہے' جنت دوزخ کا بھی اس کو کشف ہوتا ہے مجھے اس کی صحت میں کچھ تردد تھا ایک مرتبہ وہ نوجوان ہمارے ساتھ کھانے میں شریک تھا کہ دفعتاً اس نے چیخ ماری اور سانس پھولنے لگا اور کہا کہ میری ماں دوزخ میں جل رہی ہے۔ اس کی حالت مجھے نظر آئی۔

قرطبیؒ کہتے ہیں کہ میں اس کی گھبراہٹ دیکھ رہا تھا مجھے خیال آیا کہ ایک نصاب اس کی ماں کو بخش دوں' جس سے اس کی سچائی کا بھی مجھے تجربہ ہو جائے گا۔ چنانچہ میں نے ایک نصاب ستر ہزار کا

ان نصابوں میں سے 'جو اپنے لئے پڑھے تھے' اس کی ماں کو بخش دیا۔ میں نے اپنے دل میں چپکے ہی سے بخشا تھا اور میرے اس پڑھنے کی خبر بھی اللہ کے سوا کسی کو نہ تھی۔ مگر وہ نوجوان فوراً کہنے لگا کہ چچا! میری ماں دوزخ کے عذاب سے ہٹا دی گئی۔

قرطبیؒ کہتے ہیں کہ مجھے اس قصہ سے دو فائدے ہوئے 'ایک تو اس برکت کی جو ستر ہزار کی مقدار پر میں نے سنی تھی اس کا تجربہ ہوا' دوسرے اس نوجوان کی سچائی کا مجھے یقین ہو گیا۔"

## کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے دعائے مغفرت کر سکتے ہیں؟

س...... عام طور پر ہم اپنے عزیز و اقرباء (مرحومین) کی مغفرت کیلئے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں اور قرآن مجید اور نوافل پڑھ کر ان کو ثواب پہنچاتے ہیں اور خدا تعالیٰ سے ان کیلئے جنت الفردوس کی دعا مانگتے ہیں 'لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جو کہ کامل انسان تھے اور جن کے متعلق غلطی یا تقصیر کا تصور بھی گناہ ہے تو کیا ان کیلئے مغفرت کی دعا مانگنی چاہئے یا نہیں؟

ج...... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے تو گنہگاروں کی مغفرت ہوگی 'اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے دعائے مغفرت کی ضرورت نہیں 'بلکہ بلندی درجات کی دعا کرنی چاہئے۔ سب سے بہترین تحفہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ عالی میں درود شریف ہے اور نفلی عبادات کا ثواب بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ضرور بخشنا چاہئے۔ کہ یہ ہماری محبت و تعلق کا تقاضا ہے۔ مثلاً قربانی کے موقع پر گنجائش ہو تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بھی قربانی کی جائے 'صدقہ و خیرات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کیا جائے 'حج و عمرہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کیا جائے۔

## استغفار سب کیلئے کیا جا سکتا ہے

س...... استغفار کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اپنے بھائیوں کیلئے استغفار کیا کرو۔ یہ سمجھائیں کہ زندہ بھائی یا مردہ بھائی کے لئے استغفار کا کیا طریقہ ہے؟ اور پھر یہ استغفار ان بھائیوں کیلئے کیا فائدہ پہنچاتا ہے؟

ج...... استغفار زندوں اور مردوں سب کیلئے کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً عربی میں یہ الفاظ بہت جامع ہیں۔

**اللهم اغفرلي وللمومنين والمومنات والمسلمين والمسلمات الاحيامنهم والاموات**

اور اردو میں یہ الفاظ کہہ لے کہ "یا اللہ! میری اور تمام مسلمان مردوں اور عورتوں کی بخشش فرما۔"

رہا یہ کہ مسلمان کے لئے استغفار کا کیا فائدہ ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ جو شخص پوری امت کے لئے استغفار کرے اللہ تعالیٰ اس کی بھی بخشش فرما دیتے ہیں۔ اور جس شخص کے لئے بہت سے مسلمان استغفار کر رہے ہوں اللہ تعالیٰ ان کی دعا کی برکت سے اس شخص کی بھی مغفرت فرما دیتے ہیں۔ گویا پوری امت کیلئے استغفار کرنے کا فائدہ استغفار کرنے والے کو بھی پہنچتا ہے۔ اور جن کیلئے

استغفار کیا جائے ان کو بھی..... کیونکہ استغفار کے معنی بخشش کی دعا کرنے کے ہیں' اور یہ دعا بھی رائیگاں نہیں جاتی۔ جس کیلئے استغفار کیا جائے گویا اس کی مغفرت کی شفاعت کی جاتی ہے اور حق تعالیٰ شانہ اہل ایمان کی شفاعت کو قبول فرماتے ہیں۔

## رات کے آخری تہائی حصہ کی وضاحت اور اس میں عبادت

س..... میں نے کتابوں میں پڑھا ہے کہ جب رات کا ایک تہائی حصہ باقی رہ جائے تو اللہ تعالیٰ آسمان سے دنیا پر نزول اجلال فرماتے ہیں اور جو دعا کی جائے وہ قبول ہوتی ہے۔ ایک تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے۔ مراد کتنے بجے ہیں یعنی ۳ بجے یا ۲ بجے یعنی صحیح وقت کون سا ہے اور یہ کہ وضو کر کے دو رکعت نفل پڑھنی چاہئے اور پھر دعا مانگنی چاہئے۔ یا کوئی اور طریقہ ہو؟ جواب ضرور دیں 'منتظر رہوں گی۔

ج..... غروب آفتاب سے صبح صادق تک کا وقت تین حصوں میں تقسیم کر دیا جائے تو آخری تہائی مراد ہے مثلاً آج کل مغرب سے صبح صادق تک تقریباً ۹ گھنٹے کی رات ہوتی ہے اور سوا ایک بجے تک دو تہائی رات گزر جاتی ہے۔ سوا ایک بجے سے صبح صادق تک وہ وقت ہے جس کی فضیلت حدیث میں بیان کی گئی ہے اس وقت وضو کر کے چار سے لے کر بارہ رکعتوں تک جتنی اللہ تعالیٰ توفیق دے نماز تہجد میں پڑھنی چاہئے۔ اس کے بعد جتنی دعائیں مانگ سکے مانگے۔

## عہد نامہ دعائے گنج العرش درود تاج وغیرہ کی شرعی حیثیت

س..... میں نے اربعین نووی پڑھی جس کے صفحہ ۱۶۸ پر دعائے گنج العرش' درود لکھی' عہد نامہ وغیرہ کے متعلق شکوک و شبہات کا اظہار کیا ہے۔ میں چند دعاؤں کو آپ کی رائے شریف کی روشنی میں دیکھنا چاہتا ہوں۔ ان دعاؤں کے شروع میں جو فضیلت لکھی ہوئی ہے اس سے آپ بخوبی واقف ہوں گے۔ زیادہ ہی فضیلت ہے جو تحریر نہیں کی جا سکتی کیا یہ لوگوں نے خود تو نہیں بنائیں؟

آپ صرف یہ جواب دیں ان میں کون سی دعا قرآن و حدیث سے ثابت ہے اور کون سی نہیں؟ اگر ثابت ہے تو جو شروع میں فضیلتیں قرآن و حدیث سے ثابت ہیں؟ اگر نہیں تو کیا ہم کو ان دعاؤں کو پڑھنا چاہئے یا کہ نہیں؟ کیا یہ دشمنان اسلام کی سازش تو نہیں؟

دعائیں مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ وصیت نامہ۔ ۲۔ درود ماہی۔ ۳۔ درود لکھی۔ ۴۔ دعائے گنج العرش۔ ۵۔ دعائے جمیلہ۔ ۶۔ دعائے عکاشہ۔ ۷۔ عہد نامہ۔ ۸۔ درود تاج۔ ۹۔ دعائے مستجاب۔

ج..... "وصیت نامہ" کے نام سے جو تحریر چھپتی اور تقسیم ہوتی ہے وہ تو خالص جھوٹ ہے۔ اور یہ

جھوٹ تقریباً ایک صدی سے برابر پھیلایا جارہا ہے' اسی طرح آج کل "معجزہ زینب علیہا السلام" اور "بی بی سیدہ کی کہانی" بھی سو جھوٹ گھڑ کر پھیلائی جارہی ہے۔

دیگر درود دعائیں جو آپ نے لکھی ہیں کہ وہ کسی حدیث میں تو وارد نہیں' نہ ان کی کوئی فضیلت ہی احادیث میں ذکر کی گئی ہے جو فضائل ان کے شروع میں درج کئے گئے ہیں ان کو صحیح سمجھنا ہرگز جائز نہیں' کیونکہ یہ خالص جھوٹ ہے اور جھوٹی بات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرنا وبال عظیم ہے۔ جہاں تک الفاظ کا تعلق ہے' یہ بات تو قطعی ہے کہ یہ الفاظ خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودہ نہیں' بلکہ کسی شخص نے محنت و ذہانت سے ان کو خود تصنیف کر لیا ہے ان میں سے بعض الفاظ فی الجملہ صحیح ہیں' اور قرآن و حدیث کے الفاظ سے مشابہ ہیں اور بعض الفاظ قواعد شرعیہ کے لحاظ سے صحیح بھی نہیں' خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات تو کیا ہوتے۔

یہ کہنا مشکل ہے کہ ان دعاؤں اور درود کا رواج کیسے ہوا؟ کسی سازش کے تحت یہ سب کچھ ہوا ہے یا کتابوں کے ناشروں نے مسلمانوں کی بے علمی سے فائدہ اٹھایا ہے۔ ہمارے اکابرین ان دعاؤں کے بجائے قرآن کریم اور حدیث نبوی کے منقول الفاظ کو بہتر سمجھتے ہیں۔ اور اپنے متعلقین اور احباب کو ان چیزوں کے پڑھنے کا مشورہ دیتے ہیں۔

## نمازوں کے بعد مصافحہ کی رسم بدعت ہے

س...... میں دیکھتا ہوں کہ بالخصوص فجر اور عصر کی نمازوں کے بعد اس کے علاوہ ظہر' مغرب اور عشاء کی نمازوں کے بعد بالعموم مصلی حضرات جناب امام صاحب سے (جو نماز پڑھاتے ہیں) اس کے بعد آپس میں ایک دوسرے سے مصافحہ کیا کرتے ہیں۔ یہ مصافحہ بعد نماز کیسا ہے؟ براہ کرم احکام شرعی فقہ حنفیہ کے مطابق مطلع فرمائیں؟

ج...... نمازوں کے بعد مصافحہ کو فقہاء نے بدعت لکھا ہے۔ اس لئے اس کا التزام نہ کیا جائے۔

## نماز کے بعد بغل گیر ہونا یا مصافحہ کرنا بدعت ہے

س...... با جماعت نماز کے بعد مقتدیوں کا آپس میں بغلگیر ہونا ہاتھ ملانا باعث ثواب ہے' سنت یا واجب ہے؟

ج...... نہ سنت ہے نہ واجب' بلکہ بدعت ہے۔ اگر کوئی شخص دور سے آیا ہو اور نماز کے بعد ملے تو اس کا مصافحہ و معانقہ کرنا جائز ہے۔

## فرض نمازوں کے فوراً بعد اور سنتوں سے قبل کسی سے ملنا کیسا ہے؟

س..... میرے بھائی جان مسجد میں نماز پڑھ رہے تھے انہوں نے فرض پڑھ کر سلام پھیرا۔ برابر والے صاحب نے بھی سلام پھیرا وہ بھائی جان کے بہت پرانے دوست نکلے۔ کافی عرصے سے ملاقات نہیں ہوئی تھی اس لئے دونوں نے مصافحہ وغیرہ کیا اور پھر بقیہ نماز پڑھ لی۔ کچھ لوگوں نے کہا کہ یہ غلط ہے پہلے آپ لوگ پوری نماز پڑھ لیتے کچھ نے کہا کوئی بات نہیں۔ آپ ضرور بتایئے کہ واقعی غلطی ہو گئی؟

ج..... اگر کسی سے اس طرح ملاقات ہو کہ جیسی کہ آپ کے بھائی کی اپنے دوست سے ہوئی تھی تو فرض نماز کے بعد بھی دعا اور مصافحہ جائز ہے۔ مگر آواز اونچی نہ ہو جس سے نمازی پریشان ہوں۔



# مسبوق ولاحق کے مسائل

## جماعت شروع ہونے کے بعد شامل ہونا

جس شخص سے امام کی نماز کی کچھ رکعتیں رہ گئی ہوں، اور وہ بعد کی رکعتوں میں امام کے ساتھ شریک ہوا ہو اس کو مسبوق کہتے ہیں۔ جو شخص ابتدا میں امام کے ساتھ نماز میں شریک ہوا تھا مگر کسی وجہ سے اس کی بعد کی رکعتیں امام کے ساتھ نہیں ہوئیں، اس کو "لاحق" کہتے ہیں۔ مثلاً جو شخص امام کے ساتھ دوسری رکعت میں شریک ہوا وہ "مسبوق" ہے اور جو شخص امام کے ساتھ پہلی رکعت میں شریک تھا مگر دوسری رکعت میں کسی وجہ سے شریک نہیں رہا، وہ "لاحق" ہے۔

## مسبوق امام کے پیچھے کتنی رکعات کی نیت باندھے؟

س..... اکثر ایسا ہوتا ہے کہ جماعت کھڑی ہو چکی ہوتی ہے اور ہم دیر سے جماعت میں شامل ہوتے ہیں جبکہ کچھ رکعتیں نکل بھی جاتی ہیں لیکن ہم نیت تمام رکعتوں کی امام کے پیچھے کی باندھتے ہیں جبکہ ہماری کچھ رکعتیں نکل بھی جاتی ہیں جو ہم بعد میں خود پوری کرتے ہیں۔ آپ سے یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ ہم کو جماعت میں شامل ہوتے وقت جبکہ ہم کو بعض اوقات یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ کتنی رکعتیں ہوگئی ہیں، ہم کو نیت پوری رکعتوں کی امام کے پیچھے باندھنی چاہئے یا صرف اتنی ہی رکعت کی نیت باندھیں جو امام کے ساتھ جماعت میں ملیں؟

ج..... امام کے پیچھے امام کی اقتدا کی نیت کرکے نماز شروع کردیں۔ جتنی رکعتیں رہ گئی ہوں وہ بعد میں پوری کرلیں۔ رکعتوں کے تعین کی ضرورت نہیں۔

## بعد میں شامل ہونے والا کس طرح رکعتیں پوری کرے؟

س..... مسبوق یعنی جس کی امام کے پیچھے کچھ رکعتیں رہ گئی ہوں، وہ اپنی بقیہ رکعات کس طرح ادا کرے؟ امام کے ساتھ تین رکعت ادا کیں اور ایک رکعت اس کی رہ گئی، امام کے پیچھے دو رکعت ادا

گیں اور اس کی دو رکعتیں باقی رہ گئیں، امام کے پیچھے ایک رکعت ادا کی بقیہ تین رکعات اس کی باقی ہیں؟

ج..... اگر ایک رکعت رہ گئی ہو تو اٹھ کر جس طرح رکعت پڑھی جاتی ہے سبحانک اللّٰھم سے شروع کر دے اور سورۃ فاتحہ اور سورۃ پڑھ کر رکعت پوری کرے۔ اور اگر دو رکعتیں رہ گئی ہوں تو اٹھ کر پہلی دو رکعتوں کی طرح پڑھے یعنی پہلی میں سبحانک اللّٰھم سے شروع کرے اور سورۃ فاتحہ کے اور سورۃ پڑھ کر رکوع کرے دوسری رکعت سورۃ فاتحہ سے شروع کرے۔ اور اگر تین رکعتیں رہ گئی ہوں تو پہلی رکعت سبحانک اللّٰھم سے شروع کر کے سورۃ فاتحہ اور سورۃ پڑھے اور اس رکعت پر قعدہ کرے۔ دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ اور سورۃ پڑھے اور تیسری میں صرف سورۃ فاتحہ پڑھے اور آخری قعدہ کرے۔

## مسبوق کی باقی رکعات اس کی پہلی شمار ہوں گی یا آخری؟

س..... نماز با جماعت میں بعد میں شامل ہونے والے مقتدی کی ایک یا دو رکعت چھوٹ جائیں تو ان رکعتوں کو کس ترتیب سے پورا کرے؟ شروع کی سمجھ کر یا آخری سمجھ کر؟ ظاہر ہے دونوں میں فرق سورۃ فاتحہ کے بعد کوئی سورۃ پڑھنے یا نہ پڑھنے کا ہے۔ نیز ثنا کس وقت پڑھے نماز میں شمولیت کے وقت یا بقیہ رکعتیں پوری کرتے وقت؟

ج..... باقی ماندہ رکعتیں قرأت کے اعتبار سے تو پہلی ہیں پس اٹھ کر پہلی رکعت سبحانک اللّٰھم سے شروع کرے اور فاتحہ کے ساتھ کوئی سورۃ بھی ملائے، اور دوسری میں فاتحہ اور سورۃ اور تیسری میں صرف فاتحہ پڑھے۔ لیکن قعدہ بیٹھنے کے لحاظ سے یہ رکعتیں آخری ہیں پس اگر امام کے ساتھ ایک رکعت ملی ہو تو ایک رکعت اور پڑھ کر قعدہ کرنا ضروری ہے اور باقی دو رکعتیں ایک قعدے میں ادا کرے۔

## رکوع میں شامل ہونے والا ثنا اور نیت کے بغیر شامل ہو سکتا ہے

س..... جماعت شروع ہو چکی ہوتی ہے اور ہم اس وقت جماعت میں شامل ہوتے ہیں جس وقت امام رکوع میں جانے کی تکبیر کہہ رہا ہوتا ہے اگر ہم اس وقت نیت باندھنے کے الفاظ اور ثنا پڑھتے ہیں تو اتنی دیر میں رکوع ہو چکا ہوتا ہے اور ہماری ایک رکعت جماعت سے نکل جاتی ہے کیا اس وقت جبکہ جماعت رکوع میں ہو اور ہمارے پاس اتنا وقت نہ ہو کہ ہم نیت کے الفاظ اور ثنا کو پڑھ سکیں فوراً جماعت میں شامل ہو کر رکوع میں جا سکتے ہیں یا نہیں؟

ج..... زبان سے نیت کے الفاظ پڑھنا ضروری نہیں بس دل میں یہ نیت کر کے کہ فلاں نماز امام کی

ابتدا میں شروع کر رہا ہوں' کھڑے کھڑے اللہ اکبر کہیں اور رکوع میں چلے جائیں۔ ثنا نہ پڑھیں۔

جو شخص پہلی رکعت میں شریک ہو وہ اس وقت تک ثنا پڑھ سکتا ہے جب تک امام نے قرات شروع نہ کی ہو' جب امام نے قرأت شروع کر دی تو مقتدیوں کو ثنا پڑھنے کی اجازت نہیں' اور اگر سری نماز ہو تو یہ اندازہ کر لینا چاہئے کہ امام نے ثنا سے فارغ ہو کر قرات شروع کر دی ہوگی یا نہیں؟ اگر اندازہ ہو کہ امام قرات شروع کر چکا ہے تو ثنا نہ پڑھی جائے۔

## بعد میں آنے والا رکوع میں کس طرح شامل ہو؟

س..... دوران نماز جب امام رکوع میں ہوتے ہیں' تو نئے آنے والے نمازی فوراً اللہ اکبر کہہ کر رکوع میں چلے جاتے ہیں بعض لوگ ایک لمحہ سیدھے کھڑے ہو کر رکوع میں شامل ہوتے ہیں بعض کھڑے ہو کر ثنا پڑھتے ہیں پھر رکوع میں جاتے ہیں اس دوران بعض مرتبہ یا تو امام صاحب رکوع سے کھڑے ہو جاتے ہیں یا اٹھ رہے ہوتے ہیں تو اس سلسلے میں شرعی طریقہ کار کیا ہے؟

ج..... حکم یہ ہے کہ بعد میں آنے والا شخص کھڑا ہونے کی حالت میں تکبیر تحریمہ کہہ کر رکوع میں چلا جائے تکبیر کے بعد قیام کی حالت میں ٹھہرنا کوئی ضروری نہیں۔ پھر اگر امام کو عین رکوع کی حالت میں جا ملا' تو رکعت مل گئی خواہ اس کے رکوع میں جانے کے بعد امام فوراً ہی اٹھ جائے اور اس کو رکوع کی تسبیح پڑھنے کا بھی موقع نہ ملے اور اگر ایسا ہوا کہ اس کے رکوع میں پہنچنے سے پہلے امام رکوع سے اٹھ گیا تو رکعت نہیں ملی۔

## دوسری رکعت میں شامل ہونے والا اپنی پہلی رکعت میں سورۃ ملائے گا

س..... میں مغرب کی نماز ادا کرنے کیلئے مسجد گیا لیکن مجھے کچھ دیر ہو گئی تھی' جماعت ہو رہی تھی اور امام صاحب ایک رکعت پڑھا چکے تھے۔ میں جماعت کے ساتھ دوسری رکعت میں شامل ہو گیا۔ اب آپ یہ فرمائیں کہ جب میں یہ رکعت ادا کروں تو میں اس رکعت میں صرف سورۃ فاتحہ پڑھوں یا پھر سورۃ فاتحہ کے بعد کوئی دوسری سورۃ بھی پڑھنی چاہئے؟ کیونکہ میری جو رکعت چھوٹ گئی تھی اس میں سورۃ فاتحہ کے بعد کوئی دوسری قرآنی سورۃ بھی پڑھی گئی تھی۔

ج..... جو رکعت امام کے ساتھ آپ کو نہیں ملی وہ آپ کی پہلی رکعت تھی۔ امام کے فارغ ہونے کے بعد جب آپ اس کو ادا کریں گے اس میں سبحانک اللھم بسم اللہ اعوذ باللہ سورۃ فاتحہ اور اس کے بعد کوئی سورۃ پڑھیں گے۔

## مغرب کی تیسری رکعت میں شامل ہونے والا بقیہ نماز کس طرح ادا کرے؟

س..... مغرب کے وقت فرض میں اگر کوئی تیسری رکعت میں جماعت کے ساتھ شامل ہو تو بقیہ دو رکعتیں کس طرح ادا کرے؟ قرأت اور التحیات، درود و دعا سب کی ادائیگی وضاحت سے سمجھائیے؟

ج..... پہلی رکعت میں ثنا اور سورۃ فاتحہ اور کوئی سورۃ پڑھے اور دو رکعت پوری کر کے قعدہ میں بیٹھ جائے اور صرف التحیات پڑھ کر اٹھ جائے۔ دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ اور کوئی اور سورۃ پڑھ کر رکعت پوری کرے اور آخری قعدہ کرے۔ اس میں التحیات، درود شریف اور دعا پڑھ کر سلام پھیر دے۔

## مسبوق امام کے آخری قعدہ میں التحیات کتنی پڑھے؟

س..... بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ نماز پڑھنے کے لئے مسجد میں جاتے ہیں تو جماعت کھڑی ہو چکی ہوتی ہے اور دو یا تین رکعتیں پڑھی جا چکی ہوتی ہیں۔ مسئلہ کے مطابق نیت کر کے جماعت کے ساتھ شامل ہو جانا چاہئے اور جب امام سلام سلام پھیرے تو بغیر سلام پھیرے وہ آدمی جو دیر سے آیا ہے اٹھ کر وہ نماز مکمل کرے جو وہ پہلے نہیں پڑھ سکا۔ پوچھنے والا مسئلہ یہ ہے کہ جس وقت چوتھی رکعت کے بعد التحیات پر بیٹھا جاتا ہے تو جو آدمی دیر سے نماز میں شامل ہوا ہے وہ التحیات پوری پڑھے یا درود شریف تک پڑھے اور پھر خاموش بیٹھ جائے؟

ج..... یہ شخص صرف التحیات پوری کرے۔ درود شریف اور دعا نہ پڑھے۔ بہتر تو یہ ہے کہ وہ اس قدر آہستہ التحیات پڑھے کہ امام کے فارغ ہونے تک اس کی التحیات ہی پوری ہو۔ اور اگر امام سے پہلے التحیات سے فارغ ہو جائے تو " اشھدان لاالٰہ الا اللّٰہ واشھدان محمدا عبدہ ورسولہ " مکرر پڑھتا رہے۔

## بعد میں جماعت میں شریک ہونے والا امام کے ساتھ سجدہ سہو کرے

س..... اگر کوئی شخص آخر نماز جماعت میں شریک ہونے آیا اسی حالت میں اس شخص نے ارادہ قعدہ کیا تھا اس کے بیٹھنے کے امام نے سجدہ سہو کیا آیا اس شخص کو کیا حکم ہے امام کے ساتھ سجدہ سہو کرے یا نہ؟ اگر نہ کرے تو اس کی نماز ہوگی یا نہ ہوگی؟

ج..... اس شخص پر سجدہ سہو میں امام کے ساتھ شرکت واجب ہے۔ اگر شریک نہیں ہوا تو گنہگار ہوگا۔ کیونکہ مسئلہ یہ ہے کہ امام جس حال میں ہو مسبوق کو اسی حال میں شامل ہو جانا چاہئے۔ امام

بعض اوقات قعدہ یا سجدہ میں ہوتا ہے تو لوگ اس کے اٹھنے کے انتظار میں کھڑے رہتے ہیں تاکہ قیام میں آئے تو ہم شریک ہوں یہ غلط ہے۔

## مسبوق امام کی متابعت میں سجدہ سہو کس طرح کرے؟

س..... اگر امام نے سجدہ سہو کیا تو مسبوق بھی سجدہ تو کرے گا لیکن امام کی متابعت میں سلام بھی پھیرے یا صرف سجدہ سہو ہی کرے؟

ج..... مسبوق امام کی متابعت میں سجدہ سہو تو ضرور کرے مگر سلام نہ پھیرے بلکہ سلام پھیرے بغیر امام کے ساتھ سجدہ سہو کرلے۔

## مسبوق اگر امام کے ساتھ سلام پھیر دے تو باقی نماز کس طرح پڑھے؟

س..... اگر چار فرض کی جماعت ہو رہی ہو اور کوئی شخص دو رکعت کے بعد جماعت میں شامل ہو اور بھول کر امام کے ساتھ سلام پھیر لے تو اسے کیا کرنا چاہئے؟ دوبارہ چار فرض پڑھے یا دو فرض پڑھ کر سجدہ سہو کرے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ امام کے پیچھے سجدہ سہو کرنا جائز نہیں۔ اور کچھ کہتے ہیں کہ اٹھ کر دو رکعتیں ادا کر کے سجدہ سہو کرلے اگر بغیر جماعت کے بھول جائے تو بھی کیا کرے؟

ج..... اگر امام کے ساتھ ہی سلام پھیر دیا تھا تو اٹھ کر نماز پوری کرلے۔ سجدہ سہو کی ضرورت نہیں اور اگر امام کے فارغ ہونے کے بعد سلام پھیرا تو نماز پوری کر کے آخر میں سجدہ سہو کرے۔

## مسبوق کب کھڑا ہو؟

س..... اگر جماعت میں پہلی دوسری یا تیسری رکعت چھوٹ جائے تو کب کھڑے ہونا چاہئے؟ جب امام ایک طرف سلام پھیرلے یا دونوں طرف سلام پھیر لینے کے بعد؟

ج..... جب امام دوسری طرف کا سلام شروع کرے تو مسبوق کھڑا ہو جائے۔ ایک طرف سلام پھیرنے پر کھڑا نہ ہو کیونکہ ہو سکتا ہے کہ امام کے ذمہ سجدہ سہو ہو۔

# نمازی کے سامنے سے گزرنا

## انجانے میں نمازی کے سامنے سے گزرنا

س..... اگر کوئی نماز پڑھ رہا ہو اور دوسرا کوئی اس کے آگے سے انجانے میں گزر جائے تو کیا نماز ٹوٹ جائے گی؟ اور کیا آگے سے نکلنے والے کو گناہ ہوتا ہے؟

ج..... نمازی کے آگے سے گزرنا گناہ ہے مگر اس سے نماز نہیں ٹوٹتی اور اگر کوئی بے خیالی میں گزر گیا تو معذور ہے۔

## نمازی کے بالکل سامنے سے اٹھ کر جانا

س..... نماز پڑھتے ہوئے شخص کے سامنے سے کتنا فاصلہ رکھ کر گزرا جاسکتا ہے۔ اگر کوئی شخص نماز سے فارغ ہوتا ہے اور اس کی پچھلی صف میں ٹھیک اس کے پیچھے کوئی شخص نماز پڑھ رہا ہے تو کیا وہ شخص اپنی جگہ سے اٹھ کر جاسکتا ہے؟ اور اگر نہیں جاسکتا ہے تو یہ پابندی کتنی صفوں تک برقرار رہتی ہے؟

ج..... اگر کوئی شخص میدان میں یا بڑی مسجد میں نماز پڑھ رہا ہو تو دو تین صفوں کی جگہ چھوڑ کر اس کے آگے سے گزرنے کی گنجائش ہے اور چھوٹی مسجد میں مطلقاً گنجائش نہیں جو شخص نمازی کے بالکل سامنے بیٹھا ہو اس کو اٹھ کر جانے کی اجازت ہے۔

## کیا سجدہ کی حالت میں نمازی کے سامنے سے گزرنا جائز ہے؟

س..... گزشتہ دنوں ظہر کی نماز کے وقت ایک نمازی دوسرے نمازی کے آگے سے (بحالت نماز) گزرا۔ منع کرنے پر موصوف نے فرمایا کہ میں اس وقت گزرا ہوں جب کہ مذکورہ نمازی سجدے کی حالت میں تھا اور سجدے کی حالت میں نمازی کے سامنے سے گزرنا جائز ہے۔ نمازی کے آگے سے

گزرنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ سجدے کی حالت میں نمازی کے آگے سے گزرا جاسکتا ہے؟
ج..... جس طرح قیام کی حالت میں نمازی کے آگے سے گزرنا منع ہے اسی طرح سجدے کی حالت میں بھی گزرنا منع ہے دونوں کے درمیان کوئی فرق نہیں۔

## ان صورتوں میں کون گنہگار ہوگا نمازی یا سامنے سے گزرنے والا

س..... کچھ لوگ ایسی جگہ نماز کیلئے کھڑے ہو جاتے ہیں جو گزر گاہ ہو۔ ایسی حالت میں اگر کسی نمازی کے آگے سے کوئی آدمی گزر جائے تو کون گنہگار ہے گزرنے والا؟ یا نمازی جو زبردستی دوسروں کا راستہ مسدود کرتا ہے؟
ج..... فقہا نے اس کی تین صورتیں لکھی ہیں۔
(۱)..... اگر نمازی کے لئے کسی اور جگہ نماز پڑھنے کی گنجائش نہ ہو اور گزرنے والوں کیلئے دوسری جگہ سے گزرنے کی گنجائش ہے تو گزرنے والا گنہگار ہوگا۔
(۲)..... دوسری اس کے برعکس کہ نمازی کے لئے دوسری جگہ گنجائش تھی مگر گزرنے والے کیلئے اور کوئی راستہ نہیں تو اس صورت میں نمازی گنہگار ہوگا۔
(۳)..... دونوں کیلئے گنجائش ہو، نمازی کیلئے دوسری جگہ نماز پڑھنے کی اور گزرنے والے کیلئے کسی اور طرف سے نکلنے کی اس صورت میں دونوں گنہگار ہوں گے۔ بہرحال اس میں نمازیوں کو بھی احتیاط کرنی چاہئے اور گزرنے والوں کو بھی۔

## نمازی کے آگے سے گزرنے والے کو روکنا

س..... اگر کوئی نمازی کے آگے سے گزر جائے تو کیا حالت نماز میں مزاحمت کرنا جائز ہے؟
ج..... ہاتھ کے اشارے سے روک دے اگر وہ باز نہ آئے تو جانے دے۔ وہ خود گنہگار ہوگا۔

## چھوٹا بچہ اگر سامنے سے گزر جائے تو نماز فاسد نہیں ہوتی

س..... گزشتہ جمعہ کی نماز پڑھنے کی غرض سے مسجد جانے لگا تو میرا چھوٹا بچہ جس کی عمر تقریباً پونے تین سال ہے زبردستی شامل ہو گیا اسے پچھلی صف میں بٹھا دیا۔ مگر جب نماز شروع ہوئی اور امام صاحب نے قرات شروع کی تو اس بچے نے صفوں کے درمیان چلنا شروع کر دیا جس سے نمازیوں کی نماز میں خلل واقع ہوا۔ آپ سے دریافت یہ کرنا چاہوں گا کہ کیا ان نمازیوں کی نماز خراب یا فاسد ہو گئی جن کے سامنے سے بچہ گزرا تھا؟

ج...... اتنے چھوٹے بچوں کو مسجد میں نہیں لے جانا چاہئے' حدیث شریف میں چھوٹے بچوں کو مسجد میں لے جانے کی ممانعت آئی ہے۔ مگر اس کے گزرنے سے کسی کی نماز فاسد نہیں ہوتی۔ البتہ بچے کے اس طرح گھومنے پھرنے سے نمازیوں کی توجہ ضرور ہٹ جاتی ہے۔

## بچوں کا نمازی کے آگے سے گزرنا

س...... میرے چھوٹے بچے جن کی زیادہ عمر ۲ سال ہے دوران نماز سامنے سے گزرتے ہیں اور میرے سامنے کھیلتے رہتے ہیں اگرچہ میں اپنے سامنے دوران نماز کوئی چھوٹی میز یا لوٹا رکھ لیتی ہوں کیا بچوں کا سامنے سے گزر جانا طرفین کا گناہ تو نہیں؟

ج...... کوئی گناہ نہیں' البتہ بچے سمجھدار ہوں تو ان کو سمجھایا جائے کہ نمازی کے آگے سے گزرنا بہت بری بات ہے۔

## بلی وغیرہ کا نمازی کے سامنے آجانا

س...... اگر کسی وقت نماز پڑھتے ہوئے کوئی جاندار شے مثال کے طور پر بلی وغیرہ جائے نماز کے سامنے آجائے تو کیا کرنا چاہئے' اور ان چیزوں کو ہٹانے سے نیت تو نہیں ٹوٹتی؟ اگر ٹوٹ جائے تو کیا دوبارہ نماز پڑھنی چاہئے؟

ج...... بلی وغیرہ کو ہٹانے کی ضرورت نہیں۔ نہ اس کے سامنے آنے سے نماز میں کوئی خلل آتا ہے اور اگر ہاتھ کے اشارے سے بلی کو ہٹا دیا تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔

## طواف کرنے والے کا نمازی کے سامنے سے گزرنا جائز ہے

س...... نمازی کے سامنے سے گزر جانے میں کیا حرج ہے؟ جبکہ خانہ کعبہ میں طواف کرنے والے ہر وقت نماز پڑھنے والوں کے سامنے سے گزرتے رہتے ہیں؟

ج...... نمازی کے آگے سے گزرنا جائز نہیں۔ طواف کی حالت اس سے مستثنیٰ ہے کیونکہ طواف بھی نماز کے حکم میں ہے اس لئے طواف کرنے والا نمازی کے آگے سے گزر سکتا ہے۔

# عورتوں کی نماز کے چند مسائل

## عورت پر نماز کب فرض ہوتی ہے؟

س...... کتنی عمر میں عورت پر نماز فرض ہوتی ہے؟
ج......جوان ہونے کا وقت معلوم ہو تو اس وقت سے نماز فرض ہے۔ ورنہ عورت پر نو سال پورے ہونے پر دسویں سال سے نماز فرض سمجھی جائے گی۔

## عورت کو نماز میں کتنا جسم ڈھانپنا ضروری ہے؟

س......اکثر لوگ کہتے ہیں کہ عورت کیلئے ضروری ہے کہ وہ نماز کے وقت ضروری پوشیدہ کپڑا (سینہ بند) ضرور پہنے کہ اس کے بغیر نماز نہیں ہوتی وجہ یہ بتاتے ہیں کہ یہ کپڑا یعنی سینہ بند کفن میں بھی شامل ہے جبکہ اکثر جگہوں پر لکھا ہوا ہے کہ ہاتھ پاؤں اور چہرے کے علاوہ تمام جسم ڈھکا ہوا ہونا چاہئے اب آپ فرمایئے کہ کون سی بات درست ہے اور آیا سینہ بند نماز کے وقت ضروری ہے؟
ج...... عورت کو نماز میں ہاتھ پاؤں اور چہرے کے علاوہ باقی سارا بدن ڈھکنا ضروری ہے۔ سینہ بند ضروری نہیں۔ جن لوگوں نے سینہ بند کو ضروری کہا انہوں نے غلط کہا۔

## ایسے باریک کپڑوں میں جن سے بدن جھلکے، نماز نہیں ہوتی

س...... ہم گرمیوں میں لون اور وائل کے باریک کپڑے پہنتے ہیں اور اسی حال میں نماز بھی پڑھتے ہیں تو کیا ہماری نماز قبول ہو جاتی ہوگی؟ کیونکہ ہماری ایک عزیزہ نے بتایا تھا کہ ان کپڑوں میں نماز قبول نہیں ہوتی کیونکہ ان میں سے جسم جھلکتا ہے
ج......جو کپڑے ایسے باریک ہوں کہ ان کے اندر سے بدن نظر آئے ان سے نماز نہیں ہوتی۔ نماز کیلئے دوپٹہ موٹا استعمال کرنا چاہئے۔

## عورت کا ننگے سر یا ننگے بازو کے ساتھ نماز پڑھنا

س...... بعض خواتین نماز کے دوران اپنے بال نہیں ڈھانکتیں۔ دوپٹہ انتہائی باریک استعمال کرتی ہیں یا پھر اتنا مختصر ہوتا ہے کہ کہنیوں سے اوپر بازو بھی ننگے ہوتے ہیں اور ستر پوشی بھی ٹھیک طرح سے ممکن نہیں ہوتی۔ ایسی خواتین سے جب کچھ کہا جائے تو وہ فرماتی ہیں کہ جب بندوں سے پردہ نہیں تو اللہ سے کیا؟ آپ کے خیال سے کیا ایسے نماز ہو جاتی ہے اور اگر ہوتی ہے تو کیسی؟

ج...... چہرہ، دونوں ہاتھ گٹوں تک اور دونوں پاؤں ٹخنوں تک، ان تین اعضاء کے علاوہ نماز میں پورا بدن ڈھکنا عورت کیلئے نماز کے صحیح ہونے کی شرط ہے۔ اس کے بغیر نماز نہیں ہوگی۔ خواتین کا یہ کہنا کہ "جب بندوں سے پردہ نہیں تو خدا سے کیا پردہ" ؟ بالکل غلط منطق ہے۔ اللہ تعالیٰ سے تو کپڑے پہننے کے باوجود آدمی چھپ نہیں سکتا، تو کیا پورے کپڑے اتار کر نماز پڑھنے کی اجازت دے دی جائے گی؟ پھر بندوں سے پردہ نہ کرنا ایک مستقل گناہ ہے، جو عورت اس گناہ میں مبتلا ہو اس کیلئے یہ کیسے جائز ہو گیا کہ وہ نماز میں بھی ستر نہ ڈھانکے؟ الغرض عورتوں کا یہ شبہ، شیطان نے ان کی نمازیں غارت کرنے کیلئے ایجاد کیا ہے۔

## بچہ اگر ماں کا سر درمیان نماز ننگا کر دے تو کیا نماز ہو جائے گی؟

س...... چھ ماہ سے لے کر تین سال کی عمر کے بچے کی ماں نماز پڑھ رہی ہے۔ بچہ ماں کے سجدے کی جگہ لیٹ جاتا ہے جب ماں سجدے میں جاتی ہے تو بچہ ماں کے اوپر پیٹھ پر بیٹھ جاتا ہے اور سر سے دوپٹہ اتار دیتا ہے اور بالوں کو بھی بکھیر دیتا ہے۔ کیا اس حالت میں ماں کی نماز ہو جاتی ہے؟

ج...... نماز کے دوران سر کھل جائے اور تین بار سبحان اللہ کہنے کی مقدار تک کھلا رہے تو نماز ٹوٹ جائے گی۔ اور اگر سر کھلتے ہی فوراً ڈھک لیا تو نماز ہو گئی۔

## ساڑی باندھ کر نماز پڑھنا

س...... وہ عورتیں جو اکثر ساڑی باندھتی ہیں کیا وہ کھڑے ہو کر نماز نہیں پڑھ سکتیں؟

ج...... ان کو کھڑے ہو کر نماز پڑھنا فرض ہے۔ اور لباس ایسا پہنیں جس میں بدن نہ کھلتا ہو بیٹھ کر ان کی نماز نہ ہوگی۔ اگر بدن پورا ڈھکا ہوا ہو تو نماز ساڑی میں بھی ہو جائے گی مگر ساڑی خود ناپسندیدہ لباس ہے۔

## کیا ساڑی پہننے والی عورت بیٹھ کر نماز پڑھ سکتی ہے؟

س...... ساڑی پہننے والی بعض مستورات کا کہنا ہے کہ "چونکہ ہم ساڑی پہنتے ہیں اس لئے ہم فرض اور

سنت نمازیں بیٹھ کر بھی پڑھ سکتے ہیں" کیا ان کا یہ عمل درست ہے یا نہیں؟ جبکہ وہ ضعیف العمر نہیں نہ ہی بیماری یا معذوری ہے

ج..... نفل نماز تو بیٹھ کر پڑھنے کی اجازت ہے۔ گو بیٹھ کر پڑھنے کا آدھا ثواب ملے گا لیکن فرض نماز بیٹھ کر نہیں ہوتی کیونکہ قیام نماز کا رکن ہے مردوں کیلئے بھی اور عورتوں کیلئے بھی۔ اور اصول یہ ہے کہ نماز کا رکن فوت ہو جائے تو نماز نہیں ہوتی لہٰذا جو عورتیں فرض نماز بغیر معذوری کے بیٹھ کر پڑھتی ہیں ان کی نماز نہیں ہوتی ہاں! جسم کا صحیح طریقہ سے ڈھانکنا ضروری شرط ہے چاہے ساڑی ہو چاہے شلوار پاجامہ۔

## نماز میں سینے پر دوپٹہ ہونا اور بانہوں کا چھپانا لازمی ہے

س..... کیا نماز پڑھتے وقت سینے پر دوپٹے کا ہونا اور ہاتھ دوپٹے کے اندر چھپانا لازمی ہے؟

ج..... پہنچوں تک ہاتھ کھلے ہوں تو مضائقہ نہیں' سینے پر اوڑھنی ہونی چاہئے۔

## سجدہ میں دوپٹہ نیچے آجائے تو بھی نماز ہو جاتی ہے

س..... میرا مسئلہ یہ ہے کہ جب میں نماز پڑھتی ہوں تو نماز پڑھتے ہوئے اگر دوپٹہ سجدہ کی جگہ آجائے تو کیا سجدہ ہو سکتا ہے؟ اکثر ایسا ہو جاتا ہے کہ دوپٹہ کے اوپر ہی سجدہ ہو جاتا ہے۔

ج..... کوئی حرج نہیں' نماز صحیح ہے۔

## خواتین کیلئے اذان کا انتظار ضروری نہیں

س..... کیا خواتین گھر پر نماز کا وقت ہو جانے پر اذان سنے بغیر نماز پڑھ سکتی ہیں یا اذان کا انتظار کرنا ضروری ہے؟

ج..... وقت ہو جانے کے بعد خواتین کے لئے اول وقت میں نماز پڑھنا افضل ہے۔ ان کو اذان کا انتظار ضروری نہیں۔ البتہ اگر وقت کا پتہ نہ چلے تو اذان کا انتظار کریں۔

## عورتوں کا چھت پر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

س..... عورتوں یا لڑکیوں کو چھت پر نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

ج..... اگر باپردہ جگہ ہو تو جائز ہے مگر گھر میں ان کی نماز افضل ہے۔

## بیوی شوہر کی اقتدا میں نماز پڑھ سکتی ہے

س...... عورت تو مسجد نہیں جا سکتی مگر عورت اپنے شوہر کے پیچھے با جماعت نماز پڑھ سکتی ہے یا نہیں؟ جبکہ خاوند کے علاوہ غیر کوئی مرد نہ ہو صرف زوجین ہوں؟

ج...... بیوی شوہر کی اقتدا میں نماز پڑھ سکتی ہے مگر برابر کھڑی نہ ہو بلکہ پیچھے کھڑی ہو۔

## گھر میں عورت کا نماز تراویح با جماعت پڑھنا

س...... کیا عورت با جماعت نماز نہیں پڑھ سکتی؟ جبکہ گھر میں تراویح کی جماعت ہو رہی ہو اور صرف گھر کے آدمی نماز ادا کر رہے ہوں اور اگر ادا کر سکتی ہے تو کیا امام کو عورت کی نیت کرنی پڑے گی؟

ج...... اگر گھر میں جماعت کا اہتمام ہو سکے تو بہت ہی اچھی بات ہے۔ گھر کی مستورات بھی اس جماعت میں شریک ہو جائیں مگر مرد لوگ فرض نماز مسجد میں پڑھ کر آیا کریں امام کو عورت کی نیت ضروری ہے۔

## عورت عورتوں کی امامت کر سکتی ہے مگر مکروہ ہے

س...... اسلام میں عورت بھی امامت کے فرائض انجام دے سکتی ہے یا نہیں؟ قرآن و سنت کی روشنی میں جواب دیں۔

ج...... عورت مردوں کی امامت تو نہیں کر سکتی اگر عورتوں کی امامت کرے تو یہ مکروہ ہے۔

## عورتوں کا کسی گھر میں جمع ہو کر نماز با جماعت ادا کرنا بدترین بدعت ہے

س...... ہمارے محلے میں کوئی دس پندرہ گھر ہیں۔ جمعہ کے روز سب عورتیں ہمارے گھر میں نماز پڑھتی ہیں ان میں سے ایک خاتون اونچی آواز میں نماز پڑھتی ہیں اور باقی خواتین ان کے پیچھے۔ کیا یہ طریقہ ٹھیک ہے؟ جو خاتون نماز پڑھاتی ہیں ان کے ہاتھ اور پاؤں پر نیل پالش لگی ہوتی ہے اور کچھ خواتین آدھی آستین کی قمیص پہن کر آتی ہیں' ان کے متعلق اسلام کی رو سے بتائیے کہ اس طرح نماز پڑھی جا سکتی ہے یا نہیں؟

ج...... سوال میں یہ ذکر نہیں کیا گیا کہ یہ عورتیں جو نماز پڑھتی ہیں آیا وہ جمعہ کی نماز پڑھتی ہیں یا نفل نماز؟ اگر وہ اپنے خیال میں جمعہ کی نماز پڑھتی ہیں تو ان کی جمعہ کی نماز نہیں ہوتی کیونکہ جمعہ کی نماز میں امام کا مرد ہونا شرط ہے لہٰذا ان کی جمعہ کی نماز نہ ہوئی۔ (یہ نماز نفلی ہوئی جس کا ذکر آگے آتا ہے) اور

ظہر کی نماز ان کے ذمہ رہ گئی۔ اور اگر وہ نفلی نماز پڑھتی ہیں تو عورتوں کا جمع ہو کر اس طرح نفل نماز جماعت کے ساتھ ادا کرنا بدترین بدعت ہے اور متعدد غلطیوں کا مجموعہ ہے جس کی وجہ سے وہ سخت گنہگار ہیں۔ اور نیل پالش اور آدھی آستین والی عورتوں کی تو انفرادی نماز بھی نہیں ہوتی۔

## عورتوں کو اذان سے کتنی دیر بعد نماز پڑھنی چاہئے؟

س...... عورتوں کو اذان سے کتنی دیر بعد نماز نماز پڑھنی چاہئے؟ کیونکہ عام طور پر سننے میں آیا ہے کہ پہلے مرد نماز پڑھ کر گھر آجائیں تو اس کے بعد عورتوں کو پڑھنی چاہئے؟

ج...... فجر کی نماز تو عورتوں کو اول وقت میں پڑھنا افضل ہے اور دوسری نمازیں مسجد کی جماعت کے بعد پڑھنا افضل ہے۔

## عورتیں جمعہ کے دن نماز کس اذان کے بعد پڑھیں؟

س...... جمعہ کی نماز میں دو اذانیں ہوتی ہیں اور چونکہ جمعہ کی نماز عورتوں پر فرض نہیں کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ عورتوں کو پہلی اذان پر ظہر کی نماز ادا نہیں کرنی چاہئے بلکہ جب مسجدوں میں نماز ختم ہو جائے تو وہ ظہر کی نماز ادا کریں آپ ہمیں اس کا شرعی طور پر حل ضرور بتائیں؟

ج...... عورتوں پر ایسی کوئی پابندی نہیں، وقت ہونے کے بعد وہ نماز ظہر پڑھ سکتی ہیں۔

## عورت جمعہ کی کتنی رکعات پڑھے؟

س...... یہ بتادیجئے کہ عورتوں کیلئے جمعہ کی نماز میں کتنی رکعتیں ہوتی ہیں؟

ج...... عورت اگر مسجد میں جماعت کے ساتھ جمعہ پڑھے تو اس کیلئے بھی اتنی ہی رکعتیں ہیں جتنی مردوں کے لئے۔ یعنی پہلے چار سنتیں، پھر دو فرض، پھر چار سنتیں موکدہ، پھر دو سنتیں غیر مؤکدہ۔ عورتوں پر جمعہ فرض نہیں اس لئے اگر وہ اپنے گھر پر نماز پڑھیں تو عام دنوں کی طرح ظہر کی نماز پڑھیں۔

## عورتوں کی جمعہ اور عیدین میں شرکت

س...... بعض حضرات اس پر زور دیتے ہیں کہ عورتوں کو جمعہ، جماعت اور عیدین میں ضرور شریک کرنا چاہئے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں جمعہ، جماعت اور عیدین میں عورتوں کی شرکت ہوتی تھی۔ بعد میں کون سی شریعت نازل ہوئی کہ عورتوں کو مساجد سے روک دیا گیا؟

ج...... جمعہ، جماعت اور عیدین کی نماز عورتوں کے ذمہ نہیں ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علی وسلم کا

بابرکت زمانہ چونکہ شروفساد سے خالی تھا۔ ادھر عورتوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے احکام سیکھنے کی ضرورت تھی اس لئے عورتوں کو مساجد میں حاضری کی اجازت تھی اور اس میں بھی یہ قیود تھیں کہ باپردہ جائیں، میلی کچیلی جائیں، زینت نہ لگائیں، اس کے باوجود عورتوں کو ترغیب دی جاتی تھی کہ وہ اپنے گھروں میں نماز پڑھیں۔

چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

لا تمنعوا نساء کم المساجد و بیوتھن خیر لھن

(رواہ ابو داؤد و مشکوٰۃ ص ۹۶)

اپنی عورتوں کو مسجدوں سے نہ روکو اور ان کے گھر ان کیلئے زیادہ بہتر ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

صلوٰۃ المرأۃ فی بیتھا افضل من صلوٰتھا فی حجرتھا، وصلوٰتھا فی مخدعھا افضل من صلوٰتھا فی بیتھا

(رواہ ابو داؤد و مشکوٰۃ ص ۹۶)

عورت کا اپنے کمرے میں نماز پڑھنا اپنی گھر کی چار دیواری میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور اس کا پچھلے کمرے میں نماز پڑھنا اگلے کمرے میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔

مسند احمد میں حضرت ام حمید ساعدیہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں آپ کے ساتھ نماز پڑھنا پسند کرتی ہوں

آپ نے فرمایا

قد علمت انک تحبین الصلوۃ معی وصلاتک فی بیتک خیرلک من صلاتک فی حجرتک وصلاتک فی حجرتک خیر من صلاتک فی دارک وصلاتک فی دارک خیرلک من مسجد قومک وصلاتک فی مسجد قومک خیرلک من صلاتک فی مسجدی قال فامرت فبنی لھا مسجد فی اقصی شی من بیتھا واظلمہ فکانت تصلی فیہ حتی لقیت اللّٰہ عزوجل۔

(مسند احمد ص ۳۷۱۔ ج ۱۔ وقال الھیثمی ورجالہ رجال الصحیح غیر عبداللہ بن سوید الانصاری، وثقہ ابن حبان۔ مجمع الزوائد ص ۳۴۔ ج ۲۔)

ترجمہ .... "مجھے معلوم ہے کہ تم کو میرے ساتھ نماز پڑھنا محبوب ہے مگر تمہارا اپنے گھر کے کمرے میں نماز پڑھنا گھر کے صحن میں نماز پڑھنے سے

بہتر ہے۔ اور گھر کے صحن میں نماز پڑھنا گھر کے احاطے میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔ اور احاطے میں نماز پڑھنا اپنے محلہ کی مسجد میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔ اور اپنے محلّہ کی مسجد میں نماز پڑھنا میری مسجد میں (میرے ساتھ) نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔

راوی کہتے ہیں کہ حضرت ام حمید رضی اللہ عنہا نے یہ ارشاد سن کر اپنے گھر کے لوگوں کو حکم دیا کہ گھر کے سب سے دور اور تاریک ترین کونے میں ان کیلئے نماز کی جگہ بنادی جائے۔ چنانچہ ان کی ہدایت کے مطابق جگہ بنادی گئی وہ اسی جگہ نماز پڑھا کرتی تھیں۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ سے جاملیں۔

ان احادیث میں عورتوں کے مساجد میں آنے کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا منشائے مبارک بھی معلوم ہوجاتا ہے اور حضرات صحابہ وصحابیات رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ذوق بھی۔

یہ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دور سعادت کی بات تھی۔ لیکن بعد میں جب عورتوں نے ان قیود میں کوتاہی شروع کر دی جن کے ساتھ ان کو مساجد میں جانے کی اجازت دی گئی تو فقہائے امت نے ان کے جانے کو مکروہ قرار دیا۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ارشاد ہے

لو ادرک رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ما احدث النساء لمنعھن المسجد کما منعت نساء بنی اسرائیل۔

(صحیح بخاری ص ۱۲۰۔ ج ا صحیح مسلم ص ۱۸۳۔ ج ا۔ موطا امام مالک ص ۱۸۴)

ترجمہ..... "عورتوں نے جو نئی روش اختراع کرلی ہے اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو دیکھ لیتے تو عورتوں کو مسجد سے روک دیتے جس طرح بنو اسرائیل کی عورتوں کو روک دیا گیا تھا۔"

حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا کا یہ ارشاد ان کے زمانہ کی عورتوں کے بارے میں ہے اسی سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ ہمارے زمانہ کی عورتوں کا کیا حال ہوگا؟

خلاصہ یہ کہ شریعت نہیں بدلی۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی کو شریعت کے بدلنے کا اختیار نہیں لیکن جن قیود و شرائط کو ملحوظ رکھتے ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو مساجد میں جانے کی اجازت دی جب عورتوں نے ان قیود و شرائط کو ملحوظ نہیں رکھا تو اجازت بھی باقی نہیں رہے گی۔ اس بنا پر فقہائے امت نے جو در حقیقت حکمائے امت ہیں' عورتوں کی مساجد میں حاضری کو مکروہ قرار دیا' گویا یہ چیز اپنی اصل کے اعتبار سے جائز ہے مگر کسی عارضہ کی وجہ سے ممنوع

ہو گئی ہے۔ اور اس کی مثال ایسی ہے کہ وبا کے زمانے میں کوئی طبیب امرود کھانے سے منع کر دے اب اس کے یہ معنی نہیں کہ اس نے شریعت کے حلال و حرام کو تبدیل کر دیا' بلکہ یہ مطلب ہے کہ ایک چیز جو جائز و حلال ہے وہ ایک خاص موسم اور ماحول کے لحاظ سے مضر صحت ہے اسی لئے اس سے منع کیا جاتا ہے۔

## عورت خاص ایام میں نماز کے بجائے ذکر و تسبیح کرے

س..... نماز پڑھنا سب مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے ہم بہت سی لڑکیاں آفس وغیرہ میں کام کرتی ہیں ظہر کی نماز کا وقت آفس کے کام کے دوران ہی ہوتا ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ پاکیزگی کے دوران تو ہم نماز پڑھ لیتے ہیں' مگر ناغہ کے دنوں میں کیا کریں؟ ایک جاننے والی نے بتایا کہ تب بھی نماز پڑھ لیا کروں (یعنی اسی طرح جائے نماز پر بیٹھ کر ۱۲ رکعتیں پڑھ لیا کروں) میں الجھن میں ہوں' کیا ناغہ کے دنوں میں نماز (ظہر) کی نہ پڑھوں یا پھر جاننے والی کے کہنے پر عمل کروں؟ (اصل میں آفس بہت چھوٹا ہے اور علیحدگی میں جہاں کمرہ بند کر کے بندہ بیٹھ جائے' نماز پڑھنے کی جگہ نہیں)

ج..... عورت کو "خاص ایام" میں نماز پڑھنے کی اجازت نہیں' اس لئے اس خاتون نے آپ کو جو مسئلہ بتایا وہ قطعاً غلط ہے۔ لیکن خاص ایام میں عورت کیلئے یہ بہتر ہے کہ نماز کے وقت وضو کر کے مصلی پر بیٹھ کر کچھ ذکر تسبیح کر لیا کرے۔

## خواتین کی نماز کی مکمل تشریح

س..... خواتین کی نماز کے بارے میں تفصیل سے بیان کریں' خاص طور سے سجدے کی حالت کیا ہوگی؟

ج..... عورتوں کی نماز بھی مردوں ہی کی طرح ہے البتہ چند امور میں ان کی نسوانیت اور ستر کے پیش نظر ان کیلئے مردوں سے الگ حکم ہے' ذیل میں قیام' رکوع' سجود اور قعدہ کے عنوانات سے ان کے مخصوص مسائل کا ذکر کرتا ہوں۔

### قیام

۱..... عورتوں کو قیام میں دونوں پاؤں ملے ہوئے رکھنے چاہئیں یعنی ان میں فاصلہ نہ رکھیں۔ اسی طرح رکوع اور سجدہ میں بھی ٹخنے ملائے رکھیں۔ (جبکہ مردوں کے لئے یہ حکم ہے کہ قیام میں ان کے قدموں کے درمیان چار پانچ انگلیوں کا فاصلہ رہنا چاہئے)

۲..... عورتوں کو خواہ سردی وغیرہ کا عذر ہو یا نہ ہو' ہر حال میں چادر یا دوپٹہ وغیرہ کے اندر ہی سے ہاتھ

اٹھانے چاہئیں' باہر نہیں نکالنے چاہئیں۔ (جبکہ مردوں کے لئے حکم یہ ہے کہ اگر انہوں نے چادر اوڑھ رکھی ہو تو تکبیر تحریمہ کے وقت چادر سے باہر نکال کر ہاتھ اٹھائیں)

۳...... عورتوں کو صرف کندھوں تک ہاتھ اٹھانے چاہئیں۔ (جبکہ مردوں کو اتنے اٹھانے چاہئیں کہ انگوٹھے' کانوں کی لو کے برابر ہو جائیں' بلکہ کانوں کی لو کو لگ جائیں)

۴...... عورتوں کو تکبیر تحریمہ کے بعد سینے پر ہاتھ باندھنے چاہئیں (جبکہ مردوں کو ناف کے نیچے)

۵...... عورتیں ہاتھ باندھتے وقت صرف اپنی داہنی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پشت پر رکھ لیں۔ حلقہ بنانا اور بائیں کلائی کو پکڑنا نہ چاہئے۔ (جبکہ مردوں کے لئے یہ حکم ہے کہ دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کا حلقہ بنا کر بائیں ہاتھ کو گٹے سے پکڑلیں اور درمیان کی تین انگلیاں کلائی پر سیدھی رکھیں)

## رکوع

۱...... رکوع میں عورتوں کو زیادہ جھکنا نہیں چاہئے' بلکہ صرف اس قدر جھکیں کہ ان کے ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں۔ (جبکہ مردوں کو یہ حکم ہے کہ اس قدر جھکیں کہ کمر بالکل سیدھی ہو جائے اور سر اور سرین برابر ہو جائیں)

۲...... عورتوں کو رکوع میں دونوں ہاتھوں کی انگلیاں کشادہ کئے بغیر (بلکہ ملا کر) رکھنی چاہئیں (جبکہ مردوں کے لئے حکم یہ ہے کہ رکوع میں ہاتھوں کی انگلیاں کشادہ رکھیں)

۳...... عورتیں رکوع میں ہاتھوں کو گھٹنوں پر رکھیں مگر زیادہ زور نہ دیں۔ (جبکہ مردوں کے لئے حکم ہے کہ ہاتھوں کا گھٹنوں پر خوب زور دے کر رکوع کریں)

۴...... رکوع میں عورتیں ہاتھوں کو گھٹنے پر رکھ لیں' مگر گھٹنے کو پکڑے نہ رہیں (جبکہ مردوں کو حکم ہے کہ انگلیوں سے گھٹنوں کو مضبوط پکڑلیں)

۵...... رکوع میں عورتوں کو اپنی کہنیاں اپنے پہلوؤں سے ملی ہوئی رکھنی چاہئیں۔ یعنی سمٹی ہوئی رہیں۔ (جبکہ مردوں کو حکم ہے کہ کہنیوں کو پہلوؤں سے الگ رکھیں۔)

## سجدہ

۱...... سجدہ میں عورتوں کو کہنیاں زمین پر بچھی ہوئی رکھنی چاہئیں۔ (جبکہ مردوں کو کہنیاں زمین پر بچھانا مکروہ ہے۔)

۲...... عورتوں کو سجدہ میں دونوں پیر انگلیوں کے بل پر کھڑے نہیں رکھنے چاہئیں' بلکہ دونوں پیر داہنی طرف نکال کر کولہوں پر بیٹھیں اور خوب سمٹ کر اور دب کر سجدہ کریں۔ سرین اٹھائے ہوئے نہ رکھیں۔ (جبکہ مردوں کو چاہئے کہ سجدہ میں دونوں پاؤں انگلیوں کے بل کھڑے رکھیں۔ اور سرین اوپر سے اٹھائے رکھیں)

۳...... سجدہ میں عورتوں کا پیٹ رانوں سے ملا ہوا ہونا چاہئے اور بازو پہلوؤں سے ملے ہوئے ہونے

چاہئیں۔ غرضیکہ خوب سمٹ کر سجدہ کریں۔ (جبکہ مردوں کا پیٹ رانوں سے اور بازو پہلوؤں سے الگ رہنے چاہئیں)

قعدہ

۱...... التحیات میں بیٹھتے وقت مردوں کے برخلاف عورتوں کو دونوں پیر داہنی طرف نکال کر بائیں سرین پر بیٹھنا چاہئے۔ یعنی سرین زمین پر رہے' پیر نہ رکھیں۔ (جبکہ مردوں کے لئے حکم ہے کہ قعدہ میں اپنا داہنا پاؤں کھڑا رکھیں۔ اور بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھ جائیں)

۲...... عورتیں قعدہ میں ہاتھوں کی انگلیاں ملی ہوئی رکھیں (جبکہ مردوں کو چاہئے کہ ان کو اپنے حال پر چھوڑ دیں۔ نہ کھلی رکھیں نہ ملائیں)

# عورتوں کی نماز کے دیگر مسائل

۱...... جب کوئی بات نماز میں پیش آئے۔ مثلاً نماز پڑھتے ہوئے کوئی آگے سے گزرے اور اسے روکنا مقصود ہو تو عورت تالی بجائے جس کا طریقہ یہ ہے کہ دائیں ہاتھ کی انگلیوں کی پشت بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر مارے۔ (جبکہ مردوں کو ایسی ضرورت کیلئے "سبحان اللہ" کہنے کا حکم ہے مگر عورتیں "سبحان اللہ" نہ کہیں' بلکہ اوپر لکھے ہوئے طریقہ کے مطابق تالی بجائیں)

۲...... عورت' مردوں کی امامت نہ کرے

۳...... عورتیں اگر جماعت کرائیں تو جو عورت امام ہو وہ آگے بڑھ کر کھڑی نہ ہو بلکہ صف کے بیچ میں کھڑی ہو۔ (عورتوں کی تنہا جماعت مکروہ ہے)

۴...... فتنہ و فساد کی وجہ سے عورتوں کا مسجدوں میں جماعت میں حاضر ہونا مکروہ ہے۔

۵...... عورت اگر جماعت میں شریک ہو تو مردوں اور بچوں سے پچھلی صف پر کھڑی ہو۔

۶...... عورت پر جمعہ فرض نہیں۔ لیکن اگر جمعہ کی نماز میں شریک ہو جائے تو اس کا جمعہ ادا ہو جائے گا اور ظہر کی نماز ساقط ہو جائے گی۔

۷...... عورتوں کے ذمہ عیدین کی نماز واجب نہیں۔

۸...... عورتوں پر ایام تشریق یعنی فرض نمازوں کے بعد کی تکبیرات تشریق واجب نہیں۔ البتہ اگر کوئی عورت جماعت میں شریک ہوئی ہو تو امام کی متابعت میں اس پر بھی واجب ہے مگر بلند آواز سے تکبیر نہ کہے۔ کیونکہ اس کی آواز بھی ستر ہے۔

۹...... عورتوں کو فجر کی نماز جلدی اندھیرے میں پڑھنا مستحب ہے۔ اور تمام نمازیں اول وقت میں ادا کرنا مستحب ہے۔

۱۰...... عورتوں کو نماز میں بلند آواز سے قرات کرنے کی اجازت نہیں۔ نماز خواہ جہری ہو یا سری ' ان کو ہر حال میں آہستہ قرات کرنی چاہئے۔ بلکہ بعض فقہاء کے نزدیک چونکہ عورت کی آواز ستر ہے ' اس لئے اگر وہ بلند آواز سے قرات کرے گی تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

۱۱...... عورت اذان نہیں دے سکتی۔

۱۲...... عورت مسجد میں اعتکاف نہ کرے۔ بلکہ اپنے گھر میں اس جگہ ' جو نماز کے لئے مخصوص ہو ' اعتکاف کرے۔ اور اگر گھر میں کوئی جگہ نماز کے لئے مخصوص نہ ہو تو اعتکاف کے لئے کسی جگہ کو مقرر کر لے۔



# کن چیزوں سے نماز فاسد یا مکروہ ہو جاتی ہے

## غیر اسلامی لباس پہن کر نماز ادا کرنا

س..... غیر اسلامی طرز زندگی اختیار کرنے سے ہماری اللہ کے نزدیک کیا حیثیت رہ جاتی ہے؟ ایسی صورت میں ہماری نماز قبول ہوتی ہے، جب ہم غیر اسلامی لباس پہن کر نماز پڑھتے ہیں؟

ج..... نماز قبول ہونے کے دو مطلب ہیں۔ ایک فرضیت کا اتر جانا اور دوسرے نماز کے ان تمام انوار وبرکات کا نصیب ہونا جو اللہ تعالیٰ نے اس میں رکھے ہیں۔ جو شخص غیر اسلامی لباس پہن کر یا غیر شرعی امور کا ارتکاب کرتے ہوئے نماز پڑھتا ہو، فرض تو اس کا ادا ہو جائے گا، لیکن چونکہ عین نماز کی حالت میں بھی اس نے ایسی شکل وضع بنا رکھی ہے جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک ناپسندیدہ اور مبغوض ہے اس لئے اس کی نماز مکروہ ہے اور اس پر نماز کے ثمرات پورے طور پر مرتب نہیں ہوں گے۔

## ناپاک کپڑوں میں پڑھی ہوئی نماز دوبارہ پڑھی جائے

س..... نماز سے پہلے آدمی کو معلوم ہو کہ میرے کپڑے خراب ہیں لیکن وہ نماز کے وقت ہونے پر بھول جائے اور نماز پڑھ لے نماز میں یاد آنے پر یا بعد میں یاد آئے تو کیا اس کی نماز ہو گئی؟

ج..... اگر بدن یا کپڑے پر اتنی نجاست لگی ہو جو نماز سے مانع ہے تو نماز نہیں ہوگی۔ اگر بھولے سے نماز شروع کر دی اور نماز ہی میں یاد آگیا تو فوراً نماز کو چھوڑ دے اور نجاست کو دور کر کے دوبارہ نماز پڑھے۔ اور اگر نماز کے بعد یاد آیا تب بھی دوبارہ نماز پڑھے۔

## کھلے گریبان کے ساتھ نماز پڑھنا کیسا ہے؟

س..... نمازیوں کی اکثریت درست طریقہ پر نماز ادا نہیں کرتی اور نماز کے ارکان پوری طرح ادا کرنے کے بجائے نماز بھگتانے کی کوشش کی جاتی ہے جو نماز کی اصل روح کے منافی ہے۔ ایک بہت بڑی غلطی جس کی طرف آج تک کسی نے توجہ نہیں دی وہ یہ ہے کہ اکثر نمازیوں کا گریبان (داداگیروں کی طرح) کھلا ہوتا ہے اور جھک کر عاجزی وانکساری کے ساتھ کھڑے ہونے کے بجائے سینہ تان کر کھڑے ہو جاتے ہیں جبکہ اس کے برعکس اگر کوئی نمازی یا شخص بادشاہ وقت کے روبرو پیش ہو تو اس کا طرز عمل کیا یہی ہوگا؟ قطعی نہیں' مولانا محترم جواب دیں کہ بادشاہوں کے بادشاہ' خالق دو جہاں' خداوند تعالیٰ کے حضور اس طرز عمل کا مظاہرہ کرنے والے اپنے عمل کو ضائع کر رہے ہیں یا ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں؟

ج..... کھلے گریبان کے ساتھ نماز جائز ہے لیکن بند کرلینا بہتر ہے اور قیام کی حالت میں آدمی کو اپنی اصلی وضع پر کھڑا ہونا چاہئے۔ نہ اکڑ کر کھڑا ہو' اور نہ جھک کر۔

## بغیر رومالی کی شلوار یا پاجامہ میں نماز

س..... شلوار یا پاجامہ اگر بغیر رومالی کے ہو تو نماز ہو جائے گی؟

ج..... ہو جائے گی' بشرطیکہ شلوار یا پاجامہ پاک ہو اور اعضاء کی ساخت نظر نہ آتی ہو۔

## چین والی گھڑی پہن کر نماز پڑھنا

س..... ہمارے محلے کی جامع مسجد میں ایک صاحب مجھ سے نماز سے پہلے کہنے لگے کہ گھڑی کی چین پہن کر نماز مت پڑھا کرو کیونکہ اس سے نماز نہیں ہوتی میں نے ان سے وجہ پوچھی تو وہ فرمانے لگے کہ چین ایک قسم کی دھلت ہے اور کسی بھی قسم کی دھات مردوں پر حرام ہے' لہٰذا اس سے نماز قبول نہیں ہوتی۔ آپ اس سلسلے میں وضاحت فرمائیں میں بہت ہی شش و پنج میں پڑ گیا ہوں۔

ج..... ان صاحب کا "فتویٰ" غلط ہے گھڑی کی چین جائز ہے اور اس سے نماز میں کوئی خرابی نہیں۔ مردوں کے لئے سونا اور چاندی کا پہننا حرام ہے (البتہ مرد حضرات چاندی کی انگوٹھی جس کا وزن ساڑھے تین ماشے سے زیادہ نہ ہو' پہن سکتے ہیں) باقی دھاتیں مرد کیلئے حرام نہیں البتہ زیور مردوں کے لئے نہیں عورتوں کیلئے ہوتا ہے اور گھڑی کی چین ان زیورات میں شامل نہیں۔

## سونا پہن کر نماز ادا کرنا

س..... ایک اہم مسئلہ آپ کی خدمت میں لکھنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ سونے کی انگوٹھی پہن کر نماز ہو جاتی

ہے یا نہیں ؟ سونا چونکہ مرد کیلئے حرام ہے اور حرام چیز پہن کر نماز پڑھنا کہاں تک جائز ہے ؟

ج..... نماز اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری ہے۔ جو شخص عین حاضری کی حالت میں بھی فعل حرام کا مرتکب ہو اور حق تعالیٰ شانہ کے احکام کو توڑنے پر مصر ہو خود ہی سوچ لیجئے کہ کیا اس کو قرب و رضا کی دولت میسر آئے گی ؟ الغرض سونا یا کوئی اور حرام چیز پہن کر نماز پڑھنا درست نہیں۔ اگرچہ نماز کا فرض ادا ہو جائے گا۔

## ریشم یا سونا پہن کر اور بغیر داڑھی کے نماز پڑھنا

س..... میں نے سنا ہے کہ ریشمی کپڑا اور سونا مرد پر حرام ہیں اور اگر کوئی شخص ان کے ساتھ نماز پڑھتا ہے تو اس شخص کی نماز قبول نہیں ہوتی کیا یہ بات درست ہے ' کیونکہ داڑھی منڈوانا بھی حرام ہے کیا بغیر داڑھی کے نماز قبول ہو سکتی ہے ؟

ج..... یہ تمام امور ناجائز اور گناہ کبیرہ ہیں۔ اور جو شخص عین نماز کی حالت میں خدا کی نافرمانی کرتا ہو ' اس کو ظاہر ہے کہ نماز کا پورا ثواب نہیں ملے گا۔ خصوصاً جبکہ اس کو اس نافرمانی پر ندامت بھی نہ ہو۔ نماز تو ہو جائے گی مگر مرد کو سونے کی انگوٹھی اور ریشم پہننا حرام ہے (گو عورت کو سونا اور ریشم پہننا حرام نہیں ہے)

## ننگے سر مسجد میں آنا

س..... عموماً شہروں میں اکثر نمازی مسجد میں آتے ہیں ' ان کے سر پر کپڑا نہیں ہوتا ادھر مسجد والے ننگے سر حضرات کے لئے ٹوپیوں کا انتظام کرتے ہیں بسا اوقات ٹوپیاں اٹھانے کے لئے نمازی کے آگے سے بھی گزر جاتے ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ گھر سے ننگے سر آنا اور مسجد والوں کا ٹوپیوں کا انتظام کرنا شرعاً درست ہے یا نہیں ؟ پھر ٹوپیاں رکھنے والے اسے کار خیر تصور کرتے ہیں۔

ج..... ننگے سر بازاروں میں پھرنا مروت اور اسلامی وقار کے خلاف ہے اور فقہاء نے لکھا ہے کہ ایسے شخص کی شہادت شرعی عدالت میں معتبر نہیں۔ اس لئے مسلمان کو ننگے سر رہنا ہی نہیں چاہئے۔ مسجدوں میں جو ٹوپیاں رکھی جاتی ہیں اگر وہ صاف ستھری اور عمدہ ہوں ' تو ان کو پہن کر نماز پڑھنا صحیح ہے۔ اور وہ پھٹی پرانی یا میلی کچیلی ہوں جن کو پہن کر آدمی کارٹون نظر آنے لگے ان کے ساتھ نماز مکروہ ہے۔ اور نمازیوں کے آگے سے گزرنا گناہ ہے۔

## کپڑا نہ ملنے کی صورت میں ننگے سر نماز پڑھنا

س..... اگر کسی کو مسجد میں ٹوپی یا سر پر ڈالنے کے لئے کپڑا نہ ملے تو کیا وہ ننگے سر نماز پڑھ سکتا ہے ؟

ج.....یہاں تین مسئلے ہیں۔
۱۔ آج کل لوگوں میں ننگے سر رہنے اور اسی حالت میں بازاروں میں گھومنے پھرنے کا رواج ہے' اور یہ خلاف مروت ہے۔ مسلمان کو بازاروں میں ننگے سر نہیں پھرنا چاہئے۔
۲۔ چونکہ عام طور سے لوگوں کے پاس سر ڈھانکنے کی کوئی چیز نہیں ہوتی اس لئے مسجد میں ٹوپیاں رکھنے کا رواج ہے۔ تاکہ لوگ نماز کے وقت ان کو پہن لیا کریں۔ ان میں اکثر بدشکل 'میلی ڈھیلی اور شکستہ ہوتی ہیں۔ ایسی ٹوپیوں کو پہن کر نماز پڑھنا مکروہ ہے کیونکہ ان کو پہن کر آدمی کسی سنجیدہ محفل میں نہیں جاسکتا۔ لہٰذا احکم الحاکمین کے دربار میں ان کو پہن کر حاضری دینا خلاف ادب ہے۔
۳۔ ننگے سر نماز پڑھنا مکروہ ہے۔

## کیسی ٹوپی میں نماز پڑھنا چاہئے؟

س.....کیسی ٹوپی میں نماز پڑھنا چاہئے؟
ج.....جس ٹوپی کو پہن کر آدمی شرفاء کی محفل میں جاسکے اس کے ساتھ نماز پڑھنا اور پڑھانا جائز ہے۔

## چمڑے کی قراقلی ٹوپی میں نماز جائز ہے

س.....چمڑے کی ٹوپی یعنی قراقلی ٹوپی پہننا کیسا ہے؟ بعض حضرات کہتے ہیں کہ اس ٹوپی سے نماز نہیں ہوتی۔
ج.....قراقلی ٹوپی پہننا مباح ہے اور اس میں نماز پڑھنا جائز ہے۔

## جرابیں پہن کر نماز ادا کرنا صحیح ہے

س.....اگر پائنچے اوپر ہوں اور جرابیں پہن لیں تو کیا نماز ہو جائے گی 'کیونکہ جرابیں پہن لینے سے ٹخنے چھپ جاتے ہیں؟
ج.....اس کا کوئی حرج نہیں۔

## چشمہ لگا کر نماز ادا کرنا صحیح ہے' اگر سجدہ میں خلل نہ پڑے

س.....عینک (چشمہ) پہن کر نماز پڑھنا یا پڑھانا کیسا ہے' آیا یہ جائز ہے یا نہیں؟ ایک بزرگ کہتے ہیں کہ چشمہ لگا کر نماز نہیں پڑھنی چاہئے کیونکہ انہوں نے مفتی کفایت اللہ رحمتہ اللہ علیہ اور مولانا کرامت اللہؒ کو دیکھا کہ وہ نماز میں چشمہ اتار کر نماز ادا کرتے تھے۔ لیکن دوسرے لوگوں کا خیال ان

کے برعکس ہے؟

ج..... اگر نظر کا چشمہ ہے اور اس کے بغیر زمین وغیرہ اچھی طرح نظر نہیں آتی ہے تو چشمہ اتارے بغیر نماز پڑھی جائے تو اچھا ہے اور اگر چشمہ کے بغیر سجدہ کی جگہ وغیرہ دیکھنے میں دقت نہیں ہوتی ہے یا نظر کا چشمہ نہیں ہے' تو اتار دینا بہتر ہے تاہم چشمہ لگا کر نماز ادا کرنے سے بھی نماز ادا ہو جاتی ہے۔ اس سے نماز میں کوئی خلل واقع نہ ہو گا۔ البتہ چشمہ لگانے کی صورت میں اگر سجدہ صحیح طور پر نہیں ہوتا ناک یا پیشانی زمین پر نہیں لگتی تو چشمہ اتار دینا ضروری ہے۔ بہرحال چشمہ لگا کر نماز پڑھنے میں اگر سجدہ وغیرہ میں خلل واقع نہ ہوتا ہو تو نماز صحیح اور درست ہے۔ البتہ سجدہ کی جگہ وغیرہ چشمہ کے بغیر نظر آنے کی صورت میں اتار دینا اولیٰ وافضل ہے۔

## نوٹ پر تصویر ناجائز ہے' گو کہ جیب میں ہونے سے نماز ہو جائے گی

س..... مسجد خدا کا گھر ہے اس میں کسی انسان کی تصویر کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ جبکہ مسلمان بھائیوں کی جیب میں نوٹوں پر چھپی ہوئی تصاویر ہوتی ہیں۔ اور وہ نماز ادا کرتے ہیں۔ نوٹوں پر تصویر چھاپنا کیوں ضروری ہے؟ عوام تو قائد اعظم کا احترام کرتے ہیں۔ اگر ان کی تصویر نوٹ پر نہ ہو تو کیا فرق پڑے گا؟ کیا اس طرح جیب میں تصویر ہونے سے نماز ہو جاتی ہے؟ اگر نہیں تو اس کیلئے اسلام نے کیا فرمایا ہے اور ہم کو کیا کرنا چاہئے؟

ج..... نوٹوں پر تصویر کا چھاپنا شرعی طور پر جائز نہیں۔ یہ دور جدید کی ناروا بدعت ہے اور اس کی وجہ سے متعلقہ محکمہ اور ارباب اقتدار گنہگار ہیں تاہم نوٹوں کے جیب میں ہونے کی صورت میں نماز صحیح ہے۔

## مسجد میں لگے ہوئے شیشے کے سامنے نماز ادا کرنا

س..... ہماری مسجد میں بلکہ بہت سی مسجدوں میں شیشے کی کھڑکیاں اور دروازے ہوتے ہیں کہ جن میں نمازی کا اپنا عکس نظر آتا ہے۔ آپ سے یہ معلوم کرنا ہے کہ اس سے نمازی کی نماز میں کوئی فرق پڑتا ہے یا نہیں؟

ج..... اگر اس سے نمازی کی توجہ ہٹے تو مکروہ ہے ورنہ نہیں۔

## کسی تحریر پر نظر پڑنے یا آواز سننے سے نماز نہیں ٹوٹتی

س..... کیا حالت نماز میں اگر جائے نماز پر رکھی ہوئی کوئی چیز پڑھ لی جائے تو نماز ٹوٹ جاتی ہے؟ آپ

بتائیں کہ حالت نماز میں اگر کسی کی کہی ہوئی آواز سنی جائے اور حالت نماز میں اس آواز کا مفہوم سمجھ لیا جائے تو کیا نماز ٹوٹ جاتی ہے؟

ج...... کسی لکھی ہوئی چیز پر نظر پڑ جائے اور آدمی اس تحریر کا مفہوم سمجھ جائے لیکن زبان سے تلفظ ادا نہ کرے تو اس سے نماز نہیں ٹوٹتی۔ اسی طرح کسی کی آواز کان میں پڑنے اور اس کا مفہوم سمجھ لینے سے بھی نماز نہیں ٹوٹتی۔

## دوران نماز گھڑی پر وقت دیکھنا، چشمہ اتارنا، مٹی کو پھونک مار کر اڑانا

س...... اگر کوئی شخص دوران نماز ہاتھ یا دیوار کی گھڑی وقت معلوم کرنے کیلئے جان بوجھ کر دیکھ لے۔

(۲)۔ دوران نماز ٹوپی اٹھا کر سر پر رکھ لے جبکہ سجدہ کرتے وقت سر سے ٹوپی گر گئی ہو۔

(۳)۔ سجدہ کرتے وقت سجدہ کی جگہ مٹی کو پھونک مار کر اڑانے کے بعد سجدہ کرے۔

(۴)۔ چشمہ اتارنا بھول گیا سجدہ کرتے وقت چشمہ اتارے کیونکہ چشمہ پہنے ہوئے سجدہ میں ناک اور پیشانی بیک وقت نہیں لگتے۔

پوچھنا یہ ہے کہ ان باتوں سے نماز میں کیا فرق آتا ہے؟ کیا نماز دہرائی جائے گی یا سجدہ سہو کیا جائے گا؟

ج...... جان بوجھ کر گھڑی دیکھنا مکروہ ہے اور خشوع کے منافی ہے۔

(۲)۔ ایک ہاتھ سے ٹوپی اٹھا کر سر پر رکھ لینے میں کوئی حرج نہیں۔ دونوں ہاتھ استعمال نہ کرے

(۳)۔ یہ فعل مکروہ ہے۔

(۴)۔ ایک ہاتھ سے اتار دے تو یہ مکروہ نہیں۔

ان چاروں صورتوں میں نماز لوٹانے کی ضرورت نہیں، نہ سجدہ سہو کی۔

## عمل کثیر سے نماز ٹوٹ جاتی ہے

س...... ہمارے ایک ساتھی دوران نماز اپنے اعضاء کو مختلف انداز میں حرکت دیتے رہتے ہیں۔ مثلاً کبھی سر کے بالوں پر ہاتھ پھیرتے رہتے ہیں، جیب میں ہاتھ ڈال دیتے ہیں، انگوٹھی کو انگلی میں ہلاتے رہتے ہیں، ادھر ادھر دیکھنے لگتے ہیں غرض کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ نماز کی حالت میں نہیں۔ حالت نماز میں اس قسم کی حرکات کرنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے، (بلا عذر) میں نے یہ بات جب ان کو بتائی تو انہوں نے نماز کے فاسد ہو جانے کو بالکل مسترد کر دیا، بلکہ ناراضگی کا اظہار کیا ان کے اس تاثر

سے میں عجیب الجھن میں پڑ گیا؟

ج..... حنفی مذہب کا فتویٰ یہ ہے کہ عمل کثیر سے نماز فاسد ہو جاتی ہے اور ایسے عمل کو عمل کثیر کہتے ہیں کہ اس کو دیکھنے والا یہ سمجھے کہ یہ شخص نماز میں نہیں ہے، جس کام کیلئے دونوں ہاتھوں کا استعمال کیا جائے وہ بھی عمل کثیر ہے، اور اگر ایک ہی ہاتھ سے ایک رکن میں بار بار کوئی عمل کیا جائے وہ بھی عمل کثیر بن جاتا ہے۔ آپ نے اپنے ساتھی کی جو حالت لکھی ہے، وہ عمل کثیر کے تحت آتی ہے اور اس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے اور اس کا اس مسئلہ کو نہ ماننا اس کی ناواقفی ہے۔

## نماز میں جسم کو مختلف انداز سے حرکت دینا صحیح نہیں

س..... بعض حضرات نماز پڑھتے ہوئے اس کی بنیادی روح اور اس کی وضع قطع کو ہی تبدیل کر دیتے ہیں۔ یعنی اس قدر جلدی پڑھیں گے کہ ایسا لگے کہ کوئی جلدی ہو۔ ایک صاحب رکوع کے بعد سیدھے کھڑے ہی نہیں ہوتے اور سیدھے سجدے میں چلے جاتے ہیں، تکبیر کے لئے ہاتھ اٹھانے کے بعد واپس لاتے وقت دونوں بازوؤں کو مختلف انداز میں عجیب طرح سے حرکت دیتے ہیں اور سجدے میں جانے سے پہلے چند لمحوں تک اکڑوں بیٹھنے کے انداز میں قائم رہتے ہیں۔ غرضیکہ ان کی نماز ایک بالکل ہی مختلف اور عجیب تاثر دیتی ہے۔ جب ان کو کچھ کہا جائے تو وہ قرآن اور حدیث سے ثبوت مانگتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو کیا جواب دیا جائے، اور ان کی نماز کیسی ہے؟

ج..... ایسے حضرات کی نماز بعض صورتوں میں تو ہوتی ہی نہیں اور بعض صورتوں میں مکروہ ہوتی ہے۔ چنانچہ رکوع کے بعد سیدھے کھڑے نہ ہونا، اور دونوں سجدوں کے درمیان اطمینان سے نہ بیٹھنا ترک واجب ہے۔ اور ایسی نماز واجب الاعادہ ہے اور ہاتھوں کو غیر ضروری حرکت دینا اور سجدے کو جاتے ہوئے درمیان میں غیر ضروری توقف کرنا مکروہ ہے۔

## نماز میں مونچھوں پر ہاتھ پھیرنا فعل عبث ہے

س..... ہمارے علاقے میں زیادہ تر پولیس والے ہیں اور عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ جب بھی وہ با جماعت نماز ادا کرتے ہیں تو زیادہ تر مونچھوں پر ہاتھ پھیرتے رہتے ہیں۔ اب یہ بتائیں کہ نماز میں مونچھوں پر ہاتھ پھیرنے سے نماز پوری ہو جاتی ہے یا نہیں؟

ج..... مونچھوں پر ہاتھ پھیرنا فعل عبث ہے اس سے نماز مکروہ ہو جاتی ہے۔

## نماز میں کپڑے سمیٹنا یا بدن سے کھیلنا مکروہ ہے

س..... میں اکثر دیکھتا ہوں کہ بعض نمازی نماز پڑھتے وقت اپنے کپڑوں کی شکنیں درست کرتے

رہتے ہیں۔ کیا ایسا کرنا جائز ہے؟
ج...... نماز میں اپنے بدن سے یا کپڑے سے کھیلنا مکروہ ہے۔

## رکوع میں جاتے ہوئے تکبیر بھول جائے تو بھی نماز ہو گئی

س...... اگر کوئی شخص نماز میں قیام سے رکوع میں جاتے ہوئے اللہ اکبر کہنا بھول گیا یا اکثر بھولتا ہے اس کیلئے کیا حکم ہے؟
ج...... نماز میں تکبیر تحریمہ فرض ہے۔ اس کے علاوہ باقی تمام تکبیرات سنت ہیں۔ اس لئے اگر رکوع کو جاتے ہوئے تکبیر بھول گیا تو نماز ہو گئی، سجدہ سہو بھی لازم نہیں۔

## رکوع میں سجدہ کی تسبیح پڑھنے سے نماز نہیں ٹوٹتی

س...... نماز پڑھتے ہوئے کوئی غلطی ہو جائے، مثلاً رکوع میں سبحان ربی العظیم کی جگہ سبحان ربی الاعلیٰ یا سجدہ میں سبحان ربی الاعلیٰ کی جگہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا کوئی لفظ نکل جائے تو کیا نماز ہو جاتی ہے؟
ج...... اگر سجدہ میں سبحان ربی العظیم یا رکوع میں سبحان ربی الاعلیٰ کہہ لیا تو اس سے نماز میں کوئی خلل نہیں آیا، نماز صحیح ہے۔

## نماز میں بہ مجبوری زمین پر ہاتھ ٹیک کر اٹھنے میں کوئی حرج نہیں

س...... میری عمر اس وقت چالیس سال کے قریب ہے جسم بھاری ہے میں نماز میں اٹھتے بیٹھتے وقت ہاتھ مٹھی کی شکل میں زمین پر جمالیتی ہوں اس سے نماز میں تو کوئی خلل نہیں پڑتا؟
ج...... آپ کا ہاتھوں کو زمین پر جما کر اٹھنا چونکہ مجبوری کی وجہ سے ہے اس لئے کوئی حرج نہیں، بغیر ضرورت کے ایسا نہیں کرنا چاہئے۔

## کیا نماز میں دائیں پاؤں کا انگوٹھا دبا کر رکھنا ضروری ہے؟

س...... کیا نماز پڑھتے وقت دائیں پاؤں کا انگوٹھا اتنی مضبوطی سے دبا کر رکھنا چاہئے کہ اگر پانی پاؤں کے پاس سے گزرے تو انگوٹھے کی جگہ سوکھی رہے؟
ج...... یہ کوئی مسئلہ نہیں۔

## سجدے میں قدم زمین پر لگانا

س...... میں نے نماز کی حالت سجدہ میں لوگوں کو دیکھا ہے کہ وہ اپنا سیدھا پاؤں زمین سے اٹھالیتے ہیں

اور میں نے مسجد کے امام صاحب سے یہ مسئلہ معلوم کیاتو وہ کہنے لگے کہ نماز پڑھنے کی حالت میں سجدہ کرتے وقت پاؤں کو پوری طرح اٹھانے سے نماز فاسد ہوجاتی ہے میں نے لوگوں کی نماز فاسد ہونے سے بچانے کیلئے آپ سے یہ مسئلہ پوچھا ہے؟

ج..... سجدے کی حالت میں دونوں پاؤں کی انگلیاں قبلہ کی طرف متوجہ کرنا سنت ہے۔ دونوں پاؤں زمین سے لگانا واجب ہے۔ اور بلاعذر ایک پاؤں کا اٹھائے رکھنا مکروہ تحریمی ہے۔ اور دونوں میں سے ایک پاؤں کا کچھ حصہ زمین سے لگانا فرض ہے۔ خواہ ایک ہی انگلی لگائی جائے۔ فرض ادا ہوجائے گا اور اگر دونوں پاؤں زمین سے اٹھائے اور تین بار سبحان اللہ کہنے کی مقدار اٹھائے رکھے تو نماز فاسد ہوجائے گی۔ انگلی زمین سے لگنے کی شرط یہ ہے کہ فقط ناخن زمین سے نہ چھوئے بلکہ انگلی کے سرے کا گوشت بھی زمین سے چھوجائے یعنی انگلی زمین پر مڑجائے۔

## نماز میں ڈکار لینا مکروہ ہے

س..... بعض حضرات نماز میں موٹی موٹی ڈکاریں لیتے ہیں جس سے آس پاس والوں کو بڑی کراہیت ہوتی ہے۔ دوران نماز ڈکار لینا شرعاً کیسا فعل ہے؟

ج..... نماز میں ڈکار لینا مکروہ ہے اس کو روکنے کی کوشش کی جائے اور جہاں تک ممکن ہو آواز پست رکھی جائے۔

## نماز میں میٹھی چیز حلق میں جانے سے نماز ٹوٹ گئی

س..... اگر وضو کے بعد کوئی میٹھی چیز کھالی پھر نماز پڑھنے لگے نماز کے دوران منہ میں بھی مٹھاس محسوس ہوتی ہو اور اس کی مٹھاس کا مزا کچھ باقی ہو اور تھوک کے ساتھ حلق میں جاتا ہو تو کیا نماز صحیح ہے یا نہیں؟

ج..... اگر صرف ذائقہ ہی باقی ہے تو نماز ہوجائے گی اور اگر وہ میٹھی چیز منہ میں باقی ہو اور تحلیل ہوکر حلق میں چلی گئی ہو تو نماز فاسد ہوجائے گی۔

## کیا نماز میں منصوبے بنانا جائز ہے؟

س..... ایک صاحب نے بتلایا کہ نماز میں دنیاوی باتوں کے بارے میں سوچنا اور کسی کام کے بارے میں منصوبے بنانا جائز اور درست ہے' اور مثال دی کہ حضرت عمرؓ اور حضرت ابوبکرؓ وغیرہ نماز میں جنگ کے منصوبے بنایا کرتے تھے۔ اب میرے دل میں یہ بات کھٹک رہی ہے کہ ہم یقین رکھتے ہیں

کہ نماز میں کوئی دنیاوی خیال آجائے تو نماز نہیں ہوتی آپ کی کیا رائے ہے؟

ج..... ان صاحب کی یہ بات بالکل غلط ہے۔ نماز توجہ الی اللہ کیلئے ہوتی ہے اور دنیاوی باتیں از خود سوچنا اوران کے منصوبے بنانا توجہ الی اللہ کے منافی ہے۔ حضرت عمرؓ سے جو منقول ہے کہ "میں نماز میں لشکر تیار کرتا ہوں" اس پر دنیاوی باتوں کو قیاس کرنا غلط ہے۔ حضرت عمرؓ خلیفہ راشد تھے اور نماز میں حضوری کے وقت ان کو من جانب اللہ جہاد کیلئے تدابیر القاء کی جاتی تھیں۔ یہ ان کی اپنی سوچ نہیں ہوتی تھی بلکہ القائے ربانی ہوتا تھا۔ اور بلاشبہ ان کی مثال ایسی ہے کہ بوقت حضوری وزیر اعظم کو بادشاہ کی جانب سے ہدایات دی جاتی ہیں۔ حضرت عمرؓ چونکہ منشائے الٰہی کی تعمیل فرماتے تھے اس لئے ان کو من جانب اللہ اس کی ہدایات القاء کی جاتی تھیں۔ اور نماز میں خیالات کا آنا برا نہیں جبکہ یہ نماز کی طرف پوری طرح متوجہ رہے۔ البتہ خیالات لانا برا ہے۔ اس لئے سوال کا یہ فقرہ صحیح نہیں کہ "نماز میں کوئی دنیاوی خیال آجائے تو نماز نہیں ہوتی۔"

## نماز کے دوران "لاحول" پڑھنا

س..... نماز کے دوران شیطان کو دور کرنے کیلئے لاحول پڑھ سکتے ہیں؟

ج..... نماز میں جو اذکار مقرر ہیں، ان ہی کو پڑھنا چاہئے۔ لاحول کے بجائے نماز میں جو کچھ پڑھا جاتا ہے، اس کی طرف توجہ رکھی جائے شیطان خود ہی دفع ہو جائے گا۔

## نماز کے دوران آنکھیں بند نہ کی جائیں

س..... یہ بات تو میرے علم میں ہے کہ نماز کے دوران آنکھیں بند نہیں کرنی چاہئیں۔ بلکہ مختلف ارکان نماز میں نظریں اپنی مخصوص جگہوں پر ہونی چاہئیں لیکن میں صرف اپنی توجہ قائم رکھنے کیلئے آنکھیں بند کر کے نماز پڑھتا ہوں اگر آنکھیں بند نہ کروں تو نظر کے ساتھ ساتھ ذہن بھی بھٹکنے لگتا ہے بعض اوقات میں دعا بھی آنکھیں بند کر کے مانگتا ہوں برائے مہربانی یہ وضاحت فرمائیں کہ میرا یہ عمل درست ہے یا مجھے ہر صورت میں آنکھیں کھول کر ہی نماز پڑھنی چاہئے؟

ج..... آنکھیں بند کرنے سے اگرچہ ذہن میں یکسوئی پیدا ہوتی ہے لیکن افضل یہی ہے کہ نماز میں آنکھیں بند نہ کی جائیں۔

## خیالات سے بچنے کیلئے آنکھیں بند کرنا

س..... میرا مسئلہ کچھ یوں ہے کہ میں جب نماز پڑھتی ہوں تو آنکھیں سجدہ کی [illegible] ف تو ہوتی ہیں لیکن

آس پاس کی چیزیں بھی نظر آتی ہیں۔ اور خیال بھی ان کی طرف چلا جاتا ہے اس طرح سے نماز ٹوٹ جاتی ہے کیا اس صورت میں آنکھیں بند کی جاسکتی ہیں؟

ج...... غیر اختیاری طور پر اگر آس پاس کی چیزوں پر نظر پڑ جائے تو اس سے نماز میں کوئی خلل نہیں ہوگا۔ آنکھیں بند نہیں کرنی چاہئیں۔ آنکھیں بند کرنے سے یکسوئی حاصل ہو جاتی ہے اور خیالات کے منتشر نہ ہونے میں مدد ملتی ہے اس کے باوجود آنکھیں کھول کر نماز پڑھنا افضل ہے اور آنکھیں بند رکھنا مکروہ ہے جبکہ مستقل طور پر آنکھوں کو بند رکھا جائے اور اگر کبھی کھول دے اور کبھی بند کرلے تو کراہت نہیں۔

## اگر دوران نماز دل میں برے برے خیالات آئیں تو کیا نماز پڑھنا چھوڑ دیں؟

س...... محترم میں جب بھی نماز پڑھنے مسجد میں جاتا ہوں تو نماز کے دوران طرح طرح کے دنیاوی خیالات ذہن میں آتے ہیں۔ اور بعض اوقات تو ایسے گندے گندے خیالات ذہن میں آتے ہیں کہ پھر دل یہ کہتا ہے کہ اب نماز نہیں پڑھوں گا' کیونکہ اس طرح تو ثواب کے بجائے اور گناہ ہوگا۔ لہٰذا آپ بتائیں کہ اگر نماز کے دوران برے خیالات آئیں تو نماز ہوگی یا نہیں؟

ج...... نماز میں از خود خیالات کا لانا برا ہے بغیر اختیار کے ان کا آنا برا نہیں۔ بلکہ خیالات آئیں اور آپ نماز کی طرف متوجہ رہنے کی کوشش کریں اور دھیان نماز کی سورتوں اور دعاؤں پر جمانے کی کوشش کریں تو آپ کو مجاہدے کا ثواب ملے گا۔ لہٰذا نماز میں خیالات کے آنے سے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ ورنہ شیطان خوش ہوگا۔ حدیث میں آتا ہے کہ شیطان نماز میں تو وسوسے ڈالتا رہتا ہے' اور نماز کے بعد کہتا ہے "تو نے کیا نماز پڑھی؟ ایسی نماز سے تو نہ پڑھنا بہتر ہے۔ ایسی نماز بھلا کیا قبول ہوگی؟" آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "جب وہ ایسا وسوسہ ڈالے تو اس سے کہہ دیا کرو کہ "میرا معاملہ تیرے ساتھ نہیں' اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہے۔" (جس مالک نے مجھے اپنے دربار میں سر جھکانے کی توفیق دی ہے' وہ اپنی رحمت سے دل جھکانے کی توفیق بھی دے گا اور اسے قبول بھی فرمائے گا۔ مردود! تو خود تو ملعون اور رحمت خداوندی سے مایوس ہے' مجھے بھی رحمت سے مایوس کرکے اپنے ساتھ ملانا چاہتا ہے)۔

اس لئے آپ کا سوال کہ خیالات آنے سے نماز ہوگی یا نہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ہوگی' اور انشاء اللہ بالکل صحیح ہوگی۔ خواہ لاکھ وسوسے آئیں۔ (مگر خیالات خود نہ لائے جائیں)

## نماز میں خیالات کا آنا

س...... خدا کے فضل و کرم سے پانچ وقت کی نماز پڑھتا ہوں لیکن نماز کے دوران غلط قسم کے خیالات آتے ہیں کوشش کے باوجود ان خیالات سے چھٹکارا نہیں پاتا۔ امید ہے آپ مجھے ایسی رائے دیں گے کہ جسے اپنا کر اطمینان سے نماز پڑھ سکوں۔ یاد رہے کہ میں جمعہ کی نماز کے علاوہ سب نمازیں اکیلے پڑھتا ہوں کیونکہ میں سعودی عرب کے صحرا میں رہتا ہوں اور جو افراد میرے ساتھ ہیں وہ وقت پر نماز نہیں پڑھتے اور میں مقررہ وقت پر نماز پڑھتا ہوں۔ کیونکہ قرآن میں پڑھا ہے کہ "بے شک نماز مومنین پر وقت مقررہ پر فرض ہے۔"

ج...... نماز اکیلے پڑھنے کے بجائے اذان اور جماعت کے ساتھ پڑھنی چاہئے اپنے دو چار ساتھیوں کو اس کیلئے آمادہ کر لینا کچھ بھی مشکل نہیں تھوڑے سے اہتمام کی ضرورت ہے۔ نماز میں غیر اختیاری طور پر جو خیالات آتے ہیں ان کا کوئی حرج نہیں خود نماز کی طرف متوجہ رہنا چاہئے۔ اور اس کی تدبیر یہ ہے کہ جو کچھ نماز میں پڑھا جاتا ہے اس کی طرف دھیان رکھا جائے اور سوچ کر پڑھا جائے۔

س...... میں طالبعلم ہوں اور اللہ کے فضل سے پانچ وقت کی نماز بھی پڑھتی ہوں۔ اور اللہ تعالیٰ کے آگے بڑی عاجزی اور انکساری اور گنہگاروں کی طرح حاضر ہوتی ہوں، لیکن پھر بھی نماز پڑھتے وقت دل میں طرح طرح کے خیالات آتے رہتے ہیں باوجود ترک کرنے کے ختم نہیں ہوتے بلکہ بڑھ جاتے ہیں اس کیلئے بہت پریشان ہوں کیا کروں؟ کوئی حل بتائیں۔

ج...... نماز میں خیالات و وساوس کا آنا غیر اختیاری ہے اس پر مواخذہ نہیں۔ البتہ خیالات کا لانا اختیاری ہے اس لئے اگر خیالات از خود آئیں تو ان کی پروانہ کی جائے۔ نہ ان کی طرف التفات کیا جائے بلکہ نماز میں جو کچھ پڑھا جاتا ہے اس کی طرف دھیان رکھا جائے اور جو کچھ پڑھیں سوچ سوچ کر پڑھیں۔ اگر خیال بھٹک جائے تو پھر متوجہ ہو جائیں۔ اگر آپ نے اس تدبیر پر عمل کیا تو نہ صرف یہ کہ نماز کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوگی، بلکہ آپ کو اس محنت و مجاہدہ کا مزید ثواب ملے گا۔ ایک ضروری بات یہ ہے کہ نماز سے پہلے یہ دھیان کر لیا کریں کہ میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو رہی ہوں۔

## مسکرانے سے نماز نہیں ٹوٹتی لیکن باآواز ہنسنے سے ٹوٹ جاتی ہے

س...... کیا نماز پڑھتے وقت مسکرانے سے نماز نہیں ٹوٹتی، میرا خیال ہے کہ نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ جبکہ میرے دوست کا کہنا ہے کہ کھلکھلا کر ہنسنے سے نماز ٹوٹتی ہے مسکرانے سے نہیں؟

ج...... صرف مسکرانے سے نماز نہیں ٹوٹتی بشرطیکہ ہنسنے کی آواز پیدا نہ ہو۔ اور اگر اتنی آواز پیدا ہو جائے کہ برابر کھڑے شخص کو سنائی دے تو اس سے نماز ٹوٹ جائے گی۔

## نماز میں قصداً پیرو مرشد کا تصور جائز نہیں

س..... ایک صاحب کا کہنا ہے کہ نماز پڑھتے وقت اپنے پیرو مرشد کا تصور کرنا چاہئے۔ تو کیا یہ صحیح ہے؟

ج..... نماز میں پیرو مرشد کا قصداً تصور کرنا جائز نہیں۔ نماز میں صرف خدا تعالیٰ کا تصور کرنا چاہئے۔

## نماز میں قہقہہ لگانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے

س..... نماز میں قہقہہ لگانے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟

ج..... حنفی مذہب میں نماز میں قہقہہ لگانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ بشرطیکہ قہقہہ لگانے والا بالغ ہو' بیدار ہو' اور نماز رکوع اور سجدہ والی ہو۔ پس اگر بچے نے یا نماز کے اندر سوئے ہوئے نے قہقہہ لگایا تو وضو نہیں ٹوٹے گا' البتہ نماز فاسد ہو جائے گی۔ اسی طرح اگر نماز جنازہ میں قہقہہ لگایا تو نماز فاسد ہو جائے گی مگر وضو نہیں ٹوٹے گا اور نماز سے باہر قہقہہ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا' مگر قہقہہ لگانا مکروہ ہے کہ یہ غفلت کی علامت ہے۔

## نماز کے اندر رونا

س..... نماز کے دوران یا قرآن پاک پڑھتے ہوئے رونا آجائے تو کیا وضو ٹوٹ جاتا ہے اور ایک وضو سے کتنی نمازیں پڑھی جاسکتی ہیں یا وضو کتنی دیر تک قائم رہتا ہے؟

ج..... اگر اللہ تعالیٰ کے خوف سے رونا آئے تو اس سے نہ نماز ٹوٹتی ہے نہ وضو۔ اور اگر کسی دنیوی حادثے سے نماز میں آواز سے رو پڑے تو اس سے نماز ٹوٹ جائے گی۔ وضو نہیں ٹوٹے گا۔ وضو کرنے کے بعد جب تک وضو توڑنے والی کوئی بات پیش نہ آئے (مثلاً ریح خارج ہونا) اس وقت تک وضو قائم رہتا ہے اور ایک وضو سے جتنی نمازیں چاہے پڑھ سکتا ہے۔

## نماز میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر درود پڑھنے سے نماز نہیں ٹوٹتی

س..... اگر نماز میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نام آجائے یعنی قرأت میں یا درود شریف وغیرہ میں تو کیا نماز کے دوران بھی صلی اللہ علیہ وسلم کہہ دینا چاہئے' اس سے نماز تو نہیں ٹوٹتی؟

ج..... نماز میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک نام پر درود شریف نہیں پڑھا جاتا لیکن اگر پڑھ لیا تو اس سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔

## نماز کے دوران اگر چھینک آئے تو کیا الحمد للہ کہنا چاہئے

س..... کیا نماز کے دوران اگر چھینک آجائے تو الحمد للہ کہنا چاہئے جیسا کہ عام حالات میں کہتے ہیں؟

ج..... نماز میں نہیں کہنا چاہئے لیکن اگر کہہ لیا تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔

## نماز میں اردو زبان میں دعا کرنا کیسا ہے؟

س..... کیا ہم نماز پڑھتے وقت سجدہ میں اپنی زبان میں یعنی اردو میں اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت بیان کر سکتے ہیں؟

ج..... نہیں۔ ورنہ نماز ٹوٹ جائے گی۔

## آخری قعدہ چھوڑنے والے کی نماز باطل ہوگئی

س..... اگر امام صاحب چار فرض والی رکعت میں دوسری رکعت میں بیٹھنے کے بجائے تیسری رکعت میں بیٹھے' ابھی وہ بیٹھے ہی تھے کہ مقتدی نے اللہ اکبر کہا تو وہ فوراً کھڑے ہوگئے۔ پھر وہ چوتھی رکعت میں نہیں بیٹھے' بلکہ وہ کھڑے ہوگئے۔ پانچویں رکعت میں بھی نہیں بیٹھے' بلکہ وہ چھٹی رکعت میں بیٹھے تو انہوں نے التحیات پڑھنے کے بعد سجدہ سہو کیا اور پھر انہوں نے سارا پڑھ کر سلام پھیر کر نماز ختم کی۔

تو کیا نماز ہوگئی' اور اگر نماز ہوگئی تو کتنی رکعت ہوئیں؟ فرض کے علاوہ نفل بھی ہوگئی یا نہیں؟

ج..... مقتدیوں کو چاہئے تھا کہ امام کو چوتھی رکعت پر بیٹھنے کا لقمہ دیتے' بہرحال جب امام نے پانچویں رکعت کا سجدہ کر لیا تو فرض نماز باطل ہوگئی اور یہ نفلی نماز ہوگئی' کیونکہ آخری قعدہ فرض ہے اور فرض کے چھوٹ جانے سے نماز نہیں ہوتی امام اور مقتدی دوبارہ نماز پڑھیں۔

# نماز توڑنے کے عذرات

## مالی نقصان پر نماز کو توڑنا جائز ہے

س..... ہمارے محلہ کی مسجد کے پیش امام صاحب نے مغرب کی نماز شروع کی ایک رکعت کے بعد انہوں نے سلام پھیر دیا اس کے بعد وہ وضو خانہ میں گئے اور اپنی گھڑی اٹھا کر لائے۔ پھر انہوں نے دوبارہ تکبیر پڑھوائی اور نماز شروع کی۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ امام صاحب نے گھڑی کی خاطر نماز کو کیوں توڑا اور تکبیر دوبارہ کیوں کہی گئی؟

ج..... ایک درہم (تقریباً ساڑھے تین ماشے چاندی) کے نقصان کا اندیشہ ہو تو نماز توڑ دینے کی اجازت ہے۔ اقامت کو دیر ہو جائے تو اقامت دوبارہ کہنی چاہئے' آپ کے امام صاحب نے دونوں مسئلوں میں شریعت کے مطابق عمل کیا' لوگوں کا اعتراض ناواقفی کی بنا پر ہے۔

## ایک درہم مال کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہو تو نماز توڑنا جائز ہے

س..... اگر نماز کے دوران جیب سے کچھ پیسے یا روپے گر جائیں اور کوئی دوسرا شخص ان روپوں کو اٹھا کر لے جارہا ہو تو کیا نماز توڑ کر اس سے وہ روپے واپس لینے چاہئیں یا نماز پڑھتے رہنا چاہئے؟

یہ حرکت اگر کوئی شخص نفل' سنت یا فرض یا جماعت میں کرے تو ہم کو کیا کرنا چاہئے؟

ج..... نماز کو توڑ کر اس کو پکڑ لینا صحیح ہے۔ نماز خواہ فرض ہو یا نفل اور جماعت کی ہو یا بغیر جماعت کے۔ نماز کے دوران اگر ایک درہم چاندی (۳۰۲ء۳ گرام) کی مالیت کے برابر چیز کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہو تو نماز کو توڑ دینا جائز ہے۔

## نماز کے دوران گم شدہ چیز یاد آنے پر نماز توڑ دینا

س..... وضو کے دوران اگر وضو خانے میں ہم اگر اپنی کوئی خاص چیز گھڑی یا چشمہ وغیرہ بھول جائیں اور وہ ہم کو نماز کے دوران یاد آئے تو ہم اس صورت میں کیا کریں؟

ج..... نماز توڑ کر اس کو اٹھالائیں۔

## کسی شخص کی جان بچانے کیلئے نماز توڑنا

س..... اگر ایک آدمی بیمار ہے اور بیماری کی حالت میں بے ہوش ہے اس کے پاس عورتیں کافی ہیں' مرد صرف ایک ہے' اس نے بھی فرض نماز کی نیت کرلی ہے' نمازی نے صرف ایک رکعت پڑھی ہے کہ اتنے میں عورتوں نے شور مچادیا کہ بیمار فوت ہو رہا ہے تو نمازی نماز توڑ سکتا ہے؟

ج..... اگر اس کی جان بچانے کی کوئی تدبیر کر سکتا ہے تو نماز توڑ دے اور اگر وہ مرچکا ہے تو نماز توڑنے کا کیا فائدہ؟

## اگر کوئی بے ہوش ہو کر گر جائے تو اس کو اٹھانے کیلئے نماز توڑ سکتے ہیں

س..... نماز جماعت کے ساتھ ہو رہی ہو اور کوئی نمازی بوجہ کمزوری یا کسی اور وجہ سے گر کر بے ہوش ہو جائے تو کیا ساتھ کھڑے ہوئے آدمی کو نماز توڑ کر اسے اٹھانا چاہئے؟ یا نماز جاری رکھنی چاہئے؟ براہ کرم یہ بتائیں کہ ہمیں اس وقت کیا کرنا ہے جب کہ آدمی نیچے تڑپ رہا ہو؟

ج..... نماز توڑ کر اس کو اٹھانا چاہئے۔ ایسا نہ ہو کہ اس کو مدد نہ ملنے کی وجہ سے اس کی جان ضائع ہو جائے۔

## نماز میں زہریلی چیز کو مارنا

س..... اگر نماز میں اچانک کہیں سے کوئی زہریلا کیڑا آجائے اور نمازی کی طرف بڑھے تو کیا نمازی نیت توڑ سکتا ہے؟

ج..... اگر اس کو مارنے کیلئے عمل کثیر کی ضرورت نہ ہو تو نماز کو توڑے بغیر اس کو مار دیں۔ اور اگر عمل کثیر کی ضرورت ہو تو نماز ٹوٹ جائے گی اور اس کو مارنے کیلئے نماز کا توڑ دینا جائز ہے۔ خلاصہ یہ کہ اگر نماز توڑے بغیر اس کو مار سکتے ہوں تو ٹھیک' ورنہ اس کیلئے نماز توڑ سکتے ہیں۔

## نماز کے دوران بھڑ، شہد کی مکھی وغیرہ کو مارنا

س..... اگر با جماعت نماز پڑھتے ہوئے پاؤں، سر یا کان پر کوئی بھڑ، شہد کی مکھی یا کوئی کیڑا کاٹ لے تو اسے یعنی جانور (بھڑ، کیڑا اور شہد کی مکھی) کو مارنے کی اجازت ہے؟

ج..... اگر اس کے ایذا دینے کا خوف ہو اور عمل کثیر کے بغیر مار سکے تو مار دے، اس سے نماز نہیں ٹوٹے گی۔ ورنہ نماز توڑ کر مار دے۔

## دروازہ پر فقط دستک سن کر نماز توڑنا جائز نہیں

س..... ہم نماز پڑھ رہے ہیں اس وقت کوئی ہم کو دوسرے کمرے میں سے آواز دیتا ہے جس کو یہ نہیں معلوم ہوتا کہ ہم نماز میں مشغول ہیں یا کوئی دروازے پر دستک دے اور ہم نماز پڑھ رہے ہوں اور گھر میں ہمارے سوا کوئی اور نہ ہو ایسے وقت آنے والا بھی جلدی میں ہو تو کیا ایسے میں نماز کی نیت توڑی جا سکتی ہے؟ اور اگر توڑی جا سکتی ہے تو نماز توڑنے کا طریقہ بتایئے؟

ج..... یہ آپ کو کیسے معلوم ہوگا کہ وہ جلدی میں ہے. بہرحال کسی ایسی شدید ضرورت کے لئے جس کے نقصان کی تلافی نہ ہو سکے نیت توڑ دینا جائز ہے۔ اور محض دستک سن کر نماز توڑنا جائز نہیں۔

## والدین کے پکارنے پر کب نماز توڑی جا سکتی ہے؟

س..... ایک صاحب نے مضمون بعنوان "والدین کا احترام" میں لکھا ہے کہ حدیث شریف میں آیا ہے (حدیث کا نام نہیں لکھا) کہ "رب کی رضا باپ کی رضا میں ہے اور رب کی ناراضگی باپ کی ناراضگی میں ہے۔"


پھر لکھتے ہیں کہ روایت میں ہے (کس کی روایت ہے، کوئی حوالہ نہیں) کہ اگر والدین کسی تکلیف و پریشانی کی وجہ سے پکاریں تو فرض نماز بھی توڑ کر ان کو جواب دے اور اگر بلا ضرورت پکاریں ان کو یہ معلوم نہیں کہ تم نماز میں ہو تو بھی سنت و نفل نماز توڑ کر جواب دو۔ اگر یہ معلوم ہونے کے باوجود کہ تم نماز میں ہو پکاریں تو ہر طرح کی نماز توڑ کر ان کو جواب دو۔

براہ کرم آپ فرمائیں کہ کس حدیث میں یہ حکم ہے یا کون سی مستند روایت ہے کہ والدین کے احترام میں نماز توڑ دینے کی ہدایت کی گئی ہے؟

ج..... در مختار (باب ادراک الفریضۃ) میں لکھا ہے کہ اگر فرض نماز میں ہو تو والدین کے بلانے پر نماز نہ توڑے الا یہ کہ وہ کسی ناگہانی آفت میں مبتلا ہو کر اس کو مدد کیلئے پکاریں (اس صورت میں والدین

کی خصوصیت نہیں بلکہ کسی کی جان بچانے کیلئے نماز توڑنا ضروری ہے) اور اگر نفل نماز میں ہو اور والدین کو اس کا علم ہو تو نہ توڑے اور اگر ان کو علم نہ ہو تو نماز توڑ کر جواب دے۔

خلاصہ یہ کہ دو صورتوں میں نماز نہیں توڑے گا۔ اور ایک صورت میں توڑے گا۔
جہاں تک روایت کا تعلق ہے حدیث میں جریج راہب کا قصہ آتا ہے کہ اس کو اس کی ماں نے پکارا وہ نماز میں تھا اس لئے جواب نہ دیا بالآخر والدہ نے بددعا دی اور وہ بددعا ان کو لگی۔ لمبا قصہ ہے۔ غالبًا وہ نفل نماز میں تھے اور ان کی والدہ کو اس کا علم نہیں تھا۔ اس لئے ان کو نماز توڑ کر جواب دینا چاہئے تھا۔



# نماز میں وضو کا ٹوٹ جانا

## دوران نماز ریاح روکنے والے کی نماز کا کیا حکم ہے؟

س..... دوران نماز ریاح خارج ہونے کا اندیشہ ہو تو کیا ایسے میں ہم ریاح روک سکتے ہیں اور اگر ہم روک لیتے ہیں تو کیا نماز ہو جاتی ہے؟

ج..... ایسا کرنا مکروہ ہے۔ نماز ہو جاتی ہے۔

## دوران نماز وضو ٹوٹ جانے پر بقیہ نماز کی ادائیگی

س..... دوران نماز اگر وضو ٹوٹ جائے تو بقیہ نماز کس طرح ادا کرنی چاہئے؟

ج..... نماز کو وہیں چھوڑ کر چپ چاپ وضو کر آئے کسی سے بات چیت نہ کرے، اور جہاں سے نماز چھوڑی تھی واپس آکر وہاں سے دوبارہ شروع کر لے۔ مگر اس کے مسائل بڑے دقیق ہیں عوام کیلئے مناسب یہی ہے کہ وضو کرنے کے بعد از سر نو نماز شروع کریں۔ اور اگر امام صاحب کا وضو ٹوٹ جائے تو صف میں سے کسی کو آگے کر دے اور خود وضو کر کے مقتدیوں کی صف میں شریک ہو جائے۔ بے وضو نماز پڑھتے رہنا جائز نہیں بلکہ سخت گناہ ہے بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس سے اندیشہ کفر ہے۔

## مقتدی یا امام کا وضو ٹوٹ جائے تو جماعت سے کس طرح نکل کر نماز پوری کرے؟

میں نے ایک مولانا سے پوچھا کہ مقتدی اگلی صف میں کھڑا ہے جماعت بہت بڑی ہے اس کا وضو ٹوٹ جاتا ہے تو وہ کیا کرے؟ وہ کہتے ہیں کہ اگر پیچھے جانے کی جگہ نہ ہو تو وہیں بیٹھا رہے بعد میں علیحدہ نماز

پڑھے۔ لیکن دوسرے مولانا سے پوچھا تو وہ کہتے ہیں کہ ہر ممکن کوشش کرکے وہ پیچھے باہر نکلے اور وضو کرکے دوبارہ شامل ہو جائے۔ میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ دونوں مسئلوں میں کون سا صحیح ہے؟ اور اگر امام صاحب کا وضو ٹوٹ جائے تو اس کیلئے کیا حکم ہے؟

ج...... جس کا وضو ٹوٹ جائے وہ ناک پر ہاتھ رکھ کر صف سے باہر نکل جائے اور وضو کرکے دوبارہ جماعت میں شامل ہو جائے۔ اگر امام ہو تو پیچھے کسی مقتدی کو آگے بڑھا کر امام بنا دے اور خود وضو کرکے جماعت میں شریک ہو جائیں۔ صف سے نکلنے کی گنجائش نہ ہو تو صف کے آگے سے گزر کر ایک طرف کو نکل جائے جس کا وضو ٹوٹ گیا ہو اس کیلئے بہتر یہی ہے کہ وضو کے بعد نماز شروع سے ادا کرے اور اگر کسی طرح نکلنا ممکن ہی نہ ہو تو نماز توڑ کر نماز سے خارج ہو جائے۔ (یعنی اپنی جگہ پر بیٹھا رہے)

## دو رکعات کے بعد وضو ٹوٹ جانے کے بعد کتنی رکعتیں دوبارہ پڑھے؟

س...... فرض، سنت اور نفل چار رکعت کی نیت کی، دو رکعت کے بعد وضو ٹوٹ گیا۔ تو وہ چار رکعت پڑھے یا دو رکعت پڑھے؟ کیونکہ وہ دو رکعت پڑھ چکی ہے اور کسی سے بات بھی نہیں کی فوراً وضو کر لیا؟

ج...... فرض، وتر اور سنت مؤکدہ تو پوری دوبارہ پڑھے نفل اور غیر مؤکدہ سنتیں دو ہی پڑھ لینا جائز ہے۔

## نماز پڑھنے کے بعد یاد آیا کہ وضو نہیں تھا تو دوبارہ پڑھے

س...... مسئلہ یوں ہے کہ میں نے عصر کی نماز سے قبل وضو کیا، بعد ازاں میرا وضو ٹوٹ گیا۔ لیکن مغرب کے وقت میرا پکا خیال تھا کہ میرا عصر کے وقت کا ابھی تک وضو ہے۔ اس طرح میں نے نماز مغرب ادا کرلی۔ لیکن کچھ آدھے گھنٹے کے بعد مجھے سو فیصد یاد آگیا کہ میں نے یہ نماز بے وضو پڑھی کیونکہ وضو تو بعد از نماز عصر ٹوٹ گیا تھا کیا میری نماز ہو گئی ہے یا نہیں؟

ج...... جب آپ کو سو فیصد یقین ہو گیا کہ نماز بے وضو پڑھی ہے، تو بے وضو تو نماز نہیں ہوتی۔ اس لئے اس کا لوٹانا فرض ہے۔

# معذور کے احکام

## وضو اور تیمم نہ کرسکے تو نماز اور تلاوت کیسے کرے؟

س..... میں نے آپ کے کالم میں پڑھا تھا کہ بغیر وضو کے قرآن پاک کو چھونا جائز نہیں لیکن میں تو وضو کر ہی نہیں سکتا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے معذور کر کے چارپائی پر بٹھا دیا ہے۔ مجھ میں اتنی طاقت نہیں کہ میں چارپائی سے نیچے اتر سکوں مجھے ماں ہی نہلاتی ہیں اور وہی پیشاب کرواتی ہیں مجھے قرآن پاک کی تلاوت کا بہت ہی شوق ہے تو کیا میں بغیر وضو کے قرآن مجید کو چھو سکتا ہوں؟ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ "اگر تم نماز کھڑے ہو کر نہیں پڑھ سکتے تو بیٹھ کر پڑھو اور اگر بیٹھ کر نہیں پڑھ سکتے ہو تو لیٹ کر پڑھو" مگر میں تو نہ تیمم کر سکتا ہوں نہ وضو نماز کس طرح پڑھوں اگر بغیر وضو کے نماز پڑھی جا سکتی ہے تو آپ مجھے بتائیں؟

ج..... کوئی دوسرا آدمی آپ کو وضو کرا دیا کرے اور قرآن پاک کی تلاوت آپ بغیر وضو بھی کر سکتے ہیں۔ قرآن مجید کے اوراق کسی کپڑے وغیرہ کے ساتھ الٹ لیا کریں۔

## معذور کی نماز کس طرح ہوتی ہے؟

س..... جناب میں پیشاب کی بیماری میں مبتلا ہوں پانچوں وقت کی نماز ادا کرتا ہوں۔ اور قرآن مجید بھی بلاناغہ پڑھتا ہوں۔ مسئلہ یہ ہے کہ میں جب بھی پیشاب کر کے اٹھوں یا استنجا کر کے اٹھوں پیشاب کے قطرے کپڑوں میں گر جاتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ میں گیس ٹربل کا مریض بھی ہوں اور منٹ منٹ بعد مجھے گیس بھی خارج ہو جاتی ہے۔ میں نے نماز کی کتابوں میں پڑھا ہے کہ نماز میں ریح کو روکنا نہیں چاہئے اور اگر استنجا کرنے کے بعد بھی پیشاب گر جائے تو نماز کی کیا صورت ہوگی؟ یہ نماز معذور کی نماز ہوگی یا نہیں؟ بعض اوقات شیطان حملہ کرتا ہے کہ ایسی صورت میں نماز نہ پڑھا کروں

مگر میں نماز چھوڑنا نہیں چاہتا۔ ہر نماز میں تازہ وضو کرتا ہوں جمعہ کو دو دفعہ وضو کرتا ہوں میری اس پریشانی کو دور کر کے مشکور فرمائیں۔ مہربانی ہوگی۔

ج..... نماز تو آپ نہ چھوڑیں' آپ کے حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ شرعاً معذور ہیں ہر نماز کے وقت کیلئے ایک دفعہ وضو کرلینا کافی ہے نماز کے لئے کپڑا الگ رکھا کریں اگر وہ نماز کے دوران ناپاک ہوجائے تو بعد میں اتنا حصہ دھولیا کریں۔

## اگر پاؤں ٹخنے سے کٹا ہوا ہو تو مصنوعی پاؤں کو دھونا ضروری نہیں

س..... میں ایک پیر سے معذور ہوں وہ ایک حادثہ میں ضائع ہوگیا تھا میں مصنوعی ٹانگ لگا کر دفتر جاتا ہوں۔ دفتر میں ظہر کی نماز ادا کرنے کیلئے یہ ممکن نہیں کہ میں پیر کو کھول کر وضو کروں اور کسی جگہ پر بیٹھ کر نماز ادا کر سکوں ایسی صورت میں تیمم کر کے کرسی پر بیٹھ کر نماز ادا کر سکتا ہوں؟ اکثر شادی کی تقریبات یا کسی کی موت پر اگر جاؤں تو وہاں بھی یہی مشکل پیش ہوتی ہے کہ نماز کس طرح ادا کروں؟ اس لئے مجھے کوئی ایسا طریقہ بتائیں جس سے نماز ادا کر سکوں؟

ج..... ٹخنے کے اوپر سے اگر پاؤں کٹا ہوا ہے تو مصنوعی پاؤں کھولنے کی ضرورت نہیں' کیونکہ اس پاؤں کا دھونا ساقط ہوچکا ہے۔ اگر آپ بیٹھ کر سجدہ کر سکتے ہیں تو کرسی پر بیٹھ کر اشارہ کافی نہیں۔ اور اگر رکوع اور سجدہ دونوں اشارے سے ادا کرتے ہیں تو کرسی پر بیٹھ کر اشارہ کرنا بھی صحیح ہے۔

## بیماری کی وجہ سے وضو نہ ٹھہرنے پر ادائیگی نماز

س..... آپ نے ایک صاحب کے سوال کے جواب میں بیان کیا تھا کہ حالت مجبوری میں نماز قضا نہیں کرنی چاہئے جبکہ حالت مجبوری میں وضو ہی نہیں ہوتا۔ مہربانی فرما کر اس کے بارے میں تفصیل سے جواب دے کر شکریہ کا موقع دیں؟

ج..... یہ آپ کو کسی نے غلط بتایا' شریعت کا حکم یہ ہے کہ اگر کسی کا وضو بیماری کی وجہ سے نہ ٹھہرتا ہو تو وہ معذور کہلائے گا۔ اور نماز کے وقت اس کو ایک بار وضو کرلینا کافی ہے۔ اس کے بعد وقت کے اندر جتنی نمازیں چاہے پڑھتا رہے اس خاص عذر کی وجہ سے اس کا وضو نہیں ٹوٹے گا اور جب نماز کا وقت نکل جائے تو اس کا وضو ٹوٹ جائے گا اب دوبارہ وضو کرلے۔ مثلاً کسی معذور نے فجر کے وقت وضو کیا تو جب سورج نکل آیا تو اس کا وضو ختم ہوگیا۔ سورج نکلنے کے بعد جب وضو کرے تو ظہر کی نماز کا وقت ختم ہونے تک اس کا وضو رہے گا اور جب ظہر کا وقت ختم ہوا تو اس کا وضو بھی جاتا رہا۔ الغرض ہر وقت نماز کے لئے ایک بار وضو کرلیا کرے' بس کافی ہے اس دوران اس خاص عذر کی وجہ سے اس کے وضو میں فرق نہیں آئے گا۔ ہاں کسی اور وجہ سے وضو ٹوٹ جائے تو اور بات ہے۔

## پیشاب پاخانہ کی حاجت کے باوجود نماز ادا کرنا مکروہ ہے

س..... میرا ایک مسئلہ یہ ہے کہ مجھے قبض رہتا ہے جس کی وجہ سے نماز نہیں پڑھ سکتی۔ جب میں نماز پڑھنے کھڑی ہوتی ہوں تو حاجت پیش آتی ہے تو میں دوبارہ وضو کر لیتی ہوں لیکن کبھی ایسا ہوتا ہے کہ نیت باندھنے کے بعد حاجت ہوتی ہے پھر بھی میں نماز پوری پڑھ لیتی ہوں۔ میں پوچھنا یہ چاہتی ہوں کہ کیا اس حالت میں مجھے نماز پڑھنی چاہئے یا نہیں؟ اگر نہیں پڑھنی چاہئے تو یہ بتائیں کہ وضو کرنے کے بعد کچھ رکعت پڑھنے کے بعد اگر وضو ٹوٹ جاتا ہے تو کیا دوبارہ وضو کر کے نماز پڑھی جائے یا وہیں سے جہاں سے ٹوٹی تھی؟

ج..... پیشاب پاخانے کا تقاضا ہو تو نماز مکروہ تحریمی ہے۔ اگر وضو ٹوٹ جائے تو وضو کر کے دوبارہ نیت باندھنی چاہئے۔

## لیکوریا کے مرض والی عورت نماز کس طرح ادا کرے؟

س..... آج کل خواتین میں لیکوریا کی بیماری عام ہے اور تقریباً سو میں سے ۸۰' ۸۵ فیصد خواتین اسی بیماری میں مبتلا ہیں۔ آپ سے پوچھنا یہ ہے کہ کیا ایسی صورت میں نماز انہی کپڑوں میں پڑھ لینی چاہئے' یا پھر کپڑے بدلنا ہوں گے؟ نجاست اگر کپڑے پر ہو اور اسے دھولیں تب انہی کپڑوں سے نماز پڑھ سکتے ہیں؟ نماز پڑھتے وقت اگر نجاست خارج ہو جائے تو نماز لوٹانا ہو گی؟

ج..... اس مرض میں خارج ہونے والا پانی ناپاک ہوتا ہے۔ جو کپڑا اس سے آلودہ ہو جائے اس میں نماز نہ پڑھی جائے۔ البتہ کپڑے کے ناپاک حصے کو دھو کر پاک کر لیا جائے تو اس میں نماز درست ہے۔

جہاں تک نماز لوٹانے کا تعلق ہے' اس کے لئے معذور کا مسئلہ سمجھ لینا چاہئے۔ جس شخص کا کسی مرض کی وجہ سے وضو نہ ٹھہرتا ہو وہ معذور کہلاتا ہے۔ ایک شرط معذور بننے کیلئے ہے اور ایک معذور رہنے کیلئے۔ معذور بننے کیلئے شرط یہ ہے کہ نماز کے پورے وقت میں اس کو اتنی مہلت نہ ملے کہ وہ طہارت کے ساتھ نماز پڑھ سکے۔ ایسے شخص کا حکم یہ ہے کہ وہ ہر نماز کے وقت ایک بار وضو کر لیا کرے جب تک وہ وقت باقی ہے اس خاص عذر کی وجہ سے اس کا وضو ساقط نہیں ہو گا۔ جب وقت نکل جائے تو دوبارہ وضو کر لے جب کوئی شخص ایک بار معذور بن جائے تو اس کے معذور رہنے کی حد یہ ہے کہ وقت کے اندر اس کو کم از کم ایک بار یہ عذر پیش آئے۔ اگر پورا وقت گزر گیا اور اس کو یہ عذر پیش نہیں آیا تو یہ معذور نہیں ہے۔

پس جن خواتین کو ایام سے پاک ہونے کے بعد لیکوریا کی اتنی شدت ہو کہ وہ پورے وقت کے

اندر طہارت کے ساتھ نماز نہیں پڑھ سکتیں' ان پر معذور کا حکم جاری ہو گا اور ان کو ہر نماز کے وقت ایک بار وضو کر لینا کافی ہو گا۔ لیکن اگر اتنی شدت نہ ہو تو وہ معذور نہیں۔ اگر وضو کے بعد نماز سے پہلے یا نماز کے اندر پانی خارج ہو جائے تو ان کو دوبارہ وضو کر کے نماز پڑھنا ضروری ہو گا۔

## قطرہ قطرہ پیشاب آنے پر ادائیگی نماز

س..... زید کو تکلیف ہے کہ پیشاب قطرہ قطرہ ہو کر آتا رہتا ہے کپڑے پاک نہیں رہ سکتے تو وہ نماز پڑھنے کے لئے کیا کرے؟

ج..... ہر نماز کے وقت کیلئے وضو کر لیا کرے اور نماز کے لئے صاف چادر ساتھ رکھا کرے۔ نماز سے فارغ ہو کر اس کو اتار دیا جائے لیکن اگر کبھی چادر نہ ہو تو پاجامہ کا اتنا حصہ جس کے بارے میں اندیشہ ہو کہ وہ ناپاک ہو گیا ہو گا' وقتاً فوقتاً دھو لیا کرے۔ بہر حال جس طرح بھی بن پڑے وہ نماز ضرور پڑھے۔

## ریح کی معذوری کے ساتھ جماعت میں شرکت

س..... تحقیق کے اعتبار سے انسانی زندگی میں پاخانہ پیشاب اور ریح وغیرہ کا بننا اور خارج ہونا فطری تقاضا ہے ان کے اخراج کو روکنا طب کے اعتبار سے انتہائی مضر ہے حتیٰ کہ اگر ریح کے روکنے سے اس کا رخ دل کی طرف ہو جائے تو حرکت قلب بند ہو جانے سے موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔ علاوہ ازیں اس کے روکنے سے نماز میں خلل بھی پیدا ہوتا ہے جس کی وجہ سے بھی جب دجوع قلب نہ ہو تو نماز باطل ہو سکتی ہے لہٰذا جب خدا خود ارشاد فرماتا ہے کہ دین میں جبر نہیں تو پھر ہم کس طور پر اخراج کو روکنے سے اپنے آپ کو فطری تقاضوں پر ظلم کر کے مہلک امراض میں مبتلا ہونے کی دعوت دیتے ہیں ان چیزوں کی تکمیل میں بھی تو مشیت کا ہاتھ ہے۔ علاوہ ازیں جس شخص کو ریح کے اخراج کا شدید عارضہ لاحق ہو تو پھر کب تک وضو کرتا رہے گا' نماز توڑتا رہے گا؟ چنانچہ اللہ تعالیٰ بحالت مجبوری معاف بھی کر سکتا ہے ہاں اتنا ضرور ہے کہ ایسے شخص کو احتیاط سے کام لے کر آخری صف میں نماز ادا کرنا انتہائی مستحسن معلوم ہوتا ہے تاکہ دوسرے نمازیوں کی نماز میں خلل نہ پیدا ہو؟

ج..... ایسا شخص جس کا وضو نہ ٹھہرتا ہو' معذور کہلاتا ہے۔ معذور بننے کیلئے یہ شرط ہے کہ اس پر نماز کا پورا وقت اس حال میں گزر جائے کہ وہ پورے وقت میں فرض رکعتیں بھی بغیر عذر کے نہ پڑھ سکے اور جب ایک دفعہ معذور بن گیا تو معذور رہنے کیلئے یہ شرط ہے کہ پورے وقت میں اس کو کم سے کم ایک بار یہ عذر ضرور پیش آئے۔ اگر پورا وقت گزر گیا اور اس کو یہ عذر پیش نہیں آیا (مثلاً ریح صادر

نہیں ہوئی) تو یہ شخص معذور نہیں رہا معذور کا حکم یہ ہے کہ اس کیلئے ہر نماز کے وقت کیلئے ایک بار وضو کرلینا کافی ہے۔ اس عذر کی وجہ سے اس کا وضو نہیں ٹوٹے گا اور جب وقت نکل جائے تو اس کا وضو ٹوٹ جائے گا اب دوسرے وقت کیلئے دوسرا وضو کرے۔

# نمازِ وتر

## تہجد کے وقت وتر پڑھنا افضل ہے

س..... فرض نماز مسجد میں جماعت کے ساتھ پڑھنی چاہئے اور نفل نماز گھر میں، اس بارے میں حدیث بھی ہے۔ مزید معلومات کے لئے آپ سے رجوع کیا ہے اگر وتر تہجد کے وقت پڑھیں تو کیسا ہے۔ عشاء کے وقت افضل ہے یا تہجد کے وقت افضل ہے؟

ج..... جو شخص جاگنے کا بھروسہ رکھتا ہو اس کیلئے تہجد کے وقت وتر پڑھنا افضل ہے اور جو بھروسہ نہ رکھتا ہو اس کیلئے عشاء کے بعد پڑھ لینا بہتر ہے۔

## بغیر عذر کے وتر بیٹھ کر ادا کرنا صحیح نہیں

س..... اگر کسی وجہ سے نماز بیٹھ کر پڑھے تو کیا عشاء کی نماز میں وتر بھی بیٹھ کر پڑھے یا کھڑے ہو کر؟

ج..... بغیر عذر کے فرض اور وتر بیٹھ کر ادا کرنے سے نماز نہیں ہوگی۔ اور اگر کھڑے ہونے پر قدرت نہ ہو تو مجبوری ہے۔

## ایک رکعت وتر پڑھنا صحیح نہیں

س..... کیا تین وتر کے بجائے ایک وتر بھی پڑھ سکتے ہیں؟

ج..... نہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے صرف ایک رکعت پر اکتفا کرنا ثابت نہیں بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول مبارک تین رکعات وتر کا تھا۔ جیسا کہ متعدد احادیث میں آیا ہے اس لئے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک تنہا ایک رکعت وتر نہیں اس مسئلہ کی بقدر ضرورت تفصیل میری کتاب "اختلاف امت اور صراط مستقیم حصہ دوم" میں ملاحظہ فرمائی جائے۔

## وتر کی تیسری رکعت میں دعائے قنوت بھول جانا

س..... نمازِ وتر کی تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ اور دوسری سورۃ پڑھنے کے بعد اللہ اکبر کہہ کر کانوں کی لو کو ہاتھ لگا کر دوبارہ ہاتھ باندھ کر دعاء قنوت پڑھنی ہے اس کے بعد رکوع میں جانا ہے اگر کوئی سورۃ فاتحہ اور دوسری سورۃ پڑھ کر رکوع میں مکمل جھک گیا ہے اور اسے فوراً ہی یاد آجاتا ہے کہ میں نے دعا قنوت پڑھنی تھی۔ کیا وہ رکوع سے واپس آسکتا ہے؟ جبکہ اس نے رکوع کی ایک تسبیح بھی نہیں پڑھی تھی دوسری صورت میں ایک تسبیح رکوع میں پڑھ چکا ہے اس مسئلہ کا کیا حل ہے؟ آیا وہ مکمل رکوع کرنے کے بعد سجدہ سہو کرے یا رکوع سے واپس آکر دعاء قنوت پڑھے اور بعد میں سجدہ سہو کرے۔

ج..... اگر رکوع میں چلا گیا یا اس کے قریب پہنچ گیا کہ دونوں ہاتھ گھٹنوں کو لگ گئے تو واپس نہ لوٹے بلکہ آخر میں سجدہ سہو کرلے۔ اور اگر اتنا نہیں جھکا تھا کہ گھٹنوں تک ہاتھ پہنچ جائیں تو کھڑا ہو کر قنوت پڑھ لے اس صورت میں سجدہ سہو نہیں۔

## وتر میں دعائے قنوت کے بجائے قل ھو اللہ پڑھنا

س..... کیا وتر میں دعائے قنوت کی جگہ تین دفعہ سورۃ اخلاص پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

ج..... دعائے قنوت یاد کرنی چاہئے جب تک وہ یاد نہ ہو ربنا آتنا والی دعا پڑھ لیا کریں۔ یا کم از کم اللھم اغفرلی تین مرتبہ کہہ لیا کریں۔ سورۃ اخلاص دعائے قنوت کی جگہ نہیں پڑھی جاتی۔

## رمضان کے وتروں میں مقتدی کیلئے دعائے قنوت

س..... رمضان شریف میں جب امام کے پیچھے نمازِ وتر پڑھی جاتی ہے تو کیا مقتدی کو بھی دعائے قنوت پڑھنی چاہئے؟

ج..... دعائے قنوت کا پڑھنا امام اور مقتدی دونوں پر واجب ہے اس لئے مقتدیوں کو دعائے قنوت ضرور پڑھنی چاہئے۔

## وتر کی تیسری رکعت میں سورۃ اخلاص پڑھنا ضروری نہیں

س..... نمازِ وتر کی تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پڑھتے ہیں پھر تکبیر کے لئے کانوں کی لو کو ہاتھ لگا کر دوبارہ ہاتھ باندھ کر دعائے قنوت پڑھتے ہیں۔ کیا یہ لازمی ہے کہ وتروں کی تیسری رکعت میں سورۃ اخلاص ہی پڑھنی چاہئے یا کوئی اور سورۃ بھی پڑھ لی جائے تو کوئی گناہ تو نہیں؟

ج...... وتر کی تیسری رکعت میں سورۃ اخلاص ہی پڑھنا ضروری نہیں کوئی اور سورۃ بھی پڑھ سکتے ہیں۔

## وتر کی تیسری رکعت میں الحمد دوبارہ نہ پڑھیں

س...... وتر نماز میں تیسری (آخری) رکعت میں دوبارہ تکبیر کے بعد "الحمد شریف" اور کوئی سورۃ لگا کر "دعائے قنوت" پڑھنی چاہئے یا صرف دعائے قنوت پڑھ لینی چاہئے؟

ج...... تیسری رکعت میں پہلے الحمد شریف اور کوئی سورۃ پڑھی جائے۔ پھر تکبیر کہہ کر صرف دعائے قنوت پڑھی جائے' دعائے قنوت والی تکبیر کے بعد دوبارہ فاتحہ نہیں پڑھی جاتی۔

## غیر رمضان میں نماز وتر کی جماعت کیوں نہیں ہوتی؟

س...... نماز وتر رمضان کے علاوہ با جماعت کیوں نہیں پڑھی جاتی؟

ج...... صحابہ کرامؓ کے وقت سے یوں ہی چلا آیا ہے۔

## عشاء کی فرض نماز چھوٹنے پر کیا وتر با جماعت پڑھ سکتے ہیں؟

س...... اگر کوئی شخص عشاء کی فرض نماز کے بعد آتا ہے یعنی اس کی جماعت نکل گئی تو کیا وہ تراویح کے بعد با جماعت وتر نہیں پڑھ سکتا؟ ذرا تفصیل سے اور حوالے سے بتائیں۔

ج...... علامہ شامیؒ نے قہستانی کے حوالے سے لکھا ہے کہ جس شخص نے فرض جماعت کے ساتھ نہ پڑھے ہوں (بلکہ علیحدہ پڑھے ہوں) وہ وتر کی جماعت میں شریک نہیں ہو سکتا لیکن یہ قول ضعیف ہے۔ صحیح یہ ہے کہ شریک ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ علامہ طحطاویؒ نے درمختار کے حاشیہ میں تصریح کی ہے اور اگر فرض کی جماعت ہی نہیں ہوئی تو وتر کی نماز با جماعت پڑھنا صحیح نہیں۔

## کیا وتر کے بعد کوئی بھی نماز نہیں پڑھ سکتے؟

س...... اجعلوا الصلوٰۃ العشاء الأخرۃ الوتر "عشاء کی وتروں کے بعد کوئی نماز نہیں پڑھنی چاہئے" (بخاری شریف) یہ سوال ایک عالم دین نے کیا ہے کہ وتروں کے بعد کوئی نماز نہیں پڑھنی چاہئے حالانکہ بڑے بڑے عالم حضرات بھی وتروں کے بعد نماز پڑھتے ہیں اس کی کیا حقیقت ہے؟


ج...... آپ نے جو لفظ نقل کئے ہیں وہ تو حدیث کی کسی کتاب میں نہیں صحیح بخاری شریف (۱۔ ۱۳۶) میں یہ ارشاد نقل کیا ہے "اجعلوا آخر صلوٰتکم باللیل وترا" یعنی رات کی نماز (جس سے مراد نماز تہجد ہے) کے آخر میں وتر پڑھا کرو یہ حکم عام اہل علم کے نزدیک استحباب کے لئے ہے اور

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے وتر کے بعد دو رکعتیں پڑھنا ثابت ہے۔ مگر عام معمول وتر کے بعد نفل پڑھنے کا نہیں تھا۔ اس لئے اگر کوئی وتر کے بعد نفل پڑھتا ہے تو اسے منع نہ کیا جائے۔ البتہ عام لوگ یہ نفل بیٹھ کر پڑھتے ہیں یہ غلط ہے۔ یہ نفل بھی کھڑے ہو کر پڑھنے چاہئیں۔

## اگر وتر اور تہجد کی نماز رہ جائے تو؟

س..... میں روزانہ تہجد کی نماز پڑھتی ہوں اس لئے عشاء میں وتر چھوڑ دیتی ہوں اور تہجد کے بعد پڑھتی ہوں۔ آج رات ہم دیر سے اٹھے سحری ختم ہو چکی تھی اس لئے تہجد کی نماز رہ گئی اب وتر جو میں نے چھوڑے ہیں اور تہجد کی نماز بھی کیا اس کی قضا پڑھ سکتی ہوں؟

ج..... اگر دیر سے آنکھ کھلے اور صبح صادق ہونے میں کچھ وقت ہو تو وتر تو صبح صادق سے پہلے پڑھ لینے ضروری ہیں۔ اور اگر صبح صادق کے بعد آنکھ کھلے تو فجر کی سنتوں سے پہلے وتر پڑھ لینے چاہئیں نفل کی قضا نہیں ہوتی لیکن جس شخص کی تہجد رہ گئی ہو وہ اشراق کے وقت تہجد کے نفل پڑھ لے انشاء اللہ اس کو تہجد کا ثواب مل جائے گا۔



# سنت نمازوں کی ادائیگی

## سنت موکدہ اور غیر موکدہ

س..... سنت موکدہ اور غیر موکدہ کسے کہتے ہیں؟

ج..... جس چیز کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اکثر پابندی فرمائی ہو اور جس کے ترک کو لائق ملامت قرار دیا گیا ہو وہ سنت موکدہ ہے۔ اور جس چیز کی ترغیب دی گئی ہو مگر اس کے چھوڑنے پر ملامت نہ کی گئی ہو وہ سنت غیر موکدہ ہے۔ اور اسی کو مستحب اور مندوب بھی کہا جاتا ہے۔

## سنن و نوافل کیوں اور کس کیلئے پڑھے جاتے ہیں؟

س..... نماز ہم پر فرض ہے اس کو ہم پڑھتے ہیں۔ فرض کے علاوہ سنتیں کیوں ضروری ہیں؟ فرض اللہ کے واسطے اور سنتیں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے ہیں' یہ واسطے پر بھی ذرا روشنی ڈالئے تاکہ مسئلہ معلوم ہو جائے؟

ج..... نماز تو چاہے فرض ہو چاہے سنت و نفل ہو سب اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہوتی ہیں۔ یہ خیال غلط ہے کہ سنتیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہیں۔ فرض نماز میں جو کمی (یعنی خشوع و خضوع میں جو کمی) رہ جاتی ہے اس کو پورا کرنے کیلئے سنتیں اور نفل ہیں۔

## کیا آج کے مشینی دور میں صرف فرض پڑھ لینا کافی ہے؟

س..... کیا فرض نمازوں میں صرف فرض ادا کرنے سے نماز ہو جاتی ہے؟ جبکہ سنت' نفل' وتر واجب نہ پڑھے جائیں' ہمارے ایک عزیز کا کہنا ہے کہ آج کے مشینی دور میں کس کو اتنی فرصت ہے کہ سنتیں

ونفل بھی پڑھے۔ نیز غیر ممالک جو کہ اسلامی ہیں' مسلمان عورتیں و مرد اسی طریقہ سے صرف فرض پڑھ کر نماز ادا کرتے ہیں۔ اور اگر انہیں منع کیا جائے تو کہتے ہیں کہ انسان کی نیت درست ہونی چاہئے اور بالکل ہی نماز چھوڑ دینے سے بہتر ہے صرف فرض ہی پڑھ لئے جائیں۔ کیا نماز پڑھنے کا یہ طریقہ درست ہے؟

ج..... فرض تو فرض ہے اور وتر کی نماز واجب ہے۔ گویا عملاً وہ بھی فرض ہے اس کا چھوڑنا گناہ ہے۔ اور اگر وقت پر نہ پڑھ سکے تو قضا لازم ہے۔ سنت موکدہ کا چھوڑنا برا ہے اور اس کے چھوڑنے کی عادت بنالینا بھی گناہ ہے۔ سنت غیر موکدہ اور نوافل میں اختیار ہے خواہ پڑھے' یا چھوڑ دے۔

مشینی دور کی مصروفیات کے باوجود خرافات کے لئے' گپ شپ کیلئے' تفریح کیلئے اور نامعلوم کن کن چیزوں کیلئے وقت نکالا جاتا ہے' تو مشینی دور کی عدیم الفرصتی کا نزلہ نماز ہی پر کیوں گرایا جائے؟ رہا یہ کہ "آدمی کی نیت درست ہونی چاہئے" بالکل بجا ہے لیکن اس سے یہ کیسے لازم آیا کہ آدمی کا عمل خراب ہونا چاہئے۔ نیت کے ساتھ عمل کا درست ہونا بھی تو ضروری ہے۔ ورنہ نری نیت سے کیا ہو گا؟

## سنت موکدہ کا ترک کرنا کیسا ہے؟

س..... سنت موکدہ کن مجبوریوں کی بنا پر ترک کی جا سکتی ہے کیا انہیں وقت گزرنے کے بعد بھی ادا کیا جا سکتا ہے؟

ج..... سفر' مرض یا وقت کی تنگی کی وجہ سے نہ پڑھ سکے تو دوسری بات ہے ورنہ سنت موکدہ کا ترک کرنا بہت برا ہے۔ وقت گزرنے کے بعد سنت کی قضا نہیں ہو سکتی اور فجر کی سنتیں نصف النہار سے پہلے پہلے پڑھ لینی چاہئیں۔

## سنتیں گھر میں پڑھنا افضل ہے یا مسجد میں؟

س..... سنتیں آدمی مسجد میں بھی پڑھ سکتا ہے اور گھر پر بھی۔ سنا ہے گھر پر پڑھنا افضل ہے؟

ج..... گھر پر سنتیں پڑھنا افضل ہے۔ مگر اس کیلئے شرط یہ ہے کہ گھر کا ماحول پر سکون ہو اور اس کو گھر جاتے ہی گھریلو کاموں کی تشویش لاحق نہ ہو جائے اگر ایسا اندیشہ ہو تو مسجد میں سنتیں پڑھنا افضل ہے۔

## کیا سنت و نفل نماز میں وقت نماز کی نیت شرط ہے؟

س..... کیا سنت اور نوافل میں بھی وقت نماز کی نیت کرنی چاہئے؟

ج...... سنت ونفل کے لئے مطلق نماز کی نیت کافی ہے۔ اس میں وقت اور رکعات کی نیت کرنے کی ضرورت نہیں۔

## سنت، نفل، وتر کی اکٹھی نیت درست نہیں

س...... کیا ہم اکٹھی رکعت کی نیت باندھ سکتے ہیں؟ یعنی مثلاً عشاء کی نماز کے فرض امام کے ساتھ پڑھ کر باقی ۲ سنت، ۲ نفل، ۳ وتر، ۲ نفل کی ایک ہی دفعہ نیت باندھ لی جائے۔
ج...... سنت، نفل، وتر الگ الگ نمازیں ہیں ان کی اکٹھی نیت باندھنا درست نہیں۔

## کیا سنت نماز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے پڑھی جاتی ہے؟

س...... فرض نماز اور سنت کی نیت میں کیا فرق ہے کیونکہ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ فرض اللہ تعالیٰ کیلئے اور سنت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے پڑھی جاتی ہے، کیا یہ درست ہے؟
ج...... سنت نماز بھی اللہ تعالیٰ ہی کیلئے پڑھی جاتی ہے۔ مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی میں پڑھی جاتی ہے۔ اس لئے فرض اور سنت کی نیت میں کوئی فرق نہیں۔ بس ایک کے لئے فرض کی نیت کی جاتی ہے اور دوسری کیلئے سنت کی۔ عبادت دونوں میں اللہ تعالیٰ کیلئے ہوتی ہے۔

## فرض سے پہلے وتر اور سنتیں پڑھنا صحیح نہیں

س...... ہمارے گاؤں میں دو شخص عشاء کی سنت موکدہ اور وتر فرضوں سے پہلے یعنی جماعت ہونے سے پہلے پڑھ لیتے ہیں اور جماعت دیر سے ہوتی ہے اس لئے وہ ایسا کرتے ہیں آیا اس طرح نماز ہو جاتی ہے؟
ج...... یہ تو ظاہر ہے کہ فرض کے بعد کی موکدہ سنتیں تو بعد ہی میں ہو سکتی ہیں۔ کیونکہ وہ فرض کے تابع ہیں یہی وجہ ہے کہ اگر فرض وسنت پڑھنے کے بعد پتہ چلا کہ فرض نماز نہیں ہوئی تو فرض کے ساتھ بعد کی سنتیں بھی دوبارہ پڑھی جائیں گی۔ جب تک فرض نماز ہی نہیں پڑھی، بعد کی سنتیں کیسے ادا ہو سکتی ہیں؟ وتر کی نماز اگرچہ مستقل نماز ہے، فرض کے تابع نہیں لیکن عشاء اور وتر میں ترتیب لازم ہے، اس لئے وتر کا عشاء کے فرض سے پہلے ادا کرنا صحیح نہیں۔ البتہ اگر فرض سنت اور وتر ادا کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ فرض نماز کسی وجہ سے صحیح نہیں ہوئی تھی تو فرض اور سنت کا اعادہ لازم ہے۔ مگر وتر صحیح ہو گئے۔

## کیا فجر کی سنتوں کی بھی قضا ہوتی ہے؟

س..... قضا نماز میں صرف فرض پڑھے جاتے ہیں مگر بعض لوگ کہتے ہیں کہ فجر کی نماز قضا ہو جائے تو اس کی سنتیں بھی پڑھنی چاہئیں۔ اگر یہ اس وجہ سے ہے کہ فجر کی سنتیں موکدہ ہیں تو پھر ظہر کی بھی موکدہ ہیں کیا ان کی بھی قضا پڑھنی چاہئے؟

ج..... فجر کی سنتوں کی تاکید بہت زیادہ ہے۔ اس لئے اگر نماز فجر فوت ہو جائے تو سورج طلوع ہونے کے بعد زوال سے پہلے اس کو سنتوں سمیت پڑھنے کا حکم ہے۔ لیکن اگر زوال سے پہلے نماز فجر قضا نہیں کی تو بعد میں صرف فرض پڑھے جائیں۔ وقت نکل جانے کے بعد فجر کی سنتوں کے علاوہ باقی کسی سنت کی قضا نہیں۔

## قضا سنت کی نیت کس طرح کریں؟

س..... محترم آپ نے فرمایا ہے کہ فجر کی نماز اگر قضا ہو جائے تو دوپہر سے پہلے سنتوں کے ساتھ قضا کرنی چاہئے۔ تو محترم سوال یہ ہے کہ قضا سنتوں کی نیت کس طرح ہوگی؟

ج..... بس سنت فجر کی نیت کر لینا کافی ہے۔

## فجر کی سنتیں رہ جائیں تو بعد طلوع پڑھیں

س..... اخبار جنگ میں "آپ کے مسائل اور ان کا حل" کے زیر عنوان آپ نے تحریر فرمایا تھا کہ "صبح صادق کے بعد سنت فجر کے علاوہ نوافل مکروہ ہیں۔ سنتوں سے پہلے بھی اور بعد بھی"۔ اس سلسلہ میں وضاحت طلب بات یہ ہے کہ اگر کسی کی سنتیں رہ جائیں اور وہ سنتیں پڑھے بغیر فجر کی جماعت میں شریک ہو جائے تو یہ بتایا گیا ہے کہ اب سورج طلوع ہونے کے بعد سنتیں پڑھے تو جب صرف نوافل مکروہ ہیں تو سنتوں پر یہ پابندی کیوں ہے؟ سنتیں تو نوافل کی تعریف میں نہیں آتیں۔

ج..... اس مسئلہ میں سنتوں اور نفلوں کا ایک ہی حکم ہے۔ فرض کے بعد طلوع سے پہلے فجر کی سنتیں پڑھنا بھی درست نہیں۔

## نماز فجر کے بعد فجر کی سنتیں ادا کرنا

س..... نماز فجر کی دو رکعت سنت کے بارے میں سنا ہے کہ یہ فرض نماز سے قبل لازماً ادا کرنی چاہئے۔ لیکن ہمارے محلہ کی مسجد میں یہ اکثر دیکھا جاتا ہے کہ نمازی حضرات مذکورہ سنتوں کو چھوڑ کر فرض نماز با جماعت پہلے پڑھتے ہیں اور نماز فرض مکمل ہونے پر اکیلے کھڑے ہو کر دو رکعت سنت ادا کر لیتے

ہیں؟

ج..... فقہ حنفی کا مسئلہ یہ ہے کہ اگر جماعت کی دوسری رکعت (بلکہ تشہد بھی) مل جانے کی توقع ہو تو کسی الگ جگہ پر فجر کی سنتیں پہلے ادا کرے، تب جماعت میں شریک ہو۔ ورنہ جماعت میں شریک ہو جائے اور سنتیں سورج نکلنے کے بعد اشراق کے وقت پڑھے۔ فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک نفل نماز ممنوع ہے۔ البتہ قضا نمازیں، سجدۂ تلاوت اور نماز جنازہ جائز ہے۔

## فجر کی سنتوں کی تقدیم و تاخیر پر علمی بحث

س..... دو سنت فجر، فرض نماز کھڑی ہونے کے بعد پڑھنا کیسا ہے؟ اس سلسلے میں ایک دفعہ آپ کو تحریر کیا تھا جس میں حضرت نے کہا تھا کہ حدیث تقریری پر حدیث قولی مقدم ہوتی ہے اور صحابہؓ کے آثار بھی موجود ہیں کہ قیام فرض کے بعد، جماعت میں شامل ہونے سے قبل دو سنت پڑھنا بہتر ہے ورنہ طلوع شمس کے بعد پڑھے۔

۱..... قولی حدیث کہ سنت فجر بعد طلوع شمس پڑھو۔ (ترمذی جلد ۱)

۲..... قولی حدیث کہ سنت فجر بعد جماعت پڑھو، اگر جماعت کھڑی ہو جائے۔ (صحاح ستہ کی کسی کتاب میں ہے)

۳..... فرض نماز کھڑی ہونے کے بعد کوئی نماز نہیں۔

۴..... سنت کو جماعت کے درمیان پڑھنا مکروہ ہے (درمختار جلد ۱)

۵..... صبح کے فرض کے بعد سنت پڑھ سکتا ہے۔ (ہدایہ جلد ۱۔ شرح وقایہ)

۶..... جس نے فجر تنہا شروع کی اور پھر تکبیر کہی گئی تو نماز توڑ ڈالے اگرچہ ایک رکعت پڑھ چکا ہو۔ (شرح وقایہ، ہدایہ)

(جب فرض نہیں پڑھ سکتا تو سنت کیوں پڑھے)

اب صرف یہ پوچھنا ہے کہ قولی حدیث دونوں طرف ہے۔ تقریری حدیث کا قاعدہ ساقط ہو گیا۔

ہماری فقہ بھی اس بات کی اجازت دے رہی ہے کہ صبح کی نماز کے بعد دو سنت پڑھ سکتا ہے اگر بوقت ضرورت ہم بھی ایسا ہی کر لیں تو کیا حرج ہے؟ اگر وقت ہو تو بعد طلوع شمس ادا کر لیں۔

ج..... ہمارے ائمہ کے نزدیک بالاتفاق فجر کی قضا شدہ سنتوں کو فرض کے بعد طلوع آفتاب سے پہلے پڑھنے کی اجازت نہیں۔ آپ نے نمبر ۵ پر ہدایہ اور شرح وقایہ کے حوالے سے جو لکھا ہے کہ "صبح کے فرض کے بعد سنت پڑھ سکتا ہے۔" یہ صحیح نہیں۔ میں نے ہدایہ شرح وقایہ دونوں کو دیکھا، دونوں میں ممانعت لکھی ہے۔ ہدایہ کی عبارت یہ ہے

واذا فاتته رکعتا الفجر لا یقضیهما قبل طلوع الشمس لانه یبقی نفلاً مطلقاً وهو مکروه بعد الصبح

(ہدایہ ص:۱۳۲ ج۱- باب ادراک الفریضہ)

۱- قولی حدیث طلوعِ شمس کے بعد پڑھنے کی ترمذی (ص۵۷ ج۱- باب ماجاء فی اعادتهما بعد طلوع الشمس) کی ہے۔

یہ روایت مستدرک حاکم (ص۲۷۴ ج۱) میں بھی ہے۔ امام حاکم اور علامہ ذہبی نے اس کو "صحیح" کہا ہے۔

۲- قولی حدیث "سنت فجر بعد نماز پڑھو" مجھے کسی کتاب میں نہیں ملی۔ البتہ ایک واقعہ ابوداؤد اور ترمذی میں ہے کہ "ایک شخص نے فجر کی نماز کے بعد سنتیں پڑھیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "صبح کی چار رکعتیں ہیں؟" اس نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے فجر کی سنتیں نہیں پڑھی تھیں۔ "فرمایا "فلا اذن" (پھر نہیں)۔ یہ روایت اول تو کمزور ہے علاوہ ازیں ہمارے نزدیک اس کا یہ مطلب ہے کہ "تب بھی جائز نہیں۔"

۳- یہ حدیث صحیح ہے کہ "جب فرض نماز کی اقامت ہوجائے تو فرض کے سوا کوئی اور نماز نہیں" اسی لئے ہمارے ائمہ احناف فرماتے ہیں کہ مسجد میں نہ پڑھی جائیں، بلکہ خارج مسجد یا کسی اوٹ میں پڑھی جائیں۔ جیسا کہ آپ نے نمبر۴ میں درمختار سے نقل کیا ہے۔ عین صف میں پڑھنا مکروہ ہے۔

۵- جماعت کی نماز کھڑی ہوجائے تو فرض نماز توڑ کر جماعت میں شامل ہونے کا حکم ہے۔ کیونکہ تنہا نماز کے بجائے جماعت کے ساتھ پڑھے گا۔ لیکن سنت چھوڑ کر جماعت میں شریک ہوگا تو سنتیں قضا ہوجائیں گی۔ جب کہ ان کے پڑھنے کی تاکید ہے۔ بہرحال فجر کے بعد سنتیں پڑھنے کی اجازت نہیں۔ متواتر احادیث میں فجر اور عصر کے بعد نماز کی ممانعت آئی ہے۔

## سنتیں پڑھنے کے دوران اذان یا اقامت کا ہوجانا

س..... اذان یا اقامت ہو تو سنتوں کی نماز ختم کردینی چاہئے یا نہیں؟

ج..... اذان پر سنتوں کی نماز ختم کرنے کی ضرورت نہیں۔ البتہ اقامت کے بارے میں سوال ہوسکتا ہے؟ اس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر غیر موکدہ سنتوں یا نفلوں کی نیت باندھ رکھی ہو تو دو رکعت پوری کرکے سلام پھیر دے۔ اور اگر ظہر یا جمعہ سے پہلے کی چار سنتیں پڑھ رہا تھا کہ ظہر کی نماز کھڑی ہوگئی، یا جمعہ کا خطبہ شروع ہوگیا تو ان کو پورا کرے اور بعض حضرات فرماتے ہیں کہ پہلے دوگانے میں ہو تو دو رکعت پوری کرکے سلام پھیر دے اور بعد میں چار رکعتوں کی قضا کرے اور اگر دوسرے دوگانے میں

ہو تو چار رکعتوں کو پورا کرلے۔ درمیان میں نہ توڑے۔

## ظہر اور عشاء کی سنتیں اگر رہ جائیں تو کب پڑھی جائیں؟

س..... اگر ایک شخص نماز ظہر کی پہلی چار سنتیں ادا نہیں کر سکتا اور جماعت کھڑی ہو چکی ہے اور وہ جماعت کی نماز امام صاحب کے ساتھ پڑھ لیتا ہے تو بعد میں اس شخص کیلئے کیا حکم ہے کہ وہ پہلی چار سنتیں کس طرح ادا کرے؟ جبکہ ظہر کی پہلی چار سنتیں موکدہ ہیں اور عشاء کی پہلی چار سنتیں غیر موکدہ ہیں۔

ج..... ان کو فرضوں کے بعد پڑھے' پہلے دو رکعتیں بعد والی پڑھ لے۔ پھر چار رکعتیں پہلے والی پڑھے۔ اگر پہلے چار' پھر دو پڑھ لے تب بھی صحیح ہے۔

## فرض سے پہلے والی چار رکعت سنتوں میں سے صرف دو رکعت پڑھ سکا تو کیا کرے؟

س..... فرضوں سے قبل ادا کی جانے والی سنتیں اگر چار رکعتیں ہوں اور وقت دو رکعتوں کا ہو یعنی جماعت کھڑی ہونے میں صرف دو منٹ باقی ہوں' تو کوئی آدمی لاعلمی کی وجہ سے سنتیں پڑھنا شروع کر دیتا ہے تو دو رکعتیں پڑھ کر سلام پھیر دیتا ہے کیونکہ جماعت کھڑی ہو گئی ہے۔ تو کیا فرضوں کے بعد اس کو پھر سے چار سنتیں ادا کرنا پڑیں گی یا دو جو پہلے ادا کی جا چکی ہیں دو پہلے والی اور دو سنتیں اور پڑھ لینی چاہئیں؟

ج..... ظہر سے پہلے کی چار سنتیں موکدہ ہیں' اگر وقت کم ہو تو ان کو جماعت سے پہلے شروع ہی نہ کیا جائے اور اگر غلطی سے شروع کر لی تھیں تو ان کو پورا کر کے سلام پھیرے' اور اگر دو رکعت پر سلام پھیر دیا تو فرض نماز کے بعد چار رکعت پڑھے اور عصر اور عشاء سے پہلے کی چار سنتیں غیر موکدہ ہیں اگر ان کے دوران جماعت کھڑی ہو جائے تو دو رکعت پر سلام پھیر دے باقی دو رکعتیں بعد میں پڑھنے کی بھی ضرورت نہیں۔

## سنت موکدہ کی آخری دو رکعتوں میں الحمد کے ساتھ سورۃ پڑھنی ضروری ہے

س..... کیا سنت موکدہ کی آخری دو رکعتوں میں الحمد شریف اور سورۃ پڑھنا لازمی ہے' یا صرف سورۃ

بھی پڑھ سکتے ہیں؟

ج...... سنت موکدہ، غیر موکدہ، نفل اور وتر کی تمام رکعتوں میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ ملانا واجب ہے۔ ورنہ نماز نہیں ہوگی۔ اور اگر سورۃ فاتحہ بھول گیا یا سورۃ ملانا بھول گیا تو سجدہ سہو واجب ہوگا، صرف فرض نماز ایسی ہے کہ اس کی پہلی دو رکعتوں میں قرات فرض ہے پچھلی دو رکعتوں میں قرات فرض نہیں۔ بلکہ سورۃ فاتحہ بطور استحباب پڑھی جاتی ہے۔

## سنتوں کیلئے جگہ بدلنا

س...... با جماعت نماز پڑھنے کے بعد اکثر لوگوں کو اپنی جگہ بدلتے دیکھا ہے کیا ایسا کرنا درست ہے، اگر درست ہے تو کس سمت کو جگہ بدلنی چاہئے (نیز ایسا کرنا سنت ہے یا بدعت)۔ امام بھی ایسا ہی کرتا ہے کہ با جماعت نماز پڑھانے کے بعد محراب چھوڑ کر پیچھے چلا آتا ہے اور اپنی جگہ کسی اور کو بھیج دیتا ہے۔ کیا یہ بھی کوئی سنت ہے؟

ج...... فرض نماز سے فارغ ہو کر امام اور مقتدی دونوں کیلئے جگہ بدل لینا مستحب ہے۔

سنن ابو داؤد (۱۔ ۱۴۴) میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے۔

ایعجز احدکم ان یتقدم او یتاخر عن یمینہ او عن شمالہ یعنی فی السبحۃ

"کیا تم میں سے ایک آدمی اس بات سے قاصر ہے کہ فرض نماز کے بعد جب سنت شروع کرے تو ذرا آگے پیچھے یا دائیں بائیں ہو لیا کرے۔"

## چار رکعتوں والی غیر موکدہ سنتوں اور نفلوں کا افضل طریقہ

س...... ہماری مسجد میں سنت نماز (غیر موکدہ) عصر اور عشاء کی نماز سے پہلے مختلف طریقوں سے ادا کی جاتی ہے۔ میں اور بعض دوسرے لوگ تو ظہر کی نماز کی سنتوں کی طرح ادا کرتے ہیں مگر بعض لوگ "دو رکعات" پڑھ کر بیٹھنے کے بعد التحیات کے بعد درود اور دعا بھی پڑھتے ہیں پھر تیسری رکعت میں سبحانک اللھم سے پڑھنا شروع کرتے ہیں اور باقی نماز عام نمازوں کی طرح۔ آپ میری رہنمائی فرمائیں اور بتائیں کہ کون سا طریقہ زیادہ موزوں ہے؟

۲۔ کیا عصر اور عشاء کی چار سنتیں (غیر موکدہ) دو دو سنتیں کر کے الگ الگ پڑھی جا سکتی ہیں؟

ج...... غیر موکدہ سنتوں اور نفلوں کی دو رکعت پر التحیات کے بعد درود شریف اور دعا پڑھنا اور تیسری رکعت میں سبحانک اللھم سے شروع کرنا افضل ہے اگر صرف التحیات پڑھ کر اٹھ جائے اور تیسری

رکعت الحمد شریف سے شروع کردے تب بھی کوئی حرج نہیں۔
۲۔ پڑھ سکتے ہیں۔

## نماز جمعہ کی سنتوں کی نیت کس طرح کی جائے؟

س..... نماز جمعہ میں چار سنتیں فرضوں سے قبل اور چار سنتیں اور دو سنتیں فرضوں کے بعد جو ہیں ان سنتوں کی نیت بالترتیب تحریر کریں۔ اور فرضوں کی نیت بھی بتائیں اور یہ بتائیں کہ جمعہ کے دو فرضوں سے قبل چار سنتیں پڑھنے کا وقت نہ ملے اور خطبہ شروع ہوچکا ہو تو ان کو کس وقت پڑھنا چاہئے؟ اس وقت ان سنتوں کی نیت میں کیا کہنا چاہئے؟
ج..... سنت کیلئے مطلق نماز کی نیت کافی ہے' وقت اور رکعات کے تعین کی ضرورت نہیں۔ لیکن اگر کوئی کرنا چاہے تو پہلی سنتوں میں "سنت قبل از جمعہ" کی اور بعد والی سنتوں میں "بعد از جمعہ" کی نیت کرلی جائے۔ جمعہ سے پہلے کی سنتیں رہ جائیں تو ان کو بعد کی سنتوں کے بعد ادا کرلے۔ اور ان میں قبل از جمعہ کی نیت کرے۔

## نماز جمعہ کی کتنی سنتیں موکدہ ہیں؟

س..... نماز جمعہ میں دو رکعت فرض سے پہلے اور بعد میں پڑھی جانے والی سنتوں کے بارے میں ارشاد فرمائیں۔ کیا پہلے کی چار سنت اور بعد میں پڑھی جانے والی چھ (چار اور دو) سنتیں موکدہ ہیں؟ اگر کوئی نہ پڑھے تو گنہگار ہوگا؟ ہمارے ایک بزرگ فرماتے ہیں فرض کے بعد کی چار سنت پڑھنا ضروری نہیں۔
ج..... جمعہ کے بعد کی سنتوں میں اختلاف ہے۔ فتویٰ اس پر ہے کہ جمعہ کے بعد چھ سنتیں ہیں۔ پہلے چار سنت موکدہ' اور پھر دو غیر موکدہ۔ اگر کوئی شخص ترتیب بدل لے کہ پہلے دو پڑھے پھر چار پڑھے تب بھی کوئی حرج نہیں۔

## عشاء کی چار سنتیں موکدہ ہیں یا غیر موکدہ؟

س..... نماز عشاء کی پہلی چار سنتیں موکدہ ہیں یا غیر موکدہ اور ان کا پڑھنا لازمی ہے یا نہیں؟ رہنمائی فرمائیں۔
ج..... عصر اور عشاء کی پہلی چار سنتیں غیر موکدہ ہیں' ان کا پڑھنا فضیلت کی چیز ہے مگر ضروری نہیں۔

# عشاء کی بعد کی دو سنتیں پہلے پڑھنا صحیح نہیں

س...... ہمارے علاقہ کی مسجد میں کچھ اصحاب ایسے نماز پڑھنے آتے ہیں جو کہ عشاء کی نماز کی شروع کی چار سنت کے بجائے دو پڑھتے ہیں۔ ایک صاحب نے سوال کیا تو انہوں نے جواب دیا کہ ہم یہ بعد کی دو سنت پہلے ادا کر لیتے ہیں تو کیا بعد کی دو سنتیں پہلے پڑھی جا سکتی ہیں؟

ج...... فرض کے بعد کی سنتیں فرض کے تابع ہیں فرض ادا کرنے سے پہلے ان کو ادا کرنا صحیح نہیں۔ بلکہ اگر فرض اور سنتیں پڑھنے کے بعد معلوم ہوا کہ فرض نماز کسی وجہ سے صحیح نہیں ہوئی اور سنتیں صحیح پڑھ لی تھیں، تو فرض کو لوٹانے کے بعد سنتوں کو لوٹانا بھی ضروری ہے۔ پہلے کی پڑھی ہوئی سنتیں کافی نہیں۔



# قضا نمازیں

## نماز قضا کرنے کا ثبوت

س..... ارکان اسلام نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ کی ادائیگی ہر مسلمان مرد اور عورت پر قرآن و سنت کی رو سے فرض ہے۔ قضا روزے کے متعلق قرآن حکیم میں واضح حکم ہے کہ اگر کوئی مسلمان رمضان کے مہینے میں سفر میں یا بیمار ہونے کی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکے تو بعد میں جب عذر باقی نہ رہے تو روزے رکھ کر پورے کرے۔ آپ سے دریافت کرنا ہے کہ کیا قرآن حکیم میں نماز کی قضا اور ادائیگی کے بارے میں ایسے ہی واضح احکام موجود ہیں؟ براہ مہربانی آیات کے حوالے سے نشاندہی فرمائیں۔

ج..... نماز کی قضا کے بارے میں قرآن کریم میں صراحت نہیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص نماز سے سو یا رہ جائے یا بھول جائے تو جب یاد آئے پڑھ لے۔ قصداً نماز ترک کرنے کی اسلام میں گنجائش ہی نہیں۔ اس لئے جس نے قصداً نماز چھوڑ دی ہو اس کی قضا کا بھی قرآن کریم اور حدیث شریف میں صریح حکم نہیں، البتہ فقہائے امت نے قضا کے احکامات بیان فرمائے ہیں۔ اور بعض اس کے بھی قائل ہیں کہ چونکہ جان بوجھ کر نماز چھوڑنے والا مسلمان ہی نہیں رہتا اس لئے اس کے ذمہ گزشتہ نمازوں کی قضا نہیں۔ ان کے قول کے مطابق وہ اپنے ایمان اور نکاح کی تجدید کرے۔

## کیا قضا نماز پڑھنا گناہ ہے؟

س..... میری لڑکی نے محض اس وجہ سے کہ کسی نے اس سے کہا کہ روزانہ قضا نماز پڑھنے سے گناہ ہوتا ہے۔ نماز پڑھنی چھوڑ دی۔ اب آپ بتائیں کہ کیا کریں؟

ج..... آپ کی لڑکی کو کسی نے غلط بتایا۔ نماز کو قضا کر دینا گناہ ہے پڑھنا گناہ نہیں، بلکہ فرض ہے۔ عجیب بات ہے کہ اس نے گناہ کو تو چھوڑا نہیں اور فرض کو چھوڑ کر گناہ پر گناہ کا اضافہ کر لیا۔ توبہ

استغفراللہ!!اب اس کو چاہئے کہ نماز چھوڑنے کے گناہ سے توبہ کرے اور جتنے دن کی نمازیں اس نے چھوڑی ہیں ان کو قضا کرلے۔

## قضا نماز کی نیت اور طریقہ

س..... قضا نماز کی نیت کا کیا طریقہ ہے؟ نیز یہ کہ اگر دو تین وقت کی نماز رہ گئی ہو اور اسے ایک یا ڈیڑھ ماہ گزر گیا ہو تو اس کی نماز کی نیت کس طرح کی جائے گی؟

ج..... ہر نماز قضا کرتے وقت یہ نیت کرلے کہ اس وقت کی (مثلاً ظہر کی) جتنی نمازیں میرے ذمہ ہیں ان میں سے پہلی کو قضا کرتا ہوں اور قضا نماز کو پڑھنے کا وہی طریقہ ہے جو ادا نماز کا ہے۔ صرف نیت میں قضا نماز کا ذکر کرنا ہوگا۔

## جان بوجھ کر نماز قضا کرنا گناہ کبیرہ ہے

س..... میں ایک ٹیچر ہوں اور میں جس اسکول میں پڑھاتی ہوں وہاں وضو اور نماز کی جگہ کا انتظام نہیں اس لئے ظہر کی نماز چلی جاتی ہے کیا میں ظہر کی نماز عصر کی نماز کے ساتھ پڑھ سکتی ہوں؟ اور قضا صرف فرضوں کی ہوگی یا سنتوں کی بھی؟ قضا کی نیت کس طرح کی جاتی ہے؟

ج..... جب آپ اسکول میں استانی ہیں تو وضو اور نماز کا انتظام ذرا سے اہتمام سے کیا جاسکتا ہے۔ آپ آسانی سے وہاں لوٹا اور مصلیٰ رکھوا سکتی ہیں۔ محض اس عذر کی وجہ سے ظہر کی نماز قضا کردینے کا معمول بنالینا گناہ کبیرہ ہے۔ بہرحال اگر ظہر کی نماز قضا ہوجائے تو اس کو نماز عصر سے پہلے پڑھ لینا چاہئے قضا صرف فرض رکعتوں کی ہوتی ہے سنتوں کی نہیں۔ قضا نماز کی نیت بھی عام نمازوں کی طرح کی جاتی ہے مثلاً یہ نیت کرلیا کریں کہ آج کی ظہر کی قضا ادا کرتی ہوں۔

## قضا نمازوں کا حساب بلوغت سے ہے اور نماز میں سستی کی مناسب سزا

س..... نماز کب فرض ہوتی ہے؟ یعنی میں ایک بیس سال کی لڑکی ہوں اور اپنی زندگی کی تمام قضا نمازیں ادا کرنا چاہتی ہوں مگر میری سمجھ میں یہ نہیں آرہا کہ میں کتنے عرصے کی نمازیں ادا کروں؟ یعنی جیسا کہ فرمایا گیا کہ سات سال سے اپنے بچوں کو نماز کا حکم کرو اور دس سال کی عمر میں مار کر پڑھواؤ۔ تو کیا دس سال کی عمر میں نماز فرض ہوگئی؟ یا پھر میں جب سے جوان ہوئی تو نماز روزے اور پردے کے احکامات مجھ پر عائد ہوئے تب سے نماز فرض ہوئی۔ اس طرح سے مجھ پر پانچ سال کی نمازیں قضا ہیں

اور پہلے فرمان کی تعمیل کے آئینے میں دیکھا جائے تو دس سال کی۔ اگر آپ وضاحت فرمادیں تو بہت شکر گزار ہوں گی۔ دوسری بات یہ کہ ان قضا نمازوں کو کیسے ادا کیا جائے؟ دراصل مولانا صاحب! جس زمانہ میں نماز کی پابندی نہیں کرتی تھی اس زمانے میں بھی رمضان المبارک اور امتحانوں کے دنوں میں نماز ادا کرتی رہی ہوں اور اب صحیح یاد نہیں کہ کتنی نمازیں ادا ہیں اور کتنی قضا' اس لئے تعداد نماز کے بارے میں کیا طریقہ ہوگا؟ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ہر نماز کے بعد دو نفل پڑھ لئے جائیں تو قضا نماز کا قرض اتر جاتا ہے۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ رمضان المبارک میں قضا نمازوں کے فرض ادا کئے جائیں' کیونکہ رمضان المبارک میں تو ایک نماز ستر نمازوں کے برابر ہوتی ہے۔ اس طرح سے تمہاری قضا نمازیں ادا ہو جائیں گی۔ کیا یہ صحیح طریقہ ہے؟ براہ کرم میرے سوالوں کے جواب دے کر مجھے کشمکش کی حالت سے نکالیں۔۔۔۔ میں زندگی بھر آپ کی ممنون رہوں گی میں پابندی سے نماز ادا کرنے کی کوشش کر رہی ہوں کیا آپ بتائیں گے کہ میں نماز کا شوق اپنے اندر پیدا کرنے کیلئے کیا کروں؟ نماز قضا ہونے کی صورت میں' میں نے اپنے آپ کو سزا دینے کا فیصلہ کیا ہے یعنی فاقہ کرنے کی سزا یا پھر اپنے جسم کے کسی حصے کو زخمی کرنے کی سزا۔ کیا یہ درست ہے؟ امید ہے کہ آپ مجھے مطمئن کرنے کی کوشش فرمائیں گے اور دعا فرمائیں گے کہ خدا آپ کی اس بد نصیب اور نالائق بیٹی کو نماز کی لگن دے (آمین)

ج..... اگرچہ بچوں کو نماز پڑھانے کا حکم ہے مگر نماز فرض اس وقت ہوتی ہے جب آدمی جوان (بالغ) ہو جائے۔ آپ اندازہ کرلیں کہ اس وقت سے کتنی نمازیں آپ کے ذمے ہوں گی پھر جتنے سال کا اندازہ ہو اتنے سال ہر نماز کے ساتھ ایک نماز قضا بھی پڑھ لیا کریں' اور اگر زیادہ پڑھ لیں تو اور بھی اچھا ہے۔ باقی یہ غلط ہے کہ نفل پڑھنے سے قضا نماز کا فرض اتر جاتا ہے یا یہ کہ رمضان المبارک میں قضا پڑھنے سے ستر قضا نمازیں اتر جاتی ہیں۔ نماز کی پابندی کیلئے کوئی مناسب سزا مقرر کی جاسکتی ہے جس سے نفس کو تنبیہ ہو مثلاً ایک وقت کا فاقہ یا کچھ صدقہ یا ایک نماز قضا ہونے پر دس نفل پڑھنا۔ مگر جسم کو زخمی کرنے کی سزا نامناسب ہے۔

## کب تک قضا نمازیں پڑھی جائیں؟

س..... میری عمر تقریباً ۶۰ برس ہے اور پیشہ کے اعتبار سے ڈاکٹر ہوں میرا مسئلہ یہ ہے کہ میں پچھلے کئی برسوں سے نماز قضا ادا کرتا چلا آرہا ہوں اور یہ قضا میں ان ایام کی ادا کر رہا ہوں جبکہ میں سن بلوغت (۱۲ سال کی عمر) پر پہنچنے کے بعد یعنی اوائل عمر (اسکول اور کالج) کے دوران قضا کرتا رہا ہوں اور یہ عرصہ میری اپنی یاد میں تقریباً ۲۰ تا ۲۵ سال کا ہے آپ مشورہ دیجئے کہ اس قضا کو کب تک جاری رکھوں۔ کیا قضا دو فرض ادا کروں یا سنت اور دو فرض؟

ج...... جتنے سال کی نمازیں اندازاً آپ کے ذمہ ہیں جب پوری ہو جائیں تو قضا کرنے کا سلسلہ بند کر دیجئے۔ قضا صرف فرض و وتر کی ہوتی ہے۔ سنت کی نہیں اور قضا صرف دو فرض کی نہیں ہوتی بلکہ جو نماز قضا ہوئی ہے اس کی جتنی رکعتیں ہوں ان کو قضا کیا جاتا ہے۔ یعنی فجر کی دو رکعتیں 'ظہر' عصر اور عشاء کی چار چار رکعتیں 'اور مغرب کی تین رکعتیں۔ عشاء کی چار رکعت فرض کے ساتھ تین رکعت وتر کی بھی قضا کی جائے۔

## عمر کے نامعلوم حصہ میں نمازیں قضا ہونے کا شبہ ہو تو کیا کرے؟

س......جس شخص کو علم نہیں کہ میں نے عمر کے کس حصے میں نماز باقاعدہ پڑھنی شروع کی تھی عمر کا اندازہ نہیں تھا ویسے اپنی یادداشت میں اس نے کوئی نماز نہیں چھوڑی اگر کوئی نماز قضا ہو گئی تو دوسری نماز کے ساتھ اسے ادا کر لیا اب اسے تشویش ہے کہ شاید میری کچھ نمازیں بلوغت کے بعد رہ گئی ہیں یا نہیں تو اب اس کو اپنی تسلی کیلئے کیا طریقہ اختیار کرنا چاہئے؟

ج......احتیاطاً کچھ عرصہ نمازیں قضا پڑھتا رہے یہاں تک کہ اسے اطمینان ہو جائے کہ اب کوئی نماز اس کے ذمہ نہیں ہوگی۔ لیکن اس کو چاہئے کہ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ ملائے 'اور یہ بھی ضروری ہے کہ ان نمازوں کو فجر و عصر کے بعد نہ پڑھے۔ نیز مغرب اور وتر کی نماز کی تیسری رکعت پر قعدہ کر کے ایک رکعت اور ملا لیا کرے۔

## قضا نمازیں پہلے پڑھیں یا وقتی نمازیں؟

س...... قضا نمازیں پہلے پڑھی جائیں یا پوری نماز ادا کرنے کے بعد؟

ج ... قضا نمازوں کے بارے میں چند مسائل ہیں۔

اول...... قضا نماز کا کوئی وقت نہیں ہوتا۔ جب بھی موقع ملے پڑھ لے 'بشرطیکہ وقت مکروہ نہ ہو۔

دوم ... جس شخص کے ذمہ چھ یا اس سے زیادہ قضا شدہ نمازیں ہوں اس کیلئے قضا نماز اور وقتی نماز کے درمیان ترتیب کا لحاظ ضروری نہیں 'خواہ قضا پہلے پڑھے خواہ وقتی نماز' دونوں طرح جائز ہے۔

سوم......جس شخص کے ذمہ چھ سے کم نمازیں قضا ہوں وہ "صاحب ترتیب" کہلاتا ہے اس کو پہلے قضا شدہ نمازیں پڑھنا لازم ہے تب وقتی نماز پڑھے۔ البتہ اگر بھول کر کسی طرح وقتی نماز پڑھ لی تو کوئی حرج نہیں قضا اب پڑھ لے۔ اور اگر قضا تو یاد تھی مگر وقتی نماز کا وقت بھی تنگ ہو گیا تھا کہ اگر قضا پہلے پڑھے تو وقتی نماز بھی قضا ہو جائے گی تو اس صورت میں وقتی نماز پہلے پڑھ لینا ضروری ہے قضا بعد میں پڑھ لے۔

## گزشتہ قضانمازیں پہلے پڑھیں یا حالیہ قضانمازیں؟

س...... بہت سالوں کی نمازیں قضاہوں توکیا ان کو ادا کرنے سے پہلے ہم ایک دو وقت کی حالیہ نماز قضا ادا نہیں کر سکتے؟ میرا مطلب ہے کہ آج کل مجھ سے ظہر یا عصر کی کسی وقت کی نماز چھوٹ جاتی ہے تو میں اگلی نماز پڑھنے سے پہلے پچھلی نماز کی قضا کرلوں یا پہلے پچھلے سالوں کی قضانمازیں ادا کروں ویسے میں نے قضانمازیں پڑھنی شروع کی ہیں میں ۱۹۶۱ء میں پیدا ہوئی اور میں نے ۱۹۷۱ء کے شروع دن کی نمازوں سے قضا شروع کی ہے تو محترم اس ضمن میں یہ بتادیں کہ قضانماز کی نیت کرتے وقت مہینے اور تاریخ کا حوالہ دینے کیلئے چاند کا مہینہ اور تاریخ ادا کریں یا عیسوی مہینے کے دنوں سے بھی قضا ادا ہو جائے گی کیونکہ نیت تو خدا جانتا ہے میں عیسوی سال کے مہینے اور تاریخ کے ساتھ فلاں وقت کی قضانماز کی نیت کرتی ہوں آپ بتادیں میرا یہ عمل درست ہے؟ کیونکہ چاند کی تاریخیں تو یاد نہیں اس کے علاوہ جو خاص ایام کی نمازیں چھوٹتی ہیں وہ بھی ادا کرنی چاہئیں یا وہ نمازیں معاف ہیں؟

ج...... جب سے آپ نے نماز کی پابندی شروع کی ہے نئی قضاشدہ نمازوں کو تو ساتھ کے ساتھ پڑھ لیا کیجئے ان کو پرانی قضاشدہ نمازوں میں شامل نہ کیا کیجئے۔ بہت سی قضانمازیں جمع ہو جائیں تو ظاہر ہے کہ ہر نماز کے دن کا یاد رکھنا مشکل ہے اس لئے ہر نماز میں بس یہ نیت کرلیا کیجئے کہ اس وقت (مثلاً ظہر کی) کی جتنی نمازیں میرے ذمہ ہیں ان میں سے پہلی نماز ادا کرتی ہوں۔ "خاص ایام" میں نماز فرض نہیں ہوتی اگر آپ کو ناغے کے دنوں کی صحیح تعداد معلوم ہے تو ان دنوں کی نمازیں قضا کرنے کی ضرورت نہیں۔

## دوسری جماعت کے ساتھ قضاء عمری کی نیت سے شریک ہونا

س...... کسی وقت کی فرض نماز اکیلے یا با جماعت ادا کرلیں اور دوسری جگہ جائیں جہاں اس وقت کی جماعت کھڑی ہو رہی ہو تو کیا ہم قضاعمری کی نیت کر کے اس میں شامل ہو سکتے ہیں؟ مثلاً عصر ہم نے پڑھ لی اب کسی جگہ ہم نے عصر کی جماعت ہوتے دیکھی تو ہم عصر کی چار رکعت قضاء عمری کی نیت کر کے اس میں شامل ہو سکتے ہیں؟

ج...... دوسری نماز میں قضاء کی نیت سے شریک ہونا جائز نہیں۔ صرف نفل کی نیت سے شریک ہو سکتے ہیں، اور وہ بھی صرف ظہر اور عشاء کی نماز میں۔ فجر، عصر اور مغرب کی نماز پڑھ لی ہو تو نفل کی نیت سے بھی شریک نہیں ہو سکتے۔

## کیا سفر کی مجبوری کی وجہ سے روزانہ نماز قضا کی جا سکتی ہے؟

س...... میں اسٹیل مل (جو کہ پپری میں واقع ہے) میں ملازمت کرتا ہوں۔ مجھے اسٹیل مل لے جانے

اور واپس گھر پہنچانے کیلئے مل کی طرف سے گاڑی کا انتظام موجود ہے۔ اسٹیل مل کے کام کے اوقات کچھ اس طرح سے ہیں کہ چھٹی کے بعد اگر میں گاڑی کے ذریعہ سیدھا گھر آتا ہوں تو کبھی عصر کی، کبھی مغرب کی اور کبھی عصر اور مغرب دونوں کی نمازوں کا وقت نکل جاتا ہے۔ مجبوراً مجھے راستے میں اتر کر نماز پڑھنی پڑتی ہے کیا میرے لئے شرعاً جائز ہے کہ میں ان نمازوں کی قضا روزانہ عشاء کی نماز کے ساتھ پڑھ لیا کروں؟

ج..... نماز کا قضا کرنا جائز نہیں۔ آپ حضرات کو انتظامیہ سے درخواست کرنی چاہئے کہ آپ کے سفر میں نماز کا انتظام ہو کیونکہ یہ مسئلہ تمام ملازمین کا ہے۔ ایک صورت یہ ہو سکتی ہے کہ آپ مثل اول ختم ہونے کے بعد عصر کی نماز پڑھ کر بس پر سوار ہوا کریں اور مغرب کی آخری وقت میں گھر آکر پڑھ لیا کریں۔ مغرب کا وقت عشاء کا وقت داخل ہونے تک رہتا ہے عشاء کا وقت داخل ہونے سے پہلے مغرب پڑھ لی جائے تو قضا نہیں ہوگی۔

## مہمانوں کے احترام میں نماز قضا کرنا

س..... میں ایک استاذ ہوں، الحمد للہ پانچوں وقت کی نماز پڑھتا ہوں یوں تو ہمارے کالج میں کچھ اساتذہ ایسے بھی ہیں جو پابندی سے نماز پڑھتے ہیں اور بعض سرے سے پڑھتے ہی نہیں۔ لیکن جو پابندی سے با جماعت نماز پڑھتے ہیں ان میں سے ایک پروفیسر کے پاس چند طالبات تشریف لائیں تو وہ ان کے احترام میں اس قدر محو رہے کہ مغرب کی نماز کا وقت ہو گیا ہم نماز کے لئے اٹھنے لگے تو ہم نے اپنے ساتھی سے کہا کہ نماز کا وقت ہو گیا ہے چلئے نماز پڑھ آئیں۔ تو انہوں نے فرمایا کہ مہمانوں کے احترام میں نماز قضا کی جا سکتی ہے۔ اور واقعی ہمارے اس ساتھی نے طالبات کے احترام میں نماز قضا کر دی۔ جبکہ ان کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے آج تک با جماعت نماز قضا نہیں کی۔ کیا مہمانوں کے احترام میں نماز قضا کرنا صحیح ہے؟

ج..... نماز کو عین میدان جنگ میں بھی جب دونوں افواج بالمقابل کھڑی ہوں، قضا کرنا صحیح نہیں ورنہ "نماز خوف" کا حکم نازل نہ ہوتا۔ مہمانوں کے احترام میں نماز قضا کرنا کس طرح جائز ہو سکتا ہے؟

## تھکاوٹ یا نیند کے غلبے کی وجہ سے نماز قضا کرنا

س..... کوئی شخص تھکاوٹ یا نیند کے غلبے سے نماز قضا کر کے پڑھتا ہے کیا یہ دونوں چیزیں عذر میں شامل ہوں گی یا بندہ گنہگار ہوگا؟

ج..... اگر کبھی اتفاقاً آنکھ لگ گئی، سویا رہ گیا اور آنکھ نہیں کھلی تب تو گنہگار نہیں اور اگر سستی اور تساہل کی وجہ سے نماز قضا کر دیتا ہے، یا نماز کے وقت سوتے رہنے کا معمول بنا لیتا ہے تو گنہگار ہے۔

## اگر فرض دوبارہ پڑھے جائیں تو بعد کی سنتیں بھی دوبارہ پڑھی جائیں

س..... اگر امام سے جماعت کے دوران غلطی ہو جائے اس غلطی کا احساس اس وقت ہو جب فرض نماز کے بعد کی سنتیں اور نفلیں بھی پڑھی جاچکی ہیں تو دوبارہ فرض پڑھانے کے بعد کی سنتیں بھی دوبارہ پڑھنا پڑیں گی یا نہیں؟

ج..... بعد کی سنتیں فرض کے تابع ہیں اگر سنتیں پڑھنے کے بعد معلوم ہوا کہ فرض نماز صحیح نہیں ہوئی تو فرض کے ساتھ سنتیں بھی دوبارہ پڑھی جائیں۔ البتہ وتر دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

## صاحب ترتیب کی نماز

س..... ایک سوال کہ "صاحب ترتیب قضا پہلے پڑھے یا فرض جماعت کے ساتھ جو کہ ہو رہی تھی وہ پڑھے" آپ نے فرمایا قضا پہلے پڑھے جبکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "جب جماعت کھڑی ہو جائے تو کوئی اور نماز نہیں سوائے فرض کے" تو پھر کس دلیل کی بنیاد پر آپ نے جماعت کی نماز کے بجائے بلا جماعت نماز پڑھنے کی تلقین کی؟

ج..... صاحب ترتیب کے ذمہ جو نماز ہے وہ بھی تو فرض ہے۔ اس لئے پہلے وہ ادا کرے گا۔

## صاحب ترتیب کی نماز قضا ہونے پر جماعت میں شرکت

س..... اگر صاحب ترتیب کی نماز ظہر قضا ہوئی' عصر کے وقت وہ مسجد میں آیا تو عصر کی جماعت ہو رہی تھی تو کیا اب وہ عصر جماعت کے ساتھ ادا کرے یا پہلے ظہر قضا پڑھے؟

ج..... صاحب ترتیب کو پہلے ظہر پڑھنی چاہئے خواہ عصر کی جماعت نہ مل سکے۔

## قضا نماز کس وقت پڑھنی ناجائز ہے؟

س..... قضا نماز کون سے وقت میں پڑھنی جائز نہیں؟ کیا عصر کی جماعت کے بعد قضا نماز ہو جاتی ہے' کیونکہ میں عصر کے بعد بھی قضا نماز پڑھتا ہوں مجھے کئی لوگوں نے منع کیا ہے کہ عصر کی جماعت کے بعد قضا نماز نہیں ہوتی۔

ج..... تین اوقات ایسے ہیں جن میں کوئی نماز بھی جائز نہیں۔ نہ قضا' نہ نفل۔

(۱)...... سورج طلوع ہونے کے وقت ' یہاں تک کہ سورج بلند ہوجائے اور دھوپ کی زردی جاتی رہے۔

(۲)...... غروب سے پہلے جب سورج کی دھوپ زرد ہوجائے اس وقت سے لے کر غروب تک (البتہ اگر اس دن عصر کی نماز نہ پڑھی ہو تو اس وقت بھی پڑھ لینا ضروری ہے۔ نماز کا قضا کردینا جائز نہیں)

(۳)...... نصف النہار کے وقت یہاں تک کہ سورج ڈھل جائے۔

ان تین اوقات میں تو کوئی نماز بھی جائز نہیں۔ ان کے علاوہ تین اوقات ہیں جن میں نفل نماز جائز نہیں۔ قضا نماز اور سجدہ تلاوت کی اجازت ہے۔

(۱)...... صبح صادق کے بعد نماز فجر سے پہلے صرف سنت فجر پڑھی جاتی ہے اس کے علاوہ کوئی نفلی نماز س وقت جائز نہیں۔

(۲)...... فجر کی نماز کے بعد طلوع آفتاب تک۔

(۳)...... عصر کی نماز کے بعد غروب ( سے پہلے دھوپ زرد ہونے ) تک۔

ان تین اوقات میں نوافل کی اجازت نہیں۔ نہ تحیۃ المسجد ' نہ تحیۃ الوضو ' نہ دوگانہ طواف۔ البتہ قضا نماز ان اوقات میں جائز ہے لیکن یہ ضروری ہے کہ ان اوقات میں قضا نماز لوگوں کے سامنے نہ پڑھی جائے۔ بلکہ تنہائی میں پڑھے۔

## قضا نمازیں گھر میں پڑھی جائیں یا مسجد میں؟

س...... میں نے کسی مستند کتاب شاید بہشتی زیور میں پڑھا تھا کہ قضا نمازوں کا گھر میں پڑھنا بہتر ہے ' مسجد میں قضا نماز پڑھنے کو منع کیا گیا ہے ہمارے ایک عزیز اپنی اگلی پچھلی تمام نمازیں جو قضا ہوگئی تھیں مسجد میں ادا کررہے ہیں میں نے کہا کہ آپ قضا نمازیں گھر میں پڑھیں تو بہتر ہے وہ یہ بات نہیں مانتے۔ اور کہتے ہیں کہ قضا نماز ان کے علم کے مطابق مسجد میں پڑھنا درست ہے اس سلسلے میں کتاب و سنت کی رہنمائی میں ہماری مدد فرمائیں عین نوازش ہوگی؟

ج...... مسجد میں بھی قضا نمازوں کا پڑھنا جائز ہے ' مگر لوگوں کو یہ پتہ نہ چلے کہ یہ قضا نمازیں پڑھتا ہے کیونکہ نماز کا قضا کرنا گناہ ہے اور گناہ کا اظہار بھی گناہ ہے۔

## قضا نماز کی جماعت ہوسکتی ہے

س...... قضا نماز کی جماعت ہوسکتی ہے؟

ج..... اگر چند افراد کی ایک ہی وقت کی نماز قضا ہوگئی ہو تو ان کو جماعت کے ساتھ ادا کرنی چاہئے۔ لیلتہ التعریس کا واقعہ مشہور ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے رفقاء نے آخر شب میں پڑاؤ کیا تھا' فجر کی نماز کے لئے جگانا حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے ذمہ تھا۔ لیکن تھکن کی وجہ سے بیٹھے بیٹھے ان کی آنکھ لگ گئی۔ اور سورج طلوع ہونے کے بعد سب سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے۔ رفقاء کو اٹھایا گیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وادی سے کوچ کرنے کا حکم فرمایا اور آگے جاکر اذان واقامت کے ساتھ جماعت کرائی۔ نماز کے قضا ہونے کا یہ واقعہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو غیر اختیاری طور پر پیش آیا اس سے امت کو قضا نماز کے بہت سے مسائل معلوم ہوئے۔

## قضائے عمری کے ادا کرنے کے سستے نسخوں کی تردید

س..... بعض لوگ کہتے ہیں کہ جمعتہ الوداع کے دن قضائے عمری کی نماز پڑھنی چاہئے۔ وہ اس طرح کہ جمعہ کے وقت دو رکعت قضائے عمری کی نیت سے پڑھی جائے۔ کہتے ہیں کہ اس سے پورے سال کی نمازیں ادا ہو جاتی ہیں کیا یہ صحیح ہے؟

ج..... لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ سوال میں جو بعض لوگوں کا خیال ذکر کیا گیا ہے بالکل غلط ہے اور اس میں تین غلطیاں ہیں۔

اول..... شریعت میں "قضائے عمری" کی کوئی اصطلاح نہیں۔ شریعت کا حکم تو یہ ہے کہ مسلمان کو نماز قضا ہی نہیں کرنی چاہئے۔ کیونکہ حدیث میں ہے کہ جو شخص ایک فرض جان بوجھ کر قضا کر دے اللہ تعالیٰ کا ذمہ اس سے بری ہے۔

دوم..... یہ کہ جو شخص غفلت وکوتاہی کی وجہ سے نماز کا تارک رہا پھر اس نے توبہ کرلی اور عہد کیا وہ کوئی نماز قضا نہیں کرے گا تب بھی گزشتہ نمازیں اس کے ذمہ باقی رہیں گی۔ اور ان کا قضا کرنا اس پر لازم ہوگا اور اگر زندگی میں اپنی نمازیں پوری نہیں کرسکا تو مرتے وقت اس کے ذمہ وصیت کرنا ضروری ہوگا۔ کہ اس کے ذمہ اتنی نمازیں قضا ہیں ان کا فدیہ ادا کر دیا جائے' یہی حکم زکوٰۃ' روزہ اور حج وغیرہ دیگر فرائض کا ہے اس قضائے عمری کے تصور سے شریعت کا یہ سارا نظام ہی باطل ہو جاتا ہے۔

سوم..... کسی چیز کی فضیلت کے لئے ضروری ہے کہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہو۔ کیونکہ بغیر وحی الٰہی کے کسی چیز کی فضیلت اور اس کا ثواب معلوم نہیں ہوسکتا۔ ماہ رجب کی نماز اور روزوں کے بارے میں اسی طرح جمعتہ الوداع کی نماز اور روزے کے بارے میں جو فضائل بیان کئے جاتے ہیں' یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے قطعاً ثابت نہیں۔ اس لئے ان فضائل کا عقیدہ رکھنا

بالکل غلط ہے۔ شریعت کا مسئلہ تو یہ ہے کہ اگر کوئی شخص ایک فرض ترک کردے تو ساری عمر کی نفلی عبادت بھی اس ایک فرض کی تلافی نہیں کر سکتی۔ اور یہاں یہ مہمل بات بتائی جاتی ہے کہ دو رکعت نفل نماز سے ساری عمر کے فرض ادا ہو جاتے ہیں۔

## جاگنے کی راتوں میں نوافل کے بجائے قضا نمازیں پڑھنا

س...... کیا بہت سی قضا نمازیں جلد ادائیگی کے لحاظ سے جاگنے کی راتوں میں نفل کے بدلے پڑھی جا سکتی ہیں؟ اور کیا یہ قضا نمازیں بجائے نوافل کے جمعہ کے دوران خانہ کعبہ اور مسجد نبوی میں ادا کی جا سکتی ہیں؟

ج...... قضا نماز جس وقت بھی پڑھی جائے ادا ہو جائے گی، جس شخص کے ذمہ قضا نمازیں ہوں اس کو نوافل کے بجائے قضا نمازیں پڑھنی چاہئیں خواہ جاگنے والی راتوں میں پڑھے۔ یا مسجد نبویؐ میں یا حرم مکہ میں۔

## قضا نمازیں ادا کرنے کے بارے میں ایک غلط روایت

س...... آپ کے کالم میں اکثر قضا نمازوں کے بارے میں پڑھا۔ قضا نمازوں کے بارے میں پچھلے دنوں ایک حدیث نظر سے گزری پیش خدمت ہے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ بیان کرتے ہیں

> "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کی نمازیں قضا ہو گئی ہوں اور اسے معلوم نہ ہو کہ کتنی نمازیں قضا ہوئی ہیں تو اسے چاہئے کہ پیر کی رات میں پچاس رکعات نماز پڑھ لے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پڑھے اور فارغ ہو کر درود پڑھے ان رکعات کو اللہ تعالیٰ سب قضا نمازوں کا کفارہ کر دے گا اگرچہ وہ ایک سو برس ہی کیوں نہ ہوں"

یہ ہے قضا نمازوں کے بارے میں حدیث

ج...... مگر یہ حدیث لائق اعتماد نہیں۔ محدثین نے اس کو موضوع یعنی من گھڑت کہا ہے۔ قضا نمازوں کا کفارہ یہی ہے کہ نماز قضا کرنے سے توبہ کی جائے اور گزشتہ عمر کی قضا شدہ نمازوں کو ایک ایک کر کے قضا کیا جائے۔ قضا صرف فرض اور وتر کی ہے۔ سنتوں اور نفلوں کی نہیں۔

## جمعة الوداع میں قضائے عمری کیلئے چار رکعت نفل پڑھنا صحیح نہیں

س...... لوگوں کا خیال ہے کہ رمضان المبارک کے آخری جمعہ کو جمعہ کی نماز کے بعد چار رکعت "قضائے عمری" کی نیت سے پڑھنی چاہئیں اور اس طرح چار رکعت نماز پڑھنے سے تمام عمر کی قضا نمازیں معاف ہو جاتی ہیں کیا یہ خیال درست ہے؟ اس پر تفصیل سے روشنی ڈالئے

ج...... یہ خیال بالکل لغو اور مہمل ہے۔ جو نمازیں قضا ہو چکی ہوں ان کو ایک ایک کر کے ادا کرنا ضروری ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ "اگر کسی نے رمضان المبارک کا روزہ چھوڑ دیا تو عمر بھر اگر روزے رکھتا رہے تب بھی اس نقصان کی تلافی نہیں ہو سکتی۔"

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ساری عمر کے نوافل بھی ایک فرض کے قائم مقام نہیں ہو سکتے۔ اور یہاں چار رکعت نفل (قضائے عمری) کے ذریعہ عمر بھر کے فرائض کو نرخانے کی کوشش کی جاتی ہے بہر حال یہ چار رکعت "قضائے عمری" کا نظریہ قطعاً غلط اور خلاف شریعت ہے۔

## حرمین میں نوافل ادا کرنے سے قضا نمازیں پوری نہیں ہوتیں

س...... ایک گنہگار اور تارک الصلوٰۃ شخص توبہ کر لیتا ہے اور قضا نمازیں پڑھنی شروع کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو حج بیت اللہ کی سعادت عطا فرماتے ہیں وہ مسجد حرام اور مسجد نبویؐ میں کثرت سے نوافل ادا کرتا ہے اور فرض نمازیں بھی ادا کرتا ہے۔ حرمین شریف میں ایک ایک رکعت کا ہزاروں اور لاکھوں گنا ثواب ہے کیا اس کی قضا نمازیں ادا ہو گئیں؟ یا اس کو قضا نمازیں جاری رکھنی چاہئیں؟

ج...... اس حاجی صاحب کو فرض نمازیں بہر حال قضا کرنا ہوں گی۔ حرم مکہ میں جو نماز پڑھی جائے اس پر لاکھ درجہ کا ثواب ملتا ہے مگر وہ ایک ہی نماز ہو گی یہ نہیں کہ وہ نماز لاکھ نمازوں کے قائم مقام سمجھی جائے۔

## قضا نماز کعبہ شریف میں کس طرح پڑھیں؟

س...... قضا نماز کے بارے میں آپ نے فرمایا ہے کہ لوگوں کے سامنے نہ پڑھی جائے۔ یہاں تو حرم پاک میں چوبیس گھنٹے آدمی موجود ہوتے ہیں تو کہاں پڑھیں؟

ج...... جہاں نماز پڑھی ہو وہاں سے اٹھ کر دوسری جگہ جا کر پڑھ لیں۔ دیکھنے والوں کو معلوم بھی نہیں ہو گا کہ آپ ادا پڑھ رہے ہیں یا قضا۔

## بیت المقدس یا رمضان میں ایک قضا نماز ایک ہی شمار ہوگی

س..... حدیث میں آتا ہے کہ رمضان المبارک میں فرض نماز کا ثواب ستر فرضوں کے برابر ملتا ہے اور پھر جمعۃ الوداع کی تو فضیلت اور بھی زیادہ ہے تو کیا وہ شخص جس کی بہت سی نمازیں قضا ہو چکی ہوں وہ رمضان المبارک کے دن ایک نماز قضا کرے تو یہ صرف ایک ہی قضا نماز سمجھی جائے گی یا ستر کے برابر؟ اور ان کے قائم مقام ہوگی؟ ایک مولانا کا کہنا ہے کہ جس کی بہت سی نمازیں قضا ہوئی ہوں اور وہ بیت المقدس میں جاکر ایک نماز پڑھ لے تو اس کی تمام نمازیں ادا ہو گئیں کیونکہ مقصد تو نماز سے ثواب حاصل کرنا ہے اور وہ یہاں حاصل ہو جاتا ہے۔ تو یہی بات رمضان المبارک اور جمعۃ الوداع کے دن بھی ہے

ج..... یہ صحیح ہے کہ رمضان المبارک میں نیک اعمال کا ثواب ستر گنا ملتا ہے لیکن اس سے یہ قیاس کر لینا کہ رمضان میں قضا کی ہوئی ایک نماز سے قضا شدہ ستر نمازیں ادا ہو جائیں گی' بالکل غلط ہے ایک مالک اعلان کر دے کہ جو لوگ فلاں دن کام پر آئیں گے ان کو ستر گنا اجرت دی جائے گی تو اس کے یہ معنی کبھی نہیں سمجھے جائیں گے کہ ایک دن کام کرنے کے بعد اب ستر دن کی چھٹی ہو گئی۔ یا یہ کہ یہ ایک دن ستر دنوں کے کام کے قائم مقام تصور کیا جائے گا۔ ظاہر ہے کہ ایسا سمجھنے والا احمق ہو گا۔ الغرض کسی عمل پر زائد مزدوری ملنا اور بات ہے اور اس عمل کا کئی دن کے عمل کے قائم مقام ہو جانا دوسری بات ہے۔ رمضان المبارک میں ادا کئے گئے نیک اعمال پر ستر گنا اجر و ثواب ملتا ہے مگر یہ نہیں کہ اس مبارک مہینے میں ایک فرض ادا کرنے سے ستر فرض نمٹ جائیں گے۔ اور جس مولوی صاحب نے بیت المقدس میں ایک نماز پڑھنے کو بہت سی قضا شدہ نمازوں کے قائم مقام بتایا اس نے بھی بہت غلط بات کہی۔ مسجد حرام' مسجد نبویؐ اور بیت المقدس میں نمازوں کا ثواب بڑھ جاتا ہے مگر یہ نہیں کہ ایک نماز بہت سی نمازوں کے قائم مقام ہو جائے۔ بیت المقدس میں نماز کا مشورہ مولوی صاحب نے شاید اس لئے دیا کہ وہ آج کل یہودیوں کے قبضہ میں ہے اور وہاں پہنچنا ممکن نہیں' ورنہ بیت المقدس سے حرم نبویؐ اور حرم نبویؐ سے حرم کعبہ میں نماز پڑھنا افضل ہے۔

## ۲۷ رمضان اور قضائے عمری

س..... سنا ہے کہ ۲۷ رمضان المبارک کی رات کو ۱۲ نفل نماز قضائے عمری پڑھی جاتی ہے آیا یہ صحیح ہے یا نہیں؟

ج..... شریعت مطہرہ میں قرآن و حدیث سے کوئی ایسا قانون ثابت نہیں کہ ۲۷ رمضان المبارک یا اور کسی دن ۱۲ رکعات یا ۴ رکعات پڑھنے سے عمر بھر کی قضا نمازوں کا کفارہ ہو جائے' ایسی سنی سنائی باتوں

پر یقین نہ کیا کریں۔

## قضاشدہ کئی نمازیں ایک ساتھ پڑھنا

س..... کوئی آدمی اگر پانچ وقت کا نمازی ہو اور اگر جس آدمی سے کبھی کسی مصروفیت کے تحت نماز چھوٹ جاتی ہے پھر وہ چاہے کہ میں عشاء میں سب نماز ایک ساتھ پڑھ لوں تو وہ شخص ایک ساتھ نماز پڑھ سکتا ہے؟

ج..... مصروفیت کے تحت نماز کا قضا کر دینا بڑا ہی سخت گناہ ہے اس سے توبہ کرنی چاہئے۔ ایک مسلمان کے لئے نماز سے زیادہ اہم مصروفیت کون سی ہو سکتی ہے؟ جس کی وجہ سے وہ نماز کو چھوڑ دیتا ہے.. بہرحال قضاشدہ نمازوں کو جب بھی موقع ملے ادا کر لینا چاہئے بشرطیکہ وقت مکروہ نہ ہو' قضاشدہ کئی نمازیں ایک ساتھ بھی پڑھی جا سکتی ہیں۔

## قضا نمازوں کا فدیہ کب اور کتنا ادا کیا جائے؟

س..... اگر ایک نماز قضا ہو جائے تو اس کا فدیہ آج کے مروجہ سکے کے حساب سے کس مقدار میں ادا ہوگا؟

ج..... زندگی میں تو نماز کا فدیہ ادا نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ قضاشدہ نمازوں کو ادا کرنا ہی لازم ہے' البتہ اگر کوئی شخص اس حالت میں مر جائے کہ اس کے ذمہ قضا نمازیں ہوں تو ہر نماز کا فدیہ صدقہ فطر کی مقدار ادا کیا جائے۔ صدقہ فطر کی مقدار تقریباً دو سیر غلہ ہے۔ فدیہ ادا کرنے کے دن کی قیمت کا اعتبار ہے اس دن غلہ کی جو قیمت ہو اس کے حساب سے فدیہ ادا کیا جائے۔ اور چونکہ وتر ایک مستقل نماز ہے اس لئے دن رات کی چھ نمازیں ہوتی ہیں اور قضا ہو جانے کی صورت میں ایک دن رات کی نمازوں پر چھ صدقے لازم ہیں۔ میت نے اگر اس کی وصیت کی ہو تب تو تہائی مال سے یہ فدیہ ادا کرنا واجب ہے اور اگر وصیت نہ کی ہو تو وارثوں کے ذمہ واجب نہیں۔ البتہ تمام وارث عاقل و بالغ ہوں اور وہ اپنی خوشی سے فدیہ ادا کر دیں تو توقع ہے کہ میت کا بوجھ اتر جائے گا۔

## نماز کا فدیہ کس طرح ادا کیا جائے؟

س..... ہماری ایک عزیزہ عرصہ تین مہینے سخت بیمار رہی جس کی وجہ سے انتقال بھی ہو گیا۔ اب جو اس عرصہ میں ان کی نمازیں قضا ہو گئیں ان کا کیا فدیہ ادا کیا جائے؟

ج..... ہر نماز کے بدلے صدقہ فطر کی مقدار فدیہ ہے' اور وتر مستقل نماز ہے اس لئے ہر دن کے چھ

فدیئے ہوئے' یہ فدیہ اگر کوئی شخص اپنے مال سے ادا کرے تو ٹھیک ہے' اور اگر مرحومہ کے ترکے میں سے ادا کرنا ہو تو اس کے لئے یہ شرط ہے کہ سب وارث بالغ اور حاضر ہوں اور وہ خوشی سے اس کی اجازت دے دیں۔ یہ اس صورت میں ہے جب کہ مرحومہ نے فدیہ ادا کرنے کی وصیت نہ کی ہو' اگر وصیت کی ہو تو اس کے تہائی ترکہ سے تو وارثوں کی رضامندی کے بغیر فدیہ ادا کیا جائے گا' اور تہائی مال سے زائد فدیہ ہو تو اس کے لئے وہی شرط ہے جو اوپر لکھی گئی ہے۔

## صبح کی نماز چھوڑنے والا کب نماز ادا کرے؟

س..... اگر صبح آنکھ دیر سے کھلتی ہے اس لئے قضا نماز فجر میں عشاء کی نماز کے ساتھ ادا کرتا ہوں کیا میرا یہ عمل درست ہے؟

ج..... غلط ہے۔ اول تو فجر کی نماز قضا کرنا ہی بہت بڑا وبال ہے۔

حدیث میں ہے کہ "فجر اور عشاء کی نماز منافقوں پر سب سے بھاری ہے اگر ان کو ان کے اجر و ثواب کا علم ہوتا تو ان نمازوں میں ضرور آتے' خواہ ان کو رینگتے ہوئے آنا پڑتا۔" اس لئے فجر کی نماز کے لئے جانے کا پورا اہتمام کرنا چاہئے

اگر کسی دن خدانخواستہ آنکھ نہ کھلے تو بیدار ہونے کے بعد فوراً فجر کی قضاء کر لینا چاہئے اس کو عشاء کی نماز تک مؤخر کرنا برا ہے۔

## فجر کی نماز قضا کرنے والے کیلئے توجہ طلب تین باتیں

س..... ہم رات کو دو بجے تک گپ شپ لگاتے ہیں اور پھر اس کے بعد سو جاتے ہیں۔ یہ ٹھیک ہے کہ ہم غلط کرتے ہیں اور پھر صبح فجر کی نماز قضا ہو جاتی ہے۔ میں خود فجر کی نماز ظہر کے بعد پڑھتا ہوں اور صرف دو رکعت فرض پڑھتا ہوں۔ آیا میں جو نماز پڑھتا ہوں وہ ٹھیک ہے کہ نہیں اور اگر نہیں تو کیا ہم گنہگار ہوئے؟

ج..... آپ کے اس طرز عمل پر تین باتیں آپ کی توجہ کے لائق ہیں۔

اول..... یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کے بعد گفتگو کرنے سے منع فرمایا ہے البتہ تین صورتیں اس سے مستثنیٰ ہیں۔ ایک یہ کہ آدمی مہمان کی دلداری کیلئے اس سے بات چیت کرے۔ دوسرے میاں بیوی آپس میں گفتگو کریں۔ تیسرے یہ کہ کچھ لوگ سفر میں ہوں اور وہ رات کاٹنے کے لئے گفتگو کریں۔ ان تین صورتوں کے علاوہ عشاء کے بعد گفتگو مکروہ اور ناپسندیدہ ہے..... مسلمان کے دن بھر کے اعمال کا خاتمہ نیک عمل پر ہونا چاہئے اور وہ عشاء کی نماز ہے اس لئے

آپ حضرات کو رات گئے تک گپ شپ کا معمول چھوڑ دینا چاہئے' چونکہ آپ کی یہ گپ شپ نماز فجر کے قضا ہونے کا سبب ہے اور حرام کا ذریعہ بھی حرام ہوتا ہے اس لئے آپ کا یہ فعل حرام ہے۔
دوم...... آپ فجر کی نماز قضا کر دیتے ہیں اور یہ بہت ہی بڑا گناہ ہے' دنیا کا کوئی گناہ زنا' چوری' ڈاکہ وغیرہ وغیرہ فرض نماز قضا کرنے کے برابر نہیں' اس سے توبہ کرنی چاہئے۔ خصوصاً فجر کی نماز کی تو اور بھی تاکید ہے اور اس کو قضا کر دینا اپنے اوپر بہت ہی بڑا ظلم ہے۔
سوم...... پھر اگر خدانخواستہ فجر کی نماز قضا ہی ہو جائے تو ظہر تک اس کو مؤخر نہیں کرنا چاہئے بلکہ بیدار ہونے کے بعد اسے پہلی فرصت میں ادا کرنا چاہئے۔ فجر کی نماز اگر قضا ہو جائے تو زوال سے پہلے سنتوں سمیت قضا کی جاتی ہے۔ اور زوال کے بعد صرف فرض پڑھے جاتے ہیں۔

## فجر اور عصر کے بعد قضا نماز پڑھنا

س...... کیا قضا نماز عصر' فجر کے بعد پڑھی جا سکتی ہے؟
ج...... عصر اور فجر کے بعد قضا نمازیں پڑھنا جائز ہے صرف نوافل پڑھنا مکروہ ہے۔ مگر عصر و فجر کے بعد قضا نمازیں لوگوں کے سامنے نہ پڑھی جائیں کیونکہ نماز کا قضا کرنا معصیت ہے اور معصیت کا اظہار جائز نہیں۔

## کیا فجر کی قضا ظہر سے قبل پڑھنا ضروری ہے؟

س...... میری صبح کی نماز کسی مجبوری کی وجہ سے قضا ہو گئی ہے' ظہر کی اذان سے قبل اس فرض نماز کو ادا نہ کر سکا' ظہر کی اذان کے ساتھ مسجد میں پہنچا تو کیا اس قضا نماز کو ظہر کی نماز سے پہلے ادا کر سکتا ہوں یا پوری نماز ختم ہونے کے بعد ادا کروں؟
ج...... جس کے ذمہ پانچ سے زیادہ قضا نمازیں نہ ہوں' یہ شخص صاحب ترتیب کہلاتا ہے اس کے لئے حکم یہ ہے کہ پہلے قضا نماز پڑھے اس کے بعد وقتی نماز پڑھے۔ حتیٰ کہ اگر ظہر کی جماعت ہو رہی ہو اور اس کے ذمہ فجر کی نماز باقی ہو تو پہلے فجر کی نماز پڑھے خواہ ظہر کی جماعت فوت ہو جائے۔ اور اگر صاحب ترتیب نہ ہو تو قضا نماز پہلے بھی پڑھ سکتا ہے اور بعد میں بھی۔

## ظہر نماز کی سنتوں میں قضا نماز کی نیت کرنا

س...... آپ نماز کی عمر قضا کے بارے میں تحریر فرما دیں کیونکہ میں نے سنا ہے کہ جب ہم ظہر کی چار سنتیں پڑھیں تو اس کے ساتھ ہی عمر قضا فرض کہہ کر نیت باندھ لیں اس طرح سنتیں بھی ادا ہو جائیں

گی اور عمر قضا بھی ادا ہو جائے گی کیا یہ طریقہ صحیح ہے؟

ج..... ظہر کی سنتوں میں قضا نماز کی نیت کر لینا صحیح نہیں۔ موکدہ سنتیں الگ ادا کرنا چاہئیں۔ اور قضا نماز الگ پڑھنی چاہئے۔ البتہ غیر موکدہ سنتوں اور نفلوں کی جگہ قضا نماز پڑھنی چاہئے۔

## سالہا سال کی عشاء اور وتر نمازوں کی قضا کس طرح کریں؟

س..... اگر گزشتہ کئی سال کی نمازوں کی قضا ادا کرنی ہو تو عشاء کے فرضوں کے علاوہ کیا وتر بھی ادا کرنا ضروری ہیں اگر ضروری ہیں تو کیا ہم پہلے عشاء کے تمام دنوں کے فرض پڑھ لیں اس کے بعد تمام دنوں کے وتر پڑھ لیں یا ہر فرض کے ساتھ وتر پڑھیں یا صرف فرض پڑھنا ہی کافی ہے؟

ج..... یہاں دو مسئلے سمجھ لینا ضروری ہیں۔

اول..... نماز پنجگانہ فرض ہے اور وتر واجب ہے جس طرح فرض کی قضا ضروری ہے اسی طرح وتر کی قضا بھی ضروری ہے۔

دوم..... اگر وتر کی نماز قضا ہو جائے تو اس کو عشاء کی نماز کے ساتھ پڑھنا ضروری نہیں بلکہ الگ بھی جب چاہے پڑھ سکتا ہے کیونکہ وتر، عشاء کے تابع نہیں۔

## عیدین، وتر اور جمعہ کی قضا

س..... عشاء کی وتریں اگر رہ جائیں یا قضا ہو جائیں تو بعد میں قضا پڑھی جا سکتی ہیں یا نہیں؟ اگر قضا نہیں پڑھی جا سکتی ہیں تو اس کا کفارہ کیا ہو گا؟ اگر جمعہ کی نماز نکل جائے تو اس کی بھی قضا ادا کی جا سکتی ہے یا نہیں؟ میری کوئی تین چار مرتبہ جمعہ کی نماز نکل گئی تو میں نے بعد میں ان کی قضا پڑھی اور عید کی نماز بھی قضا ادا کی جا سکتی ہے کہ نہیں؟ ویسے عید کی نماز تو کبھی نہیں نکلی لیکن شاید بہت سے لوگ نہیں پڑھتے ہیں تو وہ لوگ عیدین کی نمازیں قضا پڑھ سکتے ہیں کہ نہیں؟

ج..... وتر رہ جائیں تو اس کی قضا ہے۔ جمعہ کی قضا نہیں۔ اس لئے اگر جمعہ کی نماز نہ ملے تو اس کی جگہ ظہر کی نماز پڑھی جائے اور عیدین کی نماز کی قضا نہیں، نہ اس کا کوئی بدل ہے۔

# سجدہ سہو

## سجدہ سہو کن چیزوں سے لازم آتا ہے اور کس طرح کرنا چاہئے؟

س..... نماز پڑھتے وقت کون کون سی یا کس قسم کی غلطی ہو جائے تو سجدہ سہو ادا کرنا پڑتا ہے اور سجدہ سہو ادا کرنے کیلئے التحیات کے بعد سلام پھیرنا پڑتا ہے یا درود شریف اور دعا بھی پڑھ کر پھر سلام پھیرنا پڑتا ہے؟

ج..... سجدہ سہو کے واجب ہونے کا اصول یہ ہے کہ فرض کی تاخیر سے یا واجب چھوٹ جانے سے یا واجب کی تاخیر سے سجدہ سہو واجب ہوتا ہے آگے اس اصول کی جزئیات بے شمار ہیں سجدہ سہو کا طریقہ یہ ہے کہ آخری قعدہ میں عبدہ ورسولہ تک التحیات پڑھ کر ایک طرف سلام پھیر دیں۔ پھر دو سجدے کر کے دوبارہ التحیات پڑھیں اور درود شریف اور دعا کے بعد سلام پھیریں۔

## نماز میں ہونے والی غلطی کی تلافی کا طریقہ

س..... اگر ہمیں محسوس ہو کہ ہم نے نماز پڑھتے ہوئے کوئی غلطی کی ہے۔ یعنی دو سجدوں کے بجائے تین کر لئے تو اس کی معافی کا کیا طریقہ ہو گا؟

ج..... اگر غلطی سے نماز کا کوئی واجب چھوٹ جائے یا کسی فرض یا واجب کے ادا کرنے میں تاخیر ہو جائے تو ایسی غلطی کی اصلاح سجدہ سہو سے ہو جاتی ہے۔ اگر نماز کا کوئی فرض رہ گیا ہو تو نماز کا لوٹانا ضروری ہے اور اگر کوئی سنت چھوٹ جائے تو معاف ہے۔ اس لئے نمازی کو نماز کے فرائض و واجبات اور سنن اور مستحبات معلوم ہونے چاہئیں۔ اگر غلطی سے دو کے بجائے تین سجدے کر لئے تو سجدہ سہو لازم آئے گا۔

## سجدہ سہو کے مختلف طریقوں میں افضل طریقہ

س...... (الف) سجدہ سہو التحیات پڑھنے کے بعد اور درود شریف سے قبل کرنا چاہئے؟
(ب)...... کیا سجدہ سہو کے بعد التحیات درود شریف وغیرہ دوبارہ پڑھا جائے گا؟
(ج)...... شافعی حضرات عموماً سجدہ سہو کے فوراً بعد سلام پھیر دیتے ہیں کیا یہ طریقہ ہمارے مسلک کے مطابق ہے؟

ج...... سجدہ سہو سلام سے پہلے بھی جائز ہے اور بعد بھی امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک افضل طریقہ وہ ہے جو آپ نے الف اور ب میں لکھا ہے۔

## مقتدی سے غلطی ہو جائے تو وہ سجدہ سہو نہ کرے

س...... باجماعت نماز ہو رہی ہے' اس دوران اگر انفرادی طور پر کسی نمازی سے کوئی غلطی سرزد ہو جائے تو کیا وہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد سجدہ سہو کر سکتا ہے؟

ج...... نماز باجماعت میں اگر مقتدی سے ایسی کوئی غلطی ہو جائے جس سے سجدہ سہو لازم آیا کرتا ہے اس سے مقتدی کے ذمہ سجدہ واجب نہیں ہوتا۔ اس لئے امام کے سلام پھیرنے کے بعد سجدہ سہو کرنے کی ضرورت نہیں۔

## کیا قضا نمازوں میں بھی سجدہ سہو کرنا ہو گا؟

س...... کسی بھی وقت کی فرض نماز اگر قضا ہو جائے کیا نماز میں سجدہ سہو کرنا لازم ہے اگر لازم ہے تو سجدہ سہو آخری رکعت ہی میں ادا کیا جائے یا علیحدہ سے؟

ج...... نماز خواہ ادا ہو یا قضا' فرض ہو یا واجب یا سنت' جب اس میں ایسی بھول ہو جائے کہ واجب چھوٹ جائے یا نماز کے کسی فرض میں تاخیر ہو جائے یا کسی واجب میں تاخیر ہو جائے تو سجدہ سہو لازم ہو جاتا ہے اور سجدہ سہو ہمیشہ آخری التحیات عبدہ ورسولہ پڑھنے کے بعد کیا جاتا ہے اور سجدہ سہو کرنے کے بعد دوبارہ التحیات' درود شریف اور دعا پڑھ کر سلام پھیر دے۔

## سجدہ سہو کیلئے نیت کرنا

س...... سجدہ سہو کیلئے اگر ضرورت پیش آئے تو کیا اس کے لئے بھی نیت کی جائے یا جب محسوس کرے کہ سجدہ کی ضرورت ہو گئی ہے تو طریقہ کے مطابق سجدہ سہو کر لیا جائے؟

ج...... جب سجدہ سہو کے ارادہ سے سجدہ کرے گا تو یہی سجدہ سہو کی نیت ہے' زبان سے نیت کے الفاظ ادا نہیں کئے جاتے۔

## سجدہ سہو میں کتنے سجدے کرنے چاہئیں؟

س...... سجدہ سہو میں کتنے سجدے کئے جاتے ہیں؟

ج...... سجدہ سہو کیلئے دو سجدے کئے جاتے ہیں۔

## نماز میں غلطی ہونے پر کتنی دفعہ سجدہ سہو کرنا ہوگا؟

س...... میرا مسئلہ یہ ہے کہ اگر نماز میں غلطی ہو جائے یا بھول جائے تو ایک ہی بار سجدہ سہو کافی ہوتا ہے یا ہر غلطی یا بھول پر الگ الگ سجدہ سہو کیا جائے' مثلاً سنت میں غلطی ہو اور پھر فرضوں میں ہو جائے تو کتنے سجدہ سہو کرنے چاہئیں؟

ج...... نیت باندھنے کے بعد سلام پھیرنے تک ہر نماز مستقل ہوتی ہے۔ نماز کی نیت باندھنے سے لیکر سلام پھیرنے تک کے عرصہ میں اگر کئی مرتبہ بھول جائے تو ایک ہی مرتبہ سجدہ سہو واجب ہو گا اور اگر سلام پھیر کر دوسری نماز شروع کی اور اس میں بھول ہو گئی تو سجدہ سہو پھر واجب ہو گا۔ مثلاً سنت کی نیت باندھی تو اس کا سلام پھیرنے تک اس نماز میں اگر کئی جگہ بھول ہوئی تو ایک ہی مرتبہ سجدہ سہو واجب ہو گا اور سنت کے بعد جب فرض کی نیت باندھی اور اس میں بھول ہوئی تو اس میں الگ سجدہ سہو واجب ہو گا۔

## اگر ثناء پڑھنا بھول گیا تو بھی نماز ہو گئی

س...... ایک موقع پر باوجود ٹال مٹول کے مجھے امام بنایا گیا مگر ثناء بھول گئی دوسری تمام نماز مکمل کی مگر پھر سجدہ سہو بھی نہ کیا اب خلجان ہے کہ کہیں نماز ضائع تو نہیں ہو گئی؟

ج...... اگر ثناء نہیں پڑھی تو نماز ہو گئی سجدہ سہو کی ضرورت نہیں تھی۔

## کیا ایک سورت چھوڑ کر آگے پڑھنے سے سجدہ سہو لازم ہو گا؟

س...... منفرد نمازی یا امام صاحب چھوٹی سورۃ رکعت میں پڑھتے ہیں جیسے پہلی رکعت میں سورہ لیل پڑھی ہے اب دوسری رکعت میں سورہ ماعون پڑھ لیتا ہے۔ اس کو سجدہ سہو کرنا پڑے گا یا نماز

ہو جائے گی۔ علماء کرام فرماتے ہیں کہ یا تو پہلی سورۃ سے ملتی ہوئی سورۃ پڑھی جائے یا کم از کم دو سورتیں چھوڑ کر تیسری سورۃ پڑھی جائے۔

ج...... چھوٹی سورتوں میں ایک سورۃ چھوڑ کر اگلی سورۃ پڑھنا مکروہ ہے مگر اس سے سجدہ سہو واجب نہیں ہوتا۔

## آیات بھولنے والے پر سجدہ سہو

س...... ہم یہاں دس بارہ آدمی ایک ساتھ نماز پڑھتے ہیں اپنا امام ایک شخص کو بنایا ہوا ہے، جسے قرآن مجید کی کچھ آیات مختلف سپاروں میں سے یاد ہیں۔ مسئلہ یہ ہے جب کبھی نماز پڑھاتے ہوئے آیات بھول جاتا ہے تو نماز کے اختتام میں سجدہ سہو کرتا ہے۔ کیا کسی آیت کے بھول جانے پر سجدہ سہو لازم ہو جاتا ہے یا اسے چھوڑ کر کوئی آیت دوسری پڑھی جا سکتی ہے؟

ج...... قرات میں بھولنے سے تو سجدہ سہو لازم نہیں آتا۔ البتہ اگر قرات بھول جانے کی وجہ سے تین مرتبہ سبحان اللہ کہنے کی مقدار خاموش کھڑا رہے تو سجدہ سہو لازم ہے۔

## فرض کی آخری دو رکعتوں میں سورۃ ملانے سے سجدہ سہو واجب نہیں ہوتا

س...... نمازی تنہا (جماعت کے بغیر) اپنی نماز چار فرض پڑھ رہا ہے جبکہ دو رکعت میں تو سورۃ فاتحہ کے بعد دوسری سورت ملانی ہے باقی دو رکعت میں صرف سورۃ فاتحہ پڑھ کر رکوع کرنا ہوتا ہے۔ اگر بھول سے ان دو رکعتوں میں جن میں صرف سورۃ فاتحہ پڑھنی ہے سورۃ ملالی یا صرف تسمیہ پڑھنے پایا تھا کہ یاد آگیا اور رکوع میں چلا گیا اب اس پر سجدہ سہو واجب ہو گا یا نہیں۔

ج...... فرض نماز کی آخری دو رکعتوں میں فاتحہ کے بعد سورۃ نہیں ملائی جاتی لیکن اگر کوئی بھول کر ملالے تو اس سے سجدہ سہو واجب نہیں ہوتا۔

## ایک رکعت رہنے پر الحمد کے ساتھ سورۃ نہ ملانے پر سجدہ سہو کرے

س...... مقتدی ایک رکعت سے رہ گیا ہے تو مقتدی کو اکیلے رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد کوئی سورۃ پڑھنی لازمی ہے لیکن اگر مقتدی غلطی سے آمین پڑھ کر رکوع میں چلا جائے تو وہ کیا کرے؟ صرف سجدہ

سہو سے نماز ہوجائے گی یا نماز پھر پڑھنی پڑے گی۔
ج..... اگر سجدہ سہو کرلیا تو نماز ہوگئی۔

## قیام میں بھولے سے التحیات پڑھنے پر کب سجدہ سہو واجب ہوگا؟

س..... کیا نماز قیام میں ثناء اور سورۃ فاتحہ کے بعد کوئی شخص بھولے سے التحیات پڑھے اور یاد آنے پر پھر کوئی سورۃ پڑھے تو کیا نماز مکمل ہوگئی ہے یا نہیں؟ مختصر سا جواب دیں؟
ج..... اگر ثناء کی جگہ التحیات پڑھ لی تو سجدہ واجب نہیں اور اگر سورۃ فاتحہ کے بجائے التحیات پڑھی تو سجدۂ سہو لازم ہے۔ اسی طرح اگر سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ کی جگہ التحیات پڑھ لی تب بھی سجدہ سہو واجب ہے۔

## قیام میں التحیات یا تسبیح پڑھنا اور رکوع و سجود میں قرات کرنا

س..... اگر قیام میں قرات کی بجائے التحیات یا دعا یا تسبیح وغیرہ پڑھ لے یا اس کے برعکس رکوع و سجدہ میں بجائے تسبیح کے قرات کرے بھول کر' تو پھر کیا کرے؟
ج..... قرات کے بجائے التحیات پڑھنے سے سجدہ سہو واجب ہوجائے گا۔ دعا یا تسبیح سے نہیں۔ رکوع سجدہ میں قرات نہیں کی جاتی لیکن اس سے سجدہ سہو واجب نہیں ہوگا۔

## آخری دو رکعت میں الحمد کے بعد بسم اللہ پڑھ لی تو سجدہ سہو واجب نہیں

س..... ایک شخص اکیلا فرض نماز پڑھ رہا ہے پہلی دو رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد بسم اللہ پڑھ کر کوئی اور سورۃ شروع کرے گا' بعد کی دو رکعتیں خالی ہیں اگر غلطی سے بسم اللہ پڑھ لے تو کیا سجدہ سہو واجب ہے کہ نہیں؟
ج..... بعد کی دو رکعتوں میں صرف سورۃ فاتحہ پڑھی جاتی ہے تاہم سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ پڑھ لے تو سجدہ سہو واجب نہیں ہوتا۔ لہٰذا بسم اللہ پڑھنے سے کچھ نہیں ہوا۔

## الحمد یا دوسری سورۃ چھوڑ دینے سے سجدہ سہو واجب ہے

س..... نماز میں قرات کرنا فرض ہے جس کے چھوٹ جانے سے نماز دہرانی ہوگی' اور سجدہ سہو سے

کام نہیں چلتا اکثر مولوی صاحبان کی رائے ہے کہ سورۃ فاتحہ کے بعد دوسری سورۃ بھولے سے رہ جائے اور رکوع کو چلا جائے تو سجدہ سہو سے نماز ہو جاتی ہے کیا سورۃ فاتحہ کا ادا کرنا قرات کے ادا کرنے کی شرط کو پورا کر دیتا ہے یا سورۃ فاتحہ کو قرات میں بھی شامل نہیں کیا جاسکتا اگر سورۃ فاتحہ قرات میں شامل نہیں تو پھر فرض ادا ہونے سے رہ گیا سجدہ سہو کس طرح اس کمی کو پوری کر دے گا؟

ج...... نماز میں مطلق قرات فرض ہے اور معین طور پر سورۃ فاتحہ پڑھنا اور اس کے ساتھ کوئی سورۃ ملانا (یا ایک بڑی آیت یا تین چھوٹی آیتیں) یہ دونوں واجب ہیں اس لئے اگر بالکل ہی قرات نہیں کی تو نماز نہیں ہوئی اور اگر سورۃ فاتحہ نہیں پڑھی یا سورۃ نہیں ملائی تو سجدہ سہو واجب ہو گا اور سجدہ سہو کر لینے سے نماز صحیح ہو گئی۔

## ظہر اور عصر میں بھول کر فاتحہ بلند آواز سے شروع کر دی تو کیا سجدہ سہو کرنا ہو گا؟

س...... ظہر اور عصر میں امام بھولے سے فاتحہ جہر سے شروع کر دے اور معاً یاد آتے ہی چپ ہو جائے تو کیا نماز توڑ دے؟ اور سجدہ سہو لازم ہو گا یا نہیں؟

ج...... اگر تین سے کم آیتیں پڑھیں تھیں تو سجدہ سہو واجب نہیں۔ اگر پوری رکعت میں قرات بلند آواز سے کی تو سجدہ سہو واجب ہو گا۔

## دعائے قنوت بھول جائے تو سجدہ سہو کرے

س...... نماز وتر کی تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ اور سورۃ پڑھ کر رکوع میں چلے جائیں دعائے قنوت پڑھنا بھی بھول جائے تو کیا کریں؟ آیا نماز دہرائے یا واپس لوٹ جائے؟ تفصیل سے جواب سے نوازیئے۔

ج...... دعائے قنوت واجب ہے۔ اگر بھول جائے تو سجدہ سہو کر لینے سے نماز صحیح ہو جائے گی۔

## التحیات کے بعد غلطی ہو جائے تو کیا سجدہ سہو کرنا ہو گا؟

س...... نماز میں کوئی غلطی ہو جائے تو سجدہ سہو کرتے ہیں لیکن اگر التحیات کے بعد کوئی غلطی ہو جائے تو کیا کریں؟ یا اگر نماز کے درمیان کوئی غلطی ہو جائے اور سلام پھیرنے کے بعد یاد آئے تو کیا کریں؟

ج...... آخری التحیات کے بعد سہو ہو جائے تو سجدہ سہو نہیں، نماز پوری ہو گئی۔ سلام پھیرنے کے بعد یاد آیا کہ میرے ذمہ سجدہ سہو تھا تو اگر سلام پھیر کر ابھی اپنی جگہ بیٹھا ہے۔ نماز کے منافی کوئی کام

نہیں کیا تو سجدہ سہو کر کے پھر سے التحیات پڑھے اور اگر اپنی جگہ سے اٹھ چکا ہے یا نماز کے منافی کوئی کام کر لیا تو نماز دوبارہ پڑھے۔

## چار رکعت سنت موکدہ کے درمیانی قعدہ میں التحیات سے زیادہ پڑھنے پر سجدہ سہو

س..... ظہر کی چار موکدہ سنتیں پڑھیں درمیان والے قعدہ میں درود شریف دعا وغیرہ بھی پڑھ لی تو آیا سجدہ سہو کرنا پڑے گا یا نہیں؟ جبکہ فرضوں میں ایسا ہو جانے سے سجدہ سہو کرنا پڑتا ہے۔

ج..... چار رکعت والی موکدہ سنتوں کے پہلے قعدہ میں اگر بھول کر درود شریف پڑھ لے تو بعض کے نزدیک سجدہ سہو واجب نہیں ہوتا مگر صحیح یہ ہے کہ اس سے سجدہ سہو واجب ہو جاتا ہے اس لئے احتیاط کی بات یہی ہے کہ سجدہ سہو کرے۔

س..... چار رکعت فرض یا سنت نماز میں دو رکعت پڑھنے کے بعد کوئی آدمی غلطی سے التحیات پڑھے بغیر کھڑا ہو جائے اور تیسری رکعت میں بیٹھ کر التحیات پڑھے اور پھر کھڑا ہو کر چوتھی رکعت پڑھے اس کے بعد سجدہ سہو کر لے تو کیا اس کی نماز ہو جائے گی یا لوٹانی پڑے گی؟

ج..... اسے تیسری رکعت پر نہیں بیٹھنا چاہئے بلکہ آخری قعدہ میں سجدہ سہو کر لینا چاہئے چونکہ سجدہ سہو کر لیا اس لئے نماز صحیح ہو گئی۔

## وتر کی نماز میں بھی پہلا قعدہ واجب ہے

س..... تین رکعت وتر نماز میں دو رکعت کے بعد تشہد میں بیٹھنا چاہئے یا نہیں؟

ج..... وتر کی نماز میں بھی دو رکعت پر قعدہ واجب ہے اگر بیٹھنا بھول جائے تو سجدہ سہو لازم ہو گا۔

## وتروں میں دو رکعت کے بعد غلطی سے سلام پھیرنے پر تصحیح

س..... وتر میں دو رکعت کے بعد غلطی سے سلام پھیر لیا جائے اور فوراً ہی غلطی کا احساس ہو جائے تو ساتھ ہی تیسری رکعت مکمل کر کے سجدہ کر لیں یا پھر نئے سرے سے وتر پڑھنے پڑیں گے؟

ج..... سجدہ سہو کر لینا کافی ہے۔

## کیا التحیات میں تھوڑی دیر بیٹھنے والا سجدہ سہو کرے گا؟

س..... عصر کے چار فرض الگ پڑھ رہے ہوں پہلی رکعت کے دوسرے سجدے کے بعد دوسری

رکعت سمجھ کر التحیات میں تھوڑی دیر ٹھہر گئے ابھی التحیات پڑھنا شروع نہیں کیا تھا کہ یاد آ جائے کہ یہ تو پہلی رکعت ہے' کھڑے ہو جائیں تو کیا سجدہ سہو لازم ہو گا یا نہیں؟ اور کیا اس صورت میں ہمیں دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہونا چاہئے جب تک کہ التحیات مکمل نہ ہو جائے۔

ج...... ذرا سی دیر ٹھہرنے سے سجدہ سہو واجب نہیں ہوتا یاد آنے پر فوراً کھڑے ہو جانا چاہئے۔ ذرا سی دیر سے مراد یہ ہے کہ تین مرتبہ سبحان اللہ کہنے کی مقدار نہ ٹھہرے۔

## التحیات کی جگہ سورۃ پڑھنے پر سجدہ سہو کرے

س...... نماز پوری کرنے کیلئے جب التحیات پڑھتے ہیں تو اگر التحیات کی جگہ کوئی سورۃ پڑھ لیں یا التحیات غلط پڑھ لیں تو کیا سجدہ سہو کرنا چاہئے یا نہیں؟

ج...... اس صورت میں سجدہ سہو واجب ہے۔

## التحیات کی جگہ الحمد پڑھنے والا سجدہ سہو کرے

س...... بعض اوقات نماز میں التحیات کے وقت الحمد شریف غلطی سے پڑھی جاتی ہے اور ایسا عموماً نفل کی نماز میں ہوتا ہے جبکہ نفل بیٹھ کر پڑھے جاتے ہیں۔ سجدہ سہو سے نماز ادا ہو جاتی ہے یا دوبارہ ادا کرنی ہو گی؟

ج...... سجدہ سہو کرنے سے نماز ہو جائے گی' نفل نماز بیٹھ کر پڑھنا جائز ہے مگر افضل یہ ہے کہ کھڑا ہو کر پڑھے۔ بیٹھ کر پڑھنے سے ثواب آدھا رہ جاتا ہے۔

## کیا رکوع کی تکبیر بھول جانے سے سجدہ سہو لازم آتا ہے؟

س...... اگر کوئی شخص قیام سے رکوع میں جاتے ہوئے "اللہ اکبر" کہنا بھول جائے تو سجدہ سہو تو لازم نہیں آتا؟

ج...... سجدہ سہو واجب کے چھوڑنے پر واجب ہوتا ہے رکوع اور سجدے کی تکبیریں سنت ہیں' واجب نہیں' اگر کوئی ان کو بھول کر نہ کہے تو سجدہ سہو واجب نہیں۔

## تین سجدے کرنے پر سجدہ سہو واجب ہے

س...... بندے نے آج عصر کی نماز قریبی مسجد میں ادا کی جماعت کے ساتھ جب امام صاحب چوتھی رکعت کے سجدے میں گئے تو بجائے دو سجدوں کے تین سجدے کئے کیا اس طرح یہ نماز ہو گئی؟ جبکہ

ایک سجدہ زائد ہے۔

ج..... اگر کسی رکعت میں بھول کر دو کے بجائے تین سجدے کرے تو اس سے سجدہ سہو واجب ہو جاتا ہے پس اگر آپ کے امام صاحب نے سجدہ سہو کر لیا تھا تو نماز ہو گئی اور اگر سجدہ سہو نہیں کیا تھا تو اس نماز کا لوٹانا واجب ہے۔

## تکبیر کی جگہ سمع اللہ کہہ دیا تو کیا سجدہ سہو کرنا ہو گا؟

س..... نماز فجر میں ہمارے مسجد کے امام صاحب نے سجدے کی حالت میں اللہ اکبر کے بجائے سمع اللہ کہتے ہوئے پھر اللہ اکبر کہہ کر بغیر سجدہ سہو کے نماز پوری کر لی۔ کیا ہماری نماز بغیر سجدہ سہو کے ہو گئی یا نہیں؟

ج..... تکبیر کے بجائے سمع اللہ یا سمع اللہ کے بجائے تکبیر کہہ دی جائے تو سجدہ سہو لازم نہیں آتا۔

## اگر درمیانی قعدہ میں بیٹھنا بھول جائے تو کیا کرے؟

س..... اگر ایک آدمی چار رکعت نماز ادا کر رہا ہو دو رکعت کے بعد التحیات میں نہ بیٹھے اور سیدھا کھڑا ہو جائے اور جب کھڑا ہو تو یاد آئے کہ میں التحیات میں نہیں بیٹھا تو اس صورت میں کیا کرنا چاہئے؟

ج..... پہلا قعدہ واجب ہے اور اگر نماز کا واجب بھول جائے تو نماز فاسد نہیں ہوتی بلکہ سجدہ سہو لازم آتا ہے اس لئے اگر کوئی شخص بھولے سے کھڑا ہو گیا تو اب نہ بیٹھے' بلکہ آخر میں سجدہ سہو کر لے۔ نماز صحیح ہو جائے گی۔

## اگر قعدہ اولیٰ کا اشتباہ ہو گیا تو سجدہ سہو کرے

س..... اگر نماز میں یہ بھول جائے کہ قعدہ اولیٰ ہوا یا نہیں' تو آخر میں کیا کرنا چاہئے؟

ج..... اگر سوچنے کے بعد غالب خیال یہی ہو کہ قعدہ اولیٰ نہیں کیا تو سجدہ سہو کرے۔

## بھول کر امام کا آخری قعدہ میں کھڑے ہونا

س..... ایک مسجد میں جماعت ہو رہی تھی۔ امام صاحب آخری قعدہ میں بغیر التحیات پڑھے بالکل سیدھے کھڑے ہو گئے مگر لوگوں کے اللہ اکبر کہنے پر بیٹھ گئے۔ سجدہ سہو کیا اور نماز ختم کر دی۔

سائل اور اس کے دوست کا موقف یہ تھا کہ نماز دوبارہ پڑھائی جائے کیونکہ آخری قعدہ فرض ہے اور وہ ادا نہیں ہوا۔ لوگ نہیں مانے اور سائل اور اس کے دوست نے نماز دوبارہ پڑھ لی۔

اگلی نماز میں سائل موجود نہ تھا لیکن سنا ہے کہ امام صاحب نے بہشتی زیور پڑھ کر لوگوں کو بتایا کہ ان کا طریقہ ٹھیک تھا اور نماز ہو گئی ہے اس بات کا تو مجھے یقین ہے کہ قعدہ فرض کے ادا نہ کرنے پر نماز نہیں ہوتی' لیکن پھر خیال آتا ہے کہ شاید جماعت میں اس کی رعایت دی گئی ہو اور امام صاحب ہی کا موقف صحیح ہو آپ اس کا صحیح حل بتا دیں؟

ج...... آخری قعدہ فرض ہے اگر کوئی شخص بھول کر کھڑا ہو جائے تو جب تک پانچویں رکعت کا سجدہ نہیں کیا اس کو لوٹ آنا چاہئے فرض میں تاخیر کی وجہ سے اس پر سجدہ سہو واجب ہے اور نماز ہو گئی...... لیکن اگر پانچویں رکعت کا سجدہ کر لیا تو فرض نماز باطل ہو گئی ایک اور رکعت ملا کر نماز پوری کرلے اور فرض نئے سرے سے پڑھے۔

آپ نے جو صورت لکھی ہے اس میں امام صاحب کا موقف صحیح ہے کیونکہ اس میں فرض ترک نہیں ہوا بلکہ فرض میں تاخیر ہوئی تھی' جس کی تلافی سجدہ سہو سے ہو گئی۔

## امام قرات میں درمیان سے کوئی آیت چھوڑ دے تو کیا سجدہ سہو کرے؟

س......جہری نماز کے اندر قرات کے دوران امام نے تقریباً تین آیات سے زیادہ پڑھنے کے بعد پوری ایک آیت چھوڑ دی یا کچھ لفظ چھوڑ کر اسی سورت کو آگے سے پڑھنے لگے نہ ہی مقتدی ٹوک سکے کیا نماز کا اعادہ کرنا چاہئے یا سجدہ سہو کافی ہو گا؟

ج...... اگر پوری آیت چھوڑ دی گئی یا کچھ الفاظ قرآنیہ چھوڑ دیئے گئے اور اس کے چھوڑنے سے معنی کے اندر کوئی تبدیلی پیدا نہ ہوئی تو ایسی صورت میں نہ نماز کا اعادہ واجب ہے نہ سجدہ سہو لازم ہے۔ نماز درست ہو گی۔

## لقمہ دینے پر صحیح پڑھ لینے سے سجدہ سہو لازم نہیں

س......ہمارے محلے میں ایک مسجد ہے میں اس مسجد میں نماز پڑھتا ہوں۔ اتفاق سے ایک دن امام صاحب کسی کام سے باہر گئے ہوئے تھے۔ لہٰذا ہم نمازیوں نے کسی دوسرے آدمی کو امامت کیلئے کہا۔ وہ نماز پڑھانے لگے تو ان صاحب سے قرات میں دو مقام پر غلطی ہوئی اور نمازیوں نے ان کو لقمہ دیا اور قرات کو صحیح پڑھایا اور اس طرح نماز ختم ہوئی۔ نماز جیسے ہی ختم ہوئی تو کچھ نمازیوں نے کہا کہ امام صاحب کو سجدہ سہو کرنا چاہئے لہٰذا نماز دوبارہ ادا کریں اور کسی نے کہا کہ نماز صحیح ہو گئی' لوٹانے کی ضرورت نہیں۔ سوال یہ ہے کہ امام صاحب سے فرض نماز میں غلطی ہو جائے (جیسی کہ اوپر بیان کی

گئی ہے) تو کیا سجدہ سہو لازم ہوتا ہے یا نہیں؟
ج..... امام صاحب کے قرات میں بھول جانے اور پھر لقمہ دینے پر صحیح پڑھ لینے سے سجدہ سہو لازم نہیں آتا نماز صحیح ہو گئی۔

## "مسبوق" اور "لاحق" کے سجدہ سہو کا حکم

س..... ہمارے امام صاحب مغرب کی نماز پڑھا رہے تھے اور دوسری رکعت میں جب وہ التحیات پڑھنے بیٹھے تو اٹھنا بھول گئے اور مزید پڑھتے رہے پیچھے سے کسی نے اللہ اکبر کہا امام صاحب اٹھے۔ تیسری رکعت میں ایک مقتدی آکر شامل ہوئے امام نے سجدہ سہو کیا۔ ساتھ ہی بعد میں آنے والے مقتدی نے بھی سجدہ سہو کیا' امام نے سلام کہا' مقتدی کھڑا ہو گیا جب مقتدی اپنی آخری رکعت میں التحیات پڑھ رہا تھا تو ہمارے گاؤں کے مولانا صاحب نے اس سے کہا کہ سجدہ سہو کرو' اس نے نہ کیا حالانکہ غلطی امام صاحب نے کی تھی اور مقتدی نے اس کے ساتھ سجدہ سہو بھی کیا تھا مگر امام کا کہنا ہے کہ اس کو اپنی رکعت میں بھی سجدہ سہو کرنا چاہئے تھا۔ امام صاحب کے پاس ایک کتاب "رکن دین" ہے جس میں لکھا ہوا ہے کہ مقتدی کو اپنی آخری رکعت میں سجدہ سہو کرنا چاہئے جبکہ ہم نے دوسری کتابوں میں دیکھا' مگر وہاں لکھا ہے کہ سجدہ سہو نہیں ہو گا۔ ہم سب اہلسنت سے تعلق رکھتے ہیں اور اس مسئلہ کا جواب براہ کرم قرآن و حدیث اور فقہ حنفی کی روشنی میں تحریر فرمائیں کیونکہ اس نمازی نے اس مسئلہ پر امام سے جھگڑے کی بنیاد پر امام کے پیچھے نماز پڑھنا چھوڑ دی ہے مقتدی نے کئی جگہ سے تصدیق کروائی تو جواب ملا کہ سجدہ سہو نہیں ہو گا جبکہ امام صاحب یہ بات کہتے ہیں کہ جو اس کتاب میں لکھا ہے وہ صحیح ہے' امام صاحب اپنی اس ایک بات پر ڈٹے ہوئے ہیں اور تصدیق نہیں کرواتے اور یہ بھی آپ بتائیں کہ اس جھگڑے میں مقتدی نے امام صاحب کے پیچھے نماز پڑھنا چھوڑ دی ہے اور کیا مقتدی کا یہ فعل صحیح ہے یا کہ غلط اور مقتدی نماز گھر میں پڑھتا ہے' جن صاحب نے یہ کتاب لکھی ہے ان کا نام یہ ہے "حضرت مولانا شاہ رکن الدین صاحب" اس کتاب میں یہ سوال ہے کہ اگر لاحق کے امام نے اپنے سہو سے سجدہ کیا تو یہ لاحق کیا کرے اور اس کا جواب یہ ہے: کہ امام کے سہو سے لاحق پر بھی سجدہ واجب ہے اب لاحق نماز کے آخر میں سجدہ کرے جیسے اس کے امام نے آخر میں کیا ہے اور اگر امام کے ساتھ کر لے گا تو پھر دوبارہ اس کو کرنا چاہئے۔ (درمختار)

ج..... جو شخص دوسری یا بعد کی کسی رکعت میں آکر جماعت میں شامل ہوا ہو اس کو "مسبوق" کہتے ہیں۔ مسبوق کو چاہئے کہ جب امام سجدہ سہو کرے تو یہ سلام پھیرے بغیر امام کے ساتھ سجدہ کرلے اور پھر امام کی نماز ختم ہونے کے بعد اپنی رہی ہوئی رکعت یا رکعتیں پوری کرے' ان رکعتوں میں اگر اس کو کوئی سہو ہو جائے تو دوبارہ سجدہ سہو کرے گا ورنہ نہیں۔

در مختار میں ہے

والمسبوق یسجد مع امامه مطلقا سواء کان السهو قبل الاقتدا
او بعده ثم یقضی ما فاته ولو سها فیه سجد ثانیا
(ص ۸۳ ج ۲)

رکن دین میں جو مسئلہ لکھا ہے وہ صحیح ہے مگر وہ "مسبوق" کا نہیں بلکہ "لاحق" کا ہے اور "لاحق" وہ شخص کہلاتا ہے جو ابتداء سے امام کے ساتھ شریک ہو مگر کسی وجہ سے نماز کا آخری حصہ اسے امام کے ساتھ نہ ملا ہو۔ آپ کے امام صاحب سے یہ سہو ہوا کہ انہوں نے "مسبوق" اور "لاحق" کے درمیان فرق نہیں کیا۔ اس لئے لاحق کا مسئلہ "مسبوق" پر چسپاں کر دیا۔

## مسبوق امام کے پیچھے اگر بھول کر درود شریف پڑھ لے تو اس پر سجدہ سہو نہیں

س...... نماز ابھی باقی ہے مگر ایک شخص (امام کی) آخری رکعت میں درود شریف بھی پڑھ لیتا ہے تو کیا سجدہ سہو لازم آتا ہے؟

ج...... نہیں۔

## مسبوق اگر امام کے ساتھ سلام پھیر دے تو اب کیا کرے؟

س...... اگر ہم ایک یا دو رکعت کے بعد نماز میں شریک ہوتے ہیں لیکن امام کے ساتھ سلام پھیر لیتے ہیں تو اس صورت میں کیا ہمیں نماز دوبارہ ادا کرنی ضروری ہے یا نہیں؟

ج...... نماز دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں اگر امام کے ساتھ ہی سلام پھیرا تھا تو یاد آنے پر فوراً اٹھ جائیں اس صورت میں سجدہ سہو کی بھی ضرورت نہیں اور اگر امام کے بعد سلام پھیرا تو سجدہ سہو لازم ہے۔

## جماعت سے چھوٹی ہوئی رکعتوں میں غلطی پر سجدہ سہو کا حکم

س...... جماعت سے چھوٹی ہوئی رکعتوں میں اگر کوئی غلطی ہو جائے تو کیا سجدہ سہو کرنا چاہئے؟

ج...... امام کے فارغ ہونے کے بعد جو رکعتیں مسبوق ادا کرتا ہے اس میں وہ منفرد یعنی تنہا نماز پڑھنے والے کے حکم میں ہوتا ہے اس لئے ان میں اگر ایسی غلطی ہو جائے جس سے سجدہ سہو لازم آتا ہو تو سجدہ سہو واجب ہے۔

## بھول کر امام کے ساتھ سلام پھیرنے والا اگر فوراً سجدہ سہو کرلے تو کیا حکم ہے؟

س..... میں امام کے پیچھے نماز پڑھ رہا تھا، مگر پہلی رکعت میں شامل نہ ہوسکا، سلام پھیرتے وقت میں نے بھی سلام پھیر لیا لیکن فوراً یاد آگیا لہٰذا میں نے سجدہ سہو کیا اور اٹھ کر ایک رکعت نماز پڑھ کر سلام پھیر لیا کیا اس طریقے سے میری نماز صحیح ہے؟ اگر جس رکعت میں غلطی ہوجائے تو اسی رکعت میں سجدہ سہو کرنے میں کوئی حرج تو نہیں؟

ج..... اگر بھول کر امام کے ساتھ سلام پھیر دے اور فوراً ہی یاد آجائے کہ میری رکعت باقی ہے تو اس سے سجدہ سہو واجب نہیں ہوگا۔ سجدہ سہو ہمیشہ آخری التحیات میں ادا کیا جاتا ہے جس رکعت میں غلطی ہو اسی میں ادا کرنا درست نہیں۔

## ایک رکعت زیادہ پڑھ لی تو کیا سجدہ سہو کرنے سے نماز ہوجائے گی؟

س..... مغرب کی نماز فرض میں امام صاحب نے تین کی جگہ چار رکعت پڑھادیں۔ سلام پھیرتے ہی لوگوں نے کہا کہ چار رکعت ہوئی ہیں امام صاحب سجدہ سہو میں چلے گئے اور نماز ختم کی اور کہا کہ جن لوگوں نے کہا تھا وہ نماز دوبارہ پڑھ لیں باقی سب کی نماز ہوگئی جبکہ امام صاحب جب چوتھی رکعت کیلئے کھڑے ہوئے تو مقتدیوں نے لقمہ بھی دیا تھا مقتدیوں نے امام صاحب کو نماز دوبارہ پڑھانے کو کہا لیکن امام صاحب راضی نہ ہوئے اور کہا کہ نماز ہوگئی اس طرح تقریباً آدھے نمازیوں نے دوبارہ جماعت کرائی آدھے امام صاحب کی بات پر رہے کہ نماز ہوگئی۔ امام صاحب نے نماز دوبارہ نہیں پڑھائی۔ آپ اب اس کو واضح کریں کہ نماز ہوئی یا نہیں اس لئے کہ اگر نماز ہوگئی تو جن لوگوں نے دوبارہ نماز پڑھی ان کیلئے کیا حکم ہے؟ اور جن لوگوں نے نہیں پڑھی ان کیلئے کیا ہے؟

ج..... اگر امام صاحب تیسری رکعت کے بعد التحیات میں بیٹھے تھے اور بجائے سلام پھیرنے کے چوتھی رکعت کیلئے کھڑے ہوگئے تو سجدہ سہو کرنے سے ان کی اور جن مقتدیوں نے گفتگو نہیں کی تھی ان کی نماز ہوگئی اور اگر تیسری رکعت پر بیٹھے نہیں تھے سیدھے کھڑے ہوگئے تھے تو کسی کی بھی نماز نہیں ہوئی دوبارہ پڑھنا ضروری ہے۔

## تین رکعت فرض کو بھول کر چار رکعت پڑھنا

س..... مغرب کی نماز میں امام صاحب آخری رکعت میں تشہد میں بیٹھے تھے، پیچھے سے کسی مقتدی نے

سبحان اللہ کہا اور اس پر امام صاحب بیٹھے رہے، پھر کسی دوسرے مقتدی نے سبحان اللہ کہا اس پر امام صاحب کھڑے ہوگئے اور چوتھی رکعت پوری کر کے سجدہ سہو کیا اور سلام پھیر دیا۔ کچھ لوگوں کے قول کے مطابق تین فرض ادا ہو گئے جبکہ ایک زائد رکعت باطل ہو گئی لیکن کچھ مقتدیوں کا خیال ہے کہ نماز دوبارہ پڑھنی چاہئے اس لئے کہ آخری قعدہ فرض ہے۔

ج..... قعدہ اخیرہ میں تشہد پڑھنے کی مقدار بیٹھنا فرض ہے، اگر قعدہ اخیرہ بالکل ہی ترک کر دیا جائے یا بقدر تشہد نہ بیٹھا جائے تو فرض ادا نہ ہونے کی وجہ سے نماز فاسد ہو جائے گی، اعادہ ضروری ہو گا۔ جب دوسرے مقتدی کے "سبحان اللہ" کہنے پر امام صاحب کھڑے ہوئے تو اگر وہ اس وقت تک تشہد پڑھنے کی مقدار بیٹھ چکے تھے تب تو سجدہ سہو ادا کرنے کے بعد تین رکعت مغرب کے فرض ادا ہو گئے، اور اگر امام صاحب تشہد پڑھنے کی مقدار نہیں بیٹھے بلکہ اس سے پہلے ہی کھڑے ہو گئے تو سجدہ سہو کے باوجود مغرب کی فرض نماز فاسد ہو گئی۔ اس نماز کو دہرایا جائے۔ البتہ پڑھی ہوئی نماز چار رکعت نفل ہو جائے گی۔

## چار رکعت کے بجائے پانچ پڑھنے والا سجدہ سہو کس طرح کرے؟

س..... اگر چار رکعت کے بجائے پانچ رکعت پڑھ لیں اور آخر میں سجدہ سہو کر لیا تو نماز ہو گئی یا لوٹانا لازمی ہے؟

ج..... اگر پانچویں رکعت کا سجدہ کرنے سے پہلے یاد آجائے تو فوراً قعدہ میں بیٹھ جائے اور سجدہ سہو کرلے نماز ہو گئی، اور اگر اس وقت یاد آیا جبکہ پانچویں رکعت کا سجدہ کر لیا تھا تو ایک رکعت اور ملا کر چھ رکعتیں پوری کرلے۔ اب اگر چوتھی رکعت کے بعد قعدہ کیا تھا تب تو اس کے فرض ادا ہو گئے، ورنہ یہ چھ رکعتیں نفل بن گئیں۔ فرض دوبارہ پڑھے مگر دونوں صورتوں میں سجدہ سہو لازم ہے۔

## جمعہ اور عیدین میں سجدہ سہو نہ کرنے کی گنجائش ہے

س..... نماز جمعہ کی آخری رکعت میں مولوی صاحب التحیات کے بعد اللہ اکبر کہہ کر دوبارہ سیدھے کھڑے ہو گئے اور تقریباً دو یا ڈیڑھ منٹ تک سیدھے کھڑے رہنے کے بعد فوراً بیٹھ گئے اور اس کے بعد سلام پھیر دیا لیکن سجدہ سہو نہیں کیا پھر خود ہی مولوی صاحب نے یہ اعلان کیا کہ ہم آخری رکعت میں التحیات پڑھ چکے تھے۔ اس لئے سجدہ سہو لازم نہیں ہے اور جمعہ کی نماز میں چاہے فرض چھوٹ جائے یا واجب اس میں نہ تو نماز کو دوبارہ پڑھنا چاہئے اور نہ سجدہ سہو کرنا چاہئے کیا یہ مسئلہ درست ہے؟

ج..... آخری رکعت میں التحیات پڑھ کر اگر کھڑا ہو جائے تو سجدہ سہو لازم ہو جاتا ہے مگر جمعہ اور عیدین

کی نماز میں اگر مجمع بہت زیادہ ہو اور سجدہ سہو کرنے سے نمازیوں کی پریشانی کا اندیشہ ہو تو سجدہ سہو نہ کرنا بہتر ہے اور مولوی صاحب کا یہ کہنا کہ جمعہ کی نماز میں چاہے فرض چھوٹ جائے دوبارہ نماز نہیں پڑھنی چاہئے' غلط ہے۔ فرض چھوٹ جانے کی صورت میں نماز کا لوٹانا ضروری ہے اور واجب چھوٹ جانے کی صورت میں سجدہ سہو لازم ہو جاتا ہے لیکن جمعہ اور عیدین میں اگر مجمع بہت زیادہ ہو تو سجدہ سہو نہ کیا جائے۔

## فرضوں میں یاد آئے کہ سنتوں میں سجدہ سہو کرنا تھا تو اب کیا کرے؟

س...... ظہر کی نماز اگر الگ پڑھ رہے ہوں۔ چار سنت پڑھیں اور اس میں کوئی ایسی غلطی ہو جائے جس پر سجدہ سہو واجب ہو جائے اور سجدہ سہو کرنا بھول جائے اب چار فرض بھی شروع کر دیں فرض کی دوسری رکعت میں یاد آیا کہ سجدہ سہو سنتوں میں بھول گئے تھے تو کیا یہ چار سنتیں فرض کے بعد پڑھیں گے یا فرض کی دوسری رکعت میں سلام پھیریں اور پھر چار سنتیں پڑھیں اور اس کے بعد چار فرض اور پھر نماز پوری کریں۔

ج...... فرض نماز پوری کرلیں۔ بعد کی دو سنتیں بھی پڑھ لیں۔ اس کے بعد ان چار رکعتوں کو لوٹالیں۔

## نفل نماز بیٹھ کر شروع کی اس کے بعد کھڑا ہو گیا تو سجدہ سہو نہیں

س...... نفل نماز کی نیت بیٹھ کر باندھی سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بعد خیال آیا کہ ثواب آدھا ملے گا کھڑا ہو گیا اور سورۃ پڑھ کر رکوع کیا یا ایک رکعت بیٹھ کر پڑھنے کے بعد خیال آیا تو دوسری رکعت کھڑے ہو کر پڑھی اس کیلئے کیا حکم ہے کیا سجدہ سہو کیا جائے گا یا نماز دہرانا ہو گی؟

ج...... جو صورت آپ نے لکھی ہے یہ بالاتفاق جائز ہے۔ اس لئے نہ سجدہ لازم' نہ نماز کا دہرانا۔ اس کے برعکس نفل نماز کھڑے ہو کر شروع کرنا اور بیٹھ کر پوری کرنا حضرت امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک جائز ہے اور حضرت امام ابو یوسفؒ اور حضرت امام محمدؒ کے نزدیک جائز نہیں۔

## سجدہ سہو کب تک کر سکتا ہے؟

س...... نماز میں غلطی ہونے کی صورت میں سجدہ سہو کرنا پڑتا ہے' اکثر بھول جاتا ہوں' سلام پھیرنے کے قریب یاد آتا ہے' اس وقت سوچ میں پڑ جاتا ہوں کہ سجدہ سہو کروں یا نہیں؟ لیکن یہ سوچ کر

سجدہ سہو کرلیتا ہوں کہ نہ کرنے سے کرنا بہتر ہے آپ یہ بتایئے کہ اگر بالکل بھول جائے اور دونوں سلام پھیرنے کے بعد یاد آئے تو کیا کرنا چاہئے؟ کیونکہ سجدہ سہو کرنا تھا بھول گیا؟

ج..... نماز کے اندر جب بھی یاد آجائے سجدہ سہو کرلیا جائے، اور سلام پھیرنے کے بعد جب تک اپنی جگہ قبلہ رخ بیٹھے ہوں اور کوئی ایسا کام بھی نہیں کیا جس سے نماز ٹوٹ جاتی ہے، اس وقت تک سجدہ سہو کرسکتے ہیں۔ سجدہ سہو کے بعد دوبارہ التحیات وغیرہ پڑھ کر سلام پھیرا جائے اور اگر سلام پھیر کر کوئی ایسا کام کرلیا جس سے نماز ٹوٹ جاتی ہے، تو نماز کو دوبارہ لوٹانا واجب ہے۔

# مسافر کی نماز

## کتنے فاصلے کی مسافت پر قصر نماز ہوتی ہے؟

س..... قصر نماز کے لئے تین منزل ہونا ضروری ہے۔ ایک منزل کتنے کلومیٹر یا میل کے برابر ہوتا ہے؟

ج..... مختار قول کے مطابق ایک منزل ۱۶ میل اور تین منزل ۴۸ میل کے برابر ہوتی ہے۔ اور ۴۸ میل کے ۷۷ کلومیٹر بنتے ہیں۔

## نماز کو قصر کرنے کی رعایت قیامت تک کیلئے ہے

س..... کیا نماز قصر کی رعایت صرف پہلے وقتوں کیلئے تھی جبکہ لوگ پیدل سفر کیا کرتے تھے یا اب بھی ہے؟

ج..... صرف پہلے وقتوں کیلئے نہیں تھی بلکہ قیامت تک کیلئے ہے۔

## مسافر شہر کی آبادی سے باہر نکلتے ہی قصر پڑھے گا

س..... ایک مسافر جو کہ کسی گاڑی کے ذریعہ سفر کر رہا ہے وہ گاڑی کچھ ہی دیر بعد روانہ ہونے والی ہے یا روانہ ہو چکی ہے لیکن اس نے ابھی ۴۸ میل کا فاصلہ طے نہیں کیا ہے اس وقت اگر نماز کا وقت ہو جائے تو کیا اس نماز کو بھی قصر پڑھیں گے؟

ج..... جب مسافر ۴۸ میل یا اس سے زیادہ مسافت کے سفر کی نیت کر کے اپنے شہر کی آبادی سے نکل جائے تو قصر شروع ہو جائے گی۔

## قصر نماز کیلئے کس راستہ کا اعتبار ہے؟

س...... میرے گاؤں سے پشاور شہر کو تین راستے جاتے ہیں۔ ایک راستہ اڑتالیس میل کا ہے، جو سڑک اور سواری کا ہے اور ہمیشہ ہم لوگ ۴۸ میل والے راستہ پر پشاور کی طرف جاتے ہیں اور دوسرا راستہ چالیس میل سواری کا راستہ ہے اور تیسرا راستہ پیادہ ۳۵ میل کا ہے۔ جب میں ۴۸ میل پر پشاور کو جاتا ہوں تو مجھے نماز قصر کا حکم ہے یا دوسرے راستہ کا حکم ہے؟ نماز قصر کروں یا پوری نماز ادا کروں؟ شرعی حکم ارشاد فرمائیں۔

ج...... جس راستہ پر سفر کیا جائے اس کا اعتبار ہے اگر وہ اڑتالیس میل ہو تو قصر لازم ہے، خواہ دوسرا راستہ اس سے کم مسافت کا ہو۔

## کیا شہر سے ۷۰ کلو میٹر دور جانے آنے والا ٹرک ڈرائیور مسافر ہو گا؟

س...... میں ریتی بجری کا ٹرک چلاتا ہوں اور سپر ہائی وے روڈ پر تقریباً ۷۰ کلو میٹر آگے جاکر بجری لاتا ہوں۔ اگر میں وہاں ندی پر پہنچ جاؤں اور نماز کا وقت ہو جائے تو کیا میں نماز قصر کروں یا پوری نماز ادا کروں اور خدانخواستہ اگر قضا ہو جائے تو واپس کراچی آکر مسافرانہ قضا ادا کروں یا پوری؟

ج...... اگر آپ کراچی کی حدود ختم ہونے کے بعد ۴۸ میل (۷۷ کلو میٹر) یا اس سے زیادہ دور جاتے ہیں تو نماز قصر کریں گے۔ سفر کی قضا شدہ نماز گھر پر ادا کی جائے تب بھی قصر ہی پڑھتے ہیں۔ مگر ۷۰ کلو میٹر قصر کی مسافت نہیں۔ اس لئے آپ وہاں پوری نماز پڑھیں گے۔

## ریلوے ملازم مسافر کی نماز

س...... میں ریلوے میں ملازم ہوں میری ڈیوٹی ٹرین کے ساتھ ہوتی ہے میں کراچی سے کوئٹہ گاڑی کے ساتھ جاتا ہوں کوئٹہ سے کراچی۔ پھر کراچی سے سکھر اور واپسی پر کراچی سے سرگودھا جاتا ہوں۔ اسی طرح میری ڈیوٹی کا سرکل چلتا ہے میری رہائش اور فیملی کراچی میں ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ مجھے دوران سفر قصر نماز پڑھنی چاہئے یا کہ پوری نماز پڑھنی چاہئے جب کہ گاڑی کے اندر مجھے تمام سہولتیں دستیاب ہیں، اسپیشل کمرہ میرے پاس ہے جس میں ایئر کنڈیشن ہے۔ میں اور میرا عملہ پوری نماز پڑھتے ہیں آپ قرآن و سنت کی روشنی میں جواب دیں کہ ہم قصر نماز پڑھیں یا کہ پوری؟ خدا آپ کو جزا دے۔

ج...... کراچی سے باہر سفر کے دوران آپ قصر کریں گے۔ اور کراچی آکر پوری نماز پڑھیں گے۔ آپ کا سفر اگرچہ ڈیوٹی کی حیثیت میں ہے' لیکن سفر کے احکام اس پر بھی لاگو ہیں۔

## جہاں انسان کی جائیداد و مکان نہ ہو وہ وطن اصلی نہیں ہے

س...... میرا آبائی گاؤں حیدر آباد سے ۱۵۰ میل دور ہے' گاؤں میں میرے دو بھائی اور برادری کے دوسرے لوگ اب بھی رہتے ہیں' برادری کا قبرستان بھی اسی گاؤں میں ہی ہے۔ میری سرکاری ملازمت زیادہ تر حیدر آباد میں رہی ہے' بچوں کی تعلیم بھی زیادہ تر حیدر آباد میں ہی ہوئی ہے۔ ایک دو بچے اب بھی حیدر آباد میں ہی پڑھتے ہیں۔ بلکہ ایک دو بچوں کی ملازمت بھی حیدر آباد میں ہی ہے۔ در حقیقت ملازمت کے زمانہ ہی میں میں نے اپنی کوٹھی حیدر آباد میں بنوائی ہے اور پنشن لینے کے بعد اپنی رہائش حیدر آباد میں ہی قائم رکھی ہے' بلکہ زرعی زمین بھی پنشن لینے کے بعد حیدر آباد کے نزدیک خریدی ہے' مطلب یہ کہ مستقل سکونت ایک طرح سے حیدر آباد میں اختیار کر رکھی ہے۔ شادی غمی اور برادری معاملات میں گاؤں سے تعلق قائم رکھا ہے اور اکثر گاؤں آنا جانا رہتا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ (الف) اگر میں یا میری اولاد میں سے کوئی گاؤں جائیں تو گاؤں میں یا آتے جاتے راستے میں کون سی نماز پڑھیں؟ قصر یا پوری؟ (ب) اگر گاؤں میں پوری نماز پڑھنی ہے اور گاؤں سے ارد گرد ۵۰۰ میل کے اندر آنا جانا پڑے تو ادھر کونسی نماز پڑھیں قصر یا پوری؟

ج...... آپ کا گاؤں چونکہ حیدر آباد سے ۱۵۰ میل کے فاصلے پر ہے اس لئے وہاں آتے جاتے ہوئے راستہ میں تو قصر ہی ہوگی۔ اصل سوال یہ ہے کہ گاؤں پہنچ کر آپ وہاں مسافر ہوں گے یا مقیم؟ اور وہاں قصر کریں گے یا پوری نماز ادا کریں گے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ چونکہ آپ نے وہاں کی سکونت ترک کر دی ہے' وہاں نہ آپ کا مکان ہے' اور نہ سامان! اس لئے وہ آپ کا وطن اصلی نہیں رہا۔ آپ وہاں مسافر ہوں گے اور قصر کریں گے۔

## جس شہر میں مکان کرایہ کا ہو چاہے اپنا' وہاں پہنچتے ہی مسافر مقیم بن جاتا ہے

س...... ہمارا ایک مستقل گھر صوبہ سرحد میں ہے' اور ایک مستقل ٹھکانہ کراچی میں اور اگر ہم سرحد سے کراچی کسی کام کیلئے آئیں اور کراچی میں پندرہ دن سے کم رہنے کا ارادہ ہو تو کیا نماز قصر پڑھنی ہوگی یا پوری؟ (الف) جب مکان کرائے کا ہو (ب) جب مکان اپنا ہو؟

ج...... کراچی آپ کا وطن اقامت ہے' جب تک آپ کا کراچی میں رہنے کا ارادہ ہے ا،،

وہاں رہنے کیلئے کرائے کا مکان لے رکھا ہے اس وقت تک آپ کراچی آتے ہی مقیم ہو جائیں گے۔ اور آپ کے لئے پندرہ دن یہاں رہنے کی نیت کرنا ضروری نہیں ہوگا۔ اس صورت میں آپ یہاں پوری نماز پڑھیں گے اور جب آپ کراچی کی سکونت ختم کر کے یہاں سے اپنا سامان منتقل کر لیں گے اور کرائے کا مکان بھی چھوڑ دیں گے اس وقت کراچی آپ کا وطن اقامت نہیں رہے گا۔ پھر اگر کبھی کراچی آنا ہوگا تو اگر پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت ہوگی تو آپ یہاں مقیم ہوں گے اور اگر ۱۵ دن سے کم ٹھہرنے کی نیت ہوگی تو مسافر ہوں گے۔

خلاصہ یہ کہ جب تک یہاں آپ کا کرائے کا مکان ہے اور جب تک یہاں آپ کا سامان رکھا ہے اور آپ کی نیت یہ ہے کہ آپ کو واپس آکر یہاں رہنا ہے اس وقت تک یہ آپ کا وطن اقامت ہے۔

## ایک ہفتہ ٹھہرنے کی نیت سے اپنے گھر سے ساٹھ میل دور رہنے والا شخص نماز قصر کرے

س..... میں نوکری کی غرض سے زیادہ تر گھر سے باہر رہتا ہوں اور منزل اکثر ۵۰ یا ۶۰ میل سے زیادہ ہوتی ہے اور میں ہمیشہ ایک ہفتہ کی نیت کر کے گھر سے جاتا ہوں اور ہر جمعرات کو واپس آجاتا ہوں ان مقامات پر قصر نماز پڑھی جائے یا کہ پوری؟

ج..... ملازمت کی جگہ اگر پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کر لیں تب تو آپ وہاں مقیم ہوں گے ورنہ مسافر۔ آپ نماز مسجد میں جماعت کے ساتھ پڑھا کریں تاکہ قصر کا سوال ہی پیدا نہ ہو۔ بہر حال اگر اکیلے نماز پڑھنے کی نوبت آئے تو قصر ہی کریں۔

## بیک وقت دو شہروں میں مقیم کس طرح قصر نماز پڑھے؟

س..... میری مستقل رہائش سمندری میں ہے جو فیصل آباد سے ۳۰ میل پر ہے۔ فیصل آباد میں مستقل ملازمت کرتا ہوں اور بوجہ ملازمت فیصل آباد کو ہی وطن سکونت سمجھتا ہوں دوران سفر قصر نماز کیلئے کس شہر کو پیش نظر رکھنا ہوگا مستقل خاندانی رہائش کو یا جہاں ملازمت کرتا ہوں؟

ج..... دونوں کا اعتبار ہوگا جس شہر سے آپ سفر شروع کریں گے وہاں کا بھی، اور دوسرے کا بھی۔ مثال کے طور پر آپ فیصل آباد سے سرگودھا کی طرف سفر کر رہے ہیں تو وہ جگہ فیصل آباد سے ۴۸ میل یا زیادہ کی مسافت پر ہونی چاہئے تب آپ مسافر ہوں گے۔ اور اگر آپ فیصل آباد سے ٹوبہ یا گوجرہ کی طرف سفر شروع کریں تو سمندری آتے ہی آپ مقیم ہو جائیں گے۔ اب آگے کی جگہ اگر

سمندری سے اڑتالیس میل ہو تو آپ مسافر ہوں گے ورنہ نہیں۔ اسی طرح اگر آپ کو سمندری سے سرگودھا کی طرف جانا ہے راستے میں فیصل آباد آتا ہے۔ آپ وہاں پہنچتے ہی مقیم ہو جائیں گے۔ اب اس سے آگے کی مسافت ۴۸ میل ہو تو مسافر ہوں گے ورنہ نہیں۔

## مسافر مختلف قریب قریب جگہوں میں رہے تب بھی قصر کرے

س...... (الف) زید کراچی سے پشاور گیا اور پشاور میں ۲۵ دن رہنے کا ارادہ ہے مگر مختلف مقامات پر دو تین دن رہنا ہے لیکن جن مختلف مقامات پر رہتا ہے وہ قریب قریب ہیں ایک فرلانگ یا آدھا فرلانگ دور دور مختلف دیہات میں کیا وہ نماز پوری پڑھے گا؟

(ب) عمرو پشاور سے کراچی آیا اور ۱۵ دن سے زائد کراچی میں رہتا ہے مگر دو دن ناظم آباد، تین دن ناور میں تین دن کماڑی میں یا اس سے بھی تھوڑا دور یا اس سے بھی قریب قریب مقامات پر رہتا ہے کیا پوری نماز پڑھے گا؟

ج...... مسافر جب ایک معین مقام (شہر یا گاؤں) میں ۱۵ دن یا اس سے زیادہ رہنے کی نیت کر لے تو وہ مقیم ہو جاتا ہے اور اس کے ذمہ پوری نماز پڑھنا ضروری ہے اور اگر ایک جگہ رہنے کی نیت نہیں تو وہ بدستور مسافر رہے گا اور نماز کی قصر کرے گا پس سوال میں ذکر کردہ پہلی صورت میں وہ مسافر ہے کیونکہ اس کی نیت ایک جگہ رہنے کی نہیں بلکہ مختلف جگہوں پر رہنے کی ہے، گو ان جگہوں میں زیادہ فاصلہ نہیں اور دوسری صورت میں وہ مقیم ہو گا کیونکہ کراچی کا پورا شہر ایک ہی ہے اس کے مختلف محلوں یا علاقوں میں رہنے کے باوجود وہ ایک ہی شہر میں ہے۔

## مرد اور عورت اپنی اپنی سسرال میں مقیم ہوں گے یا مسافر؟

س...... آدمی جب اپنی سسرال جائے تو کیا وہاں سفر والی نماز ادا کرے یا مقیم والی۔ بیوی خواہ اپنے والدین کے گھر ہو یا نہ ہو تو کس طرح نماز ادا کرے۔ اگر بیوی اپنے والدین کے گھر جائے تو کیا وہ بھی مسافرہ ہے یا مقیم؟

ج...... مرد کی سسرال اگر مسافت سفر پر ہے تو وہ وہاں مسافر ہو گا اور بیوی کی اگر رخصتی ہو چکی ہے اور وہ اپنے میکے ملنے کیلئے آتی ہے تو وہ بھی وہاں مسافر ہو گی۔ جب کہ اس کی نیت وہاں پندرہ دن ٹھہرنے کی نہ ہو۔

## ہاسٹل میں رہنے والا طالبعلم کتنی نماز وہاں پڑھے اور کتنی گھر پر؟

س...... میں مہران یونیورسٹی جامشورو میں پڑھتا ہوں میرا گاؤں یہاں سے ۹۴ میل دور ہے اور میں

ہاسٹل میں رہتا ہوں اور ہر جمعرات کو گاؤں جاتا ہوں یوں میرا گاؤں سے دور ۱۵ دن سے کم دن کا قیام ہے سوال یہ ہے کہ مجھے سفری نماز پڑھنی چاہئے یا پوری؟ نیز یہ کہ گاؤں میں صرف ایک رات رہتا ہوں ہفتے میں۔

ج..... اگر آپ ایک بار ہاسٹل میں پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کرلیں تو ہاسٹل آپ کا "وطن اقامت" بن جائے گا۔ اور جب تک آپ طالبعلم کی حیثیت سے وہاں مقیم ہیں وہاں پوری نماز پڑھیں گے۔ اور اگر آپ نے ایک بار بھی وہاں پندرہ دن کا قیام نہیں کیا تو آپ وہاں مسافر ہیں۔ اور قصر پڑھیں گے۔ اور گھر پر تو آپ ہر حال میں پوری نماز پڑھیں گے۔ خواہ ایک گھنٹہ کے لئے آئے ہوں۔

## کیا سفر سے واپسی کے بعد بھی نماز قصر پڑھنی ہوگی؟

س..... سفر سے واپسی کے بعد کتنے دن بعد تک نماز سفر ادا کرنی چاہئے یا سفر کے اختتام پر بند کردی جائے؟

ج..... سفر سے واپسی پر جب آدمی اپنے شہر کی حدود میں داخل ہوجائے سفری نماز ختم ہوجاتی ہے۔ حدود شہر میں داخل ہونے کے بعد پوری نماز پڑھنا لازم ہے۔

## میدان عرفات میں قصر کیوں پڑھی جاتی ہے؟

س..... یوم الحج یعنی ۹ ذی الحجہ کو مقام عرفات میں مسجد نمرہ میں جو ظہر اور عصر کی نمازیں ایک ساتھ پڑھی جاتی ہیں وہ ہمیشہ قصر کیوں پڑھی جاتی ہیں؟ جبکہ مکہ معظمہ سے عرفات کے میدان کا فاصلہ تین چار میل ہے۔ اور قصر کیلئے مقام قیام سے ۴۸ میل یا ایسے ہی کچھ فاصلے کا ہونا ضروری ہے؟

ج..... ہمارے نزدیک عرفات میں قصر صرف مسافر کے لئے ہے۔ مقیم پوری نماز پڑھے گا۔ سعودی حضرات کے نزدیک قصر مناسک کی وجہ سے ہے۔ اس لئے امام خواہ مقیم ہو، قصر ہی کرے گا۔ اب سنا ہے کہ احناف کے مسلک کی رعایت میں امام ریاض سے لایا جاتا ہے۔

## منیٰ میں قصر نماز

س..... کوئی شخص پاکستان سے یا دوسرے ممالک سے حج یا عمرہ کیلئے جاتا ہے تو مکہ شریف میں پندرہ سے زیادہ ایام رہنے کے بعد احرام حج باندھ کر منیٰ و عرفات کو جاتا ہے اب پوچھنا یہ ہے کہ منیٰ و عرفات و مزدلفہ میں نمازیں قصر پڑھے یا پوری پڑھے؟ بعض کہتے ہیں کہ قصر پڑھے کیونکہ نبی علیہ السلام نے مکہ میں مقیم ہونے کے باوجود نماز قصر پڑھی۔ اگر حنفی مسلک رکھنے والے نے قصر پڑھی ہو تو اس کی

نمازیں ہو گئیں یا دوبارہ قضا کرے؟

ج...... قصر کا حکم صرف مسافر کو ہے، اور جو شخص منیٰ جانے سے پہلے مقیم ہو خواہ اس وجہ سے کہ وہ مکہ مکرمہ کا رہنے والا ہے، خواہ اس وجہ سے کہ وہ پندرہ دن یا اس سے زیادہ عرصہ سے مکہ مکرمہ میں ٹھہرا ہوا تھا۔ اس کو منیٰ، عرفات اور مزدلفہ میں قصر کی اجازت نہیں۔ وہ پوری نماز پڑھے اور اگر قصر کر چکا ہے تو وہ نمازیں نہیں ہوئیں۔ ان کو دوبارہ پڑھے۔

خلاصہ یہ کہ جو حاجی صاحبان ایسے وقت مکہ مکرمہ جاتے ہیں کہ ۸ تاریخ (جو منیٰ جانے کا دن ہے) تک مکہ مکرمہ میں ان کے پندرہ دن نہیں ہوتے ہیں وہ مکہ مکرمہ میں بھی مسافر شمار ہوں گے اور منیٰ عرفات میں بھی، لہٰذا قصر کریں گے۔ اور اگر ۸ تاریخ تک مکہ مکرمہ میں ان کے پندرہ دن پورے ہو جاتے ہیں تو وہ مکہ مکرمہ میں مقیم ہو جائیں گے اور منیٰ عرفات میں بھی مقیم رہیں گے۔

## امام مسافر کے پیچھے بھی مقیم مقتدی کو جماعت کی فضیلت ملتی ہے

س...... میں دھوراجی میں ایک ادارے میں زیر تعلیم ہوں اس ادارے کے قریب ہی ایک مسجد ہے جہاں میں ظہر کی نماز ادا کرتا ہوں، کچھ عرصہ قبل میں حسب معمول نماز ظہر ادا کرنے مسجد ہذا میں پہنچا تو جماعت کھڑی ہو چکی تھی، وضو سے فارغ ہوا تو دوسری رکعت جاری تھی قریب تھا کہ جماعت میں شامل ہوتا امام نے دو رکعت کے بعد سلام پھیر لیا۔ دریافت کرنے پر پتہ یہ چلا کہ مسجد میں ایک پیر صاحب آئے ہوئے ہیں جنہوں نے امامت کی۔ اعلان کیا گیا کیونکہ پیر صاحب سفر میں ہیں اس لئے انہوں نے چار فرض کے بجائے دو فرض پڑھائے لہٰذا تمام نمازی چار رکعت فرض انفرادی طور پر دوبارہ ادا کریں۔ یہ بات تو سمجھ میں آتی ہے کہ پیر صاحب سفر کے دوران کراچی میں مختصر قیام پر ہیں اس لئے انہوں نے دو فرض پڑھے لیکن مسجد کے نمازی تو مقامی ہیں دریافت یہ کرنا ہے کہ لوگ مسجد میں با جماعت نماز پڑھنے جاتے ہیں جس کی بڑی تاکید بھی آئی ہے، ان کی جماعتوں کی نماز ایک مسافر پیر سے امامت کرا کے ضائع کرا دینا اور جماعت کی نماز کے فضائل سے محروم کر دینا قرآن و سنت کی رو سے کیا جائز ہے؟ نیز جماعت سے نماز نہ ادا کرنے کا وبال کس پر ہو گا نمازی پر، پیر صاحب پر یا مسجد کے منتظمین پر؟ میں اس کے بعد وہاں مسجد میں نماز پڑھنے نہیں گیا بعد میں پتہ چلا کہ تین چار روز تک پانچوں وقت کی نمازیں پیر صاحب نے اسی طرح پڑھائیں۔ برائے مہربانی قرآن و حدیث کی روشنی میں جواب سے نوازیں اس سے بہت شک و شبہات ختم ہوں گے۔

ج...... اگر امام مسافر ہو تو وہ دو رکعت کے بعد سلام پھیر دے گا اور اس کے پیچھے جو مقتدی مقیم ہیں وہ اٹھ کر اپنی دو رکعتیں پوری کر لیں گے۔ مقتدیوں کو چار فرض انفرادی طور پر ادا کرنے کی ضرورت نہیں اور مسافر کی امامت سے اس کی اقتدا کرنے والے مقیم مقتدیوں کو بھی جماعت کا ثواب پورا ملتا

ہے۔ اس لئے آپ کا یہ سوال ہی بے محل ہے کہ جماعت سے نماز نہ پڑھنے کا وبال کس پر ہوگا؟ کیونکہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھی گئی اس لئے ترک جماعت کے وبال کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ البتہ جو مقتدی اپنی سستی کی وجہ سے آپ کی طرح دیر سے آئے اور جماعت سے محروم رہے ان کا وبال خود انہی کی سستی پر ہے۔ اور آپ کا آئندہ کے لئے اس مسجد میں جانا ہی بند کر دینا بھی غلط تھا۔

## مقیم امام کی اقتدا میں مسافر مقتدی کتنی رکعات کی نیت کرے؟

س...... امام مقیم مقتدی مسافر، تو مقتدی کتنی رکعتوں کی نیت کرے گا؟ سنا ہے کہ نیت دو رکعتوں کی کرنی ہے اور پڑھنی چار رکعت ہے؟

جواب...... امام مقیم ہو تو مقتدی بھی اس کی اقتدا میں پوری نماز پڑھے گا اور پوری نماز ہی کی نیت کرے گا۔ مسافر کو قصر کا حکم اس صورت میں ہے، جب وہ اکیلا نماز پڑھ رہا ہو یا مسافر امام کی اقتدا میں نماز پڑھ رہا ہو۔

## کیا بس اور ہوائی جہاز میں نماز ادا کرنی چاہئے؟

س...... بس یا ہوائی جہاز کے سفر کے دوران اگر نماز کا وقت ہو جائے تو کیا بس یا ہوائی جہاز میں سفر کے دوران نماز ادا کرنا لازمی ہے کیونکہ بس کے ڈرائیور تو عموماً بس کھڑی نہیں کرتے اور ہوائی جہاز کا معاملہ تو بالکل ہی مشکل معاملہ ہے۔ کیونکہ وہ تو انسان کے بس کی بات نہیں ہے۔ اس لئے بس یا ہوائی جہاز کے اندر نماز کس طرح ادا کی جائے؟ اور کیا ادا کرنا لازمی ہے؟

ج...... نماز تو بس اور ہوائی جہاز کے سفر کے دوران بھی فرض ہے۔ قضا نہیں کرنی چاہئے۔ ہوائی جہاز کے اندر تو آدمی اطمینان سے نماز پڑھ سکتا ہے البتہ بس میں نماز نہیں پڑھی جا سکتی۔ اس لئے یا تو بس ڈرائیور سے پہلے معاہدہ کر لیا جائے کہ وہ نماز پڑھانے کے لئے بس کھڑی کرے ورنہ بس کا ٹکٹ ہی اتنی مسافت کا لیا جائے جہاں پہنچ کر نماز کا وقت آنے کی توقع ہو۔ نماز پڑھ کر دوسری بس پکڑ لی جائے۔

## ہوائی جہاز میں نماز کا کیا حکم ہے؟

س...... کیا ہوائی جہاز میں نماز پڑھنے سے نماز ادا ہو جاتی ہے یا نہیں؟

ج...... ہوائی جہاز میں نماز اکثر علماء کرام کے نزدیک صحیح ہو جاتی ہے بشرطیکہ نماز کو اس کی تمام شرائط صحت کے ساتھ ادا کیا جائے۔ قبلہ رخ اور دیگر شرائط میں نقص نہ رہ جائے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ

ہوائی جہاز میں نماز ادا کرنے کے بعد زمین پر احتیاطاً اس کا اعادہ بھی کرلے تو بہتر ہے ضروری اور واجب نہیں ہے۔

## بحری جہاز کا عملہ مسافر ہے شہری بندرگاہ پر وہ مقیم بن سکتا ہے

س...... میں ایک بحری جہاز میں چیف انجینئر ہوں۔ زندگی کا بیشتر حصہ سمندروں میں سفر پر گزرتا ہے مجھے اور میرے دوسرے ساتھیوں کو حسب عمدہ رہائش' خوراک کی جملہ ضروریات (مجوزہ قانون کے تحت) میسر ہیں' یہ ٹھیک ہے کہ ہمیں بعض دفعہ لگاتار بغیر رکے دو دو ماہ تک سفر میں رہنا پڑتا ہے' چند دن کسی بندرگاہ پر رکے' اور پھر سفر شروع ہو جاتا ہے۔ جہاز کسی بھی بندرگاہ پر پندرہ دن سے زیادہ نہیں ٹھہرتا۔ (بعض دفعہ ایک ماہ بھی رک جاتا ہے) میں بفضلہ تعالیٰ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ با جماعت اور بعض دفعہ اکیلے جیسا بھی موقع ہو' اپنی نمازیں فقہ حنفی کے تحت اہل سنت والجماعت کے طریقے پر ادا کرتا ہوں ہم سب اپنے آپ کو مسافر تصور نہیں کرتے (کیونکہ جیسا کہ میں نے شروع میں عرض کیا کہ ہمیں رہائش وخوراک اور پرسکون ماحول حسب عمدہ میسر ہے) چند دن ہوئے ہمارے ایک نئے ساتھی نے جو کیپٹن کے عہدے پر فائز ہو کر ہمارے جہاز کے عملے میں آشامل ہوئے ہیں' ہماری نماز کی ادائیگی پر اعتراض کیا ہے اور اپنے اعتراض کے جواز میں ایک مولانا صاحب کا تحریری فتویٰ بھی دکھایا ہے جس کا لب لباب یہ ہے کہ "بحری جہازوں کے عملے اور کارکنوں کو اپنی نمازیں بحیثیت مسافر کے ادا کرنی چاہئیں۔ (یعنی اختصار کے ساتھ فرض نماز آدھی) بصورت دیگر وہ سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے منکر ہوں گے۔" مولانا صاحب آپ ہمیں مندرجہ بالا حالات کے تحت جو درج کئے گئے ہیں شش وپنج سے نکالیں کیا بحری جہاز کے عملے/ کارکن کو پوری سہولتیں میسر ہونے کے باوجود اپنے آپ کو مسافر تصور کرنا چاہئے؟ یا اپنی نمازیں مکمل طور پر ساکن کے تصور پر پڑھنی چاہئیں؟ جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے مسافر کو اختصار کے ساتھ ادا کرنے کا حکم' (سنت نبویؐ اور حکم خداوندی کے تحت) دیا جانا' سفر کی تکالیف اور مشکلات کی وجہ سے ہے مولانا صاحب اس بات کا کیا جواز ہے کہ مسافر سہولت کی خاطر فرض نماز تو اختصار کے ساتھ پڑھے جبکہ بقیہ نماز کی سنتیں اور نوافل پورے ادا کرے۔ میرے عرض کرنے کا مدعا یہ ہے کہ مسافر کو اگر سہولت ہی لینی ہے تو صرف فرض نماز کے لئے کیوں' پوری نماز کے لئے کیوں نہیں؟ سنتیں اور نوافل پورے ادا کرنا اگر آسان ہو سکتا ہے تو فرض نماز پوری ادا کرنے میں کیا مشکل ہو سکتی ہے؟ حضرت' شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن پاک کی روشنی میں دلائل کے ساتھ جواب دے کر ہمیں ذہنی کوفت اور پریشانی سے نجات دلائیں اس سے بہتوں کا بھلا ہو گا۔

ج...... آپ کے سوال کا مختصر جواب یہ ہے کہ بحری جہاز کا عملہ تمام تر سہولتوں کے باوجود مسافر

ہے۔ البتہ جہاز جب کسی شہر میں لنگر انداز ہو اور بندر گاہ شہر کا ایک حصہ تصور کی جاتی ہو اور اس جگہ پندرہ دن کا یا اس سے زیادہ رہنے کا ارادہ ہو تو پوری نماز ادا کی جائے گی۔ آپ کا یہ ارشاد بجا ہے کہ "سفر میں نماز قصر کا حکم دیا جانا سفر کی تکالیف اور مشکلات کی وجہ سے ہے۔" لیکن چونکہ سفر میں عموماً تکلیف و مشقت پیش آتی ہی ہے اس لئے شریعت نے قصر کا مدار سفر پر رکھا ہے۔ ورنہ لوگوں کو یہ فیصلہ کرنے میں دشواری پیش آتی کہ اس سفر میں تکلیف و مشقت ہے یا نہیں۔ خلاصہ یہ کہ حکم کی اصل علت تو تکلیف و مشقت ہی ہے مگر اس کا کوئی پیمانہ مقرر کرنا مشکل تھا۔ اس لئے شریعت نے احکام کا مدار خود تکالیف پر نہیں رکھا بلکہ سفر پر رکھا ہے خواہ اس میں مشقت ہو یا نہ ہو اس لئے آپ لوگوں کو نماز قصر ہی کرنی ہوگی۔ قصر صرف فرض رکعات میں ہوتی ہے، سنتوں اور نفلوں میں نہیں کیونکہ سفر میں سنتیں، نفل کی حیثیت اختیار کر جاتی ہیں اور ان کا پڑھنا اختیاری امر بن جاتا ہے۔ تاہم اگر سفر میں فراغت و اطمینان ہو تو سنن و نوافل ضرور پڑھنے چاہئیں مگر فرض نماز قصر ہی ہوگی۔ پوری پڑھنا جائز نہیں۔

## کیا ریل میں سیٹ پر بیٹھ کر کسی طرف بھی منہ کر کے نماز پڑھ سکتے ہیں؟

س..... اخبار جہاں میں بعنوان کتاب و سنت کی روشنی میں ایک مسئلہ لکھا ہے۔ جس کی عبارت یہ ہے۔

" (سوال) اکثر و بیشتر دیکھا گیا ہے کہ ریل گاڑی اور بسوں میں بوقت نماز نمازی لوگ سیٹ پر بیٹھ کر جس طرف بھی منہ ہو نماز پڑھ لیتے ہیں۔ کتاب و سنت کی روشنی میں وضاحت فرمائیں؟
(جواب) "نماز ہو جاتی ہے" اس سلسلے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

ج..... نماز میں قبلہ کی طرف منہ کرنا شرط ہے۔ اور قیام بشرط قدرت فرض ہے۔ فرض اور شرط فوت ہو جانے سے نماز بھی نہیں ہوتی۔ اخبار جہاں کا لکھا ہوا مسئلہ غلط ہے۔ ریل میں کھڑے ہو کر قبلہ رخ نماز پڑھنی چاہئے۔

## ریل گاڑی میں نماز کس طرح ادا کی جائے؟

س..... ریل کے سفر میں اگر تختہ پر بیٹھ کر نماز پڑھ لی جائے اور منہ قبلہ شریف کی طرف نہ ہو تو نماز ہو جاتی ہے یا نہیں؟ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس طرح نماز صحیح نہیں ہوتی بعض کہتے ہیں کہ ہو جاتی ہے۔

ج..... جو لوگ ریل کے تختہ پر بیٹھ کر نماز پڑھ لیتے ہیں تین وجہ سے ان کی نماز صحیح نہیں ہوتی۔

اول..... نماز کی جگہ کا پاک ہونا شرط ہے اور ریل کے تختے کا پاک ہونا مشکوک ہے۔ آپ نے اکثر دیکھا ہوگا کہ چھوٹے بچے ان پر پیشاب کر دیتے ہیں۔

دوم..... نماز میں قبلہ کی طرف رخ کرنا ضروری ہے اس کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔ اور ناواقف لوگوں کا یہ خیال کہ سفر میں قبلہ رخ کی پابندی نہیں' غلط ہے۔ سفر میں بھی قبلہ کی طرف رخ کرنا اسی طرح ضروری ہے جس طرح وطن میں ضروری ہے۔ بلکہ شریعت کا حکم تو یہ ہے کہ سفر میں نماز کے دوران اگر قبلہ کا رخ بدل جائے تو نمازی اسی حالت میں قبلہ کی طرف گھوم جائے۔ ہاں سفر میں قبلہ رخ کا پتہ نہ چلے اور کوئی صحیح رخ بتانے والا بھی موجود نہ ہو تو خوب غور و فکر اور سوچ بچار سے کام لے کر خود ہی اندازہ لگالے کہ قبلہ کا رخ اس طرف ہوگا۔ اور اسی رخ نماز پڑھ لے۔ اب اگر نماز کے بعد معلوم ہوا کہ اس نے جس رخ نماز پڑھی ہے وہ قبلہ کی سمت نہیں تھی تب بھی اس کی نماز ہوگئی۔ دوبارہ لوٹانے کی ضرورت نہیں اور اگر نماز کے اندر ہی قبلہ رخ کا پتہ چل جائے تو نماز توڑنے کی ضرورت نہیں۔ نماز کے اندر ہی قبلہ رخ کی طرف گھوم جائے۔

سوم..... نماز میں قیام یعنی کھڑا ہونا فرض ہے آدمی خواہ گھر پر ہو یا سفر میں' جب تک اسے کھڑے ہونے کی طاقت ہے بیٹھ کر نماز صحیح نہ ہوگی۔ اور اس میں مردوں کی تخصیص نہیں۔ عورتوں کے لئے بھی یہی حکم ہے۔ بعض مستورات بیٹھ کر نماز پڑھ لیتی ہیں یہ جائز نہیں' فرض اور وتر ان کو بھی کھڑے ہو کر پڑھنا لازم ہے۔ اس کے بغیر نماز نہیں ہوگی۔ البتہ نوافل بیٹھ کر پڑھ سکتی ہیں۔

سفر میں بعض پکے نمازی بھی نمازیں قضا کر دیتے ہیں۔ عذر یہ کہ ایسے رش میں نماز کیسے پڑھیں؟ یہ بڑی کم ہمتی اور غفلت کی بات ہے۔ اور پھر ریل میں کھانا پینا اور دیگر طبعی حوائج کا پورا کرنا بھی تو مشکل ہوتا ہے۔ لیکن مشکل کے باوجود ان طبعی حوائج کو بہر حال پورا کیا جاتا ہے۔ آدمی ذرا سی ہمت سے کام لے تو [illegible] کیا' غیر مسلم بھی نماز کیلئے جگہ دے دیتے ہیں۔ اور سب سے بڑھ کر افسوس کی بات یہ ہے کہ بعض حضرات حج کے مقدس سفر میں بھی نماز کا اہتمام نہیں کرتے۔ وہ اپنے خیال میں تو ایک فریضہ ادا کرنے جا رہے ہیں مگر دن میں خدا کے پانچ فرض غارت کر دیتے ہیں۔ حاجیوں کو یہ اہتمام کرنا چاہئے کہ سفر حج کے دوران ان کی ایک بھی نماز با جماعت فوت نہ ہو۔ بلکہ ریل میں اذان' اقامت اور جماعت کا بھی اہتمام کیا جائے۔

## ریل گاڑی میں نماز کس طرح پڑھے؟ جبکہ پانی تک پہنچنے پر قادر نہ ہو

س..... بعض اوقات دوران سفر ریل گاڑی میں اتنا زیادہ رش ہوتا ہے کہ بیت الخلاء جانا تو در کنار ایک

سیٹ سے دوسری سیٹ تک جانا دشوار ہو جاتا ہے۔ توان حالات میں ایک تو آدمی کی وضو یا طہارت تک پہنچ نہیں ہوتی، دوسرا یہ کہ نماز ادا کرنے کیلئے موزوں جگہ کا ملنا ناممکن ہوتا ہے۔ اور خاص کر جبکہ گاڑی کا رخ کعبہ کی طرف ہو یا کعبہ سے مخالف سمت (مثلاً کراچی آنے جانے والی ریل گاڑیاں) کیونکہ اس حالت میں اگر سیٹ پر جگہ مل بھی جائے تو نمازی سجدہ نہیں کر سکتا۔ تو حضور ان مجبوریوں کو مدنظر رکھتے ہوئے نماز کا وقت ہونے پر نمازی نماز کس طرح ادا کرے؟

ج...... ایسی مجبوری کی حالت کبھی شاذ و نادر ہی پیش آسکتی ہے۔ عام طور پر گاڑیوں میں رش تو ہوتا ہے لیکن اگر ذرا ہمت سے کام لیا جائے تو آدمی کسی بڑے اسٹیشن پر نماز پڑھ سکتا ہے۔ بہرحال اگر واقعی ایسی حالت پیش آجائے تو اس کے سوا کیا چارہ ہے کہ نماز قضا کی جائے۔ لیکن یہ اس صورت میں ہے کہ طہارت اور وضو حد امکان سے خارج ہو یعنی نماز پڑھنا کسی طرح ممکن ہی نہ ہو۔

## بس میں بیٹھ کر نماز نہیں ہوتی مناسب جگہ روک کر پڑھیں

س...... بس میں لمبے سفر کے دوران فرش پر نماز ادا کرنا بہتر ہے یا سیٹ پر بیٹھ کر جبکہ فرش ناپاک ہوتا ہے اور سیٹ پر بیٹھ کر نماز ادا کرنے سے قیام نہیں کیا جاسکتا؟

ج...... بس میں بیٹھ کر نماز نہیں ہوتی۔ بس والوں سے یہ طے کر لیا جائے کہ نماز کے وقت کسی مناسب جگہ پر بس روک دیں اور اگر وہ نہ روکیں تو نماز قضا پڑھنا ضروری ہے۔ بہتر یہ ہوگا کہ بس میں جیسے ممکن ہو نماز ادا کرلے۔ مگر گھر آکر لوٹالے۔

## چلتی کار میں نماز پڑھنا درست نہیں، مسجد پر روک کر پڑھیں

س...... ایک مرتبہ مجھے اور بھائی کو کام تھا۔ مغرب کی نماز میں بہت دیر تھی پھر بھی میں نے بھائی سے پوچھا کہ کام میں کتنی دیر لگے گی کہنے لگے کہ اذان سے پہلے گھر آجائیں گے۔ اس لئے ہم چلے گئے لیکن وہاں پہنچ کر گھر ڈھونڈنے میں بہت دیر ہوگئی۔ اور مغرب کی اذان ہوگئی ہمارا گھر اس جگہ سے کافی دور تھا اور رش بھی بہت تھا۔ اس لئے نماز کے ٹائم تک گھر پہنچنا ناممکن تھا میں نے بھائی سے کہا تو کہنے لگے چلتی کار میں نماز پڑھ لو میں نے کہا نہ وضو ہے اور سمت بھی بار بار بدل رہی ہے تو میں کیسے پڑھوں گا؟ مگر وہ یہی کہتے ہے کہ نماز تو ہر حال میں پڑھنی ہے اور یہ تو مجبوری ہے تم ایسے ہی پڑھ لو۔ اور کار نہیں روکی اب آپ بتائیں کہ کبھی ایسا موقع ہو اور ہم اس بات پر قادر نہیں ہیں کہ گاڑی رکوا سکیں جب کہ اندرون شہر ہی میں ہوں تو ہم کیا کریں؟

ج...... کار میں بغیر وضو نماز کیسے ہو سکتی ہے؟ آپ کسی مسجد کے پاس گاڑی روک کر آسانی سے نماز پڑھ سکتے تھے مگر شاید آپ کے بھائی کو نماز کی اہمیت معلوم نہیں۔

## اگر کسی نے دوران سفر پورے فرائض پڑھے تو کیا نماز ہو جائے گی؟

س..... دوران سفر فرض کتنے پڑھیں؟ اگر ہم فرض پورے پڑھیں تو کیا نماز ہو جائے گی؟ خواہ مسئلہ کسی کو معلوم ہو یا نہیں؟

ج..... سفر میں چار رکعت والی نماز کی دو ہی رکعتیں فرض ہیں جو شخص چار رکعتیں پڑھے اس کی مثال ایسی ہوگی کہ کوئی فجر کی دو رکعتوں کے بجائے چار "فرض" پڑھنے لگے۔ ظاہر ہے کہ اس کی نماز نہیں ہوگی بلکہ دوبارہ لوٹانا واجب ہو گا۔

## اگر مسافر امام نے چار رکعتیں پڑھائیں تو.........؟

س..... اگر مسافر امام ظہر کی نماز کو قصر کے بجائے پوری چار رکعت پڑھائے، مقیم مقتدیوں کی نماز درست ہے یا مقتدی نماز کو دوبارہ لوٹائیں؟ کیونکہ امام کے آخری دو رکعت نفل ہوتے ہیں اس لئے فرض نماز پڑھنے والوں کی نفل نماز پڑھنے والے کے پیچھے جائز ہے یا نہیں؟

ج..... امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک مسافر کیلئے دو رکعتیں ایسی ہیں جیسے فجر کی دو رکعتیں جس طرح فجر کی دو رکعتوں پر اضافہ جائز نہیں، اسی طرح مسافر کا ظہر، عصر اور عشاء کی چار رکعتیں پڑھنا بھی جائز نہیں، جو مقیم ایسے امام کی اقتدا کریں گے ان کی نماز تو ظاہر ہے کہ نہیں ہوگی کیونکہ وہ دو رکعتوں میں نفل پڑھنے والے امام کی اقتدا کر رہے ہیں۔ اور خود امام اور اس کے مقتدی مسافروں کا حکم یہ ہے کہ اگر امام نے بھول کر چار رکعتیں پڑھی تھیں، اور دوسری رکعت پر قعدہ بھی کیا تھا اور آخر میں سجدہ سہو بھی کر لیا تھا تو ان کی نماز ہو گئی۔ اور اگر مسافر امام نے قصداً چار رکعتیں پڑھائیں اور دو رکعت پر قعدہ بھی کیا تھا تو فرض تو ادا ہو گیا لیکن یہ شخص گنہگار ہوا۔ اس پر توبہ لازم ہے اور نماز کا اعادہ بھی واجب ہے۔

## دوران سفر اگر سنتیں رہ جائیں تو کیا گناہ ہو گا؟

س..... اگر سفر میں ٹرین یا کسی اور سواری میں جلدی کی وجہ سے سنتیں نہ پڑھ سکے تو گناہ تو نہیں ہو گا؟

ج..... شرعی سفر میں اگر جلدی کی وجہ سے سنتیں چھوڑنی پڑیں تو کوئی حرج نہیں۔ اگر اطمینان کا موقع ہو تو پڑھ لینی چاہئیں۔

نوٹ:..... جب آدمی ایسی جگہ جانے کے ارادے سے نکلے جو اس کی بستی سے ۴۸ میل دور ہو تو یہ شرعی سفر ہو گا۔

## قصر نماز میں التحیات، درود شریف اور دعا کے بعد سلام پھیرا جائے

س ..... سفر میں فرض نماز کی جو قصر پڑھتے ہیں یعنی چار رکعت کے بجائے صرف دو رکعت فرض پڑھے جاتے ہیں تو کیا دو رکعت کے بعد تشہد یعنی التحیات پڑھ کر سلام پھیرتے ہیں یا پہلے دونوں درود شریف پڑھتے ہیں؟ اور پھر التحیات یعنی تشہد کے بعد سلام پھیرتے ہیں۔

ج..... جس طرح فجر کی نماز میں دو رکعت پر بیٹھ کر پہلے التحیات پھر درود شریف پھر دعا پڑھ کر سلام پھیرتے ہیں قصر نماز میں اسی طرح کرنا چاہئے۔ آپ کے سوال میں دو غلطیاں ہیں۔ ایک یہ کہ آپ نے لکھا ہے کہ "پہلے دونوں درود شریف پڑھتے ہیں اور پھر التحیات یعنی تشہد کے بعد سلام پھیرتے ہیں۔" حالانکہ التحیات پہلے پڑھی جاتی ہے اور درود شریف التحیات کے بعد پڑھا جاتا ہے۔ دوسری غلطی یہ کہ آپ نے "دونوں درود شریف" کا لفظ استعمال کیا ہے حالانکہ اللھم صل..... اور اللھم بارک..... یہ دونوں مل کر ایک ہی درود شریف ہے۔

## اگر مسافر کہیں قیام کرے تو موکدہ سنتیں پڑھنی ضروری ہیں؟

س..... نماز قصر کس طرح اور کتنی رکعت میں پڑھتے ہیں؟ تین مختلف آرا سننے میں آئی ہیں۔

۱..... مسافرت میں فرائض کی قصر ہوگی یعنی سوائے نماز مغرب باقی نمازوں میں دو فرض۔ صبح کی نماز کی دو سنتیں اور عشاء کے تین وتر بھی ضروری ہیں۔ مغرب کی نماز میں تین فرض ان کے مطابق نماز فجر کی دو سنتوں کے علاوہ دوسری نمازوں میں سنتیں نہیں پڑھتے۔

۲..... سفر کے دوران یعنی ریل گاڑی، بس وغیرہ پر سفر کرتے ہوئے صرف فرائض قصر کے ساتھ پڑھے جاتے ہیں، لیکن جب کہیں قیام کر لیا جائے تو سب موکدہ سنتیں بھی پڑھتے ہیں۔

۳..... سفر کے دوران یا قیام (مسافرت میں) کے دوران موکدہ سنتیں نہیں چھوڑتے بلکہ فرائض تو قصر کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ مگر سنتیں پوری پڑھتے ہیں؟

ج..... سفر میں سنتیں پڑھنا ضروری نہیں۔ البتہ فجر کی سنتیں کسی حال میں نہیں چھوڑنی چاہئیں۔ باقی سنتیں گنجائش ہو تو پڑھ لینا اچھا ہے نہ پڑھے تب بھی کوئی حرج نہیں۔

## کیا سفر میں تہجد، اشراق وغیرہ پڑھ سکتے ہیں؟

س..... کیا سفر میں ہم اپنی نماز تہجد، اشراق، چاشت اور جمعہ کے دن صلوٰۃ التسبیح پڑھ سکتے ہیں؟

ج..... وقت اور فرصت ہو تو بلا شبہ پڑھ سکتے ہیں۔

# جمعہ کی نماز

## جمعہ کا دن سب سے افضل ہے

س..... جمعہ کا دن سب سے افضل ہے اس بارے میں مختصر لیکن جامع طور پر بتائیے۔

ج..... ہفتہ کے دنوں میں جمعہ کا دن سب سے افضل ہے اور سال کے دنوں میں عرفہ کا دن سب سے افضل ہے اور عرفہ جمعہ کے دن ہو تو نور علیٰ نور ہے ایسا دن افضل الایام شمار ہو گا۔

## اللہ تعالیٰ نے جمعہ کو سید الایام بنایا ہے

س..... جمعہ مبارک کے روز کی اہمیت اور فضیلت کیا ہے؟ ذرا تفصیل سے لکھئے

الحمد للہ ہم تو مسلمان ہیں جمعہ کی اہمیت اور فضیلت مانتے ہیں لیکن ہم لوگوں کی بدقسمتی یہ ہے کہ اپنے مذہب کے متعلق کچھ زیادہ نہیں جانتے۔ ہمارے ایک ساتھی سے ایک کمپنی میں ایک سکھ نے پوچھ لیا کہ آپ لوگ جمعہ کے دن چھٹی کیوں کرتے ہو؟ تو ہمارے ساتھی کے پاس کوئی تاریخی جواب نہیں تھا تو ہم بہت شرمندہ ہوگئے۔

ج..... جمعہ کے دن کی فضیلت یہ ہے کہ یہ دن ہفتہ کے سارے دنوں کا سردار ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ سب سے بہتر دن جس پر آفتاب طلوع ہوتا ہے جمعہ کا دن ہے۔ اس دن حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق ہوئی۔ اسی دن ان کو جنت میں داخل کیا گیا' اسی دن ان کو جنت سے نکالا (اور دنیا میں بھیجا) گیا۔ اور اسی دن قیامت قائم ہوگی۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ اسی دن حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول ہوئی اور اسی دن ان کی وفات ہوئی۔ بہت سی احادیث میں یہ مضمون ہے کہ جمعہ کے دن میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ اس پر بندہ مومن جو دعا کرے وہ قبول ہوتی ہے۔ جمعہ کے دن

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود پڑھنے کا حکم آیا ہے۔ یہ تمام احادیث مشکوٰۃ شریف میں ہیں۔ ان کے علاوہ اور بھی بہت سی احادیث میں جمعہ کی فضیلت آئی ہے۔ اس سکھ نے جو سوال کیا تھا اس کا جواب یہ تھا کہ یوں تو ہمارے مذہب میں کسی دن کی بھی چھٹی کرنا ضروری نہیں' لیکن اگر ہفتہ میں ایک دن چھٹی کرنی ہو تو اس کیلئے جمعہ کے دن سے بہتر کوئی دن نہیں۔ کیونکہ یہودی ہفتہ کے دن کو معظم سمجھتے ہیں اور اس دن چھٹی کرتے ہیں۔ عیسائی اتوار کو لائق تعظیم جانتے ہیں اور اس دن چھٹی کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ہم مسلمانوں کو جمعہ کے افضل ترین دن کی نعمت عطا فرمائی ہے اور اس کو سید الایام بنایا ہے۔ اس لئے یہ دن اس بات کا زیادہ مستحق ہے کہ اس کو عبادت کیلئے مخصوص کر دیا جائے اور اس دن عام کاروبار نہ ہو۔

## نماز جمعہ کی اہمیت

س...... ہم نے سنا ہے کہ جس شخص نے جان بوجھ کر تین نماز جمعہ ترک کر دیئے وہ کفر میں داخل ہو گیا۔ اور وہ نئے سرے سے کلمہ پڑھے۔ کیا یہ حدیث صحیح ہے؟

ج...... حدیث کے جو الفاظ آپ نے نقل کئے ہیں وہ تو مجھے نہیں ملے۔ البتہ اس مضمون کی متعدد احادیث مروی ہیں۔

ایک حدیث میں ہے۔

من ترک ثلاث جمع تہاونا بہا طبع اللہ علی قلبہ (رواہ ابوداؤد والترمذی والنسائی وابن ماجۃ والدارمی عن ابی الجعد الضمری۔ ومالک عن صفوان بن سلیم واحمد عن ابی قتادۃ۔

(مشکوٰۃ ص ۱۲۱)

جس شخص نے تین جمعے محض سستی کی وجہ سے' ان کو ہلکی چیز سمجھتے ہوئے چھوڑ دیئے اللہ تعالیٰ اس کے دل پر مہر لگا دیں گے۔

ایک اور حدیث میں ہے۔

لینتہین اقوام عن ودعہم الجمعات اولیختمن اللہ علیٰ قلوبہم ثم لیکونن من الغافلین۔ (رواہ مسلم۔ مشکوٰۃ ص ۱۲۱)

لوگوں کو جمعوں کے چھوڑنے سے باز آجانا چاہئے۔ ورنہ اللہ تعالیٰ ان کے دلوں پر مہر کر دیں گے' پھر وہ غافل لوگوں میں سے ہو جائیں گے۔

ایک اور حدیث میں ہے

من ترک الجمعة من غیر ضرورة کتب منافقا فی کتاب لا یمحیٰ ولا یبدل۔

(رواہ الشافعی۔ مشکوٰۃ ص ۱۲۱)

جس شخص نے بغیر ضرورت اور عذر کے جمعہ چھوڑ دیا اس کو منافق لکھ دیا جاتا ہے ایسی کتاب میں جو نہ مٹائی جاتی ہے نہ تبدیل کی جاتی ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا ارشاد ہے

من ترک الجمعة ثلاث جمعات متوالیات فقد نبذ الاسلام وراء ظهره

(رواہ ابویعلیٰ ورجالہ الصحیح مجمع الزوائد ص ۱۹۳۔ ج ۲)

جس شخص نے تین جمعے پے در پے چھوڑ دیئے اس نے اسلام کو پس پشت پھینک دیا۔

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ جمعہ کا ترک کر دینا بدترین گناہ کبیرہ ہے۔ جس کی وجہ سے دل پر مہر لگ جاتی ہے، قلب ماؤف ہو جاتا ہے اور اس میں خیر کو قبول کرنے کی صلاحیت نہیں رہتی۔ ایسے شخص کا شمار اللہ تعالیٰ کے دفتر میں منافقوں میں ہوتا ہے۔ کہ ظاہر میں تو مسلمان ہے مگر قلب ایمان کی حلاوت اور شیرینی سے محروم ہے۔ ایسے شخص کو اس گناہ کبیرہ سے توبہ کرنی چاہئے اور حق تعالیٰ شانہ سے صدق دل سے معافی مانگنی چاہئے۔

## جمعہ کی نماز فرض یا واجب؟

س......جمعہ کی نماز فرض ہے یا واجب؟ جمعہ کی نماز ادا کرنے کے بعد ظہر کی نماز ادا کرنے کی ضرورت باقی رہتی ہے یا نہیں؟ جمعہ کی نماز شروع ہونے سے قبل اور بعد میں عام طور پر لوگ نمازیں پڑھتے نظر آتے ہیں وہ کون سی نماز پڑھتے ہیں؟

ج......جمعہ کی نماز فرض ہے۔ اور یہ ظہر کی نماز کے قائم مقام ہے۔ اس لئے جمعہ کے بعد ظہر کی ضرورت نہیں۔ جمعہ سے قبل و بعد سنتیں ادا کی جاتی ہیں۔ جمعہ سے پہلے چار سنتیں، اور جمعہ کے بعد پہلے چار رکعتیں موکدہ، پھر دو رکعتیں غیر موکدہ۔ ان سنتوں کے علاوہ کچھ حضرات نوافل بھی پڑھتے ہیں۔

## اوور ٹائم کی خاطر جمعہ کی نماز چھوڑنا سخت گناہ ہے

س...... گزارش یہ ہے کہ میں جس جگہ کام کرتا ہوں اکثر جمعہ کے دن اوور ٹائم لگتا ہے۔ کمپنی کی مسجد میں کوئی امام نہیں آتے۔ سب کمپنی کے آدمی کام کرتے ہیں۔ کوئی جمعہ کی نماز پڑھنے نہیں جاتا۔ سب کام ختم کرکے گھر جانے کی سوچتے ہیں ایسے میں، میں جمعہ کی نماز باہر جاکر پڑھوں یا اسے قضا پڑھوں؟

ج...... وہاں جمعہ اگر نہیں ہوتا تو کسی اور جامع مسجد میں چلے جایا کیجئے۔ جمعہ چھوڑنا تو بہت بڑا گناہ ہے۔ تین جمعے چھوڑ دینے سے دل پر منافقت کی مہر لگ جاتی ہے۔ محض معمولی لالچ کی خاطر اتنے بڑے گناہ کا ارتکاب کرنا ضعف ایمان کی علامت اور بے عقلی کی بات ہے۔ کمپنی کے ارباب حل و عقد کو چاہئے کہ جمعہ کی نماز کے لئے چھٹی کردیا کریں۔

## جمعہ کے لئے شرائط

س...... میں نے بعض عالموں سے سنا ہے کہ جمعہ کی نماز کے لئے دوسری شرطوں کے علاوہ یہ بھی شرط ہے کہ وہ مسجد جس میں جمعہ کی نماز ہورہی ہو اس کی لمبائی تقریباً ۲۰ گز اور چوڑائی بھی دوسرے گھروں کی نسبت زیادہ ہو۔ اس کے علاوہ کسی مسجد یا عیدگاہ میں نماز پڑھنے سے پہلے قاضی یا حکومت کے کسی فرد سے اجازت حاصل کرنی ہوگی۔ مولانا صاحب کیا یہ شرطیں صحیح ہیں؟

ج...... جمعہ کے جواز کیلئے مسجد کا خاص طول و عرض ضروری نہیں، اور حاکم یا قاضی کی شرط قطع نزاع کے لئے ہے، اگر مسلمان کسی امام پر متفق ہوں تو اس کی اقتدا میں جمعہ جائز ہے۔ گویا آپ نے جو دو شرطیں ذکر کی ہیں یہ دونوں غیر ضروری ہیں۔

## جمعہ شہر اور قصبہ میں جائز ہے چھوٹے گاؤں میں نہیں

س...... ہمارا گاؤں جو کہ ۵۰ یا ۶۰ گھروں پر مشتمل ہے اور اس میں ایک پکی مسجد ہے۔ جس میں لاؤڈ اسپیکر وغیرہ بھی لگا ہوا ہے۔ پورے گاؤں میں ایک دکان بھی ہے۔ اور ہمارے ہاں جمعہ کی نماز پڑھی جاتی ہے۔ کچھ لوگ یہ جمعہ کی نماز پڑھتے ہیں اور کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہاں جمعہ کی نماز نہیں ہوتی۔ برائے کرم قرآن و سنت کی روشنی میں ہمیں یہ بتائیں کہ کیا ہمارے گاؤں میں جمعہ کی نماز جائز ہے یا نہیں؟ پرسوں ہی ایک مولانا صاحب ریڈیو پاکستان لاہور سے خطوں کے جواب دیتے ہوئے فرمارہے تھے کہ جمعہ صرف شہر والوں پر فرض ہے۔ گاؤں یا دیہات والوں پر نہ تو جمعہ فرض ہے اور نہ ہی کسی بھی دیہات یا گاؤں میں جمعہ کی نماز ہوتی ہے۔ تاوقتیکہ وہ گاؤں شہر کی تمام سہولتوں جیسی سہولتیں حاصل

کرلے۔

ج..... فقہ حنفی کے مطابق جمعہ صرف شہر اور قصبات میں جائز ہے' چھوٹے گاؤں میں جمعہ جائز نہیں۔

## بڑے قصبے کے ملحقہ چھوٹے چھوٹے قصبات میں جمعہ پڑھنا

س..... بڑے قصبوں میں جہاں جمعہ ہوتا ہے اس کے ساتھ چھوٹے چھوٹے دیہات ہیں' جہاں جمعہ کی اذان کی آواز پہنچتی ہے یا دو تین میل کے فاصلے پر چھوٹے چھوٹے دیہات ہیں وہاں جمعہ کی آواز نہیں پہنچتی تو ان دیہات میں اذان و اقامت کے ساتھ نماز با جماعت پڑھنا درست ہے یا نہیں؟

ج..... جو جگہ شہر کے حدود اور مضافات میں شمار ہوتی ہو' وہاں جمعہ جائز ہے' اور جو ایسی نہ ہو وہاں جائز نہیں۔ اس لئے ملحقہ بستیوں میں جمعہ جائز نہیں کیونکہ وہ شہر کا حصہ نہیں' بلکہ الگ آبادی شمار ہوتی ہیں۔

## بڑے گاؤں میں جمعہ فرض ہے پولیس تھانہ ہو یا نہ ہو

س..... ہمارا ایک قریہ ہے جس کا نام کربلا ہے جس کی آبادی تقریباً دس ہزار پر مشتمل ہے..... جس میں نو مسجدیں بھی ہیں چار مسجدیں تو اتنی بڑی ہیں کہ ایک وقت پر تقریباً ڈیڑھ سو افراد ایک ہی مسجد میں نماز پڑھتے ہیں اور اس قریہ میں ضروریات زندگی کا سامان ہر وقت مل سکتا ہے۔ ہائی اسکول' پرائمری اسکول' ڈاک خانہ' اسپتال' ٹیلیفون' بجلی غرض یہ سب چیزیں موجود ہیں۔ مدرسہ بھی ہے جس میں تقریباً بڑے چھوٹے تقریباً ۳۰۰ طلبہ پڑھ رہے ہیں۔ لیکن یہاں پر جمعہ کی نماز نہیں ہوتی ہے۔ ہمارے یہاں سے تقریباً آٹھ میل کی مسافت پر ضلع پشین میں جمعہ کی نماز باقاعدہ ہوتی اور علمائے دین نے فتویٰ جاری کیا ہے کہ یہاں پر جمعہ پڑھنا واجب ہے۔ فتویٰ جن علماء نے دیا ہے ان کے نام یہ ہیں۔ مفتی عبدالحق صاحب اکوڑہ خٹک' مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ دارالعلوم کورنگی' مفتی زین العابدین فیصل آباد' مولانا محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ کراچی۔ مقامی علماء دین فتویٰ کو نہیں مانتے۔ ہمارے علماء کا کہنا یہ ہے کہ یہاں پر پولیس تھانہ نہیں ہے اور اس طرح جمعہ آس پاس گاؤں والوں پر واجب ہو جائے گا۔ اور اگر آپ لوگ کوئی بھی یہاں جمعہ پڑھو گے تو آس پاس کے گاؤں والے جھگڑا کریں گے۔ اب بتائیں کہ کیا اس قریہ میں جمعہ پڑھنا ضروری ہے؟

ج..... اگر آپ کے مقامی علماء اتنے بڑے بڑے علماء کے فتویٰ کو نہیں مانتے تو مجھ طالبعلم کی بات کب مانیں گے۔ تاہم ان سے گزارش ہے کہ اس قصبہ میں جمعہ فرض ہے اور وہ ایک اہم فرض کے تارک

ہو رہے ہیں' اگر تھانہ نہ ہونے کی وجہ سے ان کو جھگڑے کا شبہ ہے تو اس کا حل تو بہت آسان ہے اس سلسلہ میں گورنمنٹ سے استدعا کی جاسکتی ہے کہ یہاں ایک پولیس چوکی بٹھادی جائے۔ بہرحال تھانے کا وہاں موجود ہونا صحت جمعہ کیلئے شرط لازم نہیں۔

## چھوٹے گاؤں میں جمعہ پڑھنا صحیح نہیں ہے

س..... کیافرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اندریں مسئلہ کہ ایک چھوٹا گاؤں ہے جس میں تقریباً ۸۰ گھر ہیں دو کانیں بازار نہیں اور نہ ہی تین یا پانچ سات مسجدیں' صرف ایک مسجد ہے اور نہ ہی کوئی چھاؤنی یا مرکزی مقام ہے۔ اس میں لوگ جمعہ پڑھتے ہیں کافی سال ہوگئے ہیں اب یہ عاجز یہاں مقیم ہوا ہے تو مجھ سے چند دوستوں نے پوچھا کہ یہ چھوٹا گاؤں ہے اور عندالاحناف چھوٹے گاؤں میں جمعہ جائز نہیں۔ تو دوسرے صاحب بولے اور عندالشافعی تو جائز ہے۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ علماء کرام فرماتے ہیں جہاں جمعہ شروع کردیا گیا ہو تو وہاں بند نہ کرنا چاہئے۔ تو اس عاجز نے کہا کہ بدعت نکالنے والے لوگ بھی تو یہی دلیل دیتے ہیں کہ اچھا کام ہے اب اس کو بند نہ کرو جب شروع ہی بغیر دلیل اور ثبوت کے ہوا تو اس کو قائم رکھنا تو جائز نہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ بس جاؤ تم پڑھتے رہو چاہے۔ حنفیہ کے نزدیک کوئی شرط صحت جمعہ نہ ہو تو بھی یہی بڑی دلیل ہے کہ جمعہ لوگ بہت عرصہ سے پڑھتے ہیں اب اگر بند کردیا جائے تو انتشار پیدا ہوگا آپ براہ کرم اس بارے میں مستفید فرما دیں۔

ج..... امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک چھوٹی بستی میں جائز نہیں اور گوکہ دوسرے ائمہ کے نزدیک جائز ہے مگر ان کے مذہب پر عمل کرنا اس لئے ممکن نہیں کہ ان کے مذہب کے مطابق نماز کی بہت سی شرطیں ایسی ہیں جن کا ہمارے لوگوں کو علم نہیں اور جب ان شرطوں کے بغیر گاؤں میں جمعہ پڑھا جائے تو نماز نہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک صحیح ہوئی' نہ امام شافعیؒ کے نزدیک' پس ظہر کی نماز کو غارت کرنا کسی طرح روانہ ہوگا۔ اور اس کا وبال سر پر رہے گا۔ اور یہ جو کہا جاتا ہے کہ جہاں جمعہ شروع ہو وہاں بند نہ کیا جائے اس کا مطلب یہ ہے کہ مسئلہ سمجھادیا جائے۔ اس کے باوجود کوئی نہیں مانتا تو وہ اپنے عمل کا خود ذمہ دار ہے مگر خود جمعہ پڑھنا کسی حال میں درست نہیں اور یہ جو کہا جاتا ہے کہ اس سے انتشار ہوگا یہ ایک درجہ میں صحیح ہے کہ لوگوں پر جہل غالب ہے مگر یہ بھی اس امر کیلئے کافی عذر نہیں کہ اس بدعت کا خود ارتکاب کیا جائے۔ راقم الحروف اپنے گاؤں میں طالب علمی کے زمانے میں خود جمعہ پڑھاتا تھا۔ لیکن جب مسئلہ کا علم ہوا تو جمعہ بند کردینے کا اعلان کردیا' الحمد للہ نہ کوئی مرتد ہوا' نہ کسی نے نماز چھوڑی۔ البتہ ایسے بے دین لوگ جن کو نماز اور مسجد سے کوئی واسطہ نہیں اب بھی نکتہ چینی کرتے ہیں سو ایسے لوگوں کی نکتہ چینیوں سے گھبرا کر شرعی مسائل کو اگر بدل دیا جائے تو دین اسلام کی

شکل ہی مسخ ہوجائے گی۔ مسئلہ تو میں نے لکھ دیا ہے اب آگے مشورہ عرض کرتا ہوں آپ اپنی بستی کے دین دار اور صاحب فہم لوگوں کو جمع کر کے میرا یہ خط ان کے سامنے رکھیں اگر وہ شرعی مسئلہ پر عمل کرنے کیلئے تیار ہوں تو ان میں سے جو حضرات ذی وجاہت ہیں وہ خود اس مسئلہ کا اعلان کر کے جمعہ بند کرنے کی اطلاع کریں اور اگر اس بستی کے دیندار اور سمجھ دار لوگ بھی اس مسئلہ پر عمل کرنے سے گریز کریں تو آپ اس بستی کی امامت چھوڑ دیں۔ امام کو اس لئے مقرر کیا جاتا ہے کہ وہ شرعی مسائل کے مطابق لوگوں کی امامت کرے نہ یہ کہ شریعت کے خلاف لوگوں کا تابع مہمل بن کر رہے۔

## ڈیڑھ سو گھروں والے گاؤں میں نماز جمعہ

س..... ایک گاؤں جس کی آبادی تقریباً ڈیڑھ سو گھروں پر مشتمل ہے چار دو کانیں ہیں جس میں ضرورت کی چیزیں دستیاب ہیں مثلاً گھی' اناج' چائے' چینی' کپڑا وغیرہ یہ گاؤں گلیوں اور راستوں پر بھی مشتمل ہے نیز اس گاؤں میں سولہ سال سے جمعہ کی نماز ہوتی رہی کیا از روئے شرع اس میں جمعہ کی نماز جائز ہے کہ نہیں؟

ج..... یہ گاؤں "شہر یا قصبہ کے حکم میں نہیں۔ اس لئے حضرت امام ابو حنیفہؒ کے مسلک پر اس میں جمعہ جائز نہیں۔

## جنگل میں جمعہ کی نماز کسی کے نزدیک صحیح نہیں

س..... مولانا صاحب ہم یہاں ابو ظہبی شہر سے تقریباً بیس کلو میٹر دور جنگل میں کام کرتے ہیں یہاں اور بھی کافی کمپنیاں ہیں لیکن یہاں پر نہ بازار ہے اور نہ مستقل کوئی آبادی ہے۔ تو کیا ایسی جگہ پر جمعہ کی نماز ہوتی ہے' جہاں پر کوئی بازار یا شہر نہ ہوں؟ جیسا کہ آپ نے پہلے ایک دفعہ لکھا تھا کہ جہاں بازار نہیں ہوتا وہاں جمعہ کی نماز نہیں ہوتی۔ جبکہ ہم یہاں پر باقاعدہ جمعہ کی نماز پڑھتے ہیں مولانا صاحب قرآن و سنت کی روشنی میں جواب دیں کہ ہمارا جمعہ ہوتا ہے کہ نہیں؟

ج..... جنگل میں کسی کے نزدیک جمعہ نہیں ہوتا۔ آپ جمعہ کے بجائے ظہر کی نماز پڑھا کریں۔

## جیل خانہ میں نماز جمعہ ادا کرنا

س..... جیل خانہ کے اندر نماز جمعہ ہوتی ہے یا نہیں؟

ج..... ہمارے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک جمعہ کے صحیح ہونے کیلئے جہاں اور شرطیں ہیں وہاں

"اذن عام" بھی شرط ہے۔ یعنی جمعہ ایسی جگہ ہو سکتا ہے جہاں ہر خاص و عام کو آنے کی اجازت ہو اور ہر مسلمان اس میں شرکت کر سکے۔ جیل میں اگر یہ شرط پائی جائے تو جمعہ صحیح ہو گا ورنہ نہیں۔ یہ مسئلہ تو عام کتابوں میں لکھا ہے۔ لیکن حضرت مولانا مفتی محمودؒ فرماتے تھے کہ جیل میں جمعہ جائز ہے اور وہ اس کے لئے فقہ کی کتاب کا حوالہ بھی دیتے تھے۔ جو مجھے مستحضر نہیں۔ خود مفتی صاحب مرحوم کا عمل بھی جیل میں جمعہ پڑھنے کا تھا۔

## فوجی کیمپ میں جمعہ ادا کرنا

س......جب عساکر اسلامی فوجی ٹریننگ کیلئے شہر سے دور کیمپ میں قیام کرتی ہیں اور انہیں وہاں طبی سہولتیں مکمل میسر ہیں۔ تعداد چار 'پانچ صد ہے اس صورت میں کیا جمعہ فرض ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو ثواب سے محروم ہوں گے یا نہیں؟ اگر امام جمعہ نہ پڑھائے تو کیا وہ مخالفت حکم امیر کا مرتکب تو نہیں؟ اور جو لوگ امام کے ساتھ اس صورت میں مخالفت کریں ان کا کیا حکم ہے؟

ج......جمعہ شہری آبادی میں ہوتا ہے۔ شہر کی آبادی سے دور جنگل میں جمعہ نہیں ہوتا۔ جس کی دلیل یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر میدان عرفات میں ظہر کی نماز پڑھی تھی۔ حالانکہ جمعہ کا دن تھا۔ چونکہ جنگل میں جمعہ صحیح نہیں اس لئے آپ لوگوں نے جتنے جمعے جنگل میں پڑھے ہیں اتنے دن کی ظہر کی نمازیں آپ کے ذمہ باقی ہیں 'ان کو قضا کیجئے۔ جس جگہ جمعہ شرعاً جائز نہیں۔ اگر امیر وہاں جمعہ پڑھنے کا امام صاحب کو حکم دیتا ہے تو اس کا یہ حکم غلط ہے اور وہ اس غلط حکم دینے کی وجہ سے خود گناہ گار ہے۔ امام صاحب کو اس کی تعمیل جائز نہیں 'اگر خلاف شریعت حکم کی تعمیل کرے گا تو ایسا امام امامت کا اہل نہیں۔

حدیث شریف میں ہے:

> السمع والطاعة على المرء المسلم فيما احب وكره مالم يؤمر بمعصية فاذا امر بمعصية فلا سمع ولا طاعة
>
> (متفق علیہ مشکوۃ۔ ص ۳۱۹)
>
> مسلمان پر امیر کی سمع و اطاعت واجب ہے 'خواہ وہ حکم اس کو پسند ہو یا نہ پسند 'بشرطیکہ اسے گناہ کا حکم نہ دیا جائے 'جب گناہ کا حکم دیا جائے تو نہ اس حکم کو سنا جائے نہ مانا جائے۔

ایک اور حدیث میں ہے:

> لا طاعة فى معصية انما الطاعة فى معروف۔
>
> (متفق علیہ مشکوۃ۔ ص ۳۱۹)

اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے کام میں کسی کی اطاعت نہیں۔ اطاعت صرف اچھے کام میں ہے۔

اور یہ حدیث تو زبان زد خاص و عام ہے

لاطاعة لمخلوق فی معصیة الخالق۔
(شرح السنہ مشکوٰۃ۔ ص ۳۲۱)

خالق کی نافرمانی کے کام میں مخلوق کی اطاعت نہیں۔

## جس مسجد میں پنجگانہ نماز نہ ہوتی ہو اس میں جمعہ ادا کرنا

س..... ہمارے علاقے کشمیر میں دو جامع مسجد موجود ہیں جن میں امام مقرر بھی ہیں۔ لاؤڈ اسپیکر وغیرہ سب کچھ موجود ہے لیکن ان مسجدوں میں نہ تو پانچ وقت کی اذان ہوتی ہے اور نہ ہی جماعت، صرف جمعہ کی نماز ہوتی ہے۔ لوگ اصرار کرتے ہیں لیکن امام صاحب پانچ وقت کی نماز نہیں پڑھاتے۔ کیا ایسی مسجد میں جمعہ کی نماز ہو جاتی ہے؟ اور کیا ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے جو کہ پانچ وقتہ نمازیں مسجد میں نہ شروع کرائے؟ اور کیا مقتدیوں کا یہ کہنا درست نہیں کہ پانچ وقتہ نماز شروع کرائی جائے؟

ج..... جمعہ کی نماز تو صحیح ہے لیکن اگر امام پنجگانہ نمازیں نہ پڑھائے تو اہل محلہ کا فرض ہے کہ ایسے امام کو برطرف کر دیں۔ اور کوئی ایسا امام تجویز کریں جو پانچ وقت کی نماز پڑھایا کرے۔ مسجد میں پانچ وقت کی اذان و جماعت مسجد کا حق ہے اور اس حق کو ادا نہ کرنے کی وجہ سے تمام اہل محلہ گنہگار ہیں۔

## جس مسجد میں امام مقرر نہ ہو وہاں بھی نماز جمعہ جائز ہے

س..... کیا ایسی مسجد میں جمعۃ المبارک جائز ہے جہاں کوئی مستقل امام مقرر نہ ہو البتہ مختلف نمازی نماز پنجگانہ میں امامت کے فرائض رضاکارانہ طور پر سرانجام دیتے ہوں؟

ج..... ایسی مسجد میں بھی جمعہ جائز ہے۔

## جمعہ کی پہلی اذان کے بعد دنیوی کاموں میں مشغولی حرام ہے

س..... علماء کا متفقہ فیصلہ جمعہ کی اذان کی حرمت کا ہے (دوسری اذان کا) جبکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں جمعہ کی ایک ہی اذان ہوا کرتی تھی تو اگر دوسری اذان سے حرمت شروع ہوتی ہے تو نماز کی تیاری کیلئے وقت نہیں ملتا اور اگر پہلی اذان سے حرمت شروع ہوتی ہے تو آخر کیوں؟

ج...... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات شیخین رضی اللہ عنہما کے زمانے میں جمعہ کی اذان صرف ایک تھی۔ یعنی اذان خطبہ...... دوسری اذان جو جمعہ کا وقت ہونے پر دی جاتی ہے' اس کا اضافہ سیدنا عثمان بن عفان خلیفہ راشد رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا' قرآن کریم میں جمعہ کی اذان پر کاروبار چھوڑ دینے اور جمعہ کے لئے جانے کا حکم فرمایا' صحیح تر قول کے مطابق یہ حکم پہلی اذان سے متعلق ہے۔ لہذا پہلی اذان پر جمعہ کیلئے سعی واجب ہے اور جمعہ کی تیاری کے سوا کسی اور کام میں مشغول ہونا ناجائز اور حرام ہے۔

## اذان اول کے بعد نکاح کرنا اور کھانا کھلانا جائز نہیں

س...... آج کل ہمارے مسلمانوں کا معمول بن چکا ہے کہ شادی نکاح کا پروگرام جمعہ کے دن طے کرتے ہیں اور عموماً کھانے پینے اور نکاح کا پروگرام بالکل نماز جمعہ کے قریب اذان اول کے بعد منعقد کرتے ہیں۔ از روئے قرآن وحدیث اس پر روشنی ڈالیں کہ بروز جمعہ اذان اول کے بعد شادی نکاح اور کھانے وغیرہ کا انتظام کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

ج...... جمعہ کی اذان کے بعد جمعہ کی تیاری کے علاوہ کوئی دوسرا شغل جائز نہیں۔

## جمعہ کی تیسری اذان صحیح نہیں

س...... جناب ہمارے علاقے میں ایک مسجد ہے عموماً جمعہ کی نماز میں دو اذانیں ہوتی ہیں لیکن اس مسجد میں تین اذانیں ہوتی ہیں۔ پہلی اذان تو اپنے وقت پر ہوتی ہے جبکہ دوسری اذان مولانا صاحب وعظ کر لیتے ہیں اس کے بعد ہوتی ہے جبکہ تیسری اذان سنتیں ادا کرنے کے بعد ہوتی ہے جبکہ دوسری مساجد میں دو اذانیں ہوتی ہیں۔ ایک اپنے وقت پر ہوتی ہے جبکہ دوسری سنتیں ادا کرنے کے بعد ہوتی ہے۔ جناب میں آپ سے یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ یہ طریقہ کس حد تک درست ہے اور اسلام میں اس کی کیا حقیقت ہے؟

ج...... جمعہ کی دو اذانیں تو ہوتی ہیں تیسری اذان نہ کہیں پڑھی نہ سنی۔ خدا جانے ان صاحب نے کہاں سے نکال لی ہے۔ بہرحال تیسری اذان بدعت ہے۔

## رکعات جمعہ کی تعداد و تفصیل اور نیت

س...... مسئلہ یہ ہے کہ جمعہ کی نماز میں کتنے فرض اور کتنی سنتیں ہوتی ہیں؟ اور ان کی نیت کس طرح کرتے ہیں' یعنی نماز کا وقت کون سا ہوتا ہے؟ اور جو رکعتیں جمعہ سے پہلے پڑھتے ہیں ان کی نیت کس

طرح کرتے ہیں؟

ج..... نماز جمعہ کی رکعات کی تفصیل یہ ہے۔ (۱) چار سنتیں (۲) دو فرض (۳) چار سنتیں (۴) دو سنت (۵) دو نفل۔ پہلی اور بعد کی چار سنتیں موکدہ ہیں اور دو غیر موکدہ۔ سنت اور نفل کیلئے مطلق نماز کی نیت کافی ہے۔

## بیک وقت جمعہ اور ظہر دونوں کو ادا کرنے کا حکم نہیں

س..... مولانا صاحب یہ بتایئے کہ جمعہ کے روز جمعہ اور ظہر کی نماز دونوں ادا کی جاتی ہیں؟ اور یہ کہ دونوں نمازیں ایک ہی وقت میں پڑھ سکتے ہیں؟

ج..... جمعہ کے دن مردوں کے لئے جمعہ کی نماز ظہر کے قائم مقام ہے اس لئے وہ صرف جمعہ پڑھیں گے ظہر نہیں پڑھیں گے۔ عورتوں پر جمعہ کی نماز فرض نہیں ان کو حکم ہے کہ وہ اپنے گھر پر صرف ظہر کی نماز پڑھیں اور اگر کوئی عورت مسجد میں جاکر جماعت کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھ لے تو اس کی یہ نماز جمعہ بھی ظہر کے قائم مقام ہو گئی۔ خلاصہ یہ کہ جمعہ اور ظہر دونوں کو ادا کرنے کا حکم نہیں' بلکہ جس نے جمعہ پڑھ لیا' اس کی ظہر ساقط ہو گئی۔

## نماز جمعہ کی تشہد میں ملنے والا نماز جمعہ پڑھے یا نماز ظہر؟

س..... نماز جمعہ کی دونوں رکعتوں کے مکمل ہونے کے بعد تشہد کی حالت میں امام کی اقتدا ملے تو امام کے سلام پھیر لینے کے بعد مقتدی بقیہ نماز' نماز جمعہ پڑھے یا نماز ظہر ادا کرے؟

ج..... سلام سے پہلے جو شخص جمعہ کی نماز میں شریک ہو گیا وہ جمعہ کی رکعتیں پوری کرے گا ظہر کی نہیں۔

## جمعہ کی نماز نہ ملے تو گھر میں پڑھنا کیسا ہے؟

س..... اگر کسی وجہ سے جمعہ کی نماز چھوٹ جائے تو کیا گھر میں پڑھی جا سکتی ہے؟

ج..... اگر اپنے قریب کی مسجد میں جمعہ نہ ملے تو کوشش کی جائے کہ کسی دوسری مسجد میں جمعہ مل جائے۔ اور اگر کہیں نہ ملے تو ظہر کی چار رکعت نماز پڑھے اور جمعہ میں سستی کرنے پر استغفار کرے۔ گھر میں اکیلے جمعہ نہیں ہوتا۔

## جس جگہ جمعہ کی نماز نہ ہوتی ہو وہاں آدمی ظہر کی نماز ادا کرے

س..... میرا ایک دوست امریکہ میں مقیم ہے اسے یہ پریشانی ہے کہ جس شہر میں وہ رہتا ہے وہاں جمعہ

کے خطبہ کا انتظام نہیں اور اس طرح بغیر خطبہ جمعہ کی نماز ادا نہیں کر سکتا تو آپ سے گزارش ہے کہ قرآن وحدیث کی روشنی میں بتائیں کہ اسے کیا کرنا چاہئے؟ اور جب کہ وہ مجبور ہے اس پر نماز جمعہ چھوڑنے کا گناہ لازم آئے گا۔ اور نماز چھوڑنے کا کفارہ کیا ہے؟

ج..... اگر وہاں جمعہ کا انتظام نہیں تو معذور ہے ظہر کی نماز پڑھ لیا کرے۔ (چونکہ وہ عذر کی وجہ سے جمعہ نہیں پڑھتا اس لئے اس کے ذمہ کوئی کفارہ نہیں) لیکن اگر کچھ اور مسلمان بھی وہاں آباد ہیں تو سب کو مل کر جمعہ کا انتظام کرنا چاہئے۔

## صاحب ترتیب پہلے فجر کی قضا پڑھے پھر جمعہ ادا کرے

س..... میرے ایک دوست کہتے ہیں کہ اگر جمعہ کے روز فجر کی نماز نہ پڑھی جائے تو جمعہ کی نماز بھی نہیں ہوتی یہ کہاں تک درست ہے؟

ج..... آپ کے دوست نے جو مسئلہ ذکر کیا ہے وہ صاحب ترتیب کے لئے ہے۔ صاحب ترتیب وہ شخص ہے جس کے ذمہ پانچ سے زیادہ قضا نمازیں نہ ہوں۔ ایسے شخص کیلئے حکم ہے کہ مثلاً اس کی فجر کی نماز قضا ہو گئی ہو تو جب تک فجر کی نماز نہ پڑھ لے ظہر کی یا جمعہ کی نماز نہیں پڑھ سکتا' اگر فجر کی نماز نہیں پڑھی اور جمعہ پڑھ لیا' بعد میں فجر کی نماز قضا کی تو جمعہ باطل ہو جائے گا۔ اور اسے ظہر کی نماز دوبارہ پڑھنی ہوگی۔ اور جو شخص صاحب ترتیب نہ ہو اس نے اگر فجر کی نماز نہیں پڑھی اور جمعہ پڑھ لیا' تو اس کا جمعہ صحیح ہو گیا۔ مگر اس کو قضا شدہ نمازیں ادا کر لینی چاہئیں۔

## جمعہ کو خطبہ سے پہلے مسجد پہنچنے کا ثواب اور خطبہ سے غیر حاضری سے محرومی

س..... کیا جمعہ کا خطبہ سنے بغیر بھی نماز جمعہ ہو جاتی ہے؟

ج..... جمعہ کیلئے خطبہ شروع ہونے سے پہلے آنا چاہئے۔ کیونکہ حدیث شریف میں آتا ہے کہ جمعہ کی حاضری لکھنے کے لئے خاص فرشتے مقرر ہوتے ہیں جو شخص پہلی گھڑی میں آئے اس کے لئے اونٹ کی قربانی کا ثواب لکھا جاتا ہے۔ اور بعد میں آنے والوں کا ثواب گھٹتا رہتا ہے یہاں تک کہ جب خطبہ شروع ہوتا ہے تو فرشتے اپنے صحیفے لپیٹ کر رکھ دیتے ہیں اور خطبہ سننے میں مشغول ہو جاتے ہیں' اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ خطبہ شروع ہونے کے بعد آتے ہیں ان کی حاضری نہیں لگتی لہٰذا جس شخص نے خطبہ نہیں سنا امام کے ساتھ نماز تو اس کی بھی ہو جائے گی مگر جمعہ کے دن کی حاضری لگوانے سے وہ محروم رہا۔

## جمعہ کے خطبہ میں لوگوں کو کس طرح بیٹھنا چاہئے؟

س..... جمعہ کے خطبہ کے درمیان امام تھوڑے سے وقفہ کے لئے بیٹھتا ہے عام طور پر دیکھنے میں آیا کہ لوگ امام کے بیٹھنے سے پہلے دوزانو ہو کر بیٹھتے ہیں اور ہاتھ بھی نماز کی طرح باندھ لیتے ہیں۔ لیکن وقفہ کے بعد قعدہ کی طرح ہاتھ گھٹنوں پر رکھ لیتے ہیں کیا یہ طریقہ ٹھیک ہے؟ اگر نہیں تو پھر صحیح طریقہ کیا ہے؟

ج..... خطبہ جمعہ کے دوران کسی خاص ہیئت سے بیٹھنا مسنون نہیں۔ جس طرح سہولت ہو بیٹھیں مگر امام کی طرف متوجہ رہیں۔ اور غور سے خطبہ سنیں 'لوگوں کا جو دستور آپ نے ذکر کیا ہے یہ خود تراشیدہ ہے 'شریعت میں اس کی کوئی اصل نہیں۔

## خطبہ جمعہ کے دوران صفیں پھلانگنا

س.... جمعہ کی نماز سے پہلے خطبہ ہوتا ہے اور اس کا سننا لازمی ہوتا ہے۔ اور جو لوگ جلدی آتے ہیں وہ آگے صفوں میں بیٹھ جاتے ہیں جو لوگ بعد میں آتے ہیں وہ پیچھے کی صفوں میں یا جہاں بھی جگہ ملتی ہے بیٹھ جاتے ہیں یہ بات بالکل ٹھیک ہے باوجود اس کے کچھ لوگ پہلی صفوں میں بیٹھنے کا بڑا اشتیاق رکھتے ہیں اور آتے دیر سے ہیں اور آنے والوں کا طریقہ کچھ اس طرح ہوتا ہے جیسے کہ ان کیلئے آگے کی صفوں میں جگہ خالی ہوتی ہے۔ حالانکہ اگلی صفوں میں کوئی جگہ نہیں ہوتی اس کے باوجود وہ لوگ بیٹھے ہوئے نمازیوں کو ہاتھ کے ذریعے ہٹاتے ہوئے آگے کی صف تک پہنچ جاتے ہیں اور وہاں قطعی جگہ نہیں ہوتی لیکن بیٹھے ہوئے نمازیوں کے درمیان ذرا سی جگہ بنا کر بیٹھ جاتے ہیں اس جگہ بنانے کیلئے صف کی دونوں جانب کے تقریباً نمازیوں کو تھوڑا تھوڑا کھسکنا پڑتا ہے۔ اور اس طرح سب نمازیوں کا خطبہ سننے سے دھیان اٹھ جاتا ہے لہٰذا جو لوگ ایسا کرتے ہیں یہ صحیح ہے یا غلط؟

ج..... اگر اگلی صفوں میں جگہ ہو تو پھر آگے بڑھنے کی اجازت ہے ورنہ جہاں جگہ ملے بیٹھ جائیں۔ جو صورت آپ نے لکھی ہے اس طرح لوگوں کی گردنوں کو پھلانگ کر آگے بڑھنے سے جمعہ کا ثواب باطل ہو جاتا ہے۔ اس سے احتراز کرنا چاہئے۔

## دوران خطبہ انگلیوں میں انگلیاں ڈال کر بیٹھنا منع ہے

س..... ایک امام صاحب نے ایک سے زائد بار یہ فرمایا کہ خطبہ کے دوران ہاتھوں کی انگلیوں میں انگلیاں ڈال کر بیٹھنا "حرام" ہے۔ دین میں اس قسم کی پابندیوں کی کیا بنیاد ہے؟

ج..... حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے۔ یہی ممانعت اس پابندی کی بنیاد ہے۔

## خطبات جمعہ عربی میں کیوں دیئے جاتے ہیں؟

س..... جمعہ کے خطبات پرانے ہی کیوں سنائے جاتے ہیں؟ جبکہ عہد رسالت میں حالات حاضرہ پر خطبات دیئے جاتے تھے۔ اردو میں ترجمہ کیوں نہیں بتایا جاتا تاکہ لوگ سمجھ سکیں کہ خطبہ میں کیا پڑھا گیا؟

ج..... خطبہ میں ذکر الٰہی ہوتا ہے اور وہ اسلام کی سرکاری زبان عربی ہی میں ضروری ہے، خطیب کے لئے کسی خاص خطبہ کی پابندی نہیں۔ عربی خطبہ سے پہلے حالات حاضرہ پر تقریریں ہوتی رہتی ہیں۔

## اگر خطبہ ظہر سے پہلے شروع ہو تو سنت کب پڑھے؟

س..... صلوٰۃ الجمعہ میں چار رکعت سنت اول خطبہ کے دوران پڑھ سکتے ہیں؟ چونکہ خطبہ عین اس وقت شروع ہوتا ہے جبکہ ظہر کا وقت داخل ہوتا ہے بلکہ اکثر دو تین منٹ قبل ہی شروع ہوتا ہے اور بعد میں کوئی وقت نہیں دیا جاتا۔

ج..... اگر اذان زوال کے بعد ہوتی ہو تو اذان ہوتے ہی سنت شروع کر لیا کریں۔ خطبہ شروع ہوتے ہوتے پوری ہو جائیں گی اور اگر وقت سے پہلے ہی اذان اور خطبہ شروع ہو جاتا ہے تو سنتیں جمعہ کے بعد پڑھا کریں۔

## خطبہ جمعہ سنے بغیر نماز جمعہ ادا کرنا

س..... خطبہ سنے بغیر جمعہ کی نماز نہیں ہوتی جبکہ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ جس مسجد میں خطبہ نہ ہو وہاں جمعہ کی نماز نہیں ہو سکتی۔ اور اگر آدمی دیر سے مسجد پہنچے اور کسی دوسری مسجد میں بھی جماعت کا وقت باقی نہ رہا ہو اس صورت میں جب وہ مسجد میں پہنچتا ہے اور وہاں جماعت کھڑی ہو چکی ہے تو چونکہ اس نے خطبہ تو سنا ہی نہیں تو کیا امام کے ساتھ نماز جمعہ ادا کر سکتا ہے اور کیا وہ نماز ہو جائے گی یا نہیں؟

ج..... یہ تو صحیح ہے کہ جمعہ کی نماز خطبہ کے بغیر نہیں ہوتی، لیکن جو شخص ایسے وقت آیا کہ خطبہ ختم ہو چکا تھا اس کی نماز ہو جاتی ہے (اگرچہ دیر میں آنے کی وجہ سے لائق مواخذہ ہے) بلکہ اگر نماز جمعہ کی ایک یا دونوں رکعتیں رہ جائیں اور التحیات میں آکر شریک ہو جب بھی وہ جمعہ ہی کی دو رکعتیں پڑھے گا۔

## خطبہ جمعہ کے دوران سنتیں پڑھنا

س..... یہاں سعودیہ میں جمعہ کے دن اکثر لوگ خطبہ جمعہ کے دوران سنتیں پڑھتے ہیں، کیا یہ جائز ہے؟ جبکہ خطیب حضرات ان کو کچھ نہیں کہتے۔

ج...... ہمارے نزدیک جائز نہیں' ان کے نزدیک جائز ہے۔

## خطبہ جمعہ کے دوران نماز پڑھنا صحیح نہیں

س...... نماز جمعہ کے خطبے کے دوران کوئی بھی نماز پڑھنا درست نہیں مگر ایک شخص کا کہنا ہے کہ خطبے کے دوران جب امام بیٹھتا ہے تو اس وقت اگر کوئی شخص امام کے دوبارہ کھڑے ہونے سے پہلے نماز کی نیت کر لے تو کوئی حرج نہیں؟

ج...... خطبہ کے دوران نماز پڑھنا صحیح نہیں' خطبہ شروع ہونے سے پہلے نیت باندھ لی ہو تو اس کو مختصر قرات کے ساتھ پورا کرلے۔ دونوں خطبوں کے دوران امام کے بیٹھنے کے وقت نیت باندھنا جائز نہیں۔ درمختار میں ہے۔

اذا خرج الامام فلا صلوٰۃ ولا کلام الی تمامها. ولو خرج وهو فی السنة او بعد قیامه لثالثة النفل یتم فی الاصح و یخفف القراءة

(شامی طبع جدید ۲۔ ۱۵۸)۔

## جمعہ کے خطبہ کے دوران دو رکعت پڑھنا صرف ایک صحابیؓ کے لئے استثنیٰ تھا

س...... جمعہ کا خطبہ شروع ہے۔ آنے والا دو رکعت پڑھے یا نہیں؟

جواب...... یہ مسئلہ ائمہ کے درمیان مختلف ہے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک ناجائز ہے۔ اس سلسلہ میں جو حدیث آئی ہے' امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک وہ اسی صحابیؓ کے ساتھ خاص تھی۔ اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی خاطر خطبہ روک دیا تھا۔

## خطبہ جمعہ کے دوران نوافل پڑھنا اور گفتگو کرنا

س...... اکثر نماز جمعہ میں دیکھنے میں آیا ہے کہ امام صاحب خطبہ دیتے ہیں اور بعض لوگ سنت یا نفل نماز پڑھتے رہتے ہیں اور بعض آپس میں گفتگو کرتے ہیں کوئی ادب کے ساتھ نہیں بیٹھتا جس طرح مرضی ٹانگیں پھیلا کر بیٹھ جاتے ہیں۔ اس مسئلہ پر حدیث کی روشنی میں جواب دیں اور بیٹھنے کے متعلق بھی لکھیں کہ جب امام صاحب خطبہ شروع کریں تو جس طرح مرضی بیٹھ جائیں یا کہ دو زانو ہو کر بیٹھا جائے؟

ج..... خطبہ کے دوران نفل پڑھنا حرام ہے۔ سنت موکدہ اگر خطبہ سے پہلے شروع کر چکا تھا تو خطبہ کے دوران پوری کر لے اور ذرا مختصر کر دے۔ خطبہ کے دوران کسی قسم کی گفتگو بھی حرام ہے۔ حدیث میں ہے کہ "جس نے جمعہ کے دن خطبہ کے دوران دوسرے کو چپ کرانے کیلئے "خاموش" کا لفظ کہا اس نے بھی لغو کا ارتکاب کیا۔" نیز ارشاد ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن کسی لغو کا ارتکاب کرے' اس کے جمعہ کا ثواب ضائع ہو جاتا ہے۔ بعض مسجدوں میں خطبہ کے دوران چندے کے لئے جھولی پھرائی جاتی ہے یہ بھی ناجائز ہے اور اس سے ثواب جمعہ ضائع ہو جاتا ہے۔ خطبہ کے دوران بیٹھنے کی کوئی خاص ہیئت مقرر نہیں جس طرح سہولت ہو بیٹھے مگر ٹانگیں پھیلا کر بیٹھنا خلاف ادب ہے' اس سے احتراز کرنا چاہئے اور گھٹنے کھڑے کر کے ان پر سر رکھ کر بیٹھنا بھی درست نہیں اس سے نیند آ جاتی ہے۔

## خطبہ کے دوران' اذان کے بعد دعا مانگنا

س..... جمعہ کے خطبے کے دوران اذان کے بعد دعا مانگنا چاہئے یا نہیں؟ اور خطبے کے بیچ میں دعا مانگی جائے یا نہیں؟

ج..... امام کے منبر پر بیٹھ جانے کے بعد ذکر و دعا کی اجازت نہیں بلکہ خاموش رہنا اور خطبہ کا سننا واجب ہے اس لئے نہ جمعہ کی اذان کا جواب دیا جائے نہ خطبہ کے دوران دعا مانگی جائے۔ امام کی دعا پر دل میں آمین کہی جائے۔

## جمعہ کے خطبہ سے پہلے تسمیہ بلند آواز سے کیوں نہیں پڑھی جاتی؟

س..... جمعہ کے خطبہ میں بسم اللہ بلند آواز سے پڑھ کر کیوں نہیں شروع کیا جاتا؟

ج..... اسی طرح منقول چلا آتا ہے۔

## خطبہ جمعہ کو مسنون طریقہ کے خلاف پڑھنا

س..... جمعہ کا خطبہ صلوۃ و سلام کے بغیر ادا ہو جائے گا یا نہیں؟ جواز کی صورت میں ثواب میں فرق آ جائے گا یا نہیں' مثلاً صورت اس کی یہ ہو کہ پہلے خطبہ میں سورۃ الم تر کیف اور ثانی میں سورۃ قریش پڑھی جائے تو خطبہ جمعہ ادا ہو جائے گا یا نہیں؟

ج..... خطبہ کا فرض تو ادا ہو جائے گا لیکن سنت کے خلاف ہے اور یہ ظاہر ہے کہ جب خطبہ خلاف سنت ہو گا تو ثواب میں تو فرق آئے گا۔

## خطبہ سے پہلے امام کا سلام کہنا

س...... خطبہ سے پہلے امام کا بر سر منبر سلام کہنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے یا بدعت ہے یا ائمہ اربعہ کے نزدیک جائز ہے؟

ج...... در مختار میں ترک سلام کو سنن میں شمار کیا ہے اور امام شافعیؒ کا قول لکھا ہے کہ جب منبر پر بیٹھے تو سلام کہے۔

## خطبہ میں خلفاء راشدین کا ذکر کرنا ضروری ہے

س...... بعض مساجد میں علماء (خطیب) نماز جمعہ میں جو خطبہ شریف دیتے ہیں، اس کے دوسرے حصہ میں خلفائے راشدین کے جو اسمائے مبارک ذکر کئے جاتے ہیں، ان کو ذکر نہیں کرتے؟

ج...... خطبہ میں خلفائے راشدین کا ذکر خیر مندوب ہے، مگر چونکہ یہ اہل سنت کا شعار ہے اس لئے خلفاء راشدین کے ذکر خیر کا ترک کرنا نہایت نامناسب ہے۔

## خطبہ جمعہ کے دوران درود شریف پڑھنے کا حکم

س...... جمعہ کے خطبے کے دوران خطبے میں رسولؐ اکرم اور دوسرے صحابہؓ کرام کے اسماء مبارک آتے ہیں تو گزارش یہ ہے کہ اس دوران خاموشی سے خطبہ سنا جائے یا درود شریف یا رضی اللہ عنہ کہا جائے؟

ج...... خطبہ کے دوران زبان سے درود شریف پڑھنا جائز نہیں، خاموش رہنا چاہئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی آئے تو دل میں بغیر زبان ہلائے درود شریف پڑھ لے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین پر بھی دل میں رضی اللہ عنہم کہہ لے تو کوئی مضائقہ نہیں، مگر زبان سے نہ کہے۔

س...... جمعہ کی نماز سے پہلے جو خطبہ "عربی میں" پڑھا جاتا ہے اس کے درمیان ایک آیت ایسی بھی آتی ہے جس میں درود پڑھنا لازمی ہوتا ہے۔ میری معلومات کے مطابق خطبہ کے دوران کسی قسم کی تسبیح و نماز جائز نہیں چنانچہ درود شریف بھی نہ پڑھا جائے کیونکہ اس آیت کے بعد خطیب خطبہ میں ہی درود پڑھ لیتا ہے باآواز بلند جو تمام نمازیوں کی طرف سے درود ہو جاتا ہے۔ اس لئے نمازیوں کو درود پڑھنے کی ضرورت نہیں لیکن میں نے اکثر دیکھا ہے کہ لوگ باآواز بلند درود شریف پڑھنا شروع کر دیتے ہیں حالانکہ خطبہ میں خاموشی کا حکم ہے

ج...... سامعین اپنے دل میں درود شریف پڑھیں، خطبہ کے دوران بلند آواز سے درود شریف پڑھنا جائز نہیں۔

## خطبہ جمعہ کے دوران با آواز آمین کہنا صحیح نہیں

س...... یہاں خطبہ جمعہ میں دوسرے خطبہ کے دوران جب خطیب صاحب دعائیہ کلمات پڑھتے ہیں تو تقریباً سب ہی لوگ ہاتھ اٹھا کر با آواز خفیف آمین بھی کہتے جاتے ہیں۔ کیا یہ عمل جائز ہے؟

ج...... خطبہ کے دوران زبان سے آمین کہنا صحیح نہیں' دل میں کہیں۔

## دوران خطبہ سلام کرنا' جواب دینا حرام ہے

س...... مسجد میں جمعہ کا خطبہ پیش امام پڑھ رہا ہو اور کوئی شخص آکر سلام کرے تو مسجد میں بیٹھے ہوئے لوگوں کو اس کے سلام کا جواب دینا چاہئے؟

ج...... خطبہ کے دوران سلام کہنا اور سلام کا جواب دینا دونوں حرام ہیں۔

## خطبہ کے دوران گفتگو اور اذان کا جواب دینا

س...... شریعت میں خطبے کے کیا احکام ہیں اور کیا خطبے کی اذان کا زبان سے جواب دینا جائز ہے؟ تفصیل سے جواب بتائیں

ج...... خطبہ کے دوران گفتگو کرنا حتیٰ کہ ذکر اذکار کرنا بھی ممنوع ہے۔ خطبہ کی اذان کا جواب بھی دل میں دینا چاہئے زبان سے نہیں۔

## خطبہ کے دوران چندہ لینا دینا جائز نہیں

س...... نماز جمعہ کے خطبہ کے دوران اسلام نے بولنے پر سخت ترین پابندی عائد کی ہے۔ لیکن بعض مسجدوں میں عین خطبہ کے دوران نمازیوں سے چندہ وصول کیا جاتا ہے اور غلہ زور زور سے بجا کر "چندہ مسجد" کی صدا بلند کی جاتی ہے۔ جس سے نمازیوں کی توجہ خطبہ سے ہٹ جاتی ہے اور نمازی حضرات چندہ دینے کیلئے مصروف ہو جاتے ہیں۔ کیا یہ طریقہ جائز ہے؟ کیا انتظامیہ مسجد پر گناہ ہو گا؟ کیا چندہ دینے والوں پر بھی گناہ ہو گا جو خطبہ سے توجہ ہٹا دیتے ہیں؟

ج...... خطبہ جمعہ کے وقت جس طرح سلام و کلام جائز نہیں' اسی طرح چندہ جمع کرنا بھی جائز نہیں۔ انتظامیہ بھی گنہگار ہے' چندہ لینے والا بھی اور چندہ دینے والا بھی۔

## جمعہ کا خطبہ ایک نے پڑھا اور نماز دوسرے نے پڑھائی

س...... پچھلے دنوں میں جمعہ پڑھنے گیا' جمعہ کا خطبہ اور جمعہ کی نماز الگ الگ مولوی صاحب نے

پڑھائی۔ کیا اس طرح جمعہ پڑھانا جائز ہے؟ اسلام کی رو سے اس کا جواب دیجئے
ج..... بہتر یہ ہے کہ جو شخص خطبہ پڑھے نماز بھی وہی پڑھائے۔ تاہم اگر دوسرے نے نماز پڑھادی تب بھی جائز ہے۔

## خطبہ اور نماز میں لوگوں کی رعایت رکھنی چاہئے

س ..... جیسا کہ میں نے خود مشاہدہ کیا ہے کہ بعض علماء نمازوں میں اور خاص کر جمعہ کی نماز میں لمبی قرأت پڑھتے ہیں اور نماز کے بعد لمبی دعائیں مانگتے ہیں۔ کیا یہ غلط طریقہ نہیں ہے کیونکہ جماعت میں ایسے لوگ کھڑے ہوتے ہیں کہ جن میں سے کسی کو ضروری کام ہوتا ہے یا کسی کا وضو تکلیف سے ہو۔ قرآن و سنت کی روشنی میں وضاحت کریں۔
ج ..... خطبہ اور نماز اتنی لمبی نہیں ہونی چاہئے کہ لوگ اکتا جائیں اور بعد کی دعائیں لوگ مختار ہیں کہ اس میں شریک ہوں یا نہ ہوں۔ اس لئے اگر کسی کو کوئی ضرورت ہو تو جا سکتا ہے۔

## نماز جمعہ دوبارہ پڑھنا

س..... ایک آدمی کئی مسجدوں میں ایک ہی دن جمعہ کی نماز (دو رکعت فرض نماز) بہ حالت مجبوری یا ثواب کی خاطر پڑھ سکتا ہے یا نہیں یعنی زید مسجد طوبیٰ سے ۲ رکعت نماز فرض (جمعہ) کی پڑھ کر مسجد قبا میں پھر دو رکعت نماز فرض (جمعہ) پڑھے
ج..... ایک نماز کو دوبارہ پڑھنا جائز نہیں البتہ نفل کی نیت سے دوسری جماعت میں شریک ہو سکتا ہے

## نماز جمعہ کی سنتوں کی نیت کس طرح کریں؟

س..... نماز جمعہ جو کہ نماز ظہر کے قائم مقام ہے اس میں پہلی ۴ سنت کی نیت کس طرح پڑھی جائے گی؟ نیت میں وقت نام جمعہ کا لیا جائے گا کہ ظہر کا؟ اسی طرح جمعہ کے ۲ فرض کے بعد جو ۴ سنت ' ۲ سنت اور ۲ نفل ہیں ان کی نیت بھی پڑھتے وقت اس میں وقت کا نام جمعہ کا لینا ہو گا کہ نہیں؟ اس کی بھی صحیح نیت کا طریقہ لکھیں۔
ج..... جمعہ سے پہلے اور بعد کی سنتیں سنت جمعہ ہی کہلاتی ہیں۔ سنت جمعہ ہی کی نیت کی جاتی ہے ویسے سنت مطلق نماز کی نیت سے بھی ادا ہو جاتی ہے۔ اس میں وقت کا نام لینا بھی ضروری نہیں۔

## کیا سنن جمعہ کیلئے تعین جمعہ ضروری ہے؟

س..... سنن جمعہ کے لئے تعین جمعہ کو آپ نے ضروری تحریر فرمادیا ہے۔ حالانکہ کتب فقہ میں تصریح

موجود ہے کہ سنن نماز کیلئے مطلق نیت کافی ہے۔ آپ بمع حوالہ وضاحت کیجئے؟

ج..... تعیین جمعہ کو میں نے ضروری نہیں لکھا۔ سائل نے یہ پوچھا تھا کہ جمعہ کی سنتوں میں نیت ظہر کی کی جائے' یا سنت جمعہ کی؟ اس کے جواب میں لکھا تھا کہ "سنت جمعہ کی نیت ہوتی ہے سنت ظہر کی نہیں۔" رہا یہ کہ کیا سنت کے صحیح ہونے کیلئے تعیین نیت شرط ہے یا نہیں؟ یہ الگ مسئلہ ہے' اس کا جواب یہ ہے "سنت بغیر تعیین کے بھی ادا ہو جاتی ہے۔ تعیین نیت اس کیلئے شرط نہیں۔"

## جمعہ سے قبل چار رکعت پڑھنا کیسا ہے؟

س..... میں اور میرا دوست حرم شریف میں نماز جمعہ پڑھنے گئے جب ہم پہنچے تو جماعت کھڑی تھی چار رکعت سنت جو دو رکعت فرض جمعہ سے پہلے ادا ہوتے ہیں کے بارے میں میرے اور میرے دوست کے درمیان تکرار ہو گئی۔ میں کہتا ہوں کہ چار رکعت سنت پڑھی جائیں گی میرا دوست کہتا ہے کہ نہیں پڑھی جائیں۔

ج ..... ظہر اور جمعہ سے پہلے چار رکعت سنت موکدہ ہیں' اگر پہلے پڑھنے کا موقع نہ ملے تو بعد میں پڑھنا ضروری ہے۔

## جمعہ کے بعد سنتوں میں وقفہ ہونا چاہئے

س..... جمعہ کی نماز کے بعد دعا ختم ہوتے ہی فوراً اکثر لوگ مسجد میں سنتیں پڑھنی شروع کر دیتے ہیں اور جانے والوں کو ایک منٹ کا وقفہ بھی نہیں دیتے اور اگر کوئی کتنا ہی بچ بچا کر باہر جانے کی کوشش کرے تو اس پر فقرے بازی کرتے ہیں؟

ج..... جمعہ کی نماز کے بعد جانے والوں کو مہلت دینی چاہئے کسی کو کوئی اہم ضرورت ہوتی ہے اور اس کے لئے رکنا ممکن نہیں ہوتا۔ اور کسی مسلمان پر فقرے بازی کرنا تو بہت بری بات ہے جو لوگ ایسا کرتے ہیں وہ "نیکی برباد گناہ لازم" کا مصداق ہیں۔

## جمعۃ الوداع کے بارے میں

س..... جمعۃ الوداع کی فضیلت کی کیا وجوہات ہیں؟ حالانکہ رمضان المبارک کے تو ہر جمعہ کو اپنے اندر ایک خصوصیت و فضیلت حاصل ہے۔ براہ کرم اس سلسلہ میں تفصیلی جواب عنایت فرمائیں تاکہ اس کی اہمیت کا اندازہ ہو سکے۔

ج..... عوام میں رمضان المبارک کا آخری جمعہ بڑی اہمیت کے ساتھ مشہور ہے اور اس کو

"جمعۃ الوداع" کا نام دیا جاتا ہے لیکن احادیث شریفہ میں "آخری جمعہ" کی کوئی الگ خصوصی فضیلت ذکر نہیں کی گئی بلکہ یہ کہنا صحیح ہوگا کہ آخری جمعہ یا جمعۃ الوداع کا جو تصور ہمارے یہاں رائج ہے حدیث شریف میں اس کا ذکر نہیں ملتا۔ یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ رمضان کے آخری جمعہ کا نام "آخری جمعہ" یا "جمعۃ الوداع" کب سے جاری ہوا اور یہ نام کیوں رکھا گیا۔ شاید اس کی یہ وجہ ہو کہ مشکوۃ شریف کی ایک حدیث میں آتا ہے کہ "رمضان المبارک کے ختم ہونے کے بعد سے (یعنی عید کے دن سے) اگلے رمضان المبارک کیلئے جنت کو آراستہ کرنا شروع کر دیا جاتا ہے۔"

یہ روایت کمزور ہے لیکن اس حدیث کے مطابق گویا جنت اور اہل جنت کا نیا سال عیدالفطر کے دن سے شروع ہوتا ہے اور رمضان المبارک پر ختم ہوتا ہے۔ اس لئے گویا جنت کی تقویم کے مطابق ماہ رمضان المبارک سال کا آخری مہینہ ہے اور اس کا آخری جمعہ سال کا آخری جمعہ ہے (واللہ اعلم) اور یہ بھی ممکن ہے کہ آخری جمعہ کے بعد رمضان المبارک کے ختم ہونے میں ہفتہ سے کم دنوں کا وقفہ رہ جاتا ہے اس لئے آخری جمعہ گویا ماہ مبارک کے فراق و وداع کی علامت ہے۔ اور یہ کچھ خبر نہیں کہ آئندہ یہ سعید گھڑیاں کس کو نصیب ہوتی ہیں۔ بعض لوگوں کی عادت ہے کہ وہ آخری جمعہ کے خطبہ میں رمضان المبارک کے فراق و وداع کے مضامین بڑے رقت آمیز انداز میں بیان کرتے ہیں، لیکن حضرات فقہاء نے آخری جمعہ میں فراق و وداع کے مضامین بیان کرنے کو مکروہ لکھا ہے۔ مولانا زوار حسین مجددی نقشبندی اپنی کتاب "زبدۃ الفقہ" میں لکھتے ہیں۔

> "رمضان المبارک کے آخری جمعہ کے خطبہ میں وداع و فراق کے مضامین پڑھنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و اصحاب کرام رضی اللہ عنہم و سلف صالحین سے ثابت نہیں ہے۔ اگرچہ فی نفسہ مباح ہے لیکن اس کے پڑھنے کو ضروری سمجھنا اور نہ پڑھنے والے کو مطعون کرنا برا ہے اور بھی کئی برائیاں ہیں۔ ان خرابیوں کی وجہ سے ان کلمات کا ترک لازمی ہے تاکہ ان خرابیوں کی اصلاح ہوجائے۔"
>
> (زبدۃ الفقہ۔ ص۲۰۶۔ ج۲)

## جمعہ کے دن عید ہو تب بھی نماز جمعہ پڑھی جائے گی

س...... گزشتہ عیدالفطر کے موقع پر ایک مولوی صاحب نے ایک مسئلہ بیان کیا کہ اجتماع عیدین کی صورت میں (یعنی اگر عید اور جمعہ ایک ہی دن واقع ہوں) جو لوگ صلوۃ جمعہ نہ پڑھ سکیں ان پر کوئی گناہ نہیں ہے۔ اس مسئلے کے بیان ہونے کے بعد عام لوگوں نے اس رعایت سے خوب فائدہ اٹھایا۔ یعنی ڈٹ کر عید منائی اور جمعہ کی نماز کیلئے نہ آئے۔ تاہم جو لوگ نماز کے زیادہ پابند تھے وہ

آئے مگر وہ تھے ہی کتنے؟ نمازیوں کی تعداد ۲۰ افراد تک محدود ہو کر رہ گئی۔ حالانکہ عموماً یہاں ایک جم غفیر ہوتا ہے۔ ان نمازیوں کے دل و دماغ میں ایک الجھن پیدا ہوئی جس کے ازالے کی کوششیں کی گئیں۔ اور اب تک جس عالم سے پوچھا گیا اس نے اس مسئلے کی تردید کی' صرف یہی نہیں بلکہ بعض کتب کو بھی کھنگالا گیا اس میں زیادہ تر یہی رائے نظر آئی کہ نماز میں چھوٹ نہیں دی جا سکتی۔ اور امام ابو حنیفہؒ بھی واضح طور پر اس بیان کردہ مسئلے کے خلاف نظر آتے ہیں یعنی وہ جمعہ اور عید کی نماز کی فرضیت/واجبیت کو برقرار رکھنے کے حق میں ہیں۔

ج..... نماز عید واجب ہے اور جمعہ کی نماز فرض عین ہے۔ ایک واجب' فرض عین کے قائم مقام کیسے ہو سکتا ہے؟ پھر عید کی نماز کا وقت زوال سے پہلے ہے اور جمعہ زوال کے بعد فرض ہوتا ہے۔ جو نماز زوال سے پہلے ادا کی گئی ہو وہ جمعہ کے قائم مقام کیسے ہو سکتی ہے؟ اس لئے جمہور ائمہ کے نزدیک عید کی نماز سے جمعہ کی نماز ساقط نہیں ہوگی۔ امام ابو حنیفہؒ' امام مالکؒ' امام شافعیؒ اس کے قائل ہیں جن روایات سے یہ شبہ ہوتا ہے کہ عید کی نماز سے جمعہ ساقط ہو جاتا ہے وہ شہریوں کے بارے میں نہیں بلکہ دیہات والوں کے بارے میں ہیں۔ یعنی دیہات کے جو لوگ عید کی نماز کیلئے شہر آئے ہوئے ہوں وہ اگر وقت جمعہ سے پہلے واپس جانا چاہیں تو جا سکتے ہیں۔ (وہ بھی اپنے گھر جا کر ظہر کے وقت ظہر کی نماز پڑھیں) چنانچہ بعض روایات میں تو اس کی صاف صراحت موجود ہے۔ اور بعض میں اگرچہ صراحت نہیں' مگر وہ اسی پر محمول ہیں۔ بہرحال ان امام مولوی صاحب کا فتویٰ بڑا غلط ہے اور غیر ذمہ دارانہ ہے لوگوں کے ترک جمعہ کا وبال اس کی گردن پر ہوگا۔

## کیا عورت گھر پر جمعہ کی نماز پڑھ سکتی ہے؟

س..... اگر کوئی عورت اپنے گھر پر اکیلی رہتی ہو اور وہ جمعہ کی نماز بغیر امام' بغیر خطبہ' بغیر نمازی کے پڑھے تو کیا اس کی نماز ہو گئی؟

ج..... جمعہ کی نماز کیلئے خطبہ اور جماعت شرط ہے اور یہ دونوں چیزیں مردوں کے ساتھ مخصوص ہیں۔ اس لئے عورتیں مل کر بھی جمعہ کی نماز نہیں پڑھ سکتیں۔ اور تنہا عورت تو بدرجہ اولیٰ نہیں پڑھ سکتی۔ اس خاتون کو چاہئے کہ اپنے گھر پر ظہر کی نماز پڑھا کریں۔ ورنہ ظہر کی نماز چھوڑنے کا وبال ان کی گردن پر رہے گا۔ بعض عورتوں کو بزرگی کا ہیضہ ہو جاتا ہے اور اپنی بزرگی بگھارنے کیلئے اس قسم کی خلاف شریعت باتیں کر بیٹھتی ہیں۔

# عیدین کی نماز

## نماز عیدین کی نیت

س...... نماز عیدین کی نیت کس طرح کی جاتی ہے؟
ج...... نماز عید کی نیت اس طرح کی جاتی ہے کہ میں دو رکعت نماز عید الفطر یا عید الاضحیٰ واجب مع تکبیرات زائد کی نیت کرتا ہوں۔

## بلاعذر نماز عید مسجد میں پڑھنا مکروہ ہے۔

س...... نماز عید کا مسجد میں پڑھنا کیسا ہے؟
ج...... بغیر عذر کے عید کی نماز مسجد میں پڑھنا مکروہ ہے۔

## قبولیت کا دن کس ملک کی عید کا ہوگا؟

س...... مسئلہ یہ ہے کہ چونکہ کرۂ ارض پر عید مختلف دنوں میں ہوتی ہے جیسا کہ اس سال سعودیہ میں عید تین دن پہلے ہوئی اس لئے آپ مہربانی فرما کر یہ بتائیں کہ قبولیت کا دن کس ملک کی عید پر ہوگا؟
ج...... جس ملک میں جس دن عید ہوگی اس دن وہاں اس کی برکات بھی حاصل ہوں گی۔ جس طرح جہاں فجر کا وقت ہوگا وہاں اس وقت کی برکات بھی ہوں گی اور نماز فجر بھی فرض ہوگی۔

## رمضان میں ایک ملک سے دوسرے ملک جانے والا عید کب کرے؟

س...... بکر سعودیہ سے واپس پاکستان آیا وہاں روزہ دو دن پہلے رکھا گیا تھا اب جبکہ پاکستان میں ۲۸ روزے ہوں گے اس کے ۳۰ روزے ہو جائیں گے، اب وہ سعودیہ کے مطابق عید کرے گا یا کہ پاکستان کے مطابق؟ یہ بھی واضح کریں کہ بکر نے سعودیہ کے مطابق روزہ رکھا جس دن وہاں عید ہوگی اس دن وہ روزہ رکھ سکتا ہے یا کہ نہیں؟ دو روزے جو زیادہ ہو جائیں گے وہ کس حساب میں شمار ہوں

گے؟

ج..... عید تو وہ جس ملک (مثلاً پاکستان) میں موجود ہے اسی کے مطابق کرے گا' مگر چونکہ اس کے روزے پورے ہوچکے ہیں اس لئے یہاں آکر جو زائد روزے رکھے گا وہ نفلی شمار ہوں گے۔

## پاکستان سے سعودیہ جانے والا آدمی سعودیہ میں کس دن عید کرے گا؟

س..... ایک آدمی پاکستان سے سعودی عرب گیا اس کے دو روزے کم ہوگئے اب وہ سعودیہ کے چاند کے مطابق عید کرے گا اور جو روزے کم ہوئے ان کو بعد میں رکھے گا یا اپنے روزے پورے کرکے سعودی عرب کی عید کے دو دن بعد پاکستان کے مطابق اپنی عید کرے گا؟

ج..... عید سعودیہ کے مطابق کرے اور جو روزے رہ گئے ہیں ان کی قضا کرے۔

## اگر نماز عید میں مقتدی کی تکبیرات نکل جائیں تو نماز کس طرح پوری کرے؟

س..... عید کی نماز میں اگر مقتدی کی آمد دیر میں ہوتی ہے ایسی صورت میں کہ زائد تکبیریں نکل جائیں تو مقتدی زائد تکبیریں کس طرح ادا کرے گا؟ اور اگر پوری رکعت نکل جائے تو کس طرح ادا کرے گا؟

ج..... اگر امام تکبیرات سے فارغ ہوچکا ہو' خواہ قرات شروع کی ہو یا نہ کی ہو' بعد میں آنے والا مقتدی تکبیر تحریمہ کے بعد زائد تکبیریں بھی کہہ لے اور اگر امام رکوع میں جاچکا ہے اور یہ گمان ہو کہ تکبیرات کہہ کر امام کے ساتھ رکوع میں شامل ہوجائے گا تو تکبیر تحریمہ کے بعد کھڑے کھڑے تین تکبیریں کہہ کر رکوع میں جائے اور اگر یہ خیال ہو کہ اتنے عرصہ میں امام رکوع سے اٹھ جائے گا تو تکبیر تحریمہ کہہ کر رکوع میں چلا جائے۔ اور رکوع میں رکوع کی تسبیحات کے بجائے تکبیرات کہہ لے ہاتھ اٹھائے بغیر۔ اور اگر اس کی تکبیریں پوری نہیں ہوئی تھیں امام رکوع سے اٹھ گیا تو تکبیریں چھوڑ دے امام کی پیروی کرے اور اگر رکعت نکل گئی تو جب امام کے سلام پھیرنے کے بعد اپنی رکعت پوری کرے گا تو پہلے قرات کرے پھر تکبیریں کہے اس کے بعد رکوع کی تکبیر کہہ کر رکوع میں جائے۔

## عید کی نماز میں اگر امام سے غلطی ہوجائے تو کیا کرے؟

س..... اگر عید الفطر یا عید الاضحیٰ کی نماز پڑھاتے ہوئے امام سے کوئی غلطی ہوجائے تو نماز دوبارہ

لوٹائی جائے گی یا سجدہ سہو کیا جائے گا؟
ج..... اگر غلطی ایسی ہو جس سے نماز فاسد نہیں ہوتی تو نماز لوٹانے کی ضرورت نہیں اور فقہانے لکھا ہے کہ عیدین میں اگر مجمع زیادہ ہو تو سجدہ سہو نہ کیا جائے کہ اس سے نماز میں گڑبڑ ہوگی۔

## اگر عیدین میں تکبیریں بھول جائیں تو؟

س..... عیدین کی نماز میں اگر امام نے چھ تکبیریں بھول کر اس سے زیادہ یا کم تکبیریں کہیں، اور اس کا بعد میں احساس ہوا تو کیا نماز توڑ دینی چاہئے یا جاری رکھنی چاہئے؟
ج..... نماز کے آخر میں سجدہ سہو کر لیا جائے۔ بشرطیکہ پیچھے مقتدیوں کو معلوم ہو سکے کہ سجدہ سہو ہو رہا ہے۔ اور اگر مجمع زیادہ ہونے کی وجہ سے گڑبڑ کا اندیشہ ہو تو سجدہ سہو بھی چھوڑ دیا جائے۔

## خطبہ کے بغیر عید کا کیا حکم ہے؟

س..... اگر کوئی امام عید کی نماز کے بعد خطبہ پڑھنا بھول جائے یا نہ پڑھے تو کیا عید کی نماز ہو جائے گی؟ اگر ہو جائے گی تو خطبہ چھوڑنے کے متعلق کیا حکم ہے؟
ج..... عید کا خطبہ سنت ہے اس لئے مکروہ خلاف سنت ہوئی۔

## نماز عید پر خطبہ، دعا اور معانقہ

س..... کیا عید پر گلے ملنا سنت ہے؟
ج..... یہ سنت نہیں، محض لوگوں کی بنائی ہوئی ایک رسم ہے اس کو دین کی بات سمجھنا، اور نہ کرنے والے کو لائق ملامت سمجھنا بدعت ہے۔
س..... خطبہ عید نماز سے پہلے پڑھا جاتا ہے یا نماز کے بعد؟ دعا نماز کے بعد یا خطبہ کے بعد کرنی چاہئے؟
ج..... عید کا خطبہ نماز کے بعد ہوتا ہے دعا بعض حضرات نماز کے بعد کرتے ہیں اور بعض خطبہ کے بعد۔ دونوں کی گنجائش ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام اور فقہاء سے اس سلسلہ میں کچھ منقول نہیں۔

## عیدین کی جماعت سے رہ جانے والا شخص کیا کرے؟

س..... اگر کوئی عید الفطر یا عید الاضحیٰ کی نماز با جماعت نہ پڑھ سکے تو کیا وہ شخص گھر میں یہ نماز ادا

کر سکتا ہے یا اس نماز کے بدلے میں کسی شخص کو کھانا وغیرہ کھلا دیا جائے تو کیا نماز پوری ہو جائے گی یا نہیں؟

ج..... عید کی نماز کی قضا نہیں، نہ اس کا کوئی کفارہ ادا کیا جا سکتا ہے۔ صرف استغفار کیا جائے۔

## بقرعید کے دنوں میں تکبیرات تشریق کا حکم

س..... تکبیرات تشریق کب پڑھی جائیں؟

ج..... ذی الحجہ کی نویں تاریخ کی صبح سے تیرہویں تاریخ کی عصر تک ہر نماز فرض کے بعد ہر بالغ مرد اور عورت پر تکبیرات تشریق واجب ہیں۔ تکبیر تشریق یہ ہے کہ ہلکی بلند آواز سے یہ کلمات پڑھے۔ اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر و للہ الحمد۔

## کیا جمعہ کی عید مسلمانوں پر بھاری ہوتی ہے؟

س..... گزشتہ چند روز سے یہ مسئلہ زیر بحث تھا کہ جمعہ کی عید حاکم پر یا عوام پر بھاری گزرتی ہے۔

ج..... قرآن وحدیث یا اکابر کے ارشادات سے اس خیال کی کوئی سند نہیں ملتی۔ اس لئے یہ خیال محض غلط توہم پرستی ہے، جمعہ بجائے خود عید ہے اور اگر جمعہ کے دن عید بھی ہو تو گویا "عید میں عید" ہو گئی۔ خدا نہ کرے کہ کبھی عید بھی مسلمانوں کیلئے بھاری ہونے لگے۔

## عید میں غیر مسلم سے عید ملنا کیسا ہے؟

س..... عید میں اگر ایک خاص غیر مسلم فرقہ کے افراد عید ملنے کے لئے ہماری طرف بڑھیں تو کیا ان سے عید مل سکتے ہیں؟

ج..... عید ملنا علامت ہے دوستی کی اور دوستی اللہ کے دشمنوں سے حرام ہے کیونکہ دشمن کا دوست بھی دشمن ہوتا ہے۔

## عیدی کی رسم

س..... عید کے دن عیدی کی رسم جائز ہے یا نہیں؟ اور کیا دینے والے کو گناہ تو نہیں ہو گا؟

ج..... عید کے روز اگر عیدی کو..... اسلامی عبادت یا سنت نہیں سمجھا جاتا محض خوشی کے اظہار کے لئے ایسا کیا جاتا ہے تو کوئی حرج نہیں۔

# آپ کے مسائل اور ان کا حل ایک نظر میں

**جلد اوّل**

عقائد، اجتہاد و تقلید، محاسن اسلام، غیر مسلم سے تعلقات، غلط عقائد رکھنے والے فرقے، جنت و دوزخ، توہم پرستی

**جلد دوم**

وضو کے مسائل، غسل و تیمم، پاکی سے متعلق عورتوں کے مسائل، نماز کے مسائل، جمعہ و عیدین کے مسائل

**جلد سوم**

نماز تراویح، نفل نمازیں، میت کے احکام، قبروں کی زیارت، ایصال ثواب، قرآن کریم، روزے کے مسائل۔ زکوٰۃ کے مسائل، منت و صدقہ

**جلد چہارم**

حج و عمرہ کے مسائل، زیارت روضۂ اطہر، مسجد نبوی، مدینہ منورہ، قربانی، عقیقہ، حلال اور حرام جانور، قسم کھانے کے مسائل

**جلد پنجم**

شادی بیاہ کے مسائل، طلاق، خلع، عدت، نان و نفقہ، پرورش کا حق، عائلی قوانین وغیرہ۔

**جلد ششم**

تجارت یعنی خرید و فروخت اور محنت و اجرت کے مسائل، قسطوں کا کاروبار، قرض کے مسائل، وراثت اور وصیت

**جلد ہفتم**

ہم تصویر، داڑھی، انسانی وضع قطع، لباس، کھانے پینے کے شرعی احکام، والدین، اولاد اور پڑوسیوں کے حقوق، تبلیغ دین، کھیل کود، موسیقی، ریڈیو، خاندانی منصوبہ بندی، تصوف

**جلد ہشتم**

پردہ، اخلاقیات، رسومات، معاملات، سیاست، تعلیم اور وظائف، جائز و ناجائز، جہاد اور شہید کے احکام

**جلد نہم**

ڈارون کا نظریہ اور اسلام، اعضاء کی پیوندکاری، خودکشی سے بچانے کے لئے تین طلاق کا حکم، کنٹیکٹ لینز کی صورت میں وضو کا حکم، القرآن ریسرچ سینٹر کا شرعی حکم وغیرہ۔

**جلد دہم**

مجوزہ شق ترمیم کے مفاہیم کے بارے میں، مدارس و مساجد کی رجسٹریشن کا حکم، علمی دنیا سے معاشرتی بگاڑ، مسئلہ حیات النبی ﷺ


**مکتبہ لدھیانوی**

18- سلام کتب مارکیٹ بنوری ٹاؤن کراچی

برانچ: ختم نبوت پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ کراچی

فون: 7780337 فیکس 7780340